تنقل ع - نقل کرنا - پھرنا ۔

تنقی ع - پاک کرنا - صاف کرنا ۔

تنقیح - ع - کسی شے کو زوائد اور عیوب سے پاک کرنا - خالص کرنا ۔

تنقیش ع - نقش کرنا ۔

تنقیص - نقصان کرنا - کم کرنا ۔

تنقیہ ع - پاک اور صاف کرنا ۔

تنک ف - کم - اندک - تھوڑا سا باریک - نازک - لطیف اور تنکی - جو ایک قسم کی بہت پتلی چپاتی ہوتی ہے ۔

تنگ ف - سکڑا ہوا - بھچا ہوا - جو فراخ کے نقیض ہے - تنگی گون جس میں گیہوں وغیرہ بھرتے ہیں - نقاشوں یا مصوروں کا تختہ عموماً اور مانی نگار خانہ خصوصاً - درۂ کوہ - نایاب - عدیم المثال - ملول - عاجز - آزردہ سخت - بلب - بہت قریب - نزدیک اور معشوق کے منہ سے بھی مراد ہے - بدخشاں میں ایک ولایت اور ترکستان

کے ایک مقام کا نام بھی ہے -
بکسیر اوّل - ف - منقار - جو پنچھ جانور کا +
تنگار - ف - مسالا جو ایک مشہور دوا ہے +
تنگ آمدن بر چیزے
ف - اس سے عاجز ہو جانا - ملول ہو جانا +
تنگ آمدن منزل بر کسے
تنگ بودن بر جای کسے
ف کسی کی تباہی اور بربادی کا وقت آپہنچنا کسی کا عاجز اور ناچار ہو جانا +
تنگا تنگ - ف - بہت تنگ +
تنگبار - ف - وہ جگہ جہاں کسی کا عمل دخل نہ ہو - اُس آدمی کو بھی کہتے ہیں - جو اپنے پاس ہر آدمی کو نہ آنے دے - اور راستہ تنگ جہاں کسی کا گذر نہ ہو - عزیز الوجود شے - کمیاب شے - بدی اتھانے کے ناموں سے ایک نام بھی ہے +
تنگ بخت - ف - مفلس - تہیدست - بدنصیب
تنگ بودن قافیہ - ف - ناچار ہونا - عاجز ہونا - سختی اور صعوبت سے مراد ہے +
تنگ پیغولہ - ف - دنیا اور روزگار سے کنایہ ہے +
تنگتاب - ف - ناطاقت - ناتواں - ضعیف +
تنگ ترکاں - ف - ترکستان میں ایک مقام ہے +
تنگ چشم - ف - بخیل - کنجوس - نودولت - معشوق جو غرور حسن یا فرط حیا کے باعث اس کی طرف نگاہ نہ کرے +
تنگ چشمی - ف - بخیل - کنجوسی - امساک

معشوق کی کم نگاہی بسبب غرور حسن یا فرط حیا کے +
تنگ حوصلگی | کم ہمتی - بات کا پیٹ
تنگ حوصلگی | میں ہضم نہ ہونا +
تنگ حوصلہ | وہ شخص جو راز اور بھید
تنگ دل | کو چھپا نہ سکے - کم حوصلہ - کم ہمت +
تنگ داشتن عرصہ بر کسے
ف کسی کو عاجز اور ناچار کر دینا - سختی اور تباہی کی حالت میں رکھنا +
تنگ آغوش کشیدن | خوب
تنگ آغوش گرفتن | ف بغل
تنگ در بر گرفتن | میں دبانا
تنگدست - ف - محتاج - مفلس - ممسک - بخیل - چھوٹی مسند - کمیاب مسند +
تنگدستی - ف - مفلسی - فقیری +
تنگدل - ف - ملول - ناخوش - بخیل - کم ظرف +
تنگ رُوے - ف - حیا والا صاحب شرم +
تنگری | ت - خدا تعالیٰ +
تنگری |
تنگز - ت - کاسنی کے مشابہ ایک خاردار درخت کا نام ہے +
تنگوز - ت - خوک - خنزیر - سؤر +
تنگ سال - ف - قحط کا برس قحط سالی +
تنگ شدن قبا - ف - تنگ وقت ہونا +
تنگ شدن وقت - ف - عدیم الفرصتی سے مراد ہے +

تنگ شکر - ف - شکر کی گون جس کو تنگ سے بھی مراد ہے +
تنگ عیش - ف - مفلس - غمگین - دُکھیا +
تنگ کردن | ف - سخت گیری
تنگ گرفتن | کرنا - سختی کرنا +
تنگ میدان - ف - وہ شے جس کا میدان تنگ ہو - چھوٹی شے +
تنگنا ے - ف - تنگی - تنگ کوچہ - تنگ جگہ - درہ - پہاڑ کا قبر اور دنیا اور آدمی کے بدن سے بھی مراد ہے +
تنگہ - مفرس ٹنکہ کا ہے - ٹکا - دو پیسہ - سکۂ رائج الوقت خواہ سونے یا چاندی کا ہو - خواہ تانبے کا +
تنگر - ف - جانگیا چمڑے کا جو کشتی کے وقت پہنتے ہیں +
تنگی - ف - سکڑاپن - ضد فراخی کا - سختی +
تنگیاب - ف - وہ شے جو مشکل سے ہاتھ آئے - عزیز الوجود - نادر - کمیاب +
تنگیر - ع - عام کرنا - عجیب بدلنا - انجان کرنا - نکرہ بنانا +
تنگی سال - ف - قحط - مینہ کا نہ برسنا +
تنگی کشیدن - ف - سختی اٹھانا +
تنمیق - ع - لکھنا +
تنمیہ - ع - بڑھنا - درخت یا انسان یا حیوان کا +
تنند - تنندرو تنندرہ - ف - عنکبوت اور پہلا لفظ کاہل آدمی پر بھی بولا جاتا ہے +
تنو - ف - قوت - توانائی +

تنُّور - ع - ف - ت - ع - روٹی پکانے کی جگہ - فارسی میں اکثر بے تشدید مستعمل ہے +
تنور خانہ - ف - مطبخ - باورچی خانہ +
تنورہ - ف - ایک قسم کی زرہ جو جنگ کے وقت پہنتے ہیں - جنگھی +
تنورہ زدن - ف - چکر کھانا - پھرنا - حلقہ باندھنا +
تنوُّع - ع - طرح طرح اور قسم بقسم ہونا +
تنوفہ - ع - بیاباں +
تنومند - ف - مرکب ہے تن (یعنی جسم) اور مند (یعنی صاحب) سے جسم والا - جسیم - قوی جسم - ہٹا کٹا - مند کا قاعدہ ہے کہ جب کہیں لفظ مذکورہ دو حرفی لفظ کے ساتھ ترکیب پاتا ہے - تو اس لفظ کے آگے ایک اور واو زائد بڑھائی جاتی ہے - جیسے تنومند - برومند - دانشومند +
تنومندی - ف - قوی جثہ اور فربہ ہونا - موٹاپا +
تنویر - ع - روشن کرنا - نور دینا +
تنوین - ع - نون پیدا کرنا - ڈبل حرکت پڑھنا - دو زبر یا دو زیر یا دو پیش پڑھنا +
تنہ - ف - ترکیب - جثہ - عنکبوت کی تار تنی ہوئی - اس کے معنے قبول و رضا کے بھی لکھے ہیں - جڑ سے شاخوں کے نکلنے تک کا حصہ درخت کا +
تنہا - ف - اکیلا - مجرد - خالی - تن کی جمع بھی ہے +

تنہائی۔ ف۔ تنہا ہونا۔ اکیلاپن +
تند خواری۔ ف۔ غم اور اندوہ کے سبب خون کو گھٹنا۔ تکلیف اور عذاب +
تنی۔ ف۔ تننے والی چیز۔ جھوٹی +
تنیدیاں۔ ف۔ جمع ہے تنی کی +
تنیدن۔ ف۔ تننا۔ جولاہے کا کام لپیٹنا +
تنیدہ۔ ف۔ مشتق تنیدن سے اور اس کے معنے خاموش شدہ کے بھی ہیں +
تنین۔ ع۔ اژدہا۔ بڑا سانپ اسکی جمع تنانین آتی ہے +
تنین فلک۔ ع۔ کہکشاں سے مراد ہے

باب التاء فوقانی مع واو

تو۔ ف۔ کلمہ مخاطب کا ہے اور بجائے خود
توشیق۔ ضیافت۔ مہمانی +
تو۔ ف۔ باواو مجہول پردہ۔ تہہ۔ اندر۔ دوہائی +
تودہ۔ جو چیز یا چپٹر۔ ڈھیر +
توا۔ ع۔ ہلاکت۔ تلف۔ خراب +
تواب۔ ع۔ توبہ قبول کرنیوالا +
توابع۔ ع۔ جمع تابع کی۔ پیچھے آنے والی چیزیں +
توابل۔ ع۔ گرم مصالح جو کھانے میں +
تواتر۔ ع۔ پے در پے ہونا۔ مجازاً کسی بات کا بہت سے لوگوں کی زبانی ہوتے رہنا +
تواچی۔ ت۔ نقیب۔ چوبدار +
توارد۔ ع۔ ہر ایک جگہ آنا۔ ایک ہی مضمون کا دو شاعروں کو سوجھنا +

تواری۔ ع۔ پنہاں ہونا۔ چھپنا۔ پوشیدگی +
تواریخ۔ ع۔ علم واقعات اور علم القصص +
توازی۔ ع۔ باہم برابر ہونا +
تواضع۔ ع۔ فروتنی کرنی۔ عاجزی کرنی +
تواضع غرقندی۔ ف۔ جھوٹی خاطرداری +
تواضع گری۔ ف۔ فروتنی کرنی +
توافر۔ ع۔ بہتایت۔ کثرت۔ وفور +
توافق۔ ع۔ باہم موافق ہونا۔ آپس میں موافقت کرنا اصطلاح حساب میں ایسے دو عددوں کی نسبت کو کہتے ہیں جنکو کوئی تیسرا عدد برابر تقسیم کر سکے +
تواقر۔ ع۔ ایک دوسرے کی حرمت کرنا۔ عزت توقیر
توالد۔ ع۔ باہم ملکر جننا۔ اولاد پیدا کرنا +
توالی۔ ع۔ پے در پے۔ متواتر +
توام۔ ع۔ جڑواں بچہ جو ایک بچہ کے ساتھ ایک ہی وقت پیدا ہو۔ بہرتا جوڑا +
توامان۔ ع۔ دو بچے جو ایک ساتھ ایک ہی صورت سے پیدا ہوں +
توان۔ ف۔ قوت۔ قدرت۔ طاقت۔ تاوان۔ اور ہر چیز کا ممکن ہونا +
توانچہ۔ ف۔ طمانچہ +
توانا۔ ف۔ طاقتور۔ قوت ور +
توانائی۔ ف۔ طاقت قوت +
توانائے مطلق۔ ف۔ قادر مطلق خدائے تعالیٰ +
توانستن۔ ف۔ سکنا۔ طاقت رکھنا +
توانگر۔ ف۔ مرکب ہے توان بمعنی طاقت اور گر کلمہ فاعلیت سے ممکن مال۔ قدرت والا۔ بچانا۔ مالدار۔ دولتمند +

توانگری۔ ف۔ صاحب ثروت ہونا۔ مالداری +
توانی۔ ع۔ سستی کرنا۔ کوتاہی کرنا +
توپ۔ ت۔ فتح۔ لشکر۔ اور توپ جو مشہور ہے +
توپ توپ۔ ف۔ فوج فوج۔ کثرت۔ بہت +
توبرتو۔ ف۔ تہہ بہ تہہ۔ تہ بتہ +
توبرہ۔ ف۔ گھوڑے کو دانہ کھلانے کا تھیلا +
توپ زدن۔ ف۔ توپ چھوڑنا +
توپ زن۔ ف۔ توپ چھوڑنیوالا گولہ انداز +
توپک، توبک۔ ت۔ گنجینہ۔ مخزن۔ خزانہ +
توبہ۔ ع۔ گناہ سے پھرنا۔ باز آنا +
توبیخ۔ ع۔ ملامت کرنا۔ جھڑکنا۔ دھمکی +
توت۔ ف۔ مشہور درخت ہے جسکے پتوں پر ریشم کے کیڑوں کو پالتے ہیں +
تونک۔ ت۔ بولنے والی طوطی۔ پردہ کے پیچھے کی بانسلی۔ قزوین میں ایک خاص قسم کی روٹی پکتی ہے۔ تبریز کا ایک محلہ بھی اس نام سے مشہور ہے +
توتی۔ ف۔ طوطی۔ جہاز کشتی +
توتیا۔ ف۔ سرمہ۔ انجن +
توتیا شدن۔ ف۔ بہت باریک ہونا۔ بہت پسنا +
توتیا کردن۔ ف۔ بہت باریک کرنا۔ بہت پیسنا +
توثیق۔ ع۔ محکم اور استوار کرنا۔ اور مضبوط کرنا +

توجع۔ ع۔ دردمند ہونا +
توجہ۔ ع۔ کسی کی طرف منہ کرنا +
توجیہ۔ ع۔ کسی کی طرف منہ پھیر دینا اور اچھا بیان کرنا۔ وجہ بتانا۔ دلیل لانا اور علم قافیہ میں روی ساکن کے قبل حرکت کا نام توجیہ ہے +
توحد۔ ع۔ یکتائی۔ ایک ہونا وحدانیت +
توحش۔ ع۔ وحشی ہونا۔ نفرت کرنا +
توحید۔ ع۔ ایک ماننا۔ ایک جاننا خدا کو واحد ایک جاننا +
توختہ۔ ف۔ جمع کیا ادا کیا +
توختن۔ ف۔ جمع کرنا کھینچنا۔ حاصل کرنا ادا کرنا۔ واپس دینا +
تود۔ ف۔ مبدل توت کا ہے +
تودد۔ ع۔ دوستی۔ محبت +
تودہ۔ ف۔ انبار۔ ڈھیر۔ ٹیلہ +
تودہ شنبلید، تودہ شمبلید۔ ف۔ شنبلید سورنجان مشہور دوا کے پھول کو کہتے ہیں۔ جو شوخ زرد رنگ کا ہوتا ہے اور تودہ شنبلید سے مراد آفتاب ہے +
تودیع۔ ع۔ وداع کرنا۔ رخصت کرنا۔ سپرد کرنا۔ سونپنا +
تور۔ تورج۔ ف۔ فریدون بادشاہ کے بڑے بیٹے کا نام ہے جس کے نام پر ولایت توران مشہور ہے۔ ولایت توران کو بھی کہتے ہیں۔ ایک گھاس کا نام بھی ہے۔ ترک کو بھی کہتے ہیں۔ ایرج کی بیٹی کا نام

پہلوان اور بہادر کے معنے میں
...ہے۔ ڈھونڈھنا۔ اور تلاش
بھی اس کے معنے ہیں۔ اور وحشت
...بھاگنا۔ دور رہنا۔ تنہائی۔ ضیافت
...ی +
...ران ف۔ نام ایک ولایت کا ہے
...فریدوں کے بیٹے تور کی طرف منسوب
...ہے +
...ران دخت ف۔ خسرو پرویز کی بیٹی
...جس نے ایک سال چار مہینے ایران
...ی سلطنت کی +
...وران شاہ ف۔ ایک مشہور وزیر کا
نام ہے +
تورّع ع۔ ورع۔ پرہیزگاری +
تورہ ت۔ رسم۔ قاعدہ۔ قانون دستور العمل
...ہوتا یا کمر۔ ...اس شریعت
کو کہتے ہیں جو چنگیز خاں نے خود ایجاد

توزّع ع۔ پراگندگی۔ پریشانی +
توزک ت۔ سامان آرائش۔
انتظام +
توزیدن ف۔ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا +
توزیر ع۔ جھوٹی تہمت لگانی +
توزیع ع۔ پراگندہ کرنا۔ بانٹنا +
توزین ع۔ تولنا۔ وزن کرنا +
توسّط ع۔ میانہ روی اور اعتدال اور
واسطہ کرنا +
توسعہ ع۔ فراخ کرنا۔ وسعت +
توسّع ع۔ فراخ کرنا۔ کشادہ ہونا +
توسّل ع۔ وسیلہ ڈھونڈھنا کسی کو بیچ
میں ڈالنا +
توسن ف۔ گھوڑا جو تند خو شوخ اور
سرکش ہو۔ سرکش +
توسنگ ف۔ قناعت۔ تھوڑے سے پر
راضی ہو جانا +
توسیع ع۔ فراخ کرنا۔ کشادہ کر دینا +
...توانائی تن

توشہ ف۔ زاد راہ۔ رستہ کا خرچ۔
خوراک +
توشہ برداشتن ف۔ سفر کی تیاری
کرنا۔ مسافر ہونا +
توشہ خانہ ف۔ یہ لفظ غلط معلوم ہوتا
ہے اصل اسکی توشک خانہ ہے +
توشیح ع۔ بدھی گردن میں ڈالنا آرائش
کرنا۔ اور نام ایک صنعت شعریہ کا
ہے۔ جس میں شاعر ہر ایک مصرع
یا بیت کے اول ایسے حروف لاتا
ہے کہ اگر ان سب کو جمع کیا جائے
تو خود شاعر کا یا کسی اور شخص کا نام
جس کی شاعر ان شعروں میں تعریف
کرتا ہو نکلے۔ وہ بیتیں موشح کہلاتی
ہیں +
توصیف ع۔ تعریف کرنا۔ وصف +
توصیہ ع۔ نصیحت کرنا۔ وصیت کرنا +
توضیح ع۔ واضح کرنا۔ روشن کرنا۔
اصول فقہ میں ایک کتاب بھی
ہے +
توطّن ع۔ وطن اختیار کرنا +
توطیہ ع۔ لتاڑنا۔ پامال کرنا۔ بچھانا۔
مجازاً تمہید مدعا کی +
توظیف ع۔ ہر روز رسد دینا۔ مقرر کرنا
وظیفہ دینا +
توغ ت۔ علم۔ نشان۔ جھنڈا اور
...سی میں درخت توغ کی لکڑی کو
...ہیں +
...ت جھنڈی۔ برچھی +
...ت ثمر بردار +
...مشغول کرنا۔ ایک کام میں

بہت لگا رہنا +
توغلق ت۔ خود لوہے کا ٹوپ +
توف ف۔ شور و غوغا۔ [illegible]
وہ آواز جو پہاڑ سے آئے +
توفان ف۔ شور و غوغا عموماً اور دریا کا
شور خصوصاً۔ وامق کے دوست کا
نام ہے +
توفق ع۔ موافقت۔ یکسانی +
توفیر ع۔ بہت کرنا اور بہت ہونا اور فایدہ
جو اجارہ پر ہو +
توفیق ع۔ موافق کر دینا۔ برابر کرنا۔ اصطلاح میں
معنے خدا کا نیکی کے اسباب کو بندہ کی
خواہش کے موافق کرنا +
توفیہ ع۔ پورا دینا۔ اچھی طرح پورا
کرنا +
توق } آرزو مندی اور غلبہ
توقان } شہوت کا +
توقّد ع۔ آگ کا بھڑکنا +
توقیر ع۔ وقر کرنا۔ عزت کرنا +
توقّع ع۔ امید۔ بھروسا +
توقّف ع۔ ٹھیرنا۔ دیر کرنا۔ وقفہ
کرنا +
توقّی ع۔ نگہبانی۔ بچاؤ +
توقیر ع۔ عزت و حرمت دینا۔ معزز کرنا
توقیع ع۔ بادشاہ کا فرمان پر دستخط کرنا۔ جو حکم
خفگی اور عتاب کا شاہی فرمان [illegible]
لکھے۔ فرمان شاہی +
توکّل ع۔ بھروسا کرنا خدا پر۔ دنیا سے دل
اٹھا کر خدا پر لگانا +
توکید ع۔ مضبوطی۔ استواری +
توکیل ع۔ وکیل بنانا کسی دوسرے کو مختار بنانا

تولّا و محبت۔ امید و بھروسا رکھنا۔ دوست رکھنا۔ اصل میں تولّی ہے +

تولاک اللہ ز خدا تجھے دوست رکھے +

تولب و مگر مچھ کا بچہ +

تولد و پیدا ہونا۔ جننا +

تولّع و لالچ کرنا۔ لالچ +

تولہ ن کتے کا بچہ۔ بودر کتا۔ ہندوستان میں ایک معین وزن ہے +

تولچہ ن مصغّر تولہ کا ہے جس کے معنے مشہور وزن کے ہیں +

تولّی و پھرنا۔ منہ پھیرنا۔ حکومت کرنا کسی کے کام میں لگ جانا +

تولیت و حکم کرنا۔ والی کرنا۔ والی بنانا +

تولید و جننا۔ پیدا کرنا۔ پرورش کرنا +

تومان | ع۔ حلقہ۔ گروہ۔ پرگنہ۔ دس ہزار
تمن | آدمی۔ دس ہزار روپے۔ ایران کا ایک طلائی رائج الوقت سکہ ہے۔ جو قیمت میں یہاں کی چاندی کی مساوی اور قیمت میں قریباً پانچ روپے کے برابر ہے +

تومان عراق ن قریباً چالیس ہزار روپے کا ہوتا ہے +

تو و خدا تجھے خدا کی قسم ہے کہ قسم کھانے

توہّم و وہم میں پڑنا۔ وہم کرنا +

توہین و اہانت کرنا۔ سست کرنا۔ ذلیل کرنا +

توی ن اندرون۔ اندر کسی چیز کے درمیان جیسے دو تہی یعنے دوہرا اور بولا یعنی جشن۔ مہمانی۔ شادی کے دن کا جشن +

باب التّائے فوقانی مع ہائے ہوز

تہ ن نیچے۔ تلے۔ تہ۔ طاق جو جفت کے مقابل ہے۔ تلوار وغیرہ کے منہ پر لگا ہو

والے اُسے بھی کہتے ہیں یا وہ غنچہ اوّل بھی تنگ

تہادی و باہم ہدیہ بھیجنا۔ ایک دوسرے کو تحفہ بھیجنا +

تہال ف پہاڑ کی غار +

تہالک و باہم ہلاک ہونا +

تہانی و باہم مبارک باد کرنا +

تہاون ف ڈھیلی کھڑی ہوئی پیلا

تہ بند و تہمند ن لنگوٹی جو چھپانے کو باندھتے ہیں +

تہ بندی ن کتاب کی جزبندی وہ رنگ جو اصلی رنگ کے نیچے کپڑے کو دیا جائے +

تہتک و پردہ دری کرنا۔ رسوائی کرانا +

تہجد و رات کو بیدار ہونا۔ بہ آواز وہ نماز جو آدھی رات کے بعد اُٹھ کر گیارہ رکعت یا اس سے زیادہ پڑھا کرتے ہیں +

تہ جرعہ۔ تہ جرعگی ف وہ شراب جو پینے کے بعد پیالے میں رہ جاتی ہے +

تہجی و ہجے کرنا۔ حروف مفردہ کو پڑھنا

تہجین و ذلیل کرنا۔ بے عزت کرنا +

تہ خانہ ن نیچے کا گھر +

تہدید و ڈرانا۔ دھمکانا۔ خوف دلانا۔ دھمکی۔ سرزنش +

تہذیب و آراستہ کرنا۔ پاک کرنا۔ سنوارنا۔ اصلاح دینا +

تہذیب اخلاق و آراستہ کرنا خلقوں کا سنوارنا عادتوں کا اور حکمت عملی کی تینوں قسموں میں ایک قسم ہے جس میں اُن افعال کی درستگی کا ذکر ہوتا ہے جو خاص ایک ہی شخص کی طرف بانفراد راجع ہوں یعنی ایک فرد انسانی سے متعلق ہوں۔ اور اسے بھی کہتے ہیں جیسے معنے ہیں ہر ایک ادب اور انداز کا مناسب نگاہ رکھنا

تہ ریش گذاشتن ف فریب دینا +

تہ کردن زانو ف مودب بیٹھنا +

تہلکہ و ہلاک ہونا۔ مرنا۔ نیست ہونا +

تہلیل و لا الہ الا اللہ کہنا +

تہم و وہ شخص جو قد و قامت کی درازی اور دلیری اور شجاعت و مردانگی میں بے نظیر ہو +

تہمت و عیب لگانا۔ برائی کرنا +

تہمتن و مرکب ہے تہم اور تن سے یعنی جسم سے قوی الجثہ جسیم۔ رستم کا لقب ہے اور بمعنے پہلوان۔ سپہ سالار۔ لشکرکش۔ دلاور۔ فرمانبردار کرنیکے معنوں میں بھی آیا ہے +

تہمورس ف ایران کے پیشدادی خاندان میں ایک بادشاہ گزرا ہے جسے بسبب دیو بند کہتے ہیں +

تہ نشیں ف زیر بیٹھنے والا۔ درد۔ تلچھٹ +

تہنیت و مبارک باد دینا۔ مبارکباد گوارا کرنا +

تہ و بالا ف زیر و زبر۔ پراگندہ +

تہوّر و بے پروا

باب التّائے فوقانی مع یائے تحتانی

تی ن مخفف ہے تہی کا +

تیار و موجود۔ جلد۔ رفتہ رفتہ آمادہ قابل کام کے۔ آمادہ۔ مہیا +

تیان ن بڑی دیگ جس کا سر کھلا ہو

تیانچہ ن چھوٹی دیگ جس کا سر کھلا ہو +

تیب ف پریشان حال۔ بیہوش۔ سست۔ مدہوش۔ بے قرار +

تیبال ف۔ فریب۔ چاپلوسی +

تی تی و منتج مرد نام جسے تیتی بھی جو ولے کہتے ہیں اور کبھی وہ آواز جو مرغوں کے بلانے کیلئے مخصوص ہے گیلانی بادشاہوں کی عورتوں کو بھی کہتے ہیں +

تیر ف سہم۔ کمان کا تیر۔ ستارہ عطارد۔ چوتھا مہینہ کسی مہینے کا تیرھواں دن۔ جسے تیر جشن تیرہ و تاریک صحرا۔ بیابان۔ غضب۔ غصہ

تہ۔ طاقت

اس سے متعرض نہیں ہوتا +

تیر آتش ف تیر ہوائی۔ تیر آتشبازی +

تیر تظلم ف مظلوم کی آہ +

تیر چرخ ف ستارہ عطارد۔ بان تیر ہوائی وہ ہے کا تیر جو بارود سے بھر کر دشمن کی طرف چھوڑتے ہیں +

تیر خطی ف وہ تیر جو کبھی نشانہ پر لگنے سے نہ چوکے +

تیر خانہ ف چھت کی کڑی +

تیر خدنگ ف خدنگ کا بنا ہوا تیر۔ خدنگ ایک درخت ہے جس کی لکڑی نہایت مضبوط صاف اور سیدھی ہوتی ہے چونکہ تیر اکثر اسی کے بناکرتے ہیں۔ اس واسطے مطلق خدنگ کے معنے بھی تیر کے ہو گئے ہیں +

تیردان ف ترکش۔ تیرکش +

تیر دستی ف ہاتھ پکڑنے کی لکڑی۔ عصا +

تیر دو کمانہ ف وہ تیر جو پہلی دفعہ کمان سے نکل کر کسی جگہ لگے اور پھر وہاں سے اچٹ کر کسی دوسری جگہ پر جا لگے +

تیر ساز ف زخمہ۔ مضراب +

تیر سنگ زخمہ }
تیر شکر زخمہ } ف [illegible] تیر +

تیر سحر ف صبح کاذب کی روشنی صبح کی آہ جو سوز و درد سے نکلے۔ دعا ہے جو +

تیرک ف مصغر تیر کا۔ بلبلہ جو گرم پانی یا گوشت وغیرہ پکاتے وقت اٹھا کرتے ہیں +

تیرک زدن ف خون کا جاری ہونا +

تیرکش ف ترکش ہی کا مخفف ہے اس سوراخ کو بھی کہتے ہیں جو قلعہ یا دستہ کے محل کی دیوار میں تیر اندازی کیلئے بنائے جاتے ہیں +

تیر کشیدن ف درد کرنا +

تیر گردانی ف جب کسی شخص کی کوئی چیز جاتی رہتی ہے تو تیر پر افسوں پڑھتے ہیں اور وہ خود بخود حرکت کر کے چور کے نام پر ٹھہر جاتا ہے +

تیر گردوں ف آفتاب یا عطارد اور آسمانی حوادث سے مراد ہے +

تیرگی ف اندھیرا۔ دھندلاپن۔ دل کی کدورت +

تیر ماہ ف سال شمسی کا چوتھا مہینا +

تیرہ ف تاریک۔ سیاہ رنگ۔ خشت کی دھندلاپن +

تیرہ بخت ف بدبخت۔ بدنصیب +

تیرہ ترک ف بات کی کالی ٹوپی جو مجرموں اور قیدیوں کو ایران میں پہنا کر شہر میں تشہیر کیا کرتے ہیں +

تیرہ ترک شدن مرگ بسر کسے ف موت کا اسکو گرفتار کر لینا اسے ہلاک کر دینا +

تیرہ دست ف دنیا جہان سے مراد ہے +

تیرہ راے ف بدعقل بری رائے والا +

تیرہ روز }
تیرہ روزگار } ف بدقسمت بدنصیب +

تیرہ روی ف عیاری۔ مکاری +

تیرہ شدن از چیزے ف اس چیز سے ناخوش ہونا۔ طبیعت کدر ہونا +

تیرہ کردن ف پریشان کرنا مکدر کرنا +

تیر ہوائی ف وہ تیر جو آسمان کی طرف بے نشانہ پھینکا جائے۔ ایک قسم کی آتشبازی بھی +

تیرہ و تاریک ف مجازاً اندھیری رات +

تیز ف۔ چالاک۔ جلد۔ دو دھار جو کاٹ تیز کرے +

تیزاب ف تیز پانی مشہور شے ہے کئی قسم کا ہوتا ہے۔ گندھک۔ شورہ۔ نمک کا زیادہ تر مشہور ہے۔ بدن پر پڑ جائے تو زخم کر دیتا ہے۔ کپڑوں وغیرہ پر جا گرے تو جلا دیتا ہے +

تیز بال ف تیز رفتار۔ جلد رو +

تیز تاز ف چالاک +

تیز دان ف مقعد +

تیز دندان ف لالچی۔ حریص +

تیز قلم ف زود نویس +

تیز گام ف جلد رو +

تیز کردن دندان بر چیزے ف اس چیز کا لالچ کرنا۔ حرص کرنا +

تیز کردن کسے را ف کسی کو گرم کرنا برانگیختہ کرنا +

تیز گردیدن ف غصے ہونا۔ غضبناک ہونا

تیز گوش ف جلد سننے والا +

تیز مغز ف تند و تیز آدمی سے کنایہ ہے +

تیزی ف تیز ہونا جو کندی کے مقابل ہے۔ وہ لوگ جو عربی نژاد اور فارسی زبان والے ہوں تازی۔ گھوڑا۔ تعجیل +

تیس ف بکرا نر جو بکریوں کے گلہ میں رہتا ہے فارسی میں اسکو نہاز اور ہندی میں بوک کہتے ہیں +

تیسر ع آسان ہونا اور آسانی +

تیسیر ع آسان کرنا۔ آسانی +

تیشی ت واحد تیشہ میں سے ماخوذ ہے جسکے آخر نسبت کی ی لگی ہوئی ہے +

تیشہ ف بسولا جو بڑھیوں کے پاس ہوتا ہے +

تیشہ بر پاے زدن۔ بر پاے خود زدن ف تیشہ سے پاؤں زخمی کرنا۔ مدعا کا اپنا کام آپ بگاڑ لینا اپنے پاؤں آپ کلہاڑی مارنا +

تیشہ بسوے خود زدن ف حریص اور لالچی بننا۔ حریص بنیے۔ لالچ کرنا +

تیشہ فرہاد تیز کردن ف عشق میں شروع کرنا +

تیغ ف مبدل ہے تیز کا۔ تلوار۔ شمشیر۔ خنجر۔ استرہ۔ چاند۔ آفتاب وغیرہ کی روشنی۔ فولاد کا جوہر۔ پہاڑ کی بلندی۔ ہر چیز جو سیدھی اور بلند کھڑی ہو +

تیغان ف خنجر۔ چھوٹی تلوار +

تیغ افراسیاب ف شعاع کے خطوط شعاعیں۔ کرنیں +

تیغال ف گھونسلا جانوروں کا۔ ترنجبین +

تیغ بخاک کردن ف قتل اور خونریزی کا ترک کرنا +

تیغ حوالہ فرق کردن ف سر پر تلوار مارنا +

تیغ خم ف محراب جیسی ٹیڑھی تلوار +

تیغ خورشید ف سورج کا طلوع کرنا۔ سورج کی شعاعیں +

تیغ دو دستی زدن ف دونوں ہاتھ سے تلوار مارنی نہایت کوشش سے لڑنا۔ سخت خونریزی کرنی +

تیغ دو سر ف وہ تلوار جس کی دونوں طرف تیزی اور آبداری ہو +

تیغ زن ف تلوار مارنے والا +

تیغ زن آسمان ف صبح صادق سے مریخ سے مراد ہے +

تیغ ستم ف ظلم و ستم کا رواج +

تیغ سحر ف صبح صادق اور کاذب کی روشنی یعنی دعا صبح کی آہ جو درد سے نکلے +

تیغ شدن ف دلیر ہونا +

تیغ کوہ ف پہاڑ کی چوٹی +

تیغ گوشتیں ف زبان سے مراد ہے +

تیغ مُحرّف (ف) خمدار تلوار جس کا زخم گہرا ہوتا ہے +

تیغ مغربی (ف) مغرب کی تلوار بعض کہتے ہیں کہ وہ شہر گجرات کے مغربی دروازے پر بنائی جاتی ہے یعنی مرہٹہ مشہور ہے

تیغ ہندی (ف) ہند کی بنی ہوئی تلوار جو جوہر دینے میں کمال شہرت رکھتی ہے +

تیغ نطق (ف) زبان فصیح +

تیغ وترنج بیان آوردن (ف) یعنی سے مراد ہے یوسف کے دیدار سے مصر کی عورتوں کے ہاتھ کاٹنے والے قصّے سے لیا گیا ہے +

تیغہ پشت (ف) پیٹھ کے مہروں کی قطار +

تیغہ کوہ }
تیغ کوہ } (ف) پہاڑ کی بلندی یا چوٹی +

تیقّن (ف) بدبخت - بدسرشت - بدکردار

تیقّظ (ع) بیدار ہونا - بیداری - جاگنا +

تیقّن (ع) یقین کرنا - اعتبار کرنا +

تیقیظ (ع) جگانا - بیدار کرنا - بیداری +

تیھرت کا سوا نہراے - دفتر ہستہ مارا ہے +

تیمارت (ف) غمخواری - فکر و خدمت کرنا اور علاج +

تیمار کش (ف) غم کی غمخوار و غمخوار +

تیماس (ف) بن جنگل +

تیمّم (ع) قصد کرنا - مٹی کا قصد کرنا یعنی پانی کے بدلے مٹی سے وضو کرنا +

تیمّن (ع) مبارک مانا - برکت لینا - بابرکت ہونا +

تیمور (ت) امیر تیمور گورگان جو ایک مشہور بادشاہ ہندوستان کے مغلیہ کا مورث اعلٰے گزرا ہے - لنگ تیمور بھی اسکو کہتے ہیں +

تیمن (ع) غیر مشہور میوہ ہے +

تیول }
تیول } (ت) جاگیر جو سپاہی کو گزارہ کے لئے دی جائے - وجہ معاش +

تیہ (ع) جنگل صحرا - بن - تکبر کرنا اور وہ جنگل جسمیں حضرت موسٰے علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام بنی اسرائیل کے ساتھ چالیس برس تک سرگردان رہے +

تیہ اسرائیل (ع) وہ جنگل جسمیں حضرت موسٰے سرگردان رہے +

تیہو (ف) ایک مشہور پرندہ ہے +

تیہوج معرب تیہو کا ہے +

باب ثای مثلثہ

باب ثائے مثلثہ مع الف

ثابت (ع) قایم - مضبوط +

ثاو (ع) نم - سرمایہ +

ثاوق (ع) بہت والا اور ایک گھوڑے کا نام ہے +

ثاقب (ع) روشن - چمکدار اور نام ایک ستارے کا بھی ہے +

ثالث (ع) تیسرا +

ثالث ثلاثہ (ع) بقول عیسائیوں کے تین اقنوم خدا کے یعنی اب (باپ) ابن (بیٹا) روح القدس اور قوم نصاریٰ سے بھی مراد ہے +

ثانیل (ع) بروزن بابیل جمع ثؤلول جسے ہندی میں مسّہ کہتے ہیں +

ثامن (ع) آٹھواں - آٹھویں چیز +

ثانی (ع) دوسرا +

ثانی اثنین (ع) دو میں کا دوسرا یعنی مثل مانند - نظیر سے مراد ہے حضرت ابوبکر خلیفہ کے مناقب میں اسکو اکثر لاتے ہیں - اسلئے کہ جب آپ رسول اللہ صلعم کے ساتھ غار میں ٹھہرے تھے - تو آپکے بارہ میں یہ آیت نازل ہوئی تھی ثانی اثنین اذ ھما فی الغار

ثانیہ (ع) اسکے دوسرا لفظ دقیقہ ہے انگریزی میں اسکو سیکنڈ کہتے ہیں یعنی پل کا حصہ +

ثانوی (ع) دوسری - دوسرا +

باب ثائے مثلثہ مع بائے موحدہ

ثبات (ع) پایداری - قرار و قیام +

ثبت (ع) لکھنا - تحریر کرنا - حجت - یعنی جیسی مصدر ہے کبھی اسم مفعول کے معنی میں بھی آجاتا ہے یعنی لکھا گیا مرقوم +

ثبور (ع) ہلاکت - ہلاک ہو جانا +

باب ثائے مثلثہ مع الجیم

ثجّ (ع) پانی اور خون کا گرانا یا چھینکنا +

باب ثائے مثلثہ مع خائے معجمہ

ثخن (ع) حجم - موٹاپن +

ثخین (ع) موٹی - سخت +

باب ثائے مثلثہ مع دال مہملہ

ثدی }
ثدی } (ع) پستان - چھاتی - چُچی +

باب ثائے مثلثہ مع رائے مہملہ

ثرا (ع) دولت - مال +

ثروت (ع) مال کی کثرت - تونگری - دولت نعمت - سرداری - حشمت +

ثریّا (ع) پروین وہ چھ ستارے جو باہم متصل واقع ہیں جاڑے کے موسم میں شام ہی سے نمودار ہونے لگتے ہیں پنجابی کھتیاں +

ثریٰ (ع) خاک - نمی خاک جو نیچے زمین کے ہے - گیلی زمین +

ثرید (ع) ٹکڑے روٹی کے شوربے میں بھیگے ہوئے +

باب ثائے مثلثہ مع عین مہملہ

ثعابین (ع) جمع ہے ثعبان کی - اژدہے +

ثعالب (ع) جمع ہے ثعلب کی - لومڑی +

ثعبان (ع) بڑا سانپ - اژدہا +

ثعلب (ع) روباہ - لومڑی +

ثعلب مصری (ع) ایک مشہور دوائی ہے +

باب ثائے مثلثہ مع غین معجمہ

ثغ (ع) ابت

ثغر (ع) دانت اور اگلے دانت - کفار اور اسلام کے ممالک کی سرحد +

ثغور (ع) جمع ہے ثغر کی - دانت - سرحد +

باب ثائے مثلثہ مع فاء

ثفر (ع) پاسے دم - دمچی +

ثفل (ع) پھوسی - پچھاڑ - پھوک +

باب ثائے مثلثہ مع قاف

ثقات (ع) جمع ہے ثقہ کی معتمد لوگ +

ثقالت (ع) گرانی - بوجھ - بھاری پن +

ثقب (ع) جمع ہے ثقبہ کی - سوراخ +

ثقبہ (ع) سوراخ - چھید +

ثقبہ عنبیہ (ع) ایک سوراخ ہے طبقہ عنبیہ میں درمیان آنکھ کے اس میں سے روشنی آنکھ کے اندر جاتی ہے +

ثقت (ع) مضبوطی - استواری - اعتبار +

ثقل (ع) گرانی - بوجھ - بھار اور نام ایک قوت یا کشش کا ہے جو اجسام کو درمیانیت مجھولی یا ایک دوسرے کی طرف

کھینچنے میں افراط کرتی ہے +

ثقلین (ع) دو گروہ ۔ انسان اور جن دونوں جہان +

ثقہ (ع) مرد معتمد جسکے قول فعل پر اعتماد ہو +

ثقیل (ع) گراں ۔ بھاری ۔ بوجھل +

باب ثائے مثلثہ مع لام

ثلاث (ع) تین عورتیں یا تین مونث چیزیں +

ثلاثہ (ع) تین مرد یا تین مذکر چیزیں +

ثلاثہ غسالہ (ع) تین پیالے شراب کے جو صبح کے وقت پیتے ہیں ۔ بدن کی غلیظ اور بیٹری کدورتیں اور غم اندوہ سب اس سے زائل ہو جاتے ہیں ۔ طعام کے بعد جو پانچ پیالے ہضم طعام کیواسطے پیئے جاتے ہیں ۔ خمسہ ہاضمہ کہلاتے ہیں ۔ اور اس سے کچھ دیر بعد سات پیالے پی کر جو سو جاتے ہیں ۔ انہیں سبعہ نائمہ کہتے ہیں +

ثلاثی (ع) وہ صیغہ جس میں تین حروف ہوں +

ثلب (ع) بوڑھا اونٹ ۔ شتر پیر +

ثلث (ع) تہائی تیسرا حصہ ⅓ اور سات قسم کے خطوں میں سے ایک قسم کا خط +

ثلثا (ع) سہ شنبہ ۔ منگل +

ثلثان (ع) دو تہائی ⅔ +

ثلثون (ع) تیس ۔ ۳۰ ۔ سہ ۔ دہ ل +

ثلج (ع) برف +

ثلم (ع) کاٹ ڈالنا ۔ رخنہ کرنا +

باب ثائے مثلثہ مع میم

ثم (ع) پھر ۔ بازلیس +

ثمہ (ع) وہاں ۔ اکثر ہ کی الحاق سے ثم استعمال کرتے ہیں +

ثمار (ع) جمع ہے ثمر کی میوے +

ثمان ۔ ثمانیہ (ع) آٹھ ۔ ۸ +

ثمانین (ع) اسی ۔ ۸۰ ۔ ف ۔ ع +

ثمد / ثمد / ثمد (ع) تھوڑا پانی +

ثمر (ع) درخت کا پھل نتیجہ ۔ میوہ ۔ انجام +

ثمر پیش رس (ف) وہ میوہ جو اپنے موسم سے پہلے حاصل ہو جائے +

ثمرہ (ع) نتیجہ ۔ پھل ۔ انجام +

ثمن (ع) قیمت ۔ قدر ۔ مول +

ثمن (ع) آٹھواں حصہ یعنی ⅛ +

ثمود (ع) صالح علیہ السلام کی قوم +

ثمیر (ع) میوہ دار +

ثمین (ع) قیمتی ۔ گراں قیمت +

ثمینہ (ع) قیمتی شے +

باب ثائے مثلثہ مع النون

ثنا (ع) تعریف ۔ مدح ۔ ستائش +

ثنا خواں ۔ ثنا گر ۔ ثنا گستر ۔ ثنا گوی تعریف کرنیوالا ۔ سراہنے والا ۔ مداح +

ثنائی (ع) دو حرفی اور اگلے دو دانت +

ثنایا (ع) سامنے کے چار دانت +

باب ثائے مثلثہ مع واو

ثواب (ع) مزد ۔ بدلہ ۔ نیک عوض آخرت میں +

ثوابت (ع) وہ ستارے جو حرکت نہیں کرتے بخلاف سیارات کے +

ثواقب (ع) روشنی دینے والی چیزیں +

ثوانی (ع) جمع ہے ثانیہ کی دوسرا اور 1/60 حصہ دقیقہ کا +

ثوب (ع) کپڑا ۔ جامہ +

ثوبان (ع) نبی آخر الزمان صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک غلام کا نام ہے +

ثور (ع) بیل ۔ نرگاؤ ۔ دوسرا برج آسمان کا +

ثوران (ع) جوش کرنا اور فتنہ کا اٹھنا +

ثؤلول (ع) مسا ۔ ثآلیل اسکی جمع ہے +

ثوم (ع) لہسن ۔ مشہور ہے پنجابی تھوم (پیاز و بصل)

باب ثائے مثلثہ مع یائے تحتانی

ثیاب (ع) کپڑے جمع ہے ثوب کی +

ثیبات (ع) زنان شوہر دیدہ یعنی وہ عورتیں جو بیاہی جا چکی ہوں ۔ جمع ثیبہ کی +

ثیبہ (ع) شوہر دیدہ عورت خواہ خاوند اس کا زندہ ہو خواہ مرگیا ہو ۔ بخلاف باکرہ کی +

باب جیم تازی

باب جیم تازی مع الف

جا (ف) جگہ ۔ مکان ۔ مقام +

جابجا (ف) جگہ جگہ ہر ایک جگہ +

جابر (ع) جبر کرنے والا ۔ زیادتی کرنے والا مجبور کرنے والا +

جا براے کسے خالی کردن (ف) تعظیم و توقیر سے اسے اپنی جگہ پر بٹھانا +

جابر سر دست بودن (ف) نہایت معزز و موقر ہونا +

جابلسا (ف) مغرب کی طرف ایک مشہور شہر ہے بعض کہتے ہیں کہ یہ عالم مثال کا شہر ہے سالک کی آخری منزل +

جابلقا (ف) مشرق کی جانب ایک شہر ہے بعض کہتے ہیں کہ وہ عالم مثال میں مشرقی شہر ہے سالک کی پہلی منزل +

جابلوس (ف) فریب دینے والا ۔ فریبندہ ۔ چاپلوس +

جابلوزن (ف) ترکستان میں ایک شہر ہے +

جاتاغ (ف) کلیچہ خام ۔ وہ ایک طرح کا تختہ ہوتا ہے جو خیمے کے ستون پر لگتا ہے +

جاثلیق (ع) پادری اعظم ۔ دین نصاریٰ کا بہت بڑا دینی افسر جو اسلامی ممالک میں ہو +

جاثمین (ع) ہلاک ہونیوالے جن کی حس و حرکت جاتی رہے ۔ مر جانیوالے لوگ +

جاجم (ت) ایک قسم فرش کی ہے +

جاجنگر (ف) کابل سے دو کوس کے فاصلہ پر ایک شہر ہے +

جاحد (ع) منکر ۔ جان بوجھ کر انکار کرنیوالا +

جاحظ (ع) ایک عالم کا نام جو بد صورتی میں مشہور تھا

جاداد (ف) جائداد ۔ مالیت ۔ اسباب ۔ مکان وغیرہ +

جادادن (ف) جگہ دینا +

جادل (ع) لڑنیوالا ۔ دلیل حجت کرنیوالا +

جادو (ف) سحر ۔ جادو آنکھ کے معنے میں بھی آیا ہے +

جادو خیال / جادو زبان / جادو سخن (ف) پر تاثیر تقریر کرنیوالا شاعر فصیح البیان +

جادوگر (ف) جادو کرنیوالا ۔ ساحر +

جادوئی (ف) سحر ۔ ساحری ۔ جادوگری +

جادہ (ع) اصل میں دال کی تشدید سے مستعمل ہے ۔ باریک راہ ۔ وہ سیدھی راہ جو جنگل میں لوگوں کی آمد و رفت سے بن جاتی ہے فارسی میں دال کی تخفیف سے استعمال کرتے ہیں +

جادۂ مستقیم (ف) سیدھی راہ ۔ راہ حق +

جادی ف زعفران۔ کیسر +

جاذب ع جذب کرنیوالا۔ کھینچنے والا۔ خشک کرنے والا +

جاذبہ ع جذب کرنیوالی۔ انسان کے جسم میں ایک قوت ہے جسکے ذریعے سے اعضا مناسب اور مفید مادہ کو جذب کرتے ہیں اور کھینچنے کی تاثیر کشش۔ محبت +

جار ع ہمسایہ۔ پڑوسی۔ نگہبان۔ شریک زنہاری۔ ترکی میں پکارنا۔ منادی جھیت

جار اللہ ع ایک فاضل اجل کا نام ہے جسکی تصنیف سے تفسیر کشاف مشہور ہے۔ شہر زمخشر کا رہنے والا تھا۔ ۴۶۷ھ میں پیدا ہوا اور ۵۳۸ھ میں فوت ہوا۔ چونکہ اس نے اپنی عمر کا بہت سا حصہ حرم کے جوار میں گزارا تھا اسواسطے جار اللہ کہلایا +

جار بردی۔ شافیہ کی ایک شرح کا نام منسوب بہ جاربرد جو ایک شہر کا نام ہے +

جارچی ت نقیب۔ منادی کرنیوالا۔ خبر دینے والا۔ مخبر +

جارح ع زخم لگانے والا +

جارحہ ع ہاتھ اور دیگر عضو انسان کے جانور شکاری۔ جوارح اسکی جمع ہے +

جار زدن ف ڈھنڈورا پیٹنا۔ لوگوں کو خبردار کرنا۔ منادی کرنا +

جاروب ف مخفف جاروب۔ جھاڑو۔ بوہاری +

جاروب ف جھاڑو۔ سوہنی +

جار و مجرور ع قواعد عربی کی اصطلاح میں دو کلموں کو کہتے ہیں جنمیں سے پہلا جار جو حرف ہوتا ہے اور دوسرا مجرور جو اسم ہوتا ہے جار کے معنے ہیں کھینچنے والا چونکہ جار کے مشہورہ حروف ہیں اسے۔ بن۔ بہر۔ پے۔ جز۔ بجز۔ با۔ تا۔ با (بمعنی برائے)۔ در۔ اندر۔ برائے۔ وا)۔ فعل یا شبہ فعل کے معنے اسم کی طرف کھینچکر پہنچا دیتے ہیں اسواسطے جار کہلائے جس اسم پر یہ حروف واقع ہوتے ہیں اُسے مجرور کہتے ہیں +

جاری ع رواں۔ بہتا ہوا +

جاری مجریٰ ع قائم مقام +

جاریہ ع کشتی۔ آفتاب۔ لونڈی۔ باندی۔ آب رواں۔ جمع اسکی جواری آتی ہے +

جازم ع مضبوط قصد کرنیوالا۔ ساکن کرنیوالا فعل نحو میں +

جاسپردن ف فوت ہو جانا +

جاسوس ع مخبر جو شخص ایک ملک کی خبر دوسرے میں پہنچائے۔ جواسیس جمع +

جاسوسی ف مخبری۔ ایک ملک کی خبر دوسرے ملک میں پہنچانا +

جاش ع دل۔ دل کا اضطراب +

جاش ف تودہ غلہ اور ہر چیز کا انبار +

جاعل ع کرنیوالا۔ پیدا کرنیوالا۔ بنانیوالا +

جاغر ت پوٹہ جو حصہ جانوروں کا جسے پنجابی پوٹ +

جاف ع خشک۔ فارسی واسطے ایسی عورت کو کہتے ہیں جو ایک خاوند پر قناعت کرے اور ہر روز نیا خاوند بنائے +

جاف جاف ف کنجری۔ قحبہ۔ بنا نگی فاحشہ عورت +

جافی ع ظالم۔ ظلم کرنیوالا +

جاکسوف چاکسو +

جاگیر جا گیر ف زمین کا قطعہ جو سرکار سے

جاگرم کردن ف کسی جگہ دیر تک ٹھیرنا

جاگیردار وہ شخص جسکو جاگیر ملی ہو +

جال ع ے واحد ایک درخت ہے جسکی لکڑی سے مسواک بناتے ہیں +

جالب ع اپنی طرف کوئی چیز کھینچنے والا کھینچنے والا۔ حاصل کرنیوالا +

جالس ع بیٹھنے والا +

جالش ف جماع۔ صحبت جماع کرنیوالا +

جالوت ع ایک کافر کا نام ہے۔ جو طالوت کے زمانہ میں داؤد علیہ السلام کے ہاتھ سے مارا گیا تھا +

جالی ع جلا کرنیوالا۔ مصفا اور روشن کرنیوالا کدورت اور میل کو صاف کرنیوالا +

جالیز ف خربزہ اور ہندوانہ وغیرہ چیزوں کا کھیت۔ سبزی کی زراعت +

جالینوس معرب ہے گالینوس کا جو یونان کا ایک مشہور حکیم ہے اس نے علم طب میں چھوٹی بڑی چار سو کتابیں تصنیف کی ہیں اور وہ سکندر سے پچاس برس پہلے ہو گذرا ہے +

جام ع چاندی کا پیالہ فارسی میں شراب پینے کا پیالہ۔ خراسان کے ملک میں ایک شہر بھی ہے۔ جو مولینا عبد الرحمن جامی کو مولد ہے۔ شہر ٹھٹھ واقع ملک سندھ کے حاکم کو بھی کہتے ہیں۔ جام کے شیشے +

جامات۔ جاماس۔ جاماسپ ف ایک حکیم کا نام ہے۔ جو علم نجوم میں بڑی مہارت رکھتا تھا۔ اور گشتاسپ شاہ ایران کا بھائی تھا جامات عربی میں جام کی جمع بھی ہے +

جام اسکندری / جام سکندری } ف سکندر کا پیالہ

جام برسنگ زدن ف شراب سے توبہ کرنا شراب کا پینا چھوڑ دینا +

جام پُر از شیر و مے ف آب کوثر کا بھرا ہوا پیالہ۔ معشوق کا منہ اور ہونٹ پختہ کلام۔ عمدہ اشعار +

جام پُر از مے ف شراب کا بھرا ہوا پیالہ اور جام پر از شیر و مے کے معنوں میں بھی آیا ہے +

جام جم ف وہ پیالہ جو جمشید بادشاہ نے بنایا تھا اور نام ایک کتاب کا بھی ہے +

جام جہاں آرا / جام جہاں بیں / جام جہاں نما } ف کیخسرو کا پیالہ جس میں سات اور دوسرے نجوم کے آئندہ کا حال معلوم ہو جایا کرتا تھا +

جامح ع سرکشی کرنیوالا۔ سرکش +

جام خالی دادن ف ساقی کا مست کی ہوش کا امتحان لینا +

جامد ع پتھر۔ جما ہوا۔ وہ لفظ جس سے کوئی کلمہ مشتق نہ ہو۔ اور نہ وہ کسی لفظ سے مشتق کیا جائے +

جام زدن / جام خوردن / جام پیمودن } ف شراب پینا +

جام سحر ف آفتاب سے مراد ہے +

جام شہریاری ف شراب پینے کا بڑا پیالہ +

جام شیر ف پستان جنمیں دودھ ہو +

جامع ع جمع کرنیوالا۔ اسم فاعل۔ بڑی مسجد جس میں بہت سے لوگ جمع ہو کر نماز جمعہ ادا کیا کریں +

؎ جارو اور جھاڑو قریب قریب ایک جیسے کے لفظ ہیں اور یہ توافق دونوں زبانوں میں ہے +

جام عالی ف۔ بست بڑا پیالہ ۔

جامع کوفہ ع۔ کوفہ کی جامع مسجد ۔

جامعیت ع۔ سب طرح کی خوبیاں جمع کرنے والا ۔ جامع ہونا ۔

جامغول ف۔ حرامزادہ۔ شریر ۔

جام فرعونی ف۔ فرعون کا زرین پیالہ جسے چار آدمی اٹھا کر مجلس میں لاتے تھے ۔

جام گوہری ف۔ بلوری پیالہ معشوق کا منہ اور ہونٹ ۔

جامگی ف۔ روزینہ۔ وظیفہ خوراک جو نوکر اور غلام کو دیتے ہیں۔ تلچھٹ جو پیالہ میں شراب پینے کے بعد بچ رہے ۔

جامگی خوار ف۔ وظیفہ خوار۔ خدمتی نوکر غلام ۔

جام کیخسرو / **جام گوہر نگار** / **جام گیتی نما** م۔ کیخسرو نے ایک پیالہ بنایا تھا جس پر خطوط ہندسی کھنچے تھے۔ جس طرح اصطرلاب کے خطوں دائروں اور رقموں وغیرہ سے ستاروں کی بلندی وغیرہ کا حال معلوم ہو جایا کرتا ہے اسی طرح اس پیالہ سے زمانہ کے حقائق اور واقعات پہلے سے معلوم ہو جاتے تھے ۔

جاموش معرب ہے گاؤ میش کا اور وہ مخفف ہے گاؤ میش کا۔ بھینسا۔ مشہور حیوان ہے جو پانی پسند ہوتا ہے ۔

جامہ ف۔ کپڑا۔ لباس پہننے کا کپڑا ۔

جامہ بدندان گرفتن ف۔ بھاگنے سے مراد ہے ۔

جامہ بر کسے پارہ کردن ف۔ اس کے لئے کپڑے پھاڑ لینے یعنی پیچھے پڑ جانا۔ جامہ دوز کرنا۔ تنگ کرنا ۔

جامہ خانہ - جامہ دان ف۔ توشک خانہ جس میں لباس اور ہر طرح کے کپڑے رکھے جاتے ہیں ۔

جامہ خورشید ف۔ زمین اور درختوں کے پتوں سے مراد ہے غبار اور وہ چیز جو سورج کے آگے آ جائے سالکوں کی اصطلاح میں آدمی کا بدن ۔

جامہ در خون زدن ف۔ کپڑوں کا سرخ کرنا ۔

جامہ در خون کشیدن ف۔ کسی کپڑے کے خون میں بھگونا۔ قتل کرنا۔ مار ڈالنا ۔

جامہ در نیل زدن / **جامہ در خم نیل زدن** / **جامہ در نیل کشیدن** / **جامہ در نیل گرفتن** / **جامہ در نیل فرو بردن** ف۔ ماتمی لباس پہننا ۔ کپڑے نیلے کر لینے ۔

جامہ سحر ف۔ باد صبا اور آفتاب سے کنایہ ہے ۔

جامہ عیدی ف۔ سرخ قبا اور کپڑے پہننا جیسے شگوفے اور پھول ۔

جامہ سرخ پوشیدن سلطان ف۔ بادشاہ کا قہر و غضب میں ہونا ۔

جامہ صورت ف۔ وہ کپڑا جس پر تصویریں نقش ہوں ۔

جامہ فوک ف۔ کائی جو ایک سبزی ہے سطح آب پر جم جاتی ہے ۔

جامہ فتح ف۔ لباس جو لڑائی کے دن بہادر پہن لیتے ہیں اسپر اکثر دعائیں اور آیتیں (جیسے انا فتحنا وغیرہ) منقوش ہوتی ہیں ۔

جامہ فوطہ کردن ف۔ کپڑے کا پھاڑ ڈالنا ۔

جامہ قطران ف۔ سیاہ کپڑا جو ماتم کے دنوں میں پہنتے ہیں ۔

جامہ کاغذی کردن ف۔ کاغذی لباس پہن لینا۔ فریاد کرنا۔ داد خواہی کرنا ۔

جامہ کعبہ ف۔ کعبہ کا غلاف ۔

جامہ کن ف۔ حمام کا وہ کمرہ جہاں کپڑے اتارے جاتے ہیں ۔

جامی ف۔ تخلص جناب مولنا مولوی عبد الرحمن جامی کا ہے۔ جو شاعر اجل فاضل کامل۔ عالم متبحر اور صوفی باخبر تھے۔ ماہ شعبان ۸۱۷ ہجری میں بمقام خرجرد مضافات صوبہ جام متولد ہوئے (اسی لئے) آپ کا تخلص جامی ہوا اور جمعہ کے دن ۸۱ برس کی عمر میں ۱۸ ماہ محرم ۸۹۸ ہجری کو رحلت فرمائے عالم جاودانی ہوئے۔ کتابیں نہایت عمدہ آپکی تصنیف سے ہیں اور ان میں سے شرح ملا۔ یوسف زلیخا۔ تحفۃ الاحرار۔ شواہد۔ لوائح۔ بہارستان مشہور ہیں ۔

جان ف۔ روح۔ حیات۔ طاقت۔ جنگ کے اوزار ۔

جان ع۔ ابو الجن۔ جنوں کا باوا آدم جو حضرت آدم علیہ السلام سے ساٹھ ہزار برس پہلے ہوا ہے۔ یہ لفظ نوع جن کے لئے بھی مستعمل ہوتا ہے ۔

جان آزاری ف۔ دکھ دینا ۔

جان افشاندن / **جان باختن** م ف۔ جان قربان کرنا۔ جان دیدینا ۔

جانان / **جانانہ** م ف۔ جانی۔ معشوق۔ پیارا ۔

جان آہنی ف۔ بیرحم۔ دلاور۔ سخت جان ۔

جانب ع۔ طرف ۔

جانباز ف۔ بڑا محنتی۔ جان پر کھیل جانے والا ۔

جان بردن / **جان بردہ** م ف۔ سلامت رہنا۔ محفوظ رہنا ۔

جان بر میان بستن ف۔ کسی کام کے لئے آمادہ اور تیار ہونا ۔

جان پریان ف۔ شراب انگوری ۔

جان بلب ف۔ جو مرتا ہو اور اس کی جان لب پر آگئی ہو ۔

جان بلب آمدن / **جان بلب رسیدن** م ف۔ جان کا لب پر آنا۔ مرنے کے قریب ہونا ۔

جانبین ع۔ دونوں طرف۔ طرفین ۔

جان جان ف۔ روح اعظم۔ خدا تعالیٰ۔ پراٹھا جو ایک قسم کی مشہور روٹی ہے ۔

جان جیوان / **جان خون جیوان** م ف۔ دودھ۔ دہی۔ گھی۔ گوشت۔ شہد سے مراد ہے ۔

جاندار ف۔ انسان۔ حیوان۔ جو ذی روح ہیں ۔

جاندارو ف۔ تریاق۔ نوشدارو ۔

جان در بینی رسیدن ف۔ جان کا ناک میں پہنچنا۔ نہایت ناچار ہونا ۔

جان در پائے کسے افشاندن و باختن و ریختن و کشیدن جان در جان کسے کردن ف۔ اپنی جان اسپر نثار کر دینا ۔

جان در میان داشتن ف۔ نہایت الفت اور محبت سے مراد ہے ۔

جان زرین ف۔ سبزہ۔ گل۔ میوہ سے مراد ہے ۔

جان شکر ف۔ عزرائیل علیہ السلام۔ معشوق سے بھی مراد ہے ۔

جانشین ف۔ قائم مقام ۔

جان فزا ف۔ تیسواں دن ملکی مہینہ کا

ہیں سے ۔ آب حیات ۔ جان کا پڑھانے والا خوشی بڑھانے والا +
جانفشانی ف ۔ محنت ۔ سعی +
جانفزا ف ۔ جان بڑھانے والا ۔ مشہور ۔ یکنگا ہیں جہان میں
جان گزا ف ۔ جان کو گھٹانے والا ۔ برج حیات
زہر جان سوزی وغیرہ ۔ موذی درندوں اور
چوپایوں سے ۔ زہر قاتل +
جان کندن ف ۔ جان اکھڑنا ۔ موت کا
وقت ۔ نزع کی حالت +
جانماز ف ۔ مصلا +
جان من و جان شما ف ۔ تیری میری جان
کی قسم ۔ اور کہتے تمہاری جان کی سوگند یا میری
جان تم پر قربان ہو +
جان نثار ف ۔ جان قربان کرنے والا +
جان نواز ف ۔ جان کی نوازش کرنیوالا ۔ معشوق
جانور ۔ حیوان ۔ جاندار +
جانان ف ۔ جان کا مزید علیہ +
جانہ ۔ رسول مقبول کے انصار میں سے
ایک شخص کا نام ہے +
جانی ف ۔ منسوب بہ جان ۔ پیارا ۔ دلبر +
جانی ف ۔ گنہگار ۔ تقصیر دار ۔ مجرم ۔ یا قوم جنات
کا اسم فاعل ہے یا منسوب بہ جان ۔ جو پریوں
کا باوا آدم ہے +

جاودان جاویدان جاویدانہ جاودانہ	ف ہمیشہ ۔ سدا +

جاودانی ف ۔ ہمیشگی +
جاورس معرب ہے گاورس کا ۔ ایک قسم کا
غلہ جیسے چینا یا کنگنی کہتے ہیں +
جاور گردن ف ۔ بدل دینا ۔ تغیر کرنا +

جاوہ ف ۔ مجمع الجزائر ہند میں سماٹرا کے
جاوا جنوب مشرق کو ایک مشہور جزیرہ
ہے ۔ جو ولندیزوں یعنی ڈچ کے ماتحت ہے
ایک چھوٹا سا کاٹنے والا جانور بھی ہے +
جاوید ف ۔ ہمیشہ ۔ اور دائم +
جاوید
جاوید نام ف ۔ وہ شخص جس کا نام ہمیشہ
باقی ہے +
جاہ ف ۔ رتبہ ۔ مرتبہ ۔ عزت +
جاہل ع ۔ ان پڑھ ۔ نادان ۔ بے علم +
جاہلیت ع ۔ وہ زمانہ جو مسلمانوں سے پہلے تھا
جب لوگ بت پرستی کرتے تھے ۔ نیز جاہل ہونا +
جاہلی کا رنگ شخص جس کا کام جہالت اور حماقت ہو +
جائے ف ۔ مقام ۔ جگہ +
جائے باش ف ۔ منزل ۔ گھر ۔ رہنے
سہنے کی جگہ +
جائے برکسے تنگ بودن ف ۔ اسکا
عاجز اور ناچار ہونا ۔ مضطرب ہونا +
جائے خود بہ کسے سپردن ف ۔ کسی
کو اپنا قائم مقام بنانا +
جائداد ف ۔ اسباب اور مال +
جائے در دیدہ کسے کردن ف ۔ کسی
کے دل میں گھر کر لینا ۔ اسکا مرغوب طبع ہونا
جائز ع ۔ روا ۔ ٹھیک ۔ وہ شخص جو راہ
حق کو چھوڑ کر زندہ یا ظلم پر چلے +
جائے رفتنی ف ۔ دنیا سے مراد +
جائز ع ۔ درست ۔ مطابق شرع ۔ روا +
جائزہ ع ۔ انعام ۔ صلہ ۔ جنگ کا ۔ اور
لشکر اور علامت حساب وغیرہ کی جانچ +
جائے ضرورت ف ۔ طہارت خانہ ۔ پاخانہ
جائے گیر ف ۔ بیٹھ کا ۔ گرسنہ +

جائے عزیزیں ف ۔ مقام بزرگ ۔ خانہ خدا
مسجد سے مراد ہے +
جایگاہ ف ۔ مقام ۔ جگہ +
جایگہ
جائے کسے گرفتن ف ۔ اسکے قائم مقام ہونا
جائی ف ۔ جائی جوہی کا پھول جو ہندوستان
میں بکثرت ہوتا ہے +

باب جیم تازی مع بای موحدہ

جُب ع ۔ کنواں ۔ چاہ +
جباب ۔ باج ۔ خراج ۔ نواحی کیلئے اپنا پیالہ
دوسرے کو دینا +
جباء ع ۔ اول چھپنا ۔ بزدلی ۔ ہٹ کر کھڑا
ہونا اور تصرانا کو تجربے ۔ اور گرد کی مٹی اور کیچڑ
اول وقت پیدا یعنی جنے بد دلی اور بچپن
اونٹوں کے لئے اکٹھا کیا ہوا پانی +
جبایات ع ۔ خراج جمع کرنے والا جابی کی جمع +
جبار ع ۔ جبر کرنے والا ۔ ظالم زبردست
بزرگ دوسرے معنے کے لحاظ سے خدا تعالے
کا بھی نام ہے +
جباکردن ع ف ۔ حریف کو تواضع کے طور پر
اپنا پیالہ دینا +
جبال ع ۔ جمع جبل کی ۔ بہت سے پہاڑ
جبال راسیات ع ۔ اونچے اور مضبوط پہاڑ
جبان ع ۔ بزدل ۔ بد دل ۔ نامرد ۔ ضد شجاع کی
جبانہ ۔ صحرا ۔ جنگل +
جباہ ع ۔ جمع جبہہ کی ۔ ماتھے ۔ پیشانیاں
جبایت ع ۔ خراج کا اکٹھا کرنا +
جبائر ع ۔ جمع جبیرہ کی ۔ چپٹیاں ۔ چھوٹی سی چپٹیاں
جو ٹوٹے ہوئے عضو پر باندھی جاتی ہیں +
جبر ع ۔ پٹی باندھنا ۔ کسی کا حال اچھا کر دینا

ٹوٹی ہوئی شے کو جوڑنا ۔ اصلاح کرنا ۔ زبردستی
ظلم +
جبر اً ع ۔ مجبور کر کے ۔ از روئے بے اختیاری کے
جبروت ع ۔ عظمت ۔ بزرگی ۔ تکبر ۔ اصطلاح
میں یکرنگی در جلال خدا کا ۔ اور وحدت +
جبر و مقابلہ ع ۔ جبر کے معنے ہیں پورا کرنا مقابلہ
کے معنے ہیں کم کرنا اور ساقط کرنا ۔ اصطلاح
میں وہ علم جس میں مقداروں کی بحث کا طور پر حروف
اور علامات معینہ کے ذریعے سے ہوتی ہے +
جبرئیل ع ۔ ایک مشہور فرشتہ کا نام ہے جو نبیوں
کو وحی پہنچایا کرتے ہیں ۔ اسکا لفظی ترجمہ ہے
خدا میں خوبی یا خدا کا پہلوان +
جبریہ ع ۔ ایک اسلامی فرقہ ہے جسکا یہ اعتقاد
ہے کہ بندہ کو اعمال و افعال میں کچھ بھی اختیار
نہیں ہے بھلا برا جو کام کرے ایسا کرنے پر مجبور ہے +
جبل ع ۔ پہاڑ ۔ کوہ +
جبل الرحمت ع ۔ عرفات میں ایک پہاڑ ہے +
جبلت ع ۔ پیدائش ۔ خلقت ۔ طبیعت
سرشت ۔ نیچر +
جبلہ ع ۔ کوہان ۔ شتر +
جبلی ع ۔ طبعی ۔ ذاتی +
جبلی ع ۔ پہاڑی ۔ پہاڑ +
جبن ع ۔ پنیر ۔ سفید جو دودھ کو پھاڑ کر نکالتے
ہیں نامردی ۔ بزدلی ۔ لڑائی سے ڈرنا +
جبہ ع ۔ پیراہن ۔ کرتہ کی صورت کا ایک لباس
قسم کا صوفیوں کا لباس +
جبۂ خورشید و ماہ ف ۔ دن اور رات سے
مراد ہے +
جبۂ درویش ف ۔ سردی کے دنوں کا آفتاب
بادل ۔ رات سے بھی کہتے ہیں +
جبۂ ہزار میخی ف ۔ آٹھواں آسمان ۔ رات

سے بھی کنایہ ہے ۔
جبہہ ۔ پیشانی ۔ ماتھا ۔
جبہہ سائے ف ۔ سجدہ کرنے والا ۔
جبین ۔ پیشانی ۔ ماتھا ۔
جبین گرفتہ ف ۔ تیوری چڑھا ہوا ۔ ترش رو ۔

باب جیم تازی مع تائے فوقانی

جبت ۔ مف ۔ مفرس جبت یا بات کا ۔

باب جیم تازی مع ثائے مثلثہ

جثث ۔ جڑ سے اکھیڑنا ۔
جثمان ۔ جثہ } بدن ۔ تن ۔ جسم ۔ لوتھ ۔

باب جیم تازی مع حائے حطی

جحد ۔ جحد ۔ جحود } جان بوجھ کر نہ ماننا ۔ دیدہ و دانستہ انکار کر دینا ۔
جحش ۔ گھوڑے اور گدھے کا بچہ ۔ رسول کے ایک صحابی کا بھی نام ہے ۔
جحمرش ۔ بڑھیا عورت ۔
جحی ۔ ایک مسخرے کا نام ہے ۔
جحیم ۔ دوزخ ۔

باب جیم تازی مع دال مہملہ

جد ۔ دادا ۔ نانا ۔ باپ کا باپ ۔ ماں کا باپ ۔ بخت ۔ نصیب ۔ بزرگی ۔ تونگری ۔
جد ۔ کوشش ۔ سعی ۔
جد امکان ۔ سعی کے اندازے کوشش کرنا ۔
جدات ۔ الگ ۔ علیحدہ ۔
جدار ۔ دیوار ۔ بیت ۔ دیوال ۔

جداگانہ ف ۔ الگ الگ ۔ منفرد ۔
جدال ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔
جداول ۔ جمع جدول کی ۔
جدائی ف ۔ دوری ۔ جدا ہونا ۔ تفرقہ ۔
جدت ۔ تازہ پن ۔ تازگی ۔
جدر ۔ دیوار ۔ اور بضمتین جمع ہے جدار کی دیواریں ۔ اور بفتحتین چیچک کا نشان منہ کا داغ ۔
جدری ۔ چیچک ۔ سیتلا ۔
جدل ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔
جدوار ۔ نربسی جو ایک دوا کا نام ہے ۔
جدول ۔ نہر ۔ پانی کی کھال ۔ مجازاً کسی ورق کے گرد کی سرخ لکیریں ۔
جدول التقویم ۔ جدول مسطر } مسطر اور تقویم کی لکیریں ۔
جدول کش ف ۔ لکیریں کھینچنے والا ۔ مسطر ۔
جدہ ۔ دادی ۔ باپ کی یا ماں کی ماں ۔ عرب میں بحیرہ قلزم کے کنارے پر ایک شہر ہے جہاں ہندوستانی حاجی جہاز سے اترتے اور واپسی کے وقت چڑھتے ہیں ۔
جدی ۔ بکرا ۔ برج دہم ۔ اور نام ایک ستارے کا جو قطب شمالی کے پاس ہے ۔ زمین کا ایک فرضی مقرر دائرہ جو خط استوا کے متوازی ۲۳½ درجہ کے فاصلہ پر جنوب کی طرف واقع ہے ۔ خط جدی کہلاتا ہے ۔
جدی ۔ دادا ۔ دادے والا ۔ جیسے جدی میراث ۔
جدید ۔ تازہ ۔ نیا ۔ نو ۔ اور علم عروض کی ایک بحر کا بھی نام ہے ۔
جدیدان ۔ رات اور دن سے مراد ہے ۔
جدیر ۔ لائق ۔ موافق ۔ سزاوار ۔

باب جیم تازی مع ذال معجمہ

جذام ۔ کوڑھ ۔ خون کے بگڑنے کی بیماری جس سے بدن گل جاتا ہے ۔
جذب ۔ کھینچنا ۔ کشش کرنا ۔
جذبہ ۔ انجذاب ۔ کھینچاؤ ۔ دل کا جوش ۔ کشش قلبی ۔
جذر ۔ اصل ۔ بیخ ۔ جڑ اور جڑ سے اکھیڑنا ۔ اور علم حساب میں جذر کسی عدد کا وہ عدد ہوتا ہے کہ اگر اس کو اس کے برابر میں ضرب دیا جائے تو اصل عدد جس کا یہ جذر ہے حاصل ہو جائے ۔
جذع ۔ درخت کا تنہ ۔ اور جذع بچہ یا گھوڑا تین برس کا ۔ اور بکری دو برس کی اور اونٹ پانچ برس کا ۔
جذلان ف ۔ خوش ۔ شادماں ۔
جذم ۔ ہر چیز کی بیخ اور اصل عمارت ۔
جذوع ۔ شاخیں ۔ جمع جذع کی ۔
جذوہ ۔ آگ کی چنگاری ۔

باب جیم تازی مع رائے مہملہ

جر ۔ کشش ۔ کھینچنا ۔ پہاڑ کی بنیاد کنارہ ۔ اور زیر جو ایک حرکت ہے ۔ اور جمع ہے جرہ کی جیسے سبو ۔ گھڑے کے ہیں ۔
جراب ۔ [illegible] ۔ تھیلا ۔
جرأت ۔ دلاوری ۔ دلیری ۔ جوانمردی ۔
جراح ۔ زخم کرنے والا ۔ جو علاج کرنے والا ۔ جراحی ۔
جراحت ۔ زخم ۔ گھاؤ ۔
جراد ۔ مع ۔ ٹڈی ۔ پنجابی ٹکڑی ۔
جرار ۔ بہت کھینچنے والا اور بہت بڑا لشکر ۔
جرارہ ۔ بھاری لشکر ۔ اور ایک قسم کا بچھو ۔
جراز ۔ تلوار ۔ تیز شمشیر ۔
جرائد ۔ جمع جریدہ کی ۔ دفتر ۔

جرائم ۔ جمع جریمہ کی ۔ گناہ ۔ بہت سی تقصیریں ۔ خطائیں ۔
جرب ۔ کھجلی ۔ خارش ۔ پنجابی کھرک ۔
جر ثقیل ۔ نام ایک علم کا ہے جس میں حرکات اور حرکت دینے والی قوتوں سے بحث ہوتی ہے ۔ اس علم کی طفیل سے انسان بڑے بڑے مشکل کاموں کو جن میں بعض انسان کے چیرہ دستوں سے بھی باہر ہوں ۔ بہت آسانی کے ساتھ کر سکتا ہے ۔
جرجان ۔ معرب گرگان کا ہے ۔ جو استرآباد میں ایک شہر ہے ۔
جرجیس ۔ جرجیس ۔ ایک پیغمبر کا نام ۔
جرح ۔ زخم ۔ گھاؤ ۔
جردہ ف ۔ وہ گھوڑا جو عربی گھوڑے اور غیر عربی گھوڑی سے پیدا ہو ۔ جس کو پنجابی میں کہتے ہیں ۔
جرز ۔ [illegible]
جرس ۔ [illegible] فارسی میں آواز کی مناسبت سے گھنٹہ اور گھڑیال میں استعمال کرنے لگے ۔
جرس بر محمل بستن ف ۔ سفر کی تیاری کرنا ۔ سفر کو تیار ہونا ۔
جرس در گلو بستن ف ۔ اونچی آواز سے [illegible]
جرسہائے زرین ف ۔ ستاروں سے مراد ہے ۔
جرعہ ۔ گھونٹ ۔ ایک بار کا پینا ۔
جرعہ دان ف ۔ ایک برتن ہے جس میں شراب کا جرعہ ڈالا جاتا ہے ۔
جرعہ ریز ف ۔ ایک ٹوٹی دار برتن ہے جس سے بچوں کو شربت پلاتے ہیں ۔ اور علم میں اس سے [illegible] ہیں ۔
جرگ ف ۔ انگاڑا ۔ کشتی کا میدان ۔
جرگہ ف ۔ گروہ ۔ [illegible]

قطار۔ حلقہ۔ شکار جو کئی آدمی اکٹھے گھیرا ڈال کر کھیلتے ہیں ۔

جِرم ع ۔ جسم ۔ جثہ ۔ تن ۔ اکثر اطلاق اس لفظ کا فلکیات اور جمادات پر ہوتا ہے ۔

جُرم ع ۔ گناہ ۔ قصور ۔ خطا ۔

جرم ع ۔ چارہ ۔ گریز ۔

جرم ف ۔ ایران میں ایک مقام کا نام ہے ۔

جُرمانہ ف ۔ جرم کے عوض جو روپیہ وغیرہ لیا جاتا ہے ۔ تاوان ۔

جرمنافع ع ۔ کھینچنا نفعوں کا ۔ حاصل کرنا فائدوں کا ۔

جُرنغار ت ۔ وہ فوج جو بروقت لڑائی کی بادشاہ کے بائیں ہاتھ ہوتی ہے برنغار دائیں ہاتھ کی فوج کو کہتے ہیں ۔

جرنگیدن ف ۔ تلوار شمشیر تفنگ وغیرہ کا کام میں لاتے وقت آواز کرنا ۔

جرّہ ف ۔ دلیر ۔ شجاع ۔ سواری کا گھوڑا ۔ باز کا نر باز جو شکار کرتا ہے مادہ وہ قلی ہے اسکے نر کو جرہ کہتے ہیں اور مادہ کو مطلق باز کہتے ہیں ۔

جُرّہ ع ۔ جگالی ۔ جانور بعض چارپایوں مثلاً بکری ۔ گائے ۔ بھینس ۔ ہرن کا چارہ جو معدہ سے نکال نکال کر منہ میں باریک کر کے پھر کھانا ۔

جرہ باز ۔ باز کا نر مضبوط اور قوی باز ۔

جریہ ع ۔ وظیفہ ۔ راتب ۔

جری ع ۔ دلیر ۔ دل چلا آدمی ۔

جریان ع ۔ پانی کا رواں ہونا ۔ فارسی میں اکثر ساکن پڑھتے ہیں ۔

جریب ع ۔ معرب گری کا ۔ زمین کی پیمائش کا ایک پیمانہ ہے جسکے کئی اقسام آئے ہیں انہیں اکثر سب کی جریب ۶۰ گز کی اور ہندوستانی وہ گز کی ہوتی ہے ۔

جریح ع ۔ زخمی ۔ گھائل ۔ مجروح ۔

جریدہ ع ۔ قاصد ۔ جاسوس ۔ نامہ بر ۔

جریدہ ع ۔ تنہا ۔ اور درخت کی شاخ ۔ لکھنے والوں کا دفتر ۔

جریدہ رو ف ۔ تنہا چلنے والا ۔

جریدہ کردن ف ۔ لکھنا دفتر میں چڑھا لینا ۔

جریرہ ع ۔ عرب کے مشہور شاعر کا نام ہے ۔

جریرہ ف ۔ پیران ویسہ کی بیٹی جو سیاوش کی عورت تھی ۔

جریش ع ۔ دلیا ۔ ماخور ۔

جریم ع ۔ گناہگار ۔ مجرم ۔ جرمانہ ۔

جریمانہ ف ۔ جرمانہ ۔

جریمہ ع ۔ قصور ۔ جرم ۔ تاوان ۔

باب جیم تازی مع زائے معجمہ

جزر ع ۔ بفتح اول جزیرہ خواہ دریا کے کنارے کے پاس ہو خواہ درمیان ۔ اور بضم اول سوائے ۔ بغیر ۔ بدون ۔

جزاء ع ۔ بدلا ۔ عوض ۔

جزالت ع ۔ مضبوطی ۔ خوبی ۔ بزرگی ۔

[illegible]

جزائر ع ۔ جمع جزیرہ کی ۔ ایک قسم کی بندوق ۔

جزائل ع ۔ جمع جزیل کی ۔ محکم اور بہت ۔

جزدیدہ ف ۔ بے لعبسا نہ عمادت نابینا ۔

جزر ع ۔ جو اُبھار سمندر میں ہوتا ہے ۔ یعنی گھٹ جانا پانی کا ۔

جزرسپ ۔ جو مشہور شکاری ہے اصل اس کی گزر ہے ۔

جزر و مد ع ۔ گھٹاؤ اور چڑھاؤ پانی جو سمندر میں ہر مہینے چاند کے ہوتا ہے ۔ جوار بھاٹا ۔

جزع ع ۔ بے صبری ۔ ناشکیبائی ۔

جزع ع ۔ مہرہ یمانی جو سیاہ اور سفید ہوتا ہے ۔ مجازاً آنکھ ۔

جزل ع ۔ سوکھی اور موٹی لکڑی کا ... اور پکی بات درست رائے آدمی کبوتر کا آواز ۔

جزم ع ۔ ٹوٹنا ۔ کسی حرف کو ساکن کرنا ۔ سکون ۔ عزم بالجزم ۔ پکا ارادہ جس سے باز آنے کی نیت نہ ہو ۔

جزو ع ۔ ٹکڑا ۔ پارہ ۔ حصہ ۔ بعض ۔

جزو بدن
جزو تن } ف ۔ بدن کو لازم منفک نہ ہو ۔

جزورسی ف ۔ کفایت اندیشی ۔ بخل ۔

جزو لایتجزی ع ۔ کسی شے کا جزو اصغر (جو نہایت ہی باریکی اور خردی کے باعث) پھر قابل انقسام نہ ہو متکلمین کے نزدیک ہر شے کا ضرور کوئی نہ کوئی ایسا جزو اصغر ہے جس سے وہ مرکب ہوا ہو پیوستہ ۔ جو تجزیہ قابلیت رکھتا ہو ۔ مرکب کے لیکن حکما اس کے قائل نہیں وہ وجوہات اور دلائل اسکے خلاف ثابت کرتے ہیں ۔

جزوی ع ۔ تھوڑا ۔ منسوب بہ جزو ۔

جزویات ع ۔ افراد جو مقابلہ کلیات کے ہوں ۔

جزیرہ ع ۔ وہ قطعہ خشکی کا جو چاروں طرف پانی سے گھرا ہو ۔ ٹاپو ۔

جزیل ع ۔ بڑی اور عظیم ۔ بہت اور بسیار ۔

جزیلہ ع ۔ محکم ۔ بسیار ۔

جزیہ ع ۔ تاوان ۔ ٹیکس ۔ محصول جو غیر مذہب والوں پر لگایا جاوے ۔ جزیٰ اسکی جمع ہے ۔

باب جیم تازی مع سین مہملہ

جساد ف ۔ زعفران ۔

جسارت ع ۔ دلیری ۔ مردانگی ۔ تجاوز اور گذرنا ۔

جسامت ع ۔ جسیم ہونا کسی جسم کا حجم ۔

جستجو ف ۔ تلاش ۔ ڈھونڈنا ۔

جَستن ف ۔ کودنا ۔

جُستن ف ۔ ڈھونڈنا ۔ تلاش کرنا ۔

جستہ رگ ف ۔ جڑوار ۔

جسد ع ۔ تن ۔ بدن ۔ جثہ ۔

جسدی ع ۔ منسوب بہ جسد ۔ جسمی ۔

جسر ع ۔ پل جو نہروں ۔ دریاؤں پر سڑک کے گذرنے کی جگہ ہوتا ہے ۔ یہ لفظ جسارت ہی سے نکلا ہے جس کے معنے تجاوز اور گذرنا کے ہیں ۔

جسک ف ۔ درد ۔ رنج ۔ بلا ۔

جسم ع ۔ بدن ۔ ہر وہ شے جو طول عرض عمق رکھتی ہو ۔

جسمانی ع ۔ جسم کا ۔ جسم والا ۔

جسم تعلیمی ع ۔ وہ جسم جو الجبرا و اقلیدس طول عرض عمق رکھتا ہو ۔

جسمی ع ۔ جسم کا فارسی میں کو ... کہتے ہیں ۔

جسیم ع ۔ بڑا ۔ موٹا ۔

باب جیم تازی مع شین معجمہ

جَش ع ۔ کوٹنا ۔ توڑنا ۔

جشاء ع ۔ ڈکار ۔ آروغ ۔

جشن ع ۔ خوشی کی مجلس ۔ اور خوشی ۔ عیش ۔ جو مراقبی عید کا دن ۔

جشن سدہ ف ۔ سدہ کے جشن جس میں آگ کی ... جشن سدہ ... جس میں بہت سی آگ جلائی جاتی ہے وہ ایک جشن جو ماہ بہمن کی دسویں تاریخ کو بڑا آتشبازی کرتے ہیں ۔ ہوشنگ نے بنایا تھا ایک ... رفیع ہیں ۔

سمیت ایک پہاڑ کی طرف روانہ ہوا۔ دیکھی
زرد رنگ لمبا کالا بھجنگ سانپ اسکے نظر پڑا چونکہ
اس سے پہلے کبھی اسنے سانپ نہیں دیکھا تھا
اسواسطے نہایت متعجب اور حیران ہوکر کہنے لگا
کہ سب کے سب جانور ہماری اطاعت میں ہیں
لیکن یہ ہمارا دشمن ہے بجز ہمارے ہوتے
جانے کے گردن نہیں جھکاتا۔ اور جلد اٹھا
سے منحرف ہو رہا ہے۔ یہ کہکر اسکے ہلاک کرنے
کو آگے بڑھا اور ایک سخت پتھر اٹھا کر اس کی
جانب پھینکا اتفاق سے سانپ تو اس سے
راستہ سے بچ نکلا لیکن وہ پتھر ایک اور سخت
پتھر پر جا لگا۔ اور اسکو چور چور کردیا۔
(ٹکڑے) جو شرارے نکلے تو انہوں نے پاس
اور گرد کے سب خس وخاشاک کو آگ لگا دی
اور اس سے وہ سانپ بھی جل گیا ہوشنگ
یہ کیفیت دیکھ کر نہایت خوش ہوا۔ اور
خدا کی درگاہ میں کئی دفعہ سجدہ شکر بجا لایا
اور آگ کا ظہور چونکہ اس سے پہلے کبھی
نہیں ہوا تھا۔ اس واسطے اسے اپنے
دشمن کی ہلاکت کا باعث اور خدا کا نور
خیال کر کے اسکی پرستش شروع کردی اسی
دن سے جشن سدہ کی بنیاد پڑی +

جشنِ مریم ف- حضرت مریم علیہ السلام کے اس جام اور شراب سے مراد ہے جو درخت کی شہنی ہلانے سے حاصل ہوتا تھا +

جشنِ نیلوفر ف- خرداد مہینے کی ساتویں تاریخ کا جشن +

جشیر جشیرہ ف- جولاہا - بافندہ +

باب جیم تازی مع صاد مہملہ

جصّ ع- گچ کا ہے۔ عمارت کا چونہ +

باب جیم تازی مع عین مہملہ

جعبہ ع- ترکش- تیردان +

جعد ع- گھونگر والے بال مڑے ہوئے بال +

جعدِ انگشت ف- بخیل اور خسیس مراد ہے +

جعدِ پرچم ف- سیاہ ریشم کا پھندنا جو جھنڈے کی نوک پر بندھا ہوا ہوتا ہے - موئے سر علم +

جعدِ شتر ف- آدمی کے بدن پر بالوں کا بہت ہونا +

جعدِ قلم ف- جو سیاہی قلم کے شگاف وغیرہ کے ساتھ لگی ہو - اچھے اور بیل منحنی - مخفی خط +

جعدہ ع- زلف - اور جعدہ باجو مشہور درندہ ہے +

جعفر ع- ندی- پانی کا نالہ اور ایک شخص کا نام بھی ہے +

جعفر برمکی ع- ہارون رشید کے وزیر کا نام ہے +

جعفر طیارؓ - جناب رسول خدا کے چچیرے بھائی کا نام ہے +

جعفری ع- ایک قسم کا پھول ہے زرد رنگ کا اور مجازاً مطلق زرد رنگ +

جعل ع- کالا سا گوبر کا کیڑا جو خوشبو پہنچنے سے مرجاتا ہے۔ گوبریلا +

جعل ع- کرنا- بنانا- بناوٹ +

جعلی ع- بناوٹی جو اصلی نہ ہو- بنایا ہوا +

باب جیم تازی مع غین معجمہ

جغجغ ف- جھا- پنجابی میں چھاج کہتے ہیں +

جغغ ف- وہ آلہ جس کے ذریعے دہی سے مکھن الگ کرتے ہیں۔ پنجابی- مدھانی +

جغال ف- پرندوں کی فوج - ستارہ سیدہ میمہ +

جُغد ف- الو جو مشہور منحوس جانور ہے - قلعہ اور حصار کا کنگرہ +

جغرات ف- دہی +

جغرافیہ ع- مرکب ہے - دو لفظوں یونانی (جی اور گرافی) سے - جی کے معنے زمین اور گرافی کے معنے بیان - جغرافیہ وہ علم جس کے پڑھنے سے دنیا کی موجودات قدرتی و مصنوعی کا حال دریافت ہوتا ہے - جغرافیہ طبعی - ریاضی - ملکی - وغیرہ اس کے اقسام ہیں - جن کی تفصیل جغرافیہ کی کتابوں سے دیکھنی چاہئے +

باب جیم تازی مع فا

جف ع- پژمردہ - خوار +

جفا ف- ظلم - ستم - جور - زیادتی +

جفا پیشہ - جفا جو - جفا گستر - ظالم - ستمگار +

جفا زدہ ف- مظلوم +

جفاف ع- خشک ہونا +

جفت ف- جوڑا - دونا - جڑواں - چھت - سقف +

جفت ف- جوڑا - طاق کی ضد +

جفتِ ران ف- ہل چلانے والا +

جفت شدن ف- جماع کرنا +

جفتِ فلک ف- آفتاب اور ماہتاب سے مراد ہے +

جفتک ف- چکوا - چکوی +

جفت کردن نظر ف- نہایت غور سے دیکھنا +

جفت گاؤ ف- بیل جو زراعت کے کام میں لگایا جاتا ہے +

جُفت معقوس ف- طاق ایوان و عمارت +

جُفتن ف- جستن +

جُفتہ ف- سرین - چوتڑ - اونٹ گھوڑے کا لات مارنا - جسے پنجابی میں چھڑ کہتے ہیں +

جُفتہ زدن ف- اعلام کرنا +

جُفتہ طاق ف- دو ابرو +

جُفتی ف- جفت ہونا - جماع کرنا +

جُفتیدن ف- جفتی کرنا - نر کا مادہ پر چڑھنا +

جُفتی زدن ف- حیوانوں کا جفت ہونا - جماع - و مباشرت +

جُفتی کردن ف- جماع کرنا مباشرت +

جفر ع- ایک علم کا نام ہے جس کے جاننے سے غیب کی باتوں پر اطلاع ہوسکتی ہے - چار ماہہ بکری کا بچہ +

جفری ع- جفر دان +

جفن ع- پلک - آنکھ کی پلک - تلوار کا میان +

جفیر ع- ترکش +

باب جیم تازی مع قاف

جق جق شور و غوغا۔ بنئے معنی ناحق کا شور و غل۔

باب جیم تازی مع کاف عربی و فارسی

جگر ف کلیجہ۔ جگر۔ مجازاً۔ حوصلہ۔ ہمت۔ استطاعت۔ تاب۔ طاقت۔

جگر ف۔ مجھ کو۔ تیز آندھی۔ جگر کے معنی بھی ہو سکتا ہے۔

جگر باختن ف۔ ڈرپوک ہونا۔ غم کھانا۔

جگر بند ف۔ مجموعہ جگر اور پھیپھڑے اور دل کا۔ مجازاً فرزند۔ اور ہر عزیز اور لاڈلا۔

جگر بند پیش زاغ نہادن ف محنت اور مصیبت اختیار کرنا۔

جگر تاب۔ جگر جوش ف جگر جلانے والا۔ جگر میں نمک چھڑکنے والا۔

جگر خوارہ ف۔ ساحروں کی ایک جماعت ہے۔ رنج اور مصیبت اٹھانے والا آدمی۔ جس شخص کو بہت غم و اندوہ لگا رہے۔

جگر داشتن ف حوصلہ رکھنا۔ تاب و طاقت میں رہنا۔

جگر سوختن بر کسے ف رحم کھانا ترس کھانا۔

جگر گوشہ به خوردن ف غم کرنا۔ نفیس شے کا ہاتھ سے جانے رہنا۔

جگر گوشہ ف۔ فرزند عزیز سے مراد ہے۔

جگر خون کردن ف۔ کسی کام کے لئے سخت محنت اٹھانی۔

باب جیم تازی مع لام

جلّ ع۔ بزرگ ہوا۔ ماضی کا صیغہ ہے۔

جل ف۔ نام ایک خوش آواز پرند کا ہے۔ ہندی میں پانی کو کہتے ہیں۔

جُل ع۔ گھوڑے یا گدھی کی جھول۔ فارسی میں بتخفیف لام استعمال کرتے ہیں۔ اور معرب جُل ہے۔

جلاء ع روشن کرنا۔ صاف کرنا۔ زنگ اتار کر جلا کرنا۔

جلاء ع گھر سے نکال دینا۔ دیس سے پردیس نکال دینا دیس چھوڑ دینا۔

جلّاب ع۔ کھینچنے والا۔ ایک چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانے والا۔ مجازاً مشہور کرنے والا شہرت دینے والا۔

جُل آب ف۔ وہ سبزی جو کثرت پانی پر آ جاتی ہے۔ پنجابی لوہ۔

جُلاب ع۔ معرب گلاب کا ہے اور ایک قسم کا شربت جو قند اور گلاب کو جوش دینے سے بنایا جاتا ہے۔

جُلاب ف۔ ایک کامل شاعر کا نام ہے جس کا مسکن بخارا تھا۔

جلاجل ع۔ جمع ہے جلجل کی۔ ٹالیں جو چمڑے میں سی کر اونٹوں گھوڑوں اور بیلوں کے گلے میں ڈالتے ہیں۔ جھانجہ یا تال جو دونوں ہاتھوں میں ایک ایک لے کر بجاتے ہیں۔ مطلق۔ دف۔ دائرہ۔ اور نام ایک خوش آواز جانور کا بھی ہے۔

جلّاد ع۔ درّہ مارنے والا۔ پوست کھینچنے والا۔ اور تلوار مارنے والا۔ بادشاہ کے حکم سے خونیوں کو قتل کرنے والا۔ ملازم۔

جلادت ع۔ چستی۔ چالاکی جوانمردی۔

جُلافت ع۔ کمینہ پن۔ جہل۔ نادانی۔ حماقت۔

جلال ع۔ بزرگی۔ عظمت۔

جلالت ع۔ بزرگ ہونا۔ بزرگی۔

جلالی ع۔ جلال الدین اکبر بادشاہ سے منسوب ہے۔ ایران کے مشہور بادشاہ جلال الدین سے بھی منسوب ہے۔ سید جلال بخاری کے ساتھ منسوب ہو کر ایک صوفیہ کا گمراہ فرقہ بھی ہے۔

جلاوت ع۔ روشنی۔ جلا۔ صفائی۔

جلاوطن ع۔ جو ایس سے نکال دینا۔

جلائر ت قبیلہ۔ گروہ۔ اور قوم ازبک کا ایک قبیلہ ہے۔ مغلوں کی ایک قوم کا بھی نام ہے۔

جلائل ع۔ بڑی بڑی چیزیں۔ عظیم الشان جمع جلیلہ کی۔

جلب ع۔ کھینچنا۔ حاصل کرنا۔

جلب ع۔ بیع۔ سودا۔ سود۔ نفع وہ مال جو ایک جگہ سے دوسری جگہ فروخت کے لئے لیجائیں۔

جلب ف زن فاحشہ۔ شور و غوغا۔

جلباب ع۔ چادر۔ اوڑھنی۔

جلبان ف۔ سبز ماش۔

جلّ جلالہٗ ع۔ بڑی ہے بزرگی و عظمت اسکی۔

جُلجُلان ف کشنیز۔ و تلیاں۔

جلد ع۔ کوشاں۔ زبردست۔ تازہ۔ بلند ہمت و چالاک۔ تیز و شتاب۔

جِلد ع۔ چمڑا۔ حیوان کا پوست۔

جِلدگر ف کتاب کی جلد بنانے والا۔ مجلدی۔

جُلدو ف سلہ انعام نیک بدلا۔

جلدی ف بشتابی۔ تیزی۔ چالاکی۔

جَلّ ذکرہٗ ع بڑی ہے یاد اس کی بزرگ ہے ذکر اس (خدا کا)۔

جُلساء ع۔ جمع جلیس کی۔ مجلس کے لوگ۔

جلسہ ع۔ محفل۔ مجلس۔ ملاقات۔ نشست۔

جلف ع ظلم کرنے والا۔ حیوان جس پر چمڑا اکھڑ گیا ہو۔ اور پیٹ چاک کر ڈالا ہو۔ ہر چیز جو اندر سے خالی ہو۔

جلف ف کمینہ۔ خود سر۔ بیوقوف۔

جلفت ۔ ع ۔ سٹاسٹنا ۔ اکھیڑنا ۔

جلق ۔ ع ۔ مشت زنی کرنا ۔ دخول سے پہلے منی گرانا ۔

جلق زدن ۔ ف ۔ مشت زنی کرنا ۔ بھبٹ بالیدہ ۔

جلقی ۔ ع ۔ مشت زن ۔

جلگ ۔ ت ۔ سرفراز ۔

جلمود ۔ ع ۔ سخت پتھر ۔

جلنار ۔ ف ۔ معرب ہے گلنار کا ۔

جلوز ۔ ع ۔ شوخ اور بے حیا آدمی ۔ کباب سیخ ۔

جلو ۔ ت ۔ گھوڑے کی باگ اور کوتل گھوڑا ۔ گھوڑے کا دوڑانا ۔

جلو انداختن ۔ ف ۔ کسی کے پیچھے گھوڑا ڈالنا ۔ گھوڑا دوڑانا ۔

جلوت ۔ ع ۔ ظاہر کرنا ۔ اپنے تئیں لوگوں کو دکھانا ۔ برخلاف خلوت کے ۔

جلود ۔ ع ۔ جمع جلد کی ۔ حیوانات کے چمڑے ۔

جلوریز ۔ ف ۔ سبک عنان ۔ ہلکی باگ گھوڑا دوڑاتے ہوئے ۔

جلوس ۔ ع ۔ بیٹھنا ۔ مجازاً تخت سلطنت پر بیٹھنا ۔ کچہری کرنے کو بیٹھنا ۔

جلوند ۔ ف ۔ چراغ ۔

جلوہ ۔ ع ۔ اپنے تئیں ایک طرز خاص سے لوگوں کو دکھانا ۔ ظاہر کرنا ۔ مجازاً خرام معشوق ۔

جلوہ ریز ۔ ف ۔ کنایہ معشوقہ چنچل خود پر گرمیدہ چلتا ہو ۔

جلی ۔ ع ۔ روشن ۔ ظاہر ۔ آشکار ۔

جلید ۔ ع ۔ برف ۔ اولا ۔

جلیس ۔ ع ۔ ہمنشین ۔

جلیل ۔ ع ۔ بزرگ ۔ بڑا ۔

جلیل ۔ ت ۔ پردہ ۔ چادر ۔ گھوڑے کی جھول ۔

باب جیم تازی مع میم

جم ۔ ع ۔ تمام ۔ بہت ۔

جم ۔ ف ۔ بڑا بادشاہ ۔ جب یہ لفظ نگین اور وحش وطیر اور دیو پری کے ساتھ ہو ۔ تو حضرت سلیمان علیہ السلام سے مراد ہوتی ہے ۔ اور جب جام اور پیالہ کے ساتھ مذکور ہو ۔ تو شاہ جمشید سے اور جب آئینہ اور سد کے ساتھ ہو تو شاہ اسکندر سے ۔ اور معنے منزہ پاکیزہ بھی آیا ہے ۔

جماد ۔ ع ۔ جو چیز حیوانات اور نباتات سے ہو ۔ یعنے بیجان چیز ۔ جیسے پتھر مٹی معدن وغیرہ و وہ زمین جس پر بارش کا پانی نہ پہنچے ۔

جمادات ۔ ع ۔ جمع جماد کی ۔ وہ چیزیں جو جاندار نہ ہوں لیکن اکثر اطلاق اس لفظ کا پتھر و معدنی اشیا پر آتا ہے ۔

جمادی ۔ ع ۔ بیجان شے ۔ پتھر کی ۔

جمادی الاولے ۔ ع ۔ مسلمانوں کا پانچواں قمری مہینہ ۔

جمادی الاخرا ۔ ع ۔ مسلمانوں کا چھٹا قمری مہینہ ۔

جمار ۔ ع ۔ حاجیوں کے سنگریزے اور اس سے حاجیوں کا ادائے مناسک حج میں سنگریزے پھینکنا مراد ہے ۔

جمازہ ۔ ع ۔ شتر تیز رفتار ۔ تیز چلنے والا اونٹ ۔ سانڈنی ۔ فارسی میں میم کی تخفیف سے بھی آتا ہے ۔

جماش ۔ ع ۔ شوخ ۔ دلیر ۔ مست ۔ مستی ۔ آرائش کرنے والا ۔ فریب دینے والا ۔

جماع ۔ ع ۔ جمع ہونا ۔ عورت اور مرد کی صحبت ۔ صحبت کرنا ۔

جماع الاثم ۔ ع ۔ شراب پینا ۔ شراب ۔

جماعت ۔ ع ۔ آدمیوں کا گروہ ۔ گروہ ۔

جماعدار ۔ ف ۔ جماعت کا سردار ۔ سپاہیوں کا افسر ۔ جمعدار ۔

جمال ۔ ع ۔ خوبصورتی ۔ حسن ۔ خوبی ۔

جمام ۔ ع ۔ بفتح اول گھوڑے کا ماندگی کے بعد آسودہ ہونا ۔ اور بفتح و بکسر منی جو نر کو ترک جماع سے حاصل ہو ۔ اور پہلے حرف کی تینوں حرکتوں سے ظرف و پیمانہ کا لبالب ہونا ۔

جمان ۔ ع ۔ موتی ۔ گوہر ۔

جماہیر ۔ ع ۔ جمع جمہور کی ۔ آدمیوں کے گروہ ۔

جمجمہ ۔ ع ۔ سر کی کھوپری ۔ کاسہ سر ۔

جمد ۔ ع ۔ برف ۔

جمدر ۔ ت ۔ ایک ہتھیار ہے ۔ جس کو ہندی میں کٹار کہتے ہیں ۔

جمرہ ۔ ع ۔ آگ کی چنگاری ۔ اور اسے مناسک حج میں سنگریزوں کا ڈالنا ۔ ایک مرض بھی ہے ۔

جمشید ۔ جمشید ۔ ف ۔ فارس کے ایک بادشاہ کا نام ہے ۔ شید بمعنے اس لفظ کی بھی شامل لفظ جم کے ہے ۔

جمع ۔ ع ۔ اکٹھا کرنا ۔ جماعت ۔ گروہ ۔ جمع خاطر ۔ مطمئن ۔ اور حساب کا پہلا ابتدائی قاعدہ ۔ نام ایک صنعت کا بھی ہے ۔ جس میں شاعر کئی ایک چیزوں کو ایک وصف میں جمع کرتا ہے ۔ جیسے فقرہ گنج و خول راحت وال ۔ شہرت و مال و جاہ آفت دال ۔

جمع الجمع ۔ ع ۔ جمع کی جمع بنانا ۔ جیسے نعم کی جمع انعام اور اس کی جمع اناعیم ۔ شہود و عشق کا حق کے ساتھ قائم ہونا ۔

جمع انداز ۔ ت ۔ حکم انداز ۔ جو ہمیشہ نشانہ پر تیر لگائے ۔

جمع انگشتی ۔ ت ۔ فن تیر اندازی کے کمالات سے ہے ۔ جس میں بہت سے تیر ایک جگہ پھینکے جاتے ہیں ۔

جمعدار ۔ ت ۔ جماعت کا سردار ۔ سپاہیوں کا افسر ۔ جماعدار صحیح ہے ۔

جمعہ ۔ جمعہ ۔ ع ۔ ساتواں دن مسلمانوں کی تعطیل کا ۔ ہندی شکروار ۔

جمعیت ۔ ع ۔ جمع ہونا ۔ آدمیوں کا گروہ ۔ دلجمعی ۔ اطمینان ۔

جمعیت خاطر ۔ ع ۔ دلجمعی ۔ اطمینان ۔

جمِ غفیر ع- ہجوم تام - جماعت کثیر جم کے معنے گروہ کے ہیں - اور غفیر کے معنے ڈھانپنے والا (زمین کا) چونکہ کثرت ہجوم سے زمین چھپ جاتی ہے۔ اس واسطے جم غفیر کے معنی ہجوم عام کے ہوئے ۔

جَمَل ع- خوبی - خوبصورتی ۔

جَمَل ع- اونٹ - شتر نر ۔

جَمّال ع- ساربان - شتربان ۔

جُمَّل ع- اعداد ابجد کا حساب - خوبرو - خوش سیرت ۔

جُملگی ف- تمام - سب ۔

جُملہ ع- تمام - سب - حصّہ کلام کا کلام تام ۔

جُمُود ع- جمنا - جم جانا ۔

جُمُوع ع- جماعتیں - جمع جمع کی ہے ۔

جُمہور ع- آدمیوں کا گروہ ۔

جمیع ع- تمام - سب ۔

جمیعاً ع- سب کے سب - تمام ۔

جمیل - جمیلہ ع- خوبصورت حسین ۔

باب جیم تازی مع نون

جَن ف- طرف - جانب - سمت سواد - کنارہ ۔

جَنّ ع- دفن کرنا - سپر - ڈھال ۔

جِنّ ع- جنت - دیو - جو نظر انسانی سے پوشیدہ ہیں - عربی میں جس لفظ کا روٹ (مادہ) ج ن ہوتا ہے - اس میں ضرور معنے خفا اور پوشیدگی کے ملحوظ ہوتے ہیں - اس امر کا اس سے زیادہ بیان ابھی جنت کے لفظ کے ساتھ کرتے ہیں - جن اسم جنس صیغہ ہے

جَناب ع- درد پہلو - یہ لفظ دل - قلب اور اوّل و شخصت اور ولی یا نیابت کے معنی میں بھی آتا ہے ۔

جُناب ع- درگاہ - آستانہ گھر کا گرد اگرد جانب ۔

جَناب ع- وہ رسّی جو چوپاے کے گلے میں باندھی جاتی ہے - اور اسے پکڑ کر چوپائے کو ادھر ادھر لے جاتے ہیں ۔

جَنابت ع- ناپاکی جو بسبب صحبت مرد اور عورت کے ہو جاتی ہے حالت غسل کی اور دوری ۔

جُنابہ ف- توام لڑکے - جوڑا دو دو ۔

جُنات ع- جمع جانّ کی - گندمی لوگ ۔

جَناح ع- پر - کے بازو - ہاتھ مقدمہ لشکر - بعض ہراول لگتے ہوتا ہے ۔

جُناح ع- جرم - گناہ ۔

جَناحَین ع- صیغہ تثنیہ کا ہے - دونوں بازو - دونوں لشکر یعنی دائیں اور بائیں جانب کا ۔

جَنادِل ع- جمع جندل کی - بڑے پتھر سنگہائے بزرگ ۔

جنازہ ع- مردہ کی لاش جو دفن کرنے کو لیجاویں ۔

جِناس ع- کلام میں دو یا دو سے زیادہ تلفظ میں متشابہ اور معنے میں متغائر لفظوں کو لانا ۔

جناغ - جناق ف- بفتح اوّل خرما اور گرہ جو دو آدمی آپس میں باندھتے ہیں - مرغ کے سینے کی ہڈی - زین کے آگے کا طاق جسے پنجابی میں ہنہ کہتے ہیں - اور بضم اوّل واحد زین اسپ - رکاب کا تسمہ - زین کا زائد اسباب جو زینت کے لئے نقش کرتے ہیں ۔

جنان ع- بفتح اوّل دل اور جِنان بکسر اوّل جنت کی جمع ہے ۔

جنایات ع- تقصیریں - گناہ - جمع جنایت کی ۔

جنائب ع- جمع جنیبت کی کوتل گھوڑے جو بادشاہوں اور امیروں کی سواری کے آگے آگے چلتے ہیں - مطلق گھوڑے ۔

جَنَب ف- ایک شہر ہے جہاں کے آدمی مہمان نوازی اور خوش طبع ہیں - اور وہاں شمشیر بہت عمدہ بنتی ہے ۔

جَنْب ع- پہلو - طرف - قریب ۔

جُنُب ع- ناپاک آدمی - بے غسل آدمی ۔

جنبان ف- ہلنے والا - ہلانے والا ۔

جُنبِش ف- حرکت ہلنا ۔

جنبش آبا ف- سات سیاروں کی حرکت اور جنبش ۔

جنبش اوّل ف- قلم قضا و قدر کی لوح محفوظ پر حرکت - فلک اوّل اور سیارات کی پہلی حرکت بوقت پیدائش ۔

جنبش زنخ ف- مسخرہ پن ۔

جُنبک ف- پست کرنا - کودنا ۔

جُنبیدن ف- ہلنا - جنبش کرنا ۔

جنّت ع- وہ باغ جس کی زمین - و سبز ٹہنیوں سے ڈھکی ہوئی ہو باغ بہشت مادہ اس لفظ کا ج ن ہے - جس کے معنے زبان عرب میں پوشیدگی اور خفا کے ملحوظ ہوتے ہیں - جیسے جن جو نظر انسانی سے چھپا ہوا ہے - جنین بچہ جو ابھی پیٹ ہی میں (چھپا ہوا) ہو - جُنّہ ڈھال جو انسان کو چھپا اور بچا لیتی ہے - جنون - دیوانگی جس سے عقل انسانی پر پردہ حائل ہو جاتا ہے ۔

جنتر ہندی لفظ ہے - وہ آلہ جو ہوتا ہے بین کی طرح اور اس سے بین کی نسبت کچھ تاریں زیادہ ہوتی ہیں - آلات رصد سے ایک آلہ بھی ۔

جُند ع- لشکر - فوج ۔

جَندل ع- بڑا پتھر - فریدوں کے فرزندوں میں سے ایک شخص بھی تھا ۔

جِنس ع- جس کے نیچے کئی نوعیں

ہوں۔ اور اصطلاح علم منطق میں جنس وہ کلی ہے جس کا اطلاق امور مختلف الحقائق پر ہو جیسے حیوان کہ انسان گھوڑے اونٹ وغیرہ پر صادق آتا ہے۔

جنس بعید ع۔ جو جواب میں اپنے بعض مشارکات کے واقع ہو۔ جیسے جسم نامی جنس بعید انسان گھوڑے۔ اونٹ کا ہے۔

جنس قریب ع۔ وہ جنس جو جواب میں سوال اپنی جمیع مشارکات کے واقع ہو۔ جیسے حیوان جواب میں اس سوال کے کہ انسان۔ گھوڑا۔ اونٹ سب کیا ہیں۔

جنس عالی۔ جنس الاجناس ع۔ جو سب جنسوں سے اوپر ہو۔ جیسے جوہر انسان کا جنس عالی ہے۔

جنسیت ع۔ ہم جنس ہونا۔ ایک شکل ہونا۔

جنف ع۔ ظلم کی طرف میل کرنا۔

جنگ ف۔ وہ اونٹ جو ابھی لادا گیا ہو۔ کشتی اور بڑا جہاز۔ بڑا سا بیابان۔ قمار کی ایک نوع کھیل ہے۔

جنگ ف۔ لڑائی۔

جنگار ف۔ خرچنگ۔ کیکڑا۔ لڑاکا۔ اس صورت میں یہ مرکب ہوگا جنگ اور آر سے یعنی جنگ آور۔ لڑنے والا اور یہی ہو سکتا ہے یعنی لڑو۔

جنگجو۔ لڑاکا۔ لڑنے والا۔

جنگ زرگری ف۔ بناوٹی لڑائی مصنوعی لڑائی دوسرے کو دھوکہ دینے کے لئے آپس میں لڑنا۔

جنگ گاہ ف۔ میدان جنگ۔

جنگ سودہ۔ جنگ فرسودہ ف۔ وہ شخص جو لڑائیاں لڑتے لڑتے گھس گیا ہو۔ میدان جنگ کا تجربہ کار۔

جنگل ف۔ صحرا۔ وشت۔

جنگلاہی ف۔ چیل۔ غلیواج۔

جنگوگ ف۔ بیمار جو نقاہت کے باعث گھٹنے ٹیک کر یا دیوار پر ہاتھ رکھ کر اٹھے۔ وہ آدمی جس کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوں۔

جنگلی بکیا۔ جنگلی پایک ف۔ ایک قسم کا حیوان انسان کی صورت کا جس کی صرف ایک ٹانگ ہوتی ہے۔ اور نطق و عقل سے بے بہرہ ہے۔ مجازاً مردم بے شعور بے سروپا۔

جنوب ع۔ دکھن۔

جنود۔ ع جمع جند کی۔ لشکر۔ فوجیں۔

جنون ع۔ دیوانگی۔ ایک مرض ہے۔

جنون وکوری ف جنون کی ایک نوع ہے۔ جو رات کے دنوں میں حیوان کو ہو جاتی ہے۔

جنون کبیر یا ع۔ غرور۔ ماننگ سے مرض ہے۔

جنہ ع۔ پرہاں۔

جنبہ ع۔ ڈھال۔ سپر۔

جنیبت ع۔ کوتل گھوڑا جو بادشاہوں اور امیروں کی سواری کے آگے چلتا ہے۔ مطلق گھوڑا۔

جنیبت کش ف۔ کوتل گھوڑے کو چلانے والا۔ ساتھ لے جانے والا۔ میر آخور۔

جُنید ع۔ بغداد کے ایک صوفی کامل اور عارف باکمل کا نام ہے۔ انہوں نے برسوں ایسا کیا کہ عشاء کی نماز کے بعد ساری رات کھڑے ہو کر باوضو اللہ اللہ کیا کرتے اور اسی وضو سے صبح کی نماز پڑھتے۔ ان کی وفات ۲۹۸ھ میں ہوئی۔

جنین ع۔ بچہ جو ابھی ماں کے پیٹ میں ہو۔

باب جیم تازی مع واو

جوت پانی کی نہر۔ ہل جس سے زمین باہتے ہیں۔

جوت۔ ایک مشہور طرح ہے۔

جوّ ہوا جو زمین کے اوپر بلے انتہا گہری ہے۔

جو آب ف جو کا جوشاندہ۔ وہ پانی جس میں جو اُبال کر بیمار کو دیں۔

جواب ع۔ پاسخ۔ اور عرف میں مقابل النظیر۔

جواب دادن ف مقابلہ کرنا۔ سامنا کرنا۔ جواب دینا۔

جواب دہ ف جس سے مطالبہ کیا جاوے۔

جواد ع۔ بہت بخشش کرنے والا۔ خدا تعالیٰ نے تیز رفتار گھوڑا۔ جو لوگ اس لفظ کو تشدید سے پڑھتے ہیں غلطی کرتے ہیں۔

جواذب ع۔ جمع جاذبہ کی۔ کشش کرنے والی اشیاء۔

جُواذب ع۔ ایک طعام ہے۔ جو شکر۔ چاول۔ گوشت سے پکاتے ہیں۔

جوار ع۔ ہمسائگی۔ پڑوس۔

جوارش معرب گوارش کا ہے۔ مرکب دوائی جو بہت خوش ذائقہ اور ہاضم ہوتی ہے۔ بخلاف معجون کے جس کا لذیذ ہونا ضرور نہیں۔

جوارح ع جمع جارحہ کی۔ آدمی اور شکاری جانور کے ہاتھ۔ پاؤں۔ زبان اور دوسرے اعضاء۔

جواری ع جمع جاریہ کی۔ کشتیاں لونڈیاں۔

جُواز۔ جوازان۔ جُوازہ ف ہاون (پنجابی چھٹو) خواہ لوہے کا ہو۔ خواہ لکڑی کا۔ کولھو۔

جواز۔ جوازان ع درست ہونا روا ہونا گذرنا۔ روان ہونا۔ رخصت اجازت۔ سا پداری کا کاغذ بکیفیت مانجھ باسٹے کو پانی پلانا۔

جواسیس ع جمع جاسوس کی۔ قاصد۔

جوال معرب اصل اس کی گوال ہے۔ گون کو کہتے ہیں۔ جس میں غلہ بھرتے ہیں۔ پنجابی چھٹ۔

جوالق معرب گوال جس کے معنی گون کے ہیں۔ ع جمع جوالق کی اور وہ معرب ہے گوال کا جس کے معنے وہ کپڑا جس سے گون بناتے ہیں

ہے۔ اور اس سے قلندر فقیر وغیرہ اپنے کرشمے بناتے ہیں ۔

جوالہ ع۔ بہت گرد پھرنے والا۔ مجازاً وہ لمبی لکڑی جس کے دونوں سروں پر آگ لگا کر کمال سرعت سے پیٹے گردا پھرتے ہیں۔ شعلہ جوالہ اس کی شعلہ ۔

جوامع ع۔ جمع جامع کی۔ تمام اور سب ۔

جوامع الکلم ع۔ وہ کلام جس کے لفظ تھوڑے ہوں۔ مگر مطلب بہت نکلیں۔ یعنی ناقل وہ دلائل چند حدیثیں ہیں جو باوجود الفاظ اور عبارت کے اختصار کے مطالب کثیرہ پر دلالت کرتی ہیں۔ قرآن شریف ۔

جوان ف۔ گبرو۔ بالغ۔ مجازاً تازہ۔ نو ۔

جوانب ع۔ جمع جانب کی۔ اطراف۔ طرفین ۔

جوان دولت ف۔ نو دولت ۔

جوان سال ف۔ نیا جوان ۔

جوانِ سنگ پدید ف۔ بہادر۔ تجربہ کار ۔

جوانمرد ف۔ سخی۔ کریم۔ ہمت والا ۔

جوانی ف۔ ضد بڑھاپے کی۔ تازگی ۔

جواہر ع۔ جمع جوہر کی ۔

جواہر خمسہ ع۔ (۱) آسمان۔ (۲) جواہر یعنے لعل۔ فیروزہ۔ مروارید۔ الماس۔ زمرد۔ یاقوت۔ فیروزہ۔ مرجان۔ نیلم۔ عقیق ۔

جواہر دارو ف۔ بہ اضافت مقلوب یعنی دارو ے جواہر۔ وہ دوا جس میں جواہر ملے ہوئے ہوں۔ خاص کر جواہر والا سرمہ۔ کحل الجواہر جو آنکھ کے لئے نہایت تقویت بخش ہے ۔

جواہر مجردہ ع۔ عقول عشرہ۔ فرشتے ۔

جوائز ع۔ جمع جائزہ کی۔ انعامات۔ عطیے۔ تحفے۔ بخششیں ۔

جوبہ ف۔ شہر کی منڈی جس میں مختلف چیزیں باہر سے آ کر بکیں ۔

جوزہ ف۔ منارہ ۔

جوجہ ف۔ چوزہ۔ مرغی کا بچہ ۔

جوجی ف۔ ایک سبزہ کا نام ہے ۔

جود ع۔ نیکو۔ اچھی چیزیں۔ بہت بارش ۔

جود ع۔ بخشش۔ سخاوت۔ ایک گاؤں کا نام بھی ہے ۔

جودان۔ جوداشہ ف۔ ایک قسم کا کافور (انار)۔ پرندے کا پوٹہ۔ چوپائے کے دانتوں میں ایک قسم کی سیاہی ہوتی ہے جس سے اس کی عمر کا اندازہ کرتے ہیں ۔

جودت ع۔ تیزی۔ خوبی ۔

جودت ع۔ گھوڑے کی تیز رفتاری ۔

جودر۔ جودورہ ف۔ ایک قسم کا خودرو غلہ ہے۔ جو گیہوں اور جو کے کھیت میں بہت اُگتا ہے ۔

جودی ع۔ روم کے حصہ آرمینیا میں کوہ ارارات کی ایک چوٹی ہے جس پر طوفان کے بعد نوح کی کشتی ٹھہری تھی ۔

جوذر ف۔ پارہ پارہ۔ ذرہ ذرہ۔ ریزہ ریزہ۔ اور معرب ہے گوذرہ کا جس کے معنے جنگلی گائے کا بچہ ہے ۔

جور ف۔ اوپر۔ بالا۔ پست کی ضد ۔

جور ع۔ ظلم۔ ستم۔ زیادتی۔ پیالے کے کنارے سے کا خط پھرا ہوا پیالہ جس کے پلانے سے حریف پر ستم کر سکتے ہیں ۔

جورب۔ جوراب ع۔ موزہ۔ جراب ۔

جورپیشہ ف۔ ظالم۔ ستمگار ۔

جوز ع۔ معرب گوز کا ہے۔ گردگان۔ اخروٹ۔ ایک گاؤں کا نام بھی ہے ۔

جوزا ف۔ بارہ آسمانی برجوں میں سے تیسرا برج۔ سیاہ گوسپند جس کی کمر سپید ہو ۔

جوزاک ف۔ غصہ کھانا۔ خشمگین ہونا ۔

جوز بر گنبد انداختن ف۔ بیہودہ کام کرنا۔ فضول حرکت کرنی ۔

جوز بر گنبد ف۔ بیہودہ اور لغو کام ۔

جوز بویہ ف۔ جائفل ۔

جوز خراسانی ف۔ اخروٹ ۔

جوز شکستن ف۔ ایک قسم کی چال ہے ۔

جوزق ع۔ کپاس کا ڈوڈہ۔ ہرات کے پاس ایک گاؤں کا نام ہے ۔

جوزن ف۔ ساحر۔ جادوگر۔ ہندوؤں کی وہ جماعت جسے جوگی کہتے ہیں ۔

جوز ہندی ف۔ ناریل۔ ناریل کا مغز ۔

جوزی ع۔ منسوب بہ جوز۔ ایک عالم کا نام ہے ۔

جوسق ع۔ معرب جوسہ یا کوشک کا۔ بالاخانہ اور بارہ دری جو لکڑی سے بھی کرتے ہیں ۔

جوسنگ ف۔ جو کے وزن کی چیز ۔

جوسہ۔ بالاخانہ۔ کوشک ۔

جوش ف۔ ابال ۔

جوشاندن ف۔ جوش دینا۔ ابالنا ۔

جوشن بالفتح۔ جُوشن بالضم بھی ف۔ ایک قسم کا جنگی لباس۔ جس میں کڑیاں (حلقے) اور لوہے کے پتریاں بھی ہوتی ہیں۔ بکتر۔ زرہ کہ جس میں تمام کڑیاں ہوتی ہیں ۔

جوشن خا سے ف جوشن کو چبا ڈالنے والا - توڑ دینے والا +

جوشن ور ف - جوشن پوش - سپاہی آدمی +

جوشیدن ف ابلنا - جوش مارنا پیچ و تاب کھانا - بیقرار ہونا +

جوشیدہ مغرور خشمناک غضب کی آدمی +

جُوع ع بھوک +

جوع البقر ع ایک قسم کی بیماری جس میں باوجود سیری معدے کے مریض اعضا پر بھوک کی سی حالت طاری رہتی ہے +

جُوعُ الکلب ع ایک قسم کی بیماری جس میں کتنا ہی کیوں نہ کھائیں - ویسی ہی بھوک کا غلبہ رہتا ہے +

جوعان ع - بھوکا - گرسنہ +

جوغ ف جوا - جوال - جوا - پنجالی - پنجالی +

جُوف ع - شکم - پیٹ - اندر کی طرف ہر ایک چیز کی جو خالی ہو +

جوفروش گندم نما ف - گیہوں دکھا کر جو بیچنے والا - دغاباز اور بے ایمان آدمی +

جوق ف ترکی - جماعت - گروہ

[illegible] ف - فوج کا گروہ - [illegible] سے کچھ منتشر ہو جاتے ہیں +

جوق جوق ف فوج فوج +

جوگندم ف [illegible] جو سیاہ [illegible]

وسفید ہو کر بڑی مُخاذی ہیں +

جولان ع - کودنا - دوڑنا - گھوڑے کا دوڑانا - گرد پھرنا کا وادبینا +

جُولان ف - بیڑی جو مجرموں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں +

جُولانگاہ ف گھوڑ دوڑ کی جگہ +

جُولانی ف - گھوڑا - شراب کا پیالہ - تیز روی - تیزی +

جُولانگری ف دوڑنا - پھرنا +

جولاہہ ف جولاہہ - کپڑے بننے والا +

جولخی - جولقی ف - گدڑی پہننے والا - قلندر - پشمینہ پوش +

جُولستان ف - ہموار بیابان

جولکانغان ف - جوال مقام جوادو بیل کے قریب دریائے مغرب میں [illegible] کا سامنا فرسنگ لب - اور یہیں فرسنگ چوڑا ایک نہایت سرسبز مقام ہے +

جُلت - مخفف ہے - جولاہہ کا جس کے معنے بافندہ اور کوری کے ہیں +

جولیدہ ف ژولیدہ - پریشان بکھرا ہوا +

جوئبار ف مغرب میں دریائے جیحون [illegible] +

[illegible]

جوہر گران بہا قیمتی پتھر [illegible]

ہر چیز کا اصل - وہ شے جو

بذات خود قائم ہو - بخلاف عرض کے جس کا قیام بوسیلہ جوہر کے ہوتا ہے - جیسے لوح اور نقش میں لوح جوہر ہے اور نقش عرض اور جامہ اور رنگت میں کپڑا جوہر ہے - اور رنگ عرض +

جوہراول ع - حضرت جبرائیلؑ سے مراد ہے - یا قلم سے - یا نور محمدی صلعم سے - یا حضرت آدم علیہ السلام سے اور حکما کے نزدیک عقل اول سے مراد ہے +

جوہر این کارندارد ف یعنے اس کام کے سرانجام کرنے کی لیاقت اور استعداد نہیں رکھتا +

جوہرثانی ع حکما کے نزدیک عقول عشرہ میں سے دوسری عقل +

جوہرعُلوی ع - وہ عناصر جن کا مقام زمین سے بلندی پر ہے - جیسے آگ - ہوا +

جوہرفرد ع جزو لایتجزی جو متکلمین کے نزدیک کسی طرح پر قابل انقسام نہیں مگر حکما اس کے قسمت کی قائل ہیں بجزو ذہن مشروق +

جوہر فعّال ع عقول عشرہ میں سے دسویں عقل جس نے بزعم حکما خدا تعالےٰ کے حکم سے نو فرشتوں اور آٹھ آسمانوں کے سوا باقی کل

[illegible]

جوہر گردن ف تنگ - ناموس سے خیال سے اپنے تئیں بالینا

بال بچوں کو ہلاک کر ڈالنا +

جوہری ع - صاحب جوہر - جو جوہر دیکھتا ہو - ایک شاعر کا نام بھی ہے ایک فرقہ بھی ہے - جو خدا کو جوہر کہکر اس کا طول و عرض ثابت کرتے ہیں +

جوہی ف ایک قسم کے پھول کا نام ہے +

جوے ف - نہر - ندی +

جویا - جویاں - جویاے ف ڈھونڈنے والا +

جوئبار ف ایسی زمین کو کہا جہاں جگہ جگہ نہریں بہت ہوں - وہ بڑی نہر جو کئی نہروں سے بنی ہو +

جوے شیر ف نہر جو فرہاد نے شیرین کے حکم بموجب پہاڑ سے شہر تک نکالی تھی - اس میں غلبا بکریوں کا دودھ دوہا جاتا تھا - اور شیرین کے محل میں ایک حوض میں آکر جمع ہو جایا کرتا تھا +

جوئندہ ف - ڈھونڈنے والا

جوئیدن ف ڈھونڈنا +

باب جیم تازی مع ہاے ہوز

جِہات جمع جہت کی - اطراف اور مال اور اسباب کے معنے میں بھی آیا ہے - اس صورت

[illegible]

ہوتا ہے

جہاد ع -

لڑنا - کافروں سے لڑنا ۔

جہادِ اصغر ۔ کافروں سے لڑنا ۔ ظاہری جہاد ۔

جہادِ اکبر ۔ نفس کے ساتھ محاربہ اور مجادلہ کرنا ۔ ریاضت نفس کشی ۔ زہد ۔ باطنی جہاد ۔

جہار ع ۔ آشکارا ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔ ظاہر ۔ آشکارا ۔

جہاز ع بہت بڑی کشتیاں جو سمندر میں چلتی ہیں ۔

جہاز ع اسباب عروس اور میت کے دفن کرنے کا اسباب ۔ مطلق رخت اسباب ۔

جُہّال ع جمع جاہل کی ۔

جہالت ع ۔ نادانی ۔ بے علمی ۔ بے وقوفی ۔

جہان ف فتحہ اور کسرہ دونوں سے صحیح ہے ۔ جہان کے معنے جندہ کے ہیں ۔ ناپائداری اور بے ثباتی کے باعث جہان کہلایا ۔ جہاں یا کیہان کا مبدل ہے ۔ جو مخفف ہے کیگاہان کا ۔ اگہ ان مرکب ہے گاہ اور ان کلمہ نسبت سے ہے ۔ یعنے وقت اور زمانے کے ساتھ نسبت رکھنے والا چونکہ موجودات الٰہی کو لامحالہ اوقات و ازمنہ کے ساتھ پورا پورا تعلق ہے ۔ اس واسطے کیہان یا جہان آکہایا ۔ دنیا ۔ عالم ۔ [illegible] و اسباب دنیا کا ۔

[illegible] بین ف ۔ جہان گرد دیکھو ۔ [illegible] اور [illegible]

جہان پہلوت بہ ترکیب مقلوب پہلوے جہاں ۔ پہلوان جہان ۔

جہان خواراں ف مطیع اور مسخر کرنا ۔ فائدہ اٹھانا ۔

جہان در جہان ۔ جہان جہان ف بہت ۔

جہان دیدہ ف تجربہ کار ۔ آزمودہ کار ۔

جہان سالار ۔ جہاندار ۔ جہان داور ۔ جہان خسرو ۔ جہان بادشاہ ۔ جہاں خدیو ۔ جہان پرور ۔ جہان پہلوان ۔ جہانگیر ف یہ لفظ اپنے اپنے محل پر بادشاہوں کی تعریف میں واقع ہوتے ہیں ۔ اور جہانگیر ہندوستان کے ایک بادشاہ کا نام ہے ۔ جو مغلیہ خاندان کا چوتھا بادشاہ تھا ۔

جہان سوز ف ملک کو تباہ اور برباد کرنے والا ۔ ظالم ۔ علاؤالدین غوری کا لقب بھی ہے ۔

جہان سیاہ کردن ۔ جہان کندن ف ملک کو تباہ اور برباد کرنا ۔ جہان اور خراب کرنا ۔

جہان گرد ۔ جہان نورد ف سیاح ۔ سیلانی ۔

جہان گرد کردن ف اس کا مسخر اور مطیع کرنا ۔

جہان گشادن ف ۔ مطیع و مسخر کرنا ۔

جہانِ کہین ف آدم مسمیٰ [illegible]

سے کنایہ ہے ۔ عربی میں اسے عالم صغیر کہتے ہیں ۔

جہانِ مہین ف وہ عالم جو ماسوی اللہ ہے ۔ عربی میں اسی عالم کبیر کہتے ہیں ۔

جہانیان ف ۔ دنیا کے لوگ ۔ خلق اللہ ۔

جہانیدن ف ۔ کدانا ۔ اُچھالنا ۔

جہت ع طرف ۔ جانب ۔ واسطے لئے ۔ باعث ۔

جُہد ع طاقت ۔ کوشش ۔ سعی ۔ عرف بیم کی خوف سے رنج و مشقت کے معنے میں بھی آیا ہے ۔

جُہدُ المُقِل ع درویش کی کوشش ۔ تنگدستی کی کوشش ۔

جہد جہید ع بڑے سر سے کی کوشش ۔

جہر ع کھلا ہوا ۔ ظاہر ۔ بآواز بلند پڑھنا ۔

جہرہ ع وہ چرخ جس کے ذریعے سوت کی نلی بنتے ہیں ۔ پنجابی میں اُسے اٹّا کہتے ہیں ۔

جہش ف ۔ سرشت ۔ خلقت ۔ طبیعت ۔

جہل ع نادانی ۔ بے علمی ۔ نہ جاننا ۔

جُہلا ع جمع جاہل کی ۔

جہل بسیط ع مطلق کسی شئے کا نہ جاننا [illegible] عالم ہونے کا اعتقاد رکھتا ہو ۔

جہل مرکب ع ۔ ایک مرض عشق ہے ۔ جس میں انسان باوجود عدم علم کے اس امر کے علم سے بھی ناواقف ہوتا ہے ۔ کہ وہ ناواقف ہے ۔ بلکہ خلاف واقع کے اپنے حق میں عالم ہونے کا اعتقاد رکھتا ہے ۔ گویا دو جہلوں (عدم علم اور ناواقفیت عدم علم) میں مبتلا ہونا جہل مرکب ہے ۔

جہلا ع جمع ہے ۔ جاہل کی ۔

جہنّم ع دوزخ گہرا کنواں ۔ یہ لفظ اصل میں گیہنوم ایک عبرانی لفظ کا معرب ہے ۔ اور گیہنوم کے معنے ہنوم کے وادی یا درہ کے ہیں جو یروشلم کے پاس دکھن کی طرف تھی ۔ یوسیاہ بادشاہ کے وقت سے پیشتر یہودی لوگ یہاں مالک نام ایک بت کی پرستش کرتے تھے یہ بت پیتل کا بنا ہوا تھا ۔ اور اس کے ہاتھ پھیلے ہوئے ۔ گویا اپنے پجاریوں کو گود میں لیا چاہتے ہیں یہ بت پرست یہودی اس بت کو آگ سے نہایت گرم کرکے اپنے لڑکوں کو اس کی گود میں ڈالتے اور ان کی فریاد اور چلانے کی آواز دبانے کے واسطے اس وقت ڈھول بجاتے تھے ۔ یہ ڈھول کہیں توفت کہلاتی تھیں ۔ اور [illegible] اس جگہ کا نام توفت [illegible] بھی ہے ۔ بابل کی اسیری سے لوٹنے کے بعد انکی بت پرستی سے ڈر کر یہودی اس مقام سے

...عزت رکھتے تھے۔ اور
...بادشاہ مذکور کی تجویز
...ن سے اس کو بہت شہرت
...گیا۔ چنانچہ تمام شہر کی [illegible]
...تی جاتی سے دور غلاظت کو
...کے واسطے وہاں تمام رات
...جلتی رہتی تھی۔ اس واسطے
...ڈالی اور گھناؤنی جگہ [illegible]
...کچھ مشابہت رکھتی تھی)
...رفتہ اس کا نام جہنم
...اس طرح کر فردوس بہشت
...ہے۔ جو قدیم زمانہ میں داخل
...ایک بہت بڑا باغ آباد تھا
...تاریخ بیت المقدس مصنفہ
...مولوی محمد ابو المنصور
...دہلوی امام فن مناظرہ)
...ف۔ یہودی کو فارسی
...
...یہودی لوگ۔ قوم یہود
...بہت [illegible] توت۔
...کا احمق۔
...ف۔ کودنا۔ اچھلنا۔
...ہول [illegible]
...لڑکی کو [illegible]

ری کے ایک گاؤں کا نام ہے۔

جِبَاب ع۔ جمع ہے جیب کی۔

جِیَاد ع۔ تیز رفتار گھوڑے جمع جواد کی۔ گردنیں جمع جید کی۔ کھرے خالص۔ جمع ہے جید کی۔

جَیب ع۔ گریبان۔ پیرہن سا۔ سینہ۔ دل مجازاً کیسہ جو گریبان کے نیچے سیتے ہیں۔ اب دامن کے نیچے جو کیسہ لگاتے ہیں۔ اس کو بولتے ہیں۔

جَیبہ ع۔ زرہ۔ بکتر۔

جیپال ہ۔ لاہور کے ایک راجہ کا نام ہے۔ جو سلطان محمود سے شکست پانے کے بعد زہر کھا کر مر گیا۔ ایک مشہور جادوگر بھی ہے۔ مطلق بادشاہ۔

جیحون ت۔ ملک تاتار کا ایک مشہور دریا جو جھیل ارل میں جا گرتا ہے۔

جِید ع۔ گردن۔

جَیِّد ع۔ کھرا۔ خالص۔ نیک۔

جیران ع۔ جمع جار کی۔ ہمسائے پڑوسی۔

جیش [illegible]

جیغہ، جیغوت ف۔ ایک زیور ہے ابرک کے ساتھ [illegible] عورتیں پیشانی پر لگاتی ہیں۔

جِیَف ع۔ جمع ہے جیفہ کی۔

جیفہ ع۔ حیوان مردار۔ جس میں بدبو پیدا ہو گئی ہو۔

جِیل ع۔ آدمیوں کا گروہ۔ خلق۔

جیل۔ جیلان ع۔ نام ایک ملک کا ہے۔ اور بغداد کے پاس ایک گاؤں کا نام بھی۔

جُیُوش ع۔ جمع جیش کی۔ لشکر۔

جیوہ ف۔ بروزن میوہ۔ پارہ۔ سیماب۔

باب جیم فارسی

باب جیم فارسی مع الف

چاپ ف۔ چھاپے جو [illegible] کرتے ہیں اس کا معرب صاہے۔

چاپاتی ف۔ چپاتی۔

چابک ف۔ چست۔ چالاک۔ پھرتیلا۔ جلد۔ کوڑا۔

چابک خرام ف۔ تیز چلنے والا۔

چابک دست ف۔ چابک دست وہ شخص جو ہاتھ کے کام میں چالاک ہو۔

چابک رکاب۔ چابک رکیب

چابک عنان ف۔ تیز رو سوار۔ جو چالاکی سے [illegible] تیز رفتار

چاپنا [illegible]

...

چاچی ت۔ چابک کی چستی۔ [illegible] گھوڑا جست کر رہا ہو تو راہ سے گزر جائے۔

چاپلوس ف۔ خوشامد کرنے والا۔ چکنی چپڑی باتیں کرنے والا۔

چاپلوسی ف۔ خوشامد۔

چاپہ ف۔ کتاب کا قالب جس سے کپڑوں وغیرہ پر نقش کرتے ہیں۔ چھاپہ۔

چاپیدن ف۔ خراب کرنا۔ پراگندہ کرنا۔ تتر بتر کرنا۔

چاچ ف۔ ترکستان میں ایک شہر ہے۔ جس کا شاشہ کہتے ہیں۔ وہاں کی کمان بہت عمدہ بنا کرتی تھی۔ بعض کے نزدیک چاچ کا شہر کا نام ہے۔ کٹے ہوئے غلے کا ڈھیر۔

چاچلہ ت۔ چمڑے کی جوتی۔

چاچی ف۔ چاچ کا رہنے والا۔ چاچ کی کمان۔

چاچیاں ف۔ جمع ہے چاچی کی۔

چادر زشت۔ پردہ۔

چادرِ آب ف۔ پانی کی چادر۔ آبشار۔

چادرِ [illegible] ف۔ [illegible] ہوتا ہے۔ کنایہ [illegible] آفتاب کی روشنی [illegible] آفتاب ہے۔

چادر [illegible] ...ے کرنا

چادرِ قیرگون ف رات سے مراد ہے۔

چادرِ کافوری ف صبح صادق کی سپیدی۔

چادرِ کبود۔ چادرِ نیلی ف۔ آسمان سے مراد ہے۔ اور رات سے بھی۔

چادرِ لاجورد صفت رات سے مراد ہے۔ اور آسمان سے بھی۔ سبزہ زار اور مرغزار کے معنے میں بھی آیا ہے۔

چار صفت مخفف چہار (۴) کا۔ اور چارہ (علاج) کا بھی۔ آدہ جس میں اینٹیں کوزے کا ... وغیرہ پکاتے ہیں۔

چار آخشیج ف۔ چار عنصر۔ بنات النعش کے چار ستارے جو نعش کہلاتے ہیں۔

چار ارکان ف اربعہ عناصر۔

چار اژدہا۔ چار اُستادون چار عنصر۔

چار اسباب ف چاروں علتیں یعنی علتِ مادی۔ علتِ فاعلی علتِ صوری۔ علتِ غائی۔

چار آئینہ ف ایک قسم کی زرہ کا نام ہے۔ جس میں چار لوہے کے تختے بانات اور مخمل میں منڈھ کر سینہ اور پشت کے گرد لگاتے ہیں۔ ... چارہ ایک قسم کا رقص اور ساز ...

... چار بالشت ف ... کی تخت۔ عناصر ... کی چاروں نہر ...

... لعب۔ اور دنیا سے بھی مراد ہے۔

... پا۔ چار پایہ ف چوپایہ ڈنگر۔

چار پائی ف پلنگ۔ منجی۔

چار برگ ف نام ایک قسم کے پھول کا ہے۔ بعض کے نزدیک لالہ ... کو کہتے ہیں۔

چار ... ... دنیا۔

چار ... ... شکم۔

چار ... شدن ف۔ بہت کھا ... پیٹ پر لیٹنا۔ پانچھے کے بل سونا۔

چار ... صفت چار ... جزیں جو ادویہ میں ... کا سنی ... زیانہ۔ کرفس ... اور چار عنصر سے بھی مراد ہے۔

چار بیستی ف ایک منصب ہے جو بادشاہ کی طرف سے ملتا تھا۔

چار تا۔ چار تار ف چار تاروں کا طنبورہ۔ باربط۔ ... چار عنصر۔ دنیا۔

چار تکبیر زدن۔ چار تکبیر کردن

چار تکبیر گفتن ف سب ... دنیا قطع تعلق کرنا۔ نماز جنازہ ادا کرنا۔

چار چشم ف ... منتظر۔ نہایت مشتاق۔

چار جوہر ف اربعہ عناصر۔ بنات النعش ... چار ستارے نعش کے۔

چار جوئے بہشتی ف پانی۔ دودھ ...

... چھوں۔ سیحوں۔ نیل فرات سے مراد ہے۔

چار خم ف کشتی کے فنون میں سے ایک فن ہے۔ ایک قسم کی عمدہ کمان اور کمان کی اچھی طرح کھینچنے سے بھی مراد ہے۔

چار دانگ ف وہ چیز جو اپنے امثال کی بہ نسبت دو چند ہو۔ جیسا کہ دینار چھ دانگ کا ہوتا ہے اور دانگ چھٹے حصہ دینار کا ہے لیکن چار دانگ بہ نسبت دو دانگ کے زیادہ ہوئے یہ لفظ جو کبھی ہندوستان کی وسعت میں واقع ہوتا ہے۔ سو اس کی بھی یہی وجہ ہے۔ کہ ہندوستان کا طول و عرض اکثر ملکوں سے سوائے ... کے زیادہ ہے یا یہ کہ ہندوستان کی آبادی اور ... ملکوں سے بڑھ کر ہے۔ یا اس باعث سے کہ ہندوستان چار اقلیموں میں واقع ہے۔

چار دہ ف۔ چودہ۔ ۱۴۔ ہلال

چار دہ روایت ف علم قرأت کے سات اماموں کے دو دو شاگرد ... ان سے جو چودہ روایت ...

چار شاخ ف ایک قسم کی سزا ...

چار شانہ ف جسیم۔ فربہ اندام ... چٹا کٹا۔ بدشکل۔ ناموز ... قدوالا۔

چار شنبہ ف بدھ۔ (اربعا)

چار ضرب ف صوفیوں ... شغل ہے۔ چوتالا جو ایک ساز بجاتا ہے۔ قلندروں کا ... مونچھ وغیرہ کا مونڈ ڈالنا ...

چار طاق ف ... ہو ... کا خیمہ ہوتا ہے۔ مطبخ کا ... ابلیہ۔

چار طاق افگن ف ...

چار طوفان ف پانی کا نوح کی قوم پر۔ ہوا کا طوفان ... کی قوم پر۔ آگ کا طوفان ... کی قوم پر۔ مٹی کا طوفان ... کی قوم پر۔ بعض نے کہا ... اس لفظ سے جہل ... جو ... کی طرف اشارہ ... ہے۔

چارغ۔ چارق ... کا ایک قسم ...

جس سے حقیقی نباتات پیدا ہوتی ہیں۔ چہارم کان خاکی جس سے الماس اور سونا چاندی حاصل ہوتے ہیں۔

چارگام۔ چارگاما ف تیز رو گھوڑا۔ ہنگامۂ عیش و عشرت کا گرم کرنا۔

چارگوشہ ف۔ چوکھونٹی چیز۔ تخت شاہی۔ مردہ کا تابوت۔

چارگوشی ف صراحی اور گھڑا۔ جن کے چار دستے ہیں۔

چار مادر ف اربعہ عناصر۔ نعش کے چار ستارے جو بنات النعش میں ہیں۔

چار مذہب ف۔ حنفی۔ شافعی۔ مالکی۔ حنبلی۔

چارم اضطراب ف قرآن شریف جو آسمانی کتابوں میں چوتھی کتاب ہے۔

چارم عرش ف الف نیست جو جسم مطلق۔ جسم نامی۔ حیوان کے بعد چوتھے درجہ پہ ہے۔

چار مرغ خلیل ف کبوتر۔ مرغ۔ کوا۔ مور جن کو حضرت خلیلؑ نے ذبح کرنے کے بعد قیمے قیمے کر کے اور دستہ میں خوب کوٹ کر چار پہاڑوں پر رکھ دیا تھا اور ان کے سر ہاتھ پر رکھ کر بلایا کہ بقدرت امر الٰہی سے ان میں ہر ایک کا اجزا الگ ہو کر ان کے درست ہو گئے۔ اور اپنے سروں کی طرف دوڑنے لگے چنانچہ قرآن شریف کے تیسرے سیپارہ میں اس کا ذکر موجود ہے۔ اور ان کا چار جانوروں کے ذبح کرنے سے بالترتیب الفت خلق۔ شہوت حرص۔ مال۔ زیب و آرایش ظاہری کا ترک کرنا مراد ہے۔

چار مغز ف اشرف الاطبا کی اصطلاح میں مغز خربوزہ۔ مغز تربوز۔ مغز خیارین۔ مغز کدو۔

چار منزل ف شریعت۔ طریقت۔ حقیقت۔ معرفت۔

چار موجہ ف۔ بھنور۔ گرداب۔

چار میخ ف ایک قسم کی سزا جس میں مجرم کے چاروں ہاتھ اور پاؤں چار میخوں سے باندھ دیتے ہیں۔ عناصر اربعہ اور بواطنت سے بھی مراد ہے۔

چار میخ شدن ف نہایت مضبوط ہونا۔ کمال محکم ہونا۔

چار نفس ف۔ امارہ۔ لوامہ۔ ملہمہ۔ مطمئنہ یہ چار نفس انسان کے دلی ارادوں پر متعین ہیں۔ نفس امارہ (کافروں اور فاسقوں کا نفس) انسان کو بدی کی طرف کھینچتا ہے۔ اور برے کاموں کا حکم دیتا ہے۔ اس کی متابعت سے انسان برے کام کرنے پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ لوامہ (تائب اور نادم گنہگاروں کا نفس) بدی اور گناہ کے کرنے پر اس کو ملامت کرتا ہے کہ تو نے یہ کام کیوں کیا۔ ملہمہ (عام صلحا اور ابرار کا نفس) خبردار کرنے والا ہر ایک امر خیر و شر کا ہے۔ مطمئنہ (انبیا اور اولیائے کاملین کا نفس) خدا کی یاد اور محنت پر تسلیاں دینے والا۔ اور وسوسوں اور خطرات سے رہائی بخشنے والا۔

چاروا ف چوپایہ۔ ٹٹو گھوڑا۔

چارہ ف علاج۔ مدد۔ تدبیر۔ مکر و فریب۔ جدائی و مفارقت۔

چارہ اندیشی ف چارہ جوئی کرنا۔ تدبیر کرنا۔

چاریک ف ایک چوتھائی (ربع) کابل کے توابع میں ایک قصبہ بھی ہے۔

چاش ف غلہ کا ڈھیر جو بھوسے سے الگ کر لیا گیا ہو۔

چاشت ف پہر دن چڑھا ہوا۔ وہ وقت جبکہ چوتھائی دن گزر چکے۔ چاشت کا طعام۔

چاشت دادن ف طعام چاشت کا کھانا۔

چاشنی ف چکھنے کے موافق کوئی چیز کھانی۔ نمود دار ہونا۔ مزہ۔ تیزی۔ نقارے پر ابتدائی چوب کا لگانا۔

چاشنی دل ف۔ لطیف اور دلکش باتیں۔

چاشنی گیر ف باورچی۔ خانساماں۔

چاغر ف۔ حوصلہ۔ پیٹ۔

چاق ت۔ تندرستی۔ طاقتور۔ چالاک۔ تندرستی۔ صحت۔ زمانہ۔ وقت۔

چاک ف پھٹا ہوا۔ چیرا ہوا۔ شگاف۔ پاجامہ کا نیفہ۔ آمادہ۔ تیار۔ دریچہ۔ صبح کی سفیدی۔ تلوار وغیرہ مارنے کی آواز۔

چاکا چاک۔ چاک چاک ف تلوار اور خنجر وغیرہ کے مارنے کی آواز۔

چاکر ف نوکر۔ خدمتگار۔

چاک روان ف فرج یا دبر کنایہ ہے۔

چال ت وہ گھوڑا جس کے بال سرخ و سفید ہوں۔ گرم۔ خاک۔ کنواں۔ چکور۔ کبک۔ جولاہے کی کھڈی۔ قزوین کے پاس ایک گاؤں بھی ہے۔ ہندی میں رفتار کے معنے میں آیا ہے۔

چالاک ف چست۔ تیز۔ چوبرہ۔ خوبی۔ اونچی جگہ۔

چالاکی ف تیزی۔ چستی۔

چالش۔ چالیش ف ملک کی چال۔ گھمنڈ اور غرور کی چال۔ حملہ۔ جلد۔ مباشرت اور جماع۔

چالش گر ف حملہ آور جنگجو۔ دلاور۔ وہ شخص جو جماع کرنے پر حریص ہو۔

چالیک ف گلی ڈنڈا۔

چامغ ف گہرا کنواں۔

چامہ شعر۔ غزل۔ بات۔

چامہ گوے ف۔ شاعر۔ سخنگو۔ غزل گو۔ خوش آوازی سے پڑھنے والا۔

چاچیدن - رمیدن کرنا ۔
چاچین ف ۔ جنجال ۔ پیشانی ۔
چاذ ف ۔ منہ کا گردا گرد ۔ ٹھوڑی کی
ہڈی ۔ قفل ۔ قفل ۔ قرقی ۔ شیخی کا ایک
طرح جسے پنجابی میں بیرا کہتے ہیں ۔
حرف و سخن سے بھی کنایہ ہے ۔
چاؤش ۔ چاووش ف ۔ لشکر اور
قافلہ کا نقیب ۔ چوبدار ۔
چاویدن ف ۔ چڑیا کا اس کے بچے
پر جہاں سکے بجانے کے وقت چیختا اور
فریاد کرنا ۔ مجازاً معنی آواز کرنا ۔
سب ہیرا نات اور انسان کا چہانا ۔
چاہ ف ۔ کنواں ۔ گڑھا ۔ چاہ بخشب
کو بھی کہتے ہیں ۔
چاہ بابل ۔ ف ۔ وہ کنواں جس میں
ہاروت ماروت دو فرشتہ محبوس ہیں ۔
چاہ بیت ف ۔ دنیا سے مراد ہے ۔
چاہ زنخ ف ۔ ٹھوڑی کا گڑھا ۔
چاہ ظلمانی ف ۔ بیچ تاریک اور دنیا اور
آدمی کے قالب سے مراد ہے ۔
چاہ کن ف ۔ ظالم ۔ مکار ۔
چاہ مقنع ۔ چاہ نخشب ف ۔
ایک کنواں کا نام ہے ۔ جس میں سے حکیم
ابن مقنع سحر سے ایک ایسا چاند
نکالا کرتا تھا ۔ جس کی روشنی چار فرسنگ
تک جایا کرتی تھی ۔
چاہ یوسف ف ۔ وہ کنواں
جس میں یوسف کو ان کے
بھائیوں نے گرا دیا تھا ۔
وہ ملک شام میں طبریہ کے
پاس ہے ۔

چائے ف ۔ چاہ جو پکا کر پیا کرتے
ہیں ۔

باب جیم فارسی مع بائے فارسی

چپ ف ۔ بایاں ۔ بائیں طرف
کا ۔ معا ۔ مخالف نا موافق ۔ دغا ۔
فریب ۔
چپاتی ف ۔ پتلی روٹی جو توے پر
پکاتے ہیں ۔ پھلکا ۔
چپ انداز ف ۔ جو شخص بائیں ہاتھ سے
تیر چلائے ۔ مکار ۔ حیلہ ساز ۔
چپاول ف ۔ کسی فوج کا دشمن کے لشکر
سے الگ ہو کر لوٹ مار کرنا ۔ تاخت
و تاراج ۔ لوٹ مار ۔
چپ دادن ف ۔ چھوڑ دینا ۔ دھوکا
دینا ۔
چپر ف ۔ وہ شخص جسے بادشاہوں اور
امیروں کی طرف سے ہر منزل پر
نئی سواری ملتی ہے ۔ جس سے
وہ شخص ضروری خبر نہایت سرعت سے
پہنچا دیتا ہے ۔ جیسا کہ ہندوستان میں
ڈاک چوکی کا انتظام تھا ۔
چپ رفتن ف ۔ مخالفت کرنا ۔
چپ شدن ف ۔ منحرف ہونا ۔
چپقلش ف ۔ تلوار کی لڑائی ۔
انبوہ ۔ ہجوم ۔
چپکن ف ۔ انگرکھا سا انگرکھا ۔

باب جیم فارسی مع تائے فوقانی

چتر ف ۔ چھتری ۔ چھوٹے بال ۔
چترا گون ف ۔ آسمان ۔ افلاک ۔
چتر روز ف ۔ چتر زرین ۔ چتر خاور ۔ آفتاب ۔
چتر سیمابی ۔ چتر سیمین ف ۔ بڑا چاند ۔
چودھویں رات کا چاند ۔
چتر عنبرین ف ۔ رات ۔ شب ۔
چتر نیلی ف ۔ آسمان ۔ سیاہ بادل ۔
چتر نور ف ۔ سورج ۔ آفتاب ۔
چتوک ۔ چخوک ف ۔ چڑیا ۔ گنجشک ۔

باب جیم فارسی مع خائے معجمہ

چخ ف ۔ چھری تلوار وغیرہ کا غلاف ۔
جھگڑا ۔ لڑائی ۔ میل ۔ چپ ۔ چرک ۔
کوشش ۔ جلدی سے کوشش کرنا ۔
چخاچخ ف ۔ لڑائی کے وقت تلوار لگنے کی آواز ۔
چخیدن ف ۔ لڑائی کرنا ۔ بڑی کوشش کرنا ۔
ایک موضع کا نام بھی ہے ۔
چخماخ ف ۔ چقماق ۔ پتھر ۔
چخیدن ف ۔ لڑائی کی خواہش کرنا ۔ مہا
کوشش ۔

باب جیم فارسی مع رائے مہملہ

چرا ف ۔ کس واسطے ۔ کیوں ۔ وجہ ۔
چرا ف ۔ چرنا ۔
چراغ ف ۔ دیوا ۔ جو جلتی ہوئی بتی
چراغ کو جلانا ۔ جلانا عربی آیا ہے ۔
اور عرب میں چراغ کرنا ۔ چراغ گھوڑے کا
اٹھانا ہے سکو بھی چراغ کہتے ہیں ۔ بیر چشمہ
اور دولت سے بھی مراد ہے ۔
چراغ از چشم پریدن ۔ چراغ
از چشم جستن ف ۔ دماغ کو سخت
پہنچنا جس سے آنکھوں کے سامنے بجلی کی
سی چمک محسوس ہو ۔
چراغ آسمانی ف ۔ برق ۔ بجلی ۔ شمع ۔

چراغان ف ۔ ایک قسم کی سزا جس میں
مجرموں کے سر میں کئی زخم
لگا کر ہر ایک زخم میں بتی رکھ کر
بتی کو جلاتے ۔
چراغ پا ۔ چراغ پا ہونا ۔ گھوڑے کا پچھلے
پاؤں پر کھڑا ہونا ۔ اٹھانے اور میں چڑھ بیٹھنا ۔
پنجابی ۔ برا فروختہ ۔
چراغ چشم ف ۔ بیٹے سے مراد ہے ۔
چراغ خاموش کردن ف ۔ اس کو
گل کرنا بجھانا ۔
چراغ روز ف ۔ چراغ روز ۔ آفتاب ۔
چراغ سحر ف ۔ سورج ۔ چاند ۔
چراغ شرق ف ۔ آفتاب ۔ صبح کا ستارہ ۔
چراغ ف ۔ کرمک شب تاب ۔ جگنو ۔
چراغ وار ف ۔ چراغدان ۔ قندیل ۔
مشکوٰۃ ۔ لالٹین ۔
چراغ ہدایت ف ۔ مجر صادق کی ۔
چراگاہ ۔ چرام ۔ چرامین ف ۔ حیوانات
کے چرنے کی جگہ ۔
چرانیدن ف ۔ چرانا ۔ حیوانات کو کھلانا ۔
چرب ف ۔ غالب ۔ زائد ۔ غالب ۔ اور چکنا ۔
چرب آخور ف ۔ وہ شخص جو عیش و عشرت
میں عمر گزارے ۔ وجہ معاش کی آمدنی
کے سبب کئی کی جہات ۔
چرب پہلو ف ۔ فربہ ۔ اور جو کے ہر
لوگوں کو فائدہ دے ۔
چرب دست ف ۔ چالاک ۔ شیر ۔
دستکار ۔ ہنرمند ۔
چرب زبان ۔ چرب گو ف ۔ چکنی
چپڑی باتیں کر کے لوگوں کو اپنی طرف مائل
کر لینے والا ۔ خوشامدی ۔ فریبی ۔ شیریں گفتار ۔

چرب قامت۔ ف۔ بلند قد۔ لمبا خوش قد ۔

چرباب۔ ف۔ مصغر ہے چربہ کا۔ اور چربی جسکو پنجابی میں بلاری کہتے ہیں۔ ملائی۔ چربک۔ بالضم ترکستان میں ایک

چرب و خشک۔ ف۔ برا بھلا۔ تھوڑا بہت۔ سخاوت اور بخل۔ دانا۔ کنجوس ۔

چربہ۔ ف۔ وہ کاغذ ہوتا ہے جو پتلا سا ہو۔ اور تصویر کے اوپر رکھ کر پردہ کے لیکو رکھا کرتے ہیں۔ اور ملائی ۔

چربی۔ ف۔ چیت۔ اور نرمی۔ ملائمت۔ روغن۔ ملائمت سے بھی مراد ہے ۔

چربی از پہلوے شیر تراشیدن۔ شیر کے شکار کرنے اور مار ڈالنے کی قدرت۔ مرغوں بدلا لینے کی طاقت۔ بہادری ۔

چرپیدن۔ ف۔ غالب ہونا۔ بڑھ جانا ۔

چرخ۔ ف۔ آسمان۔ چرخی۔ گردیاں۔ کمان سخت۔ چکر۔ دوڑ۔ رقص اور خراسان میں ایک شہر ہے۔ غزنی کے پاس ایک گاؤں بھی ہے ۔

چرخاب۔ ف۔ بھنور۔ گرداب ۔

چرخ آبنوس۔ ف۔ پہلا آسمان ۔

چرخ انداز۔ ف۔ کماندار۔ تیرانداز ۔

چرخ برین۔ ف۔ نواں آسمان ۔

چرخ خوردن۔ ف۔ چکر میں آنا ۔

چرخچی۔ ف۔ فوج ہراول ۔

چرخ دولابی۔ ف۔ آسمان۔ آکاش ۔

چرخ زدن۔ ف۔ چکر لگانا ۔

چرخ زرین و زرین کاسہ۔ ف۔ چوتھا آسمان جو کہ آفتاب وہاں ہے اس لئے کہتے ہیں ۔

چرخ زن۔ ف۔ ناچنے والا۔ سیر کرنے والا آدمی ۔

چرخ فلک۔ ف۔ چرخ سے مراد ہے ۔

چرخ کمان۔ ف۔ کمان کا حلقہ ۔

چرخشتی۔ ف۔ چکر کھانا۔ اور رقص کرنا۔ کشتی گیروں کا غالب آنے کے وقت ایک قسم کی ورزش بھی ہے ۔

چرخوک۔ ف۔ لٹو۔ لاٹو ۔

چرخہ۔ ف۔ سوت کاتنے کا چرخہ۔ نام ایک درخت کا ہے۔ جو بہت پتلا سوکھا سا ہوتا ہے ۔

چرخہ آبنوس۔ ف۔ نواں آسمان اور فلک اول خصوصاً ۔

چرخی۔ ف۔ چھوٹا چرخ۔ جسے چنانچہ کہتے ہیں۔ چرخی وغیرہ اور ایک قسم کا اطلس بھی ہے۔ ایک گاؤں ہے ۔

چردہ۔ ف۔ رنگت۔ لون۔ یہ لفظ سیاہ کے ساتھ خاص ہے۔ سیہ چردہ یعنی سیہ رنگ۔ سیہ پوست ۔

چرز۔ ف۔ ایک پرندہ کا نام ہے۔

چرغ۔ ف۔ ایک مشہور شکاری جانور ہے۔ عربی میں اس کو صقر کہتے ہیں ۔

چرغیشہ۔ ف۔ بد آدمی۔ چغل آدمی۔

چرک۔ ف۔ زخم۔ پیپ۔ ریم۔ میل

چرکر۔ ف۔ گانے والا خواہ عورت ہو یا مرد۔ مغنی۔ غناگر۔ اور بالضم رسول پیغمبر۔ مخفی۔ چھپا ہوا ۔

چرکس۔ ف۔ ایک قبیلے کا نام ہے۔ جو ایشیائی روس کے جنوب میں بستا ہے ۔

چرکین۔ ف۔ میلا۔ میل میں لتھڑا ہوا ۔

چرم۔ ف۔ چمڑا ۔

چرم خام۔ ف۔ وہ جس سے چلہ کمان کا بنایا جاتا ہے۔ چمڑا جو نقارہ وغیرہ پر منڈھا جاتا ہے ۔

چرمدان۔ ف۔ چمڑے کا کیسہ ۔

چرم شیر۔ ف۔ تازیانہ سے مراد ہے ۔

چرم گرگ۔ ف۔ وہ چمڑا جو نقارہ وغیرہ پر منڈھا ہوا ہوتا ہے ۔

چرم کمان۔ چرم گور۔ چرم گوزن۔ ف۔ کمان کا چلہ۔ تانت جو کمان میں چڑھی ہوئی ہوتی ہے ۔

چرم گور بر شاخ آہو کشیدن۔ ف۔ چرم گور سے مراد چلہ و زہ کمان کی ہے اور شاخ آہو سے مراد کمان ہے۔ کمان پر چلہ چڑھانا۔ تیراندازی کے لئے مستعد ہونا ۔

چرمہ۔ ف۔ سفید گھوڑا۔ سفید گھوڑا

چرمینہ۔ ف۔ چمڑے کا۔ اور چمڑا۔ کیر کا لشتی جو مشہور ہے ۔

چرند۔ ف۔ حیوان۔ چوپایہ ۔

چرندہ۔ ف۔ گھاس چرنے والا حیوان ۔

چرویدن۔ ف۔ چارہ۔ چرنا۔ دوڑنا ۔

چریدن ف۔ چرنا۔ گھاس۔ کھانا ۔

چریک۔ ف۔ لشکر جو اور والیوں سے مدد کے واسطے بھیجیں۔ کمک ۔

باب جیم فارسی مع سین مہملہ

چس۔ ف۔ پھس۔ وہ باد جس کی آواز نہ ہو ۔

چسپان۔ چسپیدہ۔ ف۔ چپکا۔ چپٹا ۔

چسپانیدن۔ ف۔ چپکانا ۔

چسپیدگی۔ ف۔ چپکنا۔ لیک ۔

چسپیدن۔ ف۔ لپٹنا۔ چپکنا ۔

چست۔ ف۔ چالاک۔ درست۔ ٹھیک۔ محکم ۔

چستہ۔ ف۔ بکری۔ اور بھیڑ کا شیردان ۔

چستی۔ ف۔ چالاکی۔ درستی۔ مضبوطی ۔

باب جیم فارسی مع شین معجمہ

چش۔ ف۔ آنکھ۔ مخفف چشم کا ہے ۔

چشانیدن۔ ف۔ چکھانا۔ کوئی چیز نمونہ کے طور پر کھلانا ۔

چشت۔ ف۔ ایک مقام کا نام ہے ۔

چشتہ۔ ف۔ مخفف چاشتہ کا۔ طعام چاشت۔ طعام خوراک ۔

چش زخم۔ ف۔ مخفف چشم زخم کا ہے ۔

چشم۔ ف۔ آنکھ۔ نیتر۔ نین۔ نگاہ۔ امید۔ توقع ۔

چشم آب دادن۔ ف۔ تماشہ کرنا۔ تفریح کرنا ۔

چشم از چیزے پوشیدن ف۔ اس کا دیکھنا چھوڑ دینا۔ بے اعتنائی کرنی +

چشم از چیزے فرو بستن م
چشم از چیزے فرو دوختن ف
اس چیز سے منہ پھیر لینا۔ بے اعتنائی کرنی +

چشم افگندن بر چیزے ف۔ اس چیز کو دیکھنا۔ نگاہ کرنا +

چشمارو ف۔ لکڑی وغیرہ کی وہ چیز جو کھیتوں پر انکے بچانے اور جانوروں کے ڈرانے کے لئے نصب کر دیتے ہیں کوئی شے جو واسطے دفع چشم زخم کے کھیتوں یا عمارتوں وغیرہ پر کھڑی کر دیتے ہیں +

چشم باز کردن ف۔ آنکھیں کھولنا +

چشم باطل کردن ف۔ کسی کو اندھا اور نابینا کر دینا +

چشم بد ف۔ نظر بد۔ بد نظر +

چشم براہ ف۔ منتظر۔ نگراں +

چشم براہ داشتن۔ چشم براہ دوختن۔ چشم براہ نہادن ف۔ منتظر ہونا۔ راہ تکنا۔ بہتابی سے دیکھنا +

چشم بر چیزے بستن و دوختن ف۔ اس کی طرف کمال توجہ کرنی +

چشم بر داشتن از چیزے ف۔ اس شے کا دیکھنا چھوڑ دینا +

چشم بر زمین افگندن ف۔ نیچے نگاہ رکھنا خواہ شرم و حیا کے باعث خواہ ادب اور تواضع کے سبب سے خواہ غم و اندوہ کے باعث سیدہ کرنے سے بھی مراد ہے +

چشم برہم زدن ف۔ آنکھ جھپکانا۔ پلک جھپکانا عرصۂ قلیل سے مراد ہے +

چشم بند ف۔ وہ منتر جس سے لوگوں کی نظر باندھ دیں +

چشم پوشی ف۔ اغماض۔ گناہ ظاہر نہ کرنا۔ کسی کی خطا سے آنکھ بند کر لینا +

چشم پوشیدن ف۔ اعراض کرنا بے اعتنائی۔ اندھا ہونا۔ اندھا کرنا +

چشم بے آب ف۔ بے حیا بے شرم۔ ڈھیٹ +

چشم بے آب داشتن ف۔ بے حیا ہونا۔ شرم نہ رکھنا +

چشم پیش ف۔ شرمسار۔ منفعل شرمندہ +

چشم ترازو ف۔ ترازو کا پلڑا

چشم چار کردن ف۔ انتظار کھینچنا۔

چشم چیزے ندیدن ف۔ اس امر کی طاقت نہ رکھنا +

چشم حسی ف۔ ظاہری آنکھ +

چشمخانہ ف۔ پپوٹا۔ آنکھ کا گھر۔ آنکھ کا حلقہ جہاں ڈھیلا رہتا +

چشم خروس۔ چشم خروسان ف۔ ایک قسم کا سرخ رنگ دانہ جس کا سر سیاہ ہوتا ہے۔ ہندی میں اسے گھونگچی کہتے ہیں۔ شراب سرخ۔ اور لب سرخ سے بھی مراد ہے +

چشم خوابانیدن ف۔ تغافل کرنا

چشم خوردہ ف۔ وہ شے جسے نظر بد کا اثر پہنچا ہو +

چشم داشت ف۔ امید۔ توقع۔ بھروسہ +

چشم داشتن ف۔ جب یہ لفظ بے صلہ (بنفسہٖ) یا بر صلۂ از واقع ہوتا ہے۔ تو امید رکھنے بھروسہ رکھنے کے معنے دیتا ہے اور جب اسکا صلہ بر واقع ہوتا ہے تو انتظار کرنے۔ راہ تکنے کے معنی میں آتا ہے +

چشم در راہ ف۔ منتظر۔ نگراں +

چشم دریدہ ف۔ شوخ گستاخ بے حیا +

چشم را آب دادن ف۔ مرغوب اور پسندیدہ شے کا ملاحظہ کرنا۔ تماشا دیکھنا +

چشم رسانیدن ف۔ نظر لگانا

چشم رسیدن ف۔ نظر لگنا +

چشم روزن ف۔ آفتاب سے مراد ہے

چشم روشنی ف۔ مبارکباد +

چشم زاغ ف۔ بے حیا۔ دلیر +

چشم زاغ داشتن ف۔ بے حیا اور دلیر ہونا +

چشم زخم ف۔ زخم چشم۔ آزار نظر بد۔ نقصان اور آزار جو نظر بد اثر سے کسی مرغوب پسندیدہ اور خوبصورت شے پر پہنچے +

چشم زد۔ چشم زدن ف۔ طرفۃ العین آنکھ جھپکنے تک کا عرصہ پل +

چشم سفید گشتن ف۔ آنکھوں کا بے نور ہو جانا +

چشم سیاہ کردن۔ چشم سرخ کردن ف۔ طمع کرنا۔ عاشق ہونا۔ غصہ ہونا +

چشم شدن ف۔ ظاہر ہونا۔ روشن ہونا۔ منکشف ہونا +

چشم فرنگی ف۔ عینک +

چشمک ف۔ عینک۔ آنکھ جیسی چھوٹی آنکھ۔ آنکھ سے اشارہ کرنا

چشم کردن ف۔ چشم زخم پہنچانا۔ کسی کو نظر لگانا +

چشم گرم کردن ف۔ نظارہ کرنا دیکھنا۔ تھوڑی دیر سو رہنا +

چشم نمائی ف۔ دھمکانا۔ ڈرانا۔ دھمکی +

چشم نمائی کردن ف۔ ڈرانا دھمکانا +

چشم و چراغ۔ چشم چراغ ف۔ باعث بینائی۔ سرمایۂ بصارت +

چشم فرو داشتن ف۔ حیا کرنا +

چشمہ ف۔ پانی کا سوتا۔ سوئی کا سوراخ +

چشمۂ آتش فشان ف۔ آفتاب

چشمۂ تدبیر ف۔ انسان کا مغز قوت متفکرہ۔ دانشمند اور صاحب تدبیر آدمی +

چشمۂ حیوان۔ چشمۂ خضر ف۔ آب حیات۔ معشوق کا منہ +

چشمہ دار ف۔ حلقہ دار۔ کڑیاں رکھنے والا۔ کڑیاں رکھنے والی زرہ

چشمۂ زرہ۔ ف۔ زرہ کی کڑیاں ٭
چشمۂ روشن۔ ف۔ سورج ٭
چشمہ سار۔ ف۔ وہ جگہ جہاں بہت سے چشمے ہوں ٭
چشمۂ سلسبیل۔ ف۔ بہشت میں ایک چشمہ ہے ٭
چشمۂ سیماب۔ چشمۂ سیماب ریز۔ ف۔ سورج اور چاند سے مراد ہے۔ دن کو بھی کہتے ہیں ٭
چشمۂ نور۔ چشمۂ نور بخش۔ چشمۂ خاور۔ ف۔ سورج ٭
چشیدن۔ ف۔ چکھنا ٭

باب جیم فارسی مع غین معجمہ

چغ۔ ف۔ مدھانی۔ رسی جو عورتوں کے سوت کاتنے کا چرخہ ٭
چغارہ۔ ف۔ بیحیا عورت جو گالیاں دینے والی ہو۔ فحش ٭
چغانہ۔ ف۔ ایک ساز کا نام ہے جسے مطرب لوگ بجاتے ہیں ٭
[illegible] ترک مغلوں کا وہ خاندان [illegible] کی نسل سے

باب جیم فارسی مع فاء

چفت۔ ف۔ وہ لکڑی جس پر انگور یا کدو وغیرہ کی بیل چڑھاتے ہیں ٭
چفت۔ ف۔ تنگ جو فراخ کا نقیض ہے۔ گرتی ہوئی عمارت کے نیچے جو لکڑی رکھی جاتی ہے ٭
چفت۔ ف۔ گھر کے دروازے کی زنجیر۔ کنڈی ٭
چفتہ۔ ف۔ تہمت بہتان لگا۔ ستعد کا سر ٭
چفیدن۔ ف۔ جیسے چسپیدن ٭

باب جیم فارسی مع قاف

چق۔ ف۔ مدھانی۔ دودھ بلونے کی رسی ٭
چقاچاق۔ چقاچق۔ ف۔ تیروں اور تلواروں وغیرہ کے متواتر بدن پر پڑنے کی آواز۔ ہندی کھچا کھچ ٭
چقماق۔ چقمق۔ ف۔ وہ پتھر جس سے آگ نکلتی ہے اور جیسے طعنہ سرزنش ٭
چقندر۔ ف۔ ایک ترکاری کا نام ہے

[illegible] فارسی مع کاف تازی

[illegible] ریت۔ وظیفہ۔ قبالہ
[illegible]
چکاچک۔ تلوار یا [illegible] کی آواز ٭
[illegible] پیشانی کا اوپر والا

چکاد۔ ف۔ مطلق پیشانی۔ پہاڑ کی چوٹی ٭
چکان۔ ف۔ ٹپکتا ہوا ٭
چکانیدن۔ ف۔ ٹپکانا۔ قطرہ قطرہ گرانا ٭
چکاوک۔ ف۔ صاف کی ایک آواز ہے۔ چڑیا سے کچھ بڑا ایک پرندہ بھی ہے۔ جسے ہندی میں مینڈول اور عربی میں قبرہ کہتے ہیں ٭
چکس۔ ف۔ چرخ۔ باز اور شاہین وغیرہ کا نشیمن۔ خجالت۔ و شرمندگی ٭
چکسہ۔ ف۔ کاغذ یا کپڑا جس میں پنساری دوا وغیرہ لپیٹ کر دیتے ہیں۔ پڑیا۔ پنجابی پڑی ٭
چکسیدن۔ ف۔ شرمندہ ہونا۔ شرمندگی اٹھانا ٭
چکش۔ ف۔ ہتوڑا۔ مطرقہ ٭
چگل۔ چگل۔ ف۔ ترکستان کے ایک شہر کا نام ہے۔ جہاں کے باشندے نہایت خوبصورت ہوتے ہیں ٭
چکیار۔ ف۔ قطرہ ٹپکنا۔ پرگند ٭
چکیت۔ موزا ٭
چکیز بک۔ ف۔ ایک مرض ہے۔ جس سے بول قطرہ قطرہ ہو کر نکلتا ہے۔ عربی میں اسے تقطیر البول کہتے ہیں ٭
چکشن۔ کشید۔ دوری۔ تیرہ وزری ٭
چکونگی۔ ف۔ کیفیت۔ حال کس طرح ٭
چکونہ۔ ف۔ کیونکر۔ کس طرح۔ کس طرح ٭
چکیدن۔ ف۔ ٹپکنا ٭
چکیدہ۔ ٹپکا ہوا۔ گرز ٭

چکیدۂ تاک۔ ف۔ انگوری سرخ شراب ٭

باب جیم فارسی مع لام

چل۔ ف۔ جا۔ چلے جاؤ۔ وہ بند جو کسی ندی نالے کے آگے گھاس پھوس اور لکڑی پتھر ڈال کر باندھا جاتا ہے ٭
چل۔ ف۔ ذکر۔ آلہ تناسل ٭
چل۔ ف۔ مخفف چہل کا یعنے چالیس۔ (س۔) کم عقل آدمی ٭
چلپاسہ۔ ف۔ چھپکلی پنجابی میں اسے کرلی کہتے ہیں ٭
چلتہ۔ ف۔ زرہ۔ خفتان ٭
چلغوزہ۔ ف۔ درخت صنوبر کا پھل ٭
چلہ۔ ف۔ چالیس دن جو فقیر لوگ گوشہ میں بیٹھ کر عبادت کرتے ہیں اور ریاضت کھینچتے ہیں۔ اور چالیس دن۔ ف۔ کمان ٭
چلی۔ ف۔ کمیلاول حق۔ بے عقل۔ اور بغیم اول نامردی ٭
چلیپا۔ ف۔ عیسائیوں کی صلیب جس پر انکے اعتقاد کے بموجب جناب مسیح علیہ السلام سولی دئے گئے تھے۔ نصاریٰ لوگ اکثر ایک صلیب سونے یا چاندی کی بنوا کر حضرت مسیح کی مصائب تکالیف کو یاد کرنے کے لئے گردن میں لٹکا لیتے ہیں۔ اسکی شکل ایسی کی چار گوشہ ہوتی ہے صلیب اسی کا معرب ہے
چلیدن۔ ف۔ چلنا ٭

باب جیم فارسی مع میم

چم۔ ف۔ خرام۔ معشوق کی چال۔ پیچ و خم ٭
چمیدن سے امر حاضر کا صیغہ ہے ٭
چماق۔ ف۔ لوہے کا گرز جو شش پہلو

ہو ہاتھ پکڑنے کی لکڑی جس کا ایک سرا
گرہ دار اور مڑا ہوا ہو +
چمان - ف - پیالہ شراب کا اور ناز وغیرہ
سے چلنا - خراماں +
چمانہ - ف - پیالہ شراب کا اور عاشق
کی ٹھوڑی کے گڑھے کی صورت کا جس میں شراب
پیا کرتے ہیں - خراماں +
چمچم - ف - راہ چلتے وقت پاؤں کی آواز +
چمچہ - ف - قاشق - کفچہ - چمچا - کفگیر +
چمراس - ف - کاشتہ - مدرس - کوئی
نقوی آسمانی کتاب کا +
چمش - ف - آنکھ - مشک کی چال
ایک سیاہ دانہ بھی ہے - جو آنکھ کی
دواؤں میں کام آتا ہے +
چمشہ - ف - چشمہ جس سے پانی نکلا ہو اور
چمک - ف - قوت و قدرت چستی اور
[illegible] شان و شوکت
چمگردش - ف - کھیل - بد رنگ +
چمن - ف - باغ - بستان - گلزار - چمن
باغ سبزہ کیاری - باغ کے اندر ایک خاص جگہ
جس میں طرح طرح کے پھول ہوتے ہیں - یہ چمن
باغ کے بیچ میں ہو یعنی تختہ کا خیال
ہے - کر یہ لفظ مجرد سینہ اور کنایت -
چمیدن سے امر اور نون [illegible] سے
مرکب ہے اور سیر کی جگہ [illegible]
خیابان باغ [illegible] فضا میدان +
چمنا - ف - دستہ - گچھہ +
چمناک - ف - چالاک +
چمن آرا - چمن پیرا - چمن طراز - ف - باغبان مالی
چمن کوچی - ف - نام ایک مقام کا ہے +
چمیدن - ف - لچکنا - ناز سے چلنا +

چمین - ف - بول - قارورہ

باب جیم فارسی مع نون

چناب - ف - پنجاب میں ایک مشہور دریا ہے
کی طرزوں میں سے ایک لکڑی کا نام بھی ہے
چنار - چنال - ف - ایک بہت بڑا درخت
ہوتا ہے جس کے پتے انسان کے پنجہ کے مشابہ
ہوتے ہیں اور انکو اسمیں سے خود بخود آگ کی
چنگاریاں نکلتی ہیں [illegible]
ہوتی ہے اور اسپر پھل نہیں لگتا - اور
عورتیں جو مہندی سے ہاتھ اور پیر وغیرہ پر
نقش و نگار کرتی ہیں وہ کو بھی کہتے ہیں +
چنان - ف - اسی مثل - اس کی
اصل چوں آں ہے +
چنانچہ چوں - ف - چنانکہ جیسا کہ +
چنانچہ - ف - جیسا کہ +
چنبانہ - ف - چنبا ایک مشہور پھول ہے
چنبر - ف - چمبر - دائرہ کا محیط - ماتھا طوق گلے کا
ہنسلی اور چرخی [illegible] گرداں رہتا +
چنبر بازی - ف - [illegible]
چنبر چانیدن - ف - بنیرہ پھرانا +
چنبر دوش - ف - گردن کی ہنسلی +
چنبر مینا - ف - آسمان سے مراد ہے +
چنبک - ف - مقناطیس سنگ آہن ربا +
چند - ف - کتنا - کس قدر - کئی [illegible] ہر چند [illegible]
چندال [illegible]
چندان - ف - اس قدر - اتنا [illegible] صندل کا
لکڑی - ملک چین [illegible] ایک مشہور [illegible] ہے +
چندانکہ - ف - جس قدر - جتنا +
چنداول - ف - فوج کی پچھاڑی - وہ
لوگ جو فوج کے پیچھے پیچھے چلتے ہیں +
چند بگاہ - ف - کئی دفعہ - کئی بار +

چندل - چندن - ف - خوشبودار مشہور
لکڑی - پنجابی چین - صندل کا نام [illegible]
چند لاف - کئی [illegible] +
چند مردہ - ف - وہ آدمی جو کئی آدمیوں
کی جگہ کام کرے +
چندے - ف - کچھ مدت - کچھ روز +
چندین - ف - اتنی - اس قدر +
چنگ - ف - پنجہ - منقار +
چنگ - ف - ایک باجہ ہے جسکا سر جھکا
ہوا ٹیڑھا ہوتا ہے سرنگی [illegible] کی طرح کا
اور مانی کی ایک کتاب کا نام بھی ہے -
نگار خانہ مانی اور پنجہ اور چنگل آدمی
جانور کا +
چنگار - ف - خرچنگ ایکڑا - سرطان +
چنگ فشانے خویش نہادن - ف
گلے میں پنجہ رکھنا [illegible]
چنگز - ایک تورانی پہلوان کا نام ہے جو
افراسیاب کی مدد کو آیا تھا رستم نے مار ڈالا
چنگل - چنگال - ف - جانور وغیرہ
کا پنجہ - تیر کا نشانہ +
چنگ مریم - ف - دیکھو پنجہ مریم +
چنگ نواز چنگی - ف - چنگ بجانے والا -
چنگیز - ف - [illegible] زبان میں [illegible]
کو کہتے ہیں [illegible] آسمانی
وغیرہ کی نسبت بھی [illegible]
چنگیز خان - ف - [illegible]
عظیم الشان بادشاہ [illegible]
[illegible]
چنے [illegible] وغیرہ
اور [illegible]
چنگیز [illegible]

چنو - ف - بمعنی [illegible] کی طرح [illegible] کی
چنی - ف - بمعنی [illegible] چوبدار
سے سر [illegible] ہے +
چنین - چونین - ف - [illegible] ایسا
ہے - ایسا - ایسی بات +

باب جیم فارسی مع واؤ

چو - ف - جب - مانند - مثل - وقت +
چو او خود یکے در یک انگشت
[illegible]
چوب - ف - لکڑی +
چوپا - ف - تھوڑی [illegible] بیل - چم +
چوبدار - ف - نوکر جو چاندی یا سونے کی
لکڑی لے کر آگے چلتے ہیں +
چوب قلعی - ف - لکڑی [illegible]
کے پاس ہوتی ہے - پنجابی [illegible]
چوبک +
چوب دست - چوب دستی - ف - ہاتھ
کی لکڑی - عصا - لاٹھی +
چوپان - ف - گڈریا [illegible]
چرانے والا [illegible]

چوبہ۔ ف۔ تیر۔ گرز۔ لاٹھی ۔

چوبین۔ چوبینک۔ چوبینہ۔ ف۔ لکڑی کا منسوب بہ چوب۔ مشرپاک کرنیکا سرخ رومال جو سر پر باندھتے ہیں۔ اور لقب بہرام کا بھی ہے ۔

چوترہ۔ ف۔ جسے غلطی سے چبوترہ کہتے ہیں ۔

چوزہ۔ ف۔ مرغی کا بچہ ۔

چوگان۔ ف۔ کھیل۔ بلا۔ ایک ڈنڈا جو سر پر سے کج ہو مرکب بہ چو ل ومعنے خمیدہ) اور گان ولکڑی۔ نسبت ہے معرب اسکا صولجان ہے ۔

چوگان رزم۔ چوگان ززب۔ تلوار سے مراد ہے ۔

چوگان سنبل۔ ف۔ زلف معشوق کو کہا ہے ۔

چوگانی۔ ف۔ وہ گھوڑا جو چوگان بازی میں خوب دوڑے ۔

چوکیدار۔ ف۔ نگہبان۔ پاسبان۔ پہرہ دار ۔

چولرٹ۔ ترکوں کی ایک قوم کا نام ہے ۔

…ون۔ ف۔ مانند۔ اگر ۔

…ودر گودن۔ ف۔ ثابت … خمے رہنا ۔

چہار۔ ف۔ م۔ ملعدد۔ اربعہ۔ ۴ ۔

چہار آخشیج۔ چہار بسیط۔ چہار حمال۔ چہار عنصر۔ چہار عیال۔ چہار نقطہ۔ ف۔ اربعہ عناصر سے مراد ہے ۔

چہار ارکان۔ چہار اقران۔ چہار آئین۔ چہار طاق۔ ف۔ ساری جو ایک قسم کا خیمہ ہے ۔

چہار اقلیم۔ ہند۔ ف۔ کل ہندوستان سے مراد ہے۔ کیونکہ چار اقلیموں میں واقع ہے ۔

چہار باد۔ ف۔ یہ چار ہوائیں ہیں۔ پُروا (صبا) پچھوا (دبور) اور جنوب اور شمال کی ہوائیں ۔

چہار بالش۔ چہار بالشت۔ ف۔ اس کے چار معنے ہیں۔ اول تخت۔ دوم اربعہ عناصر۔ سوم دنیا و عالم۔ چہارم۔ جہات اربعہ یعنی مشرق۔ مغرب۔ شمال۔ جنوب ۔

چہار تارہ۔ ف۔ ایک ساز کا نام ہے ۔

چہار دانگ۔ ف۔ دیکھو چار دانگ ۔

چہار دریچہ۔ ف۔ کان۔ آنکھ۔ ناک۔ منہ ۔

چہار دہ۔ ف۔ چودہ۔ ہم ا۔ اسرنست۔ ۱۴ ۔

چہار دہم۔ ف۔ چودھواں۔ $\frac{1}{14}$ ۔

چہار دیوار جہان۔ ف۔ جہان کی چار طرفیں۔ عناصر اربعہ ۔

…رکن۔ ف۔ چار شانی۔ یہانی۔ … اسود۔ اور یہ چاروں کعبہ کے رکن ہیں ۔

…غی۔ وہ شخص جو ایک بات … کے اور کبھی کچھ ۔

… اب۔ چار پہلو چیز جو … مشرق و مغرب ۔

… ادن ۔

…ی خشکی۔ تری

… گھوڑا …

چہار گانہ۔ ف۔ چار۔ اربع ۔

چہار کرگس۔ ف۔ چہار عنصر۔ شداد۔ یا کاؤس کا تخت ۔

چہار گلشن۔ ف۔ جہان کی چار حدیں۔ اربعہ عناصر ۔

چہارم۔ ف۔ چوتھا۔ چو۔ $\frac{1}{4}$ ۔

چہارم منظر۔ چوتھا آسمان جس پر آفتاب ہے ۔

چہار موجہ۔ گرداب۔ بھنور ۔

چہار میخ حیات۔ ف۔ چاروں عنصر ۔

چہار میر۔ چہار یار۔ ف۔ حضرت رسول خدؐا کے چاروں خلیفے۔ ابوبکرؓ۔ عمرؓ۔ عثمانؓ علیؓ رضوان اللہ علیہم اجمعین ۔

چہ بچہ۔ ف۔ کنویں کی طرح ایک گڑھا جو خراب پانی کے جمع ہونیکے واسطے بناتے ہیں ۔

چہ باشد چہ نباشد۔ ف۔ ہونا نہونا برابر ہے ۔

چہ بلا ست۔ ف۔ تعجب کے موقعہ پر بولا جاتا ہے ۔

چہ بیژن۔ ف۔ وہ کنواں جس میں بیژن کو افراسیاب نے قید کر دیا تھا ۔

چہ توان کرد۔ ف۔ بے اختیاری کے موقعہ پر بولا جاتا ہے ۔

چہ جان دارد۔ ف۔ کیا قدرت رکھتا ہے اُسے کیا طاقت ہے ۔

چہچہہ۔ ف۔ آواز بلبل کی ۔

چہ حالت میکشد۔ ف۔ کیا دکھ درد کھینچتا ہے ۔

چہ دماغ دارد۔ چہ خبر سر دارد۔ یا فلانے چہ سر دارد۔ ف۔ کیا خیال رکھتا ہے۔ اُسکا کیا منظور ہے ۔

چہرعن۔ رو۔ ف۔ چہرہ۔ اصل۔ ذات ۔

چہرآزاد۔ ف۔ بہمن کی لڑکی کا نام ہے جس نے اپنے مذہب کی اجازت کے موجب بہمن نے نکاح کیا تھا اور داراب اسیکا بیٹا

ہے۔ اسی کو چہرزاد بھی کہتے ہیں۔ اسفندیار کی لڑکی کا نام بھی ہے ۔

چہرہ۔ ف۔ صورت۔ مُنہ۔ مجازاً پیشانی ماتھا ۔

چہرہ پیرا۔ ازچہرہ کشا۔ ف۔ صورت صورتگر ۔

چہرہ پرداز جہان۔ ف۔ آفتاب مراد ہے ۔

چہرہ شہیز۔ ف۔ روشن۔ تجلا۔ مصفا ۔

چہرہ شدن و گردیدن۔ ف۔ مقابل ہونا حریف ہونا۔ لڑنے جھگڑنے کو اُٹھ کھڑا ہونا ۔

چہرہ کشائی۔ ف۔ نقاشی۔ صورتگری۔ مصوری ۔

چہرہ مالیدن۔ ف۔ عجز کرنا۔ فروتنی کرنی ۔

چہ زند۔ ف۔ کیا کر سکتا ہے ۔

چہ زہرہ۔ ف۔ سیج۔ سیلا جو زہرہ کی بہو طا کی جگہ ہے ۔

چہ قیامت ست۔ ف۔ تعجب کے مقام پر بولا جاتا ہے ۔

چہ گل شگفت۔ چہ گل شگفتہ۔ ف۔ کوئی عجیب کام ظہور میں آیا ہے۔ کیا عجیب بات ظاہر ہوئی۔ کیا چاند چڑھا

چہل تنان۔ ف۔ ابدال کا ایک گروہ ہے کہ جنکے وجود سے خدا تعالیٰ جہان کو قائم رکھتا ہے ۔

چہ مہ کرد کہ او خواہد کرد۔ ف۔ یہ فقرہ وہاں بولا جاتا ہے۔ جہاں کوئی ایسا کام کرنے لگے۔ جو اس سے بڑے بھی نہ کر سکیں ۔

باب جیم فارسی مع یائے تحتانی

چی۔ ف۔ مخفف چیز کا اور ترکی میں کلمہ نسبت کا ہے۔ جیسے نشانچی۔ کھنگ۔ پالانچی وغیرہ ۔

چیچک۔ ف۔ پھپھولا۔ آبلہ۔ اور سیتلا نام ایک مشہور بیماری کا ہے ۔

چیدن - ف - چننا۔ چگنا ٭

چیرہ - ف - غالب ہونا۔ غلبہ پانا۔ فتح پانی

طالع - دلیر۔ غالب۔ ... بہرہ نصیب ٭

چیرہ - ف - غالب ہونا۔ غلبہ پانا ٭

چیرہ بند - ف - رنگین اور منقش پگڑی باندھنے والا۔ بانکا آدمی ٭

چیرہ دست - ف - غالب۔ سرکش ٭

چیرہ دستی - ف - غلبہ۔ زبردستی۔ سرکشی۔ قوت۔ قدرت ٭

چیرہ زبان - ف - نرمی سے گفتگو کرنیوالا نرم گفتار ٭

چیز - ف - موجود۔ کوئی شے۔ شے۔ کچھ ٭

چیز بیز - ف - گھٹیا۔ ... کمینا مال

چیز میز - ف - ... تھیلی۔ ...

چیزے بر چیزے دوختن - ف - ... کرنا۔ منصوبہ کرنا ٭

چیزے بر چیزے افگندن - ف - ... ایک شے کو دوسری شے پر ٭

چیست - ف - کیا ہے ٭

چیستان - ف - پہیلی۔ معمہ۔ اغلوطہ جس کی حقیقت نہ معلوم ہو ٭

چیک سا چیک - ف - آواز مرغان ٭

چیلہ - ف - ... بھول ... ٭

چین - ف - شکن۔ بل۔ نام ملک ایشیا میں ایک مشہور ملک ہے جو ساری دنیا کے ملکوں سے زیادہ آباد ہے چنانچہ اسکی آبادی ۵۴ کروڑ ... آدمی کی ہے ... مذہب ... کا بدھ ہے ... مشہور ہے پیکن اسکا دار السلطنت ہے ٭

چین برابرو افگندن۔ چین برابرو کشیدن۔ چین برابرو زدن۔ چین بر جبین زدن۔ چین بر چہرہ زدن۔ چین بر پیشانی زدن

ف - بوڑھا ہو جانا۔ تیوری پر بل ڈالنے تیوری چڑھانا۔ منہ بنانا۔ ناخوش ہونا بے دماغ ہونا۔ غصہ آنا۔ ... ہونا ٭

چین بر شدن - ف - بل ڈال دینے تیوری چڑھانا۔ بر چین ہونا۔ ... ٭

چینہ - ف - ... ٭

چینہ دان - ف - مرغ کا پوٹہ ٭

چینی - ف - چین کی کھانڈ اور شکر سفید ٭

باب حائے حطی

باب حائے حطی مع الالف

حاتم - ع - ایک مشہور سخی کا نام ہے جو عبداللہ بن سعد کا بیٹا تھا۔ اور عرب کے قبیلہ طے میں سے ہونیکے باعث حاتم طائی ... کہلایا ہے ٭

حاتم اصم - ع - ایک ولی کامل کا نام ہے جو زمانہ کی حالت ملاحظہ دیکھ کر بہرے ہو گئے تھے۔ ملک خراسان کے رہنے والے تھے ۲۳۷ھ میں انہوں نے وفات پائی ٭

حاجب - ع - دربان۔ پردہ کرنیوالا۔ پردہ دار۔ چوبدار۔ ابرو ٭

حاجبان - ف - جمع ہے حاجب کی ٭

حاجب بارگاہ جبرائیل سے مراد ہے ٭

حاجت - ع - ضرورت۔ خواہش ٭

حاجت خواہ۔ حاجتمند۔ حاجتہ مند ف - خواہش مند۔ محتاج ٭

حاجز - ع - مانع۔ روک۔ درمیان دو چیزوں کے جو حائل ہو۔ مکہ کی راہ میں ایک منزل ہے ٭

حاجی - ع - حاج - حج کرنیوالا۔ اور حاج حاجی کی جمع بھی ہے ٭

حاجیہ - ع - حج کرنے والی عورت ٭

حاد - ع - تیز۔ تند ٭

حادث - ع - نیا پیدا ہونیوالا۔ فنا ہونیوالا ... پانیوالا۔ نئی پیدا شدہ شے۔ خلاف قدیم کے ٭

حادثہ - ع - نو پیدا۔ نئی پیدا ہوئی بات واقعہ۔ مصیبت۔ زمانہ کی گردش ٭

حاذق - ع - ... ۔ استاد کسی کام کا استاد ٭

حار - ع - گرم۔ اور گرمی کرنیوالا ٭

حارث - ع - شیر درندہ۔ ... کھیتوں والا کسان۔ لوگوں کا نام بھی ہوتا ہے ٭

حارس - ع - نگہبان۔ پاسبان۔ حراست کرنیوالا

حارص - ع - حرص کرنیوالا۔ لالچی ٭

حارہ - ع - کھیت۔ کشت زار ٭

حازم - ع - دانا۔ اور ہوشیار۔ دور اندیش پیش بین۔ دستور ٭

حاسد - ع - حسد کرنیوالا۔ جلنے اور کڑھنے والا۔ کسی کی نعمت کے چھن جانیکا انتظار کرنیوالا

حاسر - ... کے ... جوابات ...

حاسہ - ع - ادراک کرنے والی ... کرنے والی۔ جیسے قوت سامعہ ... لامسہ۔ ذائقہ۔ شامہ ...

حاشا - ع - دور ...

حاشا للہ ... تم۔ حاشا ... پاک ہے خدا ... کراس کام ...

ہرگز نہیں۔ یہ کلمے کسی کام سے انکار کرنے کے وقت قسم کے طور پر بولے جاتے ہیں ٭

حاشیہ - ع - کنارہ۔ گوٹ۔ ... شرح جو کسی متن کی ... ہے شرح کی شرح کو بھی حاشیہ کہتے ہیں ٭

حاشیہ قدیمہ - ف - نصیر الدین طوسی نے عقائد شیعہ میں ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام تجرید ہے اور علامہ قوشجی نے اسکی شرح لکھی ہے۔ اس پر جو حاشیہ محقق دوانی نے لکھا ہے اسے حاشیہ قدیمہ کہتے ہیں ٭

حاشیہ نشین - ف - پاس بیٹھنے والے لوگ کسی امیر یا بادشاہ کے مصاحب ٭
راک ف جنگلی گوسفند ۔ قدح ۔ پانی پینے کا کاسہ ۔ سوئی کا تاگا ۔
راکارہ ف بدکار عورت ۔ فاحشہ ۔
راکب ع سوار ۔
راکد ع کھڑا پانی جو بہتا نہ ہو مطلق ساکن ۔
راکع ع جھکنے والا ۔ خدا کے سامنے خشوع کے ساتھ رکوع کرکے جھکنے والا ۔ رکوع کرنے والا ۔
رام ف تابعدار ۔ مطیع ۔ فرمانبردار ۔ رواں رونده ۔ آرام ۔ طاقت ہر شمسی مہینے کا اکیسواں دن ۔ ایک فرشتہ کا نام بھی ہے جو آرام کے کاموں اور مصالح اور امور مردم پر موکل ہے ۔ چنگ کے موجد کا نام بھی ہے ہندوؤں کے مشہور اوتار راجہ رامچندر جی کو بھی اختصاراً کہتے ہیں جنہوں نے ہنومان اور راکھشوں کی مدد سے راجہ راون پر فتح پائی ۔ سیتا مشہور پاکدامن عورت انہیں کی بیوی تھی ۔ ہندی میں رام خدا تعالیٰ کا نام بھی ہے ۔
رامح ع نیزہ بردار نیزہ مارنے والا ۔
رامش ف نغمہ ۔ سرود ۔ راگ ۔ خوشی ۔ شادی ۔ آرام ۔ سکون ۔
رامش گاہ ف رامشگہ ۔ آرام کرنیکی جگہ ناچ رنگ کا محل ۔ بزم ۔ مجلس ۔
رامشگر ۔ رامشی ف مطرب ۔ مغنی ۔ گویا گانے بجانے والا ۔
رامی ع تیر انداز ۔ تیر مارنیوالا ۔ تہمت لگانیوالا
رامی ۔ رامین ۔ رامینہ ف ویس کے عاشق کا نام ہے چنگ کے موجد کا نام بھی ہے ۔

ران ف جانگھ ۔ ران ۔
رانای ۔ رانائی ہن معنی اتاربہ ۔ ہند کے بعض ممالک واقع راجپوتانہ کے راجاؤں کا لقب بھی ہے ۔
ران افشردن ف گھوڑے پر ران گھوڑے کو تیز کرنا ۔
راندن ف ہانکنا ۔ چلانا ۔ دور کرنا ۔
ران گشادن ف سوار ہونا ۔ راہ جن عیب ظاہر کرنا ۔ منکشف ہونے والا ۔
رانین ف شلوار ۔
راوت ہ بہادر ۔ مہتر ۔
راوغ ع فریبی ۔ مکار ۔ حیلہ گر ۔
راووق ع مخفف راووق شراب ناب کا نچوڑ
راوی ع روایت کرنیوالا ۔ کہانی کہنے والا سیراب ہونے ۔ بادشاہ کے کئی قصبہ آوازی سے پہنچنے والا ۔
راوند ف اسکا الٹا ہے ریوند جو مشہور دوائی ہے
راویہ ع پانی اٹھانے والا اونٹ ۔ مشک کا ظرف جس میں پانی ہو ۔
راہ ف رستہ ۔ دفعہ ۔ بار ۔ مرتبہ ۔ قاعدہ ۔ قانون
راہ از پیش پائے برداشتن ف دشمن اور مزاحم چھوڑ دینا عبرت پکڑنا ۔
راہ افتادن ف ڈاکہ پڑنا ۔ رستہ کا نقصان پہنچنا ۔
راہ آموز ف اُستاد ۔ راہنما ۔
راہ انجام ف ختم ہونا سفر ختم ہونا ۔
کا مرکب ۔ تیز رو ۔ پیک ۔ ڈاک کا ہرکارہ ۔
راہ آوارہ ۔ راہ آورد ف سوغات تحفہ جو کسی کیواسطے سفر سے لائیں ۔
راہب ع تارک دنیا ۔ ترسا ۔ نصرانی زاہد عابد ۔
راہ باریک ف تنگ رستہ ۔

راہ بازگوشہ نوردن ف۔ دشوار گذار رستہ
جہاں سے بمشکل گذر سکیں ٭
راہ بہ بست آمدن ف۔ رستہ بند ہوجانا
راہ بجائے بردن۔ راہ بجائے
داشتن ف۔ کچھ فائدہ اٹھانا۔ کامیاب ہونا
راہبر ف۔ راہ بتانے والا ٭
راہ بر آوردن بچہرے ف۔ رستہ کا
دیکھنا۔ چہرہ وغیرہ کے ساتھ بند کر دینا ٭
راہ بردن ف۔ رستہ پانا۔ دریافت کرلینا
راہ بر گرفتن ف۔ رستہ لینا۔ چل دینا ٭
راہ بر کشادن۔ ف۔ رستہ دینا۔
مجازاً تعظیم و تکریم کرنی ٭
راہ بریدن ف۔ سفر کرنا۔ رستہ چلنا۔
کسی کے کام میں مایوس ہونا ٭
راہ بریدہ ف۔ وہ رستہ جس پر لوگوں
کے خوف سے آمد و رفت نہ کریں ٭
راہ بستن ف۔ رستہ بند کر دینا ٭
راہب عسلی ع۔ مقبول خلق راہب یعنی وہ
راہب جو بطور علامت زرد کپڑے پہنا کرتا ہے
راہ پندار ف۔ راہزن۔ چور ٭
راہبہ ع۔ خوفناک حالت ٭
راہ پیش گذاشتن ف۔ رہنمائی کرنا ٭
راہ پیش گرفتن ف۔ رستہ لینا۔ چل
دینا ٭
راہ جامہ دران۔ راہ خار کش
راہ خار کن۔ راہ خسروانی ف
یہ چاروں موسیقی کے مختلف نوا ہیں ٭
راہ دادن ف۔ رستہ دینا۔ اجازت دینا
منظور کرنا۔ کسی کام میں رضامند ہونا ٭
راہدار ف۔ راہ کا نگہبان۔ سڑک کا
چوکیدار۔ چور کو بھی کہتے ہیں ٭

راہداری ف۔ وہ محصول جو رستوں اور
گذرگاہوں میں بٹھایا جائے چنگی محصول ٭
راہ زدن ف۔ سرود کرنا ٭
راہزن ف۔ چور۔ دزد۔ مسافر کو رستہ
میں لوٹنے والا۔ مجازاً سرود کہنے والا۔
مطرب۔ گویا راہزنی کرنے پر مامور ہے ٭
راہزنی ف۔ مسافر کو لوٹنا۔ گمراہ کرنا۔ مجازاً گانا ٭
راہ سپردن ف۔ رستہ چلنا۔ روانہ ہونا ٭
راہ سخن بستن ف۔ بات کرنے کی
طاقت نہ ہونی۔ زبان بند ہو جانی ٭
راہ سنج ف۔ راہبرد ٭
راہ صواب گرفتن ف۔ سیدھا رستہ لینا۔ نیک چلنی
راہ فرمان سپردن ف۔ فرمانبرداری کرنی
راہ گان ف۔ دیکھو رائگان ٭
راہ گرفتن ف۔ رستہ چلنا۔ راہ لینا ٭
راہ گستر ف۔ سواری کا جانور جو تیز رو ہو مرکب
راہمن ف۔ کسی چیز کا گرد رکھنے والا ٭
راہ نشین۔ راہ نوردن۔ گدا گر ٭
بے خانماں۔ قاصد۔ مسافر جو پیادہ چلے ٭
راہ نما ف۔ راہ دکھلانے والا ٭
راہ نوردیدن۔ راہ نوشتن ف
رستہ چلنا۔ مسافت طے کرنا ٭
راہوی ف۔ موسیقی کے بارہ مقاموں
میں سے ایک مقام کا نام ہے ٭
راہی ف۔ مسافر۔ راہ چلنے والا ٭
راہی شدن ف۔ روانہ ہونا۔ رستہ لینا ٭
رائے ع۔ عقل۔ تجویز۔ تدبیر۔ خیال۔ دانائی۔
فارسی میں بمعنی راجہ بھی ہے راجاؤں کا لقب ہے ٭
رایات ع۔ جمع رایت کی جھنڈے۔ نیزے ٭
رائے العین ع۔ آنکھ دیکھی بات جو
روبرو گذری ہو ٭

رایت ع۔ نیزہ۔ لشکر کا علم ٭
رایت فریدن۔ رایت کاویان
ف۔ درفش کاویانی ٭
رائج ع۔ جاری۔ جو شے چلتی ہوئی۔ رواج پاتی
رائحہ ع۔ بو۔ خوشبو
رائد ع۔ ہاتھ سے پیسنے کی چکی۔ وہ آدمی
جو آب و علف کیواسطے بھیجا جائے ٭
رائے زن ع۔ صلاح کار۔ تجربہ کار۔ دانا۔ ہوشمند
رائض ع۔ چابک سوار ٭
رائق ع۔ جاری اور صاف پانی و لطیف شے
رائگان۔ رائگانی ف۔ مفت بے محنت
وہ چیز جو رستے میں گری ہوئی ملجائے اصل
میں یہ لفظ راہگان تھا بمعنی۔ آسان ٭
رائگان خوار ف۔ مفت خور۔ طفیلی ٭

رائے مہملہ مع بائے موحدہ

ربّ ع۔ پروردگار۔ پالنے والا پرورش
کرنے والا۔ مربی۔ خدائے تعالیٰ ٭
رُبّ ع۔ انگور۔ انار۔ سیب وغیرہ کا
پانی جو پکا کر غلیظ کیا جائے ٭
رُبَّ ع۔ اکثر۔ بعض وقت کبھی بہت تھوڑا
رُبایندہ ف۔ لیجانے والا ٭
ربا ع۔ بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔ سود۔ بیاج ٭
رُباب ف۔ نام ایک ساز کا ہے ٭
بالفتح اس کا معرب ہے ٭
رَباب ع۔ ایک مشہور ساز کا نام ہے
سپید بادل۔ نام معشوقہ جس کا عاشق
رہ رو تھا۔ مکہ معظمہ کے پاس ایک گاؤں
ہے۔ ایک پہاڑ کا نام بھی ہے ٭
رَباح ع۔ جناب رسول خدا کا ایک
غلام تھا ٭

رباخوار ف۔ بیاج لینے والا۔ سود خوار ٭
رباط ع۔ سرائے۔ مسافر خانہ۔ ہوٹل ٭
رباعی ع۔ سات برس کا اونٹ۔ چار
برس کی گائے اور گھوڑا اور بکری چار ماہ کی ٭
رُباعی ع۔ چار مصرعے کے دو شعر جنہیں
پہلے اور دوسرے اور چوتھے مصرع کا
ہم قافیہ ہونا ضروری ہے اور تیسرا بھی
ہو تو جائز ہے۔ رُباعی کے لئے ۲۴ وزن
مخصوص ہیں اور بحر ہزج ہی میں کہی جاتی
ہے دوسرے بحر میں کہنی درست نہیں ان کے
معروف کے وزن قریب قریب ان مصرعوں کے
ہوتے ہیں لاحول ولا قوۃ الا باللہ ٭
رباعیات ع۔ جمع ہے مابعد کی ثنایا
اور انیاب کے درمیان کے چار دانت
ربُّ الارباب ع۔ تمام پرورش کرنے
والوں کا پروردگار۔ خدائے تعالیٰ ٭
ربُّ النوع ع۔ مخلوقات کی ہر نوع
کی پرورش کیواسطے جو فرشتے مقرر ہیں
ان میں سے ہر ایک کو رب النوع کہتے ہیں
رَبّانی ع۔ منسوب بہ رب ٭
ربائیدن ف۔ اچک کر لے جانا ٭
ربح ع۔ نفع۔ سود۔ فائدہ جو تجارت میں ہوتا ہے
ربض ع۔ شہر پناہ کی دیوار۔ قلعہ کا گرد و
عورت۔ گھر کی عورتیں۔ زوجہ۔ ماں بہن وغیرہ
ربط ع۔ باندھنا۔ لگاؤ۔ تعلق۔ میل جول ٭
رُبع ع۔ چوتھائی $\frac{1}{4}$ ¼ اصطرلاب
کی طرح ایک آلہ ہے جس سے آفتاب کا
ارتفاع معلوم کرتے ہیں ٭
ربع ع۔ منزل۔ محلہ۔ سرائے۔ گھر ٭
ربع شداد ع۔ باغ ارم سے مراد ہے ٭
ربع مسکون ع۔ زمین کی آباد چوتھائی

کل کرۂ ارض کی تہ سمندر سے گھری ہوئی
ہے اور پانچ خشک زمین ہے۔ جو انسان
سے آباد ہے۔ ہفت اقلیم ۔
رابقہ ع۔ رسّی کا حلقہ۔ رسّی ۔
ربّنا ع۔ اے ہمارے رب ۔
ربوہ ع۔ کرۂ زمین جو ایک مشہور پہاڑی ہے ۔
ربوبیت ع۔ پروردگاری۔ خداوندی۔ خدائی
ربودن ف۔ اچک لینا۔ زور سے چھین لینا ۔
ربوۃ ع۔ ٹیلہ۔ اونچی زمین۔ ٹیلہ۔ بیت المقدس
سے بھی مراد ہے جو ایک ٹیلے پر واقع ہے ۔
ربیب ع۔ پالا ہوا لڑکا۔ پہلے خاوند کی
پشت سے۔ سوتیلا بچہ ۔
ربیبہ ع۔ وہ لڑکی جو اگلے خاوند کی پشت
سے ہو اور دوسرے شخص کے گھر میں پرورش پائے ۔
ربیع ع۔ بہار کا موسم۔ جیسا کہ اہل عجم
عرب کے ایک مہینے کا نام ہے ۔
ربیع الآخر ع۔ مسلمانوں کا چوتھا قمری
مہینہ۔ نام رکھنے کے وقت چونکہ یہ مہینہ
موسم بہار کے آغاز میں آیا۔ اس واسطے
اس کا یہ نام ہوا ۔
ربیع الاول ع۔ مسلمانوں کا تیسرا قمری
مہینہ۔ نام رکھنے کے وقت یہ … بہار کی
ابتدا میں … اس کا یہ نام …

رائے مہملہ مع تائے

رتبہ ع۔ … درجہ …
رتبہ ع۔ درجہ۔ مرتبہ ۔
رتق ع۔ باندھنا۔ بند کرنا ۔
رتق و فتق ع۔ باندھنا اور کھولنا
ضبط و انتظام سے مراد ہے ۔
رتم ع۔ وہ دھاگا جو یاد داشت کے لئے

انگلی کو باندھ لیں فارسی میں اُسے یاد آور کہتے ہیں
رتوب ع۔ ساکن اور ثابت ہونا ۔

رائے مہملہ مع ثائے مثلثہ

رثّ ع۔ پرانا۔ کہنہ۔ بدحالی ۔

رائے مہملہ مع جیم تازی

رجا ع۔ (بلا ہمزہ) طرف۔ جانب۔ کنارہ
ارجا اسی کی جمع ہے ۔
رجاحت ع۔ تقاضے کی آرزو ۔
رجال ع۔ جمع ہے رجل کی ۔
رجال دولت ع۔ امرائے سلطنت
رجا ع۔ امید۔ بھروسہ۔ امید رکھنا ۔
رجب ع۔ مسلمانوں کا ساتواں قمری مہینہ
بہشت میں ایک نہر بھی ہے جس کا پانی برف
سے زیادہ سفید اور شہد سے میٹھا ہے۔
حدیث میں آیا ہے کہ اس نہر کا پانی ان
لوگوں کو نصیب ہوگا جو اس مہینے میں روزہ رکھتے ہیں ۔
رجحان ع۔ فوقیت۔ غلبہ۔ زیادتی ۔
رجز ع۔ شعر کے ۱۹ بحروں میں سے ایک
بحر کا نام ہے۔ اس کا وزن مستفعلن
ہے۔ لغوی معنی رجز کے اضطراب … ہیں
چونکہ اہل عرب کے اکثر اشعار رجز کو جنگ میں
گاتے ہیں اسی بحر میں ہوتے ہیں اور ایسے
وقتوں میں آواز … حرکات بیچ …
ہیں۔ اس واسطے اس سے موسوم ہوا۔ بعض
لوگ کہتے ہیں کہ رجز اس … کو کہتے ہیں
جو حرکت کے بعد ساکن ہو جائے چونکہ اس
بحر میں بھی ارکان کے پہلے دو سبب خفیف
ہیں اور حرکت کے بعد سکون … اس سبب
سے یہ نام رکھا گیا۔ خسرو …

اے چہرۂ زیبائے تو رشک بتان آزری
ہرچند وصفت می کنم در حسن زاں زیباتری ۔
رجز ع۔ پلیدی۔ عذاب۔ شرک ۔
رجس ع۔ پلیدی۔ گناہ کی سزا جو گنہگار کو دی جائے
رجع ع۔ لوٹنا۔ پھرنا۔ واپس ہونا ۔
رجعت ع۔ بازگشت۔ پھر کر وہی کام کرنا
مرتد۔ اور بازگشت مرد کی عورت مطلقہ کی طرف
رجعت القہقرے ع۔ ایڑیوں کی
طرف چلنا۔ اور پچھلے پاؤں چلنا ۔
رجعی ع۔ وہ طلاق جس میں خاوند عورت
کو پھر اپنے نکاح میں لا سکتا ہے ۔
رجف۔ رجفہ ع۔ زمین وغیرہ کا لرزنا۔ زلزلہ
رجل ع۔ بالغ مرد ۔
رجل ع۔ پیر۔ پاؤں۔ پا ۔
رجل ع۔ پیادہ مرد ۔
رجل ع۔ ایسے بال جو نہ گھونگریالے ہوں …
رجلہ ع۔ خرفہ کا ساگ ۔
رجم ع۔ پتھر مارنا۔ سنگسار کرنا۔ نفرین
کرنا۔ دور کرنا۔ رد کرنا۔ گالی دینا ۔
رجم شیاطین ع۔ شیاطین کا دور کرنا
شیاطین جو چھپکے سے آسمانی باتیں سننے
جاتے ہیں۔ ان کا ستاروں کی روشنی سے … آگ
نکلتی ہے۔ اس سے مار پڑتی ہے حکماء کے نزدیک
وہ بخارات ہیں جو کرۂ ناری میں جلتے ہیں ۔
رجوع ع۔ لوٹنا۔ پھرنا۔ بازگشت۔ توجہ کرنا ۔
رجولت۔ رجولیت ع۔ مردی۔ مرد ہونا ۔
رجوم ع۔ تارے جن سے آگ دے کر
شیاطین پر پھینکے جاتے ہیں۔ جمع رجم …
رجیع ع۔ … جو … کا
گوبر۔ جگالی۔ …
رجیم ع۔ سنگسار کیا گیا۔ … لعنتی …

رائے مہملہ مع حائے حطی

رحا۔ رحے ع۔ آسیا۔ چکی ۔
رحال ع۔ جمع ہے رحل کی۔ …
رحبہ ع۔ فراخ زمین۔ مسجد کا صحن …
رحل ع۔ مسکن۔ منزل۔ اسباب … کا
پالان۔ رحل پر قرآن مجید رکھ کر پڑھتے ہیں
رحل اقامت انداختن ف۔
فروکش ہونا۔ اتر پڑنا ۔
رحلت ع۔ کوچ۔ کوچ کرنا۔ … مرنا
رحم ف۔ مہربانی کرنا۔ ترس کھانا ۔
رحم۔ رحِم ع۔ عورت کا بچہ دان ۔
رحما ع۔ جمع ہے رحیم کی ۔
رحمان ع۔ مہربانی کرنے والا۔ علاوہ
اس معنی کا … لفظ اللہ کے …
کے سوا غیر پر جائز نہیں ۔
رحمت ع۔ مہربانی۔ دیا ۔
رحیض ع۔ … چیز ۔
رحیق ع۔ خالص و صاف شراب ۔
رحیل ع۔ کوچ ۔
رحیم ع۔ رحم کرنے والا۔ مہربان ۔

رائے مہملہ مع خائے معجمہ

رخ ف۔ … رخنہ۔ …
رخ ف۔ منہ۔ رو۔ چہرہ۔ رخسار۔ شطرنج
کے ایک مہرے کا نام بھی ہے۔ … طرف
جانب۔ …
رخا ع۔ نرمی و سستی و فراخی۔ …
رخاوت ع۔ سستی ۔
رخام ع۔ سنگ سفید اور …
مرمر … اول قسم …

اس کو الیاس خضر کہتے ہیں ٭
رَخت ف - اسباب - سامان - درست غم و غصہ - ایک مرد کی خوراک ٭
رخت از جہاں بردن ف - مرنا ٭
رخت افگندن در جائے ف - ٹھیرنا - اقامت کرنا ٭
رخت بر خر بستن ف - گٹھڑی اسباب باندھنا - روانہ ہونے اور سفر کرنے سے مراد ہے ٭
رخت بر بستن ف - سفر کرنا - مرنا ٭
رخت بر داشتن ف - اسباب اٹھانا - سفر کرنا - روانہ ہونا ٭
رخت بر در افگندن و نہادن ٭
رخت بر صحرا نہادن - رخت بصحرا کشیدن ف - صحرا میں جانا یا سفر کرنا - مرنا ٭
رخت بزیر زمین کشیدن ف - مرنا - دفن ہونا ٭
رخت بستن ف - سفر کرنا - مرنا ٭
رخت بیرون بردن ف - مرنا ٭
رخت بیروں ریختن و زدن و کشیدن ف - باہر نکل جانا ٭
رخت کش ف - مسافر ٭
رخت نہادن و کشادن در جائے ف - ٹھیرنا - مقیم ہونا ٭
رَخش ف - سفید و سرخ ملا ہوا رنگ - چونکہ رستم کے گھوڑے کا یہی رنگ تھا اسی واسطے اُسے رخش کہا کرتے تھے پھر مجازاً ہر ایک گھوڑے کو رخش کہنے لگے - [illegible] کرنا - قوس قزح - مبارک - عکس ٭
رخش ف - روشنی شعاع آفتاب بھی انہی معنوں میں ہے -
رخشاں - مخفف رخشان کا ٭
رخشان ف - چمکتا ہوا روشن ٭

رخش بہار ف - باد بہاری - ابر بہاری ٭
رخش خورشید و ماہ ف - چاند اور سورج کی کرنیں ٭
رخش خیال ف - گھوڑا جو خیال کا مخلوق ہو ٭
رخشیدن ف - چمکنا ٭
رخصت ع - چھٹی - اجازت - روانہ ہونا ٭
رخصت خواستن ف - اجازت مانگنی ٭
رخصت دادن ف - اجازت دینی ٭
رُخ کردن و نہادن بجانبے ف - متوجہ ہونا ٭
رخ کسے بردن ف - اسکو ذلیل اور بے عزت کرنا ٭
رُخَم ع - دوستی - نرمی - مہربانی ٭
رخنہ ف - دیوار کا سوراخ - سوراخ - عیب - نقص - خرابی ٭
رخنہ [illegible] ف - خلقت کا [illegible] ٭
رخو ع - نرمی - سست ہونا ٭
رخوت ف - جمع ہے رخت کی ٭
رخوہ ع - نرمی سستی اور ایک بیماری جو جوڑوں کو سست کر دیتی ہے - تیرہ حروف تہجی جو نرمی کے ساتھ زبان سے نکلتے ہیں - ث - ح - خ - ذ - ز - س - ش - ص - ض - ظ - غ - ف - ہ
رخیدن ف - اپنا بوجھ اٹھانا ٭
رخیص ع - ارزاں ٭
رخیم ع - نرم آواز آدمی - نازک [illegible] ٭

رائے مہملہ مع دال

ردّ ع - ہٹانا - واپس کرنا - پھیر دینا ٭
موڑنا - موڑ لانا - دیوار کا پشتیبان ٭
رداء ع - چادر - چدر ٭
ردائے نیل ف - آسمان - رات ٭

ردائت ع - زبون ہونا - فاسد ہونا - ناقص ہونا ٭
ردف ع - سُرین - چوتڑ - سوار کے پیچھے بیٹھنا - ایک سواری پر دوسرے سوار کے پیچھے ہو بیٹھنے والا - اور اصطلاح علم قافیہ میں ردف کہتے ہیں اُس الف اور واؤ اور یا ساکن کو جسکے ماقبل کی حرکت موافق ہو اور روی سے پہلے بلا فاصلہ آئیں جیسے یاران رسول حنظل میں (جو قافیہ میں آئیں)
ا - و - ی - حروف ردف ہیں جو نون اور لام حرف روی سے پہلے بلا فاصلہ آتے ہیں ٭
ردکردن ف - واپس کرنا - پھیر دینا ٭
رد و بدل ع - بحث و مباحثہ کے وقت جو تیز تیز باتیں کی جاتی ہیں ٭
رد و طعن ع - حملہ کرنا اور طعنہ دینا ٭
ردہ ع - صف - قطار - پرہ - لائن ٭
ردع ف - دیوار کا پشتیبان ٭
ردی ع - بگڑا ہوا - ناقص - زبون - برا - خراب - نکما ٭
ردی الکیموس ع - وہ غذا جس میں خلط غیر معتدل القوام و الکیفیت پیدا ہو اور طبیعت کو نقصان پہنچائے ٭
ردیف ع - وہ شخص جو ایک گھوڑے پر سوار کے پیچھے سوار ہو - اور وہ لفظ جو ابیات یا مصرعات کے آخر میں قافیہ کے پیچھے آئے ٭
ردیف سرطان ع - برج اسد ٭

رائے مہملہ مع ذال

رُذال ع - فضل اُس چیز کا جس سے خلاصہ نکال لیا گیا ہو - جیسے تلوں سے تیل نکالکر کھل رہجاتی ہے - ہندی میں اُسے پھوک کہتے ہیں - ناقص - فرومایہ - نکما ٭

رذایا ع - جمع ہے رذیہ کی - ضعیف لاغر جانور
رذالت - رذیلت ع - کمینگی - ناکسی - فرومایگی ٭
رذائل ع - جمع رذیلہ کی - برائیاں - بدی [illegible]
رذل - رذیل ع - فرومایہ - کمینہ ٭
رذیلہ ع - بداخلاقی - فرومایگی - کمینگی - رذیل عورت
رذیہ ع - وہ شتر جو تھک گئی ہوئی اونٹنی ٭

رائے مہملہ مع زاء

رَز ف - انگور کا درخت - انگور - عموماً باغ اور خصوصاً انگور کا باغ - رنگ - [illegible] ٭
رزاق ع - رزق دینے والا - خدا تعالیٰ
رزانت ع - سنجیدگی - بردباری - [illegible]
رزایا ع - جمع ہے رزیہ کی - مصیبتیں ٭
رزق ع - خوراک - کھانا - روزی ٭
رزق ہوائی ف - بغیر سبب روزی - جو بغیر کوشش و سبب کے ملے ٭
رزم ف - جنگ - لڑائی - [illegible]
رزم افگن - رزم خواہ - رزم زن - رزم ساز - رزم پیوند - بہادر جنگجو ٭
رزمگاہ - رزم گہ ف - لڑائی کا میدان
رزمہ ع - کپڑے کی گٹھری - اسباب کا بقچہ ٭
رزم یازدہ رخ ف - ایک لڑائی کا نام ہے جس میں ایران اور توران کے گیارہ گیارہ پہلوان شامل تھے جو زمین سے [illegible] مقابل ہوئے اور ایرانیوں نے فتح پائی ٭
رزن ع - الگنی ٭
رزیدن ف - رنگنا ٭
رزین ع - محکم - استوار - آرام کیا ہوا - سنگین - گراں قیمت ٭
رزیہ ع - مصیبت جو جان و مال کے نقصان سے پہنچے ٭

رائے مہملہ مع سین مہملہ

رَس ف - پہنچا - پہنچنے والا - رسی - کسی دھات کا کشتہ - ہندی میں کسی شے کا شیرہ - عرق - لذّت - گھونٹ - مفسد - حریص - سخت ٭
رسات - پہنچنے والا - کامل ٭
رسالت ع - پیغمبری - ایلچی گری - پیغام پہنچانا ٭
رسالت پناہ ف - حضرت خاتم المرسلین شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین جناب رسول خدا صلعم سے مراد ہے ٭
رسالت گری ف - ایلچی گری ٭
رسالہ ع - چھوٹی کتاب - نامہ ٭
رسالہ ف - سواروں کا دستہ ٭
رسام ع - نقاش - مصور ٭
رسامی ع - نقاشی - مصوری ٭
رسان ف - پہنچا دا مرہے پہنچانیوالا ٭
رساندن - رسانیدن ف - پہنچانا ٭
رسائی ف - پہنچ ٭
رسائل ع - جمع ہے رسالہ کی چھوٹی کتابیں ٭
رُست ف - اُگا - درخت کا اگنا ٭
روئیدگی - مجازاً - مٹی - زمین ٭
رَستن ف - رستن کا ماضی ہے ٭
نفسانی خواہشوں سے نجات پانا - زمین - صف - ایوان - مسند ٭
رستاخیز - رستخیز ف - قیامت کا روز جبکہ مُردے قبروں سے رہائی پا کر اٹھیں گے ٭
رستگار ف - خلاصی پانیوالا - چھوٹنے والا ٭
رستگاری ف - خلاصی - رہائی ٭
رستم ف - ایران کا مشہور پہلوان زال بن سام کا بیٹا اور زابلستان کا حاکم تھا کہتے ہیں کہ اس کی ماں کو اس کے پیدا ہونیکے وقت درد زہ اس شدت سے ہوا تھا کہ جان بچنے سے مایوسی ہو گئی تھی - آخر وہ بمشقت پیدا ہوا اور اسکی ماں نے کہا - کہ رستم (یعنی چھٹے درد شدید سے رہائی پائی) اس واسطے اسکا نام رستم ہو گیا اور رستم مشہور ہوا ٭
رستم داستان رستم زند رستم سگزی
رستم دستان ف - رستم ابن زال ٭
رستم حرف ف - حرف کی شکل بنا دیتے تھے ٭
رستم یکدست ف - رستم زابلی کے سوا ایک پہلوان تھا جسکا ارزاد ایک ہی ہاتھ تھا ٭
رستن ف - اگنا ٭
رُستنی ف - روئیدگی
رَستہ ف - نجات یافتہ - صف - لڑی - چیز کا رستہ - مکان کی قطار - قاعدہ - قانون - طرز - روش - آزاد ٭
رُستہ ف - اُگا ہوا - محکم - ایک قسم کا حلوا
رُستی ف - راحت - فراغت - دلیری ٭
شجاعت - رزق - روزی - نانی علیہ السلام (حضرت)
رُسد ف - لائق - غور کرنا - متوجہ ہونا - حصہ ٭
رُسغ رُسغہ ع - کلائی - ہاتھ کا پہنچا ٭
رُسُل ع - جمع ہے رسول کی پیغمبران - ایلچیان ٭
رَسم ع - نقش کرنا - لکھنا - بیت - قاعدہ - قانون - طریقہ - دستور - عادت - شیوہ - آئین - روش - نشان - وضع - عمارت کا نقشہ - وغیرہ شاعر اور منطق کی اصطلاح میں رسم ایک قسم معرّف کی ہے جسمیں تعریف کسی شے کے خاصہ سے کیجائے - جیسے حیوان ضاحک انسان کی تعریف ہے ٭
رسمی ع - رواجی - رسمیت والی چیز - دستور کی بات - مقرب - خدمتگار ٭
رسمیات ع - جمع ہے رسمی کی ٭
رسن ف - رسی - عربی کے طور پر آرسان اسکی جمع ہے ٭
رسن باز ف - نٹ - بازیگر ٭
رسن برزدن ف - جریب سے ناپنا ٭
رسن در گردن آمدن ف - عذر خواہی کرتے ہوئے آنا - عاجزی کرتے ہوئے آنا ٭
رسن سست کردن ف - مہلت دینی
رسوا ف - ذلیل - خوار ٭
رسوائی ف - ذلت - خواری ٭
رُسوب ع - کسی شے کا نیچے بیٹھی ہوئی چیز - دردِ تیل ٭
رُسوخ ع - مضبوطی - پختگی - استحکام - استقلال - ثابت قدمی ٭
رسول ع - نبی جو نئی کتاب لیکر خدا کی طرف سے آوے - پیغمبر - قاصد - پیک - ایلچی ٭
رسوم ع - جمع ہے رسم کی ٭
رسوم کردن ف - رسمیں ادا کرنا ٭
رسید ف - وہ کاغذ جو زر نقد وغیرہ کے پہنچنے کے بعد سند لکھ دیتے ہیں ٭
رسیدگی ف - بلوغت - جوان ہونا - پہنچ ٭
رسیدن ف - پہنچنا ٭
رسیدہ ف - پہنچا ہوا - پکا ہوا - جو بالغ ہو چکا ہو ٭
رسیل ف - ہمراہ - پیغام لیجانیوالا - ایلچی ٭

رائے مہملہ مع شین معجمہ

رَش ف - ہر کسی چیز کا گیا ہوا مال - رَشن ف - عدل کا شاگرد فرشتہ - ایک قسم کا قیمتی ریشمی کپڑا - مخفف ارش کا - آوھا گز یا ایک ہاتھ ٭
رَش ع - پانی اور آنسو کا چھڑکنا - مینہ کی ہلکی بوند ٭
رشاد ع - راہ راست - سیدھا ہونا ٭
رشاوت ع - سیدھی راہ پر ہونا - ٹھیک طریق پر چلنا
رشاشہ ع - پانی کا چھڑکنا - مینہ کی بوندا باندی
رشاقت ع - آدمی کا راست قد ہونا ٭
رشائج ع - جمع ہے رشحہ کی ٭
رِشتن ف - کاتنا ٭
رِشتہ ف - ناطہ والا - ناطہ - تاگا - سار موتیوں کی لڑی - سویاں - ایک بیماری کا نام ہے - جسے ہندی میں نارو کہتے ہیں
رشتہ بر انگشت بستن و پیچیدن
رشتہ بچیزے بستن ف - یاد رکھنا کسی امر کے وقت پر یاد رکھنے کے لئے انگلی پر تاگا باندھ لینا ٭
رشتہ تب ف - نابالغ لڑکی کے ہاتھ کے کاتے ہوئے سوت کا تاگا جو تپ کے دفیعے کے لئے بناتے ہیں - بیماری گٹ ٭
رشتہ دراز دادن ف - مہلت دینی
رشتہ زدن ف - نیک ساتھ ہیاہ کرنا
رشتہ صبح ف - صبح کاذب ٭
رشتہ عمر ف - سالگرہ کا ڈورا ٭
رشتہ مریم ف - مشہور ہے کہ حضرت مریم کا رشتہ (کاتا ہوا) بہت باریک ہوتا تھا - کہ ہوں دوہرا کئے بنانا جاتا تھا ٭
رشح ع - پانی کا ٹپکنا ٭
رشحہ ع - پانی جو کہیں سے ٹپکے مجازاً پانی کا قطرہ
رشد - رشاد ع - ہدایت پانا - ہدایت - نیاد آجر امر بالغ ہونا - ہوش سنبھالنا
رشف ع - چوسنا ٭
رشک ف - حسد وہ - جلاپا - غیرت ٭
رشوت ع - گھونس لینا - کسی مقدمہ میں کچھ نقد یا جنس کا ناجائز طور پر ٭
رشید ع - ہدایت یافتہ ٭

رشیدی ف - ایک شاعر کا تخلص ہے
رشیقہ ع خوش قد - زیبا اندام عورت ۔

رائے مہملہ مع صاد مہملہ

رصاص ع - قلعی - رانگ - ارزیز ۔
رصانت ع - پکی مضبوطی - استواری
رصد ع - آنکھ لگا کر دیکھنا - دیکھنے والے
جنتر منتر - تاروں کے دیکھنے کا مقام
چبوترہ - بارگاہ ۔
رصد بند ف - منجم - رصد بنانے والا ۔
رصد بندان قیفہ یاب منجم لوگ ۔
رصدوان - رصد نشین ف - منجم ستارہ شناس
رصد ور کار بستن ف - کام کو بخوبی کرنا
رصد گاہ ف - جنتر منتر - نظر گاہ - اوج گاہ

رائے مہملہ مع ضاد معجمہ

رضا ع خوشنودی - رضا مندی خوشی
خوش ہونا - صوفیوں کی اصطلاح میں
قضائے الٰہی سے جیسے برتنگی یا فراخی سے
جو کچھ وارد ہو اوس پر راضی ہونا نہیں
خوش رہنا - امام موسیٰ کاظم کے بیٹے علی
علیہ السلام کا لقب ہے جو مدینے میں پیدا ہوئے
اور خلیفہ مامون کے زمانے میں زہر سے
شہید ہوئے انکی عمر اکیاون سال کی تھی
اور ۲۰۳ ہجری میں وفات پائی - طوس
میں ان کی شہادت ہونے کے باعث
اسکا نام مشہد ہوگیا ہے اور وہیں انکا مزار ہے
رضا دادن ف - راضی ہونا - پسند کرنا
رضاع رضاع ع - رضاعت ع بچوں
کا دودھ پینا - دودھ پینے کا زمانہ ۔
رضائی ع مشہور لوسیتن جو - ہو

جاتے ہیں رات کو اوڑھتے ہیں -
غالباً رضا نام کسی شخص کا اکی طرف
منسوب ہے جنے اُسے اختراع کیا ۔
رضائے کل ع - قضائے الٰہی پر
بالکل راضی اور خوش رہنا - صوفیوں کے
نزدیک یہ درجہ صبر کے درجہ سے بڑھ کر
اور تسلیم کے رتبہ سے کم ہے ۔
رضوان ع - خوشنودی - راضی ہونا
پسند کرنا - اُس فرشتہ کا نام ہے جو
بہشت کا دربان ہے ۔
رضوان کی پری ف - بہشت ۔
رضی ع - خوشنود ۔
رضی اللہ عنہ ع - خدا اُس (مرد)
سے راضی ہو ۔
رضی اللہ عنہا ع خدا اُس (عورت)
سے راضی ہو ۔
رضیع ع - وہ بچے جنہوں نے ایک دایہ کا
دودھ پیا ہو ایک دوسرے کے رضیع کہلاتے ہیں
رضیہ ع - راضی کی تانیث - راضی شدہ
رضیہ بیگم د - خاندان غلاماں کے دوسرے
بادشاہ شمس الدین التمش کی بیٹی جو تخت
دہلی پر ۶۲۳ھ سے ۶۳۵ھ تک حکمران رہی ۔

رائے مہملہ مع طائے مہملہ

رطب ع - تر جو چیز اپنی اصل سے تر ہو
یا خاصیت و تاثیر کے سبب تر ہو ۔
رُطب - رُطَب ع - سبز گھاس ۔
رُطب ع - ترمائے تر - کھجور ۔
رَطل رِطل ع - آدھ سیر کا پیمانہ -
پیالہ شراب جس میں آدھ سیر شراب سمائے
مطلق شراب کا پیالہ ۔

رطل گران ف - بڑا پیالہ جس سے
غلہ وغیرہ کا اندازہ کیا جاتا ہے - بڑا پیالہ
جو شراب سے بھرا ہو ۔
رطوبت ع - تری - نمی ۔
رطوبتِ اصلیہ ع - پیدائشی طبعی
رطوبت جو اعضائے بدن میں ہے ۔

رائے مہملہ مع عین مہملہ

رِعا ع - گھاس - ریوڑ - چرواہے - رعیت
کے نگہبان یعنے بادشاہ لوگ ۔
رَعا ع - چرنا - چرانا ۔
رُعات ع - راعی کی جمع ہے چرواہے گڈریے
رِعاث ع - گوشوارہ - گلوبند ۔
رُعاف ع - نکسیر ۔
رعایا ع جمع رعیت کی - رعیتیں محکوم جماعتیں

رعایائے ریزہ ف - عام لوگ ۔
رعایت ع - کسی چیز کی نگہبانی کرنا -
لحاظ کرنا - طرفداری ۔
رُعب - رُعُب ع - خوف - ڈرنا -
رَعد ع - بجلی کی کڑک ایک عاشق کا نام بھی ہے
رعشہ ع - کپکپی - وہ بیماری جس سے
ہاتھ یا پاؤں بے ارادہ لرزتے ہیں ۔
رَعنا ع - سست عورت - خود آرا عورت
فارسی میں بمعنے زیبا - چالاک - متکبر -
ایک پھول کا نام ہے جو اندر سے سرخ اور
باہر سے زرد ہوتا ہے - دو رنگ کی چیز ۔
رعنائی ف خود آرائی - زیبائی - حسن خوبی
رعنائے صاحب جمال لطیف - تر و تازہ
رعنائی نو خوشان حیرت جمال الطاف وغیرہ
رُعونت ع - غرور - نادانی - ہرزہ گوئی - خود آرائی

رعی ع - چرنا - چرانا - نگہبانی ۔
رِعی ع - گھاس جو چوپائے کھاتے ہیں ۔
رعیب ع - ڈرنے والا - خائف ۔
رعیت ع - پرجا - دنیا کے لوگ جو کسی حاکم کے
ماتحت ہوں - اصل معنے اس لفظ کے یہ ہیں وہ مویشی
جنکی نگہبانی چرواہا کرے چونکہ دنیا کے لوگوں کی بھی بادشاہ
رکھوالی اور پاسداری کرتا ہے اس لئے وہ رعیت کہلاتے ہیں

رائے مہملہ مع غین معجمہ

رغام ع مٹی جس میں ریت ملی ہو
خاک ریگ آمیز ۔
رغائب ع جمع ہے رغیبہ کی - دلپسند چیزیں
رغبت ع - خواہش - دلی - توجہ - جب
اس کا صلہ ہو تو توجہ کرنے خواہش کرنے
کے معنے میں آتا ہے - اور جب اسکا صلہ
از ہو تو بیزار ہونے - نفرت کرنے - اور
بے توجہی کرنے کے معنے دیتا ہے ۔
رَغد ع - نعمت - عیش خوشی ۔
رَغم ع - خاک آلودہ ہونا - مغلوب ہونا - مکروہ
رکھنا - ناپسند رکھنا - جا نثاری کا کام کرنا
برعکس - برخلاف ۔
رَغو - رِغو - رُغو - جھاگ - کف ۔
رغیب ع - راغب - خواہش کرنے والا
رغیبہ ع - مرغوب اور دلپسند چیز ۔
رغیف ع - روٹی ۔

رائے مہملہ مع فائے

رَف ع - وہ لکڑی جو عمارت کے صفّہ
پر لوگوں کے بیٹھنے یا زینت کیلئے بناتے ہیں
رفات ع - ٹوٹا ہوا ریزہ ریزہ ۔
رفادہ ع - زخم کی پٹی جو گھٹنے پر باندھی جاتی ہے

رفاق ع۔ رفیق کی جمع ہے ۔
رفاقت ع۔ ہمراہی۔ رفیق ہونا ۔
رفاہ ع۔ آرام۔ آسودگی۔ عیش کی فراخی۔ رفہ کی جمع بھی ہے ۔
رفاہیت۔ رفاہت ع۔ آرام آسودگی۔ خوشحالی۔ بے فکری۔ فراغ۔ چین۔ تن آسانی ۔
رفت ف۔ گیا۔ رفتہ ۔
رفتار ف۔ چال ۔
رفتن ف۔ جانا۔ چلنا۔ مرنا ۔
رفتن ف۔ بہارنا۔ جھاڑو دینا ۔
رفتن چراغ ف۔ اس کا بجھ جانا۔ گل ہونا ۔
رفتن در چیزے ف۔ درمیں جانا۔ داخل ہونا۔ گھسنا ۔
رفتہ ف۔ بیخود۔ عاشق۔ حیران ۔
رفتہ رفتہ ف۔ آہستہ آہستہ۔ بتدریج ۔
رفث ع۔ بیہودہ اور فحش باتیں کرنا ۔
رفد۔ رفود ع۔ بڑا کاسہ۔ بخشش ۔
رفرف ع۔ جانور کا اڑتے وقت پر مارنا۔ بستر بچھانا۔ طاق۔ سبز کپڑے۔ تکیہ۔ خیمہ۔ وہ رفرف فرشتہ کے رہنے کا مقام ۔
رفس ف۔ کسی چیز کو پاؤں یا لات سے ہٹانا ۔
رفض۔ رفوض ع۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا ۔
رفع ع۔ بلند کرنا۔ اٹھانا۔ کسی جگہ سے کسی چیز کو ہٹانا۔ حاکم کے پاس اپنا جھگڑا لیجانا۔ دور کرنا۔ معزول اور برطرف کر دینا ۔
رفعت ع۔ بلندی ۔
رفق ع۔ نرمی۔ ملاطفت ۔
رفقا ع۔ جمع ہے رفیق کی۔ ساتھی لوگ۔ ہمراہی ۔
رفقہ ع۔ گروہ۔ ہم سفر ۔
رفو ع۔ پھٹے ہوئے کپڑے یا کسی اور چیز کو اس طرح پیوند کرنا کہ پیوند معلوم نہ ہو۔ فارسی میں ر کا مفتوح اور دوسری زبان میں مضموم ہے ۔
رفوگر ف۔ رفو کرنے والا ۔
رفہ ع۔ تن آسانی ۔
رفیع ع۔ بلند ۔
رفیع الشان ع۔ بڑی شان والا۔ بڑے مرتبہ والا ۔
رفیق ع۔ ساتھی۔ ہم سفر۔ دوست ۔

رائے مہملہ مع قاف

رق ع۔ بندگی۔ غلامی ۔
رق ع۔ ہرن کا چمڑا جس پر کچھ لکھیں ۔
رقاب ع۔ جمع ہے رقبہ کی۔ گردنیں ۔
رقابت ع۔ رقیب ہونا۔ نگہبانی کرنا۔ نگہبانی۔ دشمنی ۔
رقاد ع۔ خواب۔ سونا۔ نیند ۔
رقاص ع۔ ناچنے والا ۔
رقاص فلک ع۔ زہرہ ستارہ مراد ہے ۔
رقاع ع۔ جمع ہے رقعہ کی۔ ایک قسم کا وضع کیا ہوا خط ۔
رقاق ع۔ پتلی روٹی جس کو ہندی میں پھلکا کہتے ہیں ۔
رقائق ع۔ جمع رقیق کی۔ مجازاً نکتے۔ باریکیاں۔ دانشمندی ۔
رقائم ع۔ جمع رقیمہ کی۔ خطوط۔ تحریریں ۔
رقبا ع۔ جمع ہے رقیب کی۔ نگہبان لوگ۔ دشمن ۔
رقبہ ع۔ گردن۔ غلام ۔
رقبہ ع۔ دریا کے کنارے کی زمین۔ مجازاً مطلق زمین ۔
رقت ع۔ نرمی۔ لطافت۔ باریکی۔ پتلاپن۔ مجازاً رونا۔ کسی کو دیکھ کر متاثر ہونا۔ الفت۔ محبت ۔
رقص ع۔ ناچنا۔ ناچ ۔
رقص بسمل ع۔ ذبح کئے ہوئے جانور کا پھڑکنا ۔
رقص درختاں ف۔ ہوا کے زور سے درخت کی ٹہنیوں اور پتوں کا ہلنا ۔
رقص اصول۔ رقص چارپارہ۔ رقص روانی۔ رقص شجگانہ۔ رقص مولوی۔ رقص غلامانہ وغیرہ رقص کے مختلف اقسام ہیں ۔
رقصیدن ف۔ ناچنا۔ یہی مصدر ہے ۔
رقط ع۔ ہر نقش جیسے سیاہ و سفید دھبے ہوں۔ ایک صنعت کا نام ہے جس میں ایک حرف منقوط اور دوسرا غیر منقوط ہوتا ہے ۔
رقعہ ع۔ پیوند۔ ٹکڑا۔ خط۔ چٹھی ۔
رقعہ ہست نیلگون۔ رقعہ عزائے زمین۔ رقعہ پشت نیلگون۔ رقعہ بلند نیلگون ف۔ آسمان ۔
رقعہ دعوتی ف۔ دعوت اور ضیافت کی تقریب پر جو رقعہ لکھتے ہیں ۔
رقم ع۔ لکھنا۔ روپیہ کا ہندسہ ۔
رقیمہ ع۔ خط۔ نوشتہ۔ فرمان۔ ارقام جمع ۔
رقم اول ع۔ قدرتی یا عرش ۔
رقم بر خود کشیدن ف۔ اپنے اوپر دھبہ لگانا۔ عیب لگانا ۔
رقم پرور۔ رقم زن۔ رقم سنج۔ رقم طراز۔ رقم کش ف۔ لکھنے والا۔ محرر ۔
رقود ع۔ سونا۔ راقد کی جمع بھی ہے ۔
رقوم ع۔ جمع ہے رقم کی ۔
رقہ ع۔ ملک شام میں ایک شہر ہے جو دریائے فرات کے کنارہ پر واقع ہے ۔
رقیب ع۔ نگہبان۔ پاسبان۔ ان دو شخصوں میں سے جو ایک ہی معشوق کے چاہنے والے ہوں۔ ایک دوسرے کا رقیب کہلاتا ہے ۔
رقیبان راز ف۔ عارفان الٰہی جو کسی سے اپنا بھید بیان نہیں کرتے۔ اور چپ چاپ رہتے ہیں ۔
رقیبان شب ف۔ پاسبان لوگ۔ پہرہ دار لوگ ۔
رقیت ع۔ بندگی کرنا۔ غلام ہونا۔ تابعدار ہونا۔ خدمت کرنا ۔
رقیق ع۔ پتلا۔ باریک۔ غلام ۔
رقیمہ ع۔ لکھت۔ خط ۔
رقیہ ع۔ منتر۔ افسون۔ سحر۔ جادو ۔
رقیہ ع۔ جناب رسول خدا کی لڑکی کا نام ہے ۔

رائے مہملہ مع کاف

رک ع۔ ضعیف ہونا ۔
رکاب ع۔ سواری کے اونٹ۔ گھوڑے کی کاٹھی میں حلقہ جو لٹکا رہتا ہے جس میں پاؤں رکھتے ہیں۔ فارسی میں رکیب جس میں شراب پلانے کو کہتے ہیں اور اردو میں اس کے معنے میں بھی مستعمل ہے ۔
رکاب افشاندن ف۔ گھوڑا دوڑانا ۔
رکابدار ف۔ باورچی۔ وہ شخص جو سوار کے ساتھ ساتھ دوڑے ۔
رکاب گران کردن ف۔ ٹھہرنا ۔
رکابی ف۔ چینی یا مٹی کا چھوٹا تھال۔ طباق۔ وہ شخص جو سوار کے ساتھ ساتھ دوڑے۔ کوتل گھوڑا وہ شخص جو گھوڑے کے پیچھے رہے ۔
رکاز۔ رکازہ ع۔ خزانہ۔ دفینہ ۔
رکاکت ع۔ سستی۔ ضعیفی۔ بے عقلی

رکبہ ع۔ زانو۔ گھٹنا ٭
رکض ع۔ پاؤں ہلانا۔ گھوڑا دوڑانا ٭
رکضات ع۔ جمع ہے رکض کی ٭
رکعاً سجّداً ع۔ رکوع کرتے ہوئے اور جھکتے ہوئے اور سجدہ کرتے ہوئے زمین پر سر دھرتے ہوئے یعنی کمال ادب و تعظیم اور عجز و فروتنی کرتے ہوئے ٭
رکعت ع۔ نماز کا اس قدر حصہ جس میں ایک بار رکوع بھی آجائے۔ چونکہ نماز میں دو یا تین یا چار رکعتیں ہوا کرتی ہیں۔ پس رکعت کسی نماز کا ½ یا ⅓ یا ¼ حصہ ہوا ٭
رکن ع۔ ستون۔ طرف۔ جانب۔ قوی جزو اعظم قوی ترقرابہ رشتہ اور دیوار کا گوشہ لوگ کن یا عزت۔ جیسے ارکان ایک سہ کا ہے اور ایک جزو کا نام بھی ہے ٭
رکنِ حطیم ع۔ کعبے کا ایک رکن ہے ٭
رکنی ع۔ زر رکن الدین کے سبب سے کہ رکن الدین کا بنایا ہوا سکہ اس میں ہوتا تھا ٭
رکنِ یمانی ع۔ کعبہ کا ایک رکن ہے ٭
رکو۔ رکوہ ہے۔ رکوہ۔ رکوک ف۔ کشیدہ کپڑا۔ سپیڑا ٭
رکوب ع۔ سوار ہونا ٭
رکوب ع۔ سواری کے لائق ستور۔ بہت سواری کرنے والا آدمی ٭
رکوع ع۔ جھکنا۔ نماز میں پشت خم کرنا ٭
رکون ع۔ آرام کرنا۔ مائل ہونا۔ راغب ہونا ٭
رکوہ ع۔ چھاگل ٭
رکی ع۔ جمع رکیہ کی۔ کنوئیں ٭
رکیہ ع۔ کنواں۔ چاہ۔ جر ٭
رکیب ف۔ نام ہے رکاب کا ٭
رکیک ع۔ سست۔ ضعیف۔ باریک ناچیز۔ گھٹیل۔ کم درجے کا ٭
رکین ع۔ محکم۔ استوار۔ مرد آہستہ۔ آہو ٭

رائے مہملہ مع کاف فارسی

رگ ف۔ نالی۔ نس۔ اصل۔ نسب ٭
رگال ف۔ رنگال کرنا ٭
رگ باز گرفتن ف۔ کسی کام میں سستی اور کاہلی کرنا ٭
رگ بسمل خاریدن ف۔ ایسا کام کرنا جس سے اپنے آپکو موت کے منہ میں ڈالا جائے ٭
رگ جان ف۔ شہ رگ۔ حبل الورید ٭
رگ جان بکشش استوار کردن ف۔ جانفشانی کرنا ٭
رگ خفتن ف۔ سست اور کاہل ہو جانا۔ سستی کرنا۔ باز رہنا ٭
رگ در تن برخاستن و جستن ف۔ خفا ہونا ٭
رگ زدن ف۔ فصد کھولنا۔ اخراج ماهقا ٭
رگ فلان چیز ندارد ف۔ اس امر کی استعداد نہیں رکھتا ٭
رگ گردن ف۔ غرور۔ سرکشی۔ وقوت ٭
رگ گردن قوی کردن ف۔ اپنے تئیں پر اصرار کرنا۔ اپنی ہی کہے جانا ٭
رگ گردن نرم کردن ف۔ غرور چھوڑ دینا۔ سرکشی ترک کرنا ٭
رگ گسیختن و گشادن ف۔ جان نکالنا ٭
رگ کشادن ف۔ فصد کھولنا ٭
رگیدن ف۔ غصہ میں چپکے چپکے بڑبڑانا ٭

رائے مہملہ مع میم

رم ع۔ گچ کھانا۔ کسی چیز کی اصلاح کرنا ٭
رَم ف۔ بھاگنا۔ گلہ۔ ریوڑ۔ آدمیوں کا گروہ۔ منہ کے اندر باہر کا گوشت۔ ایک جنگل کا نام بھی ہے ٭
رُم ف۔ موئے زہار۔ منہ کے اندر باہر کا گوشت۔ ایک جنگل کا نام بھی ہے ٭
رُمّ ع۔ بکھیرنا یا اُسکو کسی چیز کی مرمت کرنا ٭
رم ع۔ مخفف ہے ریم کا۔ پیپ۔ زرد آب ٭
رِمّہ ع۔ بہت مالا۔ ہر چیز کا مغز۔ مستی ٭
رماح ع۔ جمع رُمح کی۔ نیزے ٭
رمّاح ع۔ کامل نیزہ باز ٭
رمّاح ع۔ نیزہ بازی۔ نیزہ سازی ٭
رماد ع۔ راکھ۔ خاکستر ٭
رماغہ ع۔ تالو ٭
رماک ع۔ جمع رمکہ کی۔ گھوڑیاں ٭
رمال ع۔ جمع رمل کی۔ ریتے ٭
رمّال ع۔ وہ شخص جو علم رمل غیب جانتا ہو ٭
رمان ع۔ انار مشہور میوہ ہے ٭
رمانیدن ف۔ بھگانا ٭
رمائم ع۔ جمع رمیمہ کی۔ کہنہ چیزیں ٭
رمح ع۔ نیزہ۔ بھالا ٭
رمد ع۔ آنکھ کی بیماری جس میں اس کی سفیدی سرخ ہو جاتی ہے۔ آشوب چشم ٭
رم دیدہ۔ رم زدہ ف۔ بھاگا ہوا۔ گریختہ ٭
رمز ع۔ اشارہ۔ پوشیدگی ٭
رمش ف۔ رمیدن کا حاصل مصدر ہے ٭
رمص ع۔ سفید چیز کہ جو آنکھ کے گوشے میں اکٹھی ہوتی ہے۔ پنجابی گِڈ۔ اردو چیپڑ ٭
رمضان ع۔ جلانے والا۔ ماخوذ ہے رمض سے جسکے معنے جلانیکے ہیں نواں قمری مہینہ جس میں مسلمان روزہ رکھتے ہیں۔ چونکہ یہ مہینہ گناہوں کو جلا دیتا ہے اور نابود کر دیتا ہے۔ اسواسطے اس نام سے موسوم ہوا یا یہ کہ رمض کے معنے ہیں زمین کی تپش سے پاؤں کا جلنا چونکہ اس مہینے میں تشنگی کی شدت وغیرہ کے باعث سے جان کو بہت تکلیف ہوتی ہے اسواسطے اسکا یہ نام ہوا۔ اور کچھ عجب نہیں کہ اسکا نام رکھنے کے وقت یہ مہینہ شدت گرما میں واقع ہوا ہو۔ اور اسی واسطے اسکا یہ نام رکھا گیا ہو ٭
رمق ع۔ بقیہ جان۔ تھوڑی سی جان۔ سسکتی جان۔ بچا ہوا ہر ایک تھوڑی سی چیز ٭
رم کردن ف۔ بھاگنا۔ جست و خیز کرنا ٭
رمکہ ع۔ گھوڑی۔ بچھیری۔ مادیاں ٭
رمل ع۔ ریت۔ ایک مشہور علم بھی ہے ٭
رمل ع۔ لغوی معنی اسکے گویا بننے کے ہیں۔ علم عروض کی انیس بحروں میں سے ایک بحر کا نام ہے جس کا وزن فاعلاتن فاعلاتن ہے۔ چونکہ اس بحر میں ہر ایک وتد درمیان دو سبب کے ہے اور دو سبب درمیان دو وتد کے۔ پس گویا اسباب اور اوتاد باہم ایک طرح سے بنے ہوئے ہیں۔ اسی سے اسکا یہ نام ہوا۔ یا اس لئے کہ یہ لفظ مشتق ہے رملان سے جسکے معنی اونٹ کے جلد جلد دوڑنے کے ہیں۔ چونکہ یہ بحر زبان پر بڑی سرعت سے جاری ہوتا ہے۔ اور جلد جلد پڑھا جاتا ہے اسواسطے اس کا نام رمل ہوا ٭
رمنہ ف۔ چراگاہ۔ وہ مقام جہاں ہرن چرتے ہیں ٭
رموز ع۔ جمع ہے رمز کی۔ اشارے۔ کنایات ٭
رمہ ف۔ بکریوں کا ریوڑ۔ گھوڑوں کا گلہ

معلق رہ جاؤ ہیوں کا گروہ ۔ سپاہ
و لشکر ۔ پرویں جھمکا +
رِمَّت ع ۔ بوسیدہ ہونا کسی چیز کا بوسیدہ ہو جانا
رُمَّہ ع ۔ پرانی رسی ۔ بوسیدہ رسی ۔ سب +
رَمی ع ۔ تیر چلانا ۔ تہمت دینا ۔ گالی دینا +
رمیار ف ۔ گلہ بان ۔ شتربان +
رمیدن ف ۔ بھاگنا ۔ وحشت کرکے بھاگ جانا +
رمیم ۔ رمیمہ ع ۔ بوسیدہ کہنہ +

رائے مہملہ مع نون

رن ف ۔ محنت ۔ مشقت ۔ رنج کا مخفف ہے +
رُنب ۔ رُنبہ ف ۔ موئے زہار +
رنج ف ۔ تکلیف ۔ دکھ ۔ بیماری ۔ غصہ ۔
غضب ۔ رنگ ۔ رن +
رنجانیدن ف ۔ دکھ ۔ دینا ۔ رنجیدہ کرنا +
رنج باریک ف ۔ تپ دق +
رنجش ف ۔ رنج ۔ دکھ +
رنجور ف ۔ بیمار ۔ اصل میں رنج ور ہے +
رنجوردار ف ۔ بیماردار +
رنجہ ف ۔ تکلیف ۔ دکھ ۔ ناز کے وقت
خرامیدن کے معنے میں مستعمل کرتے ہیں +
رنجیدن ف ۔ آزردہ ہونا +
رِند ف ۔ مسکرہ ۔ دانا ۔ یعنی وہ شخص جو عقل کے
سبب منکر ہو مذہب سے بقید شرع سے آزاد
بے قید آدمی ۔ بخیل ۔ وہ شخص جو بظاہر قابل
ملامت ہو اور باطن اچھا ہو ۔
رُند ف ۔ ہرت وہش ۔ لکڑی کا برادہ
جو رندہ کرنے سے بنتا ہے ۔ رندہ ۔ رندیدن
سے امر بھی ہے ۔ خوشبو خوشگوار ۔ گرد و غبار
مزہ میں کسیلی چیز +
رندان خاک بیز ف ۔ باریک بین اور
دقیق نظر ۔ جو آدمی تحقیقات کا کوئی دقیقہ
باقی نہ رکھیں +
رندانہ کردن ف ۔ رندوں جیسا کام کرنا +
رند دُہل دریدہ ف ۔ شریعت کی
پیروی سے نکلا ہوا +
رندش ف ۔ لکڑی یا تختے یا کسی دھات کا برادہ +
رَندہ ف ۔ بڑھئی کا اوزار لکڑی کے تختے
وغیرہ کو صاف اور ہموار کرنے کا +
رندیدن ف ۔ رندہ کرنا ۔ ناز کے وقت
خرامیدن کے معنی میں مستعمل کرتے ہیں +
رنگ ف ۔ اس لفظ کے برہان قاطع
میں ۲۳ معنے لکھے ہیں ۔ اسجگہ قلیل استعمال
کو چھوڑ کر باقی لکھے جاتے ہیں ۔ رنگ ۔
لون ۔ حقہ ۔ قسمت ۔ نصیب ۔ عیب ۔ عار
رنج ۔ محنت ۔ قوت ۔ توانائی ۔ روح و جان
قوچ ۔ آوند ۔ مال و زر ۔ نفع ۔ فائدہ
دنگ گردی ۔ طرز ۔ روش ۔ قاعدہ ۔
قانون ۔ مثل ۔ مانند ۔ نظیر ۔ مکر و حیلہ ۔
خوبی و لطافت ۔ خوشی ۔ خرمی ۔ کمال ۔ چند ہستی
خیانت ۔ شرمندگی ۔ خون ۔ نم ۔ رونق
رواج ۔ روسفیدگی ۔ تھوڑی سی پونجی ۔ قوالی
خداوند ۔ صاحب ۔ بیجا ۔ شرم و حیا
ناراستی ۔ و خیانت ۔ خشم و غضب +
رنگ آزادان ف ۔ جوانمردوں کی طرح +
رنگ آمیختن ف ۔ مکر و فریب کرنا +
رنگ آمیز ف ۔ نقاش +
رنگ آوردن و برآوردن ف ۔ شرمندہ
ہونا شرمندگی کے ساتھ قسم و قہر کرنا +
رنگ برآمدن و ریختن ف ۔ تازہ
منصوبہ لگانا +
رنگ بیدو شکستن ف ۔ بکثرت غیرت
و شرم یا کثرت وحشت و ہیبت کے باعث
رنگ فق ہو جانا ۔ چہرہ کا رنگ اڑ جانا +
رنگ بر روئے کار آوردن ف ۔ رونق دینا +
رنگ بجنگ شدن ف ۔ شرم کے مارے
رنگ کا متغیر ہونا +
رنگ بریدن ف ۔ رنگ کاٹنا +
رنگ بریدن و برجستن و رم کردن
و باختن و شکستن و گریختن ف
رنگ فق ہو جانا ۔ رنگ اڑ جانا +
رنگ بست ف ۔ پختہ رنگ ۔ جو کبھی نہ بدلے +
رنگ دادن و کردن ف ۔ رنگنا ۔
رنگ دادن و گرفتن ف ۔ متغیر ہونا ۔
رنگ ربیع ف ۔ موسم بہار کی رونق ۔ رواج +
رنگ ریختن ف ۔ رنگ فق ہو جانا ۔
منہ پر ہوائیاں اڑنی ۔ عمارت شروع کرنی
کام کی بنیاد +
رنگریز ف ۔ کپڑوں کا رنگنے والا ۔ پنجابی للاری +
رنگ فروش ف ۔ مکار ۔ حیلہ گر ۔ رنگین
ریشم فروش +
رنگ کردن ف ۔ مکر و فریب کرنا +
رنگ نہ بستن ف ۔ فائدہ نہ نکلنا ۔
رنگ و آب ف ۔ آب و تاب ۔ رونق +
رنگ آب ریختہ کا آوردن ف ۔
رونق دینا +
رنگ و بوئے ف ۔ طمطراق ۔ کر و فر ۔
شان و شوکت ۔ رونق ۔ صفا +
رنگ یافتن ف ۔ رنگین ہونا +
رنگین ف ۔ رنگ کیا ہوا +
رنگیں کمان ف ۔ قوس قزح ۔ شیطان
کی کمان ۔ دھنک +
رنگوت ۔ عربی کے قاعدے پر ہندی کی جمع

رائے مہملہ مع واؤ

رَو ف ۔ ذہن کی حالت ۔ سیلاب ۔ ریلا ۔ آواز
رُو ف ۔ رُخ ۔ چہرہ ۔ وجہ ۔ سبب ۔
بناوٹ ۔ تمنا ۔ امید ۔ تلاش کرنا +
رَوا ع ۔ میسر ہونا ۔ بالکسر وہ رسی جس سے
اونٹ پر بوجھ باندھتے ہیں ۔ بالضم خوبی و منظر
رَوا ف ۔ جائز ۔ مناسب ۔ سزاوار
جاری ۔ رواج ۔ روان +
روابط ع ۔ جمع رابطہ کی ۔ تعلقات +
رُوات ع ۔ جمع ہے راوی کی بیان کرنیوالا
رَواج ع ۔ عام دستور ۔ فارسی والے
بکسر اول بھی پڑھتے ہیں +
رواح ع ۔ دو گھڑی دن رہے کا وقت
شام تک دن کا آخری وقت +
رواحل ع ۔ جمع راحلہ کی سواریاں +
روا داشتن ف ۔ جائز رکھنا +
روا زسنگ داشتن ف ۔ بیجا ہونا +
روازن ع ۔ جمع ہے روزن کی ۔ دریچہ ۔
روزن بالفتح سوراخ ہے ۔ روزن بالضم کا +
رواشن ع ۔ عمارت کے تایدان ۔ جمع روشن
بالفتح جو روشن بالضم کا معرب ہے +
رواشدن امید ف ۔ آرزو کا بر آنا +
رواشدن تمنا ۔ رواشدن حاجت
ف ۔ حاجت کا بر آنا ۔ آرزو کا بر آنا +
روافض ع ۔ جمع ۔ رافضی کی ہے +
رُواق ع ۔ مکان کا چھجہ ۔ چھت ۔ گھرہ
صحن ۔ چینگا ۔ خانہ ابر بادل ۔ صاف ابر
رواق بے ستون ف ۔ آسمان +
رواق مسیح ع ۔ چوتھا آسمان جس پر
حضرت مسیح علیہ السلام رہتے ہیں +

رواقِ منظر چشم ف۔ آنکھ کی پتلی
رواقیان ف۔ حکماء۔ اشراقین جو مکاشفہ کے ذریعہ احوال دلوں کو معلوم کیا کرتے تھے۔ اور چونکہ وہ لوگ گھر کی چھت پر کھڑے کھڑے ہی بیماروں کا علاج معالجہ کر لیا کرتے تھے۔ اور کچھ احتیاج نبض کے دیکھنے کی نہ رکھتے تھے اس لئے اس نام سے موسوم ہوئے۔
روان ف۔ جاری۔ بہتا ہوا۔ فوراً۔ نفس ناطقہ۔ جان۔ روح بعض کے نزدیک روان کے معنی صرف نفس ناطقہ ہی کے ہیں۔ اور جان روح حیوانی کو کہتے ہیں۔ اور یہ لفظ بمعنے دانستن فعل بھی آیا ہے۔ اس لفظ کو بالضم بمعنے روح پڑھنا غلطی ہے ۔
روان آزاد ف۔ حکیم۔ دانا ۔
روان بخش ف۔ روح القدس ۔
روان خواہ ف۔ گداگر ۔
روان داشتن ف۔ سوال کرنا۔
روان شدن عرق و اشک ف۔ پسینہ جاری ہونا۔ آنسو کا جاری ہونا ۔
روان گسستن ف۔ روح حیوانی کا بدن سے جدا ہونا۔ مرنا ۔
روانہ ف۔ رواں۔ زود۔ شتاب ۔
روانی ف۔ [illegible] کی ایک نوع ہے
روائی ع۔ حاجت کا بر آنا اور بر لانا۔
رواج۔ رونق ۔
روایت ع۔ کسی بات کی نقل کرنا۔ کسی کی بات کہنا۔ بیان کرنا ۔
روایت عن الغیر ع۔ معنیان ثانی غیروں کا مضمون دوسرا پیرایہ بیان کرنا ۔

روائح ع جمع رائحہ کی۔ بوئیں۔ خوشبوئیں ۔
روبان ف۔ جھاڑو دینے والا۔ فاکروب۔ جاروب کش ۔
روباہ ف۔ لومڑی ۔
روباہ بازی ف۔ مکر فریب۔ حیلہ ۔
روباہ زرد ف۔ آفتاب سے مراد ہے ۔
روباہی کردن۔ روباہی بکار بردن ف۔ فریب کرنا۔ مکر و حیلہ کام میں لانا ۔
روبارو۔ روبرو ف۔ سامنے مقابل ۔
روبجانب کردن و نہادن و انداختن ف۔ کسی طرف متوجہ ہونا ۔
روبدیوار ف۔ حیران ۔
روبکار ف۔ سامنا۔ وہ کاغذ جس پر حاکم کے روبرو فیصلہ لکھا جائے ۔
روبکاری ف۔ روبکار ۔
روبند ف۔ نقاب۔ گھونگٹ۔ برقع ۔
روپوش ف۔ چھپا ہوا۔ جو شخص چھپ جائے۔ طمع کی ہوئی شے۔ مجازاً وہ شے جو اوپر سے آراستہ ہو۔ اور اندر سے بری اور خراب ہو۔ منہ ڈھانپنے والا برقع ۔
روبہ ف۔ مخفف روباہ ۔
روبہم کشیدن ف۔ بیدماغ ہونا۔ تیوری چڑھانا۔ غصہ ہونا۔ ناراض ہونا ۔
روپیچیدن ف۔ بیدماغ ہونا۔ ناخوش ہونا
روبیدن ف۔ جھاڑو دینا۔ جھاڑنا ۔
روث ع۔ جمع روثہ کی ۔
روثہ ع۔ لید۔ لید کرنا ۔
روح ع۔ آسایش۔ فرحت۔ چین۔ خوشبو تازگی۔ ہوائے خوش ۔
روح ع۔ جان۔ رحمت۔ قرآن۔ حضرت عیسےٰ و حضرت جبرائیل کا نام بھی ہے اطبا کے نزدیک وہ بخار لطیف جو دل سے پیدا ہو کر انسان کی حیات اور حس و حرکت کا باعث ہوتا ہے

روحات ع جمع ہے روح کی۔ خوشبوئیں ٹھنڈی اور خوشگوار ہوائیں ۔
روح اعظم۔ روح اکرم ع۔ جبرئیل ۔
روح القدس ع۔ وہ روح جو حضرت عیسےٰ علیہ السلام پر نازل ہوتی تھی حضرت جبرائیل علیہ السلام سے مراد ہے ۔
روح اللہ ع۔ حضرت عیسےٰ علیہ السلام
روح الامین ع۔ حضرت جبرائیل کا نام ہے۔ امین انہیں اس وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ وحی کے پہنچانے میں امانتدار تھے یعنی جو کچھ خداوند تعالیٰ کی طرف سے پیغام لاتے تھے بے کم و کاست بعینہ جناب رسول خدا کے گوش گذار کر دیا کرتے تھے ۔
روحانی ع۔ روح کا منسوب۔ روحی۔ دلی
روحانیان ف۔ فرشتے۔ پریاں جن کی پیدائش نور و نار سے ہے ۔
روح توتیا ف۔ حبت۔ شراب ۔
روح حیوانی ع۔ حیوانات کی روح جو تمام بدن میں دل سے پھیلتی ہے۔ اور حیوانات کی زندگی اسی پر منحصر ہے ۔
روح وار ف۔ جاندار ۔
روح طبعی ع۔ جو جگر میں جا کر جدا کیفیت حاصل کرتی ہے۔ اس سے قوت طبعی قائم رہتی ہے جیسے ہضم غذا۔ تنمیہ و بالیدگی اور تولید اسی سے متعلق ہے ۔
روح مجرد ع۔ روح۔ جبرائیل۔ جیسے
روح نباتی ع۔ نباتات کی روح جس سے وہ تازہ رہتے ہیں۔ نشو و نما پاتے ہیں
روح نفسانی ع۔ وہ روح جو دماغ میں جا کر کیفیت حاصل کرتی ہے اس سے انسان کا نفس ناطقہ مراد ہے ۔

روخ ف۔ ایک قسم کی لمبی لمبی گھاس جس سے بوریا بنتے ہیں پنجابی دب ۔
رود ف۔ ندی۔ نہر۔ نالہ۔ تانت۔ سارنگی کی تار۔ ایک باجہ کا نام بھی ہے۔ فرزند۔ [illegible]
روداب ف۔ رستم کی ماں جو مہراب کابلی کی بیٹی تھی ۔
روداد ف۔ کیفیت۔ حال ۔
رودادن ف۔ واقع ہونا۔ ہو جانا۔ ایک بات کا ظاہر ہونا۔ توجہ کرنا۔ خاص ۔
روداری ف۔ شرم اور حیا ۔
رودبار ف۔ جہاں پر بہت سی نہریں جاری ہوں۔ بڑی ندی۔ ایران میں گیلان اور قزوین کے مابین ایک شہر کا نام بھی ہے ۔
رود تر ف۔ ترنم۔ آنسوؤں سے مراد ہے ۔
رودخانہ ف۔ جائے رود و وہ زمین جہاں دریا یا ندی نالے کا پانی گرتا ہو۔ دریا
رود خستانیہ ف۔ تانت۔ جو سارنگی وغیرہ پر چڑھی ہے۔ سارنگی کی تار سے مراد ہے۔
رود درہم کشیدن ف۔ بیدماغ ہونا۔ تیوری چڑھانا۔ ناراض ہونا۔ غصے ہونا
رود خیز ف۔ سیل۔ موج ۔
رودساز۔ رودزن ف۔ ساز بجانے والا۔ مطرب۔ ڈوم ۔
رودگان۔ رودگانی ف۔ آنتڑی
رودگانی فراخ ف۔ بہت کھانے والا۔ بڑا پیٹو ۔
رودکی ف۔ ایک مشہور شاعر کا نام ہے جو مادرزاد نابینا تھا۔ سات سال کی عمر میں قرآن حفظ کر کے شعر کہنے لگا اور خوش آوازی کے باعث مطربی کرنے لگا۔

اسے نصر بن احمد سامانی نے اپنے پاس رکھا اسلام میں سب سے پہلے فارسی شعر اسی نے کہا۔ کلیلہ و دمنہ منظوم اسی سے ہے ٭

رُوزِ دہ ف۔ تاخت۔ آخری ٭

رُوزَنت ف۔ دن۔ دن کا کوئی حصّہ۔ آفتاب ظاہر۔ آشکار۔ روشن۔ فرصت ٭

روزِ استفتاح و افتتاح ف۔ ماہ رجب کی چند معین تاریخ کہ جن دن بہشت کے دروازے کھلتے ہیں چونکہ کعبہ کا دروازہ بھی کھولا جاتا ہے اور … اسی روز کھولا … کلام کیا تھا ٭

رُوز افزوں ف۔ جو دن بدن بڑھے اور ترقی کرے ٭

رُوز انگن ف۔ باری کا تپ۔ تپ غب وہ تپ جو ایک دن کی باری سے چڑھے ٭

روزِ اُمید و بیم ف۔ رحمتِ الٰہی کی امید اور غضبِ الٰہی سے ڈرنے کا دن وہ دن جب بعض کو امید بہشت ہوگی اور بعض کو بیم دوزخ۔ روزِ قیامت ٭

رُوز بہ آخر رسیدن ف۔ دن کا تمام ہونا۔ عمر کا پورا ہو جانا ٭

رُوزِ بار ف۔ بارِ عام کا دن۔ بادشاہوں کے کچہری کرنے کا دن جس میں عام کو آنے کی اجازت ہو ٭

رُوزِ بازار ف۔ رونق۔ گرم بازاری … ٭

رُوزِ باز خواست ف۔ قیامت کا دن ٭

رُوز بر کسے تاریک کردن۔ روز بر کسے سیاہ کردن ف۔ کسی کو سخت مصیبت میں … کسی کی زندگی … ٭

روزِ پسین ف۔ … آخری … ٭

رُوزِ [illegible] ف۔ روزِ ازل ٭

رُوزِ تاریک۔ رُوزِ تنگ۔ رُوزِ سیاہ۔ رُوزِ سیہ ف۔ نامبارک دن۔ منحوس دن۔ مصیبت کا دن۔ برا دن ٭

رُوزِ جزا۔ رُوزِ حشر۔ رُوزِ درنگ ف۔ روزِ قیامت ٭

رُوزِ سپید و روشن۔ رُوزِ سفید ف۔ مبارک دن ٭

رُوز رست ف۔ ظاہر ہے ٭

رُوزِ شمار ف۔ حساب کتاب کا دن روزِ قیامت سے مراد ہے ٭

رُوزِ شیرینی خوردن ف۔ منگنی کا دن ٭

رُوزگار ف۔ زمانہ۔ وقت۔ مہلت۔ فرصت۔ شغل۔ نوکری ٭

رُوزگاران ف۔ روزگار مزید علیہ ٭

رُوزگار بسر آوردن و بُردن ف۔ عمر بسر کرنا ٭

رُوزِ کوشش۔ رُوزِ جنگ و نام۔ رُوزِ جنگ و نبرد ف۔ لڑائی کا دن جنگ کا دن ٭

رُوزگارے شمردن ف۔ کچھ دن زندہ رہنا۔ جینا۔ زندہ رہنا ٭

رُوزمرّہ ف۔ ہمیشہ۔ ہر روز ٭

رُوزن۔ رُوزنہ ف۔ روشندان۔ تابدان ٭

رُوزنامہ۔ رُوزنامچہ ف۔ وہ کاغذ جس میں روزمرہ کا حال لکھا جائے ٭

رُوزہ ف۔ صبح کاذب سے لیکر غروب آفتاب تک کھانا۔ پینا۔ جماع کرنا اور بیہودہ بکنا چھوڑ دینا ٭

رُوزہ داشتن ف۔ روزہ رکھنا ٭

رُوزہ کشادن و وا کردن ف۔ روزہ کھولنا ٭

رُوزہ منقش۔ رُوزہ مریم ف۔ چپ رہنے کا روزہ جس میں تمام روز چپ رہیں۔ خاموشی۔ سکوت۔ مرگ۔ موت۔ روزہ مریم اسے اسلئے کہتے ہیں کہ مریم کو حضرت عیسیٰ کی ولادت کے وقت حکم ہوا تھا کہ کسی آدمی سے کلام نہ کریں اگر کسی کو دیکھیں تو اشارہ کریں کہ میرا آج چپ رہنے کا روزہ ہے ٭

رُوزی ف۔ رزق۔ حق۔ نصیب ٭

رُوزیانہ ف۔ روزانہ ٭

رُوزینہ ف۔ ہر روز کا خرچ جو روز بروز ملتا ہے ٭

رُوس ف۔ براعظم ایشیا اور یورپ کے شمال کی طرف ایک مشہور ملک جو سب ملکوں سے وسیع ہے ٭

رُؤس ع۔ جمع ہے راس کی بمعنی سر۔ لوگ

رُؤسا ع۔ جمع ہے رئیس کی ٭

رُوسیا ختن ف۔ شرمندہ ہونا۔ … کھینچنا ٭

رُوسپی ف۔ زن فاحشہ۔ بدکار عورت لولی۔ قحبہ ٭

رُوستا ف۔ گاؤں۔ دہقان۔ کسان۔ گنوار ٭

رُوستائی ف۔ منسوب بہ روستا گاؤں کا دہقان۔ کسان۔ جاٹ۔ گنوار ٭

رُوستازادگان ف۔ گنواروں کے بچے۔ کسانوں کے بیٹے ٭

رُوسفید ف۔ معزز۔ ممتاز ٭

رُوسی ف۔ منسوب بہ روس۔ روس کا رہنے والا۔ ایک تورانی پہلوان کا نام بھی ہے ٭

رُوش ف۔ طور۔ طریقہ۔ قاعدہ قانون باغ کی پٹڑی۔ شکل۔ مانند ٭

رُوش ف۔ مخفف روشن کا ٭

رُوشن ف۔ پرنور۔ منور۔ … صبح۔ چمکتا ہوا۔ ظاہر۔ بین۔ آشکار اور بفتح اول اس کا معرب ہے ٭

رُوشناس ف۔ جان پہچان … جان پہچان۔ مشہور و معروف آدمی ٭

رُوشنانِ فلک ف۔ کواکب و …

رُوشنائی ف۔ چمک۔ نور۔ ضیاء۔ روشنی

رُوشندان ف۔ تابدان …

رُوشن دماغ۔ رُوشن رائے ف۔ مدبر۔ دانشمند ٭

رُوشن ضمیر۔ رُوشن قیاس دانشمند آدمی ٭

رُوشنک ف۔ دارا … کی بیٹی جو سکندر … فیلقوس کے ساتھ بیاہی گئی ٭

رُوشن کردن سخن ف۔ بات وضاحت سے بیان کرنی ٭

رُوشن کردنِ سبق ف۔ سبق …

رُوشن نہاد ف۔ پاک ذات …

رُوشنی ف۔ چمک۔ چمکاہٹ ٭

رُوض۔ روضات ع۔ جمع روضہ کی

رُوضہ ع۔ باغ۔ باغیچہ۔ سبزہ زار ٭

رُوضۂ باغ رفیع ف۔ بہشت ٭

رُوضۂ رضوان ف۔ بہشت …

رُوضۂ فیروزہ ف۔ آسمان

رُوعت ع۔ خوف۔ ڈر ٭

رُوعت ع۔ دل۔ عقل ٭

رُوغ ع۔ لومڑی کا حیلہ۔ کسی کا حیلہ کر کسی چیز کی طرف جھپٹ کر جانا۔ میل کر بھاگنا … ٭

رُوغ ف۔ مخفف روغن کا …

رُوغن ف۔ تیل۔ گھی ٭

روغن از خاک کشیدن۔ روغن از سنگ کشیدن۔ روغن از ریگ گرفتن ف۔ کسی چیز کا ایسی جگہ سے تلاش کرنا جہاں سے اس کا ملنا ناممکن ہو۔ عجب کام کرنا ٭

روغن بر آتش ریختن ف۔ تحریک کرنی ٭

روغن زبانی ف۔ نرم گوئی۔ میٹھی باتیں۔ چکنی چپڑی باتیں کرنی۔ خوشامد کرنی ٭

روغن قاز مالیدن ف۔ خوشامد کرنا۔ فریب دینا ٭

روغنی ف۔ روغن کی ہوئی چیز۔ گھی یا تیل سے چپڑی ہوئی چیز ٭

رؤف ع۔ بڑا مہربان۔ خدا کا ایک نام ہے ٭

رو فراخ ف۔ خوش و خرم۔ شگفتہ رو ٭

روفس ی۔ ایک یونانی حکیم کا نام ہے ٭

رو کشیدن ف۔ عجز و الحاح کرنا ٭

روگردان ف۔ منہ پھیرنے والا۔ بے دماغ۔ ناراض۔ ناخوش ٭

روگردانیدن ف۔ منہ موڑنا۔ منہ پھیرنا ٭

روکردن بچیزے ف۔ اسکی طرف متوجہ ہونا ٭

روگرفتن ف۔ منہ ڈھانک لینا۔ چھپ جانا ٭ شرم کے باعث منہ پر پردہ ڈال لینا۔

روکش ف۔ حریف۔ مقابل۔ شرمندہ ٭

روم ع۔ ایک مشہور ملک جس کا کچھ حصہ براعظم ایشیا میں واقع ہے۔ اور کچھ یورپ میں۔ اور جو کانسٹنٹی نوپل کا دارالخلافہ ہے۔ کسی زمانے میں وہاں کی سلطنت تقریباً تمام دنیا پر غالب تھی۔ اس کے آخیر زمانے میں دو حصے ہو کر مشرقی حصے کا دارالخلافہ قسطنطنیہ مقرر ہوا۔ اور اسی حصہ سلطنت کا نام روم قرار پایا۔ چنانچہ اب تک جو ملک سلطان قسطنطنیہ کے زیر حکم ہے۔ روم کہلاتا ہے ٭

رومال ف۔ منہ پونچھنے کا کپڑا ٭

رومہ ف۔ بدن کے بال مٹانے والا ٭

رومی بچگان ف۔ آنسوؤں سے مراد ہے ٭

رومی و زنگی۔ رومی و ہندی ف۔ دن اور رات سے مراد ہے ٭

رو نداشتن ف۔ بے حیا ہونا ٭

رو نیافتن ف۔ توجہ اور شفقت نہ پانا ٭

روندہ ف۔ چلنے والا ٭

روندگان عالم ف۔ ساتوں سیارے ٭

رونق ع۔ چمک۔ زیبائش۔ خوبی ٭

رونما ف۔ تحفہ جو عروس کو منہ دیکھنے کے وقت دیا جائے ٭

روے ف۔ منہ۔ چہرہ ٭

روے ف۔ کانسی۔ ایک دھات کا نام ہے ٭

روی ع۔ سیراب۔ تازہ۔ وہ رسی جس سے اونٹ پر بوجھ باندھیں۔ چونکہ قافیہ کی بنیاد حرف روی پر ہے اس لئے اس نام سے موسوم کیا گیا۔ وہ حرف جو سب سے پیچھے ہمیشہ ہر ایک قافیہ میں مکرر آئے روی کہلاتا ہے۔ جیسے تنزیل اور ترتیل دو مختلف لفظوں میں یہی ل مکرر آیا ہے اس واسطے ان دونوں لفظوں میں قافیہ جو سب سے پیچھے مکرر آیا ہے۔ حرف روی ہے ٭

رؤیا ع۔ خواب۔ سپنا ٭

روے انگندن۔ روے انداختن ف۔ عجز و الحاح کرنا ٭

روے آہنی۔ روے آہنین ف۔ خود۔ لوہے کی ٹوپی کانسی اور لوہے کا مرکب ہو کے بنی ہوئی چیز ٭

روے بر آب کشیدن ف۔ وضو کرنا ٭

روے باز کردن ف۔ منہ سے پردہ اتار دینا ٭

روے بچیزے کردن ف۔ کسی طرف متوجہ کرنا ٭

روے بدیوار کردن ف۔ منہ پھیر لینا۔ بے دماغ ہونا ٭

روے بر خاک مالیدن ف۔ نہایت عجز اور فروتنی کرنی ٭

رؤیت ع۔ دیکھنا۔ نظر کرنا ٭

رویت ع۔ فہم۔ فکر و تامل ٭

روے تافتن۔ روے ترش کردن ف۔ بے دماغ ہونا۔ تیوری چڑھانا۔ ناراض ہونا ٭

روے تلخ کردن ف۔ ناخوش ہونا ٭

روے تیغ ف۔ تلوار کی دھار ٭

روے چیزے نداشتن ف۔ شرمندگی کے سبب اسکے سامنے نہ جاسکنا ٭

روے خاندان ف۔ فخر خاندان ٭

رویداد ف۔ حال حقیقت۔ ماجرا ٭

روے در چیزے داشتن ف۔ اس چیز کی طرف توجہ رکھنی ٭

روے در خدا آوردن ف۔ خدا کی طرف رجوع لانا ٭

روے در ہم کشیدن۔ روے ترش کردن ف۔ بے دماغ ہونا۔ تیوری چڑھانا۔ خفا ہونا۔ ناراض ہونا۔ ناخوش ہونا ٭

روئیدن ف۔ اگنا ٭

روے زرد ف۔ [illegible]

روے شستہ ترنج ف۔ آفتاب ٭

روے فلاں در ترقی است ف۔ دن بدن ترقی کر رہا ہے ٭

روے کسے بزمین انداختن۔ روے کسے بر زمین مالیدن ف۔ نہایت ذلیل کرنا ٭

روے کسے دیدن ف۔ اس کی طرفداری کرنی ٭

روے کسے گرفتن ف۔ کسی کی طرفداری کرنی۔ حمایت کرنی ٭

روئین ف۔ دھات کانسی یا پیتل کی ٭

روئین (مرد و زن) سوزن (ف)۔ [illegible] ٭

روئین تن۔ روئینہ تن۔ ف۔ اسفندیار کا لقب ہے۔ جو گشتاسپ شاہ ایران کا ایک بڑا دلاور بیٹا تھا۔ رستم کے ہاتھ سے مقتول ہوا تھا۔ کہتے ہیں کہ اس کے بدن پر ایک خدا پرست بزرگ کی دعا کے سبب تیغ و تیر کارگر نہ ہوتے تھے ٭

روئین خم۔ روئینہ خم ف۔ بڑا مٹکا جس کا خم دھات کا ہوتا ہے ٭

روئین دژ۔ روئینہ دژ ف۔ توران کے ایک قلعہ کا نام ہے۔ جہاں ارجاسپ کے پوتے ارجاسپ نے گشتاسپ کی لڑکیوں کو بلخ سے لے جا کر قید کر رکھا تھا۔ اور اسفندیار نے سوداگروں کے بھیس میں جا کر اس قلعہ کو فتح کرکے اپنی بہنوں کو چھڑایا تھا ٭

روے نمودن چیزے ف۔ اس کا ظاہر ہونا۔ وقوع میں آنا ٭

روے نہادن ف۔ متوجہ ہونا ٭

رُدے ورہ ف۔ طور۔ طریقہ ÷
رُویہ ع۔ بمعنی رویت مجازاً طریقہ۔ وتیرہ
رَویّہ ف۔ مرکب ہے رو (صیغہ امر) سے
رفتن مصدر سے ی اور کلمہ یت۔ جو امر کے
آخر میں اصل مصدر کا افادہ کرتا ہے۔ ایسے
طریقہ۔ دستور۔ سمت۔ طرف ÷

رائے مہملہ مع ہائے ہوز

رہ ف۔ رستہ۔ طریقہ۔ طور۔ بار۔ جہت ÷
رَہا ف۔ چھوٹا ہوا۔ آزاد ÷
رِہاق ع۔ بلوغت کا ابتدا ÷
رُہام ف۔ گودرز کے بیٹے کا نام ہے ÷
رِہان ع۔ گھڑ دوڑ میں شرط لگانا۔ گرد و غبار
جو گھوڑوں کے دوڑنے کے سبب اٹھے ÷
رہ انجام رُوحانی ف۔ براق جس پر
جناب رسول خدا صلعم سوار ہو کر معراج
کو تشریف لے گئے ÷
رہاندن۔ رہانیدن ف۔ چھڑانا۔
رہائی دینا ÷
رہاوی ف۔ موسیقی کے بارہ مقاموں سے
ایک مقام ہے ÷
رُہبان ع۔ جمع ہے راہب کی یعنی
نصاریٰ کے تارک الدنیا ÷
رُہبانیت ع۔ ترک دنیا۔ نصاریٰ کے
عابدوں کا ترک لذات و زہد و چلہ کشی کرنا
رہبر ف۔ رہنما۔ ہادی ÷
رہ برگرفتن ف۔ رستہ لینا۔ روانہ ہونا
رہ پنج و گرد و غبار۔ شور و غوغا ÷
راہ داشتن ف۔ انتظار کرنا ÷
رہ رو ف۔ رستہ چلنے والا ÷
رہروان ازل ف۔ طالبان حق۔ سالکان راہ

رہروان گردون ف۔ سبعہ سیارہ
رہزن ف۔ لٹیرا۔ چور جو راہ میں لوٹتا
ہو۔ بٹ مار ÷
رہص ع۔ رنج۔ بنیاد ÷
رہط ع۔ مردوں کا گروہ یا جماعت ÷
رہق ع۔ نزدیک ہونا۔ گمراہ ہونا۔ جھوٹ
بولنا۔ اپنے تئیں حرام و فساد پر آمادہ
رکھنا۔ تکبر کرنا۔ بیہوش ہو جانا۔ ظلم کرنا
دوڑنا ÷
رہگذر ف۔ شاہراہ۔ مجازاً باعث۔ سبب ÷
رہ کور۔ آتش بموم آوردن ف۔
آگ کی تپش کا عمل موم سے پیدا کرنا۔ محال
کام کرنا ÷
رہن ع۔ گرو۔ مال یا زمین کا گرو رکھنا ÷
رہنمون ف۔ ہادی۔ رہنما ÷
رہنمونی ف۔ ہدایت۔ رہنمائی ÷
رہ نوزو ف۔ تیز رفتار گھوڑا۔ مطلق
تیز رفتار ÷
رہو ع۔ اونچی زمین۔ نیچی زمین۔ یہ لفظ
لغات اضداد میں سے ہے ÷
رہوار ف۔ تیز رفتار۔ اور خوش رفتار
گھوڑا ÷
رہی ف۔ غلام۔ نوکر۔ چاکر ÷
رہیدن ف۔ چھوٹنا۔ رہائی پانا ÷
رہین ع۔ گرو رکھی ہوئی شے ÷

رائے مہملہ مع یائے تحتانی

رَے ف۔ عراق عجم میں ایک شہر ہے
ریّ ع۔ سیراب ہونا ÷
ریا ع۔ ظاہر داری۔ دکھاوا۔ [illegible]
ریاح ع۔ ریح کی جمع۔ ہوائیں۔ [illegible]

ریاحین ع۔ ریحان کی جمع ہے۔ سبزہ
زار۔ گلستان۔ باغات ÷
ریاست ع۔ سرداری۔ حکومت ÷
ریاض ع۔ روضہ کی جمع ہے۔ باغات
ریاضات ع۔ جمع ہے ریاضت کی۔
ورزشیں۔ محنتیں۔ مشقتیں ÷
ریاضت ع۔ محنت کرنا۔ مشقت کرنا۔
ورزش کرنا۔ محنت۔ مشقت۔ ورزش
فرمانبرداری۔ نفس کشی ÷
ریاضی ع۔ اس کی تعریف لفظ حکمت
کی تشریح میں دیکھو۔ اس کے بعض اقسام
یہ ہیں۔ علم ہندسہ۔ علم حساب۔
علم نجوم۔ علم موسیقی۔ علم مناظرہ و مرایا
علم جبر و مقابلہ۔ علم جر اثقال
وغیرہ ÷
ریاکار ف۔ فریبی۔ منافق۔ ریا
کرنے والا ÷
ریان ع۔ سیراب۔ تر و تازہ۔ بہشت کا
دروازہ جس سے روزہ دار داخل ہوں گے ÷
ریب ع۔ شک۔ شبہ ÷
ریباری ف۔ سانڈنی سوار ÷
ریب المنون ع۔ زمانہ کے حادثے
ریبت ع۔ شک۔ شبہ۔ تہمت ÷
ریچار۔ ریچال۔ ریچارہ ف
اچار۔ مربا ÷
ریح ع۔ مطلق ہوا خواہ خوش یا ناخوش
ہو۔ وہ ہوا جو کسی کے شکم میں ہو ÷
ریحان ع۔ پھول۔ نبات۔ سبزہ
نازبو۔ ہر خوشبودار گھاس ÷
ریحانہ ف۔ جس میں ریحان ہوں ÷
ریحانی ف۔ ایک قسم کی شراب [illegible]

ریخ ف۔ جانور کی بیٹ۔ اور انسان [illegible]
حیوانات کا نرم اور پتلا فضلہ ÷
ریختن ف۔ ڈالنا۔ بہانا ÷
ریختن بہار ف۔ موسم بہار کا ختم ہونا
فصل ربیع کا بیت چکنا ÷
ریختن صفرائے جوشیدہ ف۔
آتش غضب کو دور کرنا۔ غصہ کی آگ
کو بجھا دینا ÷
ریختہ ف۔ وہ شے جو قالب میں ڈھال
کر بنائی جائے۔ وہ بولی یا وہ زبان جو
مخلوط کلام۔ وہ معنی جو بے تکلف اور
بے تامل سمجھ میں آ جائیں ÷
ریختہ بات۔ خوبصورت گھوڑا جس کے
اعضا متناسب ہوں گویا کہ
سانچہ میں ڈھال کر رکھا ہے۔ تیز قدم ÷
ریختہ دم ف۔ وہ ہتھیار جس کی باڑھ
اور چمک باقی ہے ÷
ریختہ گر ف۔ وہ شخص جو دھات شیشہ
وغیرہ کو پگھلا کر قالب میں ڈھالے اور اس
سے برتن بنائے ÷
ریدک ف۔ نابالغ۔ اور امرد ÷
ریدن ف۔ ہگنا ÷
ریزاں ف۔ گرتا ہوا۔ ٹپکتا ہوا ÷
ریز ریز ف۔ ریزہ ریزہ ÷
ریزش ف۔ ڈالنا۔ گرانا۔ انعام
بخشش ÷
ریزہ ف۔ ٹکڑا۔ قطعہ ÷
ریزہ سرائی ف۔ گیت گانا۔
نغمہ سرائی ÷
ریزہ چیں ف۔ [illegible]
ریستن ف۔ [illegible]

اندر آمدن ۔ دیر کرنا ۔ اٹکنا ۔

ریسمان وا پیچ بدوری ۔ سوت کی ڈور ۔ تاگا ۔

ریسمان باز ف ۔ بازیگر ۔ نٹ ۔

ریسمان بودن آسمان در چشم کسے ف ۔ بے قدری سے مراد ہے ۔

ریسمان تابیدن برائے کسے ف اسکے تباہ اور برباد کرنے کی کوشش کرنا ۔

ریسمان دراز کردن ف ۔ رسی ڈھیلی چھوڑ دینی ۔ مہلت دینی ۔ فرصت دینی اغماض کرنا ۔

ریسمان سوخت و کجیش بیرون نرفت ف ۔ مثل مشہور ہے اردو میں کہتے ہیں رسی جل گئی پر رسی کا بل نہ گیا ۔

ریسیدن ف ۔ کاتنا ۔

ریش ف ۔ ٹھوڑی کے بال ۔ ڈاڑھی ۔

ریش ف گھاؤ ۔ زخم ۔ زخمی ۔ گھائل ۔

ریش از سیاہ سفید کردن ریش در آفتاب سفید کردن ۔ ریش بہ دوغ سفید کردن ۔ ف ۔ دھوپ میں ڈاڑھی سفید کرنا ۔ بجائے کوئی تجربہ نہ کرنا ۔

ریش باباف ۔ انگور کی ایک قسم ہے ۔

ریش پرباد ف ۔ مغرور ۔ متکبر ۔

ریش خند ف ۔ تمسخر کرنا ۔ ہنسی ۔

ریش تہ خمی ف ۔ شیشہ شراب کی تلچھٹ ۔

ریش گاو ف ۔ احمق ۔ لالچی ۔ مسخرہ ۔

ریش گندان ف ۔ بیفائدہ تکلیف اٹھانی ۔

ریش نداشتن ف ۔ بے اعتبار اور بے وقعت ہونا ۔

ریشانی ف ۔ بے حقیقتی ۔ بے غیرتی ۔ ذلیلی ۔

ریشہ ف ۔ سوت وغیرہ کی تار ۔

ریشہ دواندن ۔ ریشہ راندن ف ۔ ریشہ دوڑانا ۔ شرارت اٹھانی ۔ فساد ڈالنا ۔

ریشہ ریشہ شدن ف پارہ پارہ ہونا ۔

ریشہ کن ف ۔ جڑ اکھیڑنے والا ۔

ریشیدن ف ۔ ملنا ۔ ملانا ۔ کسی چیز کو رنگ کرنا ۔

ریع ع ۔ کھیتی کا بڑھنا ۔ اور اس کی آمد ۔

ریعان ع ۔ ہر چیز کا شروع ۔ نوجوانی ۔

ریق ع ۔ تھوک ۔ نہار ۔ ناشتا ۔

ریق زدن ف ۔ بکنا ۔

ریک ف ۔ نیکوکار ۔ نیک بخت آدمی ۔

ریگ ف ۔ ریت ۔

ریگ روان ف ۔ پانی کی طرح بہتی اور چلتی ریت ۔

ریگ ریختن ف ۔ خراب کرنا ۔

ریگ ریگ ف ۔ ذرہ ذرہ ۔

ریم ف ۔ پیپ ۔

ریم آہن ف ۔ لوہے کی میل جو آگ میں ڈالتے وقت نکلتی ہے ۔

ریمگین ف ۔ چرک آلودہ ۔ سرکش ۔ مکار ۔ دغاباز ۔ فریبی ۔

ریمیا ع ۔ ایک علم ہے جس کے عمل سے آدمی جہاں چاہے جا سکتا ہے ۔

رین ع ۔ خبیث و گناہگار ہونا ۔ بدکار و بد افعال ہونا ۔ گناہوں کا کسی پر غالب ہونا ۔

ریون ہ ۔ ایک بوٹی جو چین میں اگتا جہاں سے نکلتا سپید سرخ ہو ۔

ریو ف ۔ مکر ۔ فریب ۔ حیلہ ۔

ریو خوردن ف ۔ فریب کھانا ۔

ریوند ۔ ریوند چینی ف ۔ ایک مسہل دوائی ہے ۔

ریہ ف ۔ پھیپھڑا ۔

رئیس ف ۔ سردار ۔

باب الزائے تازی

زائے معجمہ مع الف

زابل ف ۔ سیستان کے ایک شہر کا نام ہے ۔ وہاں کے باشندوں کو بھی زابلی کہا کرتے تھے ۔ جو اب ایک قوم خیال کی جاتی ہے ۔

زابلستان ف ۔ ملک سیستان کو کہتے ہیں جو ایران میں ہے ۔

زاج ۔ زاج ابیض ع ۔ پھٹکڑی ۔

زاجر ع ۔ زجر کرنیوالا ۔ منع کرنے والا ۔

زاچہ ف ۔ زچہ ۔ بچہ جننے والی عورت جو چلے میں ہو ۔

زاحف ع ۔ [illegible] لشکر ۔ یا سردار ۔

زاجل ع ۔ زجر ہونے والا ۔

زاخر ع ۔ دریا جو زور کرکے چڑھتا ہے موج زن ۔

زاخل ف ۔ کھجور کا درخت ۔

زاد ف ۔ اصلی اور خالص [illegible]

زادن ف ۔ فرزند ۔ سن و سال ۔

زاد ع ۔ توشہ ۔ راہ کا خرچ ۔ کھانا ۔

زاد بوم ف ۔ بہ اضافت مقلوب ۔ بوم زاد ۔ وہ جگہ جہاں آدمی پیدا ہو ۔ جنم بھوم ۔

زاد راہ ف ۔ راہ کا خرچ ۔

زاد سرو ف ۔ مخفف ہے آزاد سرو ۔ سرو آزاد کا ۔

زاد مرد ف ۔ مخفف ہے آزاد مرد کا ۔

زادن ف ۔ جننا ۔ پیدا ہونا ۔

زادہ ف ۔ بچہ ۔ فرزند ۔

زادۂ تاک ف ۔ شراب ۔ انگوری شراب تاک ۔ درخت انگور کو کہتے ہیں ۔

زادۂ خاطر ف ۔ طبعزاد ۔

زادۂ خاک ف ۔ زر و سیم ۔

زادۂ شش روز ف ۔ جہان ۔ مخلوقات ۔

زار ف ۔ اگنے کی جگہ ۔ کثرت و انبوہ کا حرف بھی ہے ۔ ضعیف ۔ خوار ۔ نالاں و گریاں شادروس کا لقب بھی ہے ۔

زار زار گریستن ف ۔ بہت رونا ۔

زاری ف ۔ رونا ۔ ضعیفی ۔ عاجزی ۔

زاریدن ف ۔ رونا ۔

زاغ ف ۔ کوا ۔ کاگ ۔

زاغ پات ۔ طعنہ ۔ سرزنش ۔

زاغ دل ف ۔ سیاہ دل ۔

زاغ کمان ف ۔ کمان کے گوشہ کی نوک ۔

زاک ف ۔ پھٹکڑی ۔

زال ف ۔ سفید بالوں والا ۔ بڑھیا عورت ۔ رستم کے باپ کا نام ہے ۔ جو سفید

بالوں کے ساتھ پیدا ہُوا تھا ٭
زالِ بد اقبال دِرِ غنا ۔ مرسفید
سیہ دل و سفید رُو و عقیم و
متحاضہ و مُوسپید ف ۔ دُنیا ٭
زالِ ابزرو و کوژ پشت ف ۔ آسمان
زال زر ف ۔ رستم کا باپ جس کا بدن
سرخ تھا ٭
زالِ کوفہ ف ۔ کوفہ کی وہ عورت جس
کے تنور سے طوفانِ نوح آیا تھا ٭
زالِ مدائن ف ۔ شہر مدائن کی وہ
بوڑھی عورت جس کا گھر نوشیرواں خریدنا
چاہتا تھا اور اس نے نہ دیا ٭
زانو ف ۔ گھٹنا ٭
زانوں بر خاک مالیدن و بر
زمین نہادن ف ۔ نہایت مُؤدب
اور متواضع ہونا ۔ کمال عجز اور فروتنی
کرنا ٭
زانو تہ کردن ف ۔ ادب سے بیٹھنا ٭
زانو بر صدرگاہ کردن ف ۔ مراقبے
میں بیٹھنا ۔ متفکر ہونا ٭
زانو زدن ف ۔ مؤدب بیٹھنا ۔ دو
زانو بیٹھنا ۔ آداب بجا لانا ٭
زانی ع ۔ حرامکار ۔ زنا کرنے والا مرد ٭
زانیہ ع ۔ زنا کرنے والی عورت ٭
زاور ف ۔ قوی ۔ پُر زور ۔ حصار ۔ دائرہ
گروہ ۔ ہر چیز کا شگاف اور رخنہ ۔ انگشت
کا گڑھا ٭
زاول ف ۔ زابل ٭
زاویہ ع ۔ کونا ۔ گوشہ ٭
زاویہ حادہ ع ۔ وہ زاویہ جو قائمے سے
چھوٹا ہو ٭

زاویہ قائمہ ع ۔ جب ایک خط دوسرے
پر واقع ہو کر اپنے پہلو کے متصل زاویے
برابر پیدا کرے تو ان میں سے ہر ایک کو
زاویہ قائمہ کہتے ہیں ٭
زاویہ مسطحہ ع ۔ دو خطوں کا میلان
جو ایک سطح پر ملیں ۔ مگر ایک سیدھ
میں نہ ہوں ٭
زاویہ مسطحی مستقیم الخطین ع
دو مستقیم خطوں کا میلان ہے ۔ جو باہم
ایک سطح پر ملیں مگر ایک سیدھ میں نہ
ہوں ۔ اس کی تین قسمیں ہیں ۔ قائمہ
حادہ ۔ منفرجہ ٭
زاویہ منفرجہ ع ۔ قائمے سے بڑا زاویہ ٭
زاہد ع ۔ عبادتِ خدا کی طرف بہت مائل رہنے والا ٭
زاہد خشک ف ۔ جو عبادت میں
پورا اہتمام کرے ۔ مگر عشقِ الٰہی
کی لذت نہ چکھی ہو ٭
زاہد کوہ ف ۔ آفتاب سے مراد ہے ٭
زاہر ع ۔ کھلا ہوا ۔ اجلا ۔ روشن ۔ چمکتا
زاہل ع ۔ بھولنے والا ٭
زائچہ ف ۔ جنم پترہ ۔ رمل کی شکلیں جو
رمال قرعہ ڈال کر کھینچتے ہیں ٭
زائد ع ۔ بڑھا ہوا ۔ حساب سے افزون ٭
زائیدگی ف ۔ پیدائش ٭
زائیدن ف ۔ جننا ۔ پیدا ہونا ٭
زائر ع ۔ ملنے والا ۔ زیارت کرنے والا ۔
اسکا روٹ زیارت ہے ۔ زائر جب شیر کی صفت ہو تو اسکے
معنے دھاڑنے والا اور اسکا روٹ زئیر ہے ٭
زائل ع ۔ دور ہونے والا ٭

زائے معجمہ مع بائے موحدہ

زب ف ۔ صفت ۔ رائگان ۔ آسمان ٭
زبان ف ۔ مشہور عضو ہے ۔ بولی ٭
زبان از قفا بدر کردن و یا برو
کشیدن ف ۔ زبان گدی سے
نکال دینا ٭
زبان آور ف ۔ شاعر ۔ فصیح ٭
زبان آوری ف ۔ شاعری ۔ فصاحت
زباندرازی ۔ بکواس ۔ سخن سازی ٭
زبان بازی ف ۔ باہم کلام کرنا ۔ کلام
ہونا ۔ برابری ۔ خصومت ٭
زبان بر خاک مالیدن ف ۔
عاجزی کرنا ۔ حسرت کرنا ۔ آرزو کرنا ٭
زبان بر دیوار مالیدن ۔ ف ۔
توکل کرنا ۔ قناعت کرنا ٭
زبان بریدن ف ۔ مدعی کو دلیل قاطع
سے لاجواب کر دینا ۔ عطا کرنا ۔
بخشنا ٭
زبان بستن ف ۔ چپ ہونا ۔ چپ کرانا
زبان بلغات ۔ گل نافرمان ٭
زبان بکام در کشیدن
زبان در کام انگندن و در انگشتن ف
زبان تالو سے لگالی ۔ یعنی چپ رہنا ٭
زبان بیکے یکے کردن ۔ ف ۔
موافقت کرنی ٭
زبان بمسمار دوختن ۔ ف
خاموش ہونا ٭
زبان بند ف ۔ وہ تعویذ جو حاسدوں
اور بدگوئوں کی زبان بندی کے واسطے
لکھتے ہیں ٭
زبان بند خرد ف ۔ شراب ٭
زبان بے سر ف ۔ بیہودہ بات ٭

زبانِ ترازو ف ۔ کانٹے کی سوئی
زبان تر کردن ف ۔ بولنا ۔ کلام کرنا
زبان تازہ کردن ف ۔ بار بار کہنا
زبان تیغ فولاد کردن ف ۔ زبان
کا تیز اور سخت کرنا ٭
زبان دادن ف ۔ اقرار کرنا ۔
شرط کرنا ۔ خوشامد کرنا ٭
زباندان ف ۔ فصیح اور خوش تقریر ۔
شاعر ۔ بہت سی بولیاں جاننے والا ٭
زبان دراز ف ۔ بیہودہ گو ۔ بکواسی
زبان در تہ دندان گرفتن ف ۔
خاموش ہونا ٭
زبان در تہ زبان داشتن ف ۔
ایک بات پر ثابت نہ رہنا ٭
زبان در دہان نگہداشتن ۔
زبان در کام فرو بردن و در
کردن ف ۔ زبان در کشیدن ف
چپ رہنا ٭
زبان زدن ف ۔ کلام کرنا ۔ بولنا ۔
زبان زد ۔ زبان زدہ ف ۔ مشہور
زبان پر چڑھا ہوا ٭
زبان سپید کردن ف ۔ عجز ظاہر کرنا ٭
زبان ستدن ف ۔ چپ کرانا ٭
زبان سوختن ف ۔ کلام سے زبان
تھکنی ۔ چپ ہونا ٭
زبان شکنین ف ۔ توتلی زبان ٭
زبان فروش ف ۔ بہت کہنے والا ٭
زبان گیر ف ۔ جاسوس ٭
زبان کشادن بر کسے ف ۔ زبان
درازی کرنا ٭
زبان گرفتن ف ۔ توتلا ہونا ٭

زُبانہ - زبانہ ف - آگ کی لپٹ شعلہ کانٹے کی سوئی ٭
زُبانہ کشیدنِ آتش - ف - آگ کا مشتعل ہونا - بھڑک اُٹھنا ٭
زُبانی ع - جمع زبینہ کی جس کے معنے سرکش دیو - اور سخت و درشت آدمی کے ہیں - وہ فرشتے جو دوزخ پر موکل ہیں - فارسی والے اسے مفرد استعمال کرتے ہیں ٭
زُبان یافتن - ف - کلام کرنے کی اجازت پانا ٭
زُبانیانَت - زبانیہ ع - زبانی کی جمع ٭
زُباوہ - ع - زمین کے اونچے ٹیلے ٭
زُبدہ - ع - مسکہ - کسی چیز کی جھاگ ٭
زُبدہ ع - چیدہ - برگزیدہ - منتخب ٭
زَبر - ف - بالا - اوپر والا - زور اور وہ حرکت فتح جو حرف کے اوپر ہوتی ہے ٭
زَبرپوش - ف - لحاف - سوتے کے وقت جو کپڑا اوپر اوڑھا جائے ٭
زَبرجد ع - ایک قسم کا زمرد ہے - جوہر سبز رنگ زردی مائل ٭
زَبردست - ف - غالب - طاقتور ٭
زَبردستی - ف - زور کرنا - دھینگا دھینگی کرنا - غلبہ - زور - زیادتی ٭
زَبُور ع - لکھا ہوا - اس کتاب کا نام ہے جو حضرت داؤد پر نازل ہوئی تھی - راگ - گیت ٭
زَبون - ف - کمزور اور نحیف - بدتر - بیوقوف - عاجز - بیچارہ ٭
زَبونی - ف - عاجزی - بیچارگی ٭
زَبیب ع - دانکھ - منقہ - کشمش ٭

زُبیدہ ع - ہارون رشید خلیفہ بغداد کی بیوی جو بڑی عالی ہمت اور پاک دامن عورت تھی ٭

زائے معجمہ مع جیم معجمہ

زُجاج ع - شیشہ - گلاس - کانچ
زُجاجہ ع - کانچ - شیشہ - کی قندیل اور مصر میں اس نام کا ایک گاؤں ہے ٭
زَجر - ع - جھڑکنا - دھمکانا - روکنا باز رکھنا - منع کرنا - سرزنش جھڑکی دھمکی ٭
زَچہ - ف - وہ عورت جس نے ابھی بچہ جنا ہو ٭
زَجِیر ع - روکنے والا ٭

زائے معجمہ مع حائے مہملہ

زحام - ع - انبوہی ٭
زَحف - ع - لڑکے کا گھٹنے ٹیک کر اور حیوان کا پیٹ کے بل چلنا - تیر کا نشانہ سے خطا ہونا - خرید نا - لڑائی کے لئے جمع ہو نا چلنا ٭
زُحَل ع - مشہور سیارہ ہے جو سب سے بلند مگر نحس ہے - سنیچر ٭
زُحلوقہ - ع - ڈھلوان جگہ ٭
زَحم ع - زحمت - انبوہ ٭
زَحمات - ع - زحمت کی جمع ٭
زَحمت ع - تکلیف - دکھ - رنج ٭
زَحِیر ع - پیچش - مروڑا - لہو کے دست آنا - ناخوشی - آزردہ - ناخوشی - آزردگی ٭

زائے معجمہ مع خائے معجمہ

زُخ - ف - شور و بانگ - صدائے جرس
زُخّار ع - پانی سے لبالب بھرا ہوا - مشتق ہے زخر سے ٭
زَخارف ع - جمع ہے زخرف کی جاندار اور ظاہر آراستہ باتیں اور امور ٭
زَخر ع - دریا اور ندی کا پانی سے لبالب بھرا جانا ٭
زُخرُف ع - سونا - اور جو چیز کہ آراستہ اور آبدار ہو - ملمع کی ہوئی شئے - آرائش مزخرفات واہیات بات ظاہر کچھ باطن کچھ ظاہر آراستہ - باطن خراب ٭
زَخم - ف - گھاؤ - ریش ٭
زَخم آزمائے - ف - جس سے مراد بہت سے زخم کھائے ہوں - جو بہت زخمی اور گھائل ہو چکا ہو ٭
زَخم انگیختن و انداختن و ریختن و کردن - ف - زخمی اور گھائل کرنا ٭
زَخم برداشتن و چشیدن و خوردن و کشیدن و گرفتن - ف - زخمی اور گھائل ہونا ٭
زَخم تیز - ف - عمیق - اور گہرا زخم
زَخم دار - ف - خستہ - مجروح - زخمی ٭
زَخم دنبالہ دار - ف - وہ زخم جس سے خون بکثرت جاری ہو ٭
زَخم پہلو کا - ایسا ف - پچھلے زمانے میں دستور تھا کہ جنگ کے وقت سوار کاٹھی اور رکاب گھوڑے کی زین میں لٹکا تے تھے اور موزہ بھی ایسا ہی پہنتے تھے - لڑائی میں یہ کانٹے دشمنوں کے زخمی اور گھائل کر دینے میں کام آتے تھے - پس اس لفظ سے وہ زخم اور صدمہ مراد ہے جو سواروں کے پاؤں اور رکاب سے پہنچتا تھا ٭
زَخم ریز - ف - زخم کرنے والا ٭
زَخم کاری و سو زخم کوش - ف - تلوار سے کی چوٹ ٭
زَخم منکر - ف - کاری زخم - بڑا گھاؤ ٭
زَخم ناک - ف - زخمی - گھائل ٭
زَخمہ - ف - مضراب جس سے کسی ساز کو بجاتے ہیں - چوب ٭
زَخمہ ور - ف - کسی ساز کا بجانے والا ٭
زَخمی - ف - گھائل - مجروح ٭
زَخود شدن - ف - بیہوش ہونا - بیخود ہونا ٭

زائے معجمہ مع دال مہملہ

زَد - ف - مارا - چوٹ - مار ٭
زِداے - پاک صاف کرنیوالا - پاک کرنے ٭
زدائیدن - زدودن - زُدودن - ف - صاف کرنا - زنگ دور کرنا - صیقل کرنا ٭
زدن - ف - مارنا - یہ مصدر متعدی ہے - مگر کبھی کبھی لازمی بھی آجاتی ہے اس کے معنے بہت ہیں - کسی قدر ذیل میں درج ہوتے ہیں (۱) بھر دینا - سیراب کرنا (۲) گرادینا - کھینچنا جیسے پشہ پیل (۳) انداختن (۴) کھانا پینا - جیسے شراب زدن - کباب زدن (۵) کرنا جیسے زور زدن (۶) رکھنا جیسے چشم براہ زدن (۷) ڈالنا - زرہ زدن (۸) پہنچانا - صدمہ زدن - (۹) مشابہ ہونا - جیسے رنگ لیلاں شد زدن (۱۰) کھیلنا رنگ زدن (۱۱) ابھرنا - عنان زدن

(۱) جلنا - جلانا - روشن کرنا - گرانا - شعلہ زدن - آتش زدن (۲) ملنا - روغن زدن (۳) نصب کرنا - خیمہ زدن (۴) بچھانا - تخت زدن (۵) باندھنا - لگانا - قفل زدن (۶) بجانا - ستار زدن (۷) لینا - بوسہ زدن (۸) دینا - دشنام زدن (۱۹) لوٹنا - راہ زدن (۲۰) بولنا - حرف زدن (۲۱) چھڑکنا - آب زدن (۲۲) بلند کرنا - سر دشمن زدن - (۲۳) دیکھنا - فال زدن (۲۴) داخل ہونا - بہ آب زدن (۲۵) قطع کرنا - شاخ زدن (۲۶) ڈسنا - زدن مار (۲۷) بنانا - خشت زدن (۲۸) گانا - ترانہ زدن (۲۹) طلوع کرنا - ستارہ زدن (۳۰) دوڑانا - اسپ زدن (۳۱) مارنا - تیر زدن (۳۲) آراستہ کرنا - صف زدن ✦

زدو خورد ف - موقع جنگ - پر اگر کہیں یہ لفظ آئے تو اسکے معنی ہیں - زخمی کرنا زخم کھانا تحمل کرنا - گھائل ہونا ✦

زدوکوب ف - مار پیٹ ✦

زدہ ف - مارا ہوا - پیٹا ہوا - چوٹ کھایا ہوا - اصطلاح علم لغت میں وہ حرف جو ساکن ہو ✦

زدہ زدہ آمدن ف - دوڑے ہوئے آئے گھوڑا اپکاتے ہوئے آئے - بھاگتے ہوئے آئے ✦

زائے معجمہ مع رائے مہملہ

زر ف - سونا - روپیہ - اشرفی - پیسہ وغیرہ ✦

زراب ف - نواح بغداد میں ایک چشمہ ہے - زرد رنگ کی شراب - شہد ✦

کیا ہوا سونا ✦

زراچہ ف - زنگبار کے ایک پہلوان کا نام ہے جو زنگیوں کی طرف تھا - اور جس نے پہلے میدان میں سکندر کے ستر آدمیوں کو قتل کر دیا تھا - مگر آخر کار سکندر نے خود اس کا مقابلہ کر کے ایک ہی گرز سے مار ڈالا ✦

زراد ع - زرہ گر ایک فاضل کا نام بھی ہے ✦

زرادخانہ ف - سلاح خانہ ✦

زراعت ع - کھیتی - کھیتی کرنا ✦

زرافہ و زرافہ - زرافہ و شتر گاو پلنگ - وہ ایک قسم کا چوپایہ ہے - جس کے سر اور کان اونٹ کی طرح ہوتے ہیں - آنکھیں ہرن جیسی پر لمبی ہوئی گردن اونٹ کی مانند لمبی مگر اوپر کی طرف سے گاجر کی طرح مخروطی - زبان ڈیڑھ فٹ باہر نکلی ہوئی جو سونڈ کا کام دیتی ہے - کھال شیر اور چیتے کی سی - اونٹ جیسی چار ٹانگیں جن میں سے اگلی دو زیادہ لمبی - پیچھے کی طرف ڈھلوان شکل ✦

زرافشان ف - سونا روپیہ عطا کرنا - بخشش عطا سخاوت روپیہ وغیرہ بخشش کرنا ✦

زراق ع - مکار - فریبی - ریاکار ✦

زراق خرقہ ف - وہ گدڑی جسکے پہننے والے ریاکار اور منافق ہوں ✦

زراندود ف - سونے کی ملمع کی ہوئی چیز ✦

زراندود کردن ف - طلا کرنا کسی چیز پر سونا چڑھانا ✦

زرباف ف - زربفت بننے والا ✦

زربافت ف - زربفت زری کا کپڑا ✦

زر بر آتش زدن ف - اس کا تلف کرنا - ضائع کرنا ✦

زر بہ سنگ سیاہ کشیدن ف - پرکھنا ✦

زر پاک عیار و کامل عیار و تمام عیار - زر خالص ف - خالص سونا ✦

زر بر سکہ زدن و رسانیدن ف - روپیہ اشرفی پر سکہ لگانا ✦

زربفت ف - وہ کپڑا جو بادلہ اور ریشم سے تیار کیا جاتا ہے ✦

زر شدہ ف - بہ اضافت مقلوب بندہ زر لالچی - طامع - حریص ✦

زرت ع - جوار ✦

زراتشت - زر اوشت - زرادشت زرتشت - زر دشت - زرد ہشت ف - فیثاغورث کا شاگرد منوچہر کی نسل سے شاہ گشتاسپ کے زمانہ میں ایک حکیم تھا جس نے نبوت کا دعوے کیا اور دین آتش پرستی نکالا مجوس اس کو پیغمبر جانتے ہیں - اور اس کی کتاب ژند کو جو اس نے بنا کر اپنی امت کو دی تھی - الہامی کتاب خیال کرتے ہیں ✦

زر جعفری ف - خالص سونا - جعفر برمکی ہارون رشید کے وزیر سے منسوب ہے جس نے صاف سونے کا استعمال جاری کیا تھا ✦

زرد ف - پیلا ✦

زرد ع - حلق میں لقمہ اتارنا - زرہ بنانا ✦

زرد ع - زردہ - بہت کھانا پیٹ بھر کر کھانا ✦

زرد ع - جوار - زرت ✦

زرد آب ف - پیپ - زرد پانی - صفرا ✦

زرد آلو ف - خوبانی ✦

زرد چوب ف - ہلدی ✦

زرد رخ - زرد رو ف - ہراساں - ترساں عاشق - شرمندہ ✦

زرد روئی ف - شرمندگی - خجالت ✦

زردشت افشار ف - سونا جو نہایت خالص - اور موم کی طرح ملائم سونا جو خسرو پرویز کے پاس تھا ✦

زرد شدن آفتاب ف - خورشید کا زرد ہونا - قریب زوال ہونا ✦

زردک ف - گاجر ✦

زرد گوش ف - منافق - مذبذب ✦

زردوزی ف - سلمے - ستارے کلابتون سے کام کرنا ✦

زردہ ف - سمند رنگ گھوڑا - ایک پہاڑ ہے جس میں سونے کی کان ہے ✦

زر سارا ف - خالص سونا ✦

زر سرخ ف - سونا - اشرفی ✦

زر مشرق ف - سپہر - آفتاب ✦

زر سفید ف - چاندی - روپیہ ✦

زر صامت ف - سونا چاندی ✦

زرع ع - کھیتی اور کھیتی کرنا ✦

زرق ع - جھوٹ - مکر - نفاق - ریا - کا بیٹ کرنا ✦

زرقا ع - وہ عورت جس کی آنکھیں بھری اور نیلا پن ہو - ایک عربی عورت کا نام ہے - جو بہت تیز نظر تھی ✦

زرقلب ف - کھوٹا سونا ✦

زرق و برق ع - ٹیپ ٹاپ بھڑک زرق

زرک ف - سونے کے ورق کے ٹکڑے

زرگر ف۔ سنار
زرگری ف۔ سنار کا پیشہ
زرکوب ف۔ سونے چاندی کے ورق بنانے والا
زرِ مغربی و خشکِ شوشِ شہری
زرودی ف۔ خالص اور عمدہ سونا
زرِ مشرقی ف۔ خالص سونا۔ آفتاب
زرِ ناب ف۔ خالص سونا
زرنگار ف۔ سونے کی منقش کی ہوئی چیز
زرنیخ ع۔ ہڑتال
زرود ع۔ ایک منزل کے راہ میں ریگستان جہاں پانی نہیں ملتا
زرورق ف۔ ایک
زِرہ ف۔ جوشن۔ فولاد کا حلقہ دار کرتہ جو لڑائی میں پہنتے ہیں
زریر ف۔ ایک زرد رنگ کی گھاس مجازاً زرد رنگ
زریں ف۔ طلائی جیسے سونے کا کام ہوا ہو
زریں کلاہ ف۔ وہ شخص جس کے سر پر سنہری ٹوپی ہو۔ مجازاً آفتاب
زریں گیاہ ف۔ ایک گھاس ہے جو اکسیر کے کام آتی ہے
زریں نرگس ف۔ ستارے
زریں نعل ف۔ جس کے نعل سونے سے لگے ہوئے ہوں
زریں ہیکل ف۔ آفتاب

زائے معجمہ مع شین معجمہ

زشت ف۔ بُرا۔ بھدا۔ بدشکل۔ بدنما
زشت خوئی ف۔ بدخصلت
زشت رُوئی ف۔ بدصورتی
زشت کردن ف۔ معیوب کرنا۔ بگاڑنا

زائے معجمہ مع عین مہملہ

زُعاف ع۔ قاتل۔ مار ڈالنے والا
زُعاق ع۔ شور۔ مزہ نمکین
زُعرور ع۔ ایک میوہ ہے جو بیر کی قسم سے ہے اور کھانے میں لذیذ ہے
زعفران ع۔ کیسر
زعفران ریزی ف۔ بہت زرد
زَعم ع۔ گمان۔ کہنا۔ قول
زعیم ع۔ کفیل۔ ضامن۔ وکیل۔ رئیس

زائے معجمہ مع غین معجمہ

زغارت ف۔ ریتلی زمین۔ سختی۔ ریخ
زغال ف۔ کوئلہ
زغن ف۔ چیل جو مشہور پرندہ ہے
زغند ف۔ جست۔ کود۔ پھاند
زغیر ف۔ کتان۔ السی

زائے معجمہ مع فاے

زفاف ع۔ دلہن کو دولہا کے گھر روانہ کرنا۔ دولہا دلہن کو ہم بستر کرنا
زفاک ف۔ برسنے والا بادل
زفان ف۔ زبان
زفاندن ف۔ لرزنا
زفت۔ ف۔ درشت۔ سخت۔ فربہ۔ محکم۔ سطبر۔ بڑا۔ مالامال
زُفت ف۔ بخیل۔ بدخو۔ بدمزاج
زفیر ع۔ آہ۔ آہستہ چلانا۔ بلاوی

زائے معجمہ مع قاف

زِق ع۔ مشک۔ پانی وغیرہ کا مشکیزہ
زقوم ع۔ تھوہر کا درخت۔ فارسی میں بغیر تشدید یعنی مستعمل ہے
زقہ ع۔ چوچکا۔ گھٹی

زائے معجمہ مع کاف

زک ف۔ نیچا دکھانا۔ الزام دینا
زکاب ف۔ سیاہی۔ مداد
زکال ف۔ کوئلہ
زکام ع۔ سردی کی بیماری جس میں ناک بہتی ہے
زکاوت ع۔ ذہانت۔ ذہن کی تیزی۔ آگ کا بھڑکنا
زکوٰۃ ع۔ مال نامی کا چالیسواں حصہ جو سالانہ خدا کے واسطے بطور فرض دیا جاتا ہے
زکریا ع۔ ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے۔ جو عیسیٰ کے وقت میں پیدا ہوئے تھے
زکی ع۔ پاک اور صاف۔ ذہین۔ عقلمند
زکیدن ف۔ آپ ہی آپ تیزی سے بولنا

زائے معجمہ مع لام

زلّات ع۔ جمع ہے زلت کی لغزشیں
زلازل ع۔ جمع ہے زلزلہ کی
زلال ع۔ ایک کیڑا ہے جو برف میں پیدا ہوتا ہے اب لیے پھر کر جیسا ٹھنڈا پانی اس سے حاصل کرتے ہیں۔ مجازاً آب سرد و شیریں صاف
زلّت ع۔ ناپسندیدہ کام۔ لغزش
زلزال ع۔ ہلانا۔ لرزہ کرنا
زلزلہ ع۔ بھونچال۔ زمین کا لرزنا
زُلَف ع۔ جمع زلفہ کی۔ پارۂ شب تا کا کوئی سا حصہ۔ فارسی والے اپنے طور پر اس میں تصرف کر کے زلف بسکون لام پڑھتے ہیں اور سیاہی کی مناسبت سے مجازاً زلف محبوب کہتے ہیں۔ یا زلف مخفف زلفین کا ہے۔ اور اس سے مجازاً زلف محبوب کے معنی لیے گئے ہیں
زلف از عارض کشیدن ف۔ رخسار پر سے زلف کو ہٹانا
زلف بخون کسے شکستن ف۔ کسی کے قتل کے واسطے زلف کو بل دینا
زلف بستن ف۔ پیچ و تاب عاشق کو دکھلانا۔ اور اس کی آتش عشق کو بھڑکانا
زلفت ع۔ درجہ منزلت۔ رات کی کا پہلا حصہ۔ فارسی میں مجازاً بمعنی دوستی
زلف چین ساختن ف۔ زلف آراستہ کرنا
زلف زمین ف۔ رات یعنی۔ اندھیری ملائی
زلف ساختن ف۔ زلف کو آراستہ کرنا
زلف عروس ف۔ ایک پھول ہے
زلف و خال ف۔ عروس کی زلف کی رات جو دوسرے آرائش کرتی
زلفین ف۔ زنجیر
زلفین ف۔ عربی داں فارسیوں نے زلف کا تثنیہ بنا لیا ہے
زلق ع۔ پھسلنا۔ زمین ہموار بے گیاہ۔ سے انزال کرنا۔ مجازاً نوشادر
زلل ع۔ لغزش۔ نقصان۔ خطا۔ بفتح کی بھی۔ لغزش کی جگہ
زلو۔ زلوک ف۔ جونک
زلّہ ع۔ بچا کھانا۔ جھینگر جو مشہور جانور ہے
زلہ بند ف۔ وہ شخص جو ایک وقت کا بچا ہوا طعام دوسرے وقت کے لئے رکھے
زلہ رُبای ف۔ ناشتہ اٹھانے والے
زلیبیاں۔ جلیبی جو مشہور شیرینی ہے
زلیخا ع۔ عزیز مصر کی بیوی جو شادی سے پہلے حضرت یوسف پر خواب میں دیکھ کر

عاشق ہو گئی تھی اور آخر کار بڑھاپے کے بعد انکی دعا سے جوانی پاکر انکے نکاح میں آئیں۔ یہ لفظ بفتح زا و کسر لام غلط مشہور ہے

زائے معجمہ مع میم

زم ف۔ نحو میں ایک نہر ہے۔ آہستہ جاڑا۔ سخت ٹھنڈ ہوا

زمّ ع۔ اونٹ کی گردن کی مہار۔ سر کو اوپر اٹھانا۔ تکبر۔ نخوت

زمام ع۔ گھوڑے کی باگ۔ اونٹ کی نکیل کی رسی

زمام تمالک تماسک از دست دادن ف۔ قدِ اختیار سے جاتا رہنا۔ بے صبر ہو جانا۔ گھبرا جانا

زمان ع۔ وقت۔ عمر۔ زمانہ۔ بمعنی فصل۔ زمین کے مقابلہ میں آئے تو معنے آسمان

زمان دادن ف۔ مہلت اور فرصت دینی

زمانہ ع۔ وقت

زمانہ ساز ف۔ جسکی چال ڈھال زمانے کے موافق ہو۔ ابن الوقت

زمانی ف۔ زمانہ کا۔ نو سیا جو قدیم نہ ہو

زمانیاں ف۔ زمانہ کے لوگ جو قدیم نہیں

زمخت ف۔ بے مزہ۔ کسیلا

زمخشر ع۔ خوارزم کی نواح میں ایک قصبہ ہے۔ تفسیر کشاف کا مصنف جار اللہ زمخشری وہیں کا رہنے والا تھا

زمر ع۔ آدمیوں کے گروہ۔ جمع زمرہ کی۔ قرآن شریف کی ایک سورۃ بھی ہے

زمر ع۔ بانسری بجانا۔ سرود کرنا

زمرد ع۔ ایک سبز رنگ جوہر ہے کہتے ہیں اسکے سامنے لانے سے سانپ اندھا ہو جاتا ہے

زمردین ف۔ سبز رنگ کی چیز

زمرہ ع۔ آدمیوں کی جماعت۔ گروہ

زمزم۔ زمزمہ۔ آہستہ آہستہ وہ دعائیں جو آتش پرست آگ، خدا کی ستائش۔ آگ کی پرستش کرنے اور کھانا پینے نہانے کے وقت پڑھتے ہیں۔ علم موسیقی کی اصطلاح میں ایک خاص آواز کو کہتے ہیں

زمزم ع۔ بہت پانی۔ مکہ معظمہ کے پاس ایک کنواں ہے جو حضرت اسمعیل کے پاؤں کی رگڑ سے پیدا ہوا تھا

زمزمۂ آتش فشاں ف۔ آفتاب

زمستان ف۔ مرکب ہے زم (سردی) اور ستان (کلمہ ظرفیت یا کثرت) سے۔ جاڑا

زمّ ع۔ استوار ارادہ

زمن ع۔ زمانہ۔ وقت

زمن ع۔ وہ شخص جو ایک جگہ سے ہل نہ سکے وہ آدمی جو پاؤں سے نہ چل سکے اور لنگڑا کہلائے۔ وہ آدمی جو زمانہ کی آفت میں گرفتار ہو

زمہریر ع۔ سخت جاڑا۔ دوزخ کا ایک طبقہ ہے جس میں سردی کا عذاب ہوگا۔ کرۂ ہوا کے وسط میں ایک سرد طبقہ ہے جس میں بخارات پہنچکر سرد ہوتے اور مینہ یا اولے کی صورت میں زمین پر گرتے ہیں

زمی ف۔ مخفف ہے زمین کا

زمیاد ف۔ ہر شمسی مہینے کا ستائیسواں دن

زمین ف۔ کرۂ ارض جس پر ہم آباد ہیں۔ یہ لفظ مرکب ہے زم (سردی) اور ین (کلمہ نسبت) سے۔ سردی والی۔ سرد۔ کیونکہ جوہر ارض کی خاصیت سرد ہے

زمین از دور بوسیدن ف۔ بہت تعظیم و تکریم کرنی

زمین بدندان گرفتن ف۔ عاجزی کرنی

زمین بوس ف۔ زمین کو چومنے والا اور زمین بوسی۔ ادب بجالانا

زمین پیما ف۔ سیاح۔ مسافر

زمین حسن خیز ف۔ حسن خیز مقام۔ وہ مقام جہاں کے باشندے عموماً حسین ہوں

زمیندار ف۔ کسان۔ زمین کا مالک

زمیندوز ف۔ محکم۔ استوار۔ ایک قسم کا خیمہ

زمین را با آسمان دوختن ف۔ کسی مہم کی تلاش میں حد امکان سے بڑھکر کوشش کرنی

زمین زاد ف۔ خاکی نژاد

زمین زدہ دوختن ف۔ زمین ہموار کرنا

زمین سنبہ ف۔ زمین چھیدنے والا۔ سنبیدن مصدر کا اسم فاعل ترکیبی ہے

زمین سوختہ ف۔ ناقابل زراعت زمین

زمین لرزہ۔ زمین لرزش ف۔ بھونچال

زمین مردہ ف۔ خشک زمین۔ ناقابل زراعت

زائے معجمہ مع نون

زن ف۔ عورت۔ جورو۔ زدن مصدر سے امر حاضر کا صیغہ بھی ہے

زنا ع۔ حرامکاری۔ مرد کا غیر عورت سے اور عورت کا غیر مرد سے مجامعت کرنا

زنار ع۔ جنیو

زنار از زیر خرقہ کشیدن ف۔ بھید ظاہر کرنا۔ ذلیل کرنا۔ خوار کرنا

زنار بستن ف۔ جنیو باندھنا

زنار بند ف۔ برہمن۔ جنیو باندھنے والا

زن بارہ ف۔ وہ شخص جو عورتوں کے ساتھ بہت اختلاط رکھے

زنبق معرب جنبہ کا جو ایک مشہور پھول ہے

زن بمزد ف۔ قرمساق۔ بھڑوا

زنبور ف۔ بھڑ۔ سنہری رنگ کا پتنگا اڑنا

زنبور خانہ ف۔ بھڑوں کا چھتہ

زنبورک ف۔ چھوٹی توپ

زنبور گیلی ف۔ گیلان کی بھڑ جو بڑی ہوتی ہے

زنبورہ ف۔ تیر کے پیکان کی قسم ہے چھوٹی توپ کو بھی کہتے ہیں۔ سوراخ انبوہ اور ایک ساز کا نام بھی ہے

زنبوری ف۔ جامۂ مشبک۔ وہ جس میں بہت سے سوراخ اور چھید ہوں

زنبیل ف۔ ٹوکرا۔ جھولی بھیک کا

زنجار معرب ہے زنگار کا

زنجان۔ زنگان ف۔ ایران میں ابہر اور تبریز کے مابین اردشیر بابکان کا بسایا ہوا ایک شہر ہے

زنجبیل ع۔ سونٹھ یعنی سوکھی ہوئی ادرک

زنجیر ف۔ کڑی۔ کڑی۔ بیڑی

زنجیر فیل ف۔ زنجیر کا لفظ فیل کی تعداد کے ساتھ آتا ہے۔ جیسے مبلغ روپیہ کے اور اسپ گھوڑے وغیرہ کے ساتھ

زنجیری ف۔ دیوانہ۔ قیدی

زنخ ف۔ ٹھوڑی۔ طعنہ۔ بیہودہ

زنخ بر جوان زدن ف۔ شرمندہ

زنخدان ف۔ ٹھوڑی

زنخدان بجیب فرو بردن ف۔ ٹھوڑی گریبان تک لانا۔ سر جھکانا

زنخ زدن ف۔ بیہودہ بکنا

زن خواستن ف۔ عورت کرنا

زند ف۔ جان۔ روح

زند ف۔ زردشت کی کتاب جسے آسمانی کہتا تھا۔ بزرگ

زندان ف۔ قید خانہ۔ جیلخانہ

زندان خاموشان ف۔ قبرستان

زندان خانہ۔ زندان۔ بمعنی قید خانہ

زندان سکندر ف۔ شہر یزد میں ایک
زندان ہے جہاں سکندر کا تابوت رکھا ہے ۔
زندان تختہ ف۔ کوتوالی کی حوالات
زندانیان ف۔ قیدی۔ لوگ ۔
زندباف۔ زندخوان۔ زندلاف ف۔
مجازاً بلبل۔ قمری وغیرہ بولنے والا پرندہ ۔
زندوست ف۔ بازو کی ہڈی ۔
زندگانی ف۔ زندگی۔ جینا ۔
زندگانی کردن ف۔ جینا۔ عمر گزارنا۔ رہنا
ژندہ ف۔ بزرگ۔ بڑا ۔
زندہ ف۔ جیتا ہوا۔ جاندار ۔
زندہ پیل ف۔ ضخیم الجثہ ہاتھی۔ ایک بزرگ کا
لقب ہے جنکا نام شیخ احمد اور طرح جام تھا ۔
زندہ دل ف۔ وہ شخص جسکا دل زندہ
ہو۔ عارف۔ خدا شناس ۔
زندہ رزم۔ رستم کا بہنوئی اور سہراب کا ماموں
جو رستم کے ایک ہی مکے سے واقعی میں مر گیا تھا
زندہ رود ف۔ بڑی نہر۔ اصفہان کے ایک
ندی کا جسکا پانی بہت میٹھا اور شیریں ہے ۔
زندہ شدن آتش ف۔ آگ کا روشن ہونا ۔
زندہ شدن امید ف۔ حاجت بر آنا ۔
زندہ شدن باد ف۔ ہوا کا چلنا ۔
زندہ شدن چراغ ف۔ چراغ کا روشن ہونا ۔
زندیق ع۔ معرب زندیک کا ہے جو زند نام
کتاب ژند اور اسکی نسبت کا معتقد ہے
کتاب ... کا معتقد ہو۔ بیدین ۔
زنگ ف۔ گھنٹہ۔ گھنگرو۔ تال جو باجے
ناقوس۔ لوہے وغیرہ کی میل اور ...
زنگار ف۔ لوہے وغیرہ کی میل ۔
زنگانہ زرود ف۔ جنگ کی باجہ جو لڑائی
کے وقت بجاتے تھے۔ سرود۔ زنگیانہ ۔

زنگبار ف۔ جزیرہ عظم افریقہ کے مشرق کو ایک
مشہور ملک ہے جسکا دار السلطنت اسی نام
کے جزیرے پر واقع ہے۔ سیاہی کی دوات ۔
زنگ بر آئینہ افتادن ف۔ اس میں
سے چہرہ کا نظارہ کم ۔
زنگ دل ف۔ سینہ ف۔ اندوہ۔ غم ۔
زنگ زدون و زدودن ف۔ زنگ دور کرنا
یا کلف جو صیقل اور ملتی آواز ہو جاتا ہے ۔
زنگل۔ زنگلہ۔ زنگولہ۔ جیسا کہ گھنٹہ
موسیقی کا ایک مقام ہے۔ ایک طرح کا گھنگرو
ہوتا ہے جسے اونٹ وغیرہ کیلئے باندھتے ہیں ۔
زنگیلہ ف۔ مرغوں کی ایک قسم ہے ۔
زنگولہ بستن ف۔ بلند مرتبہ حاصل کرنا ۔
زنگی ف۔ ترکستان میں ایک شہر ہے۔ اور ایک
ایک پہلوان قبیلہ کا جس کے بیٹے کا بھی یہی نام تھا ۔
زنگی ف۔ زنگ کا باشندہ۔ حبشی ۔
زنگی مزاج ف۔ ہمیشہ خوشحال ہے ۔
زنہار۔ زینہار ف۔ امان۔ بچاؤ۔ پناہ
حلف لیتا ہے۔ ہرگز۔ شاباش۔ جلدی بھی ...
زنہار خوار ف۔ پیمان شکن۔ عہد توڑنے والا ۔
زنہاری زنہار خواہ ف۔ پناہ
چاہنے والا۔ ذمی۔ کافر ۔

زائے معجمہ مع واؤ

زو ف۔ ایک اصل ارذ ہے۔ اسی ...
زود ... زود کی جلدی سے شتابی
زو ف۔ ... دریا۔ ایران کا ایک بادشاہ
جو طہماسپ کا بیٹا تھا ۔
زواجر ع۔ منع کرنے والا۔ جمع زاجر کی
زوار ع۔ زائر کی جمع ہے۔ ملاقاتی ۔
زوارہ ع۔ بہت زیارت کرنے والا ۔

زوارہ ف۔ رستم کے بھائی کا نام ہے ۔
زوال ع۔ جاتا رہنا۔ دور ہونا ۔
زوالی ... کا غلط جیسے پنجابی میں اکثر کہتے ہیں ۔
زواہر ع۔ زاہر کی جمع۔ بلند و روشن چیزیں ۔
زوایا ع۔ زاویہ کی جمع ہے۔ گوشے کونے ۔
زوائد ع۔ زائد کی جمع ہے۔ بڑھی ہوئی چیزیں
فضول اور غیر مطلوب چیزیں ۔
زوج ع۔ عورت اور مرد کے جوڑے سے
کوئی ایک۔ خواہ مرد ہو خواہ عورت ۔
زوجہ ع۔ جورو۔ وہ عورت جس سے نکاح ہوا ہو ۔
زود ف۔ جلد۔ شتاب ۔
زود آمد۔ قریب ہے ۔
زود زود ف۔ بہت جلد ۔
زود آشتی ف۔ جلدی صلح کرنے والا ۔
زود بود ف۔ بیجا۔ بے حساب ۔
زود پشیمان ف۔ جلدی شرمندہ ہونے والا ۔
زود خیز ف۔ چالاک۔ ذکر جست لازم ۔
زود رام ف۔ جلدی مطیع ہو جانے والا ۔
زود رنج ف۔ جلدی خفا ہو جانے والا ۔
زود سیر ... جلد ناراض ہو جانے والا ۔
زودی ف۔ جلدی۔ شتابی۔ پھرتی ۔
زور ف۔ قوت۔ طاقت ۔
زور ع۔ باطل۔ جھوٹ۔ فریب ۔
زوراء ع۔ دجلہ۔ چاندی کا برتن۔ دجلہ بغداد
... ایک ... اور ایک ... ہے ۔
زور آور۔ زور دار ف۔ طاقتور۔ قوی ۔
زورق ع۔ چھوٹی کشتی ۔
زورق زرین ف۔ سورج ۔
زورق سیمین ف۔ ہلال ۔
زورق ... ہلال کی شکل کی ...
زورگر ف۔ پہلوان ۔

زورناک۔ زورمند۔ زور ور ف۔ زور آور ۔
زورہ ف۔ دلیا۔ کمر کی ہڈی ۔
زوزن ف۔ ہرات کے پاس خراسان میں ایک
شہر ہے۔ ایک بادشاہ کا نام بھی ہے ۔
زوزہ زوزہ ف۔ ... شور و غوغا ۔

زائے معجمہ مع ہائے ہوز

زہ ف۔ شاباش۔ ... کمان کا چلہ۔ کنارہ
لفظ ... اور ... کے معنی میں ...
زہاب ف۔ پانی کا چشمہ ... کنارہ ...
زہاد ع۔ زاہد کی جمع ... تارک الدنیا لوگ ۔
زہادت ع۔ پرہیزگاری ۔
زہار ف۔ ... ذکر مرد۔ شرمگاہ ...
وہ سوراخ جو ... اور اس سے پانی نکلے ۔
زہار ف۔ ... فریاد۔ نعرہ ۔
زہازہ ف۔ شاباش ... آفرین ۔
زہ بر زدن ف۔ ... شیرازہ باندھنا ۔
زہرہ ع۔ سیارہ ... خواہش ...
زہرہان ... ہمت ...
ہے۔ پنجابی ...
زہر ف۔ ... غصہ۔ غضب۔ قہر ۔
زہر ع۔ ... شگوفہ ۔
زہرابہ ف۔ زہر ملا ہوا طعام ۔
زہر برادران ... است ف۔
... زبان ... ۔
زہر چشم ف۔ غصے ... گھور کر دیکھنا ۔
زہر خورسندے گرفتن ف۔ کسی کی تندی
اور غصہ کی برداشت کرنا ۔
زہر خند ف۔ ... غضب یا
تجاہلت کے وقت کی ہنسی ۔
زہر خویش بر کسے ریختن ف۔ اپنا زہر
کسی پر اگل دینا۔ کسی پر ... غصہ ناک ہونا ۔

زہر دادن ف۔ زہر دینا +

زہر دارو ف۔ تریاق +

زہر کردن چیزے را ف۔ کسی چیز کو برا کرنا۔ ناگوار کرنا +

زہر گیاہ ۔ یہ ایک زہریلی گھاس ہے جسے کھا کر جانور مر جاتا ہے +

زہر مینا ف۔ شراب تلخ +

زہر مہرہ ف۔ ایک مہرہ ہے جس میں سانپ کے زہر کا دفعیہ ہوتا ہے +

زہرا ع۔ حضرت فاطمہ خاتون کا لقب ہے کیونکہ ان کا رنگ سفید اور خوبصورت تھا۔ اور زہرا ماخوذ زہرہ سے جسکے معنی سفیدی اور خوبصورتی کے ہیں

زہرہ و زہرہ ع۔ خوبی۔ آرائش۔ دلی۔ طاقت

زہرہ ف۔ پتہ۔ دلیری۔ شجاعت۔ حوصلہ۔ قوت قلبی

زہرہ ع۔ ایک ستارہ کا نام ہے جسکو سہیل کہتے ہیں فارسی میں ناہید نام مستعمل ہے اس عورت کا نام بھی جسپر ہاروت و ماروت فرشتے عاشق ہو گئے تھے +

زہرہ ۔ ہیبت کی وجہ سے ڈر جانا یا خوف سے ڈر جانا۔ قریش کے ایک قبیلے کا نام بھی ہے +

زہرہ باختن ف۔ حوصلہ ہارنا۔ نامردی کرنا

زہرہ بناگوش ۔ زہرہ جبین

زہرہ رخ ف۔ محبوب۔ معشوق +

زہف ع۔ ہلاک ہونا۔ دوڑنا +

زہق ع۔ جنگل کی زمین +

زہق ع۔ تیز رفتار +

زہوق ع۔ نیست و نابود ہونا +

زہگیر ف۔ سنگ یا ہڈی کی بنی ہوئی انگشتری ایک چیز ہوتی ہے جو تیر اندازی کے وقت انگوٹھے میں ڈال لیتے ہیں +

زہومت ف۔ گوشت یا مچھلی کی بو

زہ وزہ ف۔ شاباش۔ بہت اچھا۔ واہ واہ

زہوق ع۔ نیست ہونا۔ ہلاک ہونا۔ باطل ہونا۔ تیر کا نشانہ سے گذرنا +

زہے ف۔ آفرین۔ شاباش۔ تحسین کا +

زہیدن ف۔ جوش کرنا۔ باہر آنا +

زہیر ع۔ کھلا ہوا۔ تاباں۔ روشن +

زائے معجمہ مع یائے تحتانی

زی ۔ انداز۔ حد۔ طرف۔ نزدیک۔ مثل۔ مانند

زی ع۔ لباس۔ پوشاک +

زیاد ع۔ مخفف زیادہ اور آدمیوں کا نام بھی ہوا کرتا ہے۔ فارسی میں دعا کے طور پر زیاد بکار مزید علیہ ہے +

زیادات ع۔ فقہ حنفی میں امام محمدؒ کی کتاب +

زیادت ع۔ زیادتی۔ افزونی۔ نہایت +

زیادتی ف۔ افزونی +

زیادتی طلب قسمت از نیکے زیادہ چاہنا

زیادہ ع۔ بہت۔ افزون +

زیادہ سر ف۔ سرکش۔ مغرور۔ خود پسند

زیادہ سری ف۔ غرور۔ سرکشی +

زیارت ع۔ ملاقات۔ دیدن کسی بزرگ سے یا ادمی وغیرہ کو دیکھنا +

زیارت آمدن ف۔ زیارت کرنا +

زیارت کردن ف۔ زیارت کرنا +

زیالت ع۔ کھوٹا پن۔ کھوٹ +

زیان ف۔ نقصان۔ ہیچ +

زیب ف۔ زینت۔ زیبائش +

زیبا۔ زیبان ف۔ لائق۔ آراستہ۔ زیب دینے والا

زیبا رو ف۔ خوب صورت +

زیبائش ف۔ خوبصورتی۔ آرائش +

زیبق معرب ہے جیوہ کا۔ پارہ۔ سیماب +

زیبق بگوش ریختن ف۔ کان کو سننے سے بہرا کرنا

زیبق کردن ف۔ نیست و نابود کرنا +

زیبیدن ف۔ زیبا ہونا۔ آراستہ ہونا

زیت ع۔ روغن زیتون۔ تیل +

زیتون ع۔ ایک درخت ہے جسکے پھل کو بھی زیتون کہتے ہیں۔ یہ درخت نہایت سبز اور مفید ہے قرآن شریف میں اسکی تعریف میں شجرہ مبارک وارد ہوا ہے۔ ملک شام میں اکثر پیدا ہوتا ہے۔ اور اسکی عمر بہت ہی زیادہ ہوتی ہے۔ چنانچہ فلسطین میں بعض درخت زیتون کے سکندر رومی کے عہد کے اب تک موجود ہیں جنکی عمر قریب دو ہزار برس کے ہوتی ہے۔ اسکا تیل جو جلایا جاتا ہے۔ اسکی روشنی نہایت عمدہ اور صاف ہوتی ہے (از تفسیر عزیزی مصنفہ مولوی شاہ عبد العزیز صاحب) +

زیتونی ف۔ ایک رنگ ہے سرخ نسواری لیے ہوئے +

زیج معرب زیگ کا۔ جنتری۔ تقویم +

زیج بستن ف۔ عمدہ کام کرنا +

زیر ف۔ نیچی آواز۔ مدہم سُر +

زیر ف۔ نیچے۔ کمزور +

زیرا کہ ف۔ اس واسطے کہ +

زیر باجہ ع۔ ایک قسم کے کھانے اور آش کا نام ہے +

زیر باد ف۔ ایک جزیرہ ہے +

زیر بار ف۔ بوجھ کے نیچے دبا ہوا جس پر بوجھ پڑا ہوا ہو +

زیر بند ف۔ ایک تسمہ ہے جو گھوڑے کے نیچے اور پیٹ پر باندھتے ہیں

زیر جامہ ف۔ ازار۔ پاجامہ +

زیر جاق ف۔ کمزور +

زیر خاک شدن یا کردن ف۔ دفن کرنا۔ نیست و نابود کرنا

زیر دامن آوردن ف۔ اپنی حفاظت میں لینا۔ پرورش کرنا

زیر دامن نگاہ داشتن ف۔ پناہ دینا +

زیر دست ف۔ عاجز۔ مغلوب +

زیر دست زیر دستان شدن ف۔ نہایت ذلیل ہونا +

زیر زبان گفتن ۔ زیر لب گفتن ف۔ آہستہ آہستہ کہنا۔ چپکے سے کہنا +

زیر قلم آوردن ۔ زیر قلم گرفتن ف۔ لکھنا۔ ثبت کرنا۔ مطیع کرنا +

زیرک ف۔ حکیم۔ عقلمند۔ دانا +

زیرکی ف۔ دانائی

زیر نگین داشتن یا کردن یا گرفتن ف۔ مطیع کرنا

زیر و بم ف۔ زیر آواز نیچی۔ بم آواز بلند اور باجے وغیرہ کی مدہم آواز۔ اونچی آواز +

زیر و زار ف۔ آواز حزیں۔ آہستہ آواز +

زیر و زبر ف۔ اوپر نیچے۔ الٹ پلٹ +

زیر و زبر کردن ف۔ الٹ پلٹ کرنا۔ تباہ و برباد کرنا

زیرہ ف۔ ایک قسم کا مسالہ ہے +

زیرہ بہ کرمان بردن ف۔ بے فائدہ کام کرنا جیسے کہ شہر کرمان میں زیرہ لیجانا عجیب ہے

زیر سپر کاسہ نیم کاسہ یا نہفتن ف۔ کسی فریب ظاہر کے بجائیات چھپنا +

زیست ف۔ زندگی۔ جینا +

زیستن ف۔ جینا +

زیغ ع۔ حق کو چھوڑ کر کسی دوسری طرف مائل ہونا

زیغمہ ف۔ جنگی جہاز۔ اسباب +

زین ف۔ آراستگی۔ خوبی +

زین ع۔ گھوڑے کا زین +

زینب ع۔ آنحضرت کی ایک بیوی کا نام اور حضرت فاطمہ کی اولاد میں حسین کی بہن کا نام بھی ہے +

زین بر گاؤ نہادن ف۔ ...

زین بر گرگ نہادن ف۔ ستے مطیع کرنا +

زینت ع۔ زیبائش۔ آراستگی +

زینہ ف۔ سیڑھی۔ نردبان +

زنہار ف پناہ - امان - ہرگز کبھی - ہرگز

زین ہو مرکب بستن و تنگ کردن و گرفتن و نہادن - زین ساختن و نہادن مرکب - گھوڑے پر زین رکھنا ❊

زیورت مرکب ہے زیور مبدل زیب ، اور ور کلمہ نسبت ہے - زینت والا - باعث زینت - گہنا جو عورتیں پہنتی ہیں ❊

زیور کشیدن و بستن و دادن و زدن ف - گہنا پہننا - بناؤ سنگار کرنا - آراستہ کرنا ❊

زے وقاف ت - بے ربط باتیں ❊

باب زائے فارسی

زائے فارسی مع الف

ژاژ ف - خار دار گھاس جو اونٹ کھاتا ہے - بیہودہ اور واہیات بات ❊

ژاژخان - بیہودہ بکنے والا - شیخی مارنے والا ❊

ژاژخائی ف - بیہودگی - شیخی - لاف گزاف ❊

ژاژیدن ف - بیہودہ بکنا ❊

ژاغر ت - جانوروں کا پوٹا ❊

ژالہ ت - اولا - شبنم کو بھی کہتے ہیں ❊

زائے فارسی مع رائے مہملہ

ژرد ت - بہت کھانا - پرخوری ❊

ژرف ف - گہرا - عمیق ❊

ژرف نگاہ ف - تہ کو پہنچنے والا - باریک بین

ژرفی ف - عمق - گہرائی - احتیاط - باریک بینی - کسی بات کی تہ کو پہنچنا ❊

زائے فارسی مع فائے

ژفت ت - موٹا - چوڑا ❊

ژفتی ت - سختی - درشتی ❊

ژفیدن ف - بھیگنا

زائے فارسی مع گاف فارسی

ژگان ف - جدا جو آپ میں نہ ہو ❊

زائے فارسی مع نون

ژند ت - آتش پرستوں کی کتاب زند ❊

ژندباف ف - بلبل و قمری وغیرہ ❊

ژندہ ت - گدڑی - دلق - پھٹا پرانا - اور عظیم شے - خوفناک ❊

ژندہ پیل ف - بڑا ہاتھی - مست ہاتھی

ژنگ ف - مانی نقاش کی کتاب کا نام ہے جس میں کئی قسم کی تصویریں اور نقشے اس کے اختراع کئے ہوئے درج تھے ❊

ژوبین ف - ایک قسم کا چھوٹا سا نیزہ ہے ❊

ژولیدن ف - الجھنا ❊

ژولیدہ ف - درہم برہم - الجھا ہوا - پریشان ❊

ژولیدہ موئے ف - جس کے بال بکھرے ہوئے ہوں ❊

ژوہیدن ف - مینہ کے برسنے کے سبب چھت میں سے پانی کا ٹپکنا ❊

ژیان ف - غضبناک - تند خو - غصہ کا بھرا ہوا ❊

باب سین مہملہ

سین مہملہ مع الف

ساب ف - مانند - مشابہ - نظیر - جیسا - مثل - ہم وزن

اور سانیدن مصدر کا امر بھی ہے - باج و خراج جو بادشاہ ایک دوسرے سے لیتے ہیں ❊

ساباط ع - چھتا - مسقف گلی ❊

سابع ع - ساتواں اور ساتویں حصہ کا مالک

سابغ ع - پورا - کامل - وسیع ❊

سابق ع - اگلا - پہلا - پیشرو - سبقت لیجانے والا - سبق دینے والا - خلیفہ - ماشیرہ ❊

سابقاً ع - پہلے - اول - دفعہ - قبل ازیں

سابقہ ع - پہلی - اگلی - زمانہ گذشتہ کی جان پہچان - پہلے کا حق - پیش دستی ❊

سابقہ سالار ت - سرلشکر - فوج کا کمانڈر - اصطلاح میں رسول خدا صلعم سے مراد ہے ❊

سابقین ع - اگلے زمانے کے لوگ - پہلے آدمی - سب سے پہلے کسی نیک کام کو شروع کرنیوالے

ساتر ع - ڈھکنے والا - پردہ کرنیوالا - پردہ ❊

ساتگین ف - محبوب - مجازاً پیالہ شراب کا ❊

ساتگی - ساتکی - ساتگینی ف - شراب پینے کا برتن

ساج ع - ساکھو درخت - تو ا جس پر روٹیاں پکاتے ہیں - صیقل کرنے کا پتھر - ایک پرندہ کا نام بھی ہے ❊

ساجد ع - سر جھکانیوالا - سجدہ کرنیوالا ❊

ساجع ع - گانے والا پرند - جیسے بلبل اور قمری - قافیہ دار لکھنے والا ❊

ساجور ت - تلادہ - وہ لکڑی جو کتے کے گلے میں باندھ دیتے ہیں تاکہ بھاگ نہ سکے ❊

ساچق ت - شادی سے ایک دن پہلے کچھ مٹھائیاں اور شیرینی اور دلہن کا لباس نقل دولہا کے گھر سے دلہن کے گھر بھیجتے ہیں - اس کو ساچق کہتے ہیں ❊

ساچمہ ت - بندوق کا چھرا جو بھر کر چلاتے ہیں ❊

ساحت ع - میدان - زمین - مکان کا صحن ❊

ساحرہ - جادوگر ❊

ساحرہ ع - جادوگر عورت ❊

ساحری ف - جادوگری ❊

ساحق ع - پیسنے والا - رگڑنے والا ❊

ساحل ع - دریا اور سمندر کا کنارہ - کنارہ ❊

ساحیہ ع - باران شدید - زور شور کی بارش

ساخت - بناوٹ - بناؤ - گھوڑے کا ساز اور ساختن کا اسم مطلق ❊

ساختن ف - موافقت کرنا - بنانا ❊

ساختہ ف - بنایا - آمادہ - تیار - مستعد ہوا

ساختہ رنگ ف - موافق ❊

ساختہ روے ف - شرمندہ - جو شخص حیا سے تکلف کر کے اپنے منہ کو آراستہ کیا ہو ❊

ساد ف - سادہ - سادہ - جاہل - نوکر

سادات ع - جمع الجمع - سید کی - سرداران مسلمانوں کی عزت اور بڑے شریف قوم ❊

سادس ع - چھٹا حصہ ⅙ یا چھٹا ❊

سادہ ف - صاف - بےنقش - امرد - بے داڑھی - احمق - نادان - ناقص - بھولا - جنگلی ❊

سادہ پرکار ت - شوخ و عیار - معشوق ❊

سادہ دشت ف - وہ تختہ اطلس جو نقش کو ترکیب سے سادہ ہے ❊

سادہ دل ف - بیوقوف آدمی - احمق - سچا اور بے نفاق آدمی ❊

سادہ دلی ف - سیدھا سادہ ہونا - بھولا پن - بھولا پن - بیوقوفی ❊

سادہ روے - سادہ زنخ - سادہ عذار ف - جوان - بے ریش ❊

سادہ طور ف - بے تکلف آدمی ❊

سادہ لوح ف - احمق - بے شعور - سیدھا سادہ - بھولا بھالا آدمی ❊

سافوج ع - ساده کا معرب ہے تیزپات
کو بھی کہتے ہیں - یہ ایک دوائی ہے ۔
سار ف - سر کا مخفف - علیہ - ایک خوش آواز
جانور بھی ہے - شتر - اونٹ - کثرت - اور انبوہی
کا کلمہ بھی ہے جیسے شاخسار - چاہ سار - کوہسار
وغیرہ میں - بمعنی صاحب - خاوند - جیسے شرمسار -
بمعنی مانند اور مثل بھی جیسے دیوسار خاکسار وغیرہ ۔
ساراد - فارسی ہے لفظ زرد - عنبر کی شکل
جو کی صورت میں واقع ہوتا ہے ۔
ساران ف - بمعنی سر و عراق میں ایک قصبہ
ساربان ف - مرکب ہے سار (دیکھو اونٹ)
اور بان و کلمہ محافظت و رکھوالی کا یعنی شتربان ۔
سارق ع - چور - دزد ۔
سارک ف - ہدہد کے قد کا ایک خوش
آواز جانور ہے ۔
سار وان ف - ساربان - شتربان ۔
سارو ف - ایک قسم کی چادر - اور بمعنی پردہ
رشوت - اور عربی میں مخفف سارتیہ کا جو
حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی بیوی تھیں ۔
ساری ع - جاری - سرایت کرنیوالا - اثر کر جانے والا
ساز ف - ساز و سامان - ہتھیار - سامان سفر
کی ترتیب - تجمل - مکر و حیلہ - ساختن سے امر
ہے بمعنی بنانا - سنوارنا [illegible] ۔
ساز بر تار بستن ف - ساز کا کوکنا ۔
ساز بودن اتفاق ع [illegible] ۔
سازش ف - ملاپ - میل - اتفاق ۔
سازگار ف - سازوار - موافق - [illegible]
ساز کردن ف - ساختن اور آمادہ کرنا ۔
ساز شدن ف - ساختہ و آمادہ ہونا ۔
سازیدن ف - موافقت کرنا - [illegible]
ساز و برگ ف - اسباب و سامان ۔

سازور ف - ساختہ و آمادہ ۔
سازیدن ف - سازش کرنا - موافقت کرنا [illegible]
ساس ف - کھٹمل - [illegible] - شوریدہ
سوزنی کیڑا جو چارپائی میں پیدا ہو جاتا ہے ۔
ساسان ف - گدا - فقیر - اور بہمن بن اسفندیار
کے بیٹے کا نام جو اپنے بھائی سے تنگ ہو کر
فقیر ہو گیا تھا شاہان ساسانی اسی کی اولاد ہیں ۔
ساسانیہ ف - شاہان ایران کا ایک خاندان
ہے جو ساسان بن بہمن کی اولاد ہے ۔
ساطع ع - بلند چمکتا ہوا ۔
ساطور ع - چھرا - کارد - قصاب ۔
ساعات ع - جمع ساعت کی - گھنٹے - اوقات
ساعت ع - تھوڑا وقت - گھڑی - لحظہ - گھنٹہ
ساعت سنگین - ساعت عقرب
ف - منحوس ساعت - نحس گھڑی ۔
ساعت نجومیہ ع - نجومیوں کی ساعت جو
۲ ۱/۲ گھڑی کی ہوتی ہے ۔
ساعد ع - بازو ۔
ساعی ع - کوشش کرنیوالا - چغل خور ۔
ساغر ف - شراب کا پیالہ - اور اس سے مطلق شراب
ساغر بسنگ شکستن - بر سر کشیدن
ف - ایک ہی گھونٹ میں شراب کا پیالہ ختم
کر دینا - ذوق و شوق سے شراب پینا ۔
ساغر بسر کشیدن - ساغر خوردن
ساغر خوردن و زدن و کشیدن
ف - نوش کردن - شراب پینا ۔
ساغر جم ف - جام جم ۔
ساغرقی ف - ایک شاعر کا تخلص ہے
جو مولوی عبد الرحمن جامی کا ہم عصر تھا ۔
سافر ع - سفر کرنے والا - مسافر - [illegible]
سافل ع - نیچے والا - زیر ۔

ساق ع - پنڈلی ۔
ساق بر ساق مالیدن ف - تڑپنا
تلملانا - نزع کی حالت میں ہاتھ پاؤں مارنا ۔
ساق بلورین ف - بلور جیسی پنڈلی -
گوری پنڈلی ۔
ساقط ع - گرنیوالا - گرا ہوا - نکما ۔
ساقط شدن از حق ف - حق کا دعویٰ جاتا رہنا ۔
ساق عروس ع - ایک قسم کی مٹھائی ہے ۔
ساقہ ع - [illegible] لشکر کا پچھلا حصہ ۔
ساقی ع - شراب پلانے والا ۔
ساقی روحانیان ف - حضرت آدم صفی اللہ
سے مراد ہے - اور حضرت جبرائیل سے بھی ۔
ساقی شب ف - چاند سے مراد ہے ۔
ساقی کوثر ع - جناب خاتم الانبیا حضرت
محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم سے مراد ہے
جو قیامت کے دن مومنوں کو حوض کوثر سے
پیالے بھر بھر پلائینگے ۔
ساکب ع - خون یا پانی کا ڈالنے والا ۔
ساکت ع - خاموش - چپکا ۔
ساکن ع - ٹھیرا ہوا - بے حرکت - وہ
حرف جس پر سکون یعنی جزم (ـْ) ہو ۔
ساکنان گردون ف - ستارے - یا فرشتے ۔
سال ف - برس - سنت - اور سالیدن کا امر ہے(?) ۔
سالار ف - سردار ۔
سالار بار ف - عرض بیگی یعنی وہ شخص جو
لوگوں کی عرضیں سر دربار بادشاہ تک پہنچائے
کی خدمت پر تعینات ہو ۔
سالار بیت الحرام [illegible]
سالار خوان ف - [illegible]
سالار بخت خوار گوس(?) ف - آفتاب ۔
سال آزمائے - سال دیدہ ف - بڑا
تجربہ کار آدمی ۔

سالانہ ف - برسی - برس بھر کا ۔
سالب ع - نفی کرنے والا - مٹانے والا
سالبہ ع - اصطلاح علم منطق میں وہ قضیہ
جس میں حکم بالسلب ہو - اسکی دو قسم ہیں - ایک سالبہ
کلیہ جسمیں کل کی نفی ہو جیسے کوئی حیوان پتھر
نہیں ہے - دوسری سالبہ جزئیہ جسمیں بعض کی
نفی ہو جیسے بعض حیوان انسان نہیں ہیں ۔
سال جلالی ف - سال شمسی کہ جو جلال الدین
ملک شاہ سلجوقی کی طرف منسوب ہے ۳۶۵
دن کا ہوتا ہے - اس میں ہر مہینہ کے ۳۰
دن شمار کرتے ہیں - اور اسفندارمذ کے آخر
میں پانچ دن بڑھا دیتے ہیں - اور چوتھے
برس چھ دن زیادہ کرتے ہیں ۔
سال خورد / سال خوردہ ف - کہنہ - معمر - بڈھا ۔
سال شمسی ف - وہ برس جو سورج کی
چال پر حساب کیا جاتا ہے - وہ ۳۶۵
دن ۵ گھنٹے ۴۸ منٹ ۴۷ سیکنڈ کا
ہوتا ہے عموماً ۳۶۵ دن کا سال استعمال میں
آتا ہے چوتھے برس یعنی جو سنہ ۴ پر تقسیم ہو
جاتے ہیں اس میں ایک دن بڑھا کر فروری
کو ۲۹ دن کا شمار کرتے ہیں - یہ ۳۶۶
دن کا سال [illegible] کہلاتا ہے ۔
سالغ ع - [illegible]
سالف ع - اگلا - قدیم ۔
سال قمری ف - چاند کی چال پر جو سال
حساب کیا جاتا ہے - وہ ۳۵۴ دن ۸
گھنٹے ۴۸ منٹ کا ہوتا ہے ۔
سالقہ [illegible]
[illegible]

سالک ع۔ راہ چلنے والا۔ خدا دوست
اصطلاح صوفیہ میں اس شخص کو کہتے ہیں جو تقرب خداوند تعالیٰ کا طالب ہو اور عقل معاش بھی رکھتا ہو۔
سالکانِ حق ج۔ سالک کی جمع۔ طالبان حق۔ راہ خدا پر چلنے والے۔
سالکانِ عرش ج۔ فرشتے۔ اہل ملاء اعلیٰ۔
سالگرہ ف۔ عمر طبعی کے ہر نئے سال کے شروع ہونے کی تاریخ۔ سلاطین اور امرا اس دن میں جشن کیا کرتے ہیں۔
سالم ع۔ ثابت۔ تندرست۔ پورا۔
سالمًا و غانمًا ع۔ لغوی معنے اسکے ہیں۔ "دونوں اس حال میں کہ سلامت ہوں اور غنیمت رکھنے والے ہوں۔" لیکن دستور کے موافق خوشی و تعظیم کے اظہار کے واسطے یہ کلمہ مہمان یا مسافر کے کسی گھر میں داخل ہونے کے وقت صاحب خانہ کہتا ہے۔
سالوس ع۔ فریب۔ فریبی۔ زاہد ریاکار۔ مکار۔
سالوسی ف۔ چرب زبانی۔ فریب و مکر کرنا۔
سالوک ع۔ مبالغہ کا صیغہ ہے بہت چلنے والا۔ سیاح۔ فارسی میں چور۔ رہزن کے معنوں میں بھی آتا ہے۔
سال و ماہ ف۔ مدت۔ عرصہ۔
سالیان ف۔ جمع ہے سال کی خلاف قیاس۔ کبھی مفرد و سال کے معنی میں آتا ہے۔ ورنہ جمع معنوں میں ان کا استعمال ہوتا ہے۔
سام ع۔ حضرت نوح کے بڑے بیٹے کا نام ہے۔ رستم ایرانی پہلوان کے دادا کا نام بھی
سام ع۔ مرض سرسام کو بھی کہتے ہیں۔
سام ابرص ع۔ چلپاسہ۔ گرگٹ۔
ساماچہ ف۔ انگیا۔ عورتوں کا سینہ بند۔
سامان ف۔ اسباب۔ کام کا بندوبست کرنا۔ آرام و سکون۔ شعور و تعب۔ علم۔ طاقت

قوت و قدرت۔ صدر و پر کنارہ۔ حاصل
تلوار وغیرہ اوزاروں کے تیز کرنے کا اوزار۔ ایک آدمی کا بھی نام ہے جسکی اولاد میں بخارا کے حکمرانوں کا خاندان سامانی ہے۔
سآمت ع۔ ملول ہونا۔ رنج ہونا۔
سامح ع۔ چشم پوشی کرنیوالا۔ جوانمردی کرنیوالا۔
سامری ع۔ قوم حضرت موسےٰ میں ایک شخص تھا جو شہر سامرہ کا رہنے والا تھا اسنے مکر و فریب سے مال جمع کر کے سونے کا ایک بچھڑا بنایا۔ اور حضرت جبرائیل علیہ السلام کو دیکھ کر اُن کے پاؤں کے نیچے سے مٹھی بھر مٹی اُٹھائی۔ اور اس سونے کے بچھڑے میں ڈال دی۔ اس مٹی کے پڑتے ہی حق اور باطل ملکر ایک کرشمہ پیدا ہو گیا کہ روح جاندار کی اور آواز گائے کی سی اس میں پیدا ہو گئی۔ حضرت موسے علیہ السلام توریت کے لئے قوم سے تیس دن کا وعدہ کر گئے تھے۔ وہاں حسب اتفاق انکو چالیس دن لگ گئے۔ پیچھے قوم اس بچھڑے کو پوجنے لگ گئی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام آخر حضرت ہارون کے نایب تھا۔ بیٹے اور سامری کیلئے بد دعا کی۔ جسکے سبب سے وہ بھی وسواس کے اثر سے باہر الگ بنا اگر وہ کسی سے یا کوئی اس سے ملتا۔ دونو کو تپ چڑھتی۔ اسواسطے وہ لوگوں کو دور دور کرتا۔
سام سوار ف۔ رستم کا دادا۔
سامع ع۔ سننے والا
سامعہ ع۔ کان جو سننے کی طاقت ہے
سامی ع۔ بلند۔ اونچا۔
سان ف۔ طرز۔ روش۔ رسم۔ عادت۔ وہ پتھر جس پر چاقو اور تلوار وغیرہ تیز کریں۔

سانح ع۔ سانحہ ع۔ ظاہر ہونیوالا پیش آنیوالا
حادثہ۔ واقعہ۔ بائیں طرف سے جو شکار آ جائے۔
سان لشکر۔ سان سپاہ ف۔ لشکر کا ملاحظہ کرنا۔ پریڈ کے میدان میں سپاہ کی موجودات لینی۔ عرض لشکر۔
ساو ف۔ خراج۔ ٹیکس۔ خالص طلا کے ٹکڑے۔ تلوار وغیرہ تیز کرنے والا اوزار۔
ساوری ف۔ تحفہ۔ پیشکش۔ ایک تورانی پہلوان تھا جو رستم کے جنگ میں مارا گیا۔
ساوہ ف۔ عراق عجم میں ایک مشہور شہر ہے۔ سلمان ساوجی نام ایک شاعر وہیں کا رہنے والا تھا۔
ساوین ف۔ پٹاری جس میں کاتنے کے واسطے روئی رکھتے ہیں۔
ساہرہ ع۔ روئے زمین۔ ہموار اور بے ہموار میدان
ساہی ع۔ غافل۔ فراموش کرنے والا۔
سائے ف۔ گھس۔ رگڑ۔
سائبان ف۔ آفتاب گیر۔ جو دھوپ سے بچا دے۔ شامیانہ۔
سائبانِ سیمابی ف۔ صبح کاذب کے بعد کی روشنی
سائحات ع۔ روزہ دار اور سیر کرنیوالی عورتیں
سائح ع۔ تمام پھرنے والا۔ سیر کرنیوالا روان۔ جاری۔
سائر و سائرہ ع۔ پھرنے والا۔ اور گردش کرنے والا۔ مجازاً جاری و مشہور۔
سائرین ع۔ جمع سائر کی۔ کل۔ سب
سائس ع۔ سیاست کرنیوالا۔ گھوڑے کا نگہبان۔ حبشی۔ یا کوتوال۔
سائس نجم رواق ف۔ کوکب مریخ۔
سائغ ع۔ گوارندہ۔
سائق ع۔ سامنے کو پیچھے سے چلانیوالا

دھکا دینے والا پیچھے سے دھکیلنے والا۔
سائل ع۔ پوچھنے والا۔ سوال کرنے والا۔ چاہنے والا۔ روان ہونے والا۔ جاری۔
سایہ ف۔ چھاؤں۔ پرچھائیں۔ حمایت۔ مدد۔ اور رات سے بھی مراد ہے۔
سایہ اش را نمے تواند دید ف۔ اسکا قدیمی جانی دشمن ہے۔
سایہ افگندن و انداختن ف۔ متوجہ ہونا۔
سایہ افگن ف۔ متوجہ۔ مہربان۔
سایہ بر کسے افگندن یا انداختن ف۔ اس پر مہربانی کرنی۔ متوجہ ہونا۔
سایہ پرست ف۔ شخص جو ہمیشہ فسق و فجور اور ناشایستہ کاموں میں لگا رہے۔
سایہ پرور و سایہ پرورد۔ سایہ پرست ف۔ ناز و نعمت کا پلا ہوا۔
سایہ پوش ف۔ سائبان۔ شامیانہ۔
سایہ دست ف۔ فیض۔ امداد۔ اعانت۔
سایہ دست کسے گرفتن ف۔ کسی بڑے سے فیض حاصل کرنا۔
سایہ دار۔ سایہ زدہ ف۔ وہ شخص جس کو آسیب ہو۔
سایہ رب النعیم ف۔ خلیفہ۔ بادشاہ۔ سرکردہ۔
سایہ رکاب ف۔ حمایت۔ تابعان۔
سایہ رو ف۔ شب زندہ دار۔ رات کو جاگنے والا۔ چور۔ عیار۔
سایہ گستر ف۔ متوجہ۔ مہربان۔
سایہ گستردن ف۔ توجہ کرنی۔
سایہ کسے بہ تیر و خنجر زدن ف۔ سخت عداوت رکھنا۔
سایہ نشین ج۔ وہ شخص جس نے دنیا کی تکالیف نہ دیکھی ہوں۔

سایہ و نور ف ۔ دولت کی پرچھائیں ۔
سائیدن ف ۔ پیسنا ۔
سائیس ع ۔ اصل میں سائیس سائس عربی لفظ ہے ۔ جسکے معنے سیاست کنندہ ہیں ۔ گھوڑے کا نگہبان ۔

سین مہملہ مع بائے موحدہ

سب ع ۔ گالی ۔ برا کہنا ۔
سبت ع ۔ پگڑی ۔ دستار ۔ عمامہ ۔
سبا ع ۔ یمن میں ایک شہر ہے جہاں کی حکمران بلقیس تھی جسکا حضرت سلیمانؑ کے ساتھ نکاح ہوا ۔ ایک شخص کا نام بھی ہے ۔
سبابہ ع ۔ انگوٹھے کے پاس کی انگلی ۔ انگشت شہادت ۔ یہ لفظ سب سے نکلا ہے ۔ جس کے معنے گالی دینا کے ہیں ۔ ایام جاہلیت میں عرب میں دستور تھا کہ جب کسی کو گالی دیا کرتے تھے ۔ اس انگلی سے دشمن کی طرف اشارہ کیا کرتے تھے ۔ اسواسطے اس کا نام سبابہ ہوا ۔ اور اہل اسلام کے ہاں اس کا نام مسبحہ رکھا گیا ۔
سبات ع ۔ زمانہ ۔ روزگار ۔ خواب ۔ نیند ۔ راحت ۔ آسائش ۔ ایک مرض کا نام بھی ہے جس میں نیند اور بیہوشی بہت ہوتی ہے ۔ نیند کی بیماری ۔
سباح ع ۔ تیرنے والا ۔ تیراک ۔
سباحت ع ۔ تیرنا ۔ شناوری ۔
سباخ ع ۔ جمع سبخ کی ۔ شورہ زمینیں ۔
سباع ع ۔ شیر ۔ بھیڑیا وغیرہ کی قسم کے درندے جانور ۔ جمع ہے سبع کی ۔
سباعی ع ۔ شعر کی ایک قسم ہے جس میں سات مصرعے ہوں ۔ سات آسمان ۔ سبع سموات ۔

سباغ ف ۔ سالن ۔ نان خورش ۔
سباغرف ۔ ایک پہلوان کا نام ہے ۔
سباق ع ۔ دوڑنے میں سبقت لیجانا ۔ آگے بڑھ جانا ۔
سباک ع ۔ سکہ ڈھالنے والا ۔ روپیہ اشرفی بنانیوالا ۔
سبال ع ۔ جمع سبلت کی ۔ مونچھیں ۔
سبب ع ۔ وجہ ۔ باعث ۔ رسی ۔ اور اصطلاح علم عروض میں سبب کلمۂ دو حرفی کو کہتے ہیں ۔ اگر دوسرا حرف ساکن ہو تو سبب خفیف کہتے ہیں ۔ اور اگر متحرک ہوں تو سبب ثقیل ۔
سبت ع ۔ ہفتے کا دن ۔ سنیچر کا دن ۔
سبحان ع ۔ خدا کو پاکی سے یاد کرنا ۔ پاک ۔
سبحان اللہ ع ۔ پاک ہے اللہ یا اللہ کو پاکی سے یاد کرتا ہوں میں خدا کو ۔ تعجب کا کلمہ ہے ۔
سبحہ ع ۔ بمعنی تسبیح ۔ تسبیح کے دانے ۔
سبار ف ۔ نوکر ۔ نوکری ۔
سبز ف ۔ سبزہ ۔ معشوق ۔ شیخ بخارا کے پاس اس نام کا ایک گاؤں بھی ہے ۔
سبز آخور ف ۔ ہرا اور عمدہ تھان ۔ مجازاً وہ گھوڑا جو سبزہ چرتا ہے اور عمدہ خوراک سے پلا ہوا ہو ۔ اصیل اور عمدہ گھوڑا ۔
سبزان ف ۔ سبز رنگ معشوق ۔
سبزان چمن ف ۔ باغ کے درخت ۔
سبز باغ ف ۔ آدمی کا بدن ۔ آسمان ۔ بہشت ۔
سبز پائے ف ۔ بدبخت ۔
سبز پل ۔ سبز خوان ۔ سبز زاغ ۔ سبز طارم ۔ سبز لشت ۔ سبز قبا ۔ سبز کارگاہ ۔ سبز گوشک ف ۔ آسمان ۔
سبز بری ف ۔ فصل ربیع ۔ موسم بہار ۔
سبز پوش ف ۔ فقیر ۔ درویش ۔ ماتمی ۔
سبز پوشان ف ۔ بہشت کی حوریں ۔ بہشتی ۔
سبز پوشان فلک ف ۔ فرشتے ۔

سبز تر تلگون ف ۔ سبز رنگ معشوق ۔ جسکے چہرے کے نیچے سے خون کی سرخی نمایاں ہو ۔
سبز شدن ف ۔ اگنا ۔ ظاہر ہونا ۔ معزز ہو جانا ۔
سبزک ف ۔ بلبل کی طرح کا ایک مشہور پرندہ ہے ۔
سبزکار ف ۔ جس سے عمدہ کام سرزد ہوں ۔ جو اچھے کام کرے ۔
سبز گردان ف ۔ بونا ۔
سبزوار ف ۔ ایران میں ایک مشہور شہر ہے ۔
سبزہ ف ۔ سبزی ۔ روئیدگی ۔ نباتات ۔ نیلا گھوڑا ۔
سبزہ بیگانہ ف ۔ خودرو سبزہ ۔
سبزی ف ۔ ہریاول ۔ ہریالی ۔ گھاس ۔ ترکاری ۔
سبز پیر ف ۔ معشوق سبز رنگ ملیح و جوان ۔
سبسب ع ۔ بیابان ۔ صحرا ۔ جنگل ۔
سبط ع ۔ فرزندزادہ ۔ پوتا ۔ دوہتا ۔ اسباط جمع پوتے ۔ دوہتے ۔ آل و اولاد ۔ حضرت یعقوب علیہ السلام کی اولاد ۔
سبط و سبط ع ۔ وہ بال جو گوندھے ہوئے نہ ہوں ۔ سیدھے کھلے ہوئے بال ۔
سبطین ع ۔ امام حسن و حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما ۔ سبط اکبر سے امام حسنؑ اور سبط اصغر سے امام حسین علیہ السلام مراد ہیں ۔
سبع ع ۔ سات ۔ ہفت ۔
سبع ع ۔ درندہ جانور ۔ جیسے شیر ۔ چیتا ۔ بھیڑیا ۔
سبع المثانی ع ۔ سات آیتیں جو دوبار نازل ہوئیں یعنی سورۃ فاتحہ جو ایک دفعہ مکہ میں نازل ہوئی اور ایک دفعہ مدینہ میں ۔ اس وجہ سے سبع المثانی سورۃ فاتحہ کو کہتے ہیں کہ وہ ہر نماز میں دوبارہ پڑھی جاتی ہے ۔ بعض کہتے ہیں کہ سبع المثانی سے تمام قرآن شریف مراد ہے ۔
سبع الوان ع ۔ سات رنگ ۔ یعنی سرخ ۔ نارنجی ۔ زرد ۔ سبز ۔ آسمانی ۔ نیلا ۔ بنفشی ۔ نیز آسمان کے سات طبقوں سے بھی مراد ہے ۔

سبعہ امعاء ع ۔ عبارت ہے معدہ اور انسان کی مندرجہ ذیل چھ آنتوں سے ۔ اثنا عشری ۔ صائم ۔ دقیق ۔ اعور ۔ قولون ۔ مستقیم ۔
سبعہ سیارہ ع ۔ متحرک ستارے یعنی سورج ۔ چاند ۔ مریخ ۔ عطارد ۔ مشتری ۔ زہرہ ۔ زحل ۔
سبع شداد ع ۔ سات آسمان ۔
سبعہ ع ۔ سات ۔ ہفت قرأت ۔
سبعہ معلقات ۔ سبع طوال ع ۔ زمانہ جاہلیت کے عرب کے وہ سات قصیدے جو کعبہ میں آویزاں تھے ۔ فخر کے لئے لٹکائے گئے تھے کہ ہر شخص آئے ۔ دوہرائے اور انہیں یاد حفظ کرے ۔
سبعی ۔ سبعیت ع ۔ درندگی ۔ چیرنا پھاڑنا ۔
سبعین ع ۔ ستر ۔ ۷۰ ۔
سبق ع ۔ پڑھنا ۔ برتری ۔
سبق ع ۔ گھوڑ دوڑ اور تیراندازی وغیرہ میں شرط باندھنا ۔ پڑھنے کا اندازہ ۔ جو روز پڑھا جائے ۔
سبقت ع ۔ کسی سے آگے بڑھ جانا ۔ بڑھوتری ۔ پیش دستی ۔
سبق خوان ف ۔ طالب علم ۔ متعلم ۔
سبق گفتن ف ۔ سبق پڑھانا ۔ درس دینا ۔ تعلیم کرنا ۔
سبک ع ۔ سکہ ڈھالنا ۔
سبک ف ۔ ہلکا ۔ بے وقار ۔ چست و چالاک ۔ بے تکلف ۔ جلدی ۔ شتاب ۔ جھٹ پٹ ۔
سبکبار ف ۔ جسکا بوجھ ہلکا ہو ۔ فارغ البال ۔ خوشحال ۔ وہ شخص جو بفراغت خوش و خرم ہے ۔
سبک پا ف ۔ سبک رو ۔ سبک عنان ف ۔ تیز رو ۔ ہرکارہ ۔ ڈاک ۔ چوکی کا گھوڑا ۔
سبکتگین ف ۔ سلطان محمود غزنوی کا باپ ۔

کو کہتے ہیں۔ سلوٹی یعنی سنگ جو۔
سنگ خیز۔ ف۔ ... ہو۔
سنگ دست۔ ف۔ ... یعنی کرنے والا۔
سنگ دل، سنگ روح، سنگ القلب۔
سنگ طبع۔ ف۔ ... بے حفظ و ... ہو۔
سنگ روی۔ ف۔ بے شرمی ...
سنگ دوشی۔ ف۔ ...
سنگ سار، سنگسار۔ ف۔ ...
سنگ یاب۔ ف۔ ...
سنگ ماری۔ ف۔ ...
سنگ مرد۔ ف۔ کمینہ ...
سنگ سری۔ ف۔ ...
سنگ پیرو۔ ف۔ ...
سنگ خرد۔ ف۔ بے عقل بے ذکاوت۔
سنگ ہمت۔ ف۔ کم ہمت۔
سبکی۔ ف۔ ہلکا پن۔ خفت۔
سنبل۔ ... جس کے سبب ... ہوتی ہے۔ ... اور ...
...
سبلت۔ ... مونچھ۔
سبلت سست کردن، سبلت کندن۔ ف۔ عجز و فروتنی کرنی۔
سبوس۔ ف۔ ...
سبوح۔ ع۔ تعریف کرنے والا ...
سبوح ... تعریف کیا گیا

خداوند تعالیٰ کی صفت میں سے ہے۔
سبوح قدوس ...
کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔
سبوحیتال۔ ف۔ خدا کی ثنا کرنے والے فرشتے ... کے ساتھ ... کرنے والے
... لازم ... سے ...
سبوس۔ ف۔ گندم وغیرہ کے آٹے کا چھان س، بھوسی۔
سبوسہ۔ ف۔ خشکی جو سر کے بالوں کی جڑ میں ہو جاتی ہے ... میں ... ہیں۔
سبو شکستن۔ ف۔ ...
سبیل۔ ع۔ راہ رستہ طریق ... سبیل ... کے معنی میں ... ہے ... جاری رہتا ہے اس واسطے ... پینے جاری کے بھی ... ہے۔

سین مہملہ مع یائے فارسی

سپار۔ ف۔ ... انگور کے ... کا ... انگور ... ہے۔
سپار۔ ف۔ ... جس سے زمین ... ہیں۔
سپارش۔ ف۔ سونپنا ...
سپارہ۔ ف۔ ...
سپاس۔ ف۔ شکر، تعریف ...
سپاسہ۔ ف۔ ...
سپاسی۔ ف۔ ...
سپاہ انجم۔ ف۔ ...
سپاہ۔ ف۔ فوج۔
سپاہ ... ف۔ ...

اصطلاح میں جب یہ شعر ... ہوتا ہے اس میں سپاہ ... اس کا یہ نام ہوا۔
سپاہ سالار۔ ف۔ سپاہ کا افسر ...
سپر۔ ف۔ ڈھال۔ جنہ۔
سپر آتشیں۔ ف۔ سورج۔
سپر افگندن، سپر انداختن۔
سپر در آب انداختن ... عاجز ... ہونا۔
سپر بر سپر انداختن ...
سپر بر کتف دوختن۔ ف۔ ڈھال کو ...
سپرد۔ ف۔ کسی کے ... سپرد کیا ہوا۔
سپردن۔ ف۔ ...
سپردن۔ ف۔ ...
سپردنی۔ ف۔ ...
سپرغم، سپرم، سپرغم ...
سپردہ۔ ف۔ ...
سپرز۔ ف۔ پھیپھڑا۔
سپر کسے در آب انداختن۔ ف۔ کسی کو لڑائی میں مغلوب اور عاجز کرنا۔
سپہری۔ ف۔ ...
سپہری شدن ...
سپس۔ ف۔ پیچھے ...
سپستان۔ ف۔ ...
سپش۔ ف۔ جوں ...

... پیدا ہو جاتی ہیں۔
سپنج۔ ف۔ مہمان ... عاریت ...
سپنجی ...
... ہیں ...
سپند۔ ف۔ ہرمل ...
... جلائے جاتے ہیں۔
سپندان۔ ف۔ ہرمل ... رائی ...
سپوختن، سپوزیدن۔ ف۔ چبھونا۔
سپوز۔ ف۔ ...
سپہ۔ ف۔ سپاہ۔ فوج۔
سپہبد ... سپہ سالار ...
سپہبد، سپہسالار، سپہ کش۔ ف۔ سپہ کا افسر اعلیٰ۔
سپہر شناس۔ ف۔ نجومی ...
سپید۔ ف۔ ...
سپیدار۔ ف۔ ایک قسم کا ... ہے ...
سپیدہ آمدن، سپیدہ دمیدن۔ ف۔ ...
سپید باز۔ ف۔ ...
سپید بخت۔ ف۔ ...
سپید طبعت۔ ف۔ ...
سپید مہرہ۔ ف۔ ...

سپیدہ دست ف سخی آدمی اور حضرت موسےٰ علیہ السلام کا لقب ہے - اور بشے چور - خیانت کرنے والا +

سپید رود ف ایک نہر کا نام ہے جو شیرواں اور گیلاں کے درمیان ہے +

سپید رُوے ف قلعی جس سے برتن سفید کرتے ہیں - نیک بخت آدمی سے بھی مراد ہے +

سپید شدن چشم ف اندھا ہونا - پیلا ہونا - سرخرو ہونا - جلوہ دکھانا -

سپید کار سپید نامہ ف پرہیزگار - متقی اور صالح آدمی +

سپید کردن جامہ ف کپڑے دھونا +

سپید کردن دندان ف مسکرانا +

سپید کردن زبان ف عجز اور فروتنی ظاہر کرنا

سپید کردن لب ف مسکرانا +

سپیدہ ف صبح کی روشنی ایک مشہور دوائی کا نام بھی ہے +

سپیدہ دم - سپیدہ دہان ف صبح صادق - تڑکا +

سپیدی ف سفیدی بیاض آنکھ کی ایک بیماری کا نام بھی ہے +

سین مہملہ مع تائے فوقانی

ست - ستہ - ع - چھ - ۶ - ۶ +

ستان ستائش - تعریف کرنا - تعریف کرنے والا - نعمت کا شکر - ثنا - بیانہ ما... ہر ہے ستودن سے - طنبورہ - اس معنی میں ستار کا مخفف ہے +

ستاغ ف شاخ درخت - درخت کی ٹہنی +

ستاوہ - ف خیمہ - تنبو +

ستادن ف مخفف ہے ایستادن کا

ستار ف ایک مشہور باجہ ہے اصل میں سہ تار ہے

ستار ع ڈھانپنے والا عیبوں کا ڈھانپنے والا پردہ پوش خدا تعالےٰ کا نام ہے +

ستارہ ف تارہ جو آسمان پر چمکتا ہے +

ستارہ ایک مشہور باجہ ہے نیز شامیانہ جالی کی قسم کا کپڑا جو مکھی مچھر وغیرہ سے بچنے کے واسطے دروازوں وغیرہ پر لٹکاتے ہیں +

ستارہ بر آوردن ف ناممکن کام کرنا - عجیب کام کرنا +

ستارہ دُمدار - ستارہ دُنبالہ دار ف پونچھ والا ستارہ - دم والا ستارہ +

ستارہ زمین ف - ابرک - طلق +

ستارہ شمر ستارہ شناس ف نجومی - منجم

ستارہ سوختہ ف - بدبخت - بدنصیب

ستارہ شمردن ف - بیدار رہنا - ساری رات جاگتے رہنا +

ستارہ صبح - ستارہ سحر ف - زہرہ

ستارہ قلندران - ف - سورج -

ستاری ف پردہ پوشی +

ستازن ف - مخفف ستارہ زن - ستارہ بجانے والا - سیخ کباب جو ستا خم ہو +

ستاغ ف کرہ اسپ - بچھڑا جس پر ابھی تک زین نہ رکھا گیا ہو - سرکش گھوڑا - وہ آدمی جس کی اولاد نہ ہوتی ہو -

ستام ف - ساز اسپ گھوڑے کا ساز لگام وغیرہ - آستان دروازہ - دروازے کی چوکھٹ

ستان ف چت لیٹا ہوا وہ جگہ جہاں کسی چیز کی بہتات ہو - آستان کا مخفف بھی ہے اور ستادن کا امر حاضر بھی ہے +

ستاندن ف - لینا +

ستائیدن ف - سراہنا +

ستائش ف - سراہنا تعریف کرنا حمد و ثنا -

ستائشگاہ ف قصیدہ یا قطعہ یا مثنوی کا آخری شعر - مقطع +

ستائش گر ف سراہنے والا - تعریف کرنے والا

ستائش گری ف - سراہنا - تعریف

ستبر ف - موٹا - مضبوط - دلدار

ستبری ف - موٹائی - گاڑھا پن +

ستخر ف - مخفف ہے استخر کا - تالاب - ایک فارس کا مشہور قلعہ ہے جمشید نے بنوایا تھا - چونکہ اس میں بہت بڑا تالاب تھا اس واسطے اس نام سے مشہور ہوا +

ستخوان - ف - مخفف استخوان +

ستخیز ف - مخفف ہے رستخیز کا +

ستد ف - لیا - ستدن مصدر سے ماضی مطلق کا صیغہ ہے - یاد رہے کہ ماضی کے صیغہ میں دال ساکن ماقبل مفتوح جو علامت مضارع کی ہوتی ہے سوائے ان مادوں کے کہیں نہیں آتی - زد - آمد - ستد -

ستدن ف - لینا +

ستر ع پردہ +

ستر - ع چھپانا - ڈھانکنا - بدن کا اس قدر حصہ جس کا ڈھانکنا فرض ہے +

ستردن ف صاف کرنا - مونڈنا +

ستُرگ سترگ - ف - بڑے جثے کا آدمی - قوی ہیکل - سخت غصہ ور - شجاع زور کا - بھاری بڑا +

ستر کبرے - ع - بڑا پردہ خادم میں بادشاہوں اور امیروں کی بیویوں کے تعظیم کے طور پر عفت و عصمت کے واسطے ہے - اس لفظ کے ساتھ ترکیب ہیں جیسے ترے - پردہ دولی +

سترون ف - بانجھ عورت - سترون معنی ترکیبی اس لفظ کے استر کی مانند ہیں یعنی استر کی مانند بانجھ

ستل ف - حوض - بڑا گڑھا - تالاب

ستم ف - ظلم - بے انصافی +

ستم آباد ف جہاں بہت ظلم ہو - دنیا

ستم اندیش - ستم پرور - ستم پیشہ ف

ستم دیدہ - ستم زدہ ف مظلوم جس پر ظلم ہوا

ستم شکن ف - عادل +

ستمگار - ستمگر - ستم گستر - ستم کیش ف ظالم - ظلم کرنے والا +

ستم کش ف مظلوم +

ستنبہ ف - درشت - قوی ہیکل - دلیر

ستوق - زر قلب - کھری چاندی یا کھوٹا

ستودن ف اس سے ستودہ سزا -

ستودن ف تعریف کرنا سراہنا +

ستودہ ف سراہا ہوا - تعریف کیا ہوا +

ستور ف - ہر چوپایہ - بجار - گھوڑا - خچر - گدھا - بیل

ستوربان ف - گھوڑوں کا محافظ +

ستوقہ - ستوق ف - کھوٹا - ملمع کیا ہوا کھوٹا سونا - زر قلب +

ستون ف - پیلپایہ - مکان کا کھمبا

ستوں ف - سالٹھ سے ۲۰-۶۰

ستوہ ف - عاجز تنگ آیا ہوا - ملول

ستہ ع چھ - ۶ - ۶ +

ستی و - پاک دامن عورت جو سوائے اپنے خاوند کے کسی کی طرف توجہ نہ کرے وہ عورت جو کمال محبت اور چاہ کے باعث اپنے خاوند کے ہمراہ آگ میں جل مرے - ہندوؤں کے ہاں

سپید دست ف ۔ سخی آدمی اور حضرت موسےٰ علیہ السلام کا لقب ہے ۔ اور بمعنے چور ۔ خیانت کرنے والا ۔

سپید رود ف ۔ ایک نہر کا نام ہے جو شیروان اور گیلاں کے درمیان ہے ۔

سپید روے ف ۔ نیکی جس کے برتن سفید رہتے ہیں ۔ نیک بخت آدمی سے بھی مراد ہے ۔

سپید شدن چشم ف ۔ اندھا ہونا ۔ بیہوش ہونا ۔ سرخرو ہونا ۔ جلوہ دکھانا ۔

سپید کار ۔ سپید نامہ ف ۔ پرہیزگار متقی اور صالح آدمی ۔

سپید کردن جامہ ف ۔ کپڑے دھونا ۔

سپید کردن دندان ف ۔ مسکرانا ۔ ہنسنا ۔

سپید کردن زبان ف ۔ عجز اور فروتنی ظاہر کرنا ۔

سپید کردن لب ف ۔ مسکرانا ۔

سپیدہ ف ۔ صبح کی روشنی ۔ ایک مشہور دوائی کا نام بھی ہے ۔

سپیدہ دم ۔ سپیدہ دمان ف ۔ صبح صادق ۔ تڑکا ۔

سپیدی ف ۔ سفیدی ۔ بیاض ۔ آنکھ کی ایک بیماری کا نام بھی ہے ۔

سین مہملہ مع تائے فوقانی

ست ۔ ستہ ع ۔ چھ ۔ ۶ ۔ ۵ ۔

سَم الخیاط - سوئی کا سوراخ یعنی ناکا +

سَم الفار - چوہوں کا زہر سنکھیے کو کہتے ہیں +

سمان - مہینے کا ستائیسواں دن آسمان کا مخفف بھی ہے +

سَماے - سطوت۔ تکبیر +

سماوات - سموات - سما کی جمع ہے +

سَماوی - آسمانی۔ آسمان +

سُم بارگی بر سر خون گشتیدن

دشمن کو قتل کرنے کے ارادے پر سوار ہونا

سَمت - طرف جہت۔ صورت۔ راہ راست

سِمَت - داغ۔ نشان نقش۔ دھبا۔ علامت۔ اصل میں یہ لفظ وسم تھا۔ واو محذوف کی عوض تا لائی گئی +

سَمت الرّاس - وہ طرف جو سر کے اوپر ہے

سَمج - برا۔ ناخوش۔ زشت۔ بدمزہ +

سُمچ - سُمچہ - تہ خانہ +

سَمر - کہانی۔ افسانہ۔ مجازاً سخن +

سمرقند - سبب ہے سمر کند کا مرکب ہے سمر (نام ایک بادشاہ کا ہے) اور کند ترکی میں شہر کو کہتے ہیں) سے یعنی سمر کا بنایا ہوا شہر جو ترکستان میں ہے +

سُمرت - گندم گونی +

سِمسار - دلال +

سَمسام - تلوار۔ خنجر +

سَمسم - تل کنید جو مشہور غلہ ہے +

سِمط - رشتہ مروارید۔ موتیوں کی لڑی +

سَمع - بھیڑیے کا بچہ +

سَمع - سننا۔ کان +

سَمع الکیان - علم حکمت میں ایک کتاب جسے بادشاہ اپنے پاس رکھتے تھے +

سُمعت - اپنے بھلے کام لوگوں کو سنانا +

سَمک - مچھلی +

سَمک - چھت۔ بلندی۔ بلندی +

سمکیان - اہل زمین +

سَمن - گھی +

سِمن - موٹاپا۔ فربہی +

سَمن - ایک پھول چنبیلی +

سَمن اندام - سمن سیما - سمن عذار سمن سینہ - محبوب معشوق +

سمنا - بسنا - بسنبار - قصر خورنق بنانیوالا معمار

سمنان - دامغان کے پاس ایک شہر

سَمند - زردی سے رنگ کا گھوڑا۔ سبز گھوڑا +

سَمند جلو دادن - گھوڑا دوڑانا +

سَمندر - سَمندل - سَمندور - سَمندول سمندون - چوہے کی شکل کا ایک جانور ہے جو آتشکدہ میں پیدا ہو جاتا ہے۔ اگر آگ سے باہر نکلے فوراً مر جاتا ہے۔ اصل اس کی سام اندر ہے۔ سام کے معنے آگ ہیں۔ سمندر کی دال پر تینوں حرکتیں جائز ہیں +

سمنگان - ایک ملک کا نام ہے جہاں کے بادشاہ کی بیٹی رستم سے بیاہی گئی اور سہراب اس سے پیدا ہوا +

سَمنہ - پہونچی جو ایک زیور ہے +

سُمو - بلندی۔ اونچائی +

سَموت - تراک تخیفہ +

سَمور - لومڑی کی قسم کا ایک جانور ہے جس کی کھال کی پوستین بناتے ہیں + اور اسے سمور بھی کہتے ہیں +

سُموط - موتیوں کی لڑیاں +

سُموک - جمع ہے سمک کی مچھلیاں +

سَموم - گرم ہوا سم کی جمع زہر +

سَموم - باد گرم۔ لو +

سمہرت - جولاہوں کا ایک اوزار ہے جسے اہل پنجاب کنگھی کہتے ہیں پوشیدہ نہ رہے اس کو فارسی میں باغ اور باغ کرنیکو کہتے ہیں +

سَمی - ہم نام +

سَمید - سفید میدے کی روٹی +

سمیرا - ایک شہر مقطع کے راہ میں ایک قلعہ ہے +

...ی +
...ا جوتوں سے سینچنا
...دلبعد بھوٹ نکلنے
...تے +
...ارت - ناجیز - چربی دار +
...یک اور نازک کپڑا +

...مع نون

...ن پیچ - مخفف سنان - سنان
...بھی مستعمل ہے - جو شکل مانند
...لے لکھنے میں بھی آتا ہے +
...ز - اذت جو خمیر اور طاہر ہے
...یانت - عمر کے برسوں کی مقدار
... - نور سورج کی روشنی سے کم جسے کل عرضی
...ہ - بلندی - رفعت - ایک گھاس کے
...جو مستعمل ہیں +
...ی ع - روشن برق بجلی کی روشنی +
...ل - سنبلہ کی جمع ہے - خوشہ +
...وف - بہت - فراوان +
... - علم الفت - اصطلاح علم قافیہ میں
... حروف کا نام سنا ہے جیسے ودد
...د - زمان اور زمین کا قافیہ +
...ئی کو زمان بالضم ریاست
... ایک مشہور تواریخی شہر ہے +
...ں - عجائبات - مزنوہ - تیر کی نوک +
...کش - بھال لگا بڑا نیزہ +
... - سینڈ کی جمع ہے - بلبلیں - گربہ
... ایک مشہور ولی کا نام ہے جو
... اور شاعری میں بھی کامل تھا
...لئے پھر آپس کی شتی جو جہاد کے ساتھ ہوتی
...ل ایک قسم کا رنگ جسے چڑیاں بھی

سُنبُل الطیب ع - بالچھڑ +
سُنبُلہ - ع - خوشہ گندم - گیہوں کی بال چھٹے برج
آسمانی کا نام بھی ہے جو خوشہ کی شکل کا ہے +
سنبوسہ - مثلث کی شکل کی ہر ایک شے
نکونی چیز - ایک قسم کی خوراک کا نام بھی ہے +
سُنبہ ف - برما - بانجھ بھی آیا ہے +
سنبیدن ف - سوراخ کرنا - چھیدنا - پاؤں کے نیچے لانا +
سُنّت ع - طریقہ - طرز - روش - عادت
اور اصطلاح فقہا میں وہ طریق جسے پیغمبر خدا
اور صحابہ کرام نے عمل کیا ہو +
سنج ف - معرب اور بدل صنج لفظ ہندی
کا ہے جسے جھانجھ بھی کہتے ہیں - وزن کرنا
تولنا وزن اس صورت میں سنگ کا مبدل ہے +
سنجاب ف - ایک جانور کا نام ہے جو چوہے
سے بڑا ہوتا ہے اسکی کھال کی پوستین بناتے
ہیں اور اسے بھی سنجاب کہتے ہیں ایک ملک کا
نام بھی ہے جہاں کا حاکم افراسیاب کے
زمانے میں کاموس کشانی تھا +
سنجار ع - ایشائی روم میں موصل سے تین منزل
کے فاصلہ پر ایک شہر ہے سلطان سنجر جو حکمران تھا
سنجر ف - ایک شکاری پرند کا نام ہے - مدعا جانا
وحلاع کو بھی کہتے ہیں - ایک مانا ان جو ترکوں میں
بچپن بادشاہ کا نام ہے جو ملک شاہ کا بیٹا تھا
اس نے اسی برس سلطنت کرکے ۵۵۲ھ میں وفات پائی
علما کا بڑا قدر دان اور صاحب شان و شوکت تھا
سنجرستان ف - تکیہ جہاں جمع
وجد کی مجلس لگے +
سنجق سنجوق - یہ لفظ ترکی ہے اسکے معنے
ہیں - جھنڈا - نشان فوج - علم - گرز - جھنگ
سنجہ ف - تولنے کا پتھر +
سنجیدگی ف - وزن ہونا - متوازنیت

سنجیدن ف - تولنا - وزن کرنا +
سند ع - وثیقہ - سارٹیفکیٹ - سفارش نامہ
سندان ف - اہرن جسپر لوہار لوہا وغیرہ
رکھ کر کوٹا کرتے ہیں +
سندھ ہ - ملک ہند کے مغرب میں ایک
ملک اور ایک مشہور دریا ہے +
سند باد ف - حکیم ازرقی کی ایک پند نصائح
کی کتاب ہے +
سن رشد ع - سمجھ بوجھ آجانے کی عمر
سندرہ - سندروس ف - سندرس
جو ایک قسم کا گوند ہوتا ہے +
سُندُس ع - نہایت باریک اور لطیف ریشم -
دیبا ہے جس سے لطیف بہشتیوں کا لباس ہی ہوگا
سندہ ف - ابری - آدمی کا پاخانہ - گوہ
دوسرے معنی میں بالعموم بھی آیا ہے +
سنقر ت - چرغ کی قسم کا شکاری پرند ہے
لڑکی جو چھوٹے روشن چمکتا - بادشاہ اسی شکار کرتے
ہیں بادشاہان ترکی میں سے ایک نام بھی رہا ہے
سنگ ف - پتھر اور مجازاً مٹی وغیرہ - گرانی
وزن - ثقل - توقیر اور قیمت و قدر - اعتبار +
سنگ از موم ساختن ف - عجیب
کام کرنا - ناممکن کام کرکے دکھانا +
سنگار ف - سانچی - رہ کا رفیق +
سنگ آس سنگ آسیا - چکی کا پاٹ
سنگ اصفہان - سنگ زند - سنگ
دمشق ف - کسوٹی +
سنگ انداز ف - فلاخن - گوپیا - قلعہ کی
دیوار کے وہ مقام جہاں سے چھپ کر گولہ اور پتھر پھینک کر
وغیرہ دشمن کو مارتے ہیں - سوراخ - مورچہ بھی
اسکو کہتے ہیں اور قلعوں کی دیواروں میں اکثر
سوراخ بنے ہوتے ہیں وہ نشانہ لگانے کو

میں شرابی لوگ ایک جشن کرتے ہیں +
سنگبات - جانور +
سنگ بالش - سنگ بالین ف - وہ
پتھر جو سرہانے کی بجائے سر کے نیچے رکھ کر سوجائیں
سنگ پشت ف - وہ روٹی جو پتھر کے توے
پر بھوبل ڈال کر پکائی جائے +
سنگ بر شکم بستن ف - پیٹ پر پتھر باندھنا
بزرگوں اور زاہدوں کا دستور تھا کہ خالی پیٹ
پر بھوک کی حالت میں پتھر باندھا کرتے تھے
تاکہ انکا حال کسی پر نہ ظاہر ہونے پائے اور انہیں پیٹ
کے خالی ہونے سے تکلیف بھی نہ ہو +
سنگ بر شیشہ افتادن ف - ایسا مرکا
وقوع میں آنا جس میں انسان مجبور ہو جیسے کہ کسی عہد
کھلنا اور رنجیدہ ہو جانا عیش کا منغص ہونا
سنگ بر شیشہ زدن - سنگ بر سبو
زدن - سنگ بر قرابہ زدن ف - غرور
توڑنا - غیرت سے توبہ کرنی +
سنگ بر شیشۂ امید زدن ف - امید
توڑ دینی - نا امید کردینا +
سنگ بر قندیل زدن - ف - اندھیرا کرنا
سنگ بست - سنگ بستہ
بستہ سنگ پشت - ف - استوار -
مضبوط - محکم - پکا - سیوا - کچھوا +
سنگ ترازو ف - ترازو کے باٹ +
سنگ جانی ف - بے رحمی +
سنگ جراحت ف - ایک قسم کا پتھر جسے پیس کر
زخم پر چھڑکنے سے خون بند ہو جاتا ہے
سنگچہ ف - اولا - ژالہ +
سنگ خوار - سنگ خوارہ - سنگ
خوارک - سنگ خوشک - سنگ خورہ ف - ایک
جو سنگریزے کھانے والا ایک پرندہ ہے +

سنگ دان ف۔ پوٹا۔ مرغ وغیرہ کی تھیلی جس میں پرند اپنی غذا جمع کرتا ہے ۔
سنگ در دہاں انداختن ف۔ چپ رہنا۔
سنگ در آب انگندن ف۔ ثابت قدم رہنا۔ پاؤں جمائے رکھنا۔ بات نہ ظاہر کرنا۔ پوشیدہ کرنا۔ چھپانا ۔
سنگ در دنداں آمدن ف۔ روکھا ہونا۔ تکلیف اٹھانا ۔
سنگ در رسم لودن ف۔ چلنے سے رکنا۔ ترک سفر کرنا ۔
سنگ در موزہ افتادن ف۔ چلنے سے رہ جانا۔ ترک سفر کرنا۔ بیقرار ہونا ۔
سنگدل ف۔ بیرحم۔ سخت دل ۔
سنگرہ ف۔ چھوٹا سا نیزہ ۔
سنگر ف۔ پتھر وغیرہ کی دیوار جو لڑائی کے موقع پر بناتے ہیں۔ جہاں کانٹوں کی باڑھ یا خندق یا اینٹ وغیرہ کے گرد حفاظت کے لئے بنا لیتے ہیں ۔
سنگ راہ ف۔ مانع۔ مزاحم ۔
سنگ راہ شدن ف۔ مانع ہونا۔ روکنا ۔
سنگ زدن ف۔ شوخی سے دینا ۔
سنگ سرے سخن ف۔ محکم۔ مطیع ۔
سنگ ریزہ ف۔ کنکر ۔
سنگ فرحت ف۔ بحر العاج۔ سفید رنگ کا پتھر جو ملک ایکر کی خریدا جاتے ہیں کہ خوشی سے چندروز جاتا ہے۔
سنگ زن ف۔ کم وزن تھا زہ ۔
سنگسار ف۔ پتھراؤ۔ پتھر مار کر ہلاک کرنا۔
سنگستان ف۔ پہاڑ۔ جہاں پر پتھر ہیں۔
سنگ شکن ف۔ مجیب کام کرنا ۔
سنگ شدن ف۔ بیزاری دیکھانا۔ سخت ہونا۔
سنگ لاخ سنگلاخ ف۔ پتھریلی زمین۔ پتھریلا زمین ۔

سنگ مجاعت ف۔ وہ پتھر جو درویش بھوک کے لئے پیٹ پر باندھتے ہیں ۔
سنگ لسبوت ف۔ سنگ مرمر ۔
سنگی ف۔ سنگین۔ بھاری ۔
سنگ یمن ف۔ عقیق ۔
سنگین ف۔ پتھر کا۔ بھاری۔ مضبوط ۔
سنگین دست ف۔ جو دیر میں کام کرے۔
سنگین دل ف۔ سخت دل۔ بے رحم ۔
سنن ع۔ سنت کی جمع۔ طریقے۔ حدیثیں ۔
سنوات ع۔ جمع ہے سنہ یعنی سال کی ۔
سنوح ع۔ شکار کا بائیں طرف سے ظاہر ہونا۔ حادثہ کا پیدا ہونا ۔
سنور ع۔ بلی۔ گربہ ۔
سنون ع۔ جمع سن کی۔ سال۔ برس۔
سنہ ع۔ برس۔ سال ۔
سنی ع۔ رفیع و بلند۔ روشن۔ چمکتا ہوا ۔
سنی ع۔ اہل سنت و جماعت ۔
سنین ع۔ جمع سنہ کی۔ برس۔ سال ۔
سنیہ ع۔ روشن۔ بلند ۔

سین مہملہ مع واو

سوٗ ف۔ طرف۔ جہت۔ مثل و مانند۔
سو و لمع۔ روشنائی ۔
سوء ع۔ بدی۔ برائی ۔
سواء ع۔ برابر۔ مانند ۔
سوا ع۔ بجز۔ غیر ۔
سوابق ع۔ جمع سابقہ کی۔ اگلے پچھلے۔ گذشتگان ۔
سواحل ع۔ جمع ساحل کے کنارے۔ جمع ساحل کی۔
سواد ع۔ سیاہی۔ شہر کی اطراف۔ نواحی۔ قریہ۔ گاؤں۔ جماعت ۔

سواد اعظم ع۔ بڑا شہر جیسا اور مکہ معظمہ دغیرہ
سوء ادب ع۔ بے ادبی ۔
سوء خلق ع۔ بدخلقی ۔
سواد بر گرفتن ف۔ پڑھنا۔ مطالعہ کرنا
سواد در دست گرداں ف۔ خوشخط لکھنا۔ کاتب کی پیدا کرنا۔ لکھنا پڑھنا سیکھنا ۔
سوء دماغ ع۔ دماغ کی بیماری ۔
سواد کردن ف۔ لکھنا ۔
سوار ع۔ کنگن جو ہاتھوں میں پہنتے ہیں۔ کلائی کا زیور ۔
سوار ف۔ راکب۔ گھوڑے پر چڑھا ہوا۔ اس کی اصل اسوار ہے جو اسپ آور کا مبدل ہے ۔
سوارانِ آب۔ سوارگانِ آب ف۔ پانی کے بلبلے ۔
سوار پا ف۔ چالاک اور چست پیادہ ۔
سوار سیستان ف۔ رستم بن زال ۔
سوء طریق ع۔ بد راہی۔ راہ کی بدی
سواطع ع۔ جمع ساطعہ بلندی کی ۔
سواع ع۔ نوح علیہ السلام کی قوم کے بت کا نام ہے جو عورت کی شکل کا تھا ۔
سواقی ع۔ جمع ساقیہ۔ وہ جو سے خوردہ کی
سواک ع۔ مسواک ۔
سواک ع۔ تیز رہ سوار۔ نرم رفتار ۔
سواکن ع۔ جمع ساکن۔ باشندے
سوال ع۔ پوچھنا۔ دریافت کرنا۔ مانگنا ۔
سوالف ع۔ جمع سالفہ کی۔ گزرے ہوئے
سوء القنیہ ع۔ وہ جو کسی دوا کی غذا۔ کو ملا کر اس کے معنی ہیں دوا وغیرہ اندازی کی سے ایک مرض کا نام ہے جو بادی سے ہوتا ہے۔ جس میں جگر کی قوت ضعیف ہو جاتی ہے ۔ اس کے سبب بیدا کا چہرہ زرد ہو جاتا ہے اور تمام اعضا کے ساتھ بھی کچھ ہیئت ہے

کے قابل نہیں وغیرہ دھڑ کا ۔
سوء المزاج ۔
سوانح ع۔ سانحہ کی واردات۔ احوالات یہ لفظ متوحش حالات کے لئے استعمال کیا جاتا ہے
سوانی ع۔ جمع سانیہ کی
سواسے ع۔ سوا سیدوا
سوج سوجش ف۔ سوزش
سوچی ت۔ مے فروش۔ شراب فروش
سوچی خانہ ت۔ شراب خانہ
سوخ ف۔ پیاز۔ بصل ۔
سوختن ف۔ جلنا۔ جلانا ۔
سوختن زر ف۔ تحرو کے لئے
سوختنی ف۔ جلنی ۔
سوختگی نفس ف۔ اجنا ۔
سوختہ ف۔ جلا ہوا۔ مسحور۔ چند لوگ ہیں سے ایک کا نام ہے۔ مصیبت زدہ
سود ف۔ فائدہ۔ نفع۔ بیاج ۔
سود ع۔ اسود کی جمع۔ کالے۔ حبشی
سوداء ع۔ کالی عورت۔ سیاہ آدمی کی چار دن اخلاط میں سے رنگ سیاہ ہے۔ سیاہ پت اور بدن میں اس کی کمی ہے کہ خلط سودا جنون کا باعث ہوتی ہے اور جس
سودا ف۔ خرید و فروخت ۔
سودا ہے۔ سوداوی۔ کا نام ہے جو سودا ملا کر بند ہی کا بخار پر حالت ہوگی بھی آخر اور پیشتر ہے اسکو
سوداز دہ ف۔ سوداوی۔ دیوانہ

سوداگری ف۔ تجارت۔ بنج ٭

سوڈان ف۔ سیاہ رنگ کے آدمی حبشی
وسط افریقہ میں ایک ملک ہے ٭

سودا آوردن ف۔ سیاہی چھا جانی ٭

سوداور۔ سوداگر ف۔ تاجر ٭

سودائی ف۔ پاگل۔ عاشق۔ تاجر۔ سوداگر ٭

سودائیان ف۔ سوداگر لوگ ٭

سودائی مزاج ف۔ وہ شخص جس کی طبیعت میں خلط سودا اور خلطوں سے زیادہ ہو ٭

سودمند ف۔ فائدہ مند ٭

سودن ف۔ گھسنا۔ رگڑنا ٭

سور ف۔ جشن یا شادی کا طعام یا دعوت ٭

سُور ع۔ دیوار قلعہ۔ شہر پناہ ٭

سُور ع۔ جمع سورۃ کی قرآن شریف کی سورتیں

سوری ف۔ خوشی شادی جشن۔ سرخ رنگ کا گل سرخ۔ رنگین افغانوں کے ایک قبیلے کا نام بھی ہے ٭

سوراخ ف۔ سوراخ۔ چھید ٭

سوراخ شدن در آسمان ف۔ حادثۂ عظیم وقوع میں آنا۔ کوئی بڑا حادثہ واقعہ ہونا ٭

سُورت ع۔ تیزی۔ تندی۔ ظلم۔ غصہ ٭

سُورت ع۔ عربی میں بمعنی سورۃ و شرف قدرت۔ ہندی میں بمبئی کے علاقہ میں ایک مشہور شہر اور بندرگاہ ہے ٭

سورہ ع۔ قرآن کا ٹکڑا ٭

سورۃ اخلاص ع۔ قل ھو اللہ احد ٭

سورۃ نور ع۔ قرآن شریف کی ایک سورۃ کا نام

سورن ف۔ ترک لوگ دشمن پر حملہ کرتے وقت اللہ اکبر یا اسکا مرادف کوئی لفظ بولتے ہیں ان کی اس آواز کو سورن کہتے ہیں ٭

سورناے ف۔ سرنا۔ شہنائی ٭

سورنجان ف۔ ایک دوا کا نام ہے ٭

سُوری ع۔ سبز رنگ کا ایک پھول ہے۔ ایک قسم کا پیکان بھی ہے ٭

سوزت۔ سوزش۔ جلن ٭

سوزاک ف۔ مشہور بیماری ہے ٭

سوزاں ف۔ جلتا ہوا ٭

سوزانیدن ف۔ جلانا۔ جھلسنا ٭

سوزش ف۔ جلن ٭

سوزن ف۔ سوئی ٭

سوزن عیسیٰ ف۔ وہ سوئی جو آپ کے دامن میں رہ گئی تھی اور جس کے باعث آپ چہارم پر ہی رہ گئے آگے نہ بڑھ سکے ٭

سوزنی ف۔ وہ کپڑا جس پر سوئی سے کام کیا ہوا ہو۔ مشہور بچھونا ہے ٭

سوزیاں ف۔ نفع۔ سرمایہ کی تقصیر گھٹی۔ مرادی۔ غمی ٭ سوزیات۔ نیک و بد عمر

سوزیدن ف۔ جلنا ٭

سوس ف۔ ریشم کا کیڑا۔ کرم ابریشم ٭

سوسمار ف۔ گوہ جو مشہور جانور ہے ٭

سوسن و سوسنِ آزاد ف۔ ایک قسم کے پھول کا نام ہے جو نیلے رنگ کا ہوتا ہے ٭

سوسن آزاد ف۔ سفید رنگ کا سوسن

سوسنی ف۔ سفید رنگ کا گھوڑا ٭

سوسہ ف۔ گیہوں کا کیڑا ٭

سوط ع۔ کوڑا۔ تازیانہ۔ چابک ٭

سوغات ف۔ تحفہ۔ ہدیہ۔ بخشش ٭

سوف ی۔ یونانی لفظ ہے بمعنی حکمت

سوفار۔ سوفاں ف۔ تیر کا منہ جو چلّہ پر جڑتا ہے ٭ سُوفار غ۔ سوئی کا ناکا ٭

سوفسطا ع۔ حکمت کا نام جس کی بنیاد وہم پر ہے

سوفسطائی ع۔ حکما کا ایک گروہ ہے جس کی بنیاد وہم پر ہے اور حقائق کو نہیں مانتے ٭

سُوق ع۔ بازار۔ ساق کی جمع بھی ہے پنڈلیاں ٭

سَوق ع۔ روانی۔ چلانا ٭

سوق الثلاثاء ع۔ بغداد کے ایک بازار کا نام ہے جہاں منگل کے دن خرید و فروخت ہوتی تھی ٭

سُوقی ع۔ بازاری۔ دوکاندار ٭

سوگ ف۔ مصیبت۔ ماتم۔ غم ٭

سوگوار ف۔ سوگی۔ ماتم والا ٭

سوگند ف۔ قسم ٭

سوگوار ف۔ مصیبت زدہ۔ ماتم والا

سوگواری ف۔ ماتم داری ٭

سوم ع۔ گراں بیچنا۔ رنج اٹھانا۔ چوپائے کا گھاس چرنا ٭

سیوم۔ سوم ف۔ تیسرا۔ ثالث ٭

سومنات ف۔ ملک گجرات میں ایک بت تھا۔ اب وہاں ایک شہر ہے۔ یہ لفظ اصل میں ہندی میں سوم ناتھ ہے جو سوم (یعنی قمر) اور ناتھ (یعنی خداوند) سے مرکب ہے کیونکہ وہ بت قمری شکل کا بنا ہوا تھا۔ بعض کے نزدیک یہاں کے ایک بت ہی کا نام ہے ٭

سوہان ف۔ ریتی جس سے لوہا رگڑتے ہیں ٭

سوے ف۔ طرف۔ جانب ٭

سوے پا دیدن ف۔ شرمندہ ہونا ٭

سویت ع۔ برابری۔ اعتدال ٭

سویدا ع۔ سیاہ نقطہ جو دل پر ہے ٭

سویق۔ سَویق۔ ستّو ٭

سین مہملہ مع ہائے ہوز

سہ ف۔ تین۔ ۳ ٭

سُہا ع۔ بنات النعش میں ایک بہت چھوٹا ستارہ ٭

سُہاد ع۔ بے خوابی ٭

سہ اسپہ ف۔ وہ شخص جو کسی جگہ جلدی پہنچنے کے لئے تین گھوڑے ہمراہ لیجائے تاکہ ایک کے تھک جانے سے دوسرے پر سوار ہو جائے۔ نہایت جلدی چلنے والا۔ کام میں جلدی کرنے والا ٭

سہ اسپہ پوشیدن۔ سہ اسپہ تاختن ف۔ نہایت جلدی چلنا۔ تیز روی ٭

سہام ع۔ سہم کی جمع۔ تیر۔ حصے ٭

سہ الوان و سہ عالم ف۔ تینوں قوتوں۔ فکر۔ خیال۔ حافظے کے مقام ٭

سہ برگ ف۔ ایک پھول کا نام ہے ٭

سہ بُعد ع۔ ابعاد ثلاثہ یعنی طول۔ عرض۔ عمق ٭

سہ خدایان ف۔ نصاریٰ کی ایک قوم جو حضرت عیسیٰ اور مریم کو خدا مانتی ہے ٭

سہ خواہراں ف۔ دختران نعش کے تین ستارے ٭

سہ دانگی ف۔ ناچنے والوں کی ایک قسم ہوتی ہے جسکی چار سمت لیے پھرتے ہیں ٭

سہ دری ف۔ تین گنبد کی ایک عمارت تھی جو بن منذر نے بہرام گور کے واسطے بنائی تھی

سہر ع۔ بیداری۔ جاگنا ٭

سہراب ف۔ رستم کے بیٹے کا نام ہے جو بلا اطلاع اپنے باپ کے ایران پر حملہ آور ہوا اور آخر رستم ہی کے ہاتھ سے قتل ہوا ٭

سہران ع۔ جاگنے والا ٭

سہ روح ف۔ روح حیوانی۔ نفسانی۔ روحانی ٭

سہروردی ف۔ منسوب بہ سہرورد جو عراق عجم میں ایک شہر ہے ٭

سہروردیہ ف۔ فقرا کا ایک گروہ ہے جو حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی رحمۃ اللہ علیہ کی طرف منسوب ہے ٭

سہرہ ف۔ جو دولہا کے سر پر باندھتے ہیں ٭

سہ شاخ ف - موالید ثلاثہ یعنی حیوانات نباتات - جمادات ۔

سہ شنبہ ف - منگل کا دن ۔

سہ ظلمت سہ ظلمات ف - صلب پدر شکم مادر اور زہدان سے مراد ہے ۔

سہ علم ف - علم الٰہی علم طبعی - علم ریاضی

سہ غرفہ دماغ - سہ غرفہ مغز - ف - ایوان دماغ جہاں تین دماغی قوتیں حکمہ خیال - حافظہ ہیں ۔

سہ فرزند سہ گوہر - سہ نوع ف - موالید ثلاثہ

سہ قبلہ ف - خانہ کعبہ - بیت المقدس بیت المعمور سے مراد ہے ۔

سہل ع - آسان - سیدھا - نرم - ہموار - عبد اللہ تستری کے بیٹے ابو محمد کا نام ہے جو ذوالنون کے شاگرد اور ایک مشہور ولی تھے انہوں نے اسی سال کی عمر میں ۲۸۳ ہجری میں وفات پائی ۔

سہل جو - سہل جوی - سہل ف - تھوڑی اور سہولت ڈھونڈنے والا - صلح جو ۔

سہل گرفتن ف - آسان سمجھنا - ہموار بنانا

سہم ف - خوف - ڈر ۔

سہم ع - تیر - حصہ ۔

سہم الحکیم ع - ایک نقطہ کا نام ہے جسے مرد لشکر بخشی کہتے ہیں ۔

سہم السعادت - سہم الغیب ع - علم نجوم میں زمرہ کے طالع سعادت کو ایک خاص نقطہ پر واقع ہونے سے مراد ہے

سہ مرتبہ ف - لڑکپن - جوانی اور بڑھاپے سے مراد ہے ۔

سہمگین - سہمناک ف - ڈراؤنا - ہیبت ناک شخص جس سے ڈر لگے - ڈراؤنا آدمی - خوفناک - ڈرپوک ۔

سہیدن ف - ڈر جانا - خوف کرنا ۔

سہ نوبت ف - لڑکپن - جوانی - بڑھاپا

سہ نوبہ - اشراق چاشت کی نمازیں اور کے دروازے پر نقارہ بجنا جو پہلے تین دفعہ بجا کرتا تھا اور سلطان سنجر نے پانچ دفعہ مقرر کیا

سہو ع - بھول - چوک - فراموشی ۔

سہواً ع - بھول کر ۔

سہولت ع - آسانی ۔

سہی ف - راست - سیدھا - سرو کی ایک قسم بھی ہے دیکھو سرو سہی ۔

سہیل ع - ایک مشہور ستارہ ہے جس کی نسبت مشہور ہے کہ یمن میں چڑھتا نہایت عمدہ تیار ہوتا ہے

سہیلا ہ - ایک قسم کا گیت ہے ۔

سہیلی ع - جو سہیل ستارہ سے منسوب ہو ۔

سہیم ع - شریک - حصہ دار ۔

سین مہملہ مع یائے تحتانی

سے ف - سنگ - پتھر ۔

سی ف - تیس - ۳۰ - ۳۰ دن ۔

سی ت - وہ تو جو ضمیر واحد غائب ہے ۔

سیئ ع - گناہ - بدی - برائی ۔

سیئات ع - سیئہ کی جمع ہے برائیاں ۔

سیاح ع - بہت سیر کرنیوالا - مسافر ۔

سیاحت ع - سیر کرنا - سفر کرنا ۔

سیادت ع - بزرگی - سرداری ۔

سیار ع - سیر کرنیوالا - تیز چلنے والا ۔

سیارہ ع - وہ ستارہ جو حرکت کیا کرتا ہو سیر کرنیوالا - مسافر ۔

سیارات ع - سیارے ستارے جو حرکت کیا کرتے ہیں بخلاف ثوابت کے - ان کی تفصیل یہ ہے ۔

نام ستارہ	فاصلہ آفتاب سے	گردش کرنیکا عرصہ	لمبائی قطر
ولکن	۱۳۰۸۲۰۰۰	۱۹ ۶ ۷۰	۲۷۸۵
عطارد	۳۵۶۴۹۰۰۰	۸۷ ۶ ۹۷	۲۹۶۲
زہرہ	۶۶۱۲۸۰۰۰	۲۲۴۶۱۷۱	۷۵۱۰
زمین	۹۲۰۹۳۰۰۰	۳۶۵۶۲۵	۷۹۲۵
مریخ	۱۴۰۳۲۲۰۰۰	۶۸۶۹۸	۴۲۹۲
سیارات جدیدہ	۲۵۹۰۰۰۰۰۰	۱۹۸۴۶۴۳	۲۶۰
مشتری	۴۷۹۱۳۱۰۹۸	۴۳۳۲۶۲	۸۰۴۰۰
زحل	۸۷۸۲۷۱۰۰۰	۱۰۷۵۹۲۰	۷۱۹۱
یورینس	۱۷۶۶۵۷۵۰۰۰	۳۰۶۸۶۸۲	۳۳۰۲۴
نپچون	۲۷۹۶۱۳۳۰۰	۶۰۱۲۶۷۱	۳۷۲۳۰
چاند	زمین کے گرد پھرتا ہے	۲۹ ½ دن	۲۱۵۸

سیاست ع - ملک کی نگہبانی کرنی رعیت پر حکومت کرنا - لوگوں کو گناہ کرنے سے سزا و جزا دے کر تنبیہ کرنا - اور روکنا - قانون ملکداری ۔

سیاستگر - سیاستی ف - سفاک - خونریز ۔

سیاط ع - جمع سوط کی - کوڑے ۔

سیاغ ع - مکمل ۔

سیاف ع - تلوار مارنے والا قاتل - جلاد - خونریز ۔

سیاق ع - رواں کرنا - چلانا - علم حساب - طرز - روش - ترکیب ۔

سیاقت ع۔ رواں کرنا ٭

سیال ع۔ بہتی ہوئی چیز۔ جاری۔ پتلا۔ اصطلاح علم طبعیات میں ہر وہ شے جو اپنی شکل بدل سکے۔ جیسے پانی پارہ وغیرہ۔ بخلاف گلاسوں کے جن کی شکل اور حجم دونوں بدل سکتی ہیں۔ اور ٹھوس اشیا کے جن کی نہ شکل بدل سکتی ہے نہ حجم ٭

سیالات ع۔ سیال اشیا ٭

سیّئ الخلق ع۔ بدخلق۔ بری خصلت والا ٭

سیام ف۔ براعظم ایشیا میں جزیرہ نمائے ہند چینی کے ممالک سے ایک ملک ہے جس کا دارالخلافہ بنکوک ہے۔ سمرقند کے پاس ایک پہاڑ بھی اسی کا نام ہے ٭

سیامک ف۔ کیومرث کے بیٹے کا نام ہے ٭

سیاوش۔ سیاوخش۔ سیاوش ف۔ کیکاؤس کے بیٹے کا نام ہے جس پر اس کی سوتیلی ماں سوداب عاشق ہو گئی تھی اور وہ اسی وجہ سے افراسیاب کے جنگ پر دارالسلطنت سے دور چلا گیا تھا مگر باپ نے اس کی خدمات کی قدر دانی نہ کی اس لئے افراسیاب سے مل گیا اور اس نے اپنی لڑکی کی اس سے شادی کر دی۔ مگر آخر کار بڑے ظلم سے اس کو مروا ڈالا۔ کیخسرو اسی کا بیٹا تھا کہتے ہیں کہ سیاوش بڑا عیاش اور خوش باش تھا اسی لئے سیاوش سے مجازاً خوش و شاد مراد لیتے ہیں ٭

سیاہ ف۔ کالا۔ سیاہ رنگ۔ حبشی ٭

سیاہان ف۔ کالے رنگ کے آدمی مجازاً ملاح لوگ جنکے رنگ پانی میں رہتے رہتے سیاہ پڑ جاتے ہیں ٭

سیاہ بادام ف۔ محبوب کی آنکھ ٭

سیاہ بادام افشاندن۔ ف۔ ولایت کی ایک رسم ہے کہ مردے کے تابوت پر باداموں کو سیاہ کر کے نثار کرتے ہیں ٭

سیاہ بہار ف۔ بہار سبز۔ سرد سیر ممالک میں ربیع کے موسم میں برف کے نیچے سے جو گھاس نکلتی ہے وہ چونکہ سیاہی مائل ہوتی ہے اس واسطے اس موسم کو سیاہ بہار کہتے ہیں ٭

سیاہ پستان ف۔ وہ عورت جس کا کوئی بیٹا بیٹی زندہ نہ رہے بلکہ اگر کسی اور کے بچے کو دودھ پلا دے تو وہ بھی مر جائے ٭

سیاہ پشت ف۔ کبوتروں کی ایک قسم ہے ٭

سیاہ پوش ف۔ ماتمی۔ سوگوار۔ چاوش۔ کوتوال ٭

سیاہ پیر ف۔ بوڑھا غلام ٭

سیاہ چشم۔ سیہ چشم ف باز۔ شکاری۔ بے مروت اور بے وفا آدمی سے بھی کنایہ ہے ٭

سیاہ خانہ ف۔ نامبارک گھر قید خانہ صحرا نشین۔ لوگوں کا گھر ٭

سیاہ خانہ وحشت ف۔ دنیا روزگار ٭

سیاہ دروں۔ سیاہ دل ف۔ عاصی۔ گنہگار۔ ظالم۔ بے رحم ٭

سیاہ دست ف۔ کنجوس بخیل۔ ممسک ٭

سیاہ روز ف۔ مصیبت زدہ ماتمی

سیاہ روئی ف۔ شرمندہ بے آبرو ٭

سیاہ زبان ف۔ وہ شخص جس کی بددعا اثر کر جائے ٭

سیاہ سال ف۔ خشک سال ٭

سیاہ سار ف۔ ننگ۔ نگرچہ ٭

سیاہ شدن زبان ف۔ بڑا کہتے کہتے زبان کا تھک جانا ٭

سیاہ شدن نامہ ف۔ گناہوں کی کثرت کے سبب نامۂ اعمال کا سیاہ ہو جانا ٭

سیاہ قلم ف۔ سیاہ رنگ کی تصویر جس میں کوئی رنگ نہ بھرا گیا ہو جیسے فرنگستان کی عکسی تصویریا معشوق ملیح ٭

سیاہ کرد۔ سیاہ کار ف۔ بدکار گنہگار۔ فاسق ٭

سیاہ کاری ف۔ ظلم۔ شوخی ٭

سیاہ کاسہ ف۔ بخیل۔ کنجوس ٭

سیاہ کردن چشم ف۔ آنکھ کا روشن کرنا ٭

سیاہ گلام۔ سیاہ گلیم ف۔ بدبخت بے نصیب ٭

سیاہ گوش ف۔ ایک درندے کا نام ہے جو کتے سے چھوٹا بلی سے بڑا گلابی رنگ مائل بسیاہی اس کے تیز ہوتا ہے ٭

سیاہ مست ف۔ بدمست ٭

سیاہ نامہ ف۔ بدکار۔ فاسق گنہگار ٭

سیاہ و سفید ف۔ شرق و غرب۔ رات دن۔ روم و زنگ۔ بھلائی برائی کفر و اسلام ٭

سیاہہ ف۔ سرکاری حساب۔ بدکار عورت ٭

سیاہی ف۔ کالک ٭

سیاہی دِہ ف۔ شرمندہ کرنیوالا گفتگو میں شرمسار کرنیوالا۔ طاقت دینے والا۔ آراستہ کرنے والا۔ ان معانی کے امر کے لئے بھی مستعمل ہے ٭

سیاہی کردن ف۔ ظاہر ہونا ٭

سیب ع۔ بخشش۔ عطا ٭

سیب ف۔ ایک مشہور میوہ ہے ٭

سیب سنجور ف۔ ایک قسم کا سیب ہے جس کے چھلکے کو عود کی طرح بخور کرتے ہیں ٭

سیب رَین ف۔ ایک قسم کا سیب ہے ٭

سیب آزالیش ف۔ اصفہان میں ایک قسم کا سیب ہوتا ہے ٭

سیپارہ ف۔ قرآن شریف کا کا تیسواں حصہ ٭

سیپہ ف۔ مورچہ۔ مورچال ٭

سیبویہ۔ سیب۔ سیبویہ بیاے مجہول جو ایک مشہور فاضل کا نام ہے۔ جس کے رخسارے سیب کی طرح سرخ اور درخشاں تھے ٭

سیپون ف۔ ملک تاتار میں ایک دریا

کا مرض ہے جو جھیل کر اندر بن جاتا ہے ۔
سیخ ف - لوہے کی سلاخ جس پر پرند وغیرہ کا کباب کرتے ہیں ۔
سیخ شدن ف - سیدھا ہونا ۔
سیندور ہ - سرخ دوا جس سے سرخ رنگ - لفظ سیندور بھی درست ہے ۔
سیر ہ - چلنا - روانگی ۔
سیر ف - جس کا پیٹ بھر گیا ہو - بیزار - بے پرواہ مستغنی ہے - زیادہ - کثیر - بسیار ۔
سیر ف - لہسن ۔
سیر ع جمع سیرت کی عادتیں خصلتیں علم تاریخ میں جو کسی شخص کی زندگانی کا لکھا گیا ہو ۔
سیراب ف - جو پانی سے سیر ہو ۔
سیر التوالی ع - بلا انقطاع ہونے والا یا کی رفتار جو بہت سست ہوتی ہے ۔
سیر آمدن از چیزی - سیر گشتن از چیزی - سیر شدن از چیزی ف - کسی چیز سے دل بھر جانا - تنگ آ جانا - ملول ہونا - مستغنی اور بے نیاز ہونا ۔
سیران ع - سیر کرنا - چلنا ۔
سیر آہنگ ف - بلند آواز ۔
سیرت ع - خصلت - خو - عادت ۔
سیر حاصل ف - وہ جگہ جہاں زراعت عمدہ ہو ۔
سیر در کوزہ سیم کردن ف - خوشی میں خرچ کر دینا ۔
سیرگاہ ف - سیر کرنے کی جگہ - ہوا کھانے کی جگہ ۔
سیری ف - سیر ہونا - شکم سیر ہونا - پیٹ بھر کر کھانا ۔

سیزدہ ف - تیرہ - ۱۳ - عدد ۔
سیزدہم ف - تیرھواں - ۱/۱۳
سیستان ف - ایک مشہور ملک ہے جو ایران کی شرقی سرحد پر افغانستان کے متصل واقع ہے اسے نیم روز اور زابلستان بھی کہتے ہیں رستم کا یہی وطن تھا ۔
سیستن ف - کودنا - جست وخیز کرنا ۔
سیصد ف - تین سو ۔
سیف ع - تلوار ۔
سیفور ف - ایک قسم کا سیاہ رنگ - عمدہ ریشمی کپڑا ۔
سیکھ ہ - سکھ جو پنجاب میں بابا گرو نانک کی پیرو ایک مشہور بہادر قوم ہے مہاراجہ رنجیت سنگھ اسی فرقہ کا مشہور اور نامور آدمی تھا ۔
سیکی ف - مخفف سہ یکی کا وہ شراب کہ جوش کھا کر تہائی رہ جاوے - مطلق شراب ۔
سیل ع - سیلاب ف - پانی کی رو - بہاؤ ۔
سیل العرم ع - وہ پانی جو بند کو توڑ کر آگے نکل جائے - سیلاب سخت ۔
سیلان ع - روانی اور زخم جو بہ نکلا ۔
سیل در خرمن افتادن ف - مضطرب اور بیقرار ہونا - پریشان خاطر ہونا ۔
سیلی ف - طمانچہ - تھپڑ - دھکا ۔
سیلی بستن و کشیدن ف - طمانچہ مارنا ۔
سیم ف - چاندی ۔
سیم ف - تیسواں حصہ - ۱/۳۰ ۔
سیما ع - عربی میں بمعنے نشان و علامت فارسی والے مجازاً بمعنے پیشانی استعمال کرتے ہیں ۔

سیماب ف - پارہ ۔
سیماب آتشین ف - آفتاب ۔
سیماب چشم ف - آنسو - اشک ۔
سیماب دل ف - بزدل - مضطرب - بیقرار ۔
سیماب در گوش ف - بہرا - جو آواز نہ سنے ۔
سیماب شدن ف - بھاگنا - بیقرار ہونا ۔
سیمابی شدن ہوا ف - ہوا صاف ہونا - آسمان کا روشن ہونا ۔
سیمبر ہ - وہ جشن جس میں ہند کے راجا اپنی لڑکی کو اپنا خاوند چننے کا اختیار دیتے تھے ۔
سیمرغ ف - ایک مشہور جانور ہے ۔
سیم قراری ف - خوراک کا روپیہ ۔
سیم کش ف - فضول خرچ ۔
سیم سوختہ ف - نرم اور خالص چاندی - لاجورد ۔
سیم گاو زمیں دار ف - بہت سے ستارے جو قریب قریب چمکتے دانوں کی طرح پھیلے ہوتے ہیں ۔
سیمیا ع - علم طلسم جس کے ذریعے روح کو ایک بدن سے دوسرے بدن میں انتقال کر سکتے ہیں اور اشیاء موہوم جن کا حقیقت میں وجود نہ ہو - لوگوں کو دکھلا سکیں ۔
سیمین بدن - سیمین بناگوش - سیمین ذقن - سیمین رخ - سیمین زنخ - سیمین عارض - سیمین عذار ف - محبوب - معشوق ۔
سینا ع - عرب کے شمال مغرب میں ایک پہاڑ ہے جس پر حضرت موسیٰ کو توریت ملی تھی بو علی

کے دادا کا نام بھی ہے ۔
سینہ ف - چھاتی - صدر ۔
سینہ باز ف - دو رنگ - ابلق ۔
سینہ سپر کردن ف - میدان جنگ میں ڈٹ جانا - پاؤں جمائے رکھنا ۔
سینہ کردن ف - فخر کرنا - تیر کا ایک جگہ زمین پر گرنے کے بعد دوبارہ اچھل کر کسی اور جگہ جا لگنا ۔
سینہ کشادن ف - خوشحال ہونا - بے حجاب ہونا ۔
سینہ کشیدن ف - فخر کرنا - زور کرنا ۔
سیوب ف - سیب ۔
سیورغال ف - انعام - جاگیر - معاش ۔
سیوف - سیف کی جمع - تلواریں ۔
سیئہ ع - بدی - گناہ صغیرہ ۔
سیہ ف - مخفف ہے سیاہ کا جن الفاظ میں سیاہ کا استعمال ہے ان میں سیہ بھی مستعمل ہوتا ہے چنانچہ سیاہ فام - سیہ بہار - سیہ پستان وغیرہ وغیرہ ۔
سیہ تاب ف - صیقل کئے ہوئے لوہے کو لیموں کے پانی اور آگ کی تپش سے جو سیاہ حبشی رنگ کرتے ہیں ۔
سیہ چال ف - اس کی اصل سیاہ چاہ ہے - ہا کو لام سے بدل دیا اندھا کنواں - ایک گہرا اور تاریک کنواں جس میں مجرم کو سزا دینے کے واسطے قید کر دیا کرتے تھے ۔
سیہ چردہ - سیہ چردہ ف - سیاہ رنگ کا - کالے رنگ والا - کالا ۔
سیہک ہ - آندھی جس کو ہوا اڑا لے

باب الشین المعجمہ

شین معجمہ مع الف

شاد ۔ شاد کا مخفف ہے ۔

شاب ع ۔ جوان ۔ گبرو ۔

شاباش ف ۔ شادباش کا مخفف ہے آفرین و تحسین کا کلمہ ہے ۔

شاپور ف ۔ ایک مصور کا نام ہے جو خسرو پرویز کا ندیم تھا اور شیریں کی تصویر کھینچ کر لایا تھا ایران کے شاہان ساسانی میں سے دوسرا بادشاہ جس نے ملک روم کو فتح کر لیا تھا اور ۳۱ سال سلطنت کی ایک پہلوان کا نام بھی ۔

شاۃ ع ۔ بکری ۔

شاتوت ۔ شہتوت ۔

شاخ ف ۔ ٹہنی ۔ ڈالی ۔ سینگ ۔ ٹکڑا ۔ پیالہ

شاخ ترشی پیشانی ۔ ماتھے کی شکل

کا مطلب ۔ جیسے پنجابی میں ایسے کہتے ہیں ۔

شاخ از پیشانی بر آوردن ف ۔ ندامت پشیمان ہونا ۔

شاخ آہو ف ۔ کمان سے مراد ہے ۔ جھوٹا وعدہ جو مطلب حاصل نہ ہو سکے ۔

شاخ بید لرزاں ۔ ... کی گردن کش ۔

شاخ چوبی شاخ ... کا انداز

شاخ بندی ف ۔ تعویذ ۔ ... باندھنا ۔ درخت کی ... ۔

شاخ در شاخ ف ۔ ... جو ۔

شاخ زریں ف ۔ ... کی عمر ۔

شاخسار ف ۔ جہاں بہت درخت

ہوں ۔ اسکو شاخسار کہتے ہیں ۔

شاخ سمن ف ۔ محبوب کا قد و قامت

شاخشانہ ف ۔ حیلہ مکر و فریب فاقہ ... دولت مانگی

شاخیں ۔ جیران ... ہاتھ اٹھا کہنے والا

شاخ گل ف ۔ معشوق ۔

شاخ گوزن در ہوا ف ۔ ہلال ۔

شاخل ف ۔ ادہر جو ایک غلہ ہے ۔

شاخ نبات ف ۔ کوزے کی مصری جو تاگے میں بندھی ہوتی ہے ۔

شاد ۔ خوش و خرم ۔

شاداب ف ۔ سیراب ۔ ترو تازہ ۔ پر آب ۔

شادان ف ۔ خوشحال خوش وقت ۔

شادباش ف ۔ خوش رہو ۔ دعا کا کلمہ فارسی میں ... ۔

شادبہرہ ف ۔ خوشحال ۔ خوش نصیب ۔

شادخوار ف ۔ خوشحال ۔ فارغ البال ۔

شادخواری ف ۔ شراب پینا ۔

شادروان ف ۔ بساط فرش ... شامیانہ ۔ شادروان اسکا مخفف ہے ۔

شادکام ف ۔ خوش ... کا نام ۔

شادگونہ ف ۔ ... جیسے سوتے ... ۔

شادمان شادمانہ شادمند ۔ خوش و خرم

شادیان ۔ ... ۔

شادی ف ۔ خوشی ۔ بیاہ ۔ ... ۔

شادی مرگ ف ۔ وہ موت جو ... خوشی کے ... ۔

شادی مبارک ۔ ... مبارکباد ... ۔

شاذ ع ۔ ... قاعدہ ۔

شار ف ۔ شہر ۔ ... ۔

گرجستان کا لقب بھی ہے ۔ رقص سماع ... پانی ڈالنا ۔

شارب ع ۔ پینے والا ۔

شارح ع ۔ شرح کرنے والا ۔ ... کرنے والا

شارد ع ۔ چلنے والا ۔ پریشان ۔

شارستان شارستان ف ۔ مرکب ہے شہر اور ... استان یا استان ... ۔

شارع ع ۔ عالم شرع ... راہ راست شروع کرنے والا ۔ شریعت بنانے والا ۔

شارغ ... ۔ ...

شارف ع ۔ بوڑھی اونٹنی ۔

شارق ع ۔ روشن ۔ تاباں چمکنے والا آفتاب

شارقہ ع ۔ روشن چمکنے والی ۔ آفتاب کی ...

شارک ف ۔ طوطے کے برابر ایک سیاہ ... ۔

شارماں ف ۔ ایک قسم کا ... سانپ ہے ۔

شارہ ف ۔ چیرہ ۔ دستار ۔ منقش ۔

شاریدان ف ۔ پانی ڈالنا ۔

شاش ۔ شاشہ ف ۔ پیشاب ۔ بول ۔

شاشدان ف ۔ پیشاب کرنے کا برتن

شاشیدن ف ۔ پیشاب کرنا ۔

شاطر ع ۔ ... ۔ چالاک ۔ قاصد ۔ پیک نظر ... ۔ شوخ ۔ بیباک ... ۔

شاطرزادہ ف ۔ ... چالاک ۔ ...

شاطی ع ۔ دریا اور رود کا کنارہ ۔

شاع ع ۔ ظاہر ۔ آشکارا ۔

شاعر ع ۔ ... شعر ... ۔

شاغل ع ۔ ... ۔

شافع ع ۔ شفاعت کرنے والا ۔ سفارش کرنے والا ... ۔

شافع روز جزا ۔ ... ۔

شافعی ع ۔ اہل سنت کے ایک امام کا نام جو بڑے عالم و فاضل تھے اُن کا اصلی نام محمد بن ادریس بن عباس بن عثمان بن شافع تھا ۔ اپنے دادا شافع کی طرف منسوب ہو کر شافعی کہلاتے ۲۰۴ ہجری میں ۵۴ برس کی عمر جب انھوں نے وفات پائی ۔

شافی ع ۔ شفا دینے والا ۔ تسکین دینے والا

شاق ع ۔ اونچا مکان ۔ دشوار ۔ مشکل ۔

شاقہ ع ۔ دشوار ۔ مشکل ۔ سخت ۔

شاقول ف ۔ لوہے کا ... معماروں کا مشہور اوزار ...

شاک ع ۔ ہتھیار ... شک کرنے والا

شاکر ع ۔ شکر کرنے والا ۔ شکرگزار

شاکی ع ۔ شکایت کرنے والا ۔

شاگرد ف ۔ اصل میں شاہ گرد ہے بادشاہ کے گرد ... پھرنے والا ۔ خدمتگار ۔ نوکر ۔ ... تلمیذ ۔ شاگرد ۔

شاگرد فاسقرون ... ۔

شال ف ۔ ... اور ... ۔

شام ف ۔ سورج ڈوبنے کا وقت ۔ شام ۔

شام ع ۔ ... شمال ... کے مشرق میں ایک ملک ہے جس میں دمشق ۔ حلب ... بڑے بڑے شہر ہیں ۔

شاماخ ف ۔ سفید رنگ کا ایک ... عورتوں کا سینہ بند ۔

شامت ع ۔ بدبختی ۔ بدحالی ۔

شامت ع ۔ کسی کا ... حال ... دیکھ کر خوش ہونے والا ۔

شامخ ع ۔ بلند ۔ اونچا ۔

شامخات ع ۔ جمع ... بلند مقام پہاڑ ۔

شام غریباں ف ۔ ...

کے ایک شہر کا نام بھی ہے ۔

شامگاہ ف۔ شام کا وقت ۔

شاملوت۔ قزلباشوں کی ایک قوم کا نام ہے ۔

شامہ ف۔ سادہ معنی ۔

شان ف۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ جس میں شہد ہو۔ ضمیر جمع غائب کا صیغہ بھی ہے ۔

شان ع۔ قدر و منزلت۔ شوکت و عظمت کا حال۔ امر۔ یعنی حق جیسے آیہ کریمہ در شان احمد یعنی در حق احمد ۔

شانہ زن ف۔ کنگھی کرنا۔ شانہ زدن کا مخفف بھی ہے ۔

شانوت۔ نردبان۔ سیڑھی ۔

شانہ ف۔ کنگھی۔ ایک دندانہ دار ہتھیار بھی ہے ۔

شانہ آویزی ف۔ ایک قسم کی سزا ہے کہ مونڈھے رسی سے باندھ کر لٹکا دیتے ہیں ۔

شانہ بہا ف۔ تھوڑی سی قیمت جو کنگھی کی خرید پر آئے ۔

شانہ بیں ف۔ فال بین۔ جو بکری کے شانہ پر شعبدہ لکھ کر فال نکالے ۔

شانہ پیچ ف۔ سرکش۔ منہ پھیرنے والا

شانہ چینی ف۔ ایک قسم کی حنا ہے ۔

شانہ خالی کردن ف۔ منہ پھیرنا ۔

شانہ در آب گرفتن۔ آرائش کی

شانہ و ترکیب نمادن ف۔ تیاری کرنا

شانہ سر ف۔ ہدہد۔ مرغ سلیمان ۔

شانہ شکستن ف۔ ڈرانا ۔

شانہ کردن و زدن و کشیدن و نہادن ف۔ کنگھی کرنا ۔

شانہ گردانی ف۔ منہ پھیرنا ۔

شانی ع۔ دشمن ۔

شاہ دران ف۔ شروان کے بادشاہوں کا لقب

شاہ ف۔ اصل خداوند۔ صاحب۔ بادشاہ۔ داماد۔ شطرنج کا مہرہ جو سب مہروں کا شاہ ہوتا ہے۔ بزرگی کے واسطے بھی آتا ہے ۔

شاہ اسمعیل ف۔ ایران کے خاندان صفویہ میں سے پہلا بادشاہ جو شیخ صفی الدین اسحق اردبیلی کی اولاد سے تھا ۹۰۵ ہجری میں گیلان سے روانہ ہو کر پہلے شروان کو فتح کیا اور پھر آہستہ آہستہ کل ملکت ایران پر قابض ہو گیا سلطان روم سے بھی مقابلہ کیا مگر شکست کھائی آخر ۲۴ برس سلطنت کر کے ۹۳۰ ہجری میں وفات پائی ۔

شاہان ف۔ جمع شاہ کی ۔

شاہان روئیں تن ف۔ بہمن اور اسفندیار سے مراد ہے ۔

شاہ اسپرغم ف۔ نازبو ۔

شاہ انجم ف۔ آفتاب ۔

شاہ بیت ف۔ قصیدہ یا غزل کا سب سے عمدہ تر شعر ۔

شاہ ترکان ف۔ افراسیاب شاہ ترکستان

شاہ چین ف۔ آفتاب سے مراد ہے اس لیے کہ چین ایران کے مشرق میں ہے۔ اور مطلع آفتاب کا بھی مشرق ہے ۔

شاہ خاور۔ شاہ خرگاہ مینا ف۔ آفتاب

شاہد ع۔ حاضر۔ گواہ۔ حسین۔ خوبصورت۔ محبوب۔ خوب و خوشنما ۔

شاہ دارو ف۔ شراب انگوری ۔

شاہد باز ف۔ امردوں اور رنڈیوں کے ساتھ بہت میل جول رکھنے والا ۔

شاہد مرغ زرد۔ شاہد روز۔ شاہد زعفرانی۔ شاہد شاہ فلک۔ شاہد طغان چرخ ف۔ آفتاب ۔

شاہد زربفت پوش نیلی آسمان۔ آفتاب دن ۔

شاہد عدل ع۔ گواہ برحق۔ سچا گواہ ۔

شاہد فاستقو۔ شاہد لعرک ع۔ آنحضرت

شاہراہ ف۔ بڑی سڑک۔ وسیع اور کلاں راستہ ۔

شاہرخ ف۔ تیمور کے بڑے بیٹے کا نام ہے جو اسکے بعد تخت سلطنت پر متمکن ہوا اور اپنے بھتیجوں سے لڑتا اور اکثر فتح پاتا رہا۔ آذربائیجان پر فتح حاصل کی ۴۳ برس سلطنت کر کے ۸۵۰ ہجری میں وفات پائی ۔

شاہ رگ ف۔ حبل الورید ۔

شاہ زاول ف۔ سلطان محمود غزنوی ۔

شاہ زنگ ف۔ رات ۔

شاہ سپرغم۔ شاہ سپرم۔ شاہ سپر ہم ف۔ نازبو ۔

شاہ سیارات۔ شاہ طارم فلک ف۔ آفتاب ۔

شاہ عرب۔ شاہ گوینہ نگان ف۔ جناب رسول خدا صلعم ۔

شاہق ع۔ بلند ۔

شاہ قائم ف۔ شطرنج باز مات کرنیکے واسطے بولتے ہیں کہ اب شاہ کہیں چل نہیں سکتا ۔

شاہکار ف۔ بیگار ۔

شاہ مثلث بروج۔ شاہ مشرق ف۔ آفتاب ۔

شاہ مربع نشین ف۔ خانہ کعبہ ۔

شاہ مغرب ف۔ چاند ۔

شاہ نحل ف۔ شہد کی مکھیوں کا بادشاہ جو سب سے بڑا ہوتا ہے۔ عربی میں اسے یعسوب کہتے ہیں۔ اردو میں رانی ۔

شاہنشاہ ف۔ مخفف ہے شاہان شاہ کا یعنی شاہ شاہان مقدم بتقاضائے وہ بادشاہ جسکے ماتحت کئی بادشاہ ہوں ۔

شاہنشاہ فلک ف۔ آفتاب سے مراد ہے ۔

شاہ نشین ف۔ ایک قسم کی عمارت ہے۔ گرانمایہ بساط ۔

شاہ نیمروز ف۔ آفتاب۔ سیستان کا بادشاہ ۔

شاہوار ف۔ ہر شے جو بادشاہ ہونے لائق ہو ۔

شاہی ف۔ ایران کا رائج سکہ جو پچاس دینار کے مساوی ہے۔ بادشاہی۔ سرداری ۔

شاہیسون ف۔ ایک فرقہ یا قبیلہ کا نام جو سرحد گیلان پر ایک مقام بھی ہے وہاں کے باشندوں کو بھی شاہیسون کہتے ہیں ۔

شاہ یک اسپہ ف۔ آفتاب ۔

شاہین ف۔ ایک شکاری پرند کا نام ہے ۔

شاہین ف۔ ترازو کی سیدھی لکڑی جس کو ڈنڈی کہتے ہیں۔ لکڑی کے دونوں پلڑے لٹکتے رہتے ہیں ۔

شاہ وزوری ف۔ ہاتھ کی چالاکی کر کے کم تولنا ۔

شایاں ف۔ لائق۔ سزاوار۔ مناسب۔ جائز۔ ممکن ۔

شائبہ ع۔ ملاوٹ۔ آمیزش۔ آلودگی ۔

شائستگی ف۔ لیاقت۔ شائستہ ہونا۔ لائق ہونا ۔

شائستن۔ شائیدن ف۔ لائق ہونا ۔

شائستہ ف۔ لائق۔ بہتر ۔

شائستہ بود۔ شائستہ ہستی ف۔ واجب الوجود ۔

شائع ع۔ عام۔ آشکارا۔ فاش۔ مشہور۔ جاری ۔

شائق ع۔ مشتاق۔ شوقین ۔

شائگان ف۔ اصل میں شاہگان ہے یعنی ہر شے جو بادشاہ کے لائق ہو۔ خوب ۔

بہت سا مال و اسباب وذخیرہ - فراخ کشادہ - بیکار - اور خسرو پرویز کے خزانے کا نام بھی گنج شایگان ہے - اصطلاح علم قافیہ میں عیب - قافیہ میں سے ایک عیب ہے کہ کسی لفظ کو ایک ہی معنے میں مکرر لائیں اور وہ دو قسم پر ہے شایگان خفی اور شایگان جلی - خفی وہ تکرار ظاہر نہ ہو جیسے دانا بینا کا قافیہ - جلی جس میں تکرار ظاہر ہو جیسے دردمند حاجتمند - رنگین سیمین کا قافیہ اور بیچاری عیب ہے - البتہ اگر قطعہ ایزادی تصیدہ میں فاصلہ آجاوے تو مضائقہ نہیں ❊

شین معجمہ مع بائے موحدہ

شب ف - رات - لیل ❊

شباب ع - جوانی - جوانی اور جوان ہونا

شباب ف - ایک پردہ موسیقی کا نام ہے

شباب ع - جوانی - تیز رو ہونا اور بھنے جوانان جمع ہے شاب کی ❊

شراب ع - نشاط ❊

شباب ع - جمع شاب کی - جوانان ❊

شبانروز ف - رات دن ❊

شباط ع - جاڑے کا آخری مہینہ جو فروری میں جاڑوں سے ملتا ہوا ہے ❊

شب افروز ف - چاند - جگنو ❊

شباک ع - سوراخ کرنیوالا جھید لگانے والا

شبان ف چرواہا - گڈریا ❊

شبانگاہ ف - رات کا وقت ❊

شبانی ف - چرواہا پن - گڈریا پن ❊

شبان وادی ایمن ف - حضرت موسیٰ

شبانہ روز ف - محبوب چاند کا

شبانہ ف - ایک خوش آواز پرندہ ❊

وہ چیز جس پر ایک رات گزر چکی ہو - رات کو پینے کی شراب - محافظ - گڈریا ❊

شب آہنگ ف - رات کے وقت کسی کام کا قصد کرنیوالا بطلق رات کا وقت یا رات بلبل جو اکثر رات کو بولا کرتا ہے - ایک ستارہ کا نام بھی ہے جو کبھی اول شب میں اور کبھی آخر شب میں نکلا کرتا ہے ❊

شب بارہ ف - رات کو پھرنے والی عورت

شب بازی - بازیٔ شب رات کے وقت کا تماشا - بیاہ اقعہ یا حادثہ - نئی بات

شبت ع - سویا جو ایک قسم کا ساگ ہے -

شب برات ف - پندرھویں رات ماہ شعبان کی جو مسلمانوں کا ایک مشہور تیوہار ہے ❊

شب پوش رات سونے کا بستر - کلاہ ❊

شب چراغ - رات کو چھپا رات کو چرنیوالا

شب چراغ ف - ایک گوہر ہے جو رات کو مانند چراغ کے چمکتا ہے - کہتے ہیں سمندر میں ایک قسم کی گائے ہے - جو رات کے وقت چرنے کیلئے سمندر کے کنارہ پر آجاتی ہے اور اپنی آنکھ یا منہ سے نکال کر زمین پر رکھ دیتی ہے اور اسکی روشنی میں چرتی رہتی ہے اسکو در شب افروز بھی کہتے ہیں ❊

شب چک ف - شب برات ❊

شبح ع - جسم - بدن دھڑ - اسکی جمع اشباح آتا ہے

شب خانہ ف - رات کے رہنے کا مکان فقیروں کے رات کا بسر کرنے کا مکان - بادشاہوں کے رات رہنے کا مکان - شبستان ❊

شب خوش گفتن ف رخصت کرنا - رخصت

شبخون نام رکھو دادا کرکے لڑائی کرنا -

شبخون آوردن چھاپا مارنا - جنگ - قتال ❊

شب خیز ف - رات کو لوٹنے والا ❊

شب خون دادن ف وعدہ کرنا - مناسب نہیں

شبخون زدن ف - چھاپا مارنا ❊

شب دیجور ف - اندھیری رات ❊

شبدیز ف خسرو پرویز کے سیاہ رنگ گھوڑے کا نام ہے - ہر سیاہ رنگ گھوڑا

شبدیز اقرہ خنگ - آسمان رات دن زمانہ

شبر ع - بالشت - وجب پنجابی - گٹھا ❊

شبر ع - حضرت ہارون کے بیٹے کا نام ہے اور حضرت امام حسن کا نام اسی کا ترجمہ ہے

شب رو ف - رات کو چوری کرنیوالا - اہل اللہ جو رات کو جاگتے ہیں ❊

شب رکان ف - جمع شب رو کی -

شبرنگ ف - مشکی گھوڑا - مطلق گھوڑا سیاوش کے گھوڑے کا نام ہے ❊

شب زندہ داشتن ف - شب بیدار ہونا - رات بھر جاگنا ❊

شب زندہ دار ف - شب بیدار - ساری رات بھر جاگنے والا ❊

شبستان ف - خلوتخانہ بادشاہوں کے سونے کی جگہ - حرم سرا - اور مساجد میں ستون وہ جگہ کہلاتی ہے جہاں لوگ عبادت کرتے ہیں

شب شدن ف - جوانی کا ڈھل جانا ❊

شبع ع - شکم سیری - پیٹ بھرا ہوا ہونا بیجا حد ہو جانے ❊

شبعان ع - شکم سیر - پیٹ بھرا ہوا آدمی

شب قدر ف - ماہ رمضان کی ستائیسویں رات

شبکات ع - جمع ہے شبکہ کی - جال - پھندے

شب کلاہ ف - ٹوپی - زنانہ ❊

شب گرد ف - رات کا پھرنے والا - کوتوال - چاند ❊

شب گذشت ف - آشیان ❊

شب کوک - شب کوکا - شب کوکہ ع - ایک قسم کے فقیر ہوتے ہیں جو رات کو کسی مینار یا درخت پر بیٹھے یا اور اونچی جگہ پر چڑھ کر بآواز بلند مولا والوں میں سے ایک ایک کا نام لیکر دعا خیر کرتے ہیں تاکہ لوگ خوش ہوکر صبح کے وقت انکو کچھ صدقہ دیں

شبک - شبکہ ع - لوہے وغیرہ کی سوراخدار جال لوہے کی جالی - جال ❊

شبگیر ف - صبح صبح ہونے سے پہلے ہی سفر کو جانا - آخیر کی آدھی رات - آخیر رات کو عبادت کرنے والا ❊

شبگیر زدن ف - آدھی رات کے بعد سفر کو جانا ❊

شبل ع - شیر کا بچہ ❊

شبلی ع - منسوب بہ شبل - جعفر بن یونس کا بیٹا مصری الاصل ایک ولی کامل ہے جنکی کنیت ابوبکر ہے - بغداد میں رہتا تھا - جنید کا شاگرد ہے - ۸۷ سال کی عمر میں ۳۳۴ھ ہجری میں وفات پائی ❊

شبم ع - سرما - سردی ❊

شبم ع - سرد چیز ❊

شبنم ف - باضافت معلوم ہے - نم شب رات کی نم - اوس جو رات کو پڑتی ہے - پنجابی میں اسے تریل کہتے ہیں - وہ بھی تری کی طرف منسوب معلوم ہوتا ہے - پس یہ لفظ شبنم کا ہی ترجمہ ہے - اور شبنم کے پڑنے کی وجہ علم طبیعیات میں یوں لکھی ہے کہ رات کے وقت درختوں کے پتے وغیرہ اکثر اجسام ہوا کی سردی سے سرد ہو جاتے ہیں جو ابخرے ہوا بخارات جب ان اجسام سے مس کرتے ہیں تو

یعنی سرد ہو کر چھوٹے چھوٹے قطروں کی صورت بنکر اُسپر بیٹھ جاتے ہیں +
شبّو ن - ایک قسم کا پھول ہے جسکی رات کو خوشبو نکلتی ہے +
شبّور - مید شبّو کا ت - تغیری +
شبہ ن - بوقلمون
شبیہ - ع - مثل - مانند - تصویر - ڈھانچہ +
شبہ ع - شک - وہم +
شبّر ع - حضرت ہارونؑ کے دوسرے بیٹے کا نام ہے اور اسی کا ترجمہ ہے حسینؑ جو حضرت علیؑ کے دوسرے بیٹے تھے +
شبینہ ن - رات کا باسی +
شبیہ - نظیر - مانند - مثال - تصویر - صورت

شین معجمہ مع پائے فارسی

شپاشپ ن - تیر کے پیکان کے پے درپے کسی چیز پر لگنے کی آواز +
شپر - شپرک - شپرہ ن - چمگادڑ +
شپش ن - جوں +
شپش بر ناخن کشتن ن - جوں مارنا
شپاق ن - طمانچہ +
شپلیدن ن - نچوڑنا - سیٹی بجانا +

شین معجمہ مع تائے فوقانی

شتاب ن - شتاب - بیدل ؟
شتا ع - جاڑا - موسم سرما +
شتّٰی ع - متفرق - الگ الگ - بہانت بہانت
شتاب ن - جلد - تیز +
شتابان ن - تیزی کرتا ہوا - جلد باز جلدی کرنے والا +
شتابانیدن ن - جلدی کروانا +
شتاب زدگی ن - جلدی - اتاولا
شتابندہ ن - دوڑنے والا - مجازاً سعی و کوشش کرنے والا +
شتافتن ن - دوڑنا +
شتالنگ ن - ٹخنہ - ہڈی جو پیر اور پنڈلی کے جوڑ پر ہے +
شتان بینہما ع - ان دونوں کے درمیان بہت فرق ہے +
شُتر ن - اونٹ -
شتر ع - کاٹنا +
شتر ع - کاٹا جانا اور ایک زحاف ہے علم عروض میں یعنی خرم اور قبض کا اجتماع جس میں مفاعیلن سے فاعلن رہجاتا ہے +
شتر ف - کنارہ - گوشہ - طرف +
شترت - جو پیچ و منقار +
شترپاے ن - شوبج گھی ایک پھول کی قسم
شتربار ن - اسباب لادنے کا اونٹ +
شتربان ن - اونٹ کا نگہبان - شتر والا
شتربختی ن - ایک قسم کا اونٹ جسکی نسل بخت نصر بادشاہ نے نکالی +
شتردل ن - بزدل - نامرد +
شتردلی ن - بزدلی - نامردی +
شترغو ن - ایک ساز ہے جو گانے کے وقت بجایا جاتا ہے +
شترگاو پلنگ ن - ایک جانور کا نام ہے جیسے شیر شتر اور زرافہ اور اونٹ گاو بھی کہتے ہیں - اسکی شکل اونٹ سے ملتی جلتی ہوتی ہے اور بیل اور سُم اور سینگ گائے سے اور کھال چیتے کی سی اسواسطے یہ نام ہوا
شترگربہ ن - دو ناموافق چیزیں جو دوسری چیزیں یعنی ایک بلند اور دوسری پست ہو +
شتر کرہ ن - اضافت مقلوب کرہ شتر اونٹ کا بچہ +
شتر مرغ ن - مشہور جانور ہے مانند اونٹ کے عربی میں اُسکو نعامہ کہتے ہیں +
شترنگ ن - شطرنج +
شترنگی ن - بچھونا +
شتل ن - جیتے ہوئے روپے سے حاضرین مجلس کو جو کچھ دیا جائے +
شتلم ن - لوگوں پر ظلم کرنا - زبردستی کرنا تعدی کرنا - ظلم - تعدی +
شتم ع - گالی - اور گالی دینا +

شین معجمہ مع جیم عربی

شجاع ع - بہادر - جوانمرد - پہلوان شجاع شین کی تینوں حرکتوں سے صحیح ہے
شجاعت ع - بہادری - جوانمردی - پہلوانی
شجر - درخت - ترکہ
شجرہ ع - درخت - ترکہ - نسب نامہ مشائخ طریقت کا سلسلہ +
شجرۂ کلیم ع - وادی ایمن میں کوہ طور کے پاس ایک درخت ہے جسپر حضرت موسیٰ کو تجلی ہوئی اور ندا انّی انا اللہ ربّ العالمین کی خدا کی طرف سے ہوئی اُسے شجرۂ طور اور نخل طور بھی کہتے ہیں +
شجعان ع - جمع شجاع کی بہادر لوگ
شجن ع - اندوہ - حاجت - سرائے سخت
شجون ع - کسیکو کاروبار سے روک لینا گنجان درختوں کے درمیان کا راستہ - غم - حاجت شعبہ - شاخ - الجھیں ملی ہوئی شاخیں +
شجو ع - غم - اندوہ - حاجت +

شین معجمہ مع حائے حطی

شحم ع - چربی - موٹاپا +
شحم حنظل ع - حنظل کا گودا - اندرائن کا گودا
شحمہ ع - بنا گوش - نرمہ گوش +
شحن ع - پر کرنا - دور کرنا +
شحنگی ن - کوتوال گری +
شحنہ ع - کوتوال +
شحنۂ تخم چہارم ن - مریخ +
شحنۂ چہارم - شحنۂ چہارم کتاب ن - حضرت رسول خدا صلعم +
شحنۂ چہارم چہارم ن - آفتاب حضرت عیسےٰ علیہ السلام +
شحنۂ دریائے عشق - شحنۂ شب - شحنۂ سحر - شحنۂ غوغائے قیامت ن - رسول خدا صلعم
شحنۂ شب ن - کوتوال - چور - عاشق
شحنۂ نجف ن - حضرت علیؑ +
شحون ع - قوی - بزرگ +
شحیح - ع - بخیل +

شین معجمہ مع خائے معجمہ

شخ ن - کوہ - پہاڑ - اور شاخ کا مخفف بھی - سختی - سنگ +
شخار ن - سجی +
شخص ع - لوگ - جاندار - آدمی خواہ مرد ہو یا عورت - جسم - کالبد - بدن +
شخصی ع - شخص سے منسوب ہے شخص کا
شخوص ع - اونچا ہونا - آنکھ کا کھلا رہنا
شخول - شخیل - شخل ن - گھوڑے کے پانی پینے کے وقت کی آواز - نالہ و فریاد - نعرہ +

شین معجمہ مع دال مہملہ

شُد۔ ف۔ ہوا گیا۔ گزرا۔ شُدنی امری ہے
شَدّ۔ ع۔ استوار کرنا۔ مضبوط کرنا۔
تشدید جو ایک اعراب ہے ❖
شَدّاد۔ ع۔ قوم عاد کے ایک بادشاہ عظیم القدر کا نام ہے جسنے خدائی کا دعویٰ کیا تھا اور بہشت کے نمونہ پر ایک باغ بنوایا تھا جو باغ ارم کے نام سے مشہور ہے یہ باغ بارہ کوس کی وسعت میں بہت عمدہ اور عالیشان عمارتوں اور قسم قسم کے درختوں سے مزین تھا مگر غیرت الٰہی نے اس بادشاہ کو اپنے ہی باغ میں جانے نصیب نہ دیا اور جب باغ مذکور تیار ہوا تو وہ بڑی شان شوکت سے اسکے دیکھنے کو گیا تو دروازے ہی پر اسکی جان نکل گئی کہتے ہیں یہ باغ حضرت سرور میں تیار کیا گیا تھا ❖
شدائد۔ ع۔ تکلیفیں سختیاں جمع ہے شدیدہ
شدید پہلوان۔ ف۔ کشتی کرنیکے فقرہ جو بلند آواز کشتی کرنے والا کرتا ہے ❖
شُدّت۔ ع۔ سختی۔ انکلیف ❖
شدت مخالفت۔ ف۔ حریف کو گرانے وقت جو بلند آواز کی جاتی ہے ❖
شُدَن۔ ف۔ ہونا۔ جانا۔ گزرنا ❖
شدّ و مدّ۔ ع۔ شان و شوکت کر و فر عزت آبرو
شادہ۔ ف۔ علم۔ نشان ❖
شدیار۔ ف۔ پاہی ہوئی زمین ❖
شدید۔ ع۔ سخت۔ محکم۔ استوار ❖
شدید العمل۔ ع۔ جسکا کام سخت ہو سختی کرنیوالا
شدید العداوت۔ ع۔ سخت عداوت رکھنے والا

شین معجمہ مع رائے مہملہ

شَر۔ ع۔ بدی برائی ❖
شِرا۔ ع۔ خریدنا بیچنا۔ یہ لفظ لغات اضداد میں سے ہے ❖
شَری۔ ع۔ وہ جنگل جسمیں درخت کثرت سے ہوں
شراب۔ ع۔ پینے کی شے خواہ پانی ہو یا کچھ اور شربت وغیرہ۔ شراب ❖
شراب انار اختن۔ ف۔ شراب بنانی
شراب انشت وار۔ ف۔ مقوی ادویات سے ملی ہوئی شراب ❖
شراب زدگی۔ ف۔ شراب کے نشے کے سبب بیہوش ہو جانا ❖
شراب شیراز۔ ف۔ ایک قسم کی انگوری شراب ہے جو شیراز میں بنتی ہے اور ایران کی شرابوں میں اعلےٰ درجہ کی ہوتی ہے ❖
شراب طہور۔ ع۔ پاک شراب جو بہشت میں مومنوں کو ملے گی ❖
شراب گزشتہ۔ ف۔ بے مزہ شراب ❖
شرار۔ ع۔ آگ کی چنگاریاں شرارہ کی جمع ہے لیکن استعمال میں یہی واحد آتا ہے یعنی چنگاری ❖
شرار افگندن۔ ف۔ بہت گرم ہو جانا ❖
شرارہ۔ ع۔ آگ کی چنگاری ❖
شراسیف۔ ع۔ پسلیاں۔ شرسوف کی جمع ❖
شراع۔ ع۔ بادبان کشتی ❖
شرافت۔ ع۔ بزرگی۔ بھلمنسابت ❖
شِراک۔ ع۔ جوتی کا تسمہ جو اکثر انگریزی بوٹ یا کشمیری جوتے پر ہوتا ہے ❖
شرانگیز۔ ف۔ شریر۔ مفسد۔ فتنہ انگیز ❖
شرائط۔ ع۔ جمع شرطیہ۔ شرطیں ❖
شرائع۔ ع۔ جمع شریعت کی شریعتیں ❖
شرائف۔ ع۔ بہادریاں۔ بزرگیاں ❖
شرائین۔ ع۔ رگہا جنبندہ زیر رگ کی نبضیں

میں جنبش کیتے والی رگیں۔ شریان کی جمع ہے
شُرب۔ ع۔ پانی کا کچھ حصہ۔ گھونٹ ❖
شُرب۔ ع۔ پینا ❖
شُربِ الیہود۔ ع۔ نحوی معنے یہودیوں کا شراب پینا۔ چونکہ مسلمانوں کے ڈر سے اکثر وہ لوگ چھپ کر شراب پیتے تھے اسلئے مجازاً اسکے معنے پوشیدہ شراب پینے کے ہوگئے ہیں ❖
شربت۔ ع۔ ایک دفعہ پینا۔ وہ مقدار جو ایک دفعہ پی جائیگی۔ پینے کی شے ❖
شربت حیوان شربت الماس و مسیحا
ف۔ آبحیات ❖
شربت الماس۔ ف۔ شمشیر آبدار ❖
شربت دینار۔ ع۔ شربت تخم کشوث جو مسہل و دافع قبض ہے ❖
شربتی۔ ف۔ ایک قسم کا باریک لطیف اور نازک کپڑا۔ ایک قسم کی شیرنی بھی ہے
شرّج۔ ع۔ پتھریلی جگہ سے پانی کا جاری ہونا۔ یمن میں ایک رود ہے۔ خیمہ کا بنا خریطے کو خوب مضبوط باندھنا ❖
شَرج۔ ع۔ کہکشاں۔ شگاف۔ کمانی ❖
خیمہ۔ عورت کی شرمگاہ ❖
شرح۔ ع۔ کسی کتاب کی تفسیر مطلب کھول کر بیان۔ کھولنا۔ ظاہر کرنا ❖
شرح تجرید۔ ع۔ شیرازی کی کتاب تجرید کی شرح جو عقائد شیعہ میں ہے
شرح کشاف خواندن۔ ف۔ بات کا بتنگڑ
شرح مطالع۔ ع۔ علم منطق کی ایک کتاب
شرح مواقف۔ ف۔ میر سید شریف کی کتاب مواقف کی شرح ہے جو عقائد اور کلام میں ہے
شرر۔ ع۔ چنگاری ❖

شرذمہ۔ ع۔ تھوڑے آدمیوں کی جماعت تھوڑا سا میوہ ❖
شرر در پیراہن۔ ف۔ مضطرب۔ بیقرار ❖
شررہ۔ ع۔ آگ کی ایک چنگاری۔ شرر کی جمع بھی ہے ❖
شرزہ۔ ف۔ خشناک۔ ہیبت ناک۔ سہمناک یہ لفظ اکثر شیر اور پلنگ کی صفت میں واقع ہوتا ہے ❖
شرط۔ ع۔ بدنا۔ کسی بات کا ہونا مقرر لازم کرنا۔ لازم ہونا ایک کام کا دوسرے کام پر متعلق ہونا۔ نشتر مارنا۔ عہد و پیمان
شرط۔ باد موافق نشان۔ علامت اور باد موافق کو بھی شرط اسی وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ طوفان کے دور ہونے اور جہاز کے چلنے کی علامت ہے ❖
شَرط۔ ع۔ نشان۔ علامت ❖
شَرط۔ ع۔ باد موافق۔ نشان۔ علامت
شرطین۔ تثنیہ ہے شرط (معنی علامت) کا منازل قمر میں سے پہلی منزل ❖
شرطیہ۔ ع۔ اصطلاح منطق میں قضیہ شرطیہ قضیہ ہے جسمیں ایک نسبت کی تقدیر پر دوسری کا حکم لگایا جاوے جیسے کہیں اگر خورشید طلوع کرے تو روز موجود ہے
شرع۔ ع۔ راہ راست۔ شریعت ❖
شِرعہ۔ ع۔ کمان کا چلہ ❖
شرف۔ ع۔ بزرگی۔ بڑائی قریب ہونا اور شرف ستارہ کا کسی برج میں۔ چنانچہ آفتاب کے برج حمل میں ہے اور قمر کا برج ثور میں اور عطارد کا سنبلہ میں اور زہرہ کا حوت میں اور مریخ کا جدی میں اور مشتری کا سرطان میں اور زحل کا میزان میں ❖
شرفا۔ ع۔ جمع شریف کی بھلے بھلے مانس لوگ

شرفہ ع۔ کنگرہ ٭

شرق ع۔ آفتاب کے نکلنے کی جگہ روشن ہونا۔ طلوع ہونا ٭

شرک ع۔ خدا کی ذات و صفات میں کسی غیر کو شریک کرنا ٭

شرک ف۔ ٹیڑا رستہ جال کے حلقے خالیہ خون سے ایک قسم کا جوش بھی ہوتا ہے

شرکا ع۔ جمع ہے شریک کی حصہ دار لوگ ٭

شرم ف۔ حیا۔ شرم ٭

شرمگین۔ شرمناک شرمہ شرمندہ ف۔ مجل شرمسار ٭

شرنگ ف۔ حنظل۔ اندراین۔ تماں

شروان ف۔ شہر کا کیشیا میں ایک مشہور شہر ہے خاقانی جو بڑا مشہور شاعر ہے وہیں کا رہنے والا تھا ٭

شروین ف۔ قلعہ شروان کا نام ہے

شرور ع۔ شر کی جمع شرارتیں ٭

شروط ع۔ جمع شرط کی۔ عہد پیمان اقرار

شروف ع۔ منقل۔ انگیٹھی ٭

شروق ع۔ آفتاب کا نکلنا۔ بکری وغیرہ کا کان چیرنا۔ مجازاً۔ روشنی ظاہر ہو

شرہ ع۔ غالب ہونا۔ حرص۔ لالچ ٭

شریان ع۔ رگ شرک جو چھوٹی چھوٹی رگیں ہر ایک رگ کے پیچھے ہیں انہیں نسبتہً خون کے رواج زیادہ ہے اور وے قلب سے ملی ہیں ٭

شریعت ع۔ بڑی ندی ہوے بزرگ۔ راہ طریقہ۔ خدا کا بنایا ہوا وہ راستہ جو پیغمبر کے وسیلے آدمیوں کو معلوم ہوا ٭

شریف ع۔ بڑے رتبہ کی شے بزرگ۔ قدر نجیب۔ اصیل۔ حاکم مکہ ٭

شین معجمہ مع سین مہملہ

شست ف۔ ساٹھ اسے صاد سے بھی لکھتے ہیں نشتر حجام تار ساز حلقہ زلف زنار۔ جنیو اور مخفف نشست کا جو صیغہ ماضی کا ہے مچھلی پکڑنے کا کانٹا مضراب جس سے ساز وغیرہ بجاتے ہیں انگوٹھا

شست گیر ف۔ تیر انداز ٭

شست میر ف۔ تیر انداز کامل

شستن ف۔ دھونا ٭

شین معجمہ مع شین معجمہ

شش ف۔ چھ۔ ۶۔ سے۔ ۶۔

شُش ف۔ پھیپھڑا ٭

شش رکان ف۔ وہ چھ ضروری چیزیں جنکے بغیر آدمی جی نہیں سکتا وہ یہ ہیں۔ ہوا کھانا پینا حرکت و سکون نیند جرکت سکون نفسانی۔ خیند و ہشیاری۔ استفراغ ٭

شش آسیا ف۔ نامرد بزدل

شش پستان ف۔ وہ عورت جسکے پستان نرم اور جھکے ہوئے ہوں بوڑھی عورت

شش لستان ف۔ چونکہ کتیا کے چھ پستان ہوتے ہیں۔ اس واسطے یہ لفظ عورتوں کے واسطے گالی کے طور پر مستعمل ہے

شش جہت ف۔ مشرق (پورب) مغرب (پچھم) شمال (اُتر) جنوب (دکھن) تحت (نیچے) فوق (اوپر) ٭

شش خاتون ف۔ سبعہ سیارہ میں سے آفتاب کے سوا باقی چھ ستارے

شش و انگ ف۔ چوسر وغیرہ کھیلنے کی چیز گیوتا۔ چھ دو کا کھایا۔ دیرزہ ہوتا ہے

شش در ف۔ وہ جگہ جہاں سے رہائی مشکل ہو۔ مجازاً حیران متحیر۔ عاجز اور جیسے شش جہت ٭

شش درتنگ شش و غنات دنیا

شش دری ف۔ دنیا۔ چھ دروازہ والا گھر

شش روز ف۔ دنیا کی پیدائش کے دن جیسا کہ خداوند تعالیٰ نے فرمایا ہے اللہ الذی خلق السموات والارض فی ستۃ ایام یعنی خدا وہ ہے جس نے آسمان اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا۔ اتوار کے دن پیدائش شروع ہوئی اور جمعہ کو ختم ہوئی

شش روزہ ف۔ تمام مخلوقات سے مراد ہے جو چھ دن میں بنائی گئی۔

ششم ف۔ چھٹا حصہ ۶۔ چھٹی چیز

ششم زمین ف۔ ولایت روم

شین معجمہ مع صاد مہملہ

شصت ف۔ ساٹھ۔ ۶۰۔ ۶۰۔

شین معجمہ مع طاے مہملہ

شط ع۔ دریا یا نالہ یا رود کا کنارہ ٭

شطاحی ع۔ بیبیائی۔ شوخی ٭

شطحیات ع۔ شریعت کے خلاف کلمات زبان پر لانا۔ وصلین الٰہی کا بے اختیاری کی حالت میں کوئی کلمہ زبان پر لانا ٭ جو بظاہر خلاف شرع معلوم ہو جیسے شیخ منصور کا کہنا انا الحق

شطر ع۔ جزو۔ جانب۔ طرف۔ حصہ

شطرنج ع۔ ایک مشہور کھیل ہے جسکا اصلی نام شترنج ہے کیونکہ اسکے مہرے چھ قسم کے ہوتے ہیں۔ شاہ۔ فرزین۔ اسپ۔ پیل رخ پیادہ۔ مہ یہ لفظ فتح شین بھی صحیح ہے ٭

شطرنجی ف۔ شطرنج باز اور ایک قسم کا بچھونا

شطرے ف۔ ایک قطعہ ایک نصف حصہ ایک ٹکڑا

شطط ع۔ اندازہ سے گذرنا حد سے بڑھنا دست درازی اور زبردستی کرنا ٭

شطل ع۔ دیکھو شتل ٭

شین معجمہ مع عین مہملہ

شعاب ع۔ پہاڑ کی راہیں۔ شگاف یا درزیں۔ شعبہ کی جمع ہے ٭

شعار ع۔ انگرکھے کے نیچے جو کپڑے پہنتے ہیں۔ یعنی بدن سے لگا ہوا کپڑا ٭

شعاع ع۔ سورج اور تلوار وغیرہ روشن اشیا کی روشنی ٭

شعائر ع۔ عبادات و نشانیاں جمع شعیرہ کی

شعب ع۔ شگاف درز۔ غار ٭

شُعب ع۔ جمع شعبہ کی شاخیں ٹکڑے

شِعب ع۔ گھاٹی ٭

شعبان ع۔ مسلمانوں کا آٹھواں قمری مہینہ چونکہ اہل اسلام کا عقیدہ ہے۔ جمیع امور دادہ مقدرہ خلائق اس مہینے میں منشعب یعنی الگ الگ ہوتے ہیں۔ اس واسطے اسکو شعبان کہتے ہیں ٭

شعبدہ ع۔ وہ بازی جو صرف دکھاوے کی ہو اصل میں کچھ نہ ہو۔ بازیگری۔ دھوکے بازی

شعبدہ باز ف۔ بازیگر۔ جادوگر ٭

شعبہ ع۔ بہرے کا ٹکڑا۔ درخت کی شاخ فرقہ جو کسی اور فرقہ سے نکلا ہو ٭

شعر ع۔ بالفتح سرکے بال اور بالکسر جاننا۔ دریافت کرنا اصطلاح میں اس کلام موزوں کو کہتے ہیں جو قافیہ رکھتا ہو اور کہنے والے نے اپنے قصد و ارادہ سے کہا ہو

شعر مرونک ف۔ آنکھ کی پلکیں ٭

شعرائے ع۔ اصل میں شعری جو مشہور ستارہ

ہے۔ وہ دو ہیں۔ ایک کو شعریٰ شامیہ کہتے
ہیں۔ اور دوسرے کو شعریٰ یمانیہ۔ پہلا
چونکہ روشن ہے جنوب کی طرف ہے اور چونکہ
ملک شام عرب کے شمال میں واقع ہے اور یمن
جنوب میں اسی واسطے پہلے کو جسے غمیصا
اور غموص بھی کہتے ہیں ا شام کی طرف
منسوب کیا اور دوسرے کو جسے عبور بھی
کہتے ہیں ا یمن کی طرف ÷
شعریان ع۔ دونو شعریٰ ستارے ÷
شعشعہ ع۔ آفتاب کی روشنی۔ چمک۔ چمکدار
[illegible] تو۔ شراب میں پانی ملانا۔ شراب
شعوف ع۔ پیار اور مدہوشی [illegible]
کا دل کو دیوانہ و عاشق کر دینا ÷
شعلہ ع۔ روشنی۔ آگ کی لپیٹ ÷
شعلہ ناک ف۔ انگوری شراب ÷
شعلہ جام ف۔ شراب ÷
شعلہ جوالہ ع۔ گرداگرد بہت پھرنیوالا ÷
شعلہ۔ بجلی کا شعلہ ÷
شعلہ زادہ ف۔ شیطان۔ ابلیس ÷
شعلین ف۔ منسوب بہ شعلہ ÷
شعور ع۔ جاننا۔ دریافت کرنا ÷
شعیب ع۔ مدین میں ایک مشہور پیغمبر
ہوئے ہیں۔ حضرت موسیٰ حضرت شعیب
کی انہیں کے پاس چار برس رہے تھے اور انہوں
نے اپنی بیٹی صفورا کا نکاح حضرت موسیٰ
کے ساتھ کر دیا تھا ÷
شعیر ع۔ جَو۔ مشہور غلہ ہے ÷

شین معجمہ مع غین معجمہ

شغ و شغ ع۔ حیوانی سینگ جو اندر سے خالی ہے
شغاد ف۔ رستم کے بھائی کا نام ہے جس نے
مکر و فریب سے رستم کو اسکے گھوڑے رخش
تمام سمیت کنوئیں میں ڈالدیا تھا اور آپ
بھی رستم کے ایک تیر سے ہلاک ہو گیا تھا
شغاف ع۔ قلب۔ دل۔ دل کا
پردہ۔ دل کا سیاہ نقطہ ÷
شغال ف۔ گیدڑ ÷
شغب ع۔ شور۔ خروش۔ فتنہ و فساد
شغبہ ع۔ بدن کا وہ حصہ جو کام کرنے کے
سبب سخت ہو جائے۔ مجازاً ذلیل و خوار [illegible]
شغف ع۔ بہت سخت محبت ہونا ÷
شغف ع۔ دل کے غلاف کے اندر [illegible]
کا پہنچ جانا کسیکی محبت کا دل میں گھس جانا
شغل۔ شغل۔ شغل ع۔ کام
بے فرصتی۔ روکنا ÷
شغور ع۔ زمین کا لاوارث ہونا۔ ملک
اور سلطان سے خالی ہونا ÷

شین معجمہ مع فاء

شف ف۔ رات۔ لیل۔ شب ÷
شف ع۔ نازک کپڑا جسمیں بدن جھلکے باریک
پردہ [illegible] کرنا۔ تخمین کرنا ÷
شف ع۔ افزونی۔ کمی۔ یہ لفظ لغات
اضداد میں سے ہے ÷
شفا ع۔ آخر عمر۔ کنارہ۔ طرف ÷
شفا ع۔ صحت۔ تندرستی۔ حکیم بوعلی سینا
کی بنائی کتاب کا نام بھی ہے ÷
شفا جرف ع۔ پانی۔ تالاب۔ کنارہ ندی
شفاخانہ ف۔ جہاں مریضوں کا علاج
روا ہوتا ہے ÷
شفاعت ع۔ خواہش کرنا کسی نجات کے
واسطے بھلائی کا کلمہ کہنا۔ سفارش ÷
شفاعت گر ف۔ سفارش کرنیوالا۔ شفاعتی
کسیکی نجات کیواسطے بھلائی کا کلمہ کہنے والا
شفاف ع۔ وہ صاف شے جسکے وار پار
نظر گزر سکے۔ جیسے شیشہ۔ بلور وغیرہ
شفاہ ع۔ جمع شفت کی۔ لب۔ ہونٹ
شفت ع۔ لب۔ ہونٹ ÷
شفتالو ف۔ آڑو۔ مشہور میوہ ہے۔
بوسۂ معشوق کو بھی کہتے ہیں ÷
شفتین ع۔ دو ہونٹ شفت تثنیہ ہے
شفرہ۔ رانپی۔ چمڑہ کاٹنے کا اوزار
شفعہ ع۔ ہمسائگی۔ پڑوس ÷
شفتالوے آردی و کاردی
ف۔ دو قسم کے شفتالو ہیں ÷
شفتہ ف۔ سوت جو ابھی دوک پر ہو۔
پنجابی [illegible] کی چھلی ÷
شفق ع۔ سرخی جو صبح اور شام کو آسمان
کے کناروں پر نمودار ہوتی ہے اسکی باعث
علم طبعیات میں یوں لکھا ہے۔ چونکہ شام
اور صبح کیوقت حدت آفتاب کم ہو جاتی ہے
اسلئے بخارات آبی کثیف ہو جاتے ہیں اور
بخارات آبی کی خاصیت ہے کہ سرخ رنگ کی شعاع
کو کم جذب کرتے ہیں سرخ رنگ کی شعاع اور رنگ
کی شعاع کی نسبت زیادہ تیز بھی ہوتی ہے پس
تیزی کے سبب سے بھی شعاع زیادہ تر ہماری
نظر میں پہنچتی ہے اور سرخی نمایاں ہوتی ہے
جسے ہم شفق کہتے ہیں۔ بعض اہل اسلام کہتے
ہیں کہ شفق کا ظہور معرکہ کربلا کے بعد سے ہوا
شفقت ع۔ مہربانی۔ غمخواری۔ رحم۔ ترس
شفقی ع۔ سرخ رنگ ÷
شفوی ع۔ وہ حروف جنکا مخرج
لب ہے یعنے ب م و ف ÷
شفیع ع۔ سفارشی۔ سفارش کرنیوالا۔ شفاعت گر
شفیق ع۔ مہربان۔ غمخوار ÷

شین معجمہ مع قاف

شق ع۔ شگاف۔ چیرنا کسی چیز کا دو ٹکڑے
ہونا۔ خیبر کے قلعوں میں سے ایک قلعہ بھی ہے
شق ع۔ نصف۔ کسی چیز کا حصہ۔ ٹکڑا پہاڑ
کا کنارہ۔ برادر۔ دوست۔ رفیق۔ مہربانی
شقات۔ تیردان۔ ترکش ÷
شقاق ع۔ دشمنی۔ مخالفت۔ عداوت
شقاقل ع۔ ایک دوائی کا نام ہے ÷
شقاقی ع۔ شقاق اور ملے نسبت سے کرنے
مخالفت کرنیوالی (رقیب)، جنگی [illegible]
شق النفس ع۔ جانوں کی مشقت
شقاوت ع۔ بدبختی ÷
شقائق ع۔ لالہ کا پھول اسکا مفرد بھی
یہی ہے اور جمع بھی یہی ہے۔ مطلق پھول ÷
شقائق منظوم ع۔ فرش گلدوز ÷
شقائق نعمان ع۔ ایک قسم کا [illegible]
سرخ رنگ لالہ ہے اور نعمان بادشاہ عرب
کی طرف جو پہاڑ ہے اسکا [illegible] لایا [illegible]
شقدار [illegible] دیہات کا حاکم [illegible] عامل
شقر ف۔ [illegible] ÷
شقرہ ع۔ ایک رنگ ہے جس میں
زردی سرخی لئے ہوتی ہے ÷
شقشقہ ع۔ اونٹ کا بولنا۔ اونٹ کی آواز
شقہ ع۔ کاغذ کپڑے وغیرہ کا ٹکڑا [illegible]
شقی ع۔ بدبخت ÷
شقیق ع۔ حقیقی بھائی ÷
شقیقہ ع۔ کنپٹی۔ آدھے سر کا درد جو اکثر
تری یا ضعف دماغ سے ہوتا ہے ÷

شین معجمہ مع کاف عربی

شک - ع - شبہ ٭
شک - ف - سم اسپ
شکار - ف - جانور کے مارنے کا ارادہ کرنا
مارا ہوا جانور
شکاری - ف - شکار کرنیوالا - شکار کیا ہوا جانور
شکاشک - ف - چلنے کے وقت پاؤں کی آواز
شکاف - ف - درز - دراڑ - چاک ٭
شکال - ف - وہ رسی جو سرکش گھوڑے یا
اونٹ کے ہاتھ پاؤں میں باندھ دیتے ہیں
مجازاً - مکر و حیلہ ٭
شکال - ع - ظرافت - بہت شکل بنانے والا
شکایت - ع - گلہ کرنا - گلہ شکوہ ٭
شکایت شعار - شکایت کرنیوالا - شکایتوں کا عادی
شکر - ف - شیرینی - نبات - مٹھائی - کھانڈ - جیسے
شکر لب - معشوق اور سخن شیرین کو کہتے ہیں
شکر - ع - منعم کا احسان ماننا - لغت کے بعد
احسان مانا - منعم کی صفت و احسان کے سبب
اعتراف کرنا - شکر ادا کرنا ٭
شکرآب - ف - ذراسی رنجش اور کدورت
جو دوستوں یا عاشق و معشوق کے درمیان
پیدا ہو جاتی ہے ٭
شکرانہ - ف - احسان مندی بیان کرنا
کسی محسن کے احسان کا ذکر کرنا - شکریہ ٭
شکر پارہ - ف - سنبوسہ ٭
شکر پات - لکڑی ٭
شکر تری - ف - ایک قسم کا گڑ - بورہ - سفید ٭
شکر خش - ف - خوش ٭
شکر خند - شکر خندہ - ف - مسکرانا تبسم
شکر خواب - ف - صبح کا سونا

شکر در مجمر انداختن - ف - شکر میں عود
برادہ ملا کر مجلس کے اندر انگیٹھی میں جلانا
شکر دون - شکر دیدن - ف - شکار کرنا
شکر ریز - شکر ریزی - ف - ناراض ہونا
شکر رنجی - شکر رنجگی - ف - تھوڑی سی
رنجش اور ناراضگی جو کبھی اتفاق سے دوستوں
میں پیدا ہو جائے ٭
شکر ریز - ف - جو کچھ نوشہ اور دلہن پر برات
کی رات کو نثار کریں - خوشی سے رونا - استاد
فصیح و شیرین کلام خوش طبع آدمی ٭
شکر ریزی - ف - میٹھی باتیں - عمدہ باتیں
شکر عقیق رنگ - ف - معشوق کے ہونٹ
شکر لب - ف - محبوب معشوق ٭
شکر لنگ - ف - کسی قدر لنگڑا ٭
شکر و شیر بودن } کمال اختلاط
شکر و شیر کردن } سے مراد ہے
شکرہ - ف - باز کی قسم کا لیکن اس سے
بہت چھوٹا ایک شکاری جانور ہے ٭
شکستن - ف - توڑنا - ٹوٹنا ٭
شکستن کار و بار - ف - کام کا بے رونق ہونا
شکستہ - ف - ٹوٹا ہوا کسی قدر باریک
ملا ہوا اخطاط خط جس کا اطلاق کئی
اور سر میں لپٹی ہوئی شے پر ہوتا ہے ٭
خراب ضایع بے رونق ٭
شکستہ رنگ - ف - زرد رنگ ٭
شکستہ ناخن - ف - بے قوت بے استعداد
شکل - ع - صورت ٭
شکل بدیہی الانتاج - ع - منطق کی
پہلی شکل جو زیادہ غور کی محتاج نہیں
اور وہ یہ ہے کہ حد اوسط صغریٰ میں
محمول ہو اور کبریٰ میں موضوع جیسے سب

انسان حیوان ہیں (صغریٰ) اور سب
حیوان جسم ہیں (کبریٰ) نتیجہ صحیح ہے کہ
سب انسان جسم ہیں ٭
شکل حماری - ع - اقلیدس کے
پہلے مقالے کی بیسویں شکل جس کا دعویٰ
یہ ہے - ہر مثلث کے دو ضلعوں کا
مجموعہ تیسرے سے بڑا ہوتا ہے - حمار
کے معنے گدھا - اس شکل کا نام حماری
اس خیال سے رکھا گیا ہے کہ جو ایسی آسان
شکل کو نہ سمجھے گویا وہ گدھا ہے ٭
شکل عروسی - ع - اقلیدس کے پہلے مقالے
کی سینتالیسویں شکل جس کا دعوے یہ ہے
مثلث قائم الزاویہ میں وتر کا مربع برابر ہوتا
ہے باقی دونوں ضلعوں کے مربعوں کے مجموعے کے
یا اس وجہ سے کہ اسکی ظاہری شکل دلہا دلہن
کی سی ہے یا عروس کے معنے لغت میں کثرت فائدہ کے ہیں
شکل ماموتی - ع - اقلیدس کے پہلے مقالے
کی پانچویں شکل جس کا موجد اقلیدس ہے چونکہ
یہ شکل خلیفہ مامون رشید کو اسقدر پسند تھی
کہ وہ اپنی ہر پوشاک کے دامن پر اسکو بنواتا
تھا اسی وجہ سے اس شکل کا نام ماموتی ہو گیا ہے
شکم - ف - پیٹ ٭
شکم پرور - شکم پرست - ف - پیٹو
شکم بندہ - ف - حریص - لالچی ٭
شکم چار پہلو کردن - ف - بہت کھانا
پیٹ بھر کھانا ٭
شکم خاریدن - ف - مزدور لانا - بہانہ کرنا
شکم در خویش خوردن - ف - ڈرنا
شکن - ف - شکست - دامن کی تہ
سلوٹ - مکر و فریب - لحظہ - سرزدہ - نرمی ملائمت
شکنبہ - ع - معدہ جس میں خوراک جمع ہوتی

ہے - پنجابی اوجھری ٭
شکنج - ف - شکل - کپڑے کی سلوٹ - پیچ تاب
شکنجہ - ف - جلد سازوں کا شکنجہ - ایک قسم کا آلہ
ہے جس میں مجرم کو عذاب اور دکھ دیتے ہیں
شکنجہ کردن - ف - تکلیف دینا - سزا دینا
شکنجیدن - ف - دو انگلیوں کے ناخنوں سے
کسی عضو کو پکڑنا - چٹکی لینا ٭
شکوے - ع - گلہ - گلہ کرنا ٭
شکوخیدن - ف - ٹھوکر کھانا ٭
شکولیدن - ف - پراگندہ کرنا ٭
شکوہ - ف - ترس و بیم ٭
شکوہ - ف - دبدبہ - حشمت - شان و شوکت ٭
شکوہیدن - ف - غرور کرنا - اپنی بڑائی کا اظہار
شکیب - ف - صبر و آرام ٭
شکیبا - ف - صبر کرنے والا ٭
شکیبائی - ف - صبر ٭
شکیبیدن - شکیفتن - ف - صبر کرنا
شکیل - ع - وضعدار ٭

شین معجمہ مع کاف فارسی

شگار - شگال - ف - شغال - گیدڑ ٭
شگر - ف - سیاہ ابجرا - بجرا ٭
شگرف - ف - نادر - عمدہ - نیک - عجیب - بزرگ
شگفت - شگفتی - ف - تعجب ٭
شگفتن - شگفیدن - ف - پھول کی
کلیوں کا نکلنا - پھول کا کھلنا ٭
شگن - مع - یہ شگون کا لفظ ہندی اور
مرکب ہے شر (شبھ) نیک اور گن (اثر) سے
شگوفہ - ف - کلی - پھول - غنچہ ٭

شین معجمہ مع لام

شل ف ـ نرم اور سست چیز ٭
شَل ع ـ جسکے ہاتھ پاؤں حرکت نہ کرسکیں
لنجا ـ لنگڑا ـ اپاہج ـ سست چیز ٭
شلاق ت ـ تھپڑ مارنا ـ گھُٹے مارنا ـ لکڑی سے
مارنا ـ کوٹنا ـ مجازاً شوخ وفتنہ انگیز ٭
شلائین ت ـ شوخ ـ ناخوش ـ ظالم ـ سختی
کرنے والا ـ بہت آرام کرنے والا ـ عاشق
شلتاق ت ـ جھگڑا ـ خرخشہ ـ زیادتی کرنا ـ ظلم کرنا
شلتوک ت شالی ـ دھان ـ چاول جسکا چھلکا اتارا نہ گیا ہو
شلف ف ـ فاحشہ اور بدکار عورت ٭
شلک ت کئی ایک بندوقوں کے ایک
دفعہ سر ہونے کی آواز ٭
شلنگ ت کسی جگہ سے کودنا ـ چھلانگ ـ جانا
شلوار ف ـ ازار ـ پاجامہ ـ مرکب ہے شل
(یعنے ران) اور وار (کلمہ نسبت) سے
شولہ ت ـ ایک قسم کا کھانا ہے چاولوں کو
شوربے میں حلیم کی طرح بہت گلا کر پکاتے
ہیں اور اکثر اسکو شولہ کہتے ہیں ٭
شلّہ ت ـ مجع کُش ـ حیض کا لتہ ٭
شلیل ف ـ ایک قسم کا شفتالو ہے ٭

شین معجمہ مع میم

شم ع ـ سونگھنا ٭
شم ف ـ پاپوش جوتی ـ کھڑاؤں اور
ایک خراب قسم کی ریشم ـ دُم ـ پونچھ ـ
شم ت کھڑاؤں ـ فریب ـ رمیدگی ـ
نفرت ـ آشفتہ ـ پریشان ـ بیہوش ہونا ـ ناخن
نوحہ گری وزاری ـ مخفف شوم کا ٭
شمات ع ـ شامت کی جمع کسی کی خستہ
حالی پر شادمانی کرنیوالے ٭
شماتت ع کسیکی تباہی اور خستہ حالی پر خوش ہونا

شماخی ف شروان کے پاس ایک قصبہ ہے
شمار ف ـ گنتی ـ حساب ٭
شمار بدستِ چپ کردن ف
سیکڑوں اور ہزاروں کو گننا ٭
شماس ع ـ سورج کا پوجاری ـ آفتاب پرست
اُس شخص کا نام بھی ہے جس نے آتش پرستی
کا طریقہ ایجاد کیا تھا ٭
شماعی ف شمع والا ـ مشعلچی ـ موم بتی بنانیوالا
شمال ع ـ وہ ہوا جو قطب شمالی سے چلتی ہے
شِمال ع ـ بایاں ہاتھ ـ دست چپ ـ علاوہ
قطب شمالی کی سمت چونکہ عرب لوگ کعبہ کو
ایک شخص قرار دیکر یہ تصور کرتے ہیں کہ
اسکا منہ مشرق کی جانب اور اسکی پشت
مغرب کیطرف ہے تو اسلئے دائنے قطب شمالی
بائیں ہاتھ پر واقع ہے اور شمال کے معنی
بائیں ہاتھ کے ہیں اسلئے اسکا نام شمال
رکھا اور بعد اس ہوا کو کہنے لگے جو
اس کی اوُپر یعنے پشت سے آتی ہے ٭
شمامچہ ت ـ وہ چیز جس سے خوشبو سونگھیں
شمامہ ع ـ خوشبو جو کسی چیز سے سونگھیں
شمامہ ع ـ ایک قسم کا چھوٹا سا حنظلی
خربزہ ہے ـ دستہ گلدستہ ٭
شمامۂ کافور ف چاند ـ سورج ـ دن اور [illegible]
شمائل ع ـ شمیلہ کی جمع ـ خصلتیں ـ عادتیں
خوئیں ـ فارسی والے صورت اور تقطیع اور
وضع کے معنے میں استعمال کرتے ہیں ٭
شمائم ع ـ خوشبوئیں جو سونگھی جاویں ـ
جمع ہے شمیمہ کی ٭
شمبلیت ـ شنبلید ف تخم میتھی جو ایک ساگ ہے
شمر ف ـ چھوٹا سا حوض ـ تالاب ـ ملائی
شمر ذی الجوشن امام حسین علیہ السلام کے قاتل کا نام ہے

شمر ع ٹہلنا ـ خرامیدن ٭
شمردن ف ـ گننا ـ شمار کرنا ٭
شمس ع ـ آفتاب ـ شمار کرنا ٭
شمسیہ ع تابان ـ مثل شمس چمکتا ہوا ـ [illegible]
شمسیہ ع ـ علم منطق میں ایک رسالہ ہے
شمشاد ف ـ ایک درخت کا نام ہے جسکی
لکڑی نہایت مضبوط اور خوشنما ہوتی ہے
شمشیدن ف ـ لمس ـ مسیدن ٭
شمشیر ف ـ تلوار ـ مرکب ہے شم
(یعنے ناخن) اور شیر سے چونکہ تلوار
شیر کے ناخن سے مشابہ ہے ـ اسلئے
شمشیر نام ہوا ٭
شمشیر گوشتین ف ـ زبان سے مراد
ہے جسے پنجابی میں جیبھ کہتے ہیں ٭
شمشیر در نیام کردن ف ـ تلوار میان میں کرنا
شمع ع ـ اصل میں یہ لفظ بفتحتین ہے معنے
شمع } ہیں موم کے ـ فارسی والے لیکن
موم اسکا اطلاق اس شئے پر کرنے لگے جو
موم یا چربی سے بنا کر روشن کیجاتی ہے اور
یہ مجاز ہے ـ تسمیۃ الشئی باسم مادتہ کے
قبیل سے ہے ٭
شمع امین ف ـ تجلی نور الہی ٭
شمع صباح ـ شمع سحری ـ آفتاب سے
شمع عالم تاب } مراد ہے
شمعون ع ـ حضرت یوسف علیہ السلام کے
ایک بھائی کا نام ہے ـ حضرت عیسےٰ کے
ایک حواری کا نام بھی ہے جسے شمعون
پطرس کہتے ہیں اور وہی اعظم الحواریین ہے
شمل ع ـ پریشانی ـ پراگندہ ہونا ـ جمع ہونا
گھیر لینا ـ یہ لفظ لغات اضداد میں سے ہے
شملہ ف ـ موٹے پر اوڑھنے کی شال ـ پگڑی کا طرہ

شمن ف ـ بت پرست ٭
شموس ع ـ جمع شمس کی ـ سورج
شموع ع ـ جمع شمع کی ـ موم بتیاں ٭
شمول ع ـ شامل ہونا ـ محیط ہونا ـ کسی چیز کو گھیر لینا
شمول ت ـ جمعیت ـ سامان ـ عسکر ـ آلہ
شمہ ع ـ تھوڑی بو جسے انسان کسی شئے کو
ایک بار سونگھنا ـ فارسی والے اسے تھوڑا
سا اور کم کے معنی میں استعمال کرتے ہیں
شمہ ت ـ ملائی ـ قیماق ٭
شمیدن ف ـ سونگنا ـ بو سونگھنا ـ بیہوش
ہونا ـ آشفتہ ہونا ـ پریشان ہونا ـ ڈرنا ـ
رونا ـ نفرت کرنا ـ متنفر ہونا ٭
شمیدہ ف ـ بیہوش ـ پریشان ٭
شمیم ع ـ خوشبو دار ہوا ـ سونگھنا ٭

شین معجمہ مع نون

شن ف ـ نازو کرشمہ ـ ایک گھاس بھی
ہے جسکے چھلکے سے رستے بنتے ہیں ٭
شن ع ـ پرانی مشک ـ پانی چھڑکنا
شنا ـ شناب ف ـ تیرنا ورزش کرنا ـ ڈوبنا
شنات ع ـ شنان کی جمع ہے دشمن لوگ
شناختن ف ـ پہچاننا ٭
شناسندگان مملکت ف ـ مشہور و معروف
سردار ـ معزز و معتمد لوگ ٭
شنارت ف ـ برا کہنا ـ شوم ـ نامبارک ـ غرابی [illegible]
شناعت ع ـ بدی ـ لعنت ـ برائی ٭
شناور ف ـ تیرنے والا ـ پیراک ٭
شناوری ـ شناو ف ـ تیرنا ٭
شنائع ع ـ بدیاں ـ برائیاں ٭
شنبلیت ـ شنبلید ـ شنبلیا ف ـ سورنجان
جو ایک مشہور دوا ہے اس کا شگوفہ جسکا رنگ [illegible]

زرد ہوتا ہے مینتھی ❖
شنجرف۔ شنگرف ف شنگرف جو نقاشوں کے کام آتا ہے ❖
شنبہ ف ایک سانڈ کا نام ہے جس نے دمنہ (ایک گیدڑ کا نام ہے) کے کرو فریب اور بھڑکانے سے شیر کے ساتھ مقابلہ کیا اور مارا گیا کلیلہ دمنہ ہے ❖
شنشنہ ع خصلت۔ عادت۔ طبیعت
شناعت ع بدی۔ لعنت۔ برائی ❖
شنفتن۔ شنودن ف سننا ❖
شنقار۔ شونقار ت عقاب کی شکل کا مگر اس سے طاقتور ایک شکاری پرندہ ہے جو نایاب ہوتا ہے ❖
شنقار شدن ت ناپید ہو جانا بادشاہ کا فوت ہو جانا چونکہ شنقار ایک بڑا معزز اور نہایت کمیاب جانور ہے اسواسطے بادشاہ کے دنیا سے ناپید ہونے کو انکے شنقار ہونے سے تعبیر کیا جاتا ہے ❖
شنگ ف چور۔ اچکا۔ بٹ مار۔ ٹھگ۔ مجاز شوخ۔ ظریف۔ معشوق ❖
شنگول۔ شنگل ف شوخ۔ عیار
شنوف۔ سُن۔ ڈنڈ پیلنا جو ایک قسم کی ورزش ہے ❖
شنواف سننے والا۔ سمیع ❖
شنوسہ ف عطسہ۔ چھینک ❖
شنیدن ف سننا۔ سونگھنا ❖
شنیع ع برا۔ زبون۔ معیوب۔ زشت

شین معجمہ مع واو

شو ف مرد۔ امرہ شدن کا ہے مصدر سے
شواش۔ سیراب۔ الصحو ❖
شواء ع بھنا ہوا۔ بھنا ہوا گوشت ❖
شواف۔ کام کی کثرت کے سبب ہاتھ پاؤں کے چمڑے کا سخت ہو جانا ہاتھ پاؤں کے پھپھولے۔ والان۔ دہلیز ❖
شوات۔ شوار ف ایک قسم کی مرغابی جسکو بگلا کہتے ہیں
شوارد ع جمع شارد کی بھاگنے والے پریشان ❖
شوارع ع راستے بڑے بڑے شاہراہیں سڑکیں شارع کی جمع ہے ❖
شوارق ع روشن چیزیں روشنیاں
شواظ ع آگ کا شعلہ ❖
شواغل ع شغل کی جمع ❖
شوال ع مسلمانوں کا دسواں قمری مہینہ شول (اٹھایا جانا) سے مشتق ہے چونکہ عرب اس مہینے میں سیر و شکار کیلئے گھر سے نکلتے ہیں اسلئے اس نام سے موسوم ہوا
شوامخ ع شامخ کی جمع۔ بلندیاں ❖
شواہد ع جمع شاہد کی ❖
شواہق ع بلندیاں بلند پہاڑ شاہق کی جمع
شوائب ع شائبہ کی جمع۔ ملاوٹیں آمیزشیں
شوب ف سیگڑی دستار ❖
شوب ع ملانا۔ آمیزش بلانا۔ آگیں۔ غسل ❖
شوخ ف ظرار۔ بیباک۔ بےحیا۔ چور
شوخ ف بدن کی میل۔ چرک ❖
شوخ ترازو ف مکار۔ فریبی ❖
شوخ چشم ف بےحیا۔ بےشرم
شوخ چشمی ف بےحیائی بےشرم گستاخی
شوخ طبع۔ شوخ طبیعت ف ظریف
شوخگن۔ شوخگین ف میلا جس پر میل لگی ہو
شور ف غل۔ غوغا۔ شہرت۔ نمکین کھاری نمک۔ عشق۔ جنون ❖
شور ع مشورہ کرنا ❖
شوری ف مشورہ۔ مشورت۔ صلاح کمیٹی
شورابہ ف آب شور ❖
شورانیدن ف پریشان کرنا ❖
شور بخت ف بدبخت۔ بدنصیب
شور چشم ف وہ شخص جسکی نظر سے ضرر پہنچے اور آدمی بیمار ہو جائے ❖
شورش ف شور و غوغا۔ فتنہ۔ فساد آشفتگی پریشانی۔ نمکینی۔ کھاری پن
شورگز ف شورہ زمین کا چھاؤ ❖
شورمور ف بہت چھوٹی چیونٹی ❖
شوربمور ف شوم و ضعیف حقیر شے
شورہ ف مشہور شے ہے ایک گھاس کا نام بھی ہے۔ زمین نمناک اور خاک شور ❖
شور پشت ف شوخ ❖
شور و پشتی ف شوخی۔ کج ادائی ❖
شورہ بوم ف شورہ زمین جو قابل زراعت کے نہ ہو ❖
شوریدہ۔ شوریدہ ف آشفتہ۔ پریشان حال بیچارہ دیوانہ۔ عاشق ❖
شوریدہ بخت ف بدبخت۔ بدنصیب
شوریدہ راہ ف گمراہ آدمی جو کتب ساوی کو نہ مانے ❖
شوریدہ رائے ف بری رائے والا بد عقل دیوانہ پاگل ❖
شوریدہ رنگ ف دیوانہ دیوانہ وش
شوریدہ سر ف پریشان حال سرگشتہ دیوانہ
شوریدہ غال ف روزینہ۔ انعام
شوریدن ف پریشان ہونا بیقرار ہونا
شوستر ف خوزستان میں ایک شہر ہے
شوشہ ف ہٹیے کا ریزہ۔ چاندی یا سونے کی سلاخ ❖
شوط ع دوڑ۔ گشت ❖
شوق ع خواہش۔ آرزو ❖
شوک ع چبھنا۔ چبھونا۔ کانٹا۔ خار۔
شوکت ع قوت تیزی۔ شدت ہیبت
شولہ ع قزکی چھبیسویں منزل کا نام ہے
شولت۔ گندگی پھینکنے کی جگہ شہر پناہ
شوم ع بد فال فارسی والے منحوس بدفال مبارکہ کے معنے میں استعمال کرتے ہیں
شومی ف نحوست ❖
شونیز ف کلونجی جو مشہور دوائی ہے
شوہ۔ شوہہ ع زشت ہونا۔ بدشکل ہونا
شوہرہ ف سہرا جو شادی میں دولہا کے سر پر باندھتے ہیں ❖
شوے ف خاوند ❖

شین معجمہ مع ہائے ہوز

شہ ف بمعنے شاہ کا ❖
شہاب رنگ سرخ بمعنے شاہ آبا
شہاب ع روشن ستارہ جو آسمان سے ٹوٹ بازی کے طور چھوٹتا ہوا معلوم ہوتا ہے
شہاب الدین ع مسلمانوں کا نام ہوا کرتا ہے شہاب الدین غوری افغانستان کے سلاطین میں سے ہے جسنے ہندوستان پر تو حملے کئے اور اس ملک میں اسلامی سلطنت کی بنیاد ڈالی اسکی وفات ۱۲۰٦ء میں ہوئی شہاب الدین سہروردی اپنے زمانے میں بغداد کے شیخ الشیوخ تھے علم و عمل میں یگانہ تھے اپنے چچا شیخ نجیب الدین سہروردی کے مرید تھے ۵۳۹ ہجری میں پیدا ہوئے اور ٦۳۲ ہجری میں فوت ہوئے ❖

شہاب ثاقب ۔ آگ کا چمکتا ہوا شعلہ۔ چمکتا انگارہ وہ شعلے جو شیاطین پر پھینکے جاتے ہیں تاکہ آسمانی خبریں سننے نہ پائیں حضرت عیسےٰ علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام سے پہلے شیاطین کا گزر آسمانوں پر ہوتا تھا اور وہ فرشتوں سے جو لوح محفوظ کی خبروں کا ذکر کرتے تھے۔ چپکے چپکے باتیں سنکر کاہنوں کے روبرو آکر بیان کرتے تھے جب حضرت عیسےٰ علیہ السلام متولد ہوئے تو شیاطین تین آسمانوں سے روکے گئے اور چوتھے آسمان تک آمد و رفت رہی مگر جب نبی آخرالزمان علیہ الصلوٰۃ والسلام پیدا ہوئے۔ تو وہ تمام آسمانوں سے بند کئے گئے اور انکے ہٹانے کیلئے شہاب ثاقب مقرر ہوئے جن سے شیطانوں کو مار پڑتی ہے حکمائے متقدمین کا انکی نسبت یہ خیال ہے کہ دخان ارضی کے کرۂ نار پر پہنچکر بھڑک اٹھنے سے یہ شہاب پیدا ہوتے ہیں +

شہادت ۔ خبر درست سچی خبر گواہی دینا خدا کے راہ میں مارا جانا۔ جہاد میں مارا جانا۔ حاضر ہونا۔ ظاہر ہونا۔ خدا تعالےٰ کی وحدانیت اور رسول خدا صلعم کی رسالت کی گواہی دینا اور کلمۂ شہادت +

شہادت برسبیت ۔ سچی اور خلوص کی گواہی جس میں کسی قسم کا شک و شبہ غرض اور عداوت نہ ہو +

شہادت مشہورہ ۔ سچی شہادت شہر میں کسی کا مطلع شہید ہونا گو اس کا قاتل معلوم

شہامت ۔ بزرگی۔ بڑائی۔ توانائی۔ چستی۔ دلیری۔ ایسے امر عظیمہ کی طرف رغبت کرنی جو نتیجے ذکر جمیل کا باعث ہوں +

شہب ۔ شہاب کی جمع +

شہباء ۔ شب کی مونث سفید و سیاہ گھوڑی جسکی سیاہی پر سفیدی غالب ہو +

شہباز ۔ باز بڑا شکاری پرند جو بڑا باز +

شہ بالا ۔ بالا ۔ دولھا کا ساتھی جسے پنجاب میں سبالا کہتے ہیں +

شہد ۔ انگبین عسل +

شہدا ۔ شہید کی جمع شہید لوگ +

شہ دو پاس ۔ رسول خدا صلعم جو دو جہان کی شفاعت کریں گے۔ آدم اور دل قلب سے بھی مراد ہے +

شہر ۔ مہینہ۔ ماہ +

شہر ۔ شہر مدینہ بلدہ مصر +

شہر بانو ۔ یزدجرد شاہ ایران کی بیٹی کا نام ہے جو امام حسین علیہ السلام کے نکاح میں آئی تھی۔ امام زین العابدین اسی سے متولد ہوئے

شہر بند ۔ شہر پناہ۔ فصیل حصار قلعہ قید خانہ۔ شہر جو مقیدی +

شہر بہم بر زدن ۔ شہر کو تباہ اور برباد کر دینا +

شہرت ۔ مشہوری۔ چرچا +

شہر تاش ۔ ایک شہر کا باشندہ ہم شہر ہمشہری

شہر حرام ۔ ماہ رجب۔ مسلمانوں کا ساتواں قمری مہینہ +

شہر آئین بستن ۔ شہر کو آراستہ کرنا زیب آئین بستن شہر را ۔ زینت دینی +

شہر زریں ۔ حضرت سلیمان علیہ السلام کا بنایا ہوا ایک شہر ہے +

شہر سبز ۔ توران میں شہر سمرقند کے پاس ایک شہر ہے اسے کش بھی کہتے ہیں اور یہ جائے ولادت امیر تیمور گورگان کا وہی ہے +

شہر گیر ۔ شہر کشا۔ بادشاہ۔ فاتح +

شہر گرداں کردن ۔ تشہیر کرنا مجرم کو شہر میں پھرانا رسوا کرنا کسی کو بے آبرو کرنا +

شہر نا پرساں ۔ وہ شہر جس میں کسی کا پرسان حال نہ ہو۔ اور کوئی داد و فریاد پر نہ پہنچے +

شہرناز ۔ جمشید کی بہن کا نام ہے جو پہلے ضحاک کے اور اس کے مرنے کے بعد فریدوں کے نکاح میں آئی۔ علم موسیقی میں ایک نوا بھی ہے۔ سروں +

شہر نبی ۔ مدینہ منورہ +

شہروا ۔ اصل میں شہر روا تھا۔ ایک تر خود گیلی۔ وہ سکہ جو ایک خاص شہر میں رائج ہو۔ ایک کھوٹے سکہ کا نام ہے جو کسی ظالم بادشاہ نے جبراً اپنے ملک میں رائج کر دیا تھا اور کسی ملک میں نہیں چل سکتا تھا +

شہر رود ۔ ایک باجے کا نام ہے جو رود نام بزم میں بجایا کرتے ہیں۔ بڑی ندی عراق میں اس نام کی ایک ندی اور اسکے کنارے پر اسی نام کا ایک شہر بھی ہے +

شہرہ ۔ چرچا مشہوری +

شہری ۔ شہر کا رہنے والا +

شہرۂ آفاق } مشہور جہاں +

شہرۂ نام } مشہور زمانہ +

شہریار ۔ بادشاہ۔ حاکم بزرگ مطلق بادشاہ

شہریور ۔ ماہ کوار۔ کوار کا مہینہ یعنی جب آفتاب برج سنبلہ میں ہو +

شہلا ۔ وہ عورت جسکی آنکھیں بھیڑ کی مانند ہوں یعنی چشم عورت۔ نرگس کے پھول کی ایک قسم بھی ہے جو زرد ہونے کے بجائے سیاہ ہوتا ہے۔ اسی سے انسان کی آنکھ کو تشبیہ دیتے ہیں۔ اور شہلا وہ سیاہ آنکھ ہے جو بادل سرخی ہو +

شہلہ ۔ مرد کی سی عورت +

شہنائی ۔ ایک باجا ہے جسکو سُرنا کہتے ہیں نفیری +

شہنشاہ ۔ مخفف ہے شاہان شاہ یعنی شاہ شاہاں کا مہاراج۔ بڑا بادشاہ +

شہنشاہ فلک ۔ آفتاب +

شہنشہ ۔ مخفف شہنشاہ کا +

شہ نیمروز ۔ حضرت آدم و رسول خدا صلعم وغیرہ پیر زال۔ آدمی کا دل۔ آفتاب +

شہوار ۔ دیکھو شاہوار +

شہوت ۔ خواہش آرزو۔ شوق لذت جماع کی خواہش جماع +

شہوت کلبی ۔ ایک بیماری ہے جس میں کتنا ہی کھانا کھائیں بھوک ہی بھوک غالب رہتی ہے اسکو جوع البقر بھی کہتے ہیں +

شہود ۔ حاضر ہونا۔ شاہد کی جمع بھی ہے اہل تصوف کی اصطلاح میں ایک درجہ ہے جسمیں سالک مراتب کثرت اور موجودات صوری سے گذر کر دید عیانی کے مقام پر پہنچ جاتا ہے اور اسکو تمام موجودات میں بجز وجہ حق بلکہ ہر شے عین حق نظر آنے لگتی ہے +

شہور ۔ شہر کی جمع مہینے +

شہوق ۔ بلند ہونا۔ دیکھا جانا۔ ابھرنا +

شہوی } منسوب بشہوت +

شہوانی } خواہش کا +

شہی ۔ مرغوب شے +

شہی ۔ بادشاہی۔ حلوا۔ بہتر چیز شاہانہ اور تخم مرغ سے پکا ہوا حلوا +

شہید ۔ گواہ۔ کشتہ۔ خدا کی راہ میں مارا گیا

شہیر ۔ مشہور +

شہیق ۔ گدھے کی آواز ٹوٹتے وقت کا

کی آواز کا بند ہو کر نکلنا +

شین معجمہ مع یائے تحتانی

شے ع۔ چیز +
شیاد ع۔ مکار۔ فریبی۔ حیلہ گر +
شیار ف۔ باہی ہوئی زمین۔ کھیتی +
شیاریدن ف۔ زمین باہنا۔ زراعت بونا +
شیاف ابیض ع۔ آنکھوں کی سرخی اور سوزش کے واسطے بہت مفید ایک مرکب دوائی ہے جسکی جزو اعظم سفیدہ کاشغری ہے +
شیب ف۔ مخفف نشیب کا وہ زمین جس پر بارش ہونے کے بعد آدمی اور حیوانات چلیں اور وہ خشک ہو نیکے بعد آرام چلنے کے قابل نہ رہے۔ تازیانے کا تانا۔ آشفتہ۔ مبہوت حیران۔ دنگ۔ دُم۔ گون یا دُبر +
شیب ع۔ جمع اشیب کی جسکے معنے ہیں بڈھا۔ سفید سر +
شیب۔ شیبت ع۔ بڑھاپا۔ پیری۔ بالوں کا سفید ہو جانا +
شیبان ع۔ بکر بن وائل کے ایک قبیلے کا نام +
شیبان ف۔ ملا ہُوا اور خمیر کیا ہُوا۔ لرزاں +
شیبیدن ف۔ آٹا گوندھنا۔ خمیر لینا +
شیب بلا ف۔ دنیا۔ عالم +
شیبور ف۔ بائے رومی +
شیپور ف۔ نفیری۔ بگل +
شیب و بالا ف۔ زمین و آسمان +
شیب و شیب ف۔ سرگشتہ و پریشان +
شیث ع۔ حضرت آدم کے بیٹے کا نام ہے جو انکے بعد پیغمبر ہوئے +
شیخ ع۔ بڑھا۔ صاحب بزرگ۔ عالم۔ استاد۔ پیر و مرشد +

شیخ رئیس ع۔ دیکھو بوعلی سینا +
شیخ نجدی ع۔ شیطان کا لقب ہے اصل میں ایک شخص کا لقب تھا۔ مگر چونکہ ایک دفعہ شیطان کفار عرب کے مجلس شوریٰ میں اسلام کے خلاف مشورہ دینے کے لئے اُس شخص کی شکل میں متشکل ہو کر آیا تھا اس لئے اُسی کا لقب ہو گیا +
شیخوخت ع۔ بڑھاپا۔ پیری۔ پچاس برس سے زیادہ عمر کا ہونا +
شید ع۔ مکر۔ فریب۔ کہگل کرنا +
شید ع۔ چونہ وغیرہ چیزیں جن سے دیوار کہگل کریں +
شید ف۔ روشنی۔ سورج +
شیدا ف۔ دیوانہ۔ بالکل شیفتہ و فریفتہ +
شیدوش ف۔ گودرز کے بیٹے کا نام ہے +
شیدی ف۔ حبشیوں کا لقب ہے +
شیذمان ف۔ گرگ درندہ۔ ایک قسم کا بھیڑیا +
شیر ف۔ بگھا۔ مشہور درندہ جانور ہے +
شیر ف۔ دودھ۔ لبن +
شیرابہ ف۔ خشخاش۔ شیر خشخاش +
شیراز ف۔ ایران میں ایک مشہور شہر ہے۔ شیخ سعدی اور خواجہ حافظ شیرازی وہیں کے تھے +
شیرازہ ف۔ مجلد کتاب کی جزو بندی کے بعد جو شیرازہ باندھتے ہیں +
شیرازہ شدن ف۔ اکٹھا ہونا +
شیرازہ جمعیت کسی از ہم گسیختن ف۔ جمعیت توڑنا۔ متفرق پریشان کر دینا۔ بدحال کر دینا +
شیرازی ع۔ منسوب بہ شیراز۔ شیراز کا باشندہ +
شیرالبشر ع۔ رسول خدا صلعم +
شیر انداز ف۔ دودھ کا بھرا ہُوا پستان جس سے دودھ ٹپکا کرے +
شیر انداز ف۔ شجاع۔ دلیر +

شیر اندام ف۔ وہ شخص جسکا سینہ فراخ کمر باریک اور بازو موٹے ہوں +
شیر اوژن۔ شیر افگن ف۔ بہادر۔ تہور۔ طاقتور آدمی +
شیر آبی ف۔ مگرمچھ۔ پنجابی سنسار +
شیر افگن خاں ف۔ نورجہاں بیگم (ملکہ جہانگیر بادشاہ) کے پہلے خاوند کا لقب ہے +
شیر برفی ف۔ برف کا بنایا ہُوا شیر جو سرد ممالک میں بچے بناتے ہیں جسے دیکھ کر گھوڑا ڈر جاتا ہے +
شیر بریدن بچے ف۔ کسی چیز کے طفل بچے کا دودھ چھڑانا +
شیر بہا ف۔ مہر۔ بمطابق پنجابی ورسی۔ دودھ کی قیمت
شیر جامہ ف۔ عورت یا کسی حیوان کا پستان اور دودھ کا برتن +
شیر چرخ ف۔ برج اسد +
شیر خام خوردن ف۔ غفلت کرنا۔ خام طبعی
شیر خانہ ف۔ شراب خانہ +
شیر خدا ع۔ اسداللہ کا ترجمہ ہے۔ جو حضرت علی مرتضیٰ کا لقب ہے +
شیر خشت ف۔ معرب ہے شیر خشک کا۔ ایک مسہل دوائی ہے +
شیر دل ف۔ قوی۔ پرزور +
شیر زنج ف۔ چیتا +
شیرزن ف۔ مردانی +
شیر زور ف۔ قوت۔ قدرت۔ توانائی +
شیر ژیان ف۔ درندہ شیر +
شیر سپہر ف۔ برج اسد +
شیر سوار ف۔ سورج +
شیر سیستان ف۔ رستم بن زال +
شیر شادروان ف۔ فرش یا پردے پر شیر کی بنی ہوئی تصویر +

شیر شاہ افغان ف۔ خاندان سوری کا بانی جو ہمایوں بادشاہ کا حریف تھا اور جسکے تغلب سے ہمایوں بادشاہ ملک ہند سے نکل گیا تھا۔ اس نے سنہ ۹۴۷ھ سے سنہ ۹۵۲ھ تک پانچ برس بادشاہت کی +
شیر شدن مُوئے ف۔ بالوں کا سفید ہو جانا +
شیر علم ف۔ شیر کی تصویر جو جھنڈے پر ہو +
شیر غلطان ف۔ کشتی کا ایک داؤ ہے جس کو اپنا کشتی باز اپنی پیٹھ زمین پر لگنے نہیں دیتا +
شیر فلک۔ شیر گردوں ف۔ برج اسد +
شیر قالی ف۔ شیر کی تصویر جو قالین پر بنی ہو +
شیر قلاب ف۔ قلندروں کا بکسوا جو جبے کا شیر کی شکل کا بنا ہوتا ہے کمر پر باندھتے ہیں +
شیر گشتن ف۔ دلیر اور غالب ہونا +
شیر گیر ف۔ حضرت۔ صاحب رتبہ۔ نیم مست +
شیر ماہی ف۔ ایک قسم کی بڑی مچھلی جسکے دانتوں سے ہر قسم کے دستے بنتے ہیں +
شیر مرغ ف۔ شتر مرغ۔ وجہ تسمیہ یہ کہ اور جانوروں کے خلاف بیضہ بچوں کو دودھ پلاتا ہے اور کہتے ہیں کہ مادہ کو حیض بھی آتا ہے۔ کنایۃً عجیب اور کمیاب چیز +
شیر و شکر ف۔ ایک قسم کا عمدہ ریشمی کپڑا ہے +
شیر و شکر بودن ف۔ بہت اتحاد رکھنا +
شیرویہ ف۔ خسرو پرویز بن نوشیرواں کے بیٹے کا نام ہے۔ یہ لفظ شیروئی کا مخفف ہے شیروئی اصل میں شیر رو ہے یعنی وہ شخص جسکا چہرہ شیر جیسا ہو +
شیر مرد ف۔ طاقت ور سپاہ +
شیر مست ف۔ لڑکی یا ہرن وغیرہ کا بچہ جو دودھ پی پی کر مست ہو جائے +
شیر مگس ف۔ مکڑی۔ عنکبوت +

شیروان ف ایران کا ایک شہر ہے +
شیرہ ف چیپ۔ لیس۔ شیر ہی تیلی +
شیرۂ انگور ف شراب انگوری +
شیر شبستن ف حسرت کھانا +
شیری ف بہادری +
شیریں ف میٹھا پیارا۔ عزیز۔ نایاب۔ فرہاد کی معشوقہ جو خسرو پرویز کی ملکہ تھی +
شیریں باف ف ایک قسم کا عمدہ کپڑا ہے +
شیریں زبان ف خوش تقریر اور فصیح آدمی ہے
شیریں سخن ف خوش کلام آدمی +
شیریں شمائل ف خوش خلق۔ خوش خو ہے
شیریں کردن دہن کسے ف رشوت دینا +
شیریں کاری ف کام کو عمدگی سے چلانا
شیریں نفس ف خوش کلام +
شیرینی ف مٹھاس۔ مٹھائی +
شیریں کار ف مستوہ وہ شخص جس سے کام اچھے سرزد ہوں +
شیشہ ف کانچ۔ آئینہ +
شیشہ باز۔ شیشہ گر ف مکار۔ حیلہ گر فریبی
شیشہ بر سر بازار شکستن ف راز فاش کرنا۔ بھید کھول دینا +
شیشہ بر سنگ ف شکستہ و خراب +
شیشہ بر سر کسے شکستن ف شیشہ بر سنگ زدن ف بیچ منقطع کرنا۔ راز فاش کرنا
شیشہ بندی ف دانتوں پر انگلیاں رکھ کر سیٹی بجانا +
شیشہ خورشتاب ف آسمان +
شیشہ در بغل جستن ف فریب کرنا +
شیشہ دل ف نامرد۔ نازک مزاج +
شیشۂ ساعت ف گھڑی کا شیشہ جس سے وقت معلوم کرتے ہیں +

شیطان ع عزازیل۔ ابلیس جو جنّی کا فرد ہے
شیعہ ع قوم۔ گروہ۔ مسلمانوں کا وہ فرقہ جو حضرت علی کو مانتا ہے اور اصحاب ثلاثہ کو نہیں مانتا +
شیعی ع منسوب بہ شیعۂ علی +
شیفتگی ف بیہوشی۔ حیرانی عشق +
شیفتن ف عاشق ہونا۔ مدہوش ہونا +
شیفتہ ف عاشق۔ مدہوش +
شیلان ت دستر خوان۔ طعام۔ عناب جو ایک مشہور میوہ ہے +
شیلانچی ت باورچیخانہ کا داروغہ۔ بڑا قصاب
شیم ع شیمہ کی جمع۔ عادتیں خصلتیں +
شیم ع بجلی کا دیکھنا۔ یا معلوم کرنا کہ کہاں مینہ برسیگا +
شیم ع ایک قسم کی ملوس دار مچھلی ہے حضرت یونس کی مچھلی۔ فارسی میں کلمۂ تعظیم بھی ہے جیسے کہ شیخ وغیرہ +
شیمہ ع طبیعت۔ خو۔ خصلت۔ عادت +
شین ف دو وڑے والا آدمی۔ حروف ابجد میں سے ایک حرف کا نام بھی ہے۔ نشین کا مخفف بھی ہے +
شین ع برائی۔ عیب +
شیوا ف فصیح و بلیغ +
شیوا زبان ف فصیح بلیغ اور تیز زبان آدمی
شیوخ ع جمع شیخ کی۔ بڑھے بڑے بڑے لوگ۔ استاد۔ مشائخ +
شیوع ع ظاہر اور آشکار ہونا۔ پھیل جانا۔ عام ہونا +
شیون ف نوحہ کی آواز۔ ماتم گریہ وزاری مجازاً نالہ و فریاد +
شیوہ ف اچھی طرح کام کرنا مجازاً طرز۔ طریق دستور۔ ناز۔ کرشمہ۔ انداز خوبی زیبائی ہنر کمال
شیوۂ بزازان ف بزازوں کا قاعدہ ہے کہ پہلے کم قیمت کپڑا دکھاتے ہیں پھر اس سے بہتر تاکہ خریدار اچھے برے کو پہچان کر اول کو قدردانی سے خریدے +
شیہہ ف گھوڑے کا ہنہنانا +

باب صاد مہملہ

صاد مہملہ مع الف

صاب ع حنظل۔ اندرائن +
صاب ف وہ نباتات جن میں سے دودھ نکلے۔ سبب +
صابر ع صبر کرنیوالا مستو کھیا۔ کام میں جلد ذکر نیوالا حضرت ایوب کا لقب بھی ہے +
صابری ع ایک شاعر کا نام ہے +
صابون ع صابن جس سے کپڑے دھوئے جاتے ہیں
صابون زدن ف صابن سے دھونا +
صابون سلطانی ف حاکم کا کسی چیز کو ایک جماعت پر تقسیم کرنا +
صابونی ف ایک قسم کی مٹھائی ہے +
صاحب ع مالک۔ یار۔ دوست۔ خداوند۔ وزیر
صاحب آخر الزمان ع حضرت امام مہدی علیہ السلام کا لقب ہے +
صاحب افسر گردوں ف حضرت عیسے
صاحب جوزا ع ستارہ عطارد +
صاحب خاطران ف شاعر۔ اہل سخن لوگ۔ خوش طبع اصحاب +
صاحب خبر ع ایلچی۔ قاصد۔ پیک +
صاحب خطران ف بادشاہ اور بڑے لوگ
صاحب دل ف روشن دل۔ دانشمند
صاحب رُگے ف وزیر۔ بول سینا +
صاحب سفران ف دکن ما ...
صاحب شکوہ ف باوقار آدمی صاحب قیمت کرنیوالا۔ طعنہ مارنیوالا +
صاحب صابی ع بیٹے کے وسط میں ایک پرندے کا نام ہے +
صاحب عصر ع عالم۔ مورخ +
صاحب غرض ع خود غرض آدمی۔ خود غرض
صاحب فراش ع مریض بیمار سے کنایہ ہے کیونکہ اکثر بچھونے پر ہی پڑا رہتا ہے +
صاحب قران ع وہ شخص جسکی ولادت کے وقت زحل اور مشتری کا قران ہوا ہو یعنی یہ دونوں ستارے ایک برج میں ہوں۔ یہ بات بہت دنوں میں ہوتی ہے ایسے وقت کی پیدائش کا آدمی نہایت ہی اقبالمند اور اسکی سلطنت دیرپا ہوتی ہے۔ امیر تیمور گورگان کا لقب ہے کیونکہ وہ بھی ایسے ہی وقت میں پیدا ہوا تھا +
صاحبقران ثانی ع وہ شخص جو تیمور کے بعد ہوا۔ اکبر کے پوتے شاہجہان کا لقب ہے +
صاحب کف بیضا ع حضرت موسے علیہ السلام سے مراد ہے +
صاحب نظر ع دانا۔ دوراندیش +
صاحب نیاز ف حاجتمند +
صاحب وجود ع وزی اقتدار۔ قدرت والا بااختیار
صاحب ولایت ع ولی اللہ۔ خدا کا دوست
صاحبہ ع سہیلی۔ جورو۔ عورت جو ہم صحبت ہو
صاحبی ف ایک قسم کا انگور ہے +
صاحی ع بلند والا۔ بلند آواز +
صادر ع نکلنے والا ایک جگہ سے باہر نکلنے والا
صادر و وارد ع جانے آنے والا +
صادق ع سچا جس کا کسی شے پر دست تمام ہو۔ لقب ہے امام محمد جعفر کا۔ جو امام

محمد باقر بن امام زین العابدین علیہ السلام کے بیٹے تھے ان کی ۸۳ھ ہجری میں ولادت ہوئی اور ۱۴۸ھ ہجری میں وفات پائی ۔

صادق نفس ۔ راست گو ۔ سچا ۔

صاد کردن ہر چیزے ۔ ف ۔ صاد کا صحیح سمجھ لینا ۔

صارخ ۔ چیخنے والا ۔ چلانے والا ۔

صارم ۔ تیغ برندہ ۔ کاٹنے والی تلوار ۔

صاع ۔ ایک وزن ہے دو سو چونتیس (۲۳۴) تولہ کا ۔

صاع شاہ ۔ ف ۔ زکوٰۃ فطر جو ہر شخص پر گیہوں یا جو صدقہ عید الفطر میں دے ۔

صاعد ۔ اوپر چڑھنے والا ۔ اسعود کرنے والا ۔

صاعقہ ۔ بجلی جو ابر سے زمین پر گرے ۔

صاف ۔ ہر چیز لطیف و پاکیزہ ۔ بےغش ۔ بے لاگ ۔ شراب صاف ۔

صاف درگذشتن ۔ ف ۔ نکل جانا ۔

صافن ۔ ایک رگ ہے جو پنڈلی میں ہوتی ہے ۔ ایسا گھوڑا جو تین پاؤں اور چوتھے پاؤں کے سم کے کنارے پر کھڑا ہو اس قسم کا گھوڑا تیز رفتار بھی ہوتا ہے ۔

صافی ۔ صاف ۔ بےغش ۔ بے کھوٹ ۔ چھاننے کا کپڑا ۔

صالح ۔ نیکوکار ۔ نیک بخت ۔ قوم ثمود کے ایک پیغمبر کا نام ہے قوم کے کہنے پر ان کی دعا کے بعد پتھر سے ایک اونٹنی بچے سمیت پیدا ہوگئی تھی جس کو قوم نے مار ڈالا ۔ اور اس وجہ سے ایک سخت زلزلے کے ساتھ ان پر عذاب نازل ہوا اور ساری قوم برباد ہو گئی تھی ۔

صامت ۔ چپکا ۔ خاموش ۔ سونا چاندی سے بھی مراد ہوتی ہے ۔

صانع ۔ پیدا کرنے والا ۔ کاریگر ۔

صائب ۔ درست ۔ پہنچنے والا ۔ دو شعر ہوں تو ان کا مخلص بھی ہے جن میں سے ایک ایرانی اور دوسرا کلام کا سمجھنے والا تھا ۔

صائغ ۔ زرگر ۔ سنار ۔

صائم ۔ روزہ دار ۔

صائم الدہر ۔ وہ شخص جو ہمیشہ روزہ رکھے

صاد مہملہ مع بائے موحدہ

صب ۔ ڈالنا ۔ گرانا ۔ عاشق ہونا ۔

صبا ۔ وہ ہوا جو مشرق سے چلتی ہے پچھوا ہوا ۔

صبا ۔ بچپن ۔ لڑکپن ۔ طفلی ۔

صبا ۔ میں جل گیا ۔ لڑکوں سے کھیلنا ۔ عاشق ہونا ۔

صباح ۔ صبح ۔ تڑکا ۔ خوب ۔

صباح ۔ حسین ۔ خوبصورت ۔ قندیل کا شعلہ

صباح الخیر ۔ صبح کو دعا کے طور پر کلمہ کہتے ہیں یعنی تجھے صبح مبارک اور اچھی ہو ۔

صباح الخیر زدن ۔ ف ۔ صباح الخیر کہنا ۔

صباحت ۔ خوبروئی ۔ سفید رنگ ہونا

صباح گنان ۔ ف ۔ صباح الخیر کہنے والے

صبار ۔ بہت صبر کرنے والا ۔

صباغ ۔ رنگریز ۔ رنگنے والا ۔

صباغ الارض ۔ آفتاب سے مراد ہے کیونکہ رنگ کسی مادی شے کا جوہر ذاتی نہیں ہے بلکہ آفتاب کی شعاعوں کے مختلف رنگوں سے مادی اشیاء میں طرح طرح کے رنگ حاصل ہوتے ہیں ۔

صباغ شب ۔ نگار ۔ ف ۔ چاند ۔ قمر ۔

صباغ جواہر ۔ ف ۔ آفتاب ۔

صباغ فلک ۔ چاند سے مراد ہے ۔

صبح ۔ فجر ۔ تڑکا ۔

صبح آخرین ۔ صبح دوم ۔ صبح ثانی ۔ ف ۔ صبح صادق ۔

صبح دل ۔ ف ۔ صاف دل ۔ روشن ضمیر ۔ متقی اور پرہیزگار آدمی ۔

صبح راست ۔ صبح راستہ خانہ ۔ ف ۔ صبح صادق ۔

صبح روان ۔ ف ۔ جوانان ۔ مسافران ۔

صبح طلوع ۔ آفتاب ۔ صبح نخست ۔ ف ۔ صبح کاذب ۔

صبح نشینان ۔ ف ۔ صبح خیزان ۔ عابد و زاہد لوگ ۔ صبح کے وقت اٹھنے والے ۔

صبح سفید شدن ۔ ف ۔ صبح کا نمودار ہونا روشن ہونا ۔ ظاہر ہونا ۔

صبر ۔ صبر ۔ ایلوا جو مشہور تلخ گوند ہے ۔

صبرہ ۔ غلہ کا تودہ جو وزن نہ کیا گیا ہو ۔ کھلیان

صبغ ۔ رنگنا ۔ رنگ کرنا ۔

صبغ ۔ رنگ ۔ لون ۔

صبغۃ اللہ ۔ دین محمدی سے مراد ہے ۔

صبوح ۔ صبح کی شراب کا وقت ۔

صبوحی ۔ صبح کی شراب ۔ صبح کے وقت شراب پینا ۔

صبور ۔ وہ شخص جو بہت صبر کرے ۔ بڑا صابر

صبوری ۔ ف ۔ صبر کرنا ۔ کام میں جلدی نہ کرنا صبر ۔ تحمل ۔ بردباری ۔

صبی ۔ لڑکا (شیرخوار سے بڑا)

صبیان ۔ جمع صبی کی لڑکے ۔

صبیح ۔ خوبصورت ۔ سفید رنگ ۔ گورا چٹا

صبیہ ۔ لڑکی ۔ دختر ۔

صاد مہملہ مع حائے حطی

صح ۔ درست ۔ تندرست ۔

صحاب ۔ صاحب کی جمع ۔ یار لوگ ۔

صحابت ۔ یار ہونا ۔ صحبت میں رہنا ۔

صحابہ ۔ یاران ۔ یار لوگ ۔ آنحضرت کی مجلس میں حاضر ہونے والے لوگ ۔

صحاح ۔ جمع صحیح کی ۔

صحاح ۔ تندرستی ۔ عیب سے پاک ہونا ۔ علم لغت کی ایک کتاب کا نام بھی ہے جس کا مصنف جوہری ہے ۔

صحاح ستہ ۔ حدیث کی چھ کتابیں جن میں اکثر صحیح حدیثیں ہیں ۔ بخاری ۔ مسلم ۔ ترمذی ۔ ابو داؤد ۔ ابن ماجہ ۔ نسائی ۔

صحاری ۔ صحرا کی جمع ۔

صحاف ۔ بڑے بڑے پیالے ۔ پانی کے جمع ہونے کی جگہیں ۔

صحاف ۔ کتاب کی جلد بنانے والا ۔ مجلد کتاب فروش ۔

صحائف ۔ صحیفہ کی جمع ۔ کتابیں ۔ رسالے

صحب ۔ صاحب کا جمع جمع ۔

صحبت ۔ یاری ۔ پاس رہنا ۔

صحبت دریافتن ۔ ف ۔ صحبت حاصل کرنی ۔ ملاقی ہونا ۔

صحت ۔ تندرستی ۔

صحت خانہ ۔ ف ۔ طہارت خانہ ۔

صحرا ۔ وہ جنگل جس میں درخت نہ ہوں میدان ۔ بیابان ۔

صحرائے قدس ۔ عالم بہشت ۔

صحرائے اعظم ۔ افریقہ کا بڑا صحرا جو تین ہزار میل لمبا اور ایک ہزار میل چوڑا ہے ۔ گینڈا ۔ شتر مرغ ۔ پلنگ ۔ ہرن ۔ شتر مرغ وغیرہ اس میں پیدا ہوتے ہیں ۔

صحرائے یکم ۔ ف ۔ صبح صادق

صحرانورد و صحرانیوش ف جنگل سے
گزرنیوالا ۔ مسافر +
صحرائے محشر ، میدان قیامت +
صُحُن صُحُف ، جمع صحیفہ +
صحن ، بڑا تھال ۔ ہموار زمین ۔ گھر کا آنگن
صحنات ، صحنہ میں ایک قسم کا سالن یا آنگن
صحن سیم ف سفید کاغذ کا صفحہ چاندی کی تھلی
صحن عظیم ، سطح زمین ۔ روئے زمین +
صحنک ، صحن کی تصغیر ہے چھوٹی رکابی
صحن وسیع ، سطح زمین +
صحو ، ہوشیار رہنا ۔ مستی سے ہوشیار ہونا آسمان
میں ابر اور غبار کا نہ ہونا ۔ پنجابی بھرا ہونا +
صحیح ، تندرست ۔ چنگا ۔ عیب سے پاک +
صحیح النسب ، وہ شخص جسکی نسل میں
عیب نہ ہو +
صحیفہ ، کتاب ۔ رسالہ +
صحیفۂ تیغ سحر ف صبح کاذب کی روشنائی
صحیفۂ زر ف سورج ۔ نقد و منہ جوڑے
ہوئے ہیں ۔ عاشق کا رخسارہ +
صحیح نگار ف اخبار نویس جو راست اور درست
حال درج اخبار کرے +

صاد مہملہ مع خائے معجمہ

صخب ، تہنیت کے جاننے کے وقت شور مچانا +
صخر ، بڑا پتھر +
صخرہ ، بڑا پتھر ۔ چٹان ۔ بیت المقدس کا
وہ پتھر جو ہوا میں معلق ہے ۔ ایک دیو کا
نام ہے ۔ جو حضرت سلیمان علیہ السلام
کی انگوٹھی لے گیا تھا +
صخرۂ صمّا ، بیت المقدس کا پتھر جو
ہوا میں معلق ہے +
صخرۂ صم ، ٹھوس اور بھاری +
صخرستان ، سنگستان ۔ پہاڑی مقام +

صاد مہملہ مع دال مہملہ

صد ف سو ۔ ایک سو اس گنتی کا عدد ہے +
صدا ، آواز ۔ گونج +
صَدارت ، بالا نشینی ۔ شروع کرنا ۔ ایک
عہدہ کا نام ہے ۔ جو وزارت سے نیچا اور
سب سے اونچا ہوتا ہے +
صدارت عظمیٰ ، عہدہ وزارت +
صُداع ، درد سر +
صِداق ، عورت کا حق مہر ۔ کابین +
صداقت ، دوستی ۔ سچاپن +
صد پا ، کنکھجورا +
صد برگ گیندا جو ، گیندے کا پھول ہے ۔
وہ پھول جسکے پتیاں زیادہ ہوں ۔ ہزارہ +
صد در مقابلہ ، نزدیکی ۔ قصد کرنا ۔ صدر سے ہونا
صَدر ، سینہ ۔ دل ۔ بالا ۔ ابتدا ۔ شروع ۔ صحن
انگنائی ۔ بالا نشین ۔ میر ۔ سردار ۔ وہ منصب
جو وزیر سے نیچے اور سب سے اونچا ہو ۔
اور علم عروض میں شعر کا پہلا لفظ صدر
کہلاتا ہے +
صدر اعظم ، وزیر +
صدر الممالک ، وزیر سلطنت +
صدر خجند ف خجند (توران میں ایک شہر ہے)
کا صدر نشین ۔ ایک بزرگ کا لقب ہے +
صدرہ ، سینہ پوش ۔ چھوٹا کرتہ +
صد شاخ کردن ف ٹکڑے ٹکڑے کرنا
صُدغ ۔ صُدغہ ، کنپٹی ۔ شقیقہ +
صدف ، ہر بیضہ جیسے موتی وغیرہ
سیپی ۔ شراب کا چھوٹا پیالہ ۔ شلغم کی صورت
پر چند ستارے قطب کے پاس ہیں جنہیں
صدف قطب کہتے ہیں +
صَدف ۔ صُدُف ۔ صُدُف ،
جریدگی ۔ کوہ ۔ کنارہ کوہ +
صدف آتشیں ۔ صدف روز
ف آفتاب +
صدف صد و چاردہ ، عقد قرآن (قرآن مجید)
جس میں ۱۱۴ سورتیں ہیں +
صدف فلک ، فلک الافلاک ۔ آفتاب ۔
قطب شمالی کے پاس ایک ستارہ شکل بھی ہے
صدف گوں سگ غوث ، بود کا پیالہ +
صدف مشکین رنگ ف آسمان +
صدف ہزار بیدق ف آسمان کے ستارے
صِدق ، سچائی +
صدقہ ، خدا کے نام پر جو فقیروں کو دیا جائے
صدقۂ جاریہ ، ایسی چیزوں کا بنوانا جن کے
باعث ہمیشہ لوگوں کو فیض پہنچے جیسے مسجد
نہر ۔ کنواں ۔ مدرسہ ۔ سرائے وغیرہ +
صدمہ ، کسی کو آسیب آزار پہنچانا ۔ اور
ٹکر ۔ دھکا ۔ آسیب +
صدمہ خوردن ف دھکا کھانا +
صدمہ دادن ف دھکا دینا +
صدمہ رسیدن ف دھکا لگنا +
صُدُور ، جمع صدر چھاتیاں ۔ بالا نشینان جمع
صدر کی اور کسی جگہ سے باہر نکلنا +
صدی ، سو برس کا عرصہ +
صدید ، زرد آب جو دنبل اور زخم سے نکلتا
ہے ۔ ریم ۔ پیپ +
صدی ذات ف ہزار روپیہ والے
منصب کا آدمی +
صَدیق ، دوست ۔ دوستان ۔ مفرد و
جمع اس کی یکساں ہے +
صِدّیق ، بہت سچا ۔ بہت تصدیق کرنیوالا
حضرت ابوبکر (خلیفہ اول) کا لقب ہے جنہوں
نے بغیر معجزہ مانگے حضرت کی تصدیق کی تھی
اور آنحضرت صلعم کی وفات کے بعد خلیفہ
ہوئے ۔ انکے زمانہ میں یمن عراق اور
شام کے ممالک فتح ہوئے ۔ اور بعض
لوگ جو اسلام سے پھرنے لگے انکو تادیب
کی ۔ مسیلمہ کذاب جس نے نبوت کا دعویٰ
کیا تھا قتل کیا گیا +

صاد مہملہ مع رائے مہملہ

صُراح ، خلاصہ ۔ ہر چیز خالص ۔ روشنائی
شراب خالص ۔ علم لغت کی ایک کتاب
کا نام بھی ہے +
صراحت ، آشکارا ہونا ۔ ظہور +
صُراحی ، شراب یا پانی رکھنے کا برتن +
صُراخ ، چیخنا چنگھاڑنا +
صراط ، سیدھی راہ ۔ راہ ۔ ایک پل کا نام ہے
جو دوزخ کے سر پر قائم ہوگا ۔ وہ بال سے
باریک تر اور تلوار سے تیز تر ہے ہر شخص کو وہاں
سے گزرنا ہوگا +
صرّاف ، پرکھنے والا ۔ وہ شخص جو نقدی
کی تجارت کرتا ہو +
صرف ، خالص کرنا اور ہونا ۔ باد خزاں +
صراف خزاں ف سورج ۔ باد خزاں
فصل خزاں +
صرامت ، دلاوری ۔ چالاکی ۔ بزرگی
کاٹنا ۔ قطع کرنا +
صراہ ، رنگ ۔ بدبودار پانی ۔
ٹھیرے ہوئے پانی کا بقیہ +

صَرح ، قصر ، کوشک - عالیشان عمارت - سرکوبہ +
صَرح ، برہنہ خالص چیز +
صَرحِ مُمَرّد ، ایسا محل جو چمکتا ہو اور سادہ و ہموار ہو - آسمان +
صَرصَر ، ٹھنڈی ہوا - پیچ - عذاب +
صُرَد ، چڑیا کا شکار کرنے والا بڑے سر والا ایک پرندہ ہے - لٹورہ +
صَرصَر ، باد تند - آندھی - جھکڑ +
صَرصَر کوہ ، پہاڑی - ف گھوڑا جو قوی ہیکل اور تیز رفتار ہو +
صَرع ، پچھاڑنا - مرگی جو مشہور بیماری ہے +
صَرعِ ستارگان ، ف ستاروں کا جھکنا ان کا زمین کی طرف نظر آنا +
صَرعی ، مرگی والا +
صِرف ، خالص شے - شراب خالص جسمیں پانی نہ ملا ہو +
صَرف ، خرچ کرنا - پھیرنا - پلٹنا - توبہ - زمانے کی گردش - اُلٹانا - ایک علم کا نام ہے جس سے کلمہ کے عوارض یعنی اس کی تقسیم و تعلیل اور اشتقاق اور اسکی اصلیت و گردان کا حال معلوم ہوتا ہے +
صَرفِ بیجا ، وہ رنگ - ف شراب غوانی +
صَرفہ ، ایک روشن ستارے کا نام ہے جو قمر کی بارھویں منزل ہے - چہرہ میں تنگی کرنا - فائدہ - نفع - فروتنی - مکر - حیلہ - فرصت - فرجہ - احتیاط +
صَرفہ بُردن ، ف سبقت لے جانا - فائدہ اُٹھانا +
صَرفی ، وہ شخص جو علم صرف جانتا ہو +

صَرم ، کاٹنا - قطع کرنا - جرم کا معرب بھی ہے +
صُرُو ، جمع صرو جو معرب سرو کا ہے - سرو درخت بھی ہیں +
صُرُوف ، حوادث - حوادث جمع صرف کی ہے +
صُرّہ ، تھیلی - ہمیانی +
صَریح ، ظاہر - آشکارا +
صَریر ، آواز قلم - بانگ تیغ - آواز تعلین دروازے کی کھولنے اور بند کرنے کی آواز - مشق کی آواز +
صَریمہ ، ارادہ - عزیمت - کسی کام کا قطع کرنا +

صاد مہملہ مع طائے مہملہ

صَطرلاب ، اصطرلاب کا مخفف ہے

صاد مہملہ مع عین مہملہ

صِعاب ، جمع صعب - دشواریاں +
صَعب ، دشوار - تند - سخت - سرکش +
صَعبتر ، سخت تر - دشوار تر +
صَعتر ، گورخر - گورخراں +
صَعقہ ، بیہوشی +
صُعلوک ، فقیر - درویش +
صُعُوبت ، دشواری - سختی - مشکل پن +
صُعُود ، اوپر چڑھنے والا - بلندی - عذاب علم حساب میں کسی عدد کا صعود وہ ہے جو اس عدد کو اپنی نفس کیسی دفعہ ضرب دینے سے حاصل ہو +
صُعُو ، بلند چڑھنا اور چڑھنا +
صَعوہ ، ممولا جو مشہور پرندہ ہے +
صَعید ، خاک - سطح زمین - مٹی - مصر میں ایک بڑا شہر بھی اس نام کا تھا +

صاد مہملہ مع غین معجمہ

صِغار ، جمع صغیر چھوٹے لڑکے - چھوٹے خوار و کم قدر لوگ - جمع صغرٰی - چھوٹی لڑکیاں چھوٹی چیزیں +
صَغار ، خواری - بے عزتی - کم قدری - چھٹائی - کوچکی - کم عمری +
صَغارت ، چھٹائی - خردی - چھوٹاپن +
صِغر ، چھٹائی - خردی +
صِغرِ سِن ، کم عمری - خردسالی +
صُغرٰے ، ہر مونث شے جو چھوٹی ہو - چھوٹی عورت - منطقیوں کی اصطلاح میں شکل کا پہلا قضیہ - حضرت امام حسین کی ایک لڑکی کا نام بھی ہے جو دمشق میں لڑکپن ہی میں فوت ہوئی - اسکا نام فاطمہ صغرٰے ہے
صَغیر ، چھوٹا - خرد +

صاد مہملہ مع فائے معجمہ

صَفّ ، قطار - آدمیوں کا پرا - لیکن فارسی میں بے تشدید مستعمل ہے +
صُفّہ ، ایوان خانہ - دالان +
صَفا ، صفائی - دوستی - پاکیزگی - مکہ معظمہ کے پاس ایک پہاڑی بھی ہے +
صِفات ، جمع صفت کی +
صِغار ، جمع صغرٰی +
صَفّار ، ٹھٹھیرا - تانبے کے برتن بنانے والا +
صَفّاریاں ، ف ایران کے سلاطین کا ایک خاندان ہے جسکا بانی یعقوب بن لیث صفار ہے - اس خاندان کے کل تین بادشاہ ہوئے ہیں جن میں یعقوب اور اس کا بھائی عمرو بن لیث مشہور ہیں +
صَفاق ، وہ پردہ جو منی یعنی ذکجان کی آنتوں کے گرد ہوتا ہے +
صِفاہان ، سپاہان +
صَفایح ، جمع صفحہ تختے چوڑے - ہر چیز کے ٹکڑے +
صِفت ، حال کا بیان - علامت - نشان گن - تعریف - علم صرف میں اسم صفت وہ اسم ہے جس سے ایک شے کی ایک صفت سمجھی جائے +
صِفتِ مُشَبّہ ، وہ صفت ہے جسمیں صفت کے معنے ہمیشگی کیواسطے سمجھے جائیں +
صَفحۂ تیغ ، ف تلوار کی دونوں طرفیں +
صِفتِ خاصہ ، پیغمبر اور نبیا +
صَفح ، معاف کرنا کسی کی خطا سے درگزر کرنا
صَفَحات ، جمع صفحہ کی +
صَفحہ ، ورق کا ایک رخ کسی لکھے ہوئے خط کا رخ - کنارہ - ایک طرف +
صَفدر ، ف صف لشکر کو پھاڑنے والا - حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا خطاب ہے +
صِفر ، خالی ہونا - خالی - وہ علامت ہو (٠) صفر کی جو حساب وغیرہ میں کام آتا ہے اور ستارۂ زہرہ و برج حمل سے مراد ہے +
صُفر ، زردی - کانسی +
صَفَر ، مسلمانوں کے دوسرے قمری مہینے کا نام ہے +
صَفرا ، چاروں خلطوں میں سے ایک خلط کا نام جو زرد رنگ ہے فارسی میں اسے تلخہ اور ہندی میں پت کہتے ہیں - ہر زرد رنگ شے +
صفرا کردن ، ف غصہ ہونا - سر چڑھانا

صفراوی (ف) منسوب بصفرا سے یعنی صفرا کا
صُفرت (ع) زردی +
صِفر کردن (ف) خالی کرنا +
صَفصَف (ع) زمین ہموار +
صفصاف (ع) بید کا درخت +
صَفع (ع) طمانچہ مارنا +
صَفقہ (ع) بیعت یا بیع کرنے میں ایک فریق ہاتھ کو دوسرے کسی کے ہاتھ پر مارنا +
صفِ نعال (ع) جوتیوں کی صف جو جوتیوں کے پاس ہو +
صفورا (ع) حضرت شعیب پیغمبر کی ایک بیٹی کا نام ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے نکاح میں آئی تھیں +
صَفوت (ع) برگزیدگی۔ خالص و برگزیدہ
صُفوف (ع) جمع ہے صف کی +
صفوان (ع) سنگ ہموار ایک شخص کا نام بھی ہے +
صفوی۔ صفویہ (ع) ایران کے ایک شاہی خاندان کا نام ہے جو شاہ صفی سے منسوب ہے شاہ صفی ایک کامل فقیر تھا جس کا امیر تیمور کامل معتقد تھا۔ اسکی اولاد میں مدت تک ایران کی بادشاہی رہی شاہ اسمٰعیل صفوی شاہ طہماسپ صفوی شاہ عباس صفوی اس خاندان میں نامی بادشاہ گزرے ہیں +
صَفی (ع) برگزیدہ۔ دوست خالص حضرت آدم علیہ السلام سے مراد ہے +
صفیر (ع) پرندوں کی آواز +
صَفیق (ع) سخت چمڑا سخت بنا ہوا کپڑا اور وہ شخص جو حیا نہ رکھتا ہو بے حیا ہو +
صفیہ (ع) جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک بیوی کا نام ہے +

صِفّین [1] (ع) صف کا تثنیہ ہے۔ لڑائی کے وقت دو آمنے سامنے کھڑی ہونے والی صفیں۔ عرب میں ایک مشہور میدان ہے جہاں پر حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور امیر معاویہ کے درمیان ۳۷ھ ہجری میں لڑائیاں ہوئی تھیں اور ان معرکوں میں بہت سے صحابی شہید ہوئے اور آخر کار طرفین سے ثالث مقرر ہو کر حکومت دونوں میں تقسیم ہو گئی +

صاد مہملہ مع قاف

صَقّال (ع) صیقل کرنے والا +
صِقال (ع) شمشیر و آئینہ کی زدودگی +
صِقالت (ع) صیقل کرنا۔ جلا دینا۔ صاف کرنا
صَقر (ع) چرغ اور مطلق مرغ شکاری +
صَقیل (ع) صیقل کی ہوئی چیز روشن +

صاد مہملہ مع کاف تازی

صَک (ع) ٹھوکنا۔ مارنا اور معرب چک کا زمین یا مکان کا قبالہ +
صکاک (ع) جو شخص قبالہ شرعی لکھے۔ قبالہ نویس +

صاد مہملہ مع لام

صَلا (ع) دعوت عام کرنا۔ ضیافت کیواسطے آواز دینا۔ بلانا +
صَلابت (ع) سختی۔ سخت ہونا +
صَلات (ع) جمع صلہ کی۔ عطیہ انعام +
صلوٰۃ (ع) نماز و دعا۔ بندہ کی طرف سے ہو رحمت خدا کی طرف سے اور درود پیغمبر اور فرشتوں پر +
صلاح (ع) نیکی۔ خوبی۔ بھلائی +

صلاحِ (ع) صلح۔ باہم صلح کرنی +
صلاحیت (ع) نیکی۔ پارسائی +
صَلاصِل (ع) جمع صلصل کی یعنی فاختائیں +
صَلَب (ع) سخت +
صُلب (ع) پیٹھ کے مہرے۔ پشت کی ہڈیاں۔ سخت
صَلب (ع) سولی چڑھانا +
صُلبی (ع) پشتی۔ نسبی +
صُلبیہ (ع) آنکھ کا حصہ پیچھے کو ساتوں پردہ
صَلت (ع) کشادہ پیشانی۔ تلوار برہنہ۔ سخت وہ
صُلح (ع) آشتی جو فساد کی ضد ہے +
صُلحاء (ع) جمع صالح کی۔ نیک آدمی +
صلحِ کُل (ف) کسی اہل مذہب کے ساتھ دشمنی نہ رکھنی۔ سب کے ساتھ صلح برتنی۔ دشمن و دوست کے ساتھ سلوک رکھنا۔ خیر خواہ کل مرد بے تعصب +
صلحِ موعود (ع) وہ زمانہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نزول فرمائیں گے +
صَلد (ع) سخت و صاف پتھر +
صَلصال (ع) گوندھی ہوئی یا پکی مٹی۔ نیز سوکھی ہوئی کچی مٹی کہ جب اسے پر ہاتھ ماریں۔ آواز نکلے۔ بجنے والی مٹی +
صَلصَل (ع) فاختہ گھوڑے کی پیشانی کے بال۔ حوض میں اسکے پانی کا بقیہ۔ ایک مقام اور ایک دریا کا نام بھی ہے +
صلصلہ (ع) زنجیر یا گھنٹے یا لوہے کی آواز
صَلَع (ع) سر کے بال اڑ جانا۔ گنجا ہونا +
صَلف (ع) جھوٹ بولنا۔ لاف و زنی +
صَلوات (ع) جمع صلوٰۃ کی۔ درود و دعائیں اور نمازیں +
صلّم (ع) علامت مخفف۔ [illegible]
صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم (ع) مشہور ہے یعنی خدا کی [illegible]

صلی اللہ علیہ وسلم (ع) اہل اسلام جب حضرت پیغمبر کا نام زبان پر لاتے ہیں۔ یا کسی صفحہ میں تحریر فرماتے ہیں یعنی رحمت ہو خدا کی اس پر اور سلام +
صَلیب (ع) سولی جس پر چڑھایا ہوا اور چلیپا کو بھی کہتے ہیں۔ اور یہ لفظ اس کا معرب قرار دیا گیا ہے +
صَلیبی (ع) قوم نصاریٰ +
صلیبی خط (ع) خط چار گوشہ۔ جمع علامت
صلیبی کردن (ف) کسی چیز سے بتیرہ دیکھ چھوکر۔ سطرح کہ خالی ہنر صلیبی شکل بنجائے
صَلیل (ع) لوہے کی آواز۔ تلوار وغیرہ کی آواز +

صاد مہملہ مع میم

صِماخ (ع) سوراخ گوش +
صمد (ع) جیسے صمد کی بات بلند زمین اور شتر +
صُمت (ع) خاموشی۔ چپ چاپ +
صَمَد (ع) بے نیاز جس کے سب محتاج ہوں اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو۔ وہ مرد جو بھوکا پیاسا نہ ہو +
صمدیت (ع) بے نیازی +
صَمصام (ع) شمشیر براں۔ تیز تلوار +
صَمغ (ع) گوند +
صَمیم (ع) بہرا پن۔ ناشنوائی +
صُموت (ع) خاموش ہونا +
صُمٌّ بُکمٌ (ع) یہ دونوں لفظ جمع صم بکم کی ہیں۔ اصم کے معنے بہرا اور ابکم کے معنے گونگا۔ صم و بکم کے معنے بہرے گونگے۔ لیکن محاورہ والے جیسے واحد استعمال کرتے ہیں یعنی بہرا گونگا +
صمیم (ع) خالص۔ ہر چیز کا خلاصہ

[1] یہ لفظ حرف صاد و فا کے زیر کے ساتھ ہے۔ جو شام کے نزدیک دریائے فرات کے کنارہ مشہور و معروف مقام کا نام ہے +

تو دل سے فارسی والے بجائے بہرا اور ماشلی کے استعمال کرتے ہیں +

صاد مہملہ مع نون

صَنادِید ع جمع صندید۔ بزرگ۔ سردار +

صَنادِیق ع صندوق کی جمع +

صِناعت ع کاریگری۔ پیشہ۔ دستکاری +

صَنائِع ع جمع ہے صنع کی۔ نیکیاں۔ ہنر۔ کاریگری

صَنج مب چنگ ایک مشہور باجہ ہے +

صَندَل ع مشہور خوشبودار لکڑی ہے چندن +

صَندَلی ف چوکی۔ کرسی +

صَندُوقچہ ف چھوٹا صندوق +

صَندُوقِ گور ف قبر کی لوح +

صُنع ع کام کرنا۔ صنعت کاری۔ پیدا کرنا۔ کسی کے ساتھ نیکی کرنا +

صَنعا ع ملک یمن میں ایک قصبہ ہے +

صَنعان ع ایک بزرگ کا نام ہے جن کے سات سو مرید تھے شیخ فریدالدین عطار بھی انہیں کے مریدوں میں سے تھے۔ حضرت غوث الاعظم کی بددعا سے ایک نصرانی کی لڑکی پر عاشق ہو کر سور چرانے لگ گئے تھے لیکن آخر ہدایت غیبی نے ان کا ہاتھ پکڑا اور راہ راست پر آ گئے +

صُنعان ع بوئے بغل۔ گندہ بغل +

صَنعت ع کاریگری۔ حرفہ۔ پیشہ +

صَنعت گر ف پیشہ ور۔ کاریگر +

صَنعت گری ف کاریگری +

صَنعت ع قسم۔ نوع۔ صفت۔ صفات +

صَنَم ع بت۔ محبوب۔ معشوق +

صَنَم خانہ ف صنم کدہ۔ بتخانہ +

صِنوان ع کھجوروں کے درخت جن کے منبع زمین سے نکلنے کے مقام سے آپس میں ملے ہوئے ہوں۔ دو نالے جو ایک چشمے سے نکلیں۔ دو بھائی جو ایک ہی ماں باپ کی اولاد ہوں +

صَنَوبَر ع چیڑ کا درخت +

صُنُوف ع جمع ہے صنف کی۔ قسمیں +

صاد مہملہ مع واو

صَواب ع راست۔ درست۔ ٹھیک۔ برخلاف خطا کے۔ اور بمعنے راستی۔ درستی +

صَوابدِید ف صلاح۔ مشورہ۔ تجویز۔ درست

صَوارِف ع جمع صارفہ۔ حادثے۔ زمانہ کی گردشیں +

صَوارِم ع جمع ہے صارم کی۔ کاٹنے والی تلواریں +

صَواعِق ع جمع ہے صاعقہ کی۔ بجلیاں

صَوافّ ع گائیں اور گھوڑے اور اونٹ جو تیار ہوں۔ اور تین پاؤں پر کھڑے ہوں قربانی کے واسطے رکھے گئے اونٹ +

صَوامِع ع جمع ہے صومعہ کی۔ خانقاہ۔ عبادت خانے۔ گرجے +

صَوب ع طرف۔ جانب۔ راستی +

صُوبہ ع ٹکڑہ۔ ولایت۔ جہاں سلطنت کا ایک حصہ

صُوبہ دار ف صوبہ کا حاکم لفٹننٹ گورنر +

صَوت ع آواز +

صُوَر ع جمع صورت کی۔ صورتیں +

صُور ع جانور کا سینگ جسے بجاتے ہیں نرسنگھا۔ اور وہ نرسنگھا جو قیامت کے دن حضرت اسرافیل علیہ السلام پھونکیں گے۔

صُور ع تصویر۔ شکل +

صورت بازی ف بہروپ +

صُورتِ بستنِ کار
صُورتِ پیداکردنِ کار
صُورتِ گرفتنِ کار
ف کام کا اصلاح پذیر ہونا۔ درست ہونا۔ وقوع میں آنا +

صُورت بندِ ف مصور۔ نقاش +

صورت بے معنے ف جس کا ظاہر اچھا ہو اور باطن خراب +

صورت دادنِ کار ف اس کام کی اصلاح درستی کر لی +

صُورتِ نوعی ع ایک جوہر ہے جو مطلق جسم سے لاحق ہو کر اس کو اور انواع سے الگ کر دیتا ہے +

صُورِ اسرافیل ع وہ نرسنگھا جو قیامت کے دن حضرت اسرافیل پھونکیں گے پہلی دفعہ کی آواز سے سب مر جائیں گے۔ اور دوسری دفعہ کی آواز سے سب زندہ ہو جائیں گے۔ اور ان دونوں آوازوں میں چالیس برس کا فاصلہ ہوگا +

صُورِ عبدالرحمٰن ع آسمان کی مختلف اشکال کے بیان میں عبدالرحمٰن نامہ ایک صوفی کی کتاب ہے +

صُورِ علمیہ ع صوفیوں کی اصطلاح میں موجودہ اور آئندہ موجود ہونے والی سب چیزیں جو کہ حق سبحانہ تعالے کے علم میں پیدائش سے پہلے آ چکی ہیں +

صُورت گری ف صورت بنانا۔ نقاشی

صُورِ مرئیات ع وہ صورتیں جو نظر آتی ہیں

صورت نگار ف مصور۔ نقاش +

صُوری ع ظاہری +

صُوف ع پشم۔ اون +

صُوفی ع پشم پوش۔ اون کا کپڑا پہننے والا۔ دل کو غیر حق کے خیال سے صاف کرنے والا درویش۔ فقیر۔ مخلص +

صُوفیان ف جمع صوفی کی۔ معنی نمبر کیونکہ اکثر ان کے موٹے سوتی کپڑے پہنے رہتے ہیں۔ یا دل کو غیر خدا کے خیال سے صاف رکھتے ہیں +

صوفیچہ ف صوفیوں کا ایک قسم کا کپڑا ہے

صَول ع حملہ کرنا۔ جھپٹنا کسی پر جھپٹ جانا

صَولت ع دبدبہ۔ رعب۔ ہیبت +

صولجان مب چوگان کا چلی لکڑی کبھی اور گان حرف نسبت سے مرکب ہے بزرگان مرکب ہوا ڈنڈا +

صَوم ع روزہ +

صَومُ العَذار صوم مریم جیب کا روزہ تمام دن کسی سے نہ بولنا +

صَومَعہ ع خانقاہ۔ عبادت خانہ۔ گرجا +

صَون ع نگہبانی +

صاد مہملہ مع ہائے ہوز

صَہ ع چپ رہ +

صَہبائی ع انگوری شراب۔ بلندی شراب

صِہر ع سسر۔ خاوند کا ہو خواہ عورت کا مرد یا عورت کا رشتہ دار۔ لڑکی یا بہن کا خاوند

صَہریج ع پانی کا آلاؤ۔ اس حوض کا آلاؤ جس میں پانی جمع ہو +

صُہَیب ع جناب رسول خدا صلعم اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کا نام ہے جو ملک روم کے رہنے والے اور نہایت فصیح و بلیغ تھے +

صُہَیل ع گھوڑے کا ہنہنانا +

صاد مہملہ مع یائے تحتانی

صیاح (ع) آواز۔ نوحہ۔ فغاں +
صیاد (ع) شکاری۔ شکار کرنیوالا۔ معشوق سے بھی مراد ہے +
صیاغ (ع) زرگر۔ سُنار +
صیام (ع) جمع صوم کی +
صیانت (ع) بچاؤ۔ بچاؤ۔ حفاظت۔ نگہبانی
صیت (ع) آوازہ۔ شہرت۔ ذکر خیر +
صیحہ (ع) آواز۔ فریاد۔ چیخ۔ عذاب +
صید (ع) شکار۔ وہ جانور جسکو شکار کریں۔ شکار کرنا
صید حرم (ع) حرم کے جانور جن کا شکار کرنا حرام ہے
صیرفی (ع) صراف۔ ایک خوشنویس کا نام اور شاعر کا تخلص بھی ہے +
صیرورت (ع) کسی چیز کا ہونا +
صیغہ (ع) چاندی سونے کا قالب میں ڈھالنا۔ خلقت۔ طریقہ۔ اصل۔ صرفیوں کی اصطلاح میں کلمہ کی وہ ہیئت جو اسکے حروف کے تقدم و تاخر اور حرکات و سکنات کی جہت سے عارض ہوتی ہے اور نکاح کے معنے میں بھی آتا ہے +
صیف (ع) گرمی کا موسم۔ موسم گرما +
صیقل (ع) زنگ دور کرنا۔ صاف کرنا۔ چمکانا۔ زنگ دور کرنے کا آلہ +

باب ضاد معجمہ

ضاد معجمہ مع الف

ضاب (ع) گرہ دار درخت۔ جیسے انار اور زقوم وغیرہ +
ضابط (ع) انتظام کرنیوالا۔ حفاظت میں رکھنے والا۔ ہوشیار +
ضابطہ (ع) قاعدہ۔ قانون۔ دستور +
ضاجر (ع) دلتنگ۔ بیقرار۔ بے آرام +
ضاحک (ع) ہنسنے والا +
ضار (ع) مضر۔ ضرر پہنچانیوالا +
ضارب (ع) مارنیوالا +
ضاری (ع) شکار کے پیچھے دوڑنیوالا کتا وغیرہ
ضاغط۔ ضاغوط (ع) ایک حالت ہے کہ خواب میں آدمی ایسا جانتا ہے کہ اُسکے گلے کو کوئی گھونٹ رہا ہے +
ضال (ع) گمراہ۔ راہ بھٹکا ہوا +
ضالین (ع) گمراہ لوگ +
ضامن (ع) ذمہ دار۔ کفیل خاطر۔ جمع کرنیوالا۔ درگیرندہ۔ وہ شخص جو کسی کا طرفدار ہو۔ مددگار +
ضامن وجہہ (ع) ضامن +
ضامنی (ف) ضمانت۔ ذمہ داری +
ضان (ع) بھیڑ بکری۔ اون والی بدبو
ضائع (ع) کھویا ہوا۔ بے فائدہ۔ کھویا گیا برباد شدہ۔ تباہ۔ خراب +

ضاد معجمہ مع بائے موحدہ

ضبّ (ع) سوسمار۔ گوہ +
ضباح (ع) لومڑی کی آواز +
ضبط (ع) ہر شے کی نگہداشت اُس کی حد پر۔ انتظام +
ضبع (ع) کفتار۔ بجّو +
ضبعان (ع) کفتار نر +
ضبعی (ع) کفتار مادہ +
ضبیع (ع) بازو بغل +

ضاد معجمہ مع جیم عربی

ضجّ (ع) شور۔ غوغا کرنا +
ضجر (ع) قلق۔ تنگی۔ بیقراری کلام کے ساتھ۔ نفس کی تنگی +
ضجر ضجور (ع) تنگدل۔ مضطرب۔ غمگین پریشان +
ضجرت (ع) بے آرامی۔ تنگ دلی +
ضجیع (ع) ہم خوابہ۔ ہم بستر +

ضاد معجمہ مع حائے حطّی

ضحیٰ (ع) پہر دن چڑھنے کا وقت۔ نہایت روشنی کا وقت +
ضحاک (ع) بہت ہنسنے والا۔ ایران کے ایک ظالم بادشاہ کا نام ہے جسکی نسبت یہ مشہور ہے کہ اسکے دونوں مونڈھوں پر دو سانپ پیدا ہو گئے تھے۔ اور آدمیوں کے دماغ انکی غذا تھی۔ آخر فریدوں کا وہ آہنگر کے فریدوں نے اُس کو گرفتار کر لیا۔ اور عنان حکومت اپنے ہاتھ میں لی یہ لفظ دہ آک کا معرب ہے۔ آک کے معنے فارسی میں عیب ہیں چونکہ اُس میں دس عیب تھے۔ اس لئے اس نام سے مشہور ہوا۔ اور وہ عیب یہ ہیں۔ بدخلقی پست قدی۔ تکبر۔ جھوٹ بولنا۔ بددلی بے دینی۔ بے شرمی۔ بےعقلی۔ بدزبانی بسیار خواری۔ بعض ثقات کا یہ قول ہے کہ ہر وقت بولتا ہنستا رہتا تھا۔ اس کے شوہر تھے۔ چونکہ والدین اس کے ملک عرب کے تھے۔ دونوں کے لحاظ سے ہنستا ہوا خیال کر کے اس کا اتفاق و بہت ہنسنے والا نام رکھ دیا +
ضحکاک (ع) آواز کے ساتھ ہنسنا۔ کھل کھلا کر ہنسنا۔ خندہ +
ضحکہ (ع) جس پر لوگ ہنسیں اور تمسخر کریں +
ضحل (ع) تھوڑا پانی +
ضحو (ع) چاشت کا وقت اور ظاہر ہونا۔ چاشت کا طعام کھانا +
ضحوکہ (ع) جو چیز لوگوں کو ہنسائے وہ تماشا جسے لوگ دیکھ کر ہنسیں +
ضحیم (ع) وہ شخص جسکے منہ یا گردن یا شکم میں کجی ہو +

ضاد معجمہ مع خائے معجمہ

ضخامت (ع) موٹا ہونا۔ جسامت۔ موٹاپا +
ضخیم (ع) بڑے جسم والا۔ بڑا +

ضاد معجمہ مع دال مہملہ

ضد (ع) برعکس۔ خلاف۔ وہ شے جو دوسری شے کے غایت درجہ | برعکس ہو۔ دو شے ہیں +
ضدین (ع) دو ضدیں جیسے سیاہی اور سفیدی

ضاد معجمہ مع رائے مہملہ

ضراء (ع) تکلیف۔ سختی +
ضراب (ع) نر کا مادہ پر چڑھنا۔ کسی کو تلوار مارنی +
ضرّاب (ع) سکہ بنانیوالا +
ضرار (ع) ایک دوسرے کو تکلیف پہنچانی اور مسجد ضرار مدینہ میں وہ مسجد تھی جو منافقوں نے جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ستانے کے لئے بنائی تھی۔ خدا تعالے نے اس کے ڈھا دینے کا حکم فرمایا تھا +
ضرارت (ع) دکھ دینا۔ ستانا۔ اندھا ہونا +

ضُروط ۔ گوز جو بآواز ہو +

ضراعت ۔ زاری ۔ عاجزی +

ضِرام ۔ چھوٹی چھوٹی اور پتلی لکڑیاں جن سے آگ جلاتے ہیں +

ضرب ۔ مارنا ۔ بیان کرنا ۔ مانند ۔ ظاہر کرنا شعر کے آخری رکن کو بھی کہتے ہیں ۔ ایک چیز کو دوسری میں ملانا +

ضربِ لازب ۔ ایسے زخم جن کے نشان اچھے ہونے کے بعد بھی باقی رہے +

ضربُ الفتح ۔ شادیانے کا نقارہ جو فتح کے وقت بجایا جاتا ہے +

ضربُ المثل ۔ کہاوت +

ضربان ۔ رگ کا پھڑکنا ۔ ٹپک ٹپک کرنا دل دھڑکنا ۔ ... بیماری ہے +

ضربہ ۔ چوٹ ۔ ... مع ...

ضربتِ لازب ۔ ... چوٹ لازب چپٹنے والی ... چوٹ جس کا نشان ہمیشہ باقی رہے ۔ استعمال وترکیب فارسی ہے ورنہ بقاعدہ عربی لازب کی جگہ لازبہ ہونا چاہئے تاکہ تانیث ضروری تھی +

ضربِ کسور ۔ دو یکسور رقموں کو آپس میں ضرب دینے کا قاعدہ +

ضرب و تقسیم ۔ ضرب اور تقسیم +

ضربی ۔ منسوب بضرب جس کے معنے شہد کے ہیں +

ضرتان ۔ دو سوکنیں ۔ دو عورتیں جو ایک مرد کے نکاح میں ہوں +

ضروان ۔ ایک گاؤں کا نام ہے +

ضرر ۔ نقصان ۔ دکھ +

ضرزیک ۔ ایک قسم کی توپ ہے +

ضِرس ۔ ڈاڑھ ۔ اندر کے جبڑے بڑے دانت +

ضَرع ۔ جانوروں کا پستان +

ضَرَع ۔ زاری ۔ فروتنی ۔ خاکساری ۔ عجز و نیاز +

ضِرغام ۔ شیر درندہ +

ضُرُوب ۔ انواع ۔ اقسام ۔ جمع ضرب کی

ضُرُور ۔ اچٹ جسکا ہونا ہی چاہئے +

ضُرُورت ۔ جسکے بغیر کام نہ چلے ۔ حاجت

ضُرُوری ۔ منسوب بضرورت بمعنی تا

ضَرّہ ۔ سوت سوکن +

ضریبت ۔ خو ۔ عادت ۔ طبیعت +

ضریح ۔ قبر +

ضریر ۔ جو شخص اندھا ہو گیا ہو ۔ نابینا بیمار ۔ لاغر ۔ بدحالی ۔ لاغری ۔ زبان سیدہ ونقصان یافتہ +

ضُرّ ۔ پہلی عورت کی زندگی میں دوسری عورت سے نکاح کرنا +

ضریع ۔ ایک گھاس کا نام ہے جو دریا کے کنارے پیدا ہوتی ہے اُسکی بدمزگی و سمیّت سے کوئی جانور اسکو نہیں کھاتا ۔ اور جو کھاتا ہے مرجاتا ہے +

ضاد معجمہ مع عین مہملہ

ضِعاف ۔ جمع ضعیف کی +

ضُعف ۔ ناتوانی ۔ ناطاقتی ۔ سستی +

ضَعف ۔ بیہوشی ۔ نقصان عقل +

ضِعف ۔ دوگنی شے ۔ دو چند +

ضُعَفا ۔ جمع ضعیف کی +

ضُعفُ التالیف ۔ کوئی بات محاورہ کے برخلاف کہنی +

ضعیف ۔ ناتواں ۔ ناطاقت ۔ بوڑھا

ضعیفی ۔ ناتوانی ۔ کمزوری +

ضاد معجمہ مع غین معجمہ

ضغائن ۔ جمع ضغینہ ۔ کینے +

ضغط ۔ بھینچنا ۔ تنگ کرنا +

ضغطہ ۔ سختی ۔ مشقت ۔ تنگی ۔ فشارش +

ضِغن ۔ کینہ +

ضغینہ ۔ کینہ +

ضاد معجمہ مع فاے

ضفادع ۔ جمع ضفدع کی ۔ مینڈکیں

ضفائر ۔ جمع ضفیرہ کی ۔ مینڈھیاں +

ضفدع ۔ مینڈک ۔ غوک +

ضفّہ ۔ رود کا کنارہ ۔ نالے کا کنارہ +

ضفیر ضفیرہ ۔ مینڈھی +

ضاد معجمہ مع لام

ضِلّ ۔ گمراہ ۔ نامعلوم شخص +

ضلال ۔ ضلالت ۔ گمراہی +

ضلّت ۔ گمراہی +

ضِلَع ۔ ضلعہ ۔ پسلی پہلو کی ہڈی ۔ ملک کا حصہ ۔ لام کی فتح سے بھی صحیح ہے

ضُلوع ۔ جمع ہے ضلع کی پسلیاں +

ضِلّیل ۔ گمراہ ۔ وہ بھولا ہوا جو بھٹکا ہوا

ضاد معجمہ مع میم

ضَمّ ۔ ملانا اور حرکت پیش دینی +

ضِماد ۔ لیپ ۔ دوا کو پانی وغیرہ میں ملا کر بدن پر لگانا ۔ اصطلاح اطبا میں اُس لیپ کو جسکا قوام غلیظ ہو ضماد کہتے ہیں اور جس کا قوام رقیق ہو طلا +

ضمان ضمانت ۔ ضامنی ۔ ذمہ داری

ضمانداری ۔ کفیل ۔ ذمہ دار +

ضمایر ۔ جمع ضمیر کی +

ضمائم ۔ جمع ضمیمہ کی ۔ متعلقات ۔ اضافیات +

ضِمن ۔ اندروں ۔ اندر +

ضمنُ اللفظ ۔ علم شعر میں ایک صنعت ہے جس کے ذریعے ایک لفظ میں دو مرا لفظ مذکور کریں جیسے اس بیت میں سہ

تیبے نظیر جہانی وسن نظر نکنم
بجانیے کہ ندارد رخ تو تاب نظر

ضُمُور ۔ ضعف ۔ لاغری +

ضُمور ۔ لاغر ۔ دبلا +

ضمّہ ضمّہ ۔ پیش کو کہتے ہیں ۔ سو ضمّ کے معنے ہیں ملانا چونکہ جس حرف پر یہ حرکت ہو اس کے ادا کرتے وقت دونوں ہونٹ مل جاتے ہیں ۔ اس واسطے ضمّہ کہلایا +

ضمیر ۔ جو دل میں گذرے ۔ دل کا حال ۔ بھید ۔ مجازاً دل ۔ اور وہ اسم جو قائم مقام اسم ظاہر کے ہو ۔ اسم غیر مظہر +

ضمیران ۔ گل ریحان یعنی ناز بو جو ایک مشہور پھول ہے +

ضمیم ۔ ملا ہوا ۔ شامل کیا گیا +

ضمیمہ ۔ وہ شے جو کسی دوسری شے پر بڑھا کر لگا دیں +

ضمین ۔ ضامن +

ضاد معجمہ مع نون

ضَنّت ۔ بخل ۔ بخیلی +

ضنک ، تنگی۔ تنگ +
ضعیفی۔ ہو۔ لاغر +
ضنین ، بخیل کنجوس +

ضاد معجمہ مع واو

ضوء ، آفتاب کی روشنی +
ضوابط ، ضابطہ کی جمع۔ قواعد +
ضواحک ، چار دانت ہیں جو کنیلوں اور ڈاڑھوں کے درمیان واقعہ ہیں +

ضاد معجمہ مع یائے تحتانی

ضیاء ، آفتاب کی روشنی +
ضیاع ، جمع ہے ضیعہ کی مزروعہ زمینیں +
ضیاعات ، مزروعہ زمینیں +
ضیافت ، مہمانی۔ کھانا کھلانا۔ دعوت +
ضیر ، گزند۔ نقصان +
ضیغم ، تند شیر۔ کاٹنے والا شیر +
ضیف ، مہمان۔ اسم جنس ہے۔ واحد اور جمع دونوں پر اس کا اطلاق کیا جاتا ہے +
ضیق ، تنگی +
ضیق ، تنگ +
ضیق النفس ، سانس کی تنگی ایک مشہور مرض ہے ہندی میں اس کو دمہ کہتے ہیں +
ضیم ، کسی کے حق میں نقصان کرنا ظلم کرنا۔ اور معرفت اشتقاق سے اندیشہ کرنا +
ضیوف ، مہمان جمع ضیف کی +

باب طائے مہملہ

طائے مہملہ مع الف

طاب ، بوسے خوش۔ طیب ۔ فعل ماضی بھی ہے +
طابق النعل بالنعل ، مطابق ہو گئی جوتی ساتھ جوتی کے۔ یہ فقرہ ایسی جگہ بولتے ہیں جہاں ایک چیز دوسری چیز کے بالکل مطابق ہو جائے +
طابہ ۔ طیبہ ، دونوں مدینہ منورہ کے نام ہیں +
طابیہ ت چار دیواری +
طاجن ۔ طابق ، کڑاہی۔ توا جس پر کوئی چیز بھونیں +
طاحون ۔ طاحونہ ، چکی۔ آسیا +
طاجک ، آزاد درخت کا پھل +
طارف ، نیا اور تازہ اور عمدہ مال +
طارق ، حضرت عادشہ ستارہ کے قریب طلوع ہونیوالا ستارہ جو شب رات کو ظاہر ہو جو شخص رات کو آئے یا سفر کرے چور ساحر۔ ایک شخص کا نام بھی ہے +
طارم ۔ طارمہ ، بتے تارہ کی لکڑی کا گھر۔ بالاخانہ۔ برج +
طارم خضر۔ طارم خضرا۔ طارم فیروزہ طارم نیلگون ف آسمان +
طاری ، ناگاہ ظاہر ہونیوالا عارض ہونیوالا کسی جگہ سے پیچھے اترنے والا +
طاربقہ ف صب السلاطین جہاں کوٹ +
طاس مسینہ تاس کا بڑا تھال +

طاس آبگون ف آسمان +
طاس بازی ف مکر و فریب +
طاس زر ف آفتاب۔ طاق فیروزہ +
طاسک ف مصغر ہے طاس کا چھوٹا طشت۔ تسلا۔ لگنی +
طاسک نگون ف اوندھا ہوا لگن
طاس نگون سرت آسمان +
طاطاۃ ، سرتم کا نا جیسے کہ بکری ہیں کرتے ہیں +
طاعات ، جمع طاعت کی بندگیاں +
طاعت ، بندگی۔ عبادت +
طاعن ، نیزہ مارنے والا۔ طعنہ دینے والا +
طاعون ، مشہور وبا ہے اس میں ایک پھوڑا خصیہ یا پستان یا بغل کے نیچے نکلا کرتا ہے اور غشی اسکے ساتھ لاحق ہوتی ہے +
طاغوت ، بت۔ شیطان۔ ایک دیو کا نام ہے +
طاغی ، پھرا ہوا۔ مفسد۔ باغی +
طاغیان ف جمع ہے طاغی کی مفسد لوگ۔ سرکش لوگ +
طاف ، بہت گشت کرنیوالا۔ بہت طواف کرنے والا +
طافح ، بدمست متوالا ابھرا ہوا +
طافی ، پانی پر تیرنے والی چیز +
طاق ، محراب۔ دیوار میں خم بنائی ہوئی جگہ محرابدار عالیشان عمارت محل رواق اور چیم۔ تنہا ۔ منفرد +
طاقات ، جمع طاقہ دستہ +
طاق ازرق۔ طاق بازیچہ رنگ۔ طاق خضرا۔ طاق طارم۔ طاق فیروزہ رنگ۔ طاق نخلی۔ طاق لاجوردی۔ طاق مقرنس۔ طاق نیلوفری۔ طاق نیم خانہ ف سب مراد آسمان سے ہے +
طاقت ، قوت۔ زور۔ توانائی +
طاق بر نہادن ف بھلا دینا فراموش کرنا +
طاقچہ ف چھوٹا طاق +
طاقدیس ف خسرو پرویز کے تخت کا نام ہے +
طاقہ ، ایک عدد کپڑا۔ تاب و تحمل طاقت و توانائی۔ گلدستہ +
طاقی ، ایک قسم کی ٹوپی ہے +
طال ، دراز ہوا۔ بڑھ گیا ہے +
طالب ، طلب کرنیوالا۔ ڈھونڈھنے والا
طالح ، بدفعل۔ بدکار۔ بدکردار ۔ ضد صالح کے +
طالش ۔ تالش ، ذخیرہ خزر کے کنارے ملک آذربائیجان میں ایک مقام ہے وہاں کے باشندوں کو بھی تالش ہی کہتے ہیں +
طالع ، چڑھنے والا۔ طلوع کرنیوالا ستارہ مجازاً نصیب +
طالعہ ، طلوع کرنیوالا۔ روشنی +
طالق ، وہ عورت جس کو طلاق دی گئی ہو +
طالقان ایک شہر کا نام ہے +
طالوت ، بنی اسرائیل کے ایک سردار کا نام ہے جس کے بعد حضرت داود علیہ السلام بادشاہ ہوئے +
طامات ، جمع طامہ کی۔ [illegible]

مختلف منہ رجو ذیل معنے میں استعمال کرتے ہیں۔ صوفیوں کا اظہار کشف و کرامات میں شیخی اور ڈینگ۔ لاف و گزاف۔ بیہودہ باتیں +

طامح (سرکش۔ بہنا) +

طامع (طمع کرنیوالا۔ لالچی۔ حریص) +

طامّہ (حادثۂ عظیم) +

طامّۂ کبرے (قیامت) +

طاؤس (مور مشہور پرندہ ہے) +

طاؤس آتش پر (ت) آسمان +

طاؤس پران اخضر (ذ) فرشتے ستارے +

طاؤس خلد (حور و غلمان) +

طاؤس علوی آشیاں (ف) آگ +

طاؤس مشرق خرام (ف) سورج آسمان

طٰس و یٰسین (قرآن کی دو سورتوں کے نام ہیں۔ جنکے ابتدا میں یہی لفظ آتے ہیں۔ طٰہ سے مراد ہے یا طاہر اور یٰسین سے مراد ہے یا سید۔ نام جناب رسول خدا صلعم کے +

طاہر (پاک جو ناپاک نہ ہو) +

طائر (اڑنے والا پرندہ) +

طائران قدس (ف) فرشتے +

طائر عرش۔ طائر قدس۔ طائر سدرہ (ف) جبرئیل +

طائر قدسی (فرشتہ جبرئیل) +

طائف (طواف کرنیوالا۔ خیال جو نیند میں دکھائی دے۔ شہر کا نام جو مکہ کے پاس ایک زرخیز علاقہ ہے جہاں ہر قسم کے میوے پیدا ہوتے ہیں اور وہاں کی آب و ہوا سرد اور نہایت عمدہ ہے +

[illegible] +

طائفہ (آدمیوں کا گروہ۔ جماعت۔ ٹکڑا) +

طائل (فائدہ) +

طائی (عرب میں ایک قبیلے کا نام ہے۔ اس قبیلے کے آدمی کو طائی کہتے ہیں۔ حاتم بھی اس قبیلے سے تھا۔ داؤد طائی جو ایک مشہور ولی ہیں اسی قبیلے سے ہیں +

طائے مہملہ مع بائے موحدہ

طِبّ۔ طُبّ۔ طَبّ (یونانی بیدک کا علم۔ بیماریوں کے علاج کرنیکا علم) +

طبابت (علاج کرنا) +

طبّاخ (پکانیوالا۔ باورچی) +

طباشیر (معرب تباشیر۔ بنسلوچن) +

طباشیر صبح (ف) صبح صادق +

طباطبا (امام حسن کے پوتے اسمٰعیل کا نام جو زبان میں لکنت ہونے کی وجہ سے قاف کی جگہ طا بولتا تھا۔ ایک دفعہ عید کے دن اپنے باپ سے قبا مانگنے کے واسطے قبا قبا کو طبا طبا کہا تھا۔ اس سے اسکا نام طباطبا پڑ گیا۔ اس کی اولاد میں جو سید ہیں۔ انہیں سادات طباطبائی کہتے ہیں +

طبائع (سرشت۔ خو۔ عادت۔ طبع اور طبیعت کی جمع بھی ہے) +

طبّاع (صاحب طبیعت ذکی) +

طباق (موافق اور برابر کرنا۔ جمع طبق کی

طباق الاضداد (اصطلاح علم بدیع میں ایسے الفاظ بیان کرنے جنکے معنے متضاد اور مخالف ہوں۔ جیسے زندگی موت خندہ گریہ سردی گرمی خشکی تری سا

سفید وغیرہ +

طبائع (جمع ہے طبیعت کی) +

طبائع اربعہ (یہ ہیں (۱) سرد و تر (۲) سرد و خشک (۳) گرم و تر (۴) گرم و خشک +

طبّ جسمانی (جسم کے متعلق امراض کے تشخیص و معالجہ کرنے کا علم) +

طبخ (پکانا اور نضج کے بھی یہی معنے ہیں مگر اکثر طبخ کا استعمال اُن چیزوں میں ہوتا ہے جو آگ سے پکائی جائیں۔ اور نضج کا اُن میں جو حرارت آفتاب اور ادویہ اور ایسے ہی چیزوں سے پکی ہوں۔ اور کبھی دونوں ہی ایک دوسرے کے معنے میں مستعمل ہوتے ہیں +

طبّ روحانی (روح کی بیماریوں کے علاج کرنے کا علم۔ روح کی اصلاح کرنیکا علم۔ علم اخلاق) +

طبرخون (ف) بید سرخ۔ صندل سرخ اور ایک سرخ رنگ کی دوسری لکڑی کا بھی نام ہے +

طبرزد (معرب تبرزد کا ہے۔ مصری نبات کہ اسکو تبر سے کاٹتے ہیں اسواسطے اس کا یہ نام ہوا) +

طبرزی (منسوب بہ طبرزد۔ لب معشوق سے مراد ہے) +

طبس (ف) ایک شہر کا نام ہے +

طبع (آدمی کی سرشت۔ پیدائشی۔ جو چھاپا نقش کرنا۔ خارج از ذہن موجودات) +

طبعی (منسوب بہ طبیعت۔ حکمت کی ایک قسم کا نام ہے جس میں روح کی بحث بہ حیثیت جسم کی جاتی ہے) +

طبعی (منسوب بہ طبع) +

طبع تیز کردن (ف) طبیعت کو کسی امر پر راغب اور مشتاق کرنا +

طبق (موافق برابر اور طبق جو مشہور برتن ہے۔ ایک بیماری کا نام ہے جس سے گھوڑے کی ران ورم کر جاتی ہے۔ چپنی +

طبق (طریق۔ دستور) +

طبقات (جمع طبقہ کی) +

طبق برگرفتن (ف) طعام کا سارا طباق اٹھانا

طبقری (ایک مقام کا نام ہے جسکا ٹھیک پتہ نہیں۔ مگر بعض اسے ترکستان میں بتاتے ہیں) +

طبق زدن (ف) چپٹی لڑنا +

طبق زن (ف) چپٹ باز +

طبقہ (درجہ۔ جماعت۔ آدمیوں کی گروہ۔ رتبہ) +

طبل (ڈھول۔ اسکی جمع اطبال اور طبول آتی ہے) +

طبل از زیر گلیم بر آمدن (ف) روز روشن ہونا۔ بھید کا کھل جانا +

طبل امان زدن (ف) پناہ مانگنا۔ امن چاہنا

طبل تہی (ف) لاف بے معنی +

طبل خوردن (ف) بھاگ جانا۔ مفرور ہونا۔ کنارہ کرنا +

طبل در زیر گلیم بودن (ف) کسی کے بھید کا چھپا رہنا +

طبل رسوائی زدن (ف) اپنی رسوائی ظاہر کرنا

طبل زدن (ف) نقارہ بجانا +

طبل زیر گل زدن (ف) اپنے سر کا چھپانا۔ جو نہایت آشکارا ہو +

طبلش دریدہ (ف) اسکے راز فاش ہو گیا۔ بھید کھل گیا۔ قلعی کھل گئی +

طبل غازی ف نٹ کا ڈھول +
طبل فرو کوفتن ف نقارہ بجانا +
طبلہ ۔ چھوٹا ڈھول مشہور باجہ ہے +
طبلی ۔ منسوب بہ طبل ۔ طبل کا +
طبیب ۔ علاج کرنے والا ۔ بید +
طبیخ ۔ کسی چیز کو پانی جوش دینا ۔ پکی ہوئی چیز خواہ کچھ ہو +
طبیعت ۔ مزاج ۔ خو ۔ عادت ۔ پیدائش ۔
طبیعت شناس ف طبیب حاذق +
طبیعی ۔ منسوب بہ طبیعت ۔ پیدائشی خلقی

طائے مہملہ مع بائے فارسی

طپانچہ ف تھپڑ +
طپانچہ روزگار خوردن ف زمانے کے صدمے سہنا +
طپیدن ف بیقرار ہونا ۔ تڑپنا +

طائے مہملہ مع حائے حطی

طحال ۔ تلی +
طحال ۔ تلی کی بیماری +
طحلب ۔ کائی ۔ سبزی جو بند پانی پر جم جاتی ہے ۔ پنجابی میں اسے جالا کہتے ہیں +
طحن ۔ دانہ کا آٹا بنانا ۔ چکی کو پیسنا +

طائے مہملہ مع رائے مہملہ

طرہ ۔ تیزی ۔ پیکان ۔ تیز کرنا +
طرابلس ۔ ملک شام میں ایک شہر ہے اور افریقہ کے شمال کی طرف بھی ہے اس کا ایک حصہ بھی ہے جسے ترکی کہتے ہیں طرابلس کا دوسرا ہے ۔ اسلامی تہذیب تھی شہر طرابلس
تین بستیاں ہیں +
طراثیث ۔ ایک میوے کا نام ہے +
طراح ۔ نقاش +
طراحی ف نقاشی +
طرار ۔ طرارہ ف تیز زبان ۔ چور ۔ گرہ کٹنے والا ۔ حیلہ گر ۔ کیسہ بر +
طراز ۔ نقش و نگار ریشم کا ۔ چھینٹ +
طرازیدن ف نقش کرنا +
طراق ۔ طراک ف تازیانہ کوڑا وغیرہ مارنے کی آواز +
طراوت ۔ تازگی ۔ تری +
طراوت ناک ف تازہ ۔ سیراب +
طراوہ ف رنگین کپڑا جو نشان کے طور پر باندھتے ہیں
طرائد ۔ جمع طرید کی ۔ تیز رو اور رواں چیزیں +
طرائف ۔ جمع طریف کی ۔ نوادر ۔ عجائب +
طرب ۔ خوشی +
طربال ۔ بلند مینار ۔ ہر بلند عمارت ۔ بلند ستون
طرح ۔ وضع ۔ ڈھنگ ۔ طور ۔ پھینکنا ۔ بنیاد دور کرنا ۔ بنیاد ڈالنی ۔ نقاشی ۔ کنارہ کرنا ۔ ایک رسم ہے ۔ کہ ظالم بادشاہ رعایا کو کسی جنس کی قیمت بڑھا کر دیتے ہیں ۔ وہ فوج جو بڑی فوج کی مدد کے واسطے کھڑی ہوتی ہے ۔ تاکہ بوقت ضرورت لڑائی کو پہنچے +
طرح برداشتن ف نقل اٹھانا +
طرح چیزے انداختن یا ریختن
اُس چیز کی بنا ڈالنی ۔ اُسے شروع کرنا +
طرح کردن ۔ ریختن ۔ وافشاندن ف
کسی چیز کی بنیاد ڈالنا +
طرح کش ف منصوبہ باز ۔ معمار ۔ نقاش +
طرح دادن ف ... کرنا ۔ ... +
طرخان ف ترکستان کے ایک بادشاہ کا نام تھا ۔ وہ نوکر جس سے خدمت لینی بادشاہ کی طرف سے معاف ہو ۔ اور ایک ساگ کا نام جو کھایا جاتا ہے +
طرخون ۔ نام درخت عاقرقرحا جس کی بیخ دوا میں مستعمل ہوتی ہے +
طرد ۔ طرود ۔ دور کرنا ۔ ہانکنا ۔ چلانا ۔ اس کا زیادہ استعمال حشرات الارض اور کتے بلی وغیرہ خانگی جانوروں کے دور کرنے کے لئے ہوتا ہے +
طرر ۔ جمع طرہ کی +
طرز ۔ طرح ۔ روش ۔ ڈھنگ ۔ شکل +
طرطوس ف ایک پہلوان اور ایک آدمی کا نام ہے +
طرف ۔ سمت ۔ جہت ۔ گوشہ ۔ کنارہ ۔ ہر شے کا حصہ ۔ فارسی والے بمعنے حریف بمقابل اور وفق کے استعمال کرتے ہیں اور لفظ بستن کے ساتھ فائدہ کے معنے میں آتا ہے
طُرف ۔ جمع طُرفہ کی ۔ معشوق ۔ عجائب +
طرف ۔ آنکھ پلک یا آنکھ کا جھپکنا ۔ پلک ۔ گوشہ ۔ کنارہ +
طرفا ۔ جھاؤ کا درخت +
طرف بستن ف حاصل کرنا ۔ فائدہ اٹھانا
طرفۃ العین ۔ آنکھ کا جھپکنا ۔ اتنا وقت جتنا ایک دفعہ پلک جھپکنے میں گذرتا ہے ۔ بہت تھوڑا عرصہ +
طرفدار ف بادشاہ ۔ حاکم ۔ سرحد نشین ۔ جاگیردار ۔ زمیندار +
طرفدار انجم ف آفتاب +
طرفدار نہم ف بادشاہ ترکستان ۔ بادشاہ مریخ جو پانچویں آسمان پر ہے +
طرف شدن ف مقابل ہونا +
طرف گرفتن ۔ رعایت کرنا اور گوشہ نشینی
طرفہ ۔ عجیب ۔ تحفہ ۔ مجازاً معشوق +
طرفہ ۔ ایک دفعہ آنکھ کا جھپکنا ۔ آنکھ میں جو سرخ نقطہ پیدا ہو جاتا ہے ۔ قمر کی نویں منزل +
طرفہ داشتن حرف ف ایک کلام کے کئی معنے اور کنایہ رکھنا +
طرفین ۔ دونوں طرف ۔ دو جانب +
طرفے ف اندک ۔ تھوڑا سا +
طرق ۔ جمع طریق کی ۔ راستے +
طرقوا ۔ ہٹ جاؤ ۔ نقیبان عرب بادشاہوں کے آگے یہ لفظ پکارتے جاتے ہیں +
طرقوا زدن ف طرقوا کہنا ۔ پوش پوش کرنا
طرقوزن ف نقیب ۔ چوبدار +
طرم ۔ شہد ۔ ... +
طروب ۔ شادمان ۔ خوش +
طروب ۔ شادمانیاں ۔ خوشیاں جمع طرب کی
طرہ ۔ زلف ۔ پیشانی کے بال ۔ کنارہ ۔ پیچ و کلاہ کا پھندا +
طرۂ ایوان ۔ طرۂ دالان ۔ طرۂ بام ۔ چھجا جسے دلی میں ... بالاخانہ ... کہتے ہیں +
طری ۔ تازہ ۔ نیا +
طریان ۔ حادث ہونا +
طرید ۔ طریدہ ۔ ہنکایا ہوا ۔ شکار +
طریر ۔ خوبصورت مرد +
طریف ۔ غریب ۔ نادر ۔ عجیب ۔ تازہ شگفتہ ۔ خوش ... +
طریق ۔ رستہ ۔ راہ ۔ ...
طریق برداشتن ف ...

طریقت (ع) راہ ۔ عادت ۔ علم تصوف میں باطن کی صفائی کا طریقہ جیسے شریعت ظاہر کی صفائی کا طریقہ ہے ۔ دل کی صفائی ۔ تزکیہ قلب ۔

طریق سوگواری داشتن (ف) ماتم کی رسم برتنی ۔

طریق گشتہ (ف) شرمندہ ہو گیا ۔

طریقہ (ع) راہ ۔ روش ۔ طور ۔ ڈھنگ ۔ مذہب ۔

طائے مہملہ مع سین مہملہ

طسوج معرب کنہ (ع) گونہ ۔ چوتھائی دانگ یعنی دو جو کے برابر ۔ معرب ہے تسو کا ۔ چوبیسواں (حصہ) حصہ ہر چیز کا ۔

طائے مہملہ مع شین معجمہ

طشت معرب طست کا ۔ تھال ۔

طشت خاک (ف) زمین ۔

طشت خون (ف) آسمان ۔

طشت زرین (ف) آفتاب ۔

طشت سیمین (ف) صبح ۔

طشت کے از بام افتادن (ف) کسی کا رسوا اور خوار ہونا ۔ کسی کا راز فاش ہونا ۔

طشت گر (ف) تھال بنانے والا ۔ ایک مطرب کا نام بھی ہے ۔

طشت نگون (ف) آسمان ۔

طشت و خایہ (ف) زمین و آسمان سے مراد ہے ۔ اور ایک کھیل ہے جس میں مرغ کے انڈے کو تھال پر پارے سے بھر کر ... میں لگتے ہیں ۔ سورج کے سامنے ... میں ... لگتا ہے ۔ ... کا نام بھی ہے ۔

طائے مہملہ مع عین مہملہ

طعام (ع) خورش ۔ کھانا ۔

طعان (ع) نیزہ مارنا ۔ نیزہ مارنے والے ۔ اس صورت میں طاعن کی جمع ہے ۔

طعم (ع) لذت ۔ مزہ ۔

طُعم (ع) خورش ۔ کھانا ۔

طُعمہ (ع) خورش ۔ خوراک ۔ چکھنا ۔

طَعمہ (ع) ایک بار چکھنا ۔

طعن (ع) نیزہ لگانا ۔ عیب گیری کرنا ۔ نیزہ زدن ۔

طعن و ضرب (ع) نیزہ اور تلوار کا مارنا ۔ لڑائی سے مراد ہے ۔

طعنہ (ع) ایک بار نیزہ مارنا ۔ عیب گیری ۔ سرزنش ۔

طائے مہملہ مع غین معجمہ

طغان طغان شاہ (ت) بادشاہان ترک میں سے ایک بادشاہ کا نام ہے ۔

طغرا (ت) خط پیچیدہ جس میں القاب اور نام بادشاہوں کا فرمان پر لکھا جاتا ہے ۔ ایک شاعر کا نام ہے جس کے رسائل طغرا مشہور ہیں ۔

طغرل (ت) خاندان سلجوق میں سے پہلے بادشاہ کا نام جو سلطان مسعود بن سلطان محمود غزنوی کے زمانے میں خراسان پر قابض ہو گیا تھا ۔

طغرل (ت) ایک شکاری جانور کا نام ہے ۔

طغرل شدن (ف) چغتائی خاندان کے بادشاہ کا قوی ہو جانا ۔

طغاچ (ت) ترکستان میں ایک مقام کا نام ہے ۔

طغیان (ع) حد سے گزر جانا ۔ مجازاً نافرمانی ۔ ظلم ۔ سرکشی ۔

طغیانی (ع) زیادتی ۔

طائے مہملہ مع فاء

طفاوہ (ع) دائرہ جو سورج یا چاند کے گرد ہوا کرتا ہے ۔

طفل (ع) بچہ ۔ لڑکا ۔

طفل (ع) وقت شام جو غروب آفتاب کے قریب ہو ۔

طفلان چمن (ف) بوستان ۔ بوٹے ۔

طفل چہار روزہ (ف) آدم علیہ السلام ۔

طفل خوشنشین (ف) آفتاب ۔

طفل در گریبان انداختن (ف) بچے گود لینا ۔

طفل از پستان بریدن ۔ طفل از شیر باز کردن (ف) بچہ کا دودھ چھڑا دینا ۔

طفل رزاں (ف) شراب انگوری ۔

طفل زباندان (ف) وہ بچہ جو استاد سے ایک ہی دفعہ سن کر یاد کر لے اور پھر صاف صاف بتا دے ۔

طفل شب (ف) چاند ۔

طفل شش روزہ (ف) دنیا سے مراد ہے جو چھ دن میں پیدا کی گئی ۔

طفل شش ماہہ رز (ف) انگوری شراب ۔

طفلک (ف) چھوٹا بچہ ۔

طفل مکتب (ف) نو آموز ۔

طفل ہندو (ف) آنکھ کی پتلی ۔

طفولیت (ع) بچپن ۔ لڑکپن ۔ ...

طفیف ۔ تھوڑا ۔ ناتمام ۔

طفیل (ع) ایک شاعر کوفی کا نام ہے جو بدوں بلائے شراب کی مجلس میں ہر ایک شخص کے گھر جاتا تھا ۔ چونکہ اسکو کھانے پینے کی حرص کے سبب سے ... شاعری میں ایک ... طفیلی کہنے لگے ہیں ۔ مجازاً ... کے سبب ... ذریعے کے ہیں ۔

طُفیلی (ع) وہ شخص جو بے بلائے ضیافت میں آئے ۔ مفت خور ۔

طائے مہملہ مع قاف

طقطق (ع) دو سخت چیزوں کے ایک دوسرے پر مارنے کی آواز ۔

طائے مہملہ مع لام

طلّ (ع) شبنم ۔ اوس ۔

طُلّ (ت) عورت جس کا خاوند مرا ہو ۔

طِلا (ع) ... بعض کہتے ہیں کہ طلا معرب تلا ہندی لفظ کا ہے جس کے معنے ... کے ہیں اور اصطلاح اطباء میں وہ لیپ جس کا قوام پتلا ہو طلا کہتے ہیں ۔

طلائے احمر (ع) عمدہ سونا ۔ کندن ۔

طُلّاب (ع) جمع ہے طالب کی ۔

طلاق (ع) عورت کا نکاح سے چھوٹ جانا ۔ کشادگی ۔ آزادگی ۔ آزادی ۔

طلاق بائنہ (ع) وہ طلاق جس میں بغیر نکاح کئے خاوند عورت کو بیوی نہیں بنا سکتا ۔ اور وہ کنایات سے ہوتی ہے ۔

طلاقت (ع) کشادہ رو ہونا ۔ تیز زبان ہونا ۔ فصاحت ۔

طلاق رجعی (ع) وہ طلاق جس کی عدت میں خاوند عورت کو بغیر جدید نکاح کئے بیوی بنا سکتا ہے اور یہ ایک یا دو بار طلاق کا لفظ کہنے سے پڑتی ہے ۔

طلاق مغلظہ ۔ طلاق ثلاثہ (ع) وہ طلاق جس میں خاوند عورت کو تب تک پھر اپنے نکاح میں نہیں لا سکتا جب ...

...سی (ع) خاوند کے ساتھ نکاح کر کے پھر طلاق نہ لے سکے اور وہ تین دفعہ طلاق یا ایک دفعہ کہہ دینے سے پڑتی ہے +

طلاوت (ع) تر و تازگی۔ خوبصورتی۔ رونق +

طلائی (ع) سونے کا۔ منسوب طلا سے +

طلاے ناب (ف) زر خالص +

طلایہ (ع) وہ سپاہ جو لشکر اور شہر کی محافظت کرے اور اسکے گرد پھرتی رہے +

طلب (ع) مانگنا۔ خواہش۔ تنخواہ +

طُلَبا۔ طلبہ (ع) جمع طالب کی طلب کرنیوالے۔ اکثر طالب علموں کیلئے یہ جمع مستعمل ہوتی ہے +

طلبی (ف) بلانا۔ بلاوا +

طلبیدن (ف) بلانا۔ چاہنا +

طلح (ع) ایک بڑا خاردار درخت ریگستان میں ہوتا ہے شگوفہ خرما کیلہ کا درخت +

طلحہ (ع) ایک درخت کا نام ہے عشرہ مبشرہ میں سے ایک صحابی کا نام ہے جو حضرت ابوبکر کے چچیرے بھائی تھے۔ اور جنگ جمل میں مروان کے ہاتھ سے شہید ہوئے +

طلسم (ع) تماشا جو شکل عجیب غریب الفاظ و سبب عمل مصنوعی۔ سانپ جو خزانوں پر مقرر کرتے ہیں۔ یہ لفظ یونانی ہے +

طلسمات (ع) جمع ہے طلسم کی +

طلع (ع) شگوفہ۔ خرما +

طلعت (ع) دیدار۔ منہ دیکھنا۔ رخ۔ صورت

طلق (ع) درد زہ بچہ جننے کا وقت۔ ابرک یا ابرق۔ شراب +

طلق رواں (ف) شراب +

طلق محلول (ع) ابرق حل کیا ہوا جو اکسیر عمر ہے +

طلل (ع) جسم۔ قالب۔ تن۔ جثہ۔ ویران گھر یا گھر کے کھنڈر۔ اسکی جمع اطلال ہے +

طلوب (ع) طالب +

طلوع (ع) آفتاب کا نکلنا ہر ایک ستارہ کا ظاہر ہونا یا ابھرنا۔ نکلنا +

طلیعہ (ع) وہ لشکر جو فوج سے آگے آگے دشمن کے اترنے کی جگہ وغیرہ امور دریافت کرنے کو جایا آیا کرتا ہے۔ شہر اور لشکر کی محافظت کرنے والی سپاہ +

طاے مہملہ مع میم

طماع (ع) بڑا لالچی۔ بہت لالچ کرنیوالا +

طُمّاع (ع) جمع طامع کی طمع کرنیوالے لالچی لوگ

طمانیت۔ طمانینت (ع) اطمینان۔ تسلی۔ سکون قلب +

طمث (ع) حیض کا خون حیض آنا۔ جماع

طمطراق (ع) کروفر۔ شان و شوکت۔ تجمل

طمس (ع) مٹا دینا۔ ناپید کرنا +

طمع۔ طمیع (ع) لالچ۔ حرص۔ امید +

طمع بستن (ف) لالچ کرنا +

طمع خام (ع) ناممکن امر کا ارادہ +

طمع کردن (ف) طمع کرنی۔ لالچ کرنا حرص کرنا +

طمغا (ت) یہ لفظ ترکی ہے دیکھو تمغا +

طمغاج (ت) ترکستان میں ایک ولایت ہے +

طمغاچیاں (ف) طمغاج کے رہنے والے

طاے مہملہ مع نون

طناب (ع) رسی خیمے کی ڈوری +

طناب امل (ع) امید کی رسی +

طناب زدن (ف) نہادن بر چیزے (ف) چالاکی کرنا۔ ناچنا +

طنّاز (ع) بہت رمزوں سے بات کرنے والا اور ناز سے چلنے والا۔ شوخ +

طنبک (ف) دھونسا۔ نقارہ۔ ڈھول اصل میں تنبک ہے +

طنبور۔ طنبورہ (ع) طنبورہ جو مشہور باجا ہے

طنبورہ از غلاف بیرون آوردن (ف) راز فاش کرنا +

طنجیر (ع) ہانڈی جو مشہور برتن ہے +

طنز (ع) ٹھٹھا۔ مسخرہ پن۔ طعن کی بات کہنا۔ طعنہ

طنطنہ (ع) طنبورہ اور باجہ وغیرہ کی آواز۔ کروفر۔ نقارہ کی آواز زیر اور آواز بم کو دبدبہ بولتے ہیں +

طنان (ع) صدا۔ آواز +

طنین (ع) مکھی پشہ وغیرہ چھوٹی چیزوں کی آواز +

طاے مہملہ مع واو

طواف (ع) خانہ کعبہ کے گرد پھرنا۔ کسی چیز کے گردا گرد پھرنا +

طوّاف (ع) بہت طواف کرنیوالے +

طوارق (ع) جمع طارق کی زمانہ کی سختیاں حوادث

طوالت (ع) درازی +

طوالع (ع) جمع ہے طالع کی علم منطق کی ایک کتاب کا نام ہے +

طوامیر (ع) جمع طومار کی کتابیں۔ دفتر +

طوائح (ع) طائحے۔ گروہیں۔ بلاکی جمع طائحہ کی

طوائف (ع) جمع طائفہ کی۔ جماعتیں +

طوپ (ت) توپ +

طوپچی (ت) توپچی +

طوبٰی (ع) مونث اطیب کی بہت خوشبودار پاکیزہ۔ خوشی۔ بشارت۔ خوشخبری۔ بہشت میں ایک درخت ہے جس کی شاخیں بہشت کے ہر ایک گھر میں پہنچی ہوئی۔ طرح طرح کے میوے اور خوشبوئیں اس سے حاصل ہوں گی +

طوبے قامت محبوب۔ لفظ طوبی عربی اور ترکیب فارسی ہے +

طود (ع) بڑا پہاڑ۔ بلند گھاٹی پہاڑ کی ٹکڑ کی +

طور (ع) وضع۔ ڈھنگ +

طور۔ طور سینا (ع) فلسطین میں ایک پہاڑ ہے جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تجلی ہوئی تھی۔ طور بن اسمعیل کی طرف منسوب ہے +

طوس (ع) نام توس کا خراسان میں ایک شہر ہے جسے اب مشہد کہتے ہیں ملک الشعرا فردوسی مصنف شاہنامہ وہیں کا رہنے والا تھا توذر کے بیٹے کا نام بھی ہے +

طوطی (ع) توتی۔ طوطا۔ توتا۔ تیر +

طوطی مقال (ف) فصیح +

طوطیا نوش (ف) اسکندر کے منشی کا نام تھا +

طوطیہ جمع توطیہ ہے پہچان۔ تمہید کے طور پر کچھ بیان کرنا +

طوع (ع) رغبت۔ اطاعت۔ مطیع۔ فرمانبردار +

طوعاً (ع) خوشی سے اطاعت اور فرمانبرداری کے +

طوعاً و کرہاً (ع) فرمانبرداری و عدم فرمانبرداری سے خواہ مخواہ +

طوغ (ت) نشان۔ فوج۔ جھنڈا +

طوف (ف) بہت بڑی عورت +

طوف (ع) کسی چیز کے گرد گرد پھرنا۔ سیر گشت +

طوفان (ع) یا باران سخت۔ آب کثیر۔ پانی کی رو جو ڈبو دیوے۔ بادِ تند۔ آندھی جو بہت تیز ہو +

طوفان کردن (ف) بڑا کام کرنا +

طوق (ع) طاقت۔ توانائی۔ وسعت گلوبند حلقہ۔ گول پٹہ +

طوقِ بہار (ف) قوس قزح +

طوقدار (ف) بندہ۔ اسیر۔ گرفتار۔ قمری +

طوقِ ماہ (ف) چاند کا ہالہ +

طَول (ع) بخشش۔ عطا +

طُول (ع) درازی۔ لمبائی +

طولِ امل (ع) امید کی درازی۔ حرص دنیا +

طومار (ع) نامہ۔ صحیفہ۔ لمبا خط +

طومان۔ تومان۔ تُمن (ت) عدد۔ دستہ پرگنہ۔ دس ہزار۔ بیس ہزار روپیہ۔ ایران کا ایک رائج الوقت طلائی سکہ ہے۔ جو قیمت میں ہمارے ہاں کی چونی کے برابر در قیمت میں چار روپے کے برابر ہوتا ہے +

طومان عراق (ع) چالیس ہزار روپیہ کے قریب ہوتا ہے +

طُوے (ف) شادی۔ نکاح۔ تعلق شادی جشن۔ جس میں یہ لفظ مستعمل ہے +

طُوے (ع) شام میں ایک وادی ہے جسے وادی ایمن کہتے ہیں اسی وادی میں حضرت موسیٰ کو تجلی واقعہ امر خدا +

طَوے (ع) گرسنگی۔ بھوک +

طویت (ع) نیت اور قصد اور اندیشے کی پیچیدگی +

طَوِیل (ع) لمبا۔ دراز۔ علم عروض میں ایک بحر ہے۔ اور اس میں چار دفعہ فعولن مفاعیلن کا تکرار ہوتا ہے اس بحر میں عربی کے شعر زیادہ ہوتے ہیں اور فارسی کے بہت کم +

طویلہ (ع) لمبی رسی جو گھوڑوں کے پیر میں باندھتے ہیں پچھاڑی۔ مجازاً وہ مکان جس میں گھوڑے باندھتے ہیں۔ فارسی والے اس لفظ کو پیاسے مجہول پڑھتے ہیں۔ جیسے غوطہ اور بدہوش کو +

طویلہ کردن تو دن صبح (ف) صبح ہو جانی

طویلۂ دُر (ف) موتیوں کی لڑی۔ سلک مروارید +

طائے حطی مع ہائے ہوز

طہارت (ع) پاکی۔ پاکیزگی۔ پاک دامنی +

طُہر (ع) حیض سے پاک ہونا۔ وہ ایام جن میں حیض نہ ہو۔ دو حیضوں کے درمیانی دن +

طہران (ع) تہران کا ایران میں ایک شہر کا نام ہے جو اس ملک کا آجکل دارالخلافہ ہے +

طہماسپ (ف) ایران کے مشہور بادشاہ منوچہر کے بیٹے کا نام ہے۔ ایران کے بادشاہان صفویہ سے دوسرا بادشاہ تھا جس کے زمانے میں خراسان میں ازبکوں ہنگامہ کارزار گرم رہا۔ اور سلطان سلیمان قیصر روم کے ساتھ بھی ایک دفعہ لڑا آخر کو دونوں میں صلح ہو گئی۔ اس نے ۲ ۵ برس سلطنت کر کے ۹۸۴ھ میں وفات پائی +

طہمورث (ف) ایران کے پیشدادی خاندان کے بادشاہوں سے تیسرا بادشاہ جو ہوشنگ کا بیٹا تھا۔ اسے دیوبند بھی کہتے ہیں +

طہور۔ طہیر (ع) پاک کرنیوالا۔ پاک +

طائے حطی مع یائے تحتانی

طَیّ (ع) پیچیدگی۔ لپیٹ۔ پلٹنا۔ قسمن۔ درمیان۔ بھوک +

طَیّ (ع) یمن میں ایک قبیلہ کا نام ہے جس میں حاتم طائی مشہور سخی ہوا +

طیّار (ع) اُڑنیوالا۔ پرندہ جو خوب اُڑ سکے مجازاً تیار +

طیّارہ (ع) تیزرو جہاز یا کشتی یا گھوڑا +

طیّاش (ع) سبک عقل جسکی عقل جاتی رہی ہو۔ ہلکا بیہودہ آدمی +

طیّان (ع) سوکھا۔ پیچیدہ۔ گلکار۔ بیہودہ گو ایک شاعر کا نام بھی ہے +

طِیب (ع) خوشبو۔ تحفہ۔ اچھا۔ خوش مزاجی۔ خوش طبعی۔ خوشی۔ پاک ہونا +

طَیِّب (ع) حلال۔ لذیذ۔ پاکیزہ۔ پاک ہونا

طَیِّبات خوش طبعیاں +

طیّبُ الاداء خوش آواز۔ خوش گو +

طیبت (ع) مزاح۔ خوش طبعی +

طَیِّب و مُطَیَّب (ع) حضرت خاتم الانبیاء صلعم کے دو صاحبزادوں کے نام ہیں +

طَیبہ (ع) نام مدینہ منورہ کا +

طَیر (ع) پرند۔ اڑنے والا جانور۔ حصاد وغیرہ دونوں پر اس کا اطلاق ہوتا ہے +

طیران (ع) اڑنا +

طیرگی (ف) غضب۔ غصہ۔ خشم +

طیرہ (ع) غصہ۔ خفگی۔ شرمندہ +

طیرہ (ع) بری فال +

طیرہ (ع) خفت۔ سبکی۔ شرمندگی۔ غیب جھانک جھولی +

طیش (ع) خفگی۔ غصہ۔ جوش۔ عقل کی سبکی خطا کرنا۔ عقل کا جاتا رہنا +

طیف (ع) خیال اور سوتے میں کسی چیز کا خیال آنا +

طیفُ الخیال (ع) ایک کتاب کا نام ہے

طے کردن (ف) طے کرنا فیصل کرنا

طے کش (ف) طے کا رد یہ مخفف دال ہے وہ تیسرے دن کھلتا ہے اس پر کیسی ہی شاہ پانی کے دو چار قطرے پی لیتے ہیں +

طَیلَسان۔ طَیلِسان۔ طَیلُسان سبز طیلسان کا۔ چادر کی ایک قسم ہے جو قاضی اور خطیب پہنتے ہیں +

طَیِّ لسان (ع) چپ رہنا۔ سکوت کلام کی

طین (ع) مٹی۔ نمناک مٹی +

طینُ الحکمت (ع) چکنی مٹی یا کھریا جس میں کپڑا آلودہ کر کے برتن پر لپیٹتے ہیں تاکہ وہ آگ میں ترخ نہ جائے۔ اس کو عربی میں طین الحکمت فارسی میں گل حکمت کہتے ہیں +

طینت (ع) سرشت۔ پیدائش۔ اصل خو +

طینی (ع) گل۔ مٹی کی چیز +

طُیور (ع) جمع طیر کی۔ پرندے +

طُیوری (ع) پرندوں کی چیز منسوب طیور سے +

طَیہوج (ع) معرب تیہو۔ ایک مشہور پرندہ ہے +

باب الظائے معجمہ

ظائے معجمہ مع بائے موحدہ

ظافر ع۔ فتح کرنے والا۔ فتحمند ۔

ظالم ع۔ ظلم کرنے والا ۔

ظامی ع۔ پیاسا ۔

ظاہر ع۔ کھلا ہوا۔ شہر کا گرد و نواح شہر کے باہر کا میدان۔ اوپری حال

ظائے معجمہ مع بائے موحدہ

ظبا ع۔ جمع ظبی کی ۔

ظبی ع۔ ہرن ۔

ظائے معجمہ مع رائے مہملہ

ظراف ع۔ خوش طبع ہونا

ظرافت ع۔ خوش طبعی۔ عقلمندی زیرکی ہنسی کھیل۔ ٹھٹھول ۔

ظرف ع۔ برتن۔ باسن عقلمندی۔ زیرکی فارسی والے بمعنے حوصلہ بھی استعمال کرتے ہیں جیسے کم ظرف اور تنگ ظرف یعنے کم حوصلہ

ظرف لبریز شدن ف۔ عمر کا پورا ہونا

ظرفیت مذ۔ گنجائش۔ حوصلہ رکھنا جو صلہ ہونا

ظروف ع۔ جمع ہے ظرف کی۔ برتن ۔

ظریف ع۔ خوش طبع آدمی ٹھٹھے باز۔ عقلمند۔ زیرک ۔

ظائے معجمہ مع عین مہملہ

ظعن ع۔ کوچ کرنا چلنا ۔

ظعین ع۔ کوچ کرنیوالا۔ چلنے والا ۔

ظعینہ ع۔ منکوحہ عورت جو ہودج میں بیٹھی ہو

ظائے معجمہ مع فاسے

ظفر ع۔ فتح جیت کامیابی سراج الدین ابو ظفر کا تخلص بہادر خاندان تیموری کا آخری بادشاہ تھا اور رنگون میں قید رہکر فوت ہوا ۔

ظفر ع۔ ناخن ۔

ظفر نامہ ف۔ تاریخ تیموری جو شرف علی یزدی نے تصنیف کی ہے ۔

ظفرہ ع۔ ناخونہ جو آنکھ میں پڑجاتا ہے آنکھ کی بیماری ہے

ظائے معجمہ مع لام

ظل ع۔ سایہ۔ چھاؤں۔ نمود خیال

ظلال ع۔ جمع ظل کی سائے ۔

ظلال ع۔ بادل کا سایہ۔ سایہ دار جگہ ۔

ظل اللہ ع۔ سایہ خدا۔ سایہ یزدان بادشاہ سے مراد ہے ۔

ظلام ع۔ پہلی رات کا اندھیرا۔ اندھیرا

ظلام ع۔ جمع ظلمت کی ۔

ظلّام ع۔ بہت ظلم کرنیوالا سخت ظالم

ظل حق ظل خدا ع۔ خلیفہ۔ بادشاہ ۔

ظل زمین ف۔ رات سے مراد ہے ۔

ظل ظلیل ع۔ لمبا سایہ کامل سایہ

ظلف ع۔ کھر چار پایہ کا سم جو پھٹا ہوا ہو مثلاً گائے بکری ہرن وغیرہ کا بخلاف گھوڑے گدھے خچر وغیرہ ۔

ظلل ع۔ جمع ظلہ کی سائبان وغیرہ

ظلم ع۔ جور ستم بے انصافی زبردستی

ظلم ع۔ اندھیرا ۔

ظلم ع۔ جمع ہے ظلمت کی اندھیرے

ظلمات ع۔ جمع ہے ظلمت کی ایک سمندر بھی ہے جب لیلینڈ کے اور سیر اوقیانوس بھی کہتے ہیں جس مقام سے ورت شعری کے باعث ایام سال کی بحر ہے

ظلمات اسکندری ف۔ آب حیوان جو تاریکی میں ہے اور جہاں سکندر گیا تھا

ظلمات ثلاثہ ع۔ بچے کیواسطے جو پیٹ میں ہوتا ہے تین تاریکیاں ماں کا پیٹ جھلی بچہ دانی

ظلمانی ع۔ منسوب بظلم تاریک سیاہ وہ شے جو شفاف نہ ہو بعض جگہ لفظ نسبت سے پہلے الف نون زیادہ آجاتا ہے جیسے نورانی حقانی جسمانی میں

ظلمانیت ع۔ تیرہ ہونا تیرگی پیدا ہونا

ظلمت ع۔ اندھیرا تیرگی سیاہی تاریکی ۔

ظلمتیان ف۔ بت پرست لوگ وہ لوگ جو حقیقت کو قبول نہیں کرتے ۔

ظلم دوست ع۔ ظالم ۔

ظلمہ ع۔ ظالم کی جمع ۔

ظلوم ع۔ صفت ظالم۔ بڑا ظلم کرنیوالا ۔

ظلہ ع۔ چھتری۔ سائبان۔ صفہ ہر چیز سایہ کرے جو بادل سایہ ڈالے ۔

ظلیت ع۔ سایہ ہونا ۔

ظلیم ف۔ شتر مرغ ۔

ظلیم ع۔ بہت بڑا ظالم ۔

ظائے معجمہ مع نون

ظماء ع۔ میم کے بعد ہمزہ ہے تشنگی پیاس

ظماء ع۔ میم کے بعد الف ممدودہ پیاسے ۔

ظائے معجمہ مع نون

ظن ع۔ گمان۔ وہم یقین۔ تہمت ۔

ظنت ع۔ تہمت ۔

ظنون ع۔ جمع ظن کی ۔

ظنی ع۔ انضمی عقل کے قریب یقین

ظنینہ ع۔ جو بات کہ منسوب ظن سے ہو۔ وہ مقدمہ جو قریب بیقین کے ہو ۔

ظائے معجمہ مع واؤ

ظواہر ع۔ جمع ظاہر کی ۔

ظائے معجمہ مع ہائے ہوز

ظہار ع۔ اپنی عورت کو مرد کا ایسا کلمہ کہنا یعنی مجھ پر تو میری ماں برابر حرام ہے ۔

ظہارہ ع۔ ابرہ قبا وغیرہ کا ۔

ظہر ع۔ کمر۔ پشت ۔

ظہر ع۔ دن کے زوال کا وقت دوپہر کے بعد ایک دو بجے کا وقت نماز پیشین ۔

ظہور ع۔ ظاہر ہونا۔ پیدا ہونا۔ غالب ہونا دکھائی دینا۔ کسی شے کا جلوہ اور روشنی پانا

ظہوری ع۔ نورالدین کا تخلص بہت فارسی زبان کا بڑا مشہور شاعر ہے ایرانی الاصل ہے مگر ہندوستان میں ابراہیم عادل شاہ والی بیجاپور کے دربار میں بڑی عزت سے رہا کرتا تھا سہ نثر ظہوری اسکی تصنیف ہے ۔

ظہیر ع۔ مددگار پشت پناہ ہم پشت یاری دہندہ حامی فاریابی کے رہنے والے ایک شاعر کا نام جسکا دیوان مشہور ہے وہ قزل ارسلان کا ہمعصر تھا

ظائے معجمہ مع ہمزہ

ظئر ع۔ دایہ دائی۔ دودھ پلائی ۔

باب الغین مہملہ

غین مہملہ مع الف

عابث ع کھیلنے والا۔ وقت ضائع کرنیوالا ✦

عابد ع۔ عبادت کرنے والا۔ پجاری ✦

عابر ع۔ عبور کرنیوالا۔ راہ پر گزرنے والا۔ گزر جانے والا۔ پار جانے والا ✦

عابرین ع۔ جمع عابر کی ✦

عابری سبیل ع۔ رستے سے گزرنے والے چونکہ عربی میں اضافت کے وقت مضاف کا نون تثنیہ و جمع گر جاتا ہے لہٰذا عابری سبیل ہوا ورنہ فارسی ترکیب عابرین سبیل کہینگے ✦

عاج ع۔ ہاتھی دانت ✦

عاجز ع۔ لاچار جس سے کچھ نہ ہو سکے ✦

عاجل ع۔ جلد باز۔ جلدی کرنیوالا جو شے سر دست اور بالفعل ہو۔ عجلت سے ملنے والی شے۔ دنیا سے بھی مراد ہے ✦

عاد ع۔ ہود کی قوم جو شداد سے تھا۔ یہ لوگ بہت متکبر، قوی اور دراز قامت تھے حضرت ہود علیہ السلام نے انکی ہدایت میں بہت کوشش کی مگر وہ راہ راست پر نہ آئے آخر قہر حق کے طوفان میں مبتلا ہو گئے ✦

عادات ع۔ جمع عادت کی ✦

عادت ع۔ خو۔ سبھاؤ ✦

عادل ع۔ منصف۔ انصاف کرنے والا ✦

عادی ع۔ خوگرفتہ جسکو عادت پڑی ہوئی ہو ✦

عادیان ف۔ جمع عادی۔ جو لوگ منسوب ہیں ✦

عاذر ع۔ ذال کی جگہ زے سے ایک شخص کا نام جو بیمار ہو گیا تھا حضرت عیسیٰ نے چالیس برس کے بعد اُسے زندہ کر کے پھر مسلمان کیا ✦

عاذل ع۔ ملامت کرنے والا ✦

عار ع۔ غیرت۔ شرم۔ عیب ✦

عارج ع۔ اوپر چڑھنے والا۔ عروج کرنے والا ✦

عارض ع۔ رخسار۔ گال۔ ملنے والا۔ لاحق ہونے والا۔ ف بادل جو افق میں پھیلا ہوا ہو۔ فوج کا بخشی۔ فوج کی موجودات لینے والا۔ سپہ سالار کا نائب بخشی ✦

عارض افروختن ف۔ غضبناک ہونا۔ خفا ہونا

عارض آئینہ ف۔ چاندی جیسا رخسارہ۔ گورا رخسارہ ✦

عارضہ ع۔ لاحق ہونیوالی شے۔ بیماری ✦

عارضین ع۔ دونوں رخسار۔ تثنیہ ہے عارض کا ✦

عارضی ع۔ لاحق جو اصلی نہ ہو ✦

عارف ع۔ پہچاننے والا۔ جاننے والا۔ خدا شناس ✦

عارفہ ع۔ خدا کے پہچاننے والی عورت ✦

عاری ع۔ ننگا۔ خالی ✦

عاریت عاریت ع۔ مانگنا۔ مانگ کر کوئی چیز لینی۔ مستعار چیز۔ مانگے کی چیز ✦

عازم ع۔ قصد کرنے والا۔ قاصد ✦

عاشر ع۔ دسواں حصّہ۔ دسواں حصّہ لینے والا

عاشق ع۔ عشق رکھنے والا۔ چاہنے والا۔ محب

عاشق خشک ف۔ خسیس اور ذلیل عاشق۔ بے صدق عاشق ✦

عاشق سگ جان ف۔ دنیا طلب۔ طالب دنیا

عاشق و معشوق ع۔ دو نگینے مختلف رنگ کے جو ایک انگوٹھی میں ہوں ✦

عاشورا۔ عاشورہ ع۔ ماہ محرم کی دسویں تاریخ کا دن جو مسلمانوں کے ہاں متبرک دن شمار ہوتا ہے امام حسین کی شہادت بھی اسی دن ہوئی تھی ✦

عاصف ع۔ باد تند و سخت ✦

عاصم ع۔ باز رکھنے والا۔ نگاہ رکھنے والا قرآن مجید کے ساتوں قاریوں میں سے ایک قاری کا نام بھی ہے کوفہ میں قرات سکھانے پر مامور ہوا تھا۔ امام ابو حنیفہ علم قرات میں انہیں کے شاگرد تھے اور ہندوستان میں عام طور پر انکی قرات کے موافق کلام اللہ پڑھا جاتا ہے

عاصی ع۔ گنہگار۔ نافرمان۔ مجرم۔ خطاکار۔ ابر عاصی وہ سیاہ بادل جو برستے نہیں۔ طبیبوں کی اصطلاح میں وہ مرض جو مسہل کی تاثیر سے زیادہ دیر تک جلدی قبول نہ کرے ✦

عاطر ع۔ خوشبودار۔ مجازاً پاکیزہ نفس

عاطف ع۔ مڑنے والا۔ مہربانی کرنیوالا

عاطفت ع۔ مہربانی کرنی۔ شفقت ✦

عاطل ع۔ بیکار۔ خالی ✦

عافی ع۔ معاف کرنیوالا۔ خطا بخشنے والا ✦

عافیت ع۔ آرام ✦

عافین ع۔ معاف کرنیوالے۔ جمع ہے عافی کی ✦

عاق ع۔ ماں باپ کا نافرمان ✦

عاقبت ع۔ آخر۔ انجام ✦

عاقبت الامر ع۔ انجام کار۔ آخر کار ✦

عاقبت نارو ف۔ اسکا انجام اچھا نہیں

عاقد ع۔ عقد کرنیوالا۔ عہد کرنیوالا ✦

عاقر ع۔ بانجھ عورت۔ عقیم۔ ستازادیدہ۔ یہ لفظ مذکر اور مؤنث میں یکساں استعمال کیا جاتا ہے یعنی تانیث میں ة نہیں لاتے ✦

عاقر قرحا ع۔ اکر کرہ۔ ایک چھوٹے سے درخت کی تند مزہ لکڑی ہے جو دانتوں کے درد کے لئے مفید ہے ✦

عاقل ع۔ عقلمند۔ زیرک ✦

عاکف ع۔ گوشہ نشین۔ مسجد میں ایک گوشہ میں عبادت کے لئے بیٹھنے والا ✦

عاکفان ف۔ جمع فارسی ہے عاکف کی

عاکفین ع۔ جمع عربی ہے عاکف کی ✦

عالم ع۔ علم والا۔ پڑھا ہوا۔ جاننے والا ✦

عالم ع۔ جہان۔ موجودات جو چیز خدا کے سوا ہے وہ عالم ہے یہ لفظ علم سے مشتق ہے کیونکہ اسکے وقت جو مفید علم کے ہوتا ہے جو کہ عجائبات عالم کے مشاہدہ سے قدرت اور ذات الٰہی کا علم اور وقوف حاصل ہوتا ہے۔ اسم بسیط جہاں عالم کا لفظ محاورہ میں بمعنی نوع مخلوقات بھی آیا ہے اور فارسی محاورات میں بمعنی حالت و صورت و قسم و جنس بھی آیا ہے ✦

عالم تر ف۔ وہ شخص جو اپنے تئیں عالم اور صالح ظاہر کرے در حقیقت جاہل و فاسق ہو

عالم ترت ف۔ عالم جاہلیت ✦

عالم آب ف۔ نشہ شراب ✦

عالم اسباب ف۔ سببوں کا عالم یعنی امور اسباب سے وابستہ ہیں۔ دنیا ✦

عالم السر والخفیات ع۔ بھید اور چھپی ہوئی باتوں کا جاننے والا۔ خدا تعالیٰ ✦

عالم الغیب ع۔ غیب جاننے والا۔ غیب کی باتوں کا جاننے والا۔ خدا تعالیٰ ✦

عالم امر ع۔ عالم ارواح۔ فرشتوں کا عالم

عالم انفس و آفاق ع۔ یہ عالم ظاہری

عالم بالا ف۔ فرشتوں کا عالم ✦

عالم برزخ ع۔ روحوں کا مقام بیچ موت اور قیامت کے ✦

عالم جان ف۔ عالم ارواح۔ دنیا۔ عالم سفلی۔ عناصر اربعہ ✦

عالم جاوید ف۔ عالم آخرت ✦

عالم جبروت ع۔ صفات خدا کا مرتبہ

عالم خاک ف۔ دنیا۔ آدمی کا جسم ✦

عالم دو رنگ ف۔ دنیا منافق اور غدار

عالم شراب ف۔ حالت سرخوشی ÷
عالم صغریٰ یا عالم صغیر ف۔ مراد ہے
انسان اور جسم انسان سے اسواسطے کہ جو
کچھ عالم کبیر میں موجود ہے نظیر اس کی اس
عالم صغیر میں بھی پائی جاتی ہے چنانچہ
روح بادشاہ ہے۔ عقل وزیر۔ اور ملکات
رعیت جنمیں سے ملکات ردیہ دشمن اور شریر
ملکات فاضلہ محب اور مشیر اعضا جیسے شہر اور
حواس جیسے مددگار قوتیں اور ذہن جیسے عامل
اور خزانچی۔ ہاتھ پاؤں اور ارکان جیسے
خدمتگار اور غلام دماغ آسمان دونوں آنکھیں
دونوں کان دونوں نتھنیں اور منہ سبعہ سیارہ جیسے
پہاڑ بال نباتات رگیں نہریں وغیرہ ÷
عالم عالم ع۔ بہت ہی کثرت سے ÷
عالم کون ع۔ دنیا۔ عالم سفلی ÷
عالم لاہوت ع۔ عالم ذات الٰہی جہاں
سالک کو مقام فنا فی اللہ حاصل ہوتا ہے
عالم مثال ع۔ ایک عالم ہے لطیف تر
بنسبت ہر عالم اجسام کے جو چیز کہ ہر عالم میں
نظر آتی ہے انکی نظیر اس عالم میں پائی جاتی ہے
عالم معقول ع۔ عالم عقل۔ عالم ذہنی
عالم معنی ع۔ وہ عالم جو محسوس نہیں کے
عالم ملکوت ع۔ مرتبہ اسماء الٰہی ÷
عالم ناسوت ع۔ دنیائے فانی ÷
عالم وجود ف۔ عالم ہستی۔ زندگی کا عالم
عالم ہیولانی ع۔ عالم اجسام ÷
عالمی ع۔ دنیاوی۔ عالم سے نسبت والا ÷
عالمیان ف۔ جمع ہے عالم کی ÷
عالی ع۔ بلند۔ بلند رتبہ ÷
عالی جناب ع۔ بلند درگاہ۔ بلند مرتبہ
عالی حضرت عالی مرتبت عالی محل
بلند مرتبہ کا آدمی ÷
عالیہ ع۔ بلند۔ بلندی ÷
عام ع۔ سب میں پایا جانیوالا۔ سب کا۔ جو سب کیلئے
پھیلا ہوا۔ در اصل میم مشددہ ہے مگر فارسی میں مخفف استعمال کرتے ہیں
عام ع۔ سال۔ برس ÷
عامر ع۔ آباد۔ آباد کرنے والا ÷
عامرہ۔ آباد و معمور۔ آباد کرنے والی ÷
عامری ع۔ قبیلہ بنی عامر کے ساتھ منسوب ہے
عامل کارندہ۔ کارکن۔ عمل کرنیوالا حاکم کارگزار
عامل دریا و کان ف۔ آفتاب ÷
عامل جان ف۔ خدا تعالیٰ عناصر اربعہ
عامل طبع ع۔ روح حیوانی ÷
عامہ ع۔ مشہور۔ عام ÷
عامی ع۔ اصل میں بتشدید میم ہے فارسی
والے تخفیف استعمال کرتے ہیں۔ منسوب
طرف عامہ کی۔ آدمی۔ جاہل مجازاً رعیت
عاند ع۔ دشمن عناد رکھنے والا ÷
عانہ ع۔ ناف کے نیچے کا مقام جہاں بال اگتے ہیں
عاہات ع۔ جمع عاہت کی ÷
عاہت ع۔ آفت مصیبت سختی ÷
عائد ع۔ لوٹ کر آنے والا عود کرنیوالا ÷
عائق ع۔ روکنے والا۔ حائل۔ مانع ÷
عائل ع۔ درویش ÷
عائلی ف۔ درویشی ÷

عین مہملہ مع بائے موحدہ

عبث ع۔ بے فائدہ۔ بیہودہ۔ بیکار [illegible]
عبا ع۔ کملی اون کا کپڑا پشمینہ کا ایک لباس
ہوتا ہے جو مفلس اور غریب لوگ پہنتے ہیں
جیسے قبا امرا پہنتے ہیں ÷
عباب ع۔ بڑا سیلاب پانی کی بڑی موج اور بہتات
اور بلندی۔ ہر چیز کا اول ÷
عباد ع۔ جمع عبد کی۔ بندے ÷
عُبّاد ع۔ جمع عابد کی۔ عبادت کرنے والے
عبادت ع۔ بندگی۔ پوجا ÷
عبادت خانہ۔ عبادتگاہ ف
جگہ پرستش کرنے کی مسجد ÷
عبادت گر ف۔ پجاری ÷
عبارت ع۔ بیان۔ بات۔ بیان کا طرز تحریر کا
عبارت ازاں است ف۔ مراد اس سے ہے
عبارت کردن ف۔ کنایہ سے بات کرنا
عباس ع۔ شیر درندہ۔ پیغمبر صلعم کے چچا
اور حضرت علی کے ایک بیٹے کا نام ہے ÷
عباسی ع۔ منسوب بعباس جو حضرت عباس
کی اولاد میں سے ہو اور سیاہ رنگ سے بھی
مراد ہے کیونکہ خلفائے عباسیہ اکثر سیاہ
لباس پہنا کرتے تھے ÷
عباسیان ف۔ جمع عباسی کی ہے جو
اولاد حضرت عباس رسول خدا صلعم کے
چچا کی اولاد میں ہیں انہی کی اولاد
کے خلفائے عباسیہ جنکی سلطنت ۱۳۲ھ
سے ۶۵۶ھ تک رہی۔ پہلا بادشاہ انمیں کا
ابو العباس عبداللہ بن محمد بن علی بن عبداللہ بن
عباس بن عبدالمطلب بن ہاشم تھا اور آخر بادشاہ
مستعصم باللہ ابو احمد بن مستنصر باللہ تھا ۵۲۴
برس تک انکا عہد حکومت رہا ÷
عبث ع۔ بیہودہ۔ بے فائدہ ÷
عبد ع۔ بندہ۔ غلام ÷
عبد الدنیا ع۔ دنیا کا بندہ۔ جو دنیا کے فائدہ
کے واسطے کوشش میں لگا رہے اور دین
کی کچھ پرواہ نہ کرے۔ بڑا دنیا دار ÷
عبد الرحمٰن ع۔ [illegible]
ایک علم ہے عبد الرحمن نام ایک کتاب کی
تصنیف ہے اور خلفائے عباسیہ میں سے ایک
بڑے عالیشان سلطان کا نام ہے ÷
عبد الشہوت ع۔ شہوت کا بندہ۔ جو شخص
نفسانی خواہشوں میں ایسا پھنس جائے
کہ اُسے دین و دنیا کی کچھ پرواہ نہ ہو ÷
عبد القادر ع۔ محی الدین محبوب سبحانی
قطب ربانی طاؤس باغ لامکانی غوث الاعظم
جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا لقب ہے پیر دستگیر
[illegible] آپ حضرت سید تھے باپ کی طرف سے
سلسلہ انکا حضرت امام حسن کے ساتھ اور ماں کی
طرف سے امام حسین کے ساتھ ملتا ہے۔ علوم
فقہ و حدیث و تفسیر منطق و معانی و فروع و اصول
و معقول و منقول میں حضرت یگانہ عصر تھے اور عبادت
زہد و ریاضت خوارق و کرامات میں مشہور آفاق
تھے اور ہزاروں آدمی انکے مرید تھے اور آج تک
انکا سلسلہ جاری ہے جو سلسلہ قادریہ کہلاتا ہے
مشائخ صوفیہ جو اس سلسلہ کے ہیں وہ سب
بزرگ شمار ہوتے ہیں۔ فتوح الغیب اور غنیۃ الطالبین
مشہور کتابیں انہی کی تصنیف ہیں غنیۃ الطالبین
اگرچہ بڑے پایہ کی کتاب ہے لیکن بوجہ اسکے کہ
انمیں بعض خبریں ناقابل تسلیم موجود ہیں۔ اسلئے
بعض محققین کا خیال ہے کہ انکی تصنیف نہیں
مگر یہ خیال صحیح نہیں ہے در اصل شریر طبع
لوگوں نے الحاق کر دیا ہے۔ ۴۷۱ھ میں جیلان
میں ولادت باسعادت ہوئی اور ۹۱ برس کی عمر
پاکر ۵۶۱ھ میں [illegible]
ایک شاعر نے انکی تاریخ ولادت عاشق اور تاریخ
وصال معشوق الٰہی تحریر کی ہے۔ عبدالقادر
عالم موسیقی کے ایک استاد کا نام بھی ہے
عبد المطلب ع۔ جناب رسول خدا [illegible]

صلے اللہ علیہ وسلم کے داروغے کا نام ہے۔

عبد الملک بن مروان ع۔ خلفائے مروانیہ میں کا دوسرا بادشاہ ہے اسکے عہد میں مختار بن ابی عبید ثقفی نے خروج کیا مگر وہ آخر مصعب بن زبیر کے ہاتھ سے مقتول ہوا اور مصعب بن زبیر کو حجاج بن یوسف نے جو عبد الملک کی طرف سے عراق کا حاکم مقرر تھا قتل کیا اسی زمانے میں عبد اللہ بن زبیر مکہ معظمہ میں قتل کئے گئے اور اسوقت سے سلطنت اس خاندان پر بطور استقلال مقرر ہوئی آخر کار عبد الملک نے ۶۰ سال عمر پا کر ۸۶ ہجری میں وفات پائی۔

عبد المطلب ع۔ حضور علیہ السلام کے دادا کا نام جنکے بیٹے حضرت عبد اللہ بن عبد المطلب بن ہاشم بن عبد مناف۔

عبد اللہ بن زیاد ع۔ یزید کے ملازم امیروں میں سے کوفہ و بغداد کا حاکم تھا۔

عَبَدہ ع۔ جمع عابد کی۔

عَبْدُہٗ ع۔ اسکا بندہ۔ یعنی اسکا بندہ ہوں۔

عَبَر ع۔ خواب کی تعبیر بیان کرنی۔

عَبَر عُبْری ع۔ تر چشم۔ نالہ ندی وغیرہ کا کنارہ دو معنی سے بالفتح بھی درست ہے۔

عِبْر عُبُور ع۔ دریا سے گذرنیکا محصول۔

عَبْرہ ع۔ عبرت حاصل کرنا۔ آنسو بہانا۔

عِبْرَت ع۔ بر وزن فِعْلَت کے وزن پر ہے جو حال میں حالت اور نوع کے واسطے آتا ہے پس لغوی معنی اسکے نصیحت کا ایک خاص نوع ہر حالات سے آگاہی کی طرف عبور کرنا ہے۔ کنایۃً اندیشہ و نصیحت پکڑنا۔ متنبہ ہونا۔

عبرت گرفتن ف۔ نصیحت قبول کرنی۔

عشرت شش روزہ ف۔ آسمان زمین اور کچھ زمین اور آسمان کے درمیان ہے

جو کچھ ہم سے فعل میں آئے جانتے ہیں وہ فعل کہلاتے ہیں۔

عُبْرَہ ع۔ کشتی اور جہاز پر سے عبور کرنیکا محصول۔ محصولات راہداری اور جیسے عبور۔

عَبْرہ ع۔ اشک چشم اور آنسو۔

عبری عبرانی ع۔ اہل کنعان کی زبان کا نام ہے توریت اسی زبان میں ہے۔

عَبَس عَبُوس ع۔ ترش روئی۔ ملول سرگین خشک۔

عبق ع۔ خوشبو دار۔

عبقری ع۔ قیمتی بچھونا۔ جامۂ لطیف۔ منسوب طرف عبقر جسکے معنی ہیں کپڑا اور فرش وغیرہ چیزیں کہ نہایت مضبوطی اور خوبی اور لطافت کے ساتھ ہوں۔

عبودیت ع۔ بندگی غلامی۔

عُبُور ع۔ راہ پر گذرنا پل کے پار جانا۔ دریا سے گذرنا۔

عُبُوس عُبُوست ع۔ ترش روئی۔

عَبُوس ع۔ ترش رو۔

عَبْہَر ع۔ نرگس جو درمیان سے زرد ہوتا ہے نیلوفر کہ بیچ سے سیاہ ہوتا ہے

عبید ع۔ بہت سے غلام یہ اسم جمع ہے اور عبد کی جمع نہیں ہے۔

عُبَیدہ ع۔ تصغیر عبد کی ہے۔

عَبیر ع۔ ایک خوشبو کا نام ہے جو صندل وگلاب اور مشک سے ملاکر بناتے ہیں۔

عین مہملہ مع تائے فوقانی

عِتاب ع۔ ملامت کرنا۔ غصے ہونا۔ غصہ خفگی۔

عَتاد ع۔ تیاری اور سفر کا اسباب جیسے ...

عِتاق ع۔ لونڈی غلام کا آزاد ہونا رہائی پانا

عَتَبات ع۔ جمع عتبہ کی۔ دہلیزیں۔

عَتَب ع۔ غصے ہونا۔

عَتَبہ ع۔ دہلیز۔ آستانہ۔ سختی۔

عُتْبہ ع۔ ایک شخص کا نام ہے۔

عِتْرَت ع۔ رشتہ دار قریبی۔ بیٹے بیٹیاں۔

عِتْق ع۔ آزادی۔ آزاد ہونا۔

عُتُل ع۔ بدخو۔ منہ لاٹے ہوئے کڑی طبیعت والا۔ سخت آدمی آزار دینے والا اور سخت کہنے والا۔

عُتُو ع۔ تکبر۔ سرکشی۔

عِتِیّ ع۔ حد سے گذرنا تکبر کرنا نہایت بوڑھا ہو جانا

عَتِید ع۔ حاضر۔ مہیا۔

عتیق ع۔ پرانا۔ بزرگ۔ برگزیدہ آزاد عہد عتیق پرانا عہد اب توریت اور صحف انبیا مقابل میں عہد جدید نئے عہد کے۔ یعنے انجیل کے۔

عَتِیل ع۔ تشنہ۔ پیاسا۔

عین مہملہ مع ثائے مثلثہ

عثر ع۔ گر پڑنا۔

عثرات ع۔ جمع عثرت کی۔

عثرت ع۔ لغزش سر کے بل گر پڑنا۔

عثمان ع۔ عشرہ مبشرہ میں ہیں حضرت عمر کے بعد یہ خلیفہ ہوئے انکی زمانے میں ایران جہاں اور مصر کی بغاوت دبائی گئی افریقہ میں بہت سے ملک فتح ہوئے قبرس کا جزیرہ بھی زیر فرمان ہوا۔ چونکہ انکے زمانے میں انکے رشتہ دار حاکم کے حکام تھے اور انہیں سے اکثر ظلم کرنے لگ گئے تھے اسلئے لوگوں نے پہلے تو اس امر کی شکایت کی اور انکی طرف سے کامل انتظام نہ ہوا تو مدعی ہو گئے

انکو مسجد نبوی میں شہید کیا یہ واقعہ ۳۵ھ کا ہے روم کے سلاطین عثمانیہ کے مورث اعلیٰ کا نام بھی عثمان ہے اور وہ قوم کا ترک تھا۔

عین مہملہ مع جیم تازی

عُجاب ع۔ شگفت۔ تعجب۔

عجاج ع۔ غبار گرد۔

عجاجوات ع۔ انگور کے دانے۔

عجاف ع۔ جمع عجف کی۔ لاغر۔

عجالت ع۔ جلدی کرنا۔

عجالت عجالہ ع۔ جو چیز کہ سردست میسر آجائے جلد مہیا ہو جائے جیسے ما حضر یعنی وہ موجود ہو جائے ما حضر۔

عجالت الوقت عجالۃ الوقت ع۔ یہ مرکب ہے عجالہ اور وقت سے مرکب کے معنے ہیں۔ عارضی طور پر "دفع الوقت" کے لئے

عجائب ع۔ جمع عجیب کی فارسی والے مفرد معنی میں استعمال کرتے ہیں۔

عجائز ع۔ جمع عجوزہ بڑھیا عورتیں۔

عجب ع۔ تعجب۔ انوکھا پن۔

عُجب ع۔ تکبر۔ غرور۔ خود بینی۔ گھمنڈ۔ شیخی۔

عجز ع۔ عاجز ہونا ناتوانی۔ لاچاری۔ عاجزی

عجزہ ع۔ جمع عاجز کی۔

عجف ع۔ لاغری دبلاپن۔

عجیف ع۔ لاغر۔ دبلا۔ پتلا۔

عجل ع۔ بچھڑا گائے کا بچہ ملک عرب میں ایک قبیلہ کا نام بھی ہے۔

عجل عجلت ع۔ جلدی شتابی۔

عجم ع۔ وہ ملک جو عرب نہیں ہے عرب کے سوا کوئی ملک ہو خصوصاً ملک ایران توران وہ لوگ جو رہنے والے عرب کے نہیں چونکہ

فارس وغیرہ ملکوں کے لوگ بباعث
ناواقفی زبان عرب کے اہل عرب سے
کلام بات چیت نہ کرسکتے تھے اور خاموش
ہو رہتے تھے۔ اسواسطے اہل عرب انکو عجم
(یعنی گونگے کند زبان) کہنے لگ گئے ٭
عُجْم ۔ گونگے کند زبان لام جُم کے پیچ والے
عَجْم ع۔ حروف پر نقطے دینا۔ اعراب دینا
عَجَمی ع۔ جو شخص عرب کا باشندہ نہ ہو اکثر
ایرانی و تورانی سے مراد ہوتی ہے ٭
عَجْن ع۔ خمیر کرنا ٭
عَجُوز ع۔ بڑھیا۔ بڈھی عورت ٭
عجوز خشک پستان ف بوڑھا۔ دنیا
وہ عورت جس نے کچھ نہ جنا ہو ٭
عجوزۂ فرتوت ف۔ دنیا۔ عالم ٭
عَجُول ع۔ جلد کام جلدی کرنیوالا۔ جلدباز
عَجْوَہ ۔ ایک قسم کی کھجور ہے جو مدینہ منورہ
میں نہایت ہی عمدہ ہوتی ہے جو شخص سات
عدد ہر صبح کھا لیا کرے اُسپر زہر اثر نہیں
کرتا ٭
عَجِیب ع۔ انوکھا وہ شے جس سے تعجب پیدا ہو
عَجِیل ع۔ شتاب کرنیوالا۔ جلدباز ٭
عَجِین ع۔ خمیر ٭

عین مہملہ مع دال مہملہ

عَدّ ع۔ شمار کرنا۔ گننا۔ شمار ٭
عِدا ع۔ جمع عدو کی دشمن ٭
عُدَات ع۔ عادی کی جمع جسکے معنی ہیں
دشمن۔ ظالم۔ تعدی کرنے والا ٭
عِداد ع۔ گننا۔ شمار ٭
عَدالت ع۔ انصاف کی کچہری انصاف
کرنا۔ دادو برابری ٭

عداوت ع۔ دشمنی بیر ٭
عُدَّت ع۔ تیاری۔ آمادگی۔ سامان
عِدَّت ع۔ گنتی شمار۔ جماعت۔ طلاق
کے بعد وہ دن جسمیں عورت کو دوسری
شادی کرنی شرعاً ممنوع ہے چنانچہ مطلقہ
عورت کے واسطے تین حیض مدت عدت
ہے اور نابالغ اور آئسہ کے واسطے تین مہینے
اور بیوہ عورت کے لئے چار مہینے دس دن
اور حاملہ عورتوں کیلئے عدت وضع حمل ہے
عَدَد ع۔ گنتی شمار۔ ہندسہ ٭
عَدَس ع۔ مسور۔ مسور کی دال ٭
عَدْل ع۔ انصاف کرنیوالا۔ دادگر۔
سچا اور منصف آدمی جو گواہی دینے کے
لائق ہو۔ انصاف۔ دادگری۔ راست۔ نظیر ٭
عِدْل ع۔ ایک طرف بار جو بار شتر کا نصف ہو
عدل پرور ف۔ عادل منصف ٭
عدل نحو یری ع۔ اسم کا اپنے اصلی
صیغے سے بے قاعدہ نکالنا ٭
عَدْلَین ع۔ دو متقی اور صالح گواہ ٭
عدم ع۔ نیستی۔ نفی۔ مرنا ٭
عَدْن ع۔ اقامت۔ ٹھیرنا کسی جگہ ہمیشہ رہنا
بہشت کے باغ جنہیں آدمی ہمیشہ رہیں گے ٭
عَدَن ع۔ ملک عرب کے جنوبی سمت کو ایک
بندرگاہ ہے۔ اب انگریزوں سے متعلق ہے
عَدْنان ع۔ رسول صلعم کے اجداد میں
سے ایک شخص کا نام ہے ٭
عَدُو ع۔ دشمن۔ بیری۔ اہل فارسی
تخفیف واو پڑھتے ہیں ٭
عَدْوا ع۔ حد سے تجاوز کرنا ٭
عُدْوان ع۔ دشمنی کرنا۔ ظلم۔ زیادتی
تعدی اور جمع عادی کی بمعنے دشمنان

عُدُول ع۔ گروہ مقبول۔ سچا آدمی۔
جمع عادل ہم وزن۔ ہم رتبہ ٭
عُدُول ع۔ راہ سے پھر جانا۔ روگردانی
کنارہ سے پھرنا۔ انحراف ٭
عُدْوَہ ع۔ ندی کا کنارہ ٭
عِدَّہ ع۔ گروہ۔ جماعت۔ عورت کی عدت ٭
عَدِید ع۔ نظیر۔ مانند۔ گنے ہوئے گنتی کے
کئی چند مجازاً بہت بیشمار۔ فراواں۔ بہت سے ٭
عدیدہ ع۔ گنے ہوئے گنتی کے۔ کئی چند
مجازاً بہت بیشمار۔ فراواں۔ بہت سے۔
عَدِیل ع۔ برابر رتبہ اور قدر میں ہم رتبہ
ہمسر۔ مساوی۔ ہم وزن۔ کہاجاتے ہیں جو
دو آدمی ایک ایک طرف بیٹھتے ہیں وہ بھی
ایک دوسرے کے عدیل کہلاتے ہیں ٭
عَدِیم ع۔ ناپید۔ گم۔ نایاب ٭
عدیم المثال ع۔ بےنظیر۔ بے مانند۔ لاثانی

عین مہملہ مع ذال معجمہ

عَذاب ع۔ دکھ۔ شکنجہ ٭
عذاب الحریق ع۔ حریق کے معنے
سوزش جلنا اور آگ کی لپیٹ جو بھڑکتی آگ
سے اٹھیں۔ عذاب الحریق کے معنے جلنے کا
عذاب جو بھڑکتی آگ میں جلنے کا دکھ ٭
عذاب الہون ع۔ ذلت کی مار۔ ذلت کا دکھ
عِذار ع۔ رخسار و چہرہ ٭
عَذْب ع۔ شیریں۔ میٹھا۔ خوش مزہ خوشگوار
عذب البیان ع۔ جسکی تقریر شیریں
اور دلچسپ ہو۔ شیریں کلام ٭
عُذْر ع۔ بہانہ کسی بات کا سبب ٭
عَذْرا ع۔ آشکارا۔ ظاہر۔ صاف۔ کنواری
عورت۔ کنواری لڑکی۔ ایک معشوقہ کا نام ہے

جسپر وامق عاشق تھا بُرج سنبلہ اسلئے کہ اسکی
صورت لڑکی سی ہے جس کے ہاتھ میں
خوشۂ گندم ہے ٭
عذر پذیرت ف۔ عذر قبول کرنے والا ٭
عذر زبان ف۔ جیسے سے کنایہ ہے ٭
عذر لنگ ف۔ ہیچ اور کمزور بہانہ ٭
عذر نہادن ف۔ عذر قبول کرلینا ٭
عذر نیوش ف۔ عذر قبول کرنے والا
عذر نیوشی ف۔ عذر سننا۔ عذر قبول کرلینا
عُذُوبت ع۔ پانی کا میٹھا اور خوش مزہ
ہونا مجازاً ہر شے کا اچھا ہونا میٹھا پن ٭

عین مہملہ مع راے مہملہ

عَرابہ ع۔ گاڑی۔ چھکڑا ٭
عُرات ع۔ جمع عاری کی ننگے ٭
عَرّادَہ ع۔ آلات قلعہ گیری میں ایک
آلہ ہوتا ہے جیسے گوپیا۔ مگر محاورہ والی
میں عرادہ وہ پہیے ہوتے ہیں جنپر توپ چڑھاتے
ہیں۔ کو چلنے لگتے ہیں یہ لفظ توپ کے ساتھ
اسطرح استعمال کیا جاتا ہے جسطرح راس
لدو اور دود جیسے جانوروں کے ساتھ زنجیر
فیل کے ساتھ۔ قلاوہ درندوں کے ساتھ
نفر آدمی کے ساتھ وغیرہ وغیرہ۔ مگر کبھی صرف
عرادہ ہی توپ کی جگہ لکھ دیتے ہیں ٭
عَرّافہ ع۔ سوقیانہ وصف۔ وغیرہ
عِراق ع۔ لغت میں عراق کے معنی کنارہ
دریا کے ہیں مجازاً وہ ملک۔ جو دریائے جیحون
اور دریائے دجلہ و فرات کے کناروں پر
واقع ہیں جو ملک دریائے جیحون کے کنارہ پر ہے
وہ عراق عجم کے نام سے نامزد ہے خراسان
اور اصفہان وغیرہ اسی میں داخل ہیں اور

جنگل کنارہ مراسلہ۔ جادہ خیابات پر واقع
ہے اسے عراق عراب کہتے ہیں۔ بغداد بھی
اسی میں شامل ہے۔ عراق ایک مقام موسیقی کا نام
بھی ہے جسے بوقت چاشت نکالتے ہیں ÷
عراقین ع۔ تثنیہ عراق کا ہے۔ دونوں
عراق یعنی عراق عجم و عراق عرب ÷
عراک ع۔ انبوہ کرنا۔ ہجوم کرنا ÷
عراک ع۔ سخت ملنے والا۔ گشالی دینے
والا۔ لڑنے والا۔ جنگی ÷
عرائس ع۔ جمع عروس کی جس کے
معنے دولہن ہیں اور عروس کے معنے دولہا
بھی ہیں مگر اسکی جمع اعراس ہے ÷
عرب ع۔ بر اعظم ایشیا میں ایک مشہور
و زرخیز کے جنوب کی طرف ایک ملک ہے کہ اس ملک
جسمیں نبی آخر الزمان علیہ الصلوٰۃ والسلام
بانی اسلام پیدا ہوئے اور مدینہ منورہ
جسمیں آنحضرت صلعم کا روضہ مبارک ہے اور
مکہ معظمہ اور مسقط وغیرہ اسی کے شہر
ہیں لغوی معنے عرب کے لفظ کے بیابان اور
جنگل کے ہیں چونکہ اس ملک میں صحرا کثرت
ہیں اور دریا کوئی نہیں اس واسطے عرب کہلایا
اور عرب کے معنے شہر کا رہنے والا اعرابی گنوار
عربان ف۔ جمع فارسی عرب کی ہے ÷
عربدہ ع۔ لڑائی جھگڑا۔ فساد۔ جو لڑائی
جنگ جوئی ÷
عربدہ جوئے ف۔ جھگڑے جا لڑائی اور دنگے کے
معنے میں یہ آتا ہے۔ بلکہ جنگجو ہی کہتے ہیں ÷
عربستان ف۔ عرب کا ملک ÷
عرب سرائے ع۔ شاہجہان کی بیوی کے
مقبرہ کی طرف مقبرہ ہمایوں شاہ کے پاس کی بیوی
حاجی بیگم نے ایک بڑی شاندار سرائے بنائی

ہے جسکے دروازے بڑی نمود کے ہیں چونکہ
اس سرائے میں بیگم کے ملازم عرب رہتے تھے
اس واسطے اس کا نام عرب سرائے پڑ گیا ÷
عربی ع۔ منسوب عرب سے۔ عرب کا ÷
عرجون ع۔ کھجور کی ٹہنی ÷
عرعر ع۔ بلی اور کتے کی آواز غصے کے وقت
عرس ع۔ خاوند والی عورت زن یا شوہر
عُرس ع۔ شادی یا نکاح کا کھانا۔ مجازاً
مجلس طعام اور فاتحہ کسی بزرگ کی بھی
ورسی جس روز کہ وہ فوت ہوا تھا ÷
عرش ع۔ تخت۔ چھت۔ خدا تعالیٰ کا
عرش
عرش آشیانی ف۔ وہ شخص جسکا گھر عرش
پر ہو۔ شاہان مغلیہ کو مرنے کے بعد ایک
خطاب ملا کرتا تھا۔ چنانچہ جلال الدین اکبر
بادشاہ کا یہ خطاب ہے ÷
عرش اعظم ع۔ عرش خدا تعالیٰ کا ÷
عرش اکبر ع۔ آدمی کا دل۔ قلب ÷
عرش ثانی ع۔ کرسی سے مراد ہے ÷
عرش شبانی ع۔ تخت بلقیس جو شہر سبا میں تھا
عرش داران ف۔ انبیا اولیاء اہل اللہ
عرشیان ع۔ ملائکہ مقربین حاملان عرش
عرصات ع۔ جمع عرصہ کی قیامت ÷
عرصہ ع۔ میدان۔ صحن۔ انگنائی
شطرنج کی بساط۔ مدت ÷
عرصہ شطرنج ع۔ شطرنج کی بساط ÷
عرض ع۔ کسی چیز کا کسی شخص پر ظاہر
کرنا۔ پیش کرنا۔ بیان کرنا۔ چوڑان۔
پہنائی۔ گھر کا مال متاع اسباب۔ مجازاً
عرصہ مدت۔ در عرض یعنی درمیان ÷
عرض ع۔ جو بذاتہ قائم نہ ہو بلکہ قائم بالغیر

ہو جیسے رنگ کپڑے پر حروف کاغذ پر کپڑا
اور کاغذ جوہر (قائم بذاتہ) ہیں اور رنگ
اور حروف عرض جنکا قیام کپڑے اور کاغذ
کے وسیلے سے ہے۔ بیماری جو بسبب
کسی اور بیماری کے عارض ہو جیسے درد
سر تپ کے سبب سے پیدا ہو جائے یا تپ کسی
درد کے سبب آنے لگے ÷
عُرض ع۔ کنارہ۔ طرف ÷
عِرض ع۔ عزت آبرو۔ بدن۔ جسد ÷
عرض بیگی ت۔ وہ شخص جو لوگوں کی عرض
معروض بادشاہ کے پاس جا کر بیان کرے
عرض حیات۔ عرض عمر ع۔ لذت عمر
عمر کو عیش و عشرت سے بسر کرنا ÷
عرضداشت ف۔ عرضی ÷
عرض سپاہ۔ عرض لشکر ف
فوج کی موجودات لینی ÷
عرض سپاہ دیدن ف۔ مرتب
اور آراستگی سپاہ کا ملاحظہ کرنا ÷
عرض گاہ ف۔ سپاہ کے شمار کرنیکا میدان
چھاؤنی جہاں فوج کی موجودات لی جاتی ہو
عرضہ ع۔ کیا ظاہر کرنا۔ کسی چیز کو کسی
شخص پر آشکارا کرنا۔ عرض کرنا۔ عرضہ عرضی عرض
عُرضہ ع۔ ہمت۔ حیا لگے پھینک دیا ہوا
پیش کیا ہوا۔ سامنے لایا ہوا۔ اور جو شے سامنے
لائی جائے۔ سپر۔ ڈھال ÷
عرضہ شمشیر ساختن ف۔ تلوار
سے قتل کرنا۔ تیغ کرنا ÷
عرضی ع۔ عارضی جو اصلی نہ ہو عارضی
عرعر ع۔ سرو کوہی صنوبر کا درخت ÷
عرف ع۔ مشہور نام علم نام پہچان نکول لینا
عرف ع۔ خوشبو ÷

عرفا ع۔ جمع عارف کی حق شناسان خدا
عرفات ع۔ ایک فراخ میدان کا نام ہے
جو مکہ معظمہ سے نو کوس کے فاصلہ پر ہے
عرفہ یعنے حج کے دن حاجی لوگ یہاں آ کر
ٹھیرتے ہیں اور لبیک اور دعائیں پڑھتے ہیں
اور ظہر اور عصر کی نمازیں پڑھتے ہیں اور
پھر مکہ میں لوٹ آتے ہیں ÷
عرفان ع۔ شناخت پہچان پہچاننا
کی بجے بھاپی ÷
عرفہ ع۔ ماہ ذی الحج کا نواں دن جس روز
مسلمان لوگ حج کرتے ہیں اور حاجی عرفات
میں جا کر احکام حج بجا لاتے ہیں ÷
عرفی ع۔ رسمی۔ ظاہری۔ ایک مشہور شاعر
کا تخلص ہے جس کا نام جمال الدین تھا
اور محمد جلال الدین اکبر بادشاہ کے زمانہ
میں ہندوستان میں آیا تھا۔ قصائد عرفی مشہور کتاب
اسکی تصنیف ہے عالم جوانی ہی میں وفات پائی ÷
عرق ع۔ درخت کی جڑ۔ رگ۔ نسل ÷
عَرق ع۔ پسینا اور وہ پانی جو دوائیوں
کا بخار بنا کر بناتے ہیں ÷
عرق الشجر ع۔ درخت کی جڑ ÷
عرق النساء ع۔ ایک رگ کا نام جو ران سے نکل
کر ٹخنے تک جاتی ہے اور ایک بیماری کا
نام ہے جسے ہندی میں رینگنی کہتے ہیں
عرق انفعال ع۔ شرمندگی کا پسینا
عرق بر اندام نشستن ف۔ پسینا آنا
عرق پاک کردن ف۔ پسینا پونچھنا
عرق بہار ف۔ شگفتہ وہ عرق پھولوں کے پھولوں
کا عرق۔ شراب ÷
عرق حیا۔ عرق خجالت ف۔ شرمندگی کا پسینا
عرق چین ف۔ پسینا پونچھنے کی ٹوپی

قسم کی تُرکی میں ہے ۔

عرقِ دواتشہ ۔ ف ۔ وہ عرق جو دو دفعہ کا کھچا ہو ۔

عرقِ دویدن و چکیدن و ریختن ۔ ف ۔ پسینا آجانا ۔

عرق ریختن و راندن ۔ ف ۔ کسی کام میں بہت کوشش کرنا ۔ شرمندہ ہو جانا ۔

عرق بر روے کسے ریختن ۔ ف ۔ منہ پر پانی کا چھینٹا دینا ۔ جگا دینا ۔ ہوشیار کرنا ۔

عرق ریزی ۔ ف ۔ خاموش اور بہت محنت کرنے والا ۔

عرقِ شفقت در حرکت آمدن ۔ ف ۔ شفقت و محبت کا جوش میں آنا ۔

عرق کردن ۔ ف ۔ پسینا لے آنا ۔ شرمندگی اٹھانا ۔ شرمندہ ہونا ۔ عطا کرنا ۔

عرق کردہ ۔ ف ۔ وہ گھوڑا جسے بہت بھاگ دوڑ کرنے کے باوجود بھی پسینہ نہ آئے ۔

عرقِ گل ۔ ف ۔ گلاب ۔

عرق گیر ۔ ف ۔ چھوٹا سا رومال پسینا پونچھنے کا ۔ شرمندہ ۔ منفعل ۔

عرقِ مدنی ۔ ع ۔ نارو ۔ جو ایک بیماری ہے ۔

عُرقوب ابن صخر ۔ ع ۔ قوم عمالقہ میں سے ایک شخص کا نام ہے جو وعدہ خلافی میں مشہور تھا ۔

عَرَقیہ ۔ ع ۔ پسینا پونچھنے کا چھوٹا سا رومال ۔

عَرِم ۔ ع ۔ وہ پشتہ یا بند جو مینہ کے پانی کو روکنے کو بنایا جاتا ہے ۔

عَرَمرم ۔ ع ۔ لشکر کثیر ۔

عَرُوب ۔ ع ۔ وہ عورت جو اپنے خاوند سے محبت رکھے ۔ زن خندہ رو ۔ اور وہ عورت جس سے اُسکا خاوند بہت محبت رکھے ۔

عُرُوج ۔ ع ۔ چڑھنا ۔ بلند ہونا ۔

عَرُوس ۔ ع ۔ دُلھا ۔ دُلھن ۔ اگرچہ اس کا اطلاق دلھن اور دولھا دونوں پر درست ہے مگر اکثر دلھن پر آتا ہے ۔

عروسِ رعنوں زنان ۔ ف ۔ زہرہ ۔

عروسانِ باغ ۔ عروسانِ چمن ۔ ف ۔ پھول اور باغ کے ننھے پودے ۔

عروسانِ بیابان ۔ ف ۔ ریگ کے ذرے جو دوپہر کے وقت چمکتے ہوں ۔

عروسِ تاک ۔ ف ۔ شراب ۔

عروسِ عدن ۔ ع ۔ حورِ جنت ۔

عروسِ عرب ۔ ع ۔ مکہ معظمہ ۔

عروسک ۔ ف ۔ چھوٹی دلہن جو بچی کا کھلونا ہے ۔ لڑکیوں کے کھیلنے کی گڑیا اور ایک قسم کا میوہ ہے ۔

عروسِ جہان ۔ عروسِ خشک لبان ۔ عروسِ شش مردہ ۔ عروسِ پردہ سوختہ ۔ عروسِ چہارم فلک ۔ عروسِ چرخ ۔ عروسِ خاوری ۔ عروسِ روز ۔ عروسِ فلک ۔ عروسِ نہ فلک ۔ ف ۔ سورج ۔

عروسک باز ۔ ف ۔ لعبت باز ۔

عروسِ فلک ۔ ف ۔ شہر جو قبل و دریا میں ہیں اور شہروں پر فائق ہو ۔ مجازاً ہر ایک ملک ۔

عُروسی ۔ ف ۔ نکاح ۔ شادی ۔ خوشی ۔

عُروض ۔ ع ۔ ظاہر ہونا ۔ عارض ہونا ۔

عَرُوض ۔ ع ۔ ایک علم کا نام جس میں نظم کی درستی کے قواعد مذکور ہوتے ہیں ۔ اس میں ذکر ہوتا ہے ارکان و زحافات کا ہوتا ہے بحر کی ہیں طویل ۔ مدید ۔ بسیط ۔ وافر ۔ کامل ۔ ہزج ۔ رجز ۔ رمل ۔ منسرح ۔ خفیف ۔ مضارع ۔ مقتضب ۔ مجتث ۔ متقارب ۔ متدارک ۔ جنہیں بحور کہتے ہیں ۔ ارکان ۔ فعولن ۔ فاعلن ۔ مفاعیلن ۔ مستفعلن ۔ مفاعلتن ۔ متفاعلن ۔ تبدیل ... کی کان یا اصل ۔ جن کا ذکر ... فاعلن ۔ مفاعیلن ۔ مستفعلن ۔ مفاعلتن ۔ فاعلاتن ۔ مفعولات ۔ زحافات ۵۰ کے قریب ہیں ۔ مفصل حال عروض کی کتابوں مثلاً عروض سیفی یا حدائق البلاغت وغیرہ سے معلوم ہو سکتا ہے ۔

عُروق ۔ ع ۔ جمع عرق کی ۔ بمعنی پسینہ اور جمع عِرق کی بھی ہے ۔ بمعنی رگیں ۔ پٹھے ۔ جڑیں نباتات کی ۔

عُروہ ۔ ع ۔ ہر چیز کا کونہ ۔ ہر چیز کا دستہ کوزہ ۔ ڈول وغیرہ کا دستہ جس سے اُسکو پکڑ سکیں ۔ مجازاً ذریعہ ۔ وسیلہ ۔

عروۃ الوثقیٰ ۔ عروۂ وثقیٰ ۔ ع ۔ اصل لغت میں اس کے معنے ہیں کوزہ وغیرہ کا دستہ جو محکم ہو اور بآسانی نہ ٹوٹ سکے ۔ اور محاورہ میں وہ شخص ہے جس پر بھروسا کرسکیں ہر شے میں سے محکم ۔ جو سکیں ۔ دست آویز محکم ۔

عُریان ۔ ع ۔ ننگا ۔ برہنہ ۔

عریض ۔ ع ۔ چوڑا ۔ عرض دار ۔

عریضہ ۔ ع ۔ عرضی ۔ عرض ۔

عریکہ ۔ ع ۔ اونٹ کی کوہان ۔

عرین ۔ ع ۔ صحرا ۔ جنگل ۔ بن جہاں شیر و بھیڑیے وغیرہ رہتے ہیں ۔ شیر عرین بن کا شیر ۔

عین مہملہ مع زائے معجمہ

عَزَّ ۔ ع ۔ عزیز ہوا ۔ معزز ہو گیا ۔

عِزّ ۔ ع ۔ عزت ۔

عِزّہ ۔ ع ۔ غلبہ ۔

عزا ۔ ع ۔ مصیبت پر صبر کرنا ۔ شکایت کرنا ۔ کسی چیز سے نسبت کرنا ۔ مجازاً ماتم پرسی ۔ غم ۔

عُزّےٰ ۔ ع ۔ ایک درخت تھا جسکو کفار عرب پوجتے تھے ۔ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے حکم سے خالد بن ولید نے جلا ڈالا تھا ۔ فارسی میں اس لفظ کو بے تشدید بھی استعمال کرتے ہیں ۔

عزا پرستی ۔ ف ۔ بت پرستی ۔ مورت پرستی ۔

عزازیل ۔ ع ۔ شیطان کا نام ۔

عزائم ۔ ع ۔ جمع عزیمت کی ۔ ارادے ۔ منتر ۔ افسون ۔

عزب ۔ ع ۔ مجرد آدمی ۔ وہ آدمی جسکی جورو نہ ہو ۔ بے جورو ۔ عورت کے معنے میں بھی آیا ہے ۔

عزت ۔ ع ۔ عزیز ہونا ۔ غالب ہونا ۔ حرمت ۔ آبرو ۔

عزرائیل ۔ ع ۔ مرکب ہے عزرا (بمعنی بندہ) اور ایل (بمعنی خدا) سے ۔ بندۂ خدا ۔ وہ فرشتہ جو جانداروں کی روح قبض کرتا ہے ۔

عزل ۔ ع ۔ بیکاری اور بیکار کرنا ۔

عزلت ۔ ع ۔ گوشہ نشینی ۔ عبادت کے لئے زن و فرزند سے الگ ہو بیٹھنا ۔

عزلت دوست ۔ عزلت گزین ۔ ف ۔ گوشہ نشین ۔ زاہد ۔ مرتاض ۔

عزل و نصب ۔ ع ۔ معزولی اور بحالی ۔

عزم ۔ ع ۔ ارادہ ۔ قصد ۔ یہ لفظ کے معنی دونوں سے بھی درست ہے ۔

عزمات ۔ ع ۔ جمع عزم کی ۔

عزیز ۔ ع ۔ پیارا ۔ جمع عزیزان ۔ حقیقی ۔ پیارا ۔ غالب ۔ لقب بادشاہ مصر کا ۔ اور قدیم زمانہ میں مصر کا لقب وزرائے مصر کو دیا جاتا تھا ۔ شاہ مصر کا لقب خدیو مصر ہے ۔

عزیز مصر ۔ ع ۔ شاہ مصر ۔ اس کے پہلے شاہ مصر کا لقب عزیز تھا ۔ آج کل خدیو ہے ۔

عزیمت ۔ ع ۔ قصد ۔ دلی ارادہ ۔ منتر ۔ افسون ۔

عزو ۔ کسی چیز سے نسبت کرنا ۔ صبر کرنا ۔

عزونات ۔ ع ۔ نامردی کی قوت باہ کا زائل ہو جانا ۔

عین مہملہ مع سین مہملہ

عَسّ ع۔ شب کا پہرا دینا ؛
عَسّار ع۔ شب گرد۔ پولیس ؛
عَساکر ع۔ عسکر کی جمع ہے۔ فوجیں ؛
عَسْجَد ع۔ سونا۔ طلا۔ جواہر جیسے موتی یاقوت وغیرہ
عَسِیر ع۔ دشوار ؛
عُسر عُسْر ع۔ دشواری۔ کام کا مشکل ہونا
عُسْرت ع۔ تنگی مفلسی۔ دشواری ؛
عَسَس ع۔ کوتوال محافظ شہر ؛
عَسْعَس ع۔ رات کا اندھیرا چھایا ؛
عَسْقَلان ع۔ ملک شام میں ایک شہر اور ایک ندی بھی ہے ؛
عَسْقَلانی ع۔ عسقلان کا۔ عسقلان کا رہنے والا
عَسْکَر ع۔ معرب ہے لشکر کا۔ لشکر۔ فوج۔ جماعت رات کی تاریکی۔ خوزستان میں شوستر کے پاس ایک شہر بھی ہے۔ گنّے کا بنا ہوا ایک قسم کا شراب بھی ہے۔ حرمین کے درمیان ایک گاؤں ہے جسے سامرہ بھی کہتے ہیں
عَسْکَری ع۔ منسوب بعسکر۔ امام علی نقی اور ان کے بیٹے حسن کا لقب بھی ہے ؛
عَسَل ع۔ شہد۔ انگبین جس کی تاثیر گرم ہے
عَسَل طبرزد ع۔ شیرۂ نباتات ؛
عَسیٰ ع۔ قریب ہے۔ یقین ہے۔ شاید
عَسِیر ع۔ دشوار۔ مشکل ؛

عین مہملہ مع شین معجمہ

عَشّ ع۔ آشیانہ۔ گھونسلا ؛
عِشا ع۔ رات کا وقت تا بیداری کا تیسرا حصہ
عَشا (بالمد و بالقصر) ع۔ شب کوری۔ رتوندی۔ شبکوری وکمزوری چشم۔ رات کی نماز کا وقت۔ تاریکی
عَشْیٰ ع۔ اول رات۔ رات کا ساہ وقت شام کا وقت
عُشّاق ع۔ جمع عاشق کی اور نام ہے ایک ... مقام راگ کا پردہ مگر یہ مشہور گاتے ہیں ؛
عَشائِر ع۔ جمع ہے عشیرہ کی۔ کنبے۔ قبیلے
عُشْب ع۔ ہری گھاس۔ گیاہ تر ؛
عُشْر ع۔ دسواں حصہ $\frac{1}{10}$ ؛
عَشَر ع۔ دس۔ عدد ۱۰۔ ۱۰ ؛
عَشَرات ع۔ دہائیاں جو کل نو ہیں۔ دس بیس تیس چالیس پچاس۔ ساٹھ۔ ستر۔ اسی نوے ؛
عِشْرت ع۔ خوش دلی۔ خوش زندگانی عیش و آرام ؛
عُشْر خوان ف۔ بچہ نو آموز جسے ابھی قرآن شریف شروع کیا ہو۔ قرآن کا قاری شخص جو مردہ کی قبر پر قرآن شریف پڑھے
عُشْر عَشِیر ع۔ دسویں کا بھی دسواں $\frac{1}{100}$ ؛
عَشَرَۃ ع۔ دسواں دن مہینے کا ؛
عَشَرَہ کاملہ ع۔ پورے دس دن روزے حاجیوں کے جو تین حج سے پہلے اور سات حج کے بعد رکھا کرتے ہیں اور یہ حکم ان لوگوں کے واسطے ہے جنہیں قربانی دینے کی طاقت نہیں ہوتی ؛
عِشْرِین ع۔ بیس۔ عدد ۲۰ ؛
عِشْق ع۔ کسی شے کیساتھ حد سے بڑھ کر محبت کرنا۔ جنون کے قسم کا ایک مرض ہے جو میں صورت کے دیکھنے سے پیدا ہو جاتا ہے۔ اصطلاح میں اس لفظ کے معنے سلام و داع کے ہیں چنانچہ اکثر آزاد لوگ یہاں بھی بجائے سلام علیک کے عشق اللہ کہا کرتے ہیں ؛
عِشْق باز ف۔ عاشق۔ چاہنے والا۔ کبوتر باز
عِشْق پیچان ف۔ عشق پیچہ ؛
عِشْقہ ع۔ عشق پیچہ ؛
عَشُوق ع۔ عاشق بہت عشق کرنے والا
عَشْوَہ۔ عُشْوَہ عِشْوَہ ع۔ پوشیدہ امر پوشیدہ کام جو رات کے وقت اندھیرے میں کئے جائیں ناز کرشمہ یعنی حرکت و ناز معشوق کا جو عاشق کو فریفتہ کرے معشوقوں کا انداز فریب ؛
عَشِیَّت ع۔ رات کا وقت پہر رات گئی کا وقت اندھیرے کا وقت ؛
عَشِیر ع۔ کنبے کا آدمی۔ ہمسایہ کسی کے ساتھ رہنے والا۔ دسواں حصہ ؛
عَشِیرَہ ع۔ دسواں حصہ۔ کنبہ قبیلہ
عَشِیقَہ ع۔ معشوقہ ؛

عین مہملہ مع صاد مہملہ

عَصا ع۔ لاٹھی چوب دستی ؛
عُصاب ع۔ شاہترہ ؛
عِصابَہ ع۔ ایک قسم کا کپڑا ہے جو سر پر باندھتے ہیں
عُصاۃ ع۔ جمع عاصی کی نافرمان لوگ
عَصّار ع۔ روغن گر۔ تیلی۔ یہ وزن فعّال کا اکثر پیشہ وروں کے لئے آتا ہے جیسے قصّاب۔ نجّار۔ علّاج۔ قصّاب۔ خبّاز۔ حلّاج۔ صبّاغ وغیرہ
عُصارَہ ع۔ شیرہ۔ رس۔ نچوڑا ہوا پانی
عَصافِیر ع۔ عصفور کی جمع ہے چڑیاں
عِصام ع۔ پانی بھرنے کی مشک کا دوال جس کے ذریعے اسے اٹھاتے ہیں اور یہ مشک نعمان بن منذر کے حاجب کا نام ہے جو بڑا نیک خصلت تھا ؛
عَصا و پائے افراز پیش نہادن سفر کی تیاری کرنا۔ سفر کو تیار ہونا ؛
عَصائے کلیم ع۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی لاٹھی جو معجزہ سے اژدہا بن جایا کرتی تھی
عَصَبِیّ ع۔ جمع عصبہ کی بیٹے پوتے
عَصَبات ع۔ جمع عصبہ کی پدری رشتہ میراث کی اصطلاح ہے ؛
عُصْبَہ ع۔ جماعت آدمیوں کی دس سے چالیس تک
عَصَبہ ع۔ پٹے۔ پٹھے اس کی جمع عصب و اعصاب آتی ہے۔ باپ کی طرف کا رشتہ دار اور بیٹے عصبات کی جمع ؛
عَصَبِیَّت ع۔ طرف داری تعصب دستو ادی۔ خویشاوندی ؛
عَصْر ع۔ زمانہ روزگار دن کا آخر حصہ نماز عصر۔ نچوڑ ؛
عَصْف عُصُوف ع۔ ہوا کا تندی اور زور سے چلنا ؛
عُصْفُر ع۔ کسنبہ۔ ایک سرخ رنگ پھول کا نام ہے جس سے کپڑے رنگتے ہیں ؛
عُصْفُور ع۔ چڑیا۔ گنجشک ؛
عِصْمَت ع۔ اپنے تئیں گناہ سے بچانا۔ پاکدامنی۔ پاکی ؛
عِصْمَتِیان ف۔ انبیا اور اولیا اور ملائکہ اور اہل عزلت اور پردہ نشین عورتوں اور خلوت نشینوں سے مراد ہے حضرت مریم کو بھی کہتے ہیں
عَصُو ع۔ عصا مارنا ؛
عِصْیان ع۔ گنہگاری نافرمانی سرکشی
عَصِیب ع۔ طرفدار۔ بستار۔ خویشاوند بھی
عَصِیدَہ ع۔ ایک قسم کا طعام ہے جو آٹے کا بنایا جاتا ہے۔ اور بہت گاڑھا ہوتا ہے
عَصِیر ع۔ شیرہ انگور وغیرہ کا رس نچوڑا شراب انگوری ؛

عین مہملہ مع ضاد معجمہ

عَضّ ع۔ دانتوں سے کاٹنا ؛
عَضادَہ ع۔ بازو کے دونوں بازو کی

عُضَب ع۔ کاٹنا۔ تلوار ؎
عضبت ع۔ تیز زبانی ؎
عَضُد ع۔ بازو۔ بادشاہ شیراز کے سلاطین میں سے ایک کا نام بھی ہے جو ملوک دیالمہ میں سے تھا۔ شیراز میں اس کا گنبد بھی ہے ؎
عضد الدولہ ع۔ بازو سلطنت کا۔ ایسے سلاطین و مددگار اکثر امرا کے خطاب ہوتے ہیں۔ عضد سلطان شیراز کا نام بھی ہے ؎
عضلہ ع۔ اور سخت گوشت ؎
عضو ع۔ بدن کا کوئی جزو۔ جوڑ۔ اندام بدن
عُضُوب ع۔ جمع عضب کی تلواریں ؎

عین مہملہ مع طائے مہملہ

عطا ع۔ بخشش۔ دینا ؎
عَطّار ع۔ عطر بیچنے والا۔ گندھی۔ عام بول چال میں پنساری کو کہتے ہیں ؎
عُطارِد ع۔ وہ ستارہ آسمان پر ایک ستارہ ہے جسے دبیر فلک اور منشی فلک بھی کہتے ہیں۔ علم و عقل اسی سے متعلق ہے۔ شرف اس کا برج سنبلہ میں ہے۔ وبال اس کا برج قوس میں ہے۔ کیمیاگروں کی اصطلاح میں پارے کو کہتے ہیں ؎
عطارد وش ف۔ ذکی۔ ذہین۔ تیز طبع ؎
عُطاس ع۔ وہ شے جس سے چھینک پیدا ہو۔ چھینک ؎
عِطاش ع۔ پیاسے۔ تشنگان۔ جمع عطشان کی
عطالت ع۔ بیکاری۔ معطلی۔ معتبر لغتوں میں یہ لفظ ان معنوں میں پایا نہیں گیا ؎
عطایا ع۔ جمع ہے عطیہ کی۔ بخششیں ؎
عطائے کبریٰ ع۔ عرفیوں سے مراد ہے جو ایک سو تیس سال ہوتی ہے ؎
عطب ع۔ ہلاکت۔ ہلاکی ؎

عطر ع۔ خوشبو پانا۔ خوشبو کرنا۔ بالکل خوشبو بو سے خوش ؎
عطر جہانگیری ف۔ عطر گلاب جو نور جہاں بیگم نے جہانگیر بادشاہ کے عہد میں ایجاد کیا تھا
عطر فروش ف۔ گندھی ؎
عطر مجمّع ع۔ مشہور خوشبو ہے جو مشک اور عنبر کافور وغیرہ سے مرکب کر کے بناتے ہیں ؎
عطریات ع۔ جمع عطری کی یعنی وہ اشیا جو خوشبو دیتی ہیں ؎
عطس ع۔ چھینکنا۔ چھینک ؎
عطسہ ع۔ چھینک۔ چھنکائی۔ نچھ ؎
عطسۂ تیغ ف۔ تلوار مارنے کے وقت جو آواز نکلتی ہے ؎
عطسۂ چاہ ف۔ کنوئیں کے منہ پر کھڑے ہو کر بولنے سے جو آواز کنوئیں سے نکلتی ہے اس
عطسۂ شب ف۔ صبح ؎
عطسۂ صبح ع۔ آفتاب ؎
عطسۂ عنبرین ف۔ بوئے خوش خواہ پھول کی خواہ کسی اور چیز کی ؎
عطسۂ کمان ف۔ تیر ؎
عطسۂ گرز ف۔ پہلے گرز مارنے کی آواز ؎
عطش ع۔ پیاس۔ تشنگی ؎
عطشان ع۔ پیاسا۔ تشنہ۔ تشنگی ؎
عِطف ع۔ پہلو۔ جانب۔ مجازاً اقامت قد
عَطف ع۔ پھیرنا۔ موڑنا۔ میل کرنا۔ مہربانی۔ شفقت۔ دامن جامہ ؎
عطف گاہ زمین ف۔ منتہائے زمین متصل دریائے محیط (استعدد) کے ہے ؎
عطف کردن ف۔ ایک طرف ہی راہ سے ہٹ جانا ؎
عطف گردن ف۔ اعراض۔ نخوت

منہ پھیر لینا خواہ خشم و ناز سے خواہ قہر و غضب سے
عَطَل ع۔ عورت بدون زیبائش کے بے زیور۔ بے نقطہ حرف ؎
عُطلت ع۔ بیکاری ؎
عطن ع۔ اونٹوں کے پانی پینے کی جگہ پانی کے پاس گوسپندوں کی آرام گاہ ؎
عطوف ع۔ مہربان۔ شفیق ؎
عطوفت ع۔ مہربانی ؎
عَطوفہ ع۔ مہربان۔ شفیق عورت ؎
عطیات ع۔ جمع عطیہ کی۔ بخششیں ؎
عطیہ ع۔ بخشش۔ انعام۔ دی ہوئی چیز ؎

عین مہملہ مع ظائے معجمہ

عِظام ع۔ جمع عظیم کی۔ بزرگان۔ بزرگ لوگ۔ اور جمع عظم کی۔ ہڈیاں۔ استخوان ؎
عِظام ع۔ بزرگ ؎
عظام رمیم ع۔ گلی ہوئی ہڈیاں۔ پرانی ہڈیاں
عَظم ع۔ ہڈی۔ استخوان ؎
عُظم ع۔ بزرگی ؎
عِظم ع۔ کلانی۔ کلاں۔ بڑا ہونا۔ ضد صغر کی ؎
عُظَما ع۔ جمع عظیم کی۔ بزرگ لوگ ؎
عظمیٰ ع۔ بزرگ عورت۔ مؤنث اعظم۔ بڑی چیز ؎
عظمت ع۔ بزرگی۔ بڑائی۔ قدر ؎
عظیم ع۔ بڑا۔ بزرگ ؎
عظیم الشان ع۔ بلند قدر۔ عالی رتبہ اور محمد عظیم شاہ عالمگیر کے بڑے بیٹے شاہ عالم بادشاہ کے بیٹے کا نام بھی ہے جو بنگالہ کا صوبہ دار تھا اور اپنے باپ کے وقت سلطنت کا بڑا حصہ دار تھا ؎

عین مہملہ مع فائے

عفاریت ع۔ جمع عفریت کی۔ دیو۔ بھوت

عفاف ع۔ پارسائی۔ پرہیزگاری ؎
عِفّت ع۔ پارسائی۔ پرہیزگاری ؎
عِفریت ع۔ دیو۔ بھوت ؎
عُفص ع۔ مازو۔ ماجو مشہور دوا ہے ؎
عَفِص ع۔ کسیلا۔ بے مزہ۔ تلخ۔ وہ چیز جس میں زبان کی گرفتگی ہو ؎
عفعف ع۔ کتے کے بھونکنے کی آواز ؎
عفعف کردن ف۔ سگ۔ کتے کا بھونکنا
عفن ع۔ بدبو۔ گندہ ؎
عَفَن ع۔ گوشت وغیرہ کا بدبودار ہونا
عفو، عُفُوّ ع۔ معاف کرنا۔ خطا بخشنا ؎
عفوّ ع۔ بہت درگزر کرنیوالا خطاؤں سے۔ بہت گناہ معاف کرنے والا ؎
عُفوصت ع۔ بے مزگی۔ کسیلاپن ؎
عفونت ع۔ سڑ جانا۔ بدبو۔ سڑاند ؎
عفیف ع۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ وہ شخص جو حرام کاری نہ کرتا ہو ؎
عفیفہ ع۔ پارسا عورت۔ بدکاری سے بچنے والی عورت ؎

عین مہملہ مع قاف

عُقاب ع۔ ایک سیاہ رنگ کا شکاری پرند ہے جو بہت تیز پرواز اور طاقتور ہوتا ہے۔ ہیرا وغیرہ چیز جو بہت بلند ہو۔ کیمیاگروں کی اصطلاح میں نوشادر کو کہتے ہیں۔ ایک چھوٹا سا تاگا جو کانوں کے کھونٹوں میں چھید کرنے کے بعد ڈال دیتے ہیں ؎
عِقاب ع۔ دکھ۔ عذاب ؎
عقاب آہنین منقار ف۔ تیر پیکان سے کنایہ ہے ؎
عقاب شدن ف۔ کسی چیز کا اڑ جانا

عقاب آسمان ف۔ نسر طائر ٭
عقاب افگن ف۔ مطیع، غدار و زبانگیر
عقابین ف۔ فارسی سے آہنین ٭
عقابین ع۔ دو لکڑیاں جس پر مجرموں
کو باندھتے ہیں ٭
عُقار ع۔ شراب۔ مے ٭
عَقار ع۔ آراضی زمین۔ زراعت۔ مال و
ذخیرہ۔ درخت خرما۔ متاع و اسباب ٭
عقار آدم ع۔ درخت یا گھاس کسی
نبات کی جڑ جو دوا کے کام میں آئے ٭
عقارب ع۔ جمع عقرب کی۔ بچھو ٭
عقاقیر ع۔ جمع عقار کی ٭
عقال ع۔ وہ رسی جس سے اونٹ باندھیں ٭
عقائد ع۔ جمع عقیدہ کی۔ خیالات، اعتقاد
عقب ع۔ پیر کی ایڑی۔ بیٹا۔ پوتا ٭
عُقب عُقُب ع۔ انجام۔ پایان کار ٭
عقب ع۔ کسی کے پیچھے پیچھے آنا ٭
عقبات ع۔ دشوار گزار راستے
گھاٹیاں۔ جمع عقبہ کی ٭
عقبان ع۔ عقاب بالضم کی جمع و عقاب بالکسر
کی جمع بمعنے شکنجہ عذاب یعنی تکلیف پہنچانے کو
عقبان ع۔ جمع عقاب کی اور ایک مشہور
شکاری پرند کا نام ہے ٭
عقبہ ع۔ پہاڑ کی گھاٹی۔ دشوار گزار
راستہ۔ جائے دشوار۔ مجازاً مرحلہ
دشوار مرحلہ جس کا طے ہونا مشکل ہو
عقبیٰ ع۔ آخرت دوسرا جہان
عقد ع۔ جوڑنے میں لانا۔ گرہ ٭
عقد ع۔ گرہ لگانا۔ باندھنا۔ عہد۔ نکاح
عقد ع۔ موتیوں کی لڑی۔ ہار ٭
عقدہ ع۔ عقدہ کی جمع۔ گرہیں۔

عقد انامل ع۔ انگلیوں پر شمار کرنا
داہنے ہاتھ پر اکائیاں اور دہائیاں اور
بائیں پر سینکڑے اور ہزار گنے جاتے ہیں ٭
عقد بستن ف۔ عہد کرنا ٭
عقد زناشوئی ف۔ نکاح سے مراد ہے ٭
عقد رواں عقد نگین ف۔ نکاح
متعہ جو شیعوں میں جائز ہے اور اہل سنت
جماعت کے نزدیک حرام ہے ٭
عقد شب افروز ف۔ ثوابت اور سیارے
عقد شب و روز ف۔ چاند سورج اور
دنیا و رفتہ کا رشتہ مراد ہے ٭
عُقدہ ع۔ گرہ۔ مشکل بات ٭
عقدہ در کار افتادن ف۔ کام میں مشکل پڑ جانا
عقدہ در کار زدن ف۔ کام میں مشکل ڈالنا
عقدہ کشادن ف۔ گرہ کھولنا ٭
عقدہ وا کردن ف۔ مشکل حل کر دینا
عقرب ع۔ بڑا مشہور ہے جائے اس کا زمین میں
عقرب ع۔ بچھو۔ بارہ آسمانی برجوں میں
سے آٹھواں برج جس کی شکل بچھو کی سی ہے ٭
مجازاً منحوس۔ نامبارک ٭
عقرب نیلوفری ف۔ جمع عقرب ٭
عقربی ع۔ لعل کی ایک قسم ہے ٭
عقعق ع۔ ایک سیاہ رنگ کا مشہور
پرندہ ہے۔ زاغ دشتی ٭
عقل ع۔ دانش۔ ادراک۔ خرد۔ دانائی۔ سمجھ
عقلا ع۔ جمع ہے عاقل کی۔ عقلمند لوگ
عقل اولین عقل کل عقل
کلی عقل فعال ع۔ اہل اسلام کے
ہاں جناب رسول اللہ صلعم کے نور پاک
سے اور جبرئیل فرشتہ سے مراد ہے حکما
کے نزدیک وہ پہلا فرشتہ جس نے پہلا

آسمان اور دوسرا فرشتہ پیدا کیا ٭
عقل گزین ف۔ وہ شے جو عقل کے
نزدیک پسندیدہ ہو ٭
عقل مجرد ع۔ عقول عشرہ میں سے ایک
عقلی ع۔ منسوب بہ عقل جو بات صرف
ذہن میں آوے خارج میں نہ ہو ٭
عقوبت ع۔ عذاب۔ دکھ۔ سزا ٭
عُقود ع۔ جمع ہے عقد کی گرہ، عہد و پیمان
عقود ع۔ کسی کتاب کے باب
عقوق ع۔ ماں باپ کی نافرمانی کرنی ان
کی نافرمانی۔ احسان کا ترک کرنا قطع رحم
کرنا۔ معقول۔ متروک کا احسان مردود ٭
عقول ع۔ دانشمند ٭
عقول ع۔ جمع عقل کی۔ دانائیاں۔ فرشتے
عقول اوسطے ع۔ عقول عشرہ میں فرشتے
عقول عشرہ ع۔ دس فرشتے حکما کے
نزدیک خدا نے سب سے اول ایک فرشتہ
پیدا کیا اس نے دوسرا فرشتہ اور پہلا آسمان
پیدا کیا دوسرے نے تیسرا فرشتہ اور دوسرا آسمان
کیا وعلی ہذا القیاس نو آسمان اور دس فرشتے
پیدا ہوئے دسویں نے تمام عالم کو پیدا کیا ٭
عقوہ ع۔ میدان۔ گھر کا آنگن۔ گھر کا صحن ٭
عقیان ع۔ زر۔ طلا ٭
عقیب ع۔ پیچھے پیچھے چلنے والا پیرو
عقیدہ عقیدت ع۔ کسی امر کو درست
اور حق جان کر اس پر دل جمانا اعتقاد و دل کا
بھروسا مذہب کے اصول پر جن پر یقین
کر لے سے کسی میں شامل ہو سکیں ٭
عقیر ع۔ ناز شدہ۔ پانچ۔ عقیرہ
عقیق ع۔ سرخ رنگ کا ایک پتھر ہے جو
عمدہ اور قیمتی ہوتا ہے مجازاً لب معشوق

عقیق ناب ف۔ لب معشوق عاشق کا
اشک خونیں۔ انگوری شراب ٭
عقیقہ ع۔ بچے کے پیدا ہونے کے ساتویں دن
اس کے نام رکھنے اور بال منڈوانے کی تقریب
عقیل ع۔ دانشمند آدمی۔ نام ہے
حضرت ابو طالب کے بیٹے کا نام ہے جو بہت
ذہین تھے اور حضرت علی سے بیس برس بڑے
تھے وہ حضرت علی کے زمانے میں انکو چھوڑ کر
معاویہ کے پاس چلے گئے تھے اور یزید کی
اوائل سلطنت میں فوت ہوئے ٭
عقیلہ ع۔ قوم کا سردار۔ برگزیدہ۔ عمدہ چیز
یا سب میں
عقیم ع۔ بانجھ۔ بے اولاد مرد۔ خواہ مرد
خواہ عورت۔ اطلاق میں اس لفظ کا
مؤنث اور مذکر دونوں یکساں ہے

عین مہملہ مع کاف تازی

عکاشہ ع۔ عنکبوت۔ مکڑی ٭
عکاظ ع۔ نخلہ و طائف کے درمیان ایک
بازار کا نام ہے ٭
عکس ع۔ الٹنا۔ پلٹنا۔ چیزوں کا پانی یا
آئینہ وغیرہ میں دکھائی دینا ٭
عکس مستوی ع۔ اصطلاح منطق
میں عکس مستوی قضیہ کا وہ قضیہ ہے کہ جزو
ثانی کو جزو اول اور جزو اول کو جزو ثانی
کر دیں۔ (القضیہ) حملیہ میں موضوع کو محمول
اور محمول کو موضوع کر دیں اور قضیہ شرطیہ
میں مقدم کو تالی اور تالی کو مقدم کر دیں
اس طرح کہ ایجاب و سلب و صدق میں
میں فرق نہ پڑے جیسے عکس مستوی موجبہ
کلیہ کا موجبہ جزئیہ ہے جیسے کل انسان

حیوان ہوتے ہیں۔ اس کا عکس بعض حیوان انسان ہوتا ہے۔ اور عکس موجبہ جزئیہ کا موجبہ جزئیہ ہے۔ جیسے بعض حیوان انسان ہے کا عکس بعض انسان حیوان ہے۔ اور سالبہ کلیہ کا عکس سالبہ کلیہ ہے جیسے کوئی آدمی پتھر نہیں کا عکس کوئی پتھر آدمی نہیں۔ اور سالبہ جزئیہ کا عکس نہیں ہے۔ کیونکہ جیسے بعض حیوان آدمی نہیں ہے درست ہے اور بعض آدمی حیوان نہیں ہے غلط ہے اور شرطیہ میں جیسے اگر سورج نکلا ہے تو دن موجود ہے کا عکس اگر دن موجود ہے تو سورج نکلا ہے۔

عکس النقیض ع۔ اصطلاح منطق میں قضیہ کے نقیض کا عکس کرنا یعنی نقیض موضوع کو محمول اور نقیض محمول کو موضوع کر دینا جیسے کل انسان حیوان یعنی اس کا عکس نقیض یہ ہے۔ کل لا حیوان لا انسان ہے۔

عکس و طرد ع۔ صنائع شعری میں سے ایک صنعت ہے جس میں نصف مصرعہ کے الفاظ الٹا کر کے لاتے ہیں جیسے۔ اور عام اصطلاح میں کسی تعریف کا جامع و مانع ہونا۔ جیسے انسان کی تعریف میں کہا جائے حیوان ناطق۔ اس تعریف سے انسان کی سب افراد جمع ہو گئیں اور ماسوا کو خارج کر دیا۔ عکس جامع اور طرد مانع کو کہتے ہیں۔

عکلیہ ع۔ ...

عین مہملہ مع لام

علا۔ علاء ع۔ بلندی۔ بزرگی۔

علا ع۔ رتبہ۔ درجہ۔

علالت ع۔ بیماری۔ ...

علاج ع۔ چارہ۔ تدبیر۔ درمان۔

علاف ع۔ گھاس فروش۔ فارسی والے اُس شخص پر بھی اس کا اطلاق کرتے ہیں جو کہ بہت کہتا ہے اور گندے دھوکہ باز ہے۔

علاقہ ع۔ لگاؤ۔ تعلق۔ ربط۔ پیوند۔ آوارگی۔ طرہ۔ دستار۔

علاقہ دستار ف۔ دستار کا طرہ جو پگڑی کے اوپر ہوتا ہے۔ اور دستار کا شملہ جو گردن پر لٹکتے ہیں۔

علاقہ ع۔ بدعت۔ جھگڑا۔

علی الاتصال ع۔ مسلسل۔ پے در پے۔ ہمیشہ۔

علی الحال ع۔ فی الحال۔ فوراً۔ شتاب۔

علی الخصوص ع۔ خاص کر کے۔ خصوصاً۔

علی الدوام ع۔ ہمیشہ۔

علی الرسم ع۔ رسم کے مطابق۔ دستور کے موافق۔ حسب دستور۔

علی الرغم ع۔ مجازاً بمعنے برخلاف۔ برعکس کیونکہ رغم کے اصلی معنی ناک خاک آلودہ ہونے ذلیل و خوار ہونے کے ہیں اور کسی شخص کے برخلاف کرنا گویا اُس کی ناک خاک آلودہ یعنی ذلیل و خوار کرنا ہوتا ہے۔

علی الصباح ع۔ صبح کے وقت۔

علی الاطلاق ع۔ مطلق۔ بے قید۔

علی الظاہر ع۔ ظاہر میں۔ بظاہر۔

علی العموم ع۔ عام طور پر۔ عموماً۔

علی الفور ع۔ فوراً۔ اسی وقت۔ جلد۔

علی اللہ ع۔ ...

ہے جیسے کہ منتہی میں بھی رسالہ بینی تھا پر فارسی والے اکثر بمعنے شور و غوغا اور فریاد کے استعمال کرتے ہیں۔

علی ای التقدیر ع۔ ہر تقدیر جس طرح ہو سکے۔ ہر حال۔ ہر صورت۔

علالا ع۔ شور و غوغا۔ ...

علام ع۔ بہت جاننے والا۔ خدا کی صفت ہے۔

علامات ع۔ جمع علامت کی۔

علامت ع۔ نشان۔ پتہ۔

علامت کش ف۔ علم بردار۔

علام الغیوب ع۔ چھپی باتوں کا جاننے والا۔ خدا۔

علامہ ع۔ بہت جاننے والا۔ بڑا عالم۔ تائے مبالغہ کی وجہ سے مذکر کی صفت ہے۔

علامۃ الورے ع۔ تمام مخلوق سے وہ شخص جو مخلوق میں بڑا عالم و فاضل ہو۔

علامۂ عصر ع۔ زمانہ کا بڑا عالم۔

علامی ع۔ بہت جاننے والا۔ بڑا عالم۔ ابو الفضل وزیر اکبر کا لقب بھی ہے۔

علان ع۔ ایک کاریگر کا نام ہے جس کے پاس ایک تلوار بھی تھی۔

علانیہ ع۔ ظاہر۔ کھلم کھلا۔

علاوہ ع۔ وہ وزن جو چوپایوں کے اوپر رکھ لیں۔ ہر چیز جو ایک چیز کے اوپر رکھی جائے۔ بمعنے مزید برآں۔ سوا اس کے۔ سوا۔

علائق ع۔ جمع علاقہ کی ہے۔ تعلقات۔

علت ع۔ سبب۔ وجہ۔ بیماری۔

علت اصلی علت اولے۔

علت عالم ع۔ عقل اول۔

علت اولیٰ سبب اول۔ خدا۔

علت تامہ ع۔ سبب کامل۔

علت فاعلی علت فاعلیہ۔

جس سے کوئی شے بنائی ہو۔

علت مادی علت مادیہ ع۔ وہ مادہ جس سے وہ شے بنی ہو۔

علت صوری علت صوریہ ع۔ صورت جو پیدا ہو کسی چیز کے بن جانے پر۔

علت غائی علت غایہ ع۔ وہ اُس شے کا پیدا کرنا جو بادشاہ کے بیٹھنے کا ہے۔ علت مادی نجار۔ ...

علت متعدیہ ع۔ ایک بیماری ہے۔ بعض جانوروں کے منہ میں خاص ...

علتین ع۔ ...

علت ناسور ...

علف ع۔ گھاس۔ چارا۔

علف تیغ شدن ف۔ تلوار سے قتل ہونا۔ تہ تیغ ہونا۔

علف خانہ ف۔ ...

علق ع۔ جونک۔ ...

قرآن مجید کی ایک سورت کا نام ہے۔

علل ع۔ علت کی جمع ہے۔

علم ع۔ ...

کرتا ہو کچھ ادراک کرتی ہے اُس کو علم کہتے ہیں
عَلَم ع - جھنڈا - نشان - نیزہ - پہاڑ - پیلے جو گرفت پر نقش کئے جاتے ہیں بمعنی و مشہور - نام خاص ❋
عُلَما ع - جمع عالم کی ❋
عَلَم افگندن - عَلَم انداختن ف - عاجز ہونا - بھاگ جانا - پیٹھ دکھانا - شکست کھانا - مغلوب ہونا ❋
علم الیقین ع - یا تا یقین کا - یقین کرنا جاننا اور یقین کے تین قسم ہیں علم الیقین - عین الیقین - حق الیقین - علم الیقین - معرفت یعنی لینا کسی امر کا ہے بواسطے کیفیت جیسے دھواں اس کو دیکھ کر آگ ہے یعنی یقین اس کو دیکھ کر اپنا آنکھوں سے بھی دیکھ لینا جیسے کسی کو کہا کہ مر گیا اور تب بھی دیکھا حق الیقین خود تجربہ کرنا اور محسوس کرنا جیسے کہ خود مر گیا کہ مر جانا ❋
علم بخش ف - فاطمہ ہے جو معتقد ہو علم کے نیچے کھڑے ہو کر اپنے سپاہیوں کو دیا
عَلَم برپا کردن - عَلَم زدن ف - جھنڈا کھڑا کرنا نیزہ بلند کرنا ❋
عَلَم برکشیدن ف - نیزہ بلند کرنا - عروج کرنا - جا کر ظاہر ہونا - نمودار ہونا - ظاہرہ کرنا
علم چہل صباح ف - چالیس دن کا علم جو آدم علیہ السلام کو حاصل ہوا ❋
علم حضوری - و علم حصولی ع - علم کہتے ہیں صورت حاصلہ بنزد عقل کو اور وہ دو قسم ہے علم حضوری اور علم حصولی یعنی وہ صورت جو حاصل ہو وہ علم ہو اور دوسری قسم جو حضوری ہیں تو اور معلوم بذات خود حاضر ہو جیسے علم شخص کا اپنی ذات کا اور علم حصولی

حصول صورت کے ساتھ ہوتا ہے یعنے وہ جو نسبت جو درمیان عالم و معلوم کے کہ علیحدہ اور جدا جدا ہوں واقع ہو اور علم حق سبحانہ تعالیٰ کا اور اشیا کے ساتھ سوائے اپنی ذات و صفات کے - اکثر حکما کے نزدیک علم حصولی ہے مگر محققاً فلاسفہ کے نزدیک حضوری اور علم حصولی بھی قدیم اور حادث ہے قدیم جیسے علم جناب باری تعالیٰ کا اور اشیا کے ساتھ حادث جیسے ہمارا علم حیوانات اور ہر ایک کی نسبت ❋
عَلَم دار ف - نیزہ دار ❋
علم ریاضی ع - وہ علم جس میں اُن امور سے بحث کیجاتی ہے جو وجود خارجی میں تو مادہ کے محتاج ہوں مگر تصور عقلی میں مادہ کے محتاج نہ ہوں اصول اس علم کے چار ہیں یعنی علم حساب علم ہندسہ علم نجوم علم موسیقی اور فروع جیسے علم مناظرہ مرایا علم جبر و مقابلہ - علم جر ثقیل ❋
علم سیر ع - علم تواریخ ❋
عَلَم شدن ف - مشہور ہونا - علم ہو جانا ❋
عَلَم طغیان برافراشتن ف - نافرمانی کا جھنڈا کھڑا کرنا - سرکشی اختیار کرنا ❋
عَلَم صبح ع - صبح صادق ❋
عَلَم کردن ف - مشہور کرنا - اٹھا دینا
عَلَم کشیدن ف - جھنڈا کھڑا کرنا ❋
علم کلام ع - علم عقائد یعنی منقول کو عقلی دلائل سے ثابت کرنا ❋
علم لدنی ع - وہ علم کہ بدوں استاد کے حاصل ہو دیکھو لدنی ❋
علم موسیقی ع - گانے بجانے کا علم - علم سرود ❋
علم نظر ع - مناظرہ کا علم جس میں آداب بحث کے بیان کئے جاتے ہیں ❋
عَلَم ساختن ف - روشن ہونا صبح صادق کا اور

صبح کا ستارہ اور طلوع ❋
عِلمی ع - منسوب بہ علم ❋
عَلَن ع - آشکارا - ظاہر ہونا - آشکارا ❋
علو - عُلُو - عُلُوّ ع - بلندی - اونچائی ❋
عَلُوفہ ع - خوراک - خورش - خوراک - راتب ❋
عُلُوق ع - محبت پیدا کرنا - دوست رکھنا - اٹکنا - حمل میں عورت کے خون کا نطفہ مرد سے ساتھ اسکے رحم میں بند ہو جانا ❋
علوم ع - جمع ہے علم کی ❋
علوم ریختن ف - نصیحت کرنا - فصیحتی کہنا
عَلَوی ع - جو سید ہو حضرت علی کی اولاد میں سے ماسوا حضرت فاطمہ کی اولاد کے
عُلْوی ع - آسمانی - جیسے فرشتے - ستارے وغیرہ ❋
عَلَوِیہ ع - منسوب بعلوی - فرقہ مل کرنا - وہ جو حضرت علی کی اولاد ہو
علی ع - بلند - خدا تعالیٰ کا نام ہے - یا کی تشدید سے ہے فارسی میں - جو لکھنے کی ایسا لفظ ہیں جیسے آخر کا حرف مشدد ہو - اور اصطلاحات میں چوتھے خلیفہ جناب رسول خدا کے چچیرے بھائی اور داماد اور آپ کے چوتھے خلیفے کا نام ہے جو بچپن میں ہی رسالت آپ پر ایمان لائے اور آپ کے چوتھے خلیفہ ہوئے حضرت عثمان کے بعد خلیفہ ہوئے امیر معاویہ کو انہوں نے معزول کیا امیر نے انکا حکم نہ مانا - ملک شام میں لڑائیاں ہوئیں آخر کار فیصلہ یہ ہوا کہ شام اور مصر کا ملک امیر معاویہ کو ملا اور باقی حضرت علی کے زیر فرمان رہا ❋
عُلیا ع - بہت بلند - اعلیٰ کی مؤنث ہے ❋
عَلِیق ع - گھوڑے کے کھانے کے جو یا کوئی قسم کا سفید چارا بھی ہوتا ہے جسے عَلیق کہتے ہیں

علیقہ ع - تو بڑا گھوڑے کا دانہ گھاس وغیرہ
علیل ع - بیمار - مریض ❋
علیم ع - جاننے والا - دانا - علم والا
علیہ ع - بلند - اونچی - عالی - مؤنث علی کی
علیحدہ ع - اپنی صورت - جدا - الگ - اصل اس کی علیٰ حدہ ہے ❋
علیہ السلام ع - اس پر سلام ہو ❋
علیہ الصلوٰۃ والسلام ع - اُس پر درود اور سلام ہو ❋
علیہ الصلوٰۃ والسلام من الملک الخلاق ع - اس پر درود اور سلام ہو بادشاہ پیدا کرنے والے کی طرف سے ❋
علیہ افضل الصلوٰۃ واکمل التحیات ع - اس پر بہت بڑی رحمت اور کامل سلام ہو
علیہم السلام ع - اُن سب پر سلام ہو
علیہ و علیٰ آبائہ الکرام و اولادہ العظام آلاف التحیۃ والسلام ع - اُس پر اور اسکے بزرگ باپ دادوں اور عالی رتبہ اولاد پر ہزار درود اور سلام ہو یعنی خدا تعالےٰ اُن پر خاص رحمت نازل فرمائے
عِلِّیّین ع - نام بہشت کا - جہاں صالح لوگوں کا اعمال نامہ نیکیوں کی ارواح کا مقام اور مقام علیین کا ساتواں آسمان پر ہے جیسا کہ سدرۃ المنتہیٰ کے نزدیک ہے اور جہاں کا عرش جیسے کے داہنے پائے سے ہے نیک لوگ کی ارواح قبض ہونیکے بعد وہاں پہنچتی ہیں ❋

عین مہملہ مع میم

عَم ع - چچا - باپ کا بھائی ❋
عَما ع - گمراہی - نابینائی - اندھا پن
رقیق ہو - جو وہ سطبر و غلیظ ❋

عِماد - ع - ستون - کھنب - تھم ٭
عِمادات ع - جمع ہے عماد کی ستونا ٭
عِمادی ع - ایک شاعر کا نام ہے ٭
عِمارت ع - مکان - آبادی - آباد کرنا ٭ مرمت کے معنے میں بھی آتا ہے ٭
عَمّار ع - عماری کے وجمع کا نام - عمار بن یاسر آنحضرت کے ایک صحابی کا نام بھی ہے جس نے ابتدائے اسلام میں کفار سے بہت تکلیفیں اٹھائیں اور حبش میں ہجرت کی - بہت سے غزوات میں شریک ہو کر مرتبے کی دولت پائی اور آخر کار حضرت علی کے زمانے میں جنگ صفین میں ۹۳ سال عمر پا کر شہید ہوئے ٭
عَماری ف - ہاتھی کی عماری جو ہاتھی پر باندھتے ہیں - عمار نام ایک شخص کی طرف جو اس کا واضع ہے منسوب ہے - اور یہ لفظ بھی تخفیف مستعمل ہے - بادشاہ بیٹھنے کی کرسی - ہودج ٭
عُمّال ع - جمع ہے عامل کی - عاملوں کو ... ٭
عَمالِقہ ع - وہ لوگ جو عملیق یا عملاق نامی ایک شخص کی اولاد میں سے پہلے فلسطین میں بستے صاحب ثروت اور دولتمند تھے پھر برنگ دولت منتشر ہو گئے ٭
عَمَلہ ع - ستارہ کیچی - ہنسلی - ہو مشدد بھی مستعمل ہے ٭
عُمان ع - ملک یمن میں سمندر کے کنارے ایک شہر ہے جس کے نام پر وہ قطعہ سمندر دریائے عمان کے نام سے مشہور ہے ٭
عَمّان ع - ملک شام میں ایک شہر ہے اور عم کی جمع فارسی میں ہے ٭
عَمائِم ع - عمامہ کی جمع ہے - دستار - پگڑیاں ٭
عَمد ع - قصد - ارادہ ٭
عُمُد عَمَد ع - ستونا - جمع عمود کی ٭

عَمداً ع - قصداً - ارادۃً - جان بوجھ کر ٭
عُمدَہ ع - وہ شخص جس پر اعتماد کیا جائے - معتبر - ثقہ - مجازاً اچھا - بہتر ٭
عُمَرؓ جناب رسول خدا صلعم کے دوسرے خلیفے کا نام ہے - جنکے عہد خلافت میں ایران - مصر - بربر - روم - طرابلس - شام جیسے دنیا کے ملک فتح ہوئے - مسجد اقصیٰ و بیت المقدس کی پچھلی تعمیر جو آج تک موجود ہے انہیں کے ہاتھ سے ہوئی ہے وہ ساڑھے گیارہ سال تک خلیفہ رہے اور ۶۳ سال کی عمر پا کر ۲۳ ہجری میں شہید ہوئے ٭
عُمر ع - زندگی ٭
عِمران ع - آبادی - حضرت موسیٰ علیہ السلام اور نیز حضرت مریم رضی اللہ عنہا کے والد کا اور نیز حضرت ابو طالب والد حضرت علی کا نام بھی ہے ٭
عِمرانات ع - آبادیاں - جمع عمران کی ٭
عمر برباد رفتہ - عمر بسر کردہ والا ٭
عُمَر خاص ع - جو حصہ پیغمبر کا لقب ہے ٭
عمر خیّام ع - ایک شاعر کا نام ہے جسکی رباعیات بہت مشہور ہیں ٭
عمر طبعی ع - ایک سو بیس سال ٭
عمرو عاص ع - ایک صحابی کا نام ہے جو بڑا عقلمند اور فن کا آدمی تھا - نجاشی بادشاہ حبشہ کی بدولت مسلمان ہوئے حضرت عمرؓ کے زمانے میں ملک مصر کو فتح کیا اور وہیں کا والی رہا - حضرت معاویہؓ کے وقت آپکا معتمد رہا اور حضرت علیؓ کے مخالف جنگ صفین میں شریک تھا آخر وہیں میں ۴۳ھ میں فوت ہوا ٭
عَمرو ع - نام ہے جسکے آگے واؤ لکھا جاتا ہے (عمر) حرف اس لفظ میں اور عمر میں امتیاز کرنے کو لکھتے ہیں ٭

عمرو ف - بجزئی عمرو لائستی
عمرو رشتہ در نخ مسی ہو جانا - زندگی ختم ہو جانا
عَمرو زید ع - دو نام ہیں - عموماً مسائل و قوانین میں تمثیلاً ان ناموں کا استعمال کیا جاتا ہے - ایسے عام اشخاص اور فلاں فلاں مراد ہوتی ہے ٭
عَمرو لیث - ع - اسمیں اضافت ابنی ہے یعنی عمرو بن لیث جو لوگ ایک ہی نام خیال کرتے ہیں انکی غلطی ہے - اسکا باپ لیث ایک غریب مسکین ٹھٹھیرا تھا - عمرو کا بھائی یعقوب اپنی عقلمندی اور دانائی اور عالی ذکا کی رسائی اور ہمت کی یاوری کے سبب بادشاہی کے شاداور بے اندازی کے زمانہ میں وہاں کا بادشاہ بن گیا تھا - یہ عمرو بھی نہایت انصاف اور بہادری کے ساتھ کی رعایا پروری نیک نامی ہے سب کے دلوں کو اپنی طرف پھیر لیا - یعقوب تو ایران کا مستقل بادشاہ تھا لیکن انکے بعد جب انکا بھائی عمرو تخت پر بیٹھا تو اس نے کبھی خلیفہ بغداد کی اطاعت اختیار کی اور کبھی اس سے سرکشی کی راہ اپنے دماغ میں رکھا - چنانچہ ایک دفعہ بغداد کو بالکل کمزور پا کر بغداد کے لینے لشکر میں چڑھا - بغداد تو ہاتھ نہ آیا - اپنی ایک آنکھ کھو بیٹھا - خلیفہ نے ناخوش ہو کر ماوراء النہر کی حکومت اسمعیل سامانی کو دیدی - جسپر عمرو ستر ہزار آدمی ہمراہ لیکر اسمعیل سے لڑا - اسمعیل کی فوج اس سے بہت کم تھی مگر قسمت کی یاوری سے اُسنے فتح پائی - اور عمرو کو قید کر کے بغداد میں بھیجدیا - جہاں عمر بھر قید رہا - اُس نے ۲۰ سال سلطنت کی ٭ اُس بادشاہ کا تاواقعہ وقت کو حصولی ...

غلام سمجھ لیکر پرورش کیا کرتا تھا - اور جب تربیت پا کر لائق ہو جاتے تو انہیں بڑے بڑے عہدے دیتا - اسی واسطے کسی امیر کی کوئی بات اُس سے چھپی نہیں رہتی تھی - اس حکمت عملی کے باعث لوگ اسکو ولی خیال کرتے تھے ٭
عُمرہ ع - حاجیوں کی ایک قسم کی عبادت ہے اور اسکی یہ صورت ہے کہ مکے سے احرام باندھ کر مقام تنعیم میں جو دو منزل ہے کعبے کی طرف جاتے ہیں اور وہاں چند رکعت نماز پڑھ کر مکہ معظمہ میں واپس آ کر طواف کعبہ کرتے ہیں ٭
عمّ زادہ ف - چچازاد بھائی ٭
عَمَش ع - ضعف بصر کی بیماری کے سبب آنکھوں سے اکثر بہتے آنسو کا نکلنا ٭
عُمق ع - گہرائی ٭
عَمیق ع - گہرا ٭
عمعق ع - ایک شاعر کا نام ہے ٭
عمل ع - کام - کاج ٭
عمل خلافت - تجری - دیوان خانہ ٭
عمل دار - عمل طراز ف - عامل - متصدی
عمل کیموت - موسیقی کی ایک نوع جسے ہندی میں دھنا سری کہتے ہیں ٭
عَمَلہ ع - جمع عامل کی ٭
عِملہ ع - کام - عمل ٭
عُملہ ع - نیکی - بھلائی ٭
عملی ع - منسوب بہ عمل - کام کا - کارندہ جو کام سے متعلق ہو ٭
عمّو ع - چچا - باپ کا بھائی ٭
عمو ف - کم ... - عماری - فرق ٭
عمو دیستی - مگر ... قوم - ... کی
... اصطلاح علم ...

وہ خط مستقیم جو دو قطروں کے خط مستقیم پر عمود ہو اور [illegible] واقع ہو کہ دونوں زاویے [illegible]

عمودِ ع۔ وہ نقطے کے درمیان کا [illegible] دکھلانا۔ جیسے نقطہ کی صورت ہے ۔

عموم ع۔ عام ہونا۔ سب جگہ ہونا۔ سب پر شامل ہونا۔ بے قید ہونا۔ عام۔ سب۔ تمام ۔

عمومی ع۔ عام ۔

عمہ ع۔ چچی۔ باپ کی بہن ۔

عمی ع۔ جمع اعمی کی۔ اندھے ۔

عمے ع۔ کوری۔ نابینائی ۔

عمید ع۔ قوم کا چودھری ۔

عمیق ع۔ گہرا۔ ڈونگا۔ دور۔ دور رس ۔

عمیم ع۔ عام۔ شامل۔ جمیع ۔

عین مہملہ مع نون

عن ع۔ سے ۔

عنا ع۔ تکلیف۔ دکھ۔ رنج۔ مشقت ۔

عناب ع۔ سرخ رنگ کا ایک میوہ ہے جو معشوق کے لب سے اور شعرا لب معشوق کو اس سے تشبیہ دیتے ہیں۔ کنایہ لب معشوق ۔

عناب رنگت ف۔ بجے سے۔ جیسے سرخ رنگ ۔

عناد ع۔ دشمنی۔ بیر۔ سرکشی۔ لڑائی ۔

عنادل ع۔ جمع عندلیب کی۔ بلبلیں ۔

عناصر ع۔ جمع عنصر کی ۔

عناق ع۔ بکری کا بچہ جو ایک برس سے کم عمر کی بکری ۔

عناقید ع۔ جمع عنقود کی ۔

عنان ع۔ باگ۔ اور جو آسمان کو [illegible] [illegible] دکھائی دے ۔

عنانیہ ع۔ لونی۔ [illegible] ۔

عنان از دست رفتن [illegible] [illegible] [illegible] ۔

عنان از دست بیروں کردن
عنان از دست بیروں کشیدن
باگ ہاتھ سے چھوڑ دینا بے اختیار ہو جانا ۔

عنان از دست رفتن و شدن و رفتن
باگ ہاتھ سے چھوٹ جانا۔ بے اختیار ہو جانا ۔

عنان اسپ کشیدن ف۔ گھوڑے کی باگ کھینچنی۔ گھوڑے کو ٹھیرا لینا ۔

عنان افگندن بچیزے۔ عنان در تافتن بچیزے ف۔ کسی چیز پر مائل کرنا۔ باگ کرنا۔ متوجہ ہونا ۔

عنان امل سبک شدن ف۔ [illegible] ۔

عنان باز کشیدن ف۔ و **فرو گرفتن و سبک کردن** ف۔ آہستہ چلنا۔ کام میں سستی کرنا ۔

عنان بہ اسپ سپردن۔ عنان دادن بہ اسپ ف۔ باگ ڈھیلی کرنا۔ باگ گھوڑے کے اختیار میں کر دینا کہ جس طرح چاہے چلے ۔

عنان با عنان نہادن۔ عنان در عنان آوردن۔ عنان بعنان رفتن ف۔ دو سوار کا برابر چلنا۔ کسی برابری کے قابل ہونا۔ مقابلہ کرنا۔ مقابل ہونا۔ آمنے سامنے ہونا ۔

عنان برستار سودن ف۔ کمال بلند مرتبہ ہونا ۔

عنان برشکستن ف۔ باگ موڑ لینی۔ پیچھے ہٹ جانا۔ منہ پھیر لینا ۔

عنان بر عنان ف۔ برابر برابر ۔

عنان بر افراشتن و برکشادن ف۔ گھوڑے کی باگ اٹھا لینی یعنی آہستہ ہونا [illegible] ۔

عنان برکشیدن ف۔ گھوڑا روکنا ۔

عنان پیچ ف۔ سوار ۔

عنان پیچیدن و برگردانیدن ف۔ [illegible] [illegible] [illegible] ۔

عنان تاب ف۔ وہ گھوڑا کہ فقط باگ کے اشارہ پر کام کرے اور سوار کو ملامت کرنے کی نوبت نہ آئے ۔

عنان تافتن۔ عنان تافتن بسوئے ف۔ سوار ہونا۔ متوجہ ہونا۔ باگ پھیرنی۔ اعراض کرنا۔ جاتے ہوئے اور ایسا کرتے ہوئے اعراض کرنا ۔

عنان تاز کردن ف۔ سواری کرنی ۔

عنان تازی ف۔ سواری کرنی۔ گھوڑے کو جولان دینا۔ جرأت۔ استقلال۔ چالاکی۔ دلیری ۔

عنان تیز شدن ف۔ جلد جلد چلنا ۔

عنان خوش کردن ف۔ گھوڑے کے چلنے کے لئے باگ ڈھیلی کر دینا ۔

عنان دادن ف۔ گھوڑا دوڑانا ۔

عنان در عنان آسمان سائیدن ف۔ کمال عالی رتبہ ہونا ۔

عنان دزدیدن ف۔ ترک۔ نافرمانی کرنا۔ ساتھ چھوڑ دینا۔ چلنے سے رہ جانا ۔

عنان دزدی ف۔ جیسے عنان دزدیدن۔ کبھی بوجہ اور اکٹھا پھیرنے کے معنی میں بھی آتا ہے ۔

عنان ریز رفتن ف۔ سوار کا جلد جلد چلنا ۔

عنان ریز گشتن۔ عنان گرم کردن ف۔ جلد جلد چلنا۔ دوڑانا ۔

عنان زنان رفتن ف۔ سوار کا جلد جلد چلنا ۔

عنان فگندہ ف۔ جلد۔ شتاب ۔

عنان کردن کردن ف۔ باگ کھینچنا۔ گھوڑا پھیرنا ۔

عنان گردش ف۔ گھوڑے کو دوڑ لگانی ۔

عنان گسستن و گردانیدن و پیچیدن ف۔ گھوڑے کو ایک طرف سے دوسری طرف پھیرنے کے لئے باگ موڑنا ۔

عنان گسستہ ف۔ تیز و شتاب۔ نہایت مضطرب اور مستعجیل ۔

عنان کش ف۔ [illegible] ۔

عنان گیر ف۔ باگ پکڑنے والا۔ چلنے سے روک لینے والا ۔

عنان دراز ف۔ سوار جو جلد جلد چلنا ۔

عنان یک کانی پر انگیختن ف۔ گھوڑے کو بیچ [illegible] باگ کر یا اتفاق حملہ کرنا ۔

عنایت ع۔ رنج کھینچنا۔ کسی کے لئے تکلیف اٹھانا۔ کسی کے حال پر مہربانی کرنا۔ مروت کرنا۔ مہربانی۔ قصد کرنا ۔

عنب ع۔ انگور جو مشہور میوہ ہے ۔

عنب الثعلب ع۔ مکوہ۔ مشہور بوٹی ہے ۔

عنبر ع۔ ایک خوشبودار چیز ہے ۔

عنبر مشام ف۔ **عنبر خیز** ف۔ نہایت خوشبو [illegible] ۔

عنبر ارزاں۔ عنبر افشاں ف۔ گیسو جناب رسالت مآب ۔

عنبر تر ف۔ معشوق کے خط و خال اور [illegible] بات سے بھی مراد ہے ۔

عنبر و جوہر ع۔ دو مشہور چیز کا نام ہے ۔

عنبرین ف۔ عنبر کی سی خوشبو دینے والی کوئی شے ۔

عنبرین سنبل ف۔ محبوب کی زلف ۔

عنبرینہ۔ عنبر چہ ف۔ ایک طرح کا زیور جو گہنہ جس میں عنبر رکھتے ہیں ۔

عنت ع۔ تنگی۔ فساد۔ ہلاکت ۔

عنبیہ ع۔ آنکھ کے طبقات حقیقی میں سے ایک طبقہ ۔

عند ع۔ نزدیک ۔

عند الاحتیاج ع۔ ضرورت کے وقت ۔

عند اللہ ع۔ خدا کے نزدیک ۔

عند الناس ع۔ لوگوں کے نزدیک ۔

عندلیب ع۔ بلبل ۔

عنصر ع۔ [illegible] [illegible] [illegible]

ہے جس سے کوئی طرف نہ نکل سکے یعنی جو اپنے شکار کو گھیر لے
اور اس کا عین تین کی شاخ ہے زیادہ تر اس کا استعمال
کال میں ... پھیلتی ہے ...
اسکے برخلاف ...
... زیادہ تر لغات ...
... کے علاوہ ... دنیا میں ...
... اور ...

تعلق ہے جو محبوب حقیقی کہے جاتے ہیں
مشہور رسالہ اُس کے تصنیف ہیں ...
عَشَف - ع - ... تندی - تیزی
عُنفوان - ع - ہر شے کا اول - جوانی کا آغاز
عُنُق - ع - گردن
عنقا - ع - ایک خیالی پرندہ ہے ...
... جو بعض کے نزدیک ...
... مگر کسی نے دیکھا نہیں ...
... تعبیر کرتے ہیں ...
... اسکو ...
عنقا شدن - ف - عنقا ہو جانا - غائب ہونا - نایاب ہونا - معدوم ہونا
عنقا سے مشتق ... گم ہو جانے والا ...
عنقریب - ع - ... جلدی سے
عُنقود - ع - انگور کا خوشہ
عنکبوت - ع - مکڑی
عنکبوت ...
عنکبہ - ع - ...
عُنوان - ع - سرنامہ - سرخی ...

طور - دشمنی ... استعمال کرتے ہیں
عُنُود - ع - حق کے برخلاف کرنا - جھگڑنا
عُنُود - ع - گمراہ - ... جھگڑنے والا
عنوسیت - ف - شادی کا ... کی طرف سے ...
عنید - ع - ... سرکش
عنیزہ - ع - ...
عنین - ع - نامرد ...

عین مہملہ مع واؤ

عَو - ع - آواز - بانگ - صدا - فریاد
عواء - ع - ... کی آواز
عوّاد - ع - عود بجانے والا - بربط نواز
عوارض - ع - جمع ہے عارضہ کی - بیماریاں
عوارف - ع - پہچاننے والے - عارف لوگ - ... احسان کرنے والے ... اور عطا بخششیں
عوارہ - ع - ...
عواصف - ع - ... تند ...
عواطف - ع - جمع ہے عاطفہ کی - مہربانیاں
عواقب - ع - جمع ہے عاقبت کی - ... پیچھے آنے والی ... کام کے انجام
عوالم - ع - جمع عالم کی - دنیائیں
عوالی - ع - جمع عالیہ - بلندیاں
عوام - ع - عام الناس ...
عوامل - ع - جمع ہے عامل کی ...
عوان - ع - ...
عوائق - ع - جمع ہے عائق کی ...

عوائد - ع - جمع ہے عائدہ کی - نفعے - فائدے
صلے - انعامات - مہربانیاں
عوج - ع - ٹیڑھا پن - کجی - ٹیڑھا پن
عوج - ع - ٹیڑھا ہونا - بگڑنا
عوجاء - ع - ...
عوج بن عوق - ع - ایک شخص ... کا نام ہے جو حضرت آدمؑ کے وقت میں پیدا ہوا اور موسیٰ کے زمانہ تک زندہ رہا ... اسکی عمر ساڑھے تین ہزار برس کی ہوئی ہے ...
عود - ع - لوٹنا - پھرنا - بازگشت ...
عود - ع - بربط - ایک باجے کا نام ہے - اور اگر ایک قسم کی مشہور خوشبودار لکڑی ہے
عود الصلیب - ع - ...
عود خام - ف - اگر ... اور آگ میں جلانے سے خوشبو دیتی ہے
عود سوز - ف - انگیٹھی ...
عود قماری - ع - ...
عود کالی - ...
عودی - ...
عوض - ع - ...
عوف - ع - ...

عُور ع - بے پردہ - ننگے جمع اعور کی۔ کانے
عَوَر ع - کانا ہونا - ایک چشم ہونا ۔
عُور ع - بید بلّی
عَورت ع - آدمی کا وہ بدن جس کا کھولنا موجب شرم ہو
عَوز ع - فقیر ہونا - محتاج ہو جانا ۔
عَوص ع - دشواری ۔
عِوَض ع - بدلا - انتقام ۔
عوعو ع - کتے کی آواز - کتے کا بھونکنا ۔
عَوق ع - باز رکھنا - پھیر دینا - مانع آنا ۔
عَول ع - کسی کو اپنے عیال میں لینا - بہت عیال ہو جانا - اہل و عیال کا نفقہ دینا - بہت بخشش کرنی - غلبہ کرنا - ظلم کرنا - آہ و زاری کرنا - رونا - میل کرنا - کلام میں مشکلات واقع ہونا ۔
عَول ع - کسی پر اعتماد - بھروسا کرنا ۔
عَون ع - مدد - مدد کرنا - مددگار - خادم - دولت وکس کی جمع ہے ۔
عَونُ اللہ ع - خدا کی مدد ۔
عَویص عویصہ ع - دشوار - مشکل
عَویل ع - رونے کی آواز ۔

عین مہملہ مع ہائے ہوز

[illegible]

عین مہملہ مع یائے تحتانی

عِیادت ع - بیمار پرسی ۔
عِیاذ ع - پناہ - پناہ لینا ۔
عِیاذاً باللہ ع - خدا کی پناہ ۔
عَیّار ع - بانکی - کسوٹی - ہوا چلنے کی قوت کا ناپنا
عَیّار ع - مرد چالاک - بہت آمد و رفت کرنے والا
عَیّار پیشہ ف - چالاک - چور ۔
عَیّاری ف - چالاکی ۔
عَیّاش ع - بہت عیش کرنے والا - اچھی طرح زندگی بسر کرنے والا ۔
عِیال ع - زن و فرزند - جورو بچے - کنبہ قبیلہ
عِیالدار ف - کنبہ والا ۔
عِیان ع - آنکھ سے دیکھنا - مجازاً ظاہر
عیاں را چہ بیان ف - ظاہر کو بیان کی کیا حاجت ہے
عَیب ع - برائی - نقصان - کمی ۔
عیب آور دن عیب بر دن ف - عیب لگانا
عَیبہ ع - جامہ دان - کپڑے اور ہتھیار کے رکھنے کا صندوق - چرمیں - جوشن ۔
عِید ع - اہل اسلام کی خوشی کا دن مشتق عود سے چونکہ ہر سال عود کرتی ہے اس واسطے عید کہلاتی ہے
عید الفطر ع - عید کا دن جس میں صدقہ فطر حساب فی آدمی دو سیر گیہوں کے دیا جاتا ہے - ماہ رمضان کے گذر نے کے بعد جو عید آتی ہے ۔
عید فقیر ع - فقر خلق سے قطع تعلق کرکے خدا سے ملنا
عید الاضحیٰ و عید قربان ف - وہ عید جس میں خدا کے نام پر جانور ذبح کیا جاتا ہے - عید جو ماہ ذی الحج کی دسویں تاریخ کو ہوتی ہے
عید گاہ ف - وہ جگہ جہاں عید کی نماز ادا کرتے ہیں
عید مسیح ع - وہ دن جس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر آسمان سے مائدہ نازل ہوا تھا ۔
عِیر ع - قافلہ - سواری جس پر غلہ لادیں ۔
عَیر ع - وحشی گدھا - [illegible]

عِیس ع - سفید اونٹ - مائل بہ سرخی - قافلہ ۔
عیسیٰ ع - سب یسوع عبرانی لفظ کا معرّب پیغمبر کا نام ہے جنکا ت عیسوی جاری ہیں پیغمبر عالم بیت اللحم میں بیت المقدس کے قریب ایک گاؤں میں پیدا ہوئے - بڑے درجے کے نبی اور مقبول بارگاہ خدا تھے - کتاب انجیل مقدس حق تعالیٰ کی طرف سے ان پر نازل ہوئی تھی - مردہ کو زندہ کرنا مٹی کا پرندہ بنا کر اس میں روح ڈالنا اندھوں کو بینا کرنا - کوڑھی کو شفا بخشنا - پانی پر چلنا وغیرہ حق تعالیٰ کے حکم سے ان سے معجزات ظاہر ہوتے تھے - آپ بغیر باپ کے حکم خالق کون سے حضرت مریم علیہا السلام کے بطن سے پیدا ہوئے تھے اسی واسطے ان کا لقب روح اللہ تھا - یہودی آپ کے سخت دشمن اور جان کے درپے ہو گئے تھے - اسی واسطے خالق مطلق نے آپ کو زندہ آسمان پر اٹھا لیا - قیامت کے نزدیک پھر نزول فرمائیں گے ۔
عیسیٰ فرد عیسیٰ نفس ف - مرشد - معشوق
عیسیٰ دہقان عیسیٰ بر درد ف - طبیب حاذق
عیسیٰ رہ نشین ف - آفتاب - طبیب حاذق ۔
عیسیٰ مشتاق پر وہ ف - [illegible]
عیسیٰ گردن ف - [illegible]
عَیش ع - زندگانی کرنا - اچھی طرح زندگی بسر کرنا - خوشی اور آرام و آسائش ۔
عیش نبات - رحم مادر میں بچے کا قرار گاہ - وہ جگہ جہاں بچہ رحم میں موجود ہوتا ہے ۔
عیش بر کسے تلخ کردن ف - کسی کا عیش کڑوا کر دینا - کسی کے آرام میں خلل ڈالنا ۔
عیش دو روزہ ف - تھوڑی حیات - بہت کم زندگی
عِیص ع - بہت گھنا درخت - حضرت اسحاق کے بیٹے کا نام ہے جو یعقوب کے بھائی تھے
عَیقہ ع - دریا یا نالے کا کنارہ ۔
عَیلہ ع - درویشی - مفلسی - فقیری ۔
عِین ع - جمع عیناء کی - [illegible]
عین ع - پانی کا چشمہ - [illegible]

سونا - سردار - چشمہ - خالص - [illegible] - جاسوس - دینار - چیز کی ذات - ہر چیز کی حقیقت - [illegible]
عین الثور ع - [illegible] وقت دیکھیے اندھا ہو جاتا ہے
عین الحق ع - نظر الٰہی - خدا کی ذات ۔
عین الحیوٰۃ ع - آب حیات کا چشمہ ۔
عین الدیک ع - [illegible]
عین القطر ع - [illegible] کا چشمہ - [illegible]
بقول بعض - [illegible] - ایک قسم کا سیاہ بدبودار روغن ہے جو خارش والے اونٹوں کو ملتے ہیں ۔
عین الکمال ع - چشم بد - چشم زخم ۔
عین النبی ع - مدینہ منورہ میں ایک چشمہ ہے
عین اللہ ع - [illegible]
عین الیقین ع - یقین کی ایک قسم ہے [illegible]
عین صواب ع - بالکل ٹھیک - [illegible]
عینک ف - مشہور چیز ہے ۔
عینک دور نما ف - ایک قسم کی دوربین ہے جس میں دور دور کی چیزیں قریب نظر آتی ہیں
عینک ہزار نما ف - ایک قسم کا شیشہ ہے جس میں ایک چیز کی متعدد چیزیں نظر آتی ہیں ۔
عینیہ ع - [illegible]
عَینا ع - [illegible]
عُیُوب ع - جمع ہے عیب کی - برائیاں ۔
عَیُّوق ع - ایک ستارہ [illegible] کے پاس ہے جو [illegible]
[illegible]
عُیُون ع - جمع ہے عین کی - آنکھیں - چشمے
عَیُون ع - وہ شخص جس کی نظر [illegible] لوگوں کو نظر سے لگ جاتی ہو ۔

باب الغین معجمہ

غین معجمہ مع الف

غاب (ع) جمع غابہ کی۔ جنگل۔ بن۔ (ع۔ جمع) ✦

غاب (ف) بیہودہ بات۔ بکواس۔ پس ماندہ طعام۔ نکما۔ عاجز ✦

غابات (ع) بیشہ ہا۔ صحرا ہا۔ جمع غابہ کی ✦

غابر (ع) آنیوالا۔ جانیوالا۔ پیچھے رہنے والا۔ باقی ماندہ

غابہ۔ جنگل۔ بن ✦

غاتفرف سمرقند کے ایک محلے اور ترکستان کے ایک شہر کا نام ہے ✦

غادر (ع) بیوفا۔ جو شخص عہد کو پورا نہ کرے ✦

غادہ (ع) نرم و نازک عورت جس کی تازگی اور خوبی ہویدا ہو ✦

غادیہ (ع) صبح۔ صبح کا بادل ✦

غاذیہ (ع) قوت ہضم غذا۔ وہ قوت جو غذا میں تصرف کرتی ہے۔ اور اسکو جزو بدن ہو جانے کے قابل بناتی ہے ✦

غار (ع) گڑھا ✦

غارت (ع) لوٹ۔ لوٹنا ✦

غارت گر (ف) غارت کرنیوالا۔ لوٹنے والا ✦

غارتیدن (ف) لوٹنا۔ غارت کرنا ✦

غارج۔ غاریج (ف) صبح کے پینے کی شراب۔ صبوحی

غاریج (ف) صبح کو تھوڑی شراب پینا۔ باقی شراب اور

غارس (ع) درخت لگانیوالا۔ باغبان ✦

غار خمر (ف) قید خانہ۔ گنہگاروں کا قبرستان۔ غار اور خمر دونوں لفظ عربی ہیں۔ لیکن ترکیب فارسی ہے ✦

غارہ (ع) غور۔ فتنہ و فساد۔ ہرج و مرج ✦

غارہ (ف) بیسے۔ تاریخ۔ سفارت۔ غارت کرنیوالا۔ رسی کا سرا ✦

غاریقون (ع) ایک قسم کی سفید خفیف اور نرم لکڑی ہے جو صنوبر کے درخت پر پیدا ہوتی ہے ✦

غاز (ف) جنبہ۔ وہ جوڑ جو تنگ کپڑے میں لگاتے ہیں۔ ایک آبی پرندہ بھی ہے۔ شگاف پھٹا ہوا۔ نیاز۔ حاجت۔ قحط۔ طعام کی لذت یا بھوک سے کھانا۔ بڑائی۔ چشم کا دھنکنا ✦

غاژت کاغذ۔ فراخ دہان آدمی ✦

غاز گردان (ف) سوئی۔ بخیے نکالنے۔ چشم کو دھکنا

غازہ (ف) گلگونہ۔ ابٹنا۔ ایک قسم کی سرخی ہوتی ہے۔ جو عورتیں اپنے منہ پر ملتی ہیں ✦

غازی (ع) کفار کو جنگ میں قتل کرنیوالا۔ جنگ کرنے والا ✦

غازی (ف) نٹ۔ رسن باز۔ بازیگر۔ فاحشہ عورتیں

غاش (ف) بہت ہی دوست رکھنے والا۔ انگور کا کچا خوشہ۔ بیسلیقہ۔ کم فہم۔ احمق۔ بیوقوف۔ سخت شور و غوغا ✦

غاشیہ (ع) زین پوش۔ گھوڑے کا پالان۔ قیامت۔ اندر کی بیماری ✦

غاشیہ بافان (ترکی) مسخرے۔ ٹھٹھے باز۔ لنڈ ارتھے۔ لمبی ڈاڑھی والے ✦

غاشیہ بردوش۔ غاشیہ بردار۔ مطیع فرمانبردار۔ خادم ✦

غاشیہ بردوش کشیدن۔ غاشیہ در بغل کشیدن (ف) فرمانبردار ہونا۔ مطیع ہونا ✦

غاصب (ع) غیر کا حق بزور لینے والا۔ چھین لینے والا

غاغزف پودینہ ✦

غافر (ع) ڈھانپنے والا۔ گناہ بخشنے والا ✦

غافل (ع) بیخبر۔ غفلت والا ✦

غافلی (ف) بیخبری۔ غفلت۔ اس میں یے مصدری ہے

غاق۔ غاق (ف) کوے کی آواز۔ فتنہ و آشوب ✦

غال (ف) جنگلی جانوروں کے رہنے کا سوراخ۔ پہاڑ کی غار۔ بھیڑیوں کا چھتہ ✦

غالب (ع) زبردست۔ غلبہ والا۔ اکثر۔ ہندوستان کے ایک مشہور شاعر کا تخلص ہے ✦

غالب اوقات (ع) اکثر اوقات۔ اکثر دفعہ۔ اکثر

غالوک قفل کا غلولہ خواہ مٹی کا ہو خواہ پتھر کا

غالی (ع) گران۔ مہنگا اور ایک فرقہ ہے جو حضرت علی علیہ السلام کو خدا جانتے ہیں ✦

غالیچہ (ف) گلکاری کیا ہوا اونی بچھونا ✦

غالیدن (ف) بیضے غلطیدن اور غلطانیدن ✦

غالیہ (ع) مشہور خوشبو ہے مشک اور عنبر و کافور وغیرہ سے مرکب کر کے بناتے ہیں فارسی والے مطلق خوشبو کے معنے میں استعمال کرتے ہیں ✦

غالیہ سائے (ف) خوشبو ساز۔ خوشبو فروش

غامض (ع) دقیق۔ گہرا۔ گڑھا۔ کلام پوشیدہ و از فہم۔ گمنام۔ خوار ✦

غامی (ف) ضعیف و نحیف۔ ناتواں۔ بیطاقت

غانما (ع) غنیمت رکھتے ہوئے ✦

غانہ (ع) یمن میں ایک شہر ہے جہاں کی مٹی میں کہتے ہیں کہ سونا ملتا ہے ✦

غانی (ع) بے نیاز۔ تونگر۔ دولتمند۔ گانیوالا۔ سرود کرنے والا ✦

غانیہ (ع) جو عورت اپنے حسن و جمال میں زیور و زینت سے بے پروا ہو یا جو اپنے ماں باپ کے گھر میں بے بیاہی ہے یا عورت جوان پاکدامن منکوحہ ہو یا غیر منکوحہ ✦

غاوف گائے۔ بچھڑا۔ کاف کے ساتھ بھی آیا ہے

غائی (ع) منسوب بغایت جسکے معنے کسی چیز کی انتہا کے ہیں ✦

غائب (ع) جو موجود نہ ہو۔ گم ✦

غائب باز (ف) وہ شاطر کہ حریف سے غائب بیٹھ کر کھیلے۔ وہ شطرنج باز جو ایس پردہ بیٹھ کر یا بساط شطرنج کی طرف پیٹھ کر کے شطرنج کھیلے یہ اسکی کمال مہارت اور اعلے درجہ کی قوت حافظہ پر دال ہے ✦

غایت (ع) غرض۔ مطلب۔ انتہا۔ انجام۔ آخر

غایت الامر (ع) انجام کار۔ آخر کار ✦

غائر (ع) نیچے اتر جانیوالا۔ تالاب و حوض و جھیل کا پانی جو اتر گیا ہو۔ پست زمین ✦

غائط (ع) پنہاں نہ جائے قرور۔ لغوی معنے غائط کے او زمین پست۔ گڑھا۔ چونکہ ہیں چونکہ قضائے حاجت کیلئے زمین پست ہی ڈھونڈا کرتے ہیں۔ اسواسطے مجازاً غائط کے معنے پاخانہ و گوبر و جا ضرور کے ہو گئے ✦

غائص (ع) پانی میں غوطہ مارنیوالا ✦

غائلہ (ع) شر۔ بدی۔ آفت۔ گمراہی۔ فریب

غین معجمہ مع بائے موحدہ

غب (ع) تپ نوبتی۔ باری کا تپ یعنی کو جتنا ہیں ایک مرتبہ ملنا۔ ہفتہ وار ملاقات ایکدن پیاسا رکھکر دوسرے دن ونٹ کو پانی پلانا ✦

غبار (ع) مٹی ملی ہوئی ہوا۔ گرد ✦

غبار آوردن چشم (ف) آنکھ کا دھندلا جانا ✦

غبار بر آوردن از چیزے (ف) کسی چیز کو خراب اور ویران کر دینا۔ زیر و زبر کر دینا۔ نیست و نابود کر دینا۔ ستیاناس کر دینا ✦

غباوت (ع) کند ذہنی۔ کم فہمی ✦

غبب بوزن غبغب (ع) وہ گوشت جو ٹھوڑی کے نیچے لٹکتا ہے۔ اور وہ لازمہ حسن سے سمجھا جاتا ہے ✦

غبرا (ع) زمین۔ گرد آلود ✦

غبطہ (ع) کسی کے مال یا اسکے زوال کی خواہش کے بغیر رشک کرنا ✦

غبغب (ع) ٹھوڑی کے نیچے لٹکا ہوا گوشت

پر گوشت آدمی کی خوبصورتی میں داخل ہے

غبن۔ خرید میں نقصان اٹھانا۔ مکر کرنا +

غبن۔ عقل میں نقصان ہونا +

غبن فاحش۔ صریح خسارہ جو کسی لین دین میں واقع ہو +

غبوق۔ رات کا یا دن کا تیسرے پہر کا شراب

غبی۔ کم عقل جس کی عقل مناسب ہو کند ذہن

غبیرا۔ اچھی یا باجرے کا شراب جسے سُکرکہ کہتے ہیں +

غبین۔ ضعیف الرائے جس کی رائے مناسب نہ ہو

غین معجمہ مع تائے فوقانی

غتفر۔ احمق۔ نادان +

غتفرہ۔ ف۔ جیسے غتفر۔ ناپاک۔ پلید۔ طبیعہ

غین معجمہ مع ثائے مثلثہ

غثث۔ زخم کا فاسد ہونا۔ فاسد اور گوشت وغیرہ کا خراب ہوجانا۔ بجانا گوشت گندہ پیم خون +

غثیثان۔ دبلا اور موٹا۔ بُرا اور نفیس جیسے بھلا برا۔ قوی ضعیف وغیرہ +

غثیان۔ متلانا۔ متلی +

غین معجمہ مع جیم فارسی

غچک۔ ف۔ ستار جو مشہور ساز ہے +

غین معجمہ مع دال مہملہ

غد۔ فردا۔ کل کا دن جو آئیگا +

غدا۔ کل کا روز جو ہوگا۔ فردا روز +

غدار۔ بہت غدر کرنیوالا۔ بہت بیوفا +

غدر۔ جمع ہے غدرہ کی +

غدر۔ بیوفائی کرنا۔ بیوفائی۔ عہد شکنی +

غدغن۔ ف۔ بندوبست۔ تاکید۔ اضطراب

غدق۔ آب بسیار۔ بہت پانی +

غدو۔ فردا۔ کل کا روز جو ہوگا +

غدوہ۔ صبح۔ بامداد +

غدیر۔ تالاب جس میں پانی بارش اور سیل کا جمع ہوجائے۔ جھیل۔ جوہڑ +

غین معجمہ مع ذال معجمہ

غذا۔ خوراک جس سے بدن کی پرورش ہو

غذے۔ د۔ امالہ غذا کا ہے +

غین معجمہ مع رائے مہملہ

غر۔ بدول۔ ڈرپوک۔ زن فاحشہ۔ قحبہ۔ بدکار عورت +

غر۔ وہ آدمی جس کے خصیے بہت بڑھ گئے ہوں

غر۔ مرد غافل۔ ناتجربہ کار +

غر۔ کپڑے کا شکن۔ لوز +

غرہ۔ بزرگان قوم۔ سپیدی۔ سفیدی پیشانی کی۔ جمع غرر کی اور ریت کا اپنے پیچ کو دانت دینا +

غرا۔ سرخی مائل ہر چمکنے والی شے +

غراف۔ ہر چیز جو سفید ہو۔ آفتاب +

غرا۔ ہر موٹی چیز جو سفید اور روشن ہو +

غراب۔ کوا۔ کاگ۔ مشہور پرندہ ہے ایک قسم کی چھوٹی کشتی۔ ڈونگا +

غراب البین۔ وہ کوا جو بہت منحوس خیال کیا جاتا ہے۔ زاغ سرخ منقار۔ غراب البین کے معنے فراق کا کوا۔ اہل عرب کا خیال تھا کہ جس مکان پر یہ کوا بولتا ہے اس کے باشندے متفرق اور جدا ہوجاتے ہیں +

غراب زمین۔ ف۔ اندھیری رات +

غرا چہرہ۔ مخنث۔ ہجڑوا۔ احمق +

غرارہ۔ ہر چیز میں کمی یا نقصان۔ تلوار کی تیزی۔ طرز و طریقہ +

غرارہ۔ ناآزمودہ کار ہونا۔ فریب کھانا

غرارہ۔ جنگ کا ایک ہتھیار۔ جوال +

غرارہ۔ کلی +

غرارہ کردن۔ ف۔ کلی کرنا۔ پانی منہ میں لے کر تھوک دینا +

غراشیدن۔ ف۔ چیخنا۔ غصے ہونا۔ قہر کرنا +

غرام۔ عشق۔ شیفتگی۔ بڑی چٹی ہمیشہ کا عذاب۔ عذاب۔ ہلاک +

غرامت۔ مستوجب جرمانہ ہونا۔ چٹی۔ تاوان

غران۔ ف۔ گونجنے والا۔ ڈرانے والا۔ قہر کرنے والا۔ شور کرنے والا +

غرانیق۔ جمع غرنوق کی۔ خوبصورت جوان

غرانیق العلیٰ۔ بتوں سے مراد ہے +

غرائب۔ جمع غریب کی۔ عجیب اشیا +

غرائر۔ غرارہ کی جمع ہے جو انواع غریرہ کی بھی جمع ہے۔ نیک عادتیں۔ ناآزمودہ کار جوان لڑکی بھی جمع ہے +

غرب۔ نیچے بیٹھنا۔ چھپ جانا۔ مغرب۔ چرم۔ پانی نکالنے کا ڈول +

غرب۔ عجیب۔ نادر +

غرب۔ درخت سفیدار +

غربا۔ جمع ہے غریب کی +

غربال۔ چھلنی۔ آٹا چھاننے کی چھلنی۔ بعض اسکو گربال کا معرب کہتے ہیں اور اکثر مبدل اس صورت میں فارسی ہوگا +

غربت۔ مسافری۔ پردیس میں ہونا +

غربت زدہ۔ غربت دیدہ۔ پردیسی۔ مسافر

غربی۔ مغرب کا رہنے والا۔ وقت غروب

غرث۔ بھوک۔ فاقہ +

غرثان۔ بھوکا +

غرچک۔ ف۔ احمق۔ نادان +

غرچہ۔ ہجڑا۔ مخنث۔ احمق۔ نادان۔ بزدل +

غرزول۔ ف۔ بےعقل۔ نامرد +

غرہ۔ پہلی رات۔ ہر چیز کی ابتدا۔ ہر مہینے کی پیشانی کی سفیدی۔ ہر چیز سردار گروہ۔ جمع غرہ کی۔ غرور۔ عادہ اور ریت

غرس۔ زمین میں درخت لگانا +

غرش۔ ف۔ گرجنا۔ گونجنا۔ غضب۔ غصہ۔ گرج کر

غرض۔ تیراندازی کا نشانہ۔ ہدف۔ مجازاً مطلب۔ مقصد۔ حاجت +

غرض مندان۔ حاجتمند +

غرغر۔ چرخی جس کے ذریعے سے ڈول نکالتے ہیں

غرغرہ۔ وہ آدمی جس کے خصیے بڑھ جائیں۔ وہ آدمی جو غصے سے بڑبڑائے +

غرغرہ۔ کلی۔ منہ میں پانی لیکر تھوک دینا۔ پنجابی گرولی +

غرف۔ جمع غرفہ کی (چلو بھر پانی)

غرفہ۔ ایک دفعہ پانی ہاتھ سے اٹھانا۔ چلو بھر پانی لینا +

غرفہ۔ دریچہ۔ کھڑکی۔ چوبارہ۔ بالاخانہ۔ برآمدہ۔ چلو بھر پانی

غرق۔ ڈوب جانا

غرق۔ غریق +

غرقاب۔ جو چیز پانی میں ڈوب جائے۔ بہت گہرا پانی

غرقاب شدن۔ ف۔ پانی میں ڈوب جانا

غرق چشمہ سیماب۔ ف۔ دنیا کے مال و دولت پر اترانا۔ مغرور ہوجانا +

غرق چشمہ قیر۔ پانی میں ڈوب جانا۔ مال و دولت پر مغرور ہوجانا۔ آفتاب کا غروب ہونا +

غرق کشیدن۔ ف۔ پورا پورا کھینچ لینا +

غرقہ۔ ڈوبا ہوا۔ غرق سے نسبت کی ہے +

غرقی۔ پانی کی دھرتی۔ جو زمین پانی میں ڈوب جائے +

غرم۔ تاوان۔ چٹی۔ جرمانہ +

غرم۔ ف۔ چیخ کوئی +

غرم غرم۔ قہر و غضب۔ غصہ +

غرّاں غرّندہ۔ غرّیدہ ف خشمناک
غصے سے بھرا ہوا +
غرناطہ ملک سپین میں جسے اندلس بھی کہتے
ہیں ایک بڑا مشہور شہر ہے جسے گرناڈا بھی کہتے ہیں
غرّندہ ف آواز کرنیوالا مثل کتے یا شیر وغیرہ
ہرندہ یا نو سنگے مگر کتے والا گرجنے والا +
غرنوق ف خوبصورت جوان +
غرو و کانا جس سے قلم بناتے ہیں +
غروب ع سورج یا شام کیوقت ڈوب جانا +
غرور ع گھمنڈ عجب۔ دھوکہ +
غرور ع فریب دینے والا فریبندہ۔ شیطان +
غرہ ع گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی جو ایک
درم سے زیادہ ہو۔ سردار ہر چیز سے بہتر اول
ہر چیز کا۔ ہر قمری مہینے کی پہلی تاریخ +
غرہ ع فریفتگی۔ غرور۔ غافلی +
غرہ ع فریفتہ ہونا +
غرہ بودن بر چیزے ف مغرور ہونا
اس چیز پر گھمنڈ کرنا +
غریب ع مسافر پردیسی بیکس بے مثل نفیر
غریب زادہ ف مفلس کا بیٹا +
غریبہ ع انوکھا۔ چیز عجیب جمع غرائب مع
غریبی ف مسافرت پردیسی ہونا +
غریدن ف غرّانا۔ گرجنا۔ ڈکارنا +
غریزت ع سرشت۔ طبیعت +
غریزی ع اصلی جبلی سرشتی خلقی +
غریق ع ڈوبا ہوا +
غریم ع تاوان زدہ +
غریّن ع شیر کی صفت میں واقع ہوتا ہے
مگر قین سے پڑھنا اور سکے معنے دوالے
والا لینا غلطی ہے۔ بلکہ یہ عین مہملہ سے ہے
جس کے معنے ہیں جنگل یا بیشہ شیر عرین کے
معنے شیر بیشہ جو بڑا طاقتور ہوتا ہے +
غریو ف شور۔ فریاد۔ آواز۔ غوغا +
غریوان ف شور کرنیوالا گرجنے والا شور مچانیوالا
غریویدن ف شور کرنا۔ فریاد کرنا +

غین معجمہ مع زائے معجمہ

غز ع ترکوں کی ایک قوم ہے جسنے سلطان سنجر
کے زمانہ میں خراسان کو غارت کیا تھا +
غزا ع جہاد۔ کفار سے لڑائی کرنا +
غزات ع جمع غازی کی +
غزار ف دریا کا کنارہ گرد۔ ویرانہ منزل +
غزارہ ف بہ زیادتی بہتات +
غزال ع ہرن کا بچہ [illegible]
معنے میں استعمال کرتے ہیں۔ [illegible] آفتاب
غزالہ ع بچہ آہو جو مادہ ہو اور معنے آفتاب
اور ایک قصبہ ہے [illegible] طوس میں +
غزالی ع منسوب بغزالہ جو طوس کے علاقہ میں
ایک قریہ ہے امام محمد غزالی رح جنکی تصنیفات سے
احیاء العلوم کیمیائے سعادت منہاج العابدین
وغیرہ مشہور کتابیں ہیں اسی جگہ پیدائش ہے +
غزل ع محبوب کیساتھ کھیلنا عورتوں سے عشق
و محبت جوانی کی باتیں کرنا۔ وہ اشعار جو عورتوں
کے اشتیاق میں کہے جاتے ہیں +
غزل ع کاتنا یعنی بٹنا رشتہ۔ ریسمان رسن +
غزل خوان۔ غزل سرائے۔ غزل گو
ف غزل پڑھنے والا۔ ڈوم۔ گویا +
غزلیات ع جمع غزل کی +
غزنی۔ غزنین۔ غزنہ ف ملک افغانستان
میں ایک مشہور شہر ہے سلطان محمود غزنوی کا مولد ہے
غزنوی ف منسوب بغزنی +
غزوات ع جمع غزوہ کی +
غزوہ ع جہاد مسلمانوں کا کفار کیساتھ مذہب کی
حفاظت کیواسطے لڑنا جنگ رسول صلی اللہ علیہ
غزوہ تبوک مدینہ سے چودہ منزل شام
کی طرف ایک مقام ہے جہاں نبی آخرالزماں
صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری غزوہ ہوا آپ نے پہلے
ہی اس غزوہ کی اطلاع لوگوں کو دے رکھی تھی
تاکہ وہ اپنا ضروری سامان تیار کرلیں لیکن شدت
گرما اور مشقت سفر اور اس بات سے بھی کہ پہلے ہی
اس غزوہ کا سامان بہم پہنچایا تھا فوج اسلام کو
بہت تکلیف اور عسرت پیش آئی اور اسی باعث
اس غزوہ کو غزوۃ العسرۃ بھی کہتے ہیں اس غزوہ
میں دشمنوں نے جزیہ دینا قبول کیا اور صلحنامہ
لئے ان کو امن نامہ لکھدیا +

غین معجمہ مع ژائے فارسی

غژغژ ف سرین کے بل گھسٹ کر چلنا +
غژب ف غژم ف انگور کے تازہ خوشے کا دانہ
جو اس سے الگ ہو جائے پر سوکھا ہوا نہ ہو
انگور کا چھوٹا خوشہ خرمے کا خوشہ خشم و قہر +
غژیدن ف چوتڑوں کے بل گھسٹ کر چلنا رینگنا
غژغاؤ ف ایک گائے ہوتی ہے جو تبت میں ہوتی ہے اور
اسکے دم کے بالوں سے چنور اور جو سر
[illegible] بنائے ہیں +

غین معجمہ مع سین مہملہ

غسا ع کھجور کا کچا دانہ +
غساق ع پیپ +
غسالہ ع ناخن دھونے کا پانی کسی چیز
کے دھونے سے جو پانی گرتا ہے +
غسق ع شروع رات کی تاریکی۔ اندھیرا +
غسک ف [illegible] +
غسل ع نہانا تمام بدن دھونا غسل دینا +
غسل ع مطلق دھونا کسی چیز کو پانی سے
غسل ع وہ پانی جس سے کسی چیز کو دھویا جائے
غسانی ع نام +
غسلین ع دوزخیوں کا دھوون پیپ۔ دوزخ
کے ایک چشمہ کا نام ہے +

غین معجمہ مع شین معجمہ

غش ع دراصل غشی یے کے ساتھ ہے۔
یے کا حذف کرنا اہل فارس کا تصرف ہے۔
بیہوش ہو جانا۔ ناطاقت ہو کر بیہوش ہو جانا +
غش ع کدورت میل۔ آمیزش۔ ملاوٹ
کھوٹا پن۔ عیب۔ خیانت۔ المشوش۔ فارسی
والے بہ تخفیف استعمال کرتے ہیں +
غشا ع پوشش۔ پردہ۔ غلاف۔ جھلی +
غشاوہ ع پردہ +
غشی ع بیہوشی بالا۔ بیہوش کرنا اور خیانت کرنا
غشیان ع جماع کرنا +
غشیان ع بیہوش ہونا۔ نام ایک بیماری کا ہے
جس سے انسان خود بخود بیہوش ہو جاتا ہے +

غین معجمہ مع صاد مہملہ

غصب ع ظلم چھین لینا کسی کی چیز زبردستی +
غصص ع جمع غصہ کی +
غصن ع درخت کی ٹہنی +
غصون ع جمع غصن کی ٹہنیاں +
غصہ ع وہ چیز جس سے گلا گھٹ جائے۔
اندوہ۔ گلوگیر۔ خشم۔ جھنجھل۔ خفگی +

غین معجمہ مع ضاد معجمہ

غض ع چشم پوشی کرنا۔ تحمل کرنا۔ نقصان اٹھانا +
غضا ع ایک جنگلی درخت ہے جسکی
لکڑی کی آگ بہت دیر تک رہتی ہے +
غضارلیف ع جمع غضروف کی نرم ہڈیاں
غضان ع جمع غضا طعام +
غضب ع غصہ۔ خفگی۔ رنج +
غضبان ع وہ شخص جو غصہ میں ہو۔

غضناک - خفا آدمی اور منجنیق +
غضبان فلک ف - سورج مریخ ستارہ +
غضبناک ف - وہ شخص جو غصہ میں ہو +
غضروف ع - نہایت نرم ہڈی جیسے کان کی ہوتی ہے
غضنفر ع - شیر درندہ - شیر ببر +
غضوب غضب ک - پر غصہ - خشمگین تیز و تند

غین معجمہ مع طائے مہملہ

غطا ع - پردہ - پوشش +
غطریف ع - سردار شریف - بزرگ +
غطیط ع - خراٹا سوتے میں بعض آدمی کے گلے سے خرخراہٹ کی آواز نکلتی ہے پنجابی گھراڑہ +

غین معجمہ مع فا

غفت ف - گھنگریالے بال +
غفّار ع - بہت بخشنے والا - خدا تعالیٰ +
غفر ع - چھپانا - ڈھانپنا - گناہ بخشنا - اور ہندوؤں میں منزل قمر کی - جماعت - گروہ +
غفران ع - بخشش - گناہ معاف کرنا +
غفص ع - گدلا - سطبر - قوی +
غفلت ع - چوک - چوک جانا بھول جانا بے خبری
غفلت پیشہ - غفلت زدہ - غفلت کیش ف - غافل - بے خبر +
غفیر ع - بہت ڈھانپنے والا و اتنی بڑی جماعت یا مجمع کہ ان سے پرے نہ دیکھ سکیں +

غین معجمہ مع کاف فارسی

غگ ف - پست قد آدمی جو بہت موٹا ہو +

غین معجمہ مع لام مہملہ

غل ع - لوہے کا طوق - بیڑی - ہتکڑی - اغلال جمع
غِل ع - کینہ - خیانت - کدورت - کھوٹاپن
غلا ع - قحط - گرانی - غلہ وغیرہ کا نرخ گراں ہو جانا +
غُلات ع - جمع غالی کی - وہ شخص جو حد سے گزر گئے ہوں - تشدد کرتے ہیں +

غلات ع - جمع غلہ کی - اناج +
غلاظ ع - سطبر - درشت - موٹا - سخت +
غلاظ ع - جمع ہے غلیظ کی - موٹے گندے سنگدل لوگ
غلاف ع - اوپر کا پردہ - خول +
غلالہ ف - معشوق کی زلف +
غلالہ ع - وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنا جاتا ہے - پانی جو درختوں کے نیچے جاری ہو - تنگ کپڑا - یہی معنی ہیں جسکے سبب حق کو چھوڑ راہ باطل پڑتے ہیں +
غلام ع - لڑکا - نوجوان - بندہ - نوکر +
غلام رکابی ف - بادشاہ کی اردلی کے آدمی
غلام فلک ف - ہلال - مراد و توقیع کسی کام کے پیش آنے سے مراد ہے +
غلباء ع - ایسا موضع کہ جہاں کے درخت بڑے ہوں ستے انبوہ درختوں گنجان +
غلبات ع - جمع غلبہ کی +
غلبکن غلبکین ف - نہ پھرنے والا دروازہ لکڑی اور کانٹے کا بنا ہوا دروازہ جو اکثر گاؤں میں ہوتا ہے +
غلبہ ع - غالب ہونا - زبردستی - زور +
غلبہ ف - جنگلی کوا - منبر - عموماً ہر سوراخ کو کہتے ہیں - اور خصوصاً وہ سوراخ جس سے باغ کو پانی جاتا ہے +
غلتبان ف - ایک لمبی گول لکڑی ہوتی ہے جسے نئی چھت پر پھیرتے ہیں تاکہ چھت پکی ہو جائے بھڑوا - قلتبان اسی سے ہے +
غلس ع - پچھلی رات کا اندھیرا - تاریکی آخر شب
غلط ع - جو صحیح نہ ہو - نادرست +
غلطان ف - لڑھکتا ہوا +
غلط دادن ف - غلطی میں ڈالنا - دھوکہ دینا +
غلطک ف - بیلن - غلتک کا - گاڑی کی دھری - سوراخ دار لکڑی جسکو کھمبے پر چرخی کے بجائے لگا کر پانی نکالتے ہیں +
غلط کردن ف - غلطی میں ڈالنا - دھوکہ دینا - تباہ اور برباد کرنا - غلطی کرنی - چوک جانا +
غلط کردن کار ف - کام بگاڑ دینا - ضائع کرنا
غلطیدن ف - لوٹنا +
غلطیدن دیوار ف - دیوار کا نیچے گر پڑنا +
غلظ ع - موٹاپا - موٹا ہونا +
غلظت ع - گاڑھا ہونا - سخت ہونا - سختی - درشتی +
غلغل غلغلہ ع - شور - غل - مستی کی حالت میں پرندوں کی چہک +
غلغلاج ف - کسی چیز کو زور سے زور سے ہوا میں پھینکنا +
غلغلیچ غلغلیچہ ف - کسی کی بغل میں ہاتھ دیکر یا پاؤں کی انگلیوں اور پہلو کو کھجلا کر اُسے ہنسانا - پنجابی کتکتاڑی +
غلغونہ ف - گلگونہ +
غلق ع - دروازہ بند کرنا +
غلق ع - وہ لکڑی جسکے سبب دروازہ بند کرتے ہیں - کلیدان +
غلک ف - غلہ - کوزے کی شکل کا ایک برتن ہے جس کے منہ پر چھوٹا سا شگاف یا ایک سوراخ سا ہوتا ہے - اور روپے پیسے حصول والے ڈالتے ہیں +
غلل ع - تشنگی - پیاس - سوزش - جلن +
غلل ع - جمع غلیل کی پیاسے +
غلمان ع - جمع ہے غلام کی یعنی امرد لڑکے اور وہ خوبصورت لڑکے بے ریش جو جنت میں بہشتیوں کی خدمت میں ہونگے - فارسی والے اس لفظ کو بصیغہ مفرد استعمال کرتے ہیں - جیسے حور (جمع حورا) کو +

غلمہ ع - جمع غلام کی - لڑکے +
غلمہ ع - شہوت کی تیزی +
غلو ع - اپنی حد سے تجاوز کرنا جس سے اور زیادہ نہ ہو سکے - حد سے گذرنا - ہجوم - اور ایک قسم مبالغہ کی بھی ہے یعنی مبالغہ کا یہاں تک بڑھا دینا - کہ وہ عقل اور عادت دونوں کے رو سے محال ہو جیسے نظامی کا یہ شعر

زسم ستوران دراں پہن دشت
زمین شش شد و آسمان گشت ہشت

غلول ع - غنیمت میں خیانت کرنا - اور درختوں میں بہتا ہوا پانی +
غلول ع - وہ ہضم طعام جسکو پیر ناتوان بھی ہضم کر سکے +
غلولہ ف - گولی - غلہ +
غلہ ع - اناج +
غلہ ف - اضطراب و بیقراری +
غلہ غلہ دان ف - غلک +
غلہ دان عدم ف - زمین +
غلیان ع - جوش مارنا - ابلنا - جوش - حقہ +
غلیثہ ف - ایک قسم کی گھاس ہے جس سے جوال کی قسم کی ایک چیز بناتے ہیں - اور اسمیں گھاس روئی وغیرہ رکھتے ہیں +
غلیغ غلیگر ف - گلکار - استاد دیوار
غلیظ ع - موٹا - گاڑھا - دلدار - چرک - ناپاک
غلیل ع - پیاسا - تشنہ - پیاس - تشنگی - کینہ +
غلیواج غلیواژ غلیواز ف - چیل +

غین معجمہ مع میم مہملہ

غم ع - رنج - دکھ - فارسی میں تخفیف مستعمل ہے
غمار ع - تیری - بہتان +
غماز ع - آنکھ سے اشارہ کرنیوالا - سخن چین - چغلخور - طعنہ کرنیوالا +

غمازک (ف) مچھلی پکڑنے کے کانٹے کی لکڑی جو پانی کے اوپر تیرتی رہتی ہے اور جب مچھلی کانٹے میں پڑتی ہے تو وہ پانی میں ڈوب جاتی ہے +
غمام (ع) بادل +
غمام (ف) آتشیخ - ابر مردہ +
غمامہ (ع) ایک بادل - بدلی +
غمان غمین (ف) غمناک - غمگین - رنجیدہ
غمائم (ع) جمع غمامہ کی - بدلیاں +
غم باد (ف) ایک بیماری ہے جو غم کرنے سے اور زیادہ بڑھتی ہے +
غمجہ (ع) بھونا پانی - چربہ +
غمخوار (ف) دوست جو اپنا غم کھائے دوست یار
غم خوردن (ف) غم کھانا +
غمخورک (ف) بوتیمار - اس کا یہ نام اس واسطے ہے کہ بقول مردم پانی کے کنارے کھڑا ہو کر گئے اس واسطے نہیں پیتا کہ کہیں کم نہ ہو جائے +
غمد (ع) تلوار اور چھری کا میان +
غمدان (ف) یمن میں ایک بہت بڑی عمارت تھی جو خلفائے عباسیہ کے زمانے میں گرا دی گئی - دُنیا +
غمر (ع) بے تجربہ کار - احمق - نادان +
غمر (ع) کینہ - تشنگی +
غمر (ع) آب بسیار - انبوہی - کینہ - کہنہ دشمنی - کنایہ پیاسا ہونا - جوانمردی - سخی +
غمرات (ع) سختیاں - آدمیوں کی بھیڑ - پانی کی مشکلات +
غمرالردا (ع) بدن کی چادر اٹھانا - سخی اور کریم آدمی - جوانمرد - صاحب جود +
غمز (ع) آنکھ یا ناک سے اشارہ کرنا - عیب

غمز زدن (ف) تہمت کرنا - سخن چینی +
غمزدگی (ف) غمزدہ ہونا +
غمزہ (ع) محبوب کا آنکھ یا بھووں سے اشارہ کرنا - آنکھ یا بھووں کا اشارہ +
غمزۂ اختر - غمزۂ ستارہ (ف) صبح کے وقت ستارے کی روشنی +
غمزۂ سحر تیز (ف) خوشی تک معشوق کی خوشی
غمزۂ گل (ف) پھول کا کھلنا +
غمص (ع) چرک چشم - نکال چشم یعنی کیچ +
غمص (ع) زمین پست - مغاک - گڑھا - باریک سخت تنگ +
غمکدہ (ف) غم کا گھر - مصیبت کا گھر +
غمگسار (ف) دکھ دور کرنیوالا - غم کا دور کرنے والا - یار +
غمندہ (ف) غمگین - غمناک - آزردہ +
غموض (ع) باریکیاں پوشیدہ گیا - مشکلات اور رموز علوم جو حل طلب ہوں +
غموم (ع) جمع غم کی +

غین معجمہ مع نون

غنا (ع) تونگری - دولتمندی - بے نیازی - بے پروائی +
غنا (ع) گانا - نغمہ سرود +
غناء (ع) نفع - فائدہ +
غناء (ع) خوش و خرم کسی چیز کا انبوہ +
غنائم (ع) جمع غنیمت کی - لوٹ کا مال +
غنج (ف) غصے اور قہر کے ساتھ کسی چیز کو اٹھانا - درست کرنا +
غنج (ع) ناز و کرشمہ +
غنج (ف) کرشمہ - ناز - آنکھ جھپکنا - گلگونہ اور بیضہ ناک یعنی آغشتہ جیسے بیمار غنج یعنی بیمار نازک +

غنجار - غنجارہ - غنجرہ - غنجرہ (ف) اُبٹنا - گلگونہ - غازہ +
غنج مرش - غنجمرش (ف) مینڈک +
غنچہ - غنچہ (ف) کلی - بے دن کھلا پھول - گل ناشگفتہ - یہ لفظ اصل میں غنجہ ہے - غنجیدن (ف) سمانا - مصدر سے جو کہ اس کی ذات میں گنجید کی پائی جاتی ہے - اسی وجہ سے کہ سب پنکھڑیاں باہم مجتمع اور پنہان ہوتی ہیں اسواسطے یہ نام ملا +
غنچۂ آب (ف) پانی کا بلبلہ - حباب +
غنچۂ ارغوان (ف) آگ کی چنگاری +
غنچہ بستن (ف) غنچہ پیدا کرنا - کلی پیدا کرنی +
غنچۂ پیشانی (ف) بد دماغ - ترش رو +
غنچہ شدن (ف) اکٹھے ہونا - جمع ہونا - منقبض ہونا
غنچۂ خاطر - غنچۂ دل (ف) ناراض - تنگدل - منقبض +
غندہ (ف) اکٹھا ہوا ہوا - لپٹا ہوا +
غنم (ع) بکری +
غنوت - امر غنودن - اور بمعنے خواب - نیند +
غنودن (ف) اونگھنا +
غنوند (ف) عہد و پیمان - شرط +
غنہ (ع) وہ نون جس کی آواز ناک میں سے نکلے جیسے کہ چناں میں نون غنہ ہے +
غنی (ع) بے پروا - بے نیاز - دولتمند +
غنیمت (ع) مالداری - تونگری - دولتمندی +
غنیم (ع) لوٹنے والا - لٹیرا - دشمن +
غنیمت (ع) مال - لوٹ کا - لوٹ - فارسی لفظ میں مفت بغیر رنج و مشقت کے ملی ہوئی چیز کیلئے استعمال کرتے ہیں +
غنیمت کشاں (ف) وہ لوگ جو مال غنیمت کا اٹھا کر لے چلیں +

غین معجمہ مع واو مہملہ

غو (ف) بلند آواز - کڑی آواز - چیخ - کڑک گرج - بادل اور نقارے اور کرنا وغیرہ کی آواز +
غوادی (ع) جمع غادیہ کی - صبح کو آنیوالے بادل
غواشی (ع) جمع غاشیہ کی +
غواص (ع) غوطہ مار - تیوالا - ڈبکیا +
غوامر (ع) وہ بال جو پیشانی اور قفا پر گھر دیں +
غوامض (ع) پوشیدہ گہرے سے کلام - باریک نکتے - جمع غامضہ کی +
غوانی (ع) جمع غانیہ کی - وہ باجمال جو تعبیر و زیب حسن کے باعث زیور و آرائش کی محتاج نہ ہو +
غوایت (ع) گمراہی +
غوائل (ع) جمع غائلہ کی - ناگہانی آفتیں +
غوت (ف) فلاخن - گوپھیا - غلیلہ +
غوش (ف) فرلوس - خربزہ +
غوچ (ف) مینڈھا - میش نر - شاخ دار +
غوچہ (ف) مرغ کی کلغی +
غور (ف) بالواو - سرحد ملک افغانستان میں قندھار کے قریب ایک مشہور ولایت ہے +
غوز (ف) بالواو مجہول - مخنث - ہیجڑا +
غور (ع) گہرا - بعد و عمق - قعر - زمین نشیب - پست - جانا - فائدہ پہنچانا - دہشت دینا - مجازاً بمعنے فکر +
غورہ (ف) انگور خام - ترش +
غورہ افشردن (ف) - ناز رشک کرنا - دہشت کرنا - غالب ہونا +
غورہ در چشم کسے کشیدن (ف) اس کا عاشق متنفس کرنا +
غوزہ (ف) روئی کے پھل کا چھلکا -

جس کے اندر روئی بھری ہوتی ہے +
غوزۂ آب ف پانی کا بلبلا +
غوزہ ف غنچہ۔ غوزہ +
غوش ف کان۔ کونپل گھوڑا سب حیوانات کا پاخانہ۔ چوب۔ خدنگ جس سے تیر و نیزہ اور زین بناتے ہیں۔ مادرزاد برہنہ۔ تفریح نگاہ دیکھنا +
غوشان ف خوشہ خواہ کسی چیز کا ہو۔ وہ چاردیواری جس کے اندر بھیڑ اونٹ بکری گھوڑا گائے۔ گدھا رات بسر کریں یعنی حیوانوں کی سرگیں +
غوشاد ف بکری گائے وغیرہ کے رات بسر کرنے کی چاردیواری۔ حیوانات کی سرگیں کاروان و قافلے کے اُترنے کی جگہ جٹوں کے رہنے کے مکان۔ اور اونچے درخت کو بھی کہتے ہیں +
غوص ع پانی میں غوطہ لگانا +
غوطہ معرب غوطہ (بواو مجہول) کا ڈبکی +
غوطہ خوردن ف ڈبکی کھانا +
غوغا ف آدمیوں کی بھیڑ بھاڑ۔ ٹڈی دل۔ فارسی میں بمعنی جمعیت۔ انبوہ مجلس شور غل کے استعمال کرتے ہیں +
غوغائیان گلشن ف بلبلیں +
غوغائے ہراسندگان ف استغفار و توبہ کرنیوالے تائب لوگ +
غوک ف مینڈک +
غول ع چھلاوہ یعنی وہ جن یا دیو جو جنگلوں اور پہاڑوں میں رہتے ہیں۔ اور جو شکل چاہتے ہیں اختیار کر لیتے ہیں۔ اور آدمیوں کو ڈراتے ہیں پنجابی بلا +
غول ع اچانک پکڑ لینا۔ ہلاک کرنا۔ رنج۔ مشقت

غول ف کان۔ گروہ۔ ہجوم سپاہ کا +
غول ت وہ فوج جس میں اُن کا سردار بھی موجود ہو +
غولان روزگار ف دنیا کے طالب۔ دنیادار لوگ۔ بدخصلت آدمی +
غول سیاہ ت اندھیری رات سے مراد ہے
غولر ف احمق۔ بیوقوف +
غوی ع گمراہ جسکی سمجھ ٹیڑھی ہو +

غین معجمہ مع یای تحتانی

غی ع گمراہی۔ دوزخ میں ایک جگہ ہے جسے وادی غی کہتے ہیں +
غیاب ع غائب ہونیوالے جمع غائب کی کارزار میدان جنگ سے غائب ہونیوالے (بھاگ جانیوالے)
غیابت ع غائب ہونا۔ ناپدید ہونا گہرا کنواں گڑھا۔ عمق +
غیاث ع فریادرس فریاد سننے والا فریاد
غیار ت ایک زرد رنگ کے کپڑے کا ٹکڑا ہوتا ہے جسے یہودی لوگ نشان کے واسطے مونڈھوں کے پاس اپنے کپڑے کے ساتھ سی دیتے ہیں +
غیاض ع جمع غیضہ کی جنگل بیشہ +
غیب ع پوشیدگی۔ ناپدیدگی +
غیبت ع پوشیدگی۔ پوشیدہ ہونا۔ موجود نہ ہونا۔ حاضر نہ ہونا۔ ضد حضور +
غیبت ع پیٹھ پیچھے کسی کو برا کہنا +
غیبہ ع بھیگی ہوئی روئی یا کپڑے کے ٹکڑے جو حوض میں لگانے کے واسطے ہیں۔ نکتہ چینی۔ شکایت۔ بدگوئی +
غیبوبت ع ناپدید ہونا چھپ جانا۔ مفارقت۔ جدائی علیحدگی +

غیث ع باراں۔ مینہ +
غیداق ت ترکستان میں دشت قبچاق کے اندر ایک مقام ہے جہاں کا تیر مشہور ہے +
غیداقی ف غیداق کا تیر جو پتھر کو بھی توڑ ڈالتا ہے +
غیر ع اور۔ سوا۔ جو وہی نہ ہو۔ علیحدہ شئے۔ نفع پہنچانا۔ بارش سے زمین کو پانی پہنچنا +
غیرت ع اجنبی ہونا۔ ناآشنا ہونا بیگانہ ہونا۔ شرم کرنا۔ رشک کرنا +
غیر ذالک ع اس کے سوا اور +
غیر متناہی ع جس کی انتہا نہ ہو بےحد +
غیر مسکوک ع بغیر سکہ کی ہوئی چاندی یا سونا +
غیر مکرر ع وہ شخص جس سے پہلے کبھی ملاقات نہ ہوئی ہو۔ اجنبی آدمی وہ شے جو پہلے کبھی نہ دیکھی گئی ہو۔ مجازاً نادر عمدہ۔ کمیاب۔ لاثانی۔ بےنظیر +
غیر واقع ع جھوٹ۔ خلاف دستور ناشائستہ +
غیر وقوفی ع ناشائستگی۔ نالائقی وہ امر جو وجود میں نہ آیا ہو +
غیر بدل ف سرین پر چلنا +
غیش ع بہت غم و اندوہ۔ بدحالی +
غیض ع پانی کا گھٹ جانا۔ مراداً تھوڑا پانی مجازاً تھوڑی بخشش۔ صحرا۔ جنگل +
غیفہ ع شگوفہ +
غیضہ ع جنگل۔ بیابان۔ بن +
غیظ ع سخت غصہ۔ خشم۔ خفت +

غیل ع جنگل۔ بیابان۔ صحرا +
غیل ع وہ دودھ جو عورت بچے کو بحالت جماع یا حمل پلائے۔ ایسا دودھ بچے کے حق میں نہایت مضر ہوتا ہے۔ آب رواں +
غیلان ع جمع غول کی +
غیم ع بادل +
غیم ہاطل ع برسنے والا بادل +
غین ع بادل۔ وہ بادل جو آسمان کو چھپالے۔ تشنگی۔ تیرگی۔ ہزار داستان بلبل۔ کیونکہ باغ کے بھی ہزار در ہوتے ہیں +
غیوب ع جمع غائب کی +
غیور ع بہت غیرت کرنے والا۔ رشک کرنے والا +
غیوران ف سالک لوگ۔ اہل سلوک +
غیوران شب ف شب بیدار لوگ +
غیوم ع جمع غیم کی۔ بادل +
غیہب ع اندھیرا۔ بیوقوف گولیدہ +

باب الفائے معجمہ

فائے معجمہ مع الف

فا ف بمعنے با جیسے فاو گفت باو گفت معجوب و شرمگین +
فاتح ع شروع کرنے والا۔ کھولنے والا فتح کرنیوالا +
فاتحہ ع کھولنے والی عبارت دیباچہ خود قرآن کی پہلی سورۃ کا نام ہے +

فاتحۂ نکرت ف ابتدا۔ پہلا سخن +
فاتر ۔ نیم گرم۔ نیم گرم پانی۔ سست
زبان +
فاترسین۔ فاتوسین ف تخم سپند
اور اس کا جلانا +
فاتق ۔ پھاڑنے والا۔ چیرنے والا۔
شگاف کردینے والا +
فاتک ۔ دلیر۔ شجاع۔ قاتل +
فاتن ۔ مفتون کرنیوالا۔ فریفتہ کرنیوالا +
فاتوبیدن۔ فاتولیدن ف دور ہونا۔
الگ ہوجانا۔ ایک طرف ہوجانا۔ بھاگنا۔
سیدھا کرنا +
فاجر ۔ گنہگار۔ بدکار۔ زناکار +
فاجرہ ۔ جمالی +
فاجاؤا الیہ ۔ اسکی طرف تضرع کرو +
فاحش ۔ اپنی بدی میں حد سے گذرنے والا
بہت بُرا +
فاحشہ ۔ بدعورت۔ زن بدکار +
فاختہ ف قمری۔ رنگ فاختہ +
فاخر ۔ فخر کرنیوالا۔ عمدہ۔ معزز +
فاخرہ ۔ گراں مایہ۔ بیش قیمت۔ عمدہ
عمدہ۔ معزز +
فاذزہر ۔ معرب پادزہر۔ دوائی جو دافع زہر
ہو زہر کے اثر کو مٹا دینے والی ہو +
فارہ ۔ جمع فارۃ کی۔ چوہے۔ چوہیاں +
فاراب ف ترکستان میں ایک شہر ہے
ابو نصر ثانی ابو نصر فارابی کا مولد ہے +
فارد ۔ یگانہ زمانہ۔ زمانے کا یکتا۔ یگانہ +
فارس ۔ گھوڑے کا سوار۔ گھوڑے والا۔
دانا۔ صاحب فراست۔ اور معرب پارس کا
جو مشہور ملک کا نام ہے +

فارسی ۔ منسوب بہ فارس۔ اور زبان فارسی
جس کی سات قسمیں ہیں۔ فارسی پہلوی
دری۔ یہ تینوں زبانیں زیادہ مستعمل ہیں۔
ہروی۔ زابلی۔ سگزی۔ سغدی یہ چاروں
زبانیں کم مستعمل ہیں +
فارغ ۔ خالی۔ بیکار۔ بے فکر۔ آسودہ +
فارغ البال ۔ فارغ دل جسکو کچھ کام نہ ہو
بے اندیشہ اور بے فکر آدمی۔ نچنت +
فارغ بالی ف بے فکری۔ آسودگی +
فارغ خطی ف لا دعوے۔ آزادی نامہ
فارغ زبان ف فارغ اور بیکار زندگی بسر
کرنیوالے نکمے آدمی جیسے فارغ زبی کی
جو فارغ (بیٹھے بیکار) اور زبی (امر ہے زیستن
سے ملکر اسم فاعل ترکیبی ہے +
فارق ۔ فرق کرنے والا۔ فاصل +
فارقلیط ۔ معرب الفاظ یونانی پارا قلیط کا ہے
جس کے معنے احمد ہیں۔ یونانی زبان میں
نبی آخر الزمان علیہ الصلوٰۃ والسلام کا
نام فارقلیط ہے (اور رسالہ گلڈ فری ہگنس
مطبوعہ ۱۸۲۹ کی صفحہ ۳۰ سطر ۳۰ انجیل یوحنا
باب ۱۴ (درس ۱۶) میں حضرت عیسےٰ کا اپنے
حواریوں کو ارشاد ہے کہ خداوند تعالےٰ
تمہیں دوسرا (رسول) فارقلیط دیگا۔ (قرآن شریف
سورہ صف آیت یعنی مُبَشِّرًا بِرَسُوْلٍ
یَّاْتِیْ مِنْ بَعْدِی اسْمُہٗ اَحْمَدُ ۔
میں اسی وعدہ کی طرف اشارہ ہے +
فاروق ۔ حق و باطل کے درمیان فرق
کرنیوالا۔ حضرت عمر خطاب خلیفہ دوم رضی اللہ عنہ
کا لقب ہے جو حق باطل سے جدا کردیتے تھے +
فاروقی ۔ منسوب بفاروق یعنی حضرت عمر کی اولاد
فارہ ۔ چوہیا۔ نافہ مشک +

فاریہ ۔ تیز رفتار۔ زیرک +
فاریاب۔ فاریاد معرب پاریاب کا جو
خراسان میں بلخ کے نواح میں ایک شہر ہے
وطن ظہیر الدین ظہیر فاریابی کا +
فاژ۔ فاژہ ف جمائی یعنی اباسی +
فاژیدن ف جمائی لینا +
فاس ۔ کلہاڑا +
فاسخ ۔ فسخ کرنے والا۔ توڑدینے والا۔
تباہ اور فاسد کرنیوالا۔ ارادہ کو پلٹ دینے والا
بیع کو فسخ کردینے والا +
فاسد ۔ تباہ۔ بگڑا ہوا +
فاسق ۔ گنہگار۔ بدکار +
فاش ف آشکارا۔ ظاہر۔ پراگندہ۔ [illegible]
پاش کا ہے +
فاصل ۔ جدا کرنے والا +
فاصل آب ف اصطلاح علم جغرافیہ میں
وہ پہاڑ یا کوئی اونچی وسیع میدان جو دو میدان
دو طاسوں (یا بیسنوں) کے واقع ہو۔
فاصل آب کہلاتا ہے +
فاصلہ ۔ دوری۔ فرق۔ عرصہ۔ میدان +
فاضل ۔ ذی رتبہ۔ صاحب فضیلت۔ فضیلت والا
بزرگ اور عالی رتبہ آدمی۔ عالم شخص +
فاضلات ۔ وہ پانی جو نہر کے بھرجانے
کے سبب اس سے بہت سیلاب آنے پر
باہر نکل جائے +
فاضلہ ۔ بزرگی۔ فزونی۔ زیادہ۔ عطا
بخشش +
فاطر ۔ پیدا کرنے والا۔ خالق۔ قرآن کی ایک
سورۃ کا نام ہے +
فاطمہ ۔ وہ عورت جس نے دو سالہ بچہ
کا دودھ چھڑایا ہو اور نام سیدۃ النساء

دختر نیک اختر جناب رسول خدا صلے اللہ
علیہ وسلم کا +
فاطن ۔ زیرک۔ دانا +
فاعل ۔ فعل کرنیوالا۔ کام کرنیوالا +
فاق ۔ صیغہ ماضی کا ہے یعنی فوقیت
لے گیا۔ فائق ہوگیا +
فاق ف سوفار تیر +
فاقد ۔ گم کرنیوالا۔ مفقود کرنیوالا +
فاقد البصر ۔ اندھا۔ نابینا +
فاقع ۔ بہت زرد رنگ کی کوئی چیز +
فاقہ ۔ بھوکا رہنا۔ بھوک۔ افلاس +
فاکر ۔ فکر کرنے والا۔ سوچنے والا +
فاکہہ ۔ میوہ +
فال ۔ شگون۔ غیب کی بات +
فالج ۔ مفلوج۔ منصور۔ موٹے کوہان والا
اونٹ۔ ڈھیلا پڑجانا آدھے بدن کا ایک
بیماری کا نام ہے جسے پنجابی میں ادھرنگ
کہتے ہیں۔ اس کے سبب آدھا بدن بیکار
ہوجاتا ہے +
فال مغفرت ف وہ فال جس میں قرآن شریف
کے کسی صفحے کے ابتدا میں اسم شفیا
شا کا نام نکل آئے۔ اور یہ بہت مبارک
فال ہے +
فالق ۔ چیر کر نکالنے والا +
فالق الاصباح ۔ پھاڑنیوالا صبح کا۔
چیر کر نکالنے والا۔ سپیدی صبح کی رات
کی سیاہی سے الگ نکالنے +
فالگیر ۔ وہ آدمی جو کوچہ و بازار میں
لوگوں کے لئے فال نکالتا پھرے +
فالودہ ۔ پالودہ کا معرب جو پالودن سے مشتق
ہے +

فالودہ ف پالودہ۔ نشاستے کی جمی ہوئی چیز +
فالینوس ف شاہتیرہ +
فام ف رنگ۔ تشبیہ۔ مانند۔ خراسان میں ایک قصبہ ہے +
فام و دام۔ قرض۔ دینا +
فانا دیہی +
فانوس ع جمع فوانیس۔ بجا شمع کی چمنی۔ جو اپنے اندر کی روشنی باہر ظاہر کرتی ہے +
فانوس خیال۔ فانوس خیالی ف وہ فانوس جس کے گرد گھومتی تصویریں لگی رہتی ہیں
فانہ ف پچر۔ پچڑا۔ علم جر ثقیل میں یہ ایک آلہ ہے جو اکثر لکڑی یا لوہے کا ہوتا ہے جس کی شکل مثلث کی سی ہوتی ہے۔ اور وہ دو مستوی سطحوں کا اجتماع ہے کہ ایک خط پر ملتی ہوں۔ ان دونوں سے ایک خط پر ملی ہوئی ہوں۔ پتھر۔ لکڑی وغیرہ سخت چیز کے چیرنے میں بہت کام آتا ہے +
فانی ع فنا ہونے والا۔ مرنے والا +
فانیذ ف مصری۔ کھانڈ +
فاوانہ شرمندہ۔ رسوا۔ شرمندگی۔ رسوائی +
فوائد ع واحد فائدہ۔ جمع +
فئہ ع گروہ۔ جماعت +
فئتین ع دو گروہ۔ دو جماعتیں تثنیہ ہے فئہ کا +
فائح۔ فائحہ ع خوشبو دینے والی چیز بوئے خوش۔ خوشبو +
فائدہ ع نفع +
فائز ع پہنچنے والا۔ مقصد کو پہنچنے والا۔ کامیاب
فائض ع فیض پہنچانے والا +
فائق ع بلند ہونے والا۔ فوقیت رکھنے والا بہتر۔ عمدہ۔ برگزیدہ۔ زیادہ +

فائے معجمہ مع بائے موحدہ

فبہا۔ اصل میں فبہا تھا۔ یعنی ہم اس پر راضی ہیں۔ ہم کو منظور ہے کثرت استعمال سے فعل حذف ہو کر فبہا رہ گیا +

فائے معجمہ مع تائے فوقانی

فتا ع جوان مرد۔ سخی۔ شجاع +
فتات ع جوان عورت۔ زن جوان +
فتات۔ فتاتہ ع روٹی کا ٹکڑا۔ ہر چیز کا ٹکڑا +
فتادن ف گرنا۔ پڑنا +
فتاریدن۔ فتالیدن ف کھودنا۔ پھٹنا۔ پراگندہ کرنا۔ جدا کرنا +
فتان ع فتنہ انگیز۔ یہ لفظ اکثر محبوب کی آنکھ کی تعریف میں آتا ہے +
فتح ع کھولنا۔ کامیاب ہونا۔ جیتنا۔ فتوح۔ جمع فتوحات۔ جمع الجمع +
فتح الباب ع دروازہ کا کھولنا۔ کشادگی کار۔ موسم برسات کا آغاز +
فتحہ ع زبر جیسے حد کی ح پر ہے +
فتح یاب ف فتح پانے والا۔ کامیاب۔ جیتنے والا +
فتخ ع انگوٹھے اور اس کے ساتھ کی انگلی کی کشادگی +
فترات ع جمع فترت کی سستیاں +
فتراک ف تسمہ بند یعنی وہ تسمہ جو گھوڑے کی زین کے آگے پیچھے لٹکا رہتا ہے۔ ترکی میں اسے قنجقہ اور پنجابی کنجد بولتے ہیں +
فترت ع ضعف۔ سستی۔ وہ زمانہ جو دو پیغمبروں کے درمیان واقع ہو +
فتردن ف پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا
فتش ع کھودنا۔ جستجو کرنا +
فتق ع کشادگی۔ چیرنا۔ چاک کرنا۔ ایک بیماری کا نام ہے جس میں خصیے بڑھ جاتے ہیں +
فتن ع جمع فتنہ کی +
فتنہ ع جمع فتن۔ عذاب۔ بلا۔ شرارت۔ شور و فساد۔ دیوانگی۔ مجازاً بمعنے معشوق۔ دیوانہ عاشق اور بمعنے معشوق بھی آیا ہے +
فتنہ بر چیزے شدن ف عاشق ہونا
فتنہ در زیر سر داشتن فتنہ و فساد اٹھانا
فتنہ را از جائے بیجائے بردن ف چغلی کھانی۔ سخن چینی کرنی۔ باتیں چھانٹنی +
فتنہ را کمر کشادن ف شور و غوغا کا مشتعل ہونا
فتو ف عشوہ۔ جو۔ مغرور +
فتوہ ف فریفتہ۔ مغرور +
فتوائے شرع کا حکم۔ فیصلہ +
فتوت ع جوانمردی۔ مروت۔ سخاوت +
فتوح ع کشائش۔ جمع ہے فتح کی +
فتوحات جمع فتوح کی جمع الجمع فتح کی +
فتوحی ف ایک قسم کی کرتی یا جاکٹ ہے +
فتور ع سستی۔ سست ہونا۔ مجازاً خرابی +
فتے ع جوان۔ کبرو +
فتیان ع جمع فتے کی۔ جوانمرد لوگ +
فتیلہ ع بتی۔ بٹی ہوئی چیز۔ بتی +

فائے معجمہ مع جیم تازی

فج ع شاہراہ۔ کشادہ راستہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کھلا راستہ +
فجج ف وہ آدمی جس کے ہونٹ نیچے لٹکے ہوئے ہوں +
فجا۔ فجاءۃ ع ناگاہ۔ اچانک +
فجاجت ع خامی۔ ناپختگی +
فجارہ ع جمع فاجر کی +
فجار ع بہت بدکاری کرنے والا آدمی۔ نہایت نافرمان و ننگا آدمی۔ بڑا گنہگار +
فجر ع صبح۔ تڑکا +
فجرہ ع جمع فاجر کی +
فجعت ع درد مندی۔ مصیبت۔ دکھ +
فجل۔ فجل ع مولی جو مشہور ترکاری ہے +
فجل۔ فجل ع سست۔ موٹا سوٹا۔ چرباز +
فجور ع گنہگاری۔ گناہ کرنا۔ زنا کرنا +
فجور ع بدکار مرد +
فجیعت ع درد۔ سخت مصیبت۔ غم

فائے معجمہ مع حائے حطی

فحاوی ع جمع ہے فحوے کی۔ مضامین۔ مطالب۔ معانی +
فحش ع بدی کا حد سے گزر جانا +
فحص ع ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا۔ جستجو کرنا +
فحل ع نر۔ ضد مادہ کی۔ سہیل ستارہ +
فحلی ع یائے مصدری نر ہونا +
فحم۔ فحم ع کوئلا۔ انگشت۔ زغال +
فحول ع جمع فحل کی۔ نر۔ بہادر لوگ۔ فضلاء +
فحوائے ع مضمون۔ مطلب +

فائے معجمہ مع خائے معجمہ

فخ ف تیتر پکڑنے کا ایک جال۔ پرندوں کے شکار کرنے کا ایک آلہ ہے +
فخچ ع جال۔ پھندا +
فخامت ع بڑا ہونا۔ بزرگی۔ قدر کی بڑائی۔ موٹا ہونا۔ بلندی +
فخر ع ناز کرنا۔ فخر کرنا۔ بڑائی کرنا۔ اترانا +
فخار ع بہت ناز کرنے والا۔ بہت فخر کرنے والا۔ بہت گھمنڈ کرنے والا +

فخّارہ سفال پختہ۔ ٹھیکری۔ گِل خشک +

فخت ء چاند کی چاندنی +

فخذ۔ فخذ ء ران۔ جانگھ +

فخر۔ تکمنت۔ غرور۔ ناز۔ بڑی بڑائی +

فخر الدین رازی ء امام فخر الدین رازی عالم اجل اور فاضل اکمل ماہر علوم عربیہ فاضل فنون عقلیہ صاحب تصانیف کثیرہ مثل تفسیر کبیر مطالب العالیہ نہایۃ العقول وغیرہ گذرے ہیں ۵۴۳ھ یا ۵۴۴ھ ہجری میں متولد ہوئے اور یکم شوال ۶۰۶ھ ہجری میں ہرات کے مدرسہ میں فوت ہوئے شہاب الدین غوری کے عہد میں ان کا بڑا درجہ اور رتبہ تھا جب یہ کہیں سوار ہو کر جایا کرتے تو تین سو شاگرد ہمراہ ہوا کرتے تھے ان کا سلسلۂ نسب حضرت ابو بکر صدیق سے ملتا ہے یہ رباعی انہیں سے ہے سہ

هرگز دل من ز علم محروم نشد
کم بود ز اسرار که مفهوم نشد
هفتاد و دو سال فکر کردم شب و روز
معلومم شد که هیچ معلوم نشد

فخری ء ایک قسم کا انگور ہے +

فخیدہ ف بنوئے۔ الگ کی ہوئی روئی +

فخیدن ف روئی سے بنولے الگ کرنا

فخور ء ناز کرنا۔ اترانا۔ بڑائی کرنا +

فخور بہت ناز کرنے والا۔ اترانے والا نازاں۔ متکبر۔ سرکش +

فخیم ء بزرگ قدر۔ اور ہر چیز بزرگ +

فائے معجمہ مع دال مہملہ

فدا ء کسی کے عوض جان دینا۔ جو چیز فدا کی جائے۔ سر خرید +

فدامت ء درشتی۔ جفاکاری۔ بے رحمی۔ ظلم و ستم +

فدان ء جوا۔ بیل کا جوڑا +

فدائی ء وہ شخص جو جان بوجھ کر اپنی رضا و رغبت سے کسی ایسے امر کا مرتکب ہو جس میں صریح جان کا خطرہ ہو۔ فدا ہونے والا۔ جان نثار۔ عاشق۔ چور لٹیرا۔ خونی +

فدفد ء صحرا۔ جنگل۔ زمین ہموار +

فدک ء ایک گاؤں کا نام ہے جس میں جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا ایک باغ کھجوروں کا تھا +

فدوی ء قربان ہونے والا کسی کے عوض جان دینے والا۔ سر بہا ہونے والا +

فدیہ ء وہ مال جو کسی قیدی کے عوض دیکر اسکو سرکار سے خرید لیں۔ سر بہا صدقہ +

فائے معجمہ مع ذال معجمہ

فذالک ء بر وزن مسالک صحیح املا اس کا اس طرح پر ہے فذالک معنے پس یہ ہے۔ اصطلاح میں بمعنے باقی۔ بقیہ۔ رقوم کی تفصیل کے بعد انکی جمع اور میزان۔ جمع بعد از تفصیل۔ کیونکہ سیاق نویسوں کا قاعدہ ہے کہ رقوم کی تفصیل کے بعد لفظ فذالک بہت لمبا لکھ کر اسکے نیچے سب کی جمع یا باقی لگا دیتے ہیں جس سے انکی مراد لفظی معنے کے رو سے یہ ہوتی ہے کہ پس یہ سب رقوم مسطورہ بالا کا مجموعہ یا بقیہ ہے +

فائے معجمہ مع رائے مہملہ

فر ف شان و شوکت۔ دبدبہ۔ ٹیپ ٹاپ نور۔ پرتو۔ زیبا۔ سیلاب۔ کسی پرندے کا پر را پر تشدید بھی درست ہے +

فرّار گریزندہ۔ بھاگ جانے والا +

فرد ء سو دیوں کا کتاب خانہ +

فراز ف آگے۔ پیچھے۔ نزدیک۔ دور۔ بلند طرف۔ جانب گوشہ۔ کونا۔ اور یہ کبھی زائد بھی آتا ہے +

فرّاء ء پوستین دوز۔ لقب ایک نحوی کا ہے

فرامرز ء اہل ایران کے سپہ سالاروں میں ایک شخص کا نام ہے +

فُرات ء آب شیریں۔ ایشیائی روم میں ایک مشہور دریا ہے +

فراتر ف آگے۔ نزدیک +

فراترک ف بہت پرے۔ بہت دور۔ بہت ورے۔ بہت نزدیک۔ یہ لفظ لغات اضداد میں سے ہے +

فراخ ف وسیع۔ کشادہ۔ چوڑا۔ مجازاً بمعنی بسیار۔ بہت +

فراخنا مخفف فراخ نائے کا جگہ فراخ مقابل تنگنا کے +

فراخ ابرو ف کشادہ چتون کا آدمی۔ ہنس مکھ +

فراخ آستین ف سخی۔ جوانمرد +

فراخ بین ف وہ شخص جو سب کو ایک نظر سے دیکھے +

فراختن ف بلند کرنا۔ اونچا لیجانا +

فراخ حوصلہ ف بردبار۔ متحمل۔ باوقار +

فراخ دامن۔ فراخ دست ف جوانمرد بخشندہ۔ سخی۔ تونگر۔ دولتمند +

فراخ دہن ف باتونی۔ بکواسی +

فراخ رفتن ف جلد جلد چلنا +

فراخ رو ف تیز رو۔ فضول خرچ +

فراخ رو ف کشادہ پیشانی۔ ہنس مکھ خوش خلق +

فراخ سخن ف پرگو۔ بکواسی +

فراخور ف شائستہ۔ لائق۔ سزاوار۔ مناسب

فراخوری ف شائستگی۔ لیاقت۔ سزاواری +

فراخی ف کشادگی۔ وسعت۔ آسودگی +

فراخیدن ف دو ٹکڑے ٹکڑے ہونے۔ ایک دوسرے سے جدا ہو جانا +

فراخی گاہ ف وہ جگہ جہاں سب چیزیں کھانے پینے کی بآسانی دستیاب ہو سکیں +

فرادیٰ ء ایک ایک۔ الگ الگ +

فرادیس ء جمع فردوس کی جنات بہشت +

فرار ء بھاگنا۔ بھاگ جانا۔ ہوٹنا +

فرّار ء بہت بھاگنے والا +

فرا رسیدن ف پہنچنا۔ آگے پہنچنا +

فرا رفتن ف جانا۔ آگے بڑھنا +

فراری ف بھاگا ہوا۔ بھگوڑا +

فراریدن ف بھاگنا۔ فرار عربی لفظ سے یہ جعلی مصدر بنایا گیا ہے جیسے طلب سے طلبیدن۔ رقص سے رقصیدن۔ فہم سے فہمیدن +

فراز ف پھیلا ہوا۔ بچھا ہوا۔ کشادہ۔ بند۔ نزدیک۔ دور۔ آگے پیچھے۔ اوپر نیچے بلند پست۔ بلندی نشیب۔ ان معنوں میں لغات اضداد میں سے ہے اور بمعنے جمع۔ فراہم۔ بعد اس کے پر۔ پھر۔ سرکش۔ تا۔ تناسل۔ وصل

زیادہ - زائد - آنا - آگے جانا - خون چھوڑنا دوشن +
فرازدن ف ظاہر کرنا - معلوم کرنا ایک بات کا +
فرازمان ف حکم - فرمان +
فرازندہ ف بلند کرنے والا +
فرازی ف بلندی - اونچائی +
فرازیدن ف کھڑا ہونا +
فراس ع شیر درندہ +
فراس ع سائیس گھوڑے کا خدمتگار +
فراست ع دانائی عقلمندی - فہم کی تیزی - قیافہ +
فراست شناس ف قیافہ شناس +
فراستوک فراشترو - فراشتروک
فراشتک ف ابابیل - دیو دلائی +
فراسخ ع جمع فرسخ کی - جو تین میل کی مسافت کو کہتے ہیں +
فراسیاب ف افراسیاب شاہ ترکستان
فراش ع فرش بچھونا +
فراش ع پروانہ مشہور جانور ہے +
فراش ع فرش بچھانے والا - مکان صاف کرنے والا نوکر +
فراشتن ف بلند کرنا +
فراشہ ع جاروب +
فراعنہ ع جمع فرعون کی +
فراغ ف آگ یا چراغ کی روشنی +
فراغ ع وسعت +
فراغ ع وسعت پانا - گرمی کے موسم کی سرد ہوا - دل کا سرور و خوشی +
فراغ بال ع فرصت بیکاری +
فراغت خانہ ف خلوت خانہ +

فراق ع جدائی +
فراک ف پیٹھ پشت - مخنث ہیجڑا - پید اور زبان
فرانن ف نیا کھودا ہوا اونچا نالا +
فراگرفتن ف سیکھنا - معلوم کرنا - یاد کرنا +
فرامرز رستم بن زال کے بیٹے کا نام ہے +
فرامش ف مخفف فراموش کا +
فرامشت ف مزید علیہ فرامشت کا +
فراموش ف بھول چوک +
فرامشی - فراموشی - فراموشکاری
فراموشیدن ف بھولنا - بھول جانا +
فرامین ع جمع ہے فرمان کی - بادشاہی پروانے حکمنامے - یہ عربی دان فارسیوں کا تصرف ہے - کہ فارسی الفاظ کی جمع عربی کے طور پر بنا لیتے ہیں - جیسے خاقان کی جمع خواقین - خاتون کی جمع خواتین وغیرہ +
فرانج - فرانک ف کالوس - ایک قسم کی گرانی ہے - جو نیند میں آدمی پر غلبہ کر جاتی ہے +
فرانس ع بڑا اعظم یورپ میں ایک مشہور ملک کا نام ہے جسکا دارالخلافہ پیرس دریائے سین پر نہایت خوبصورت اور خوشنما شہر ہے - وہاں کے رہنے والوں کو فرنچ کہتے ہیں +
فرانمودن ف ظاہر کرنا - دکھلانا +
فراوان ف بہت کثیر زیادہ - مجازاً گہرا عمیق +
فراویز ف سنجاف +
فراہ ف سیستان کے قریب ایک شہر ہے ابو نصر فراہی مصنف نصاب الصبیان وہیں کا رہنے والا تھا جس کے نزدیک

فراہ ہرات کے پاس ہے +
فراہت ع وزیر کی استادی گھوڑے کی اچھی چال +
فراہم ف اکٹھا +
فراہم آمدن ف اکٹھا ہونا +
فرائد ع جمع ہے فریدہ کی جس کے معنے ہیں منفرد تنہا - یکتا - یگانہ +
فرائض ع جمع فریضہ کی - وہ کام جس کا کرنا فرض ہو - فرمودہ خدا کا علم میراث +
فرائض پنجگانہ ف پانچوں وقت کی نماز یا اسلام کے پانچ ارکان نماز روزہ حج زکوۃ اور کلمہ شہادت پڑھنا +
فرالوش ف بیہوش جس کی عقل ٹھکانے نہ ہو +
فربارہ ف شان و شوکت +
فربال - فربالات ف جو دار بالاخانہ گرمی کے موسم گزارنے کا گھر +
فربلوات راست اور درست +
فربہ ف موٹا +
فربہی ف موٹاپن موٹاپا +
فربی ف فربہ موٹا +
فرت ع شتابی - جلدی - سرعت +
فرتاش ف وجود - ضد عدم +
فرتوت - فرتود ف بہت بڈھا - بہت بڑی عمر کا +
فرتور - فرتورہ ف عکس - الٹ +
فرتوک ف ابابیل +
فرث ع سرگین - گوبر حیوانات کا +
فرج ع قدر و قیمت مرتبہ اور حد +
فرج ع کشائش - آسائش +
فرج ع جمع فرجہ کی - شگاف +
فرج ع کھولنا - پیدا کشادگی و وغیرہ میں

رخنہ - شگاف - دراڑ - دریچہ - عورت کا جسم نہانی +
فرجاد ف عقلمند - دانا +
فرجار ع پرکار کا +
فرجام ف انجام - انتہا - آخر +
فرجامگاہ ف قبر - مرادِ ت +
فرجد ف پردادا - دادے کا باپ +
فرجمند ف ارجمند - مرتبہ اور عزت والا زیبا - لائق +
فرجود ف معجزہ - کرامت +
فرجہ ع کشادگی - شگاف - دراڑ - مہلت یعنی فرصت +
فرجیجو ف فرصت ڈھونڈنے والا +
فرجی ف ایک قسم کی قبا ہے +
فرح ع خوشی شادمانی - اترانا +
فرح ع خوش - شادان - اترانے والا +
فرحت ع خوشی +
فرخ - فرخندہ ف مبارک - خجستہ زیبا - یہ لفظ فر زیبا اور رخ - چہرہ سے مرکب ہے +
فرخ ع ہر نو مرغ کا چوزہ ہر کسی کا بچہ +
فرخ آباد ف ایران میں ایک شہر ہے جنوب ہندوستان کے صوبہ ممالک مغربی شمالی میں ایک شہر ہے +
فرخاو ف نالب ضد مغلوب +
فرخار ف ترکستان میں ایک شہر ہے جس کے باشندے بہت خوبصورت ہوتے ہیں - بتخانہ +
فرخاش ف پرخاش +
فرخاک - فرخال ف سر کے بکھرے یا الجھے بال +
فرخشار ف بیچنے والا +

فرخ تبار ف مبارک خاندان والا +
فرخج ۔ فرخچ ف ناز یبا ۔ زشت ۔ بھونڈا بھدّا +
فرخ زاد ف مبارک زاد ۔ مذمین کا موکل فرشتہ +
فرخشہ و خفتہ ف زمین پر گرا ہوا +
فرخش ف گھوڑے اشتر وغیرہ چارپایوں کا کفل +
فرخمیدن ف روئی دھنکنا ۔ روئی سے بنولے الگ کرنا +
فرخندہ ف مبارک +
فرخندہ رائے ف نیک تدبیر ۔ دانشمند
فرخندہ فرجام ف نیک انجام +
فرخندہ کیش ف مبارک طریقہ والا ۔ مبارک خو ۔ نیک خصلت ۔ خوش خلق +
فرخ نہاد ف مبارک اصل ۔ نیک نہاد +
فرخور ۔ فرخورف پانی کا لمکا ۔ دیمو کا بچہ
فرخوے ف خلق ۔ عادت نیک +
فرد ع طاق ۔ تنہا ۔ یگانہ +
فرداف کل کا دن جو آئیگا ۔ مجازاً قیامت کا دن +
فرداً فرداً ع علیحدہ علیحدہ جدا جدا الگ الگ +
فردمے ف خفتہ فرد بودے کا +
فردوس ع باغ میوہ دار ۔ بہشت ۔ یہ لفظ دراصل فارسی میں پردوس ہے اور سنسکرت میں پر دیشیا ۔ اور گریک یعنی یونانی میں پیڈائیسو اور معرب فردوس ہے ۔ اور سب زبانوں میں ایک ہی معنے ہیں +
فردوس مکانی ع وہ شخص جسکا گھر فردوس (بہشت) میں ہو لقب ظہیر الدین بابر بادشاہ کا ہے +

فردوسی ف ملک الشعراء حکیم ابوالقاسم فردوسی بن اسحاق بن شرف شاہ طوسی کا تخلص ہے جو سلطان محمود غزنوی کے دربار کا زیور تھا ۔ طوس واقعہ ملک خراسان میں سنہ ۵۵ھ میں متولد ہوا اور ۔ ۸۰ برس کی عمر میں سنہ ۱۱ھ میں اس نے وفات پائی اسکا باپ حاکم طوس کا باغبان تھا شاہنامہ جو ایک بڑی ضخیم کتاب ساٹھ ہزار شعر کی ہے اس نے بحکم سلطان محمود غزنوی تیس برس کے عرصہ میں تصنیف کی +
فرزف فرزین کا مخفف ہے +
فرزان ف علم ۔ حکمت ۔ دانش ۔ استادی +
فرزانگان ف جمع فرزانہ کی +
فرزانگی ف دانائی ۔ عقلمندی +
فرزانہ ف حکیم ۔ دانا ۔ عقلمند +
فرزانہ خوے ف پسندیدہ خوے ۔ خوش خلق +
فرزجہ معرب ہے پارچہ کا ۔ وہ چیز جو اُجھوت سے ترکر کے ذیرہ بگل پر رکھیں +
فرزو ۔ فرزد ف ایک بہت ہی سبز گھاس کا نام ہے +
فرزدق ۔ عرب کے ایک مشہور شاعر کا لقب ہے ۔ جو حضرت امام زین العابدین کا معتقد تھا ۔ اس نے ۱۱۰ھ ہجری میں وفات پائی ۔ فرزدق کے لغوی معنے ریزشت اور ترش رو اور اس روٹی کی ٹکیہ کے ہیں جو تنور میں گر کر جل جائے +
فرزند ف ۔ بیٹا بیٹی ۔ پسر ۔ پوت +
فرزند آب ف آبی جانور ۔ پانی کا بلبلہ +
فرزند آفتاب ف لعل و یاقوت اور کان کے جواہر
فرزند ناورف آفتاب +
فرزندان ف ربیب ۔ جوروکا بیٹا ۔ سوتیلا بیٹا

جو عورت کے پہلے خاوند سے ہو +
فرزند شاو ف مراقبہ +
فرزندکان ف جمع فرزندک کی ۔ ک اس میں کاف تصغیر و ترحم کا ہے ۔ چھوٹے چھوٹے بچے ننھے ننھے بچے +
فرزند کسے در گریبان انداختن ف بیٹا بنا لینا ۔ متبنیٰ کر لینا +
فرزین ف شطرنج کا ایک مہرہ ہے جس کو وزیر بھی کہتے ہیں +
فرزین بند ف ایسا موقع جب پیادہ فرزیں کے زور پر بیٹھا ہو ۔ اور جب اُس پیادے کو حریف کا کوئی مہرہ مارنا چاہے فرزیں اسے مار سکے +
فرزین نہادان ف کج نہاد لوگ +
فرس ع گھوڑا +
فُرس ع ملک فارس کے رہنے والا ایرانی +
فرجاد ف حکیم ۔ دانشمند +
فرس افگندن ف عاجز کر دینا ۔ مغلوب کر دینا +
فرسب ف شہتیر ۔ عید یا کسی خوشی کے دن کے کپڑے جو دکانوں اور مکانوں کے در و دیوار پر زینت و آرائش کے لئے لگائے جائیں +
فرستادن ف بھیجنا +
فرستادہ ف فرستہ ۔ بھیجا ہوا ۔ ایلچی ۔ قاصد ۔ رسول +
فرستو ۔ فرستوک ف ابابیل +
فرستید ف بھیجدیں +
فرسب طنبور ف کھرچ ۔ وہ ایک لکڑی ہوتی ہے جو طنبور پر لگاتے ہیں +
فرسخ ۔ فرسنگ ف تین میل کی مسافت +
فرس نہادن ف مغلوب ہونا ۔ عاجز ہونا

فرسودن ف گھس جانا ۔ گھٹنا +
فرسودہ ف گھسی ہوئی چیز ۔ مستعمل +
فرسودہ گردیدن ف گھس جانا ۔ گھٹ جانا ۔ رنجیدہ ہونا ۔ افسردہ ہونا +
فرش ع بچھونا ۔ بچھانے کی چیز +
فرش باستاں ف زمین +
فرشتہ ف مبدّل فرشتہ کا ۔ جو صیغہ اسم مفعول کا ہے ۔ فرستادن مصدر سے خدا کا بھیجا ہوا ۔ مشہور معنے خدا کا قاصد نورانی +
فرشتہ تنان ف روحانیاں +
فرشتہ سحاب ف میکائیل علیہ السّلام
فرشتہ وشان ف جمع فرشتہ وش ۔ فرشتہ کی مانند کی ۔ نیک اطوار +
فرش خاک ف زمین +
فرش دو رنگ ف روز گار ۔ زمانہ +
فرش عاج ف برف +
فرص ع جمع ہے فرصت کی +
فرضا ع موت +
فرصت ع آرام پانا ۔ مہلت دینا ۔ مہلت فراغت ۔ مقابو ۔ موقع +
فرض ع معین کرنا کسی چیز کا وقت مشخص کرنا ۔ بخشش ۔ دینا ۔ اندازہ کرنا حکم خدا کا +
فرض خفتن ف سوتے وقت کی نماز ۔ نماز عشا +
فرض عین ع ہر ایک کا فرض ۔ وہ فرض جو ہر ایک کی ذات پر فرض ہو ۔ جیسے نماز روزہ ۔ زکواۃ وغیرہ +
فرض کفایہ ع وہ ہے جو کسی ایک جماعت کے ادا کرنے سے سب کی طرف سے ادا ہو جائے

جیسے جادو کا از جادو وغیرہ +
فرضہ ف کسی نہر کا وہ مقام جہاں جہاز
وہ آنے جانے والوں سے محصول لیا جاتا ہے
فرط ف زیادتی بہتات۔ غلبہ +
فرع ف شاخ۔ ٹہنی +
فرع تواران شمال ف دو [illegible] سے
مراد ہے +
فرعون [illegible]
یا گمراہ [illegible] اور فرعون سابق [illegible]
مصر کے سب بادشاہوں کا لقب تھا۔
جیسے اب ہر ایک بادشاہ مصر کو خدیو مصر
کہا جاتا ہے۔ اور قیصر روم [illegible]
[illegible] کا لقب ہے
اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت میں
مصر کا بادشاہ تھا۔ اور [illegible] ہدایت کیا۔ جیسے
خداوند تعالیٰ کی طرف سے حضرت موسیٰ [illegible]
معجزات [illegible] نشانیوں کے ساتھ بھیجے
تھے۔ مگر وہ راہ راست پر نہ آیا۔ بلکہ ہر طرح
[illegible] کی طرح سے پیدا
[illegible] کے قہر و غضب [illegible] سب
لشکر سمیت دریائے نیل میں غرق ہو گیا
[illegible] قریباً ۱۵۰۰
برس پہلے [illegible] مسیح
[illegible] +
فرغل [illegible] کا [illegible]
[illegible] +
فرغ [illegible] +
فرفلاطون ف کسی چیز کو [illegible]
[illegible] +
فرغانہ ف ماوراء النہر کا ایک صوبہ کا
نام ہے جو [illegible] اور [illegible] کا ہے

واقع ہے +
فرغول بچہ [illegible] +
فرغل معرب فرغل لفظ فارسی کا ہے
روئی بھرا ہوا لبادہ جو سردی کے موسم میں
پہنا جاتا ہے +
فرغندہ ف ایک بیل ہے جو درخت اور دیوار
پر لپٹ جاتی ہے +
فرغوہ ف لیٹا ہوا۔ ملا ہوا +
فرغوت ف [illegible] کبوتر [illegible] +
فرغوک ف چپ چاپ۔ دیر کا [illegible] +
فرغول ف غفلت۔ غافل ہونا۔ [illegible] +
فرغیش ف ایرانی پوستین +
فرفتہ ف فریفتہ کا مخفف ہے +
فرفخ ف خرفے کا ساگ +
فرفرت جلد۔ شتاب۔ جلدی +
فرفرہ ف پھرکی جو ایک کھلونا ہے +
فرفوریوس ر فیثاغورث کے ہمعصر
قیصر روم کے سپہ سالار کا نام ہے اسکندر
کے معاصر ایک حکیم کا بھی نام ہے +
فرق ع دو چیزوں میں امتیاز کرنا۔ جدائی
تفاوت۔ مانگ نکالنا۔ تارک سر +
فرق [illegible] بکریوں کا گلہ [illegible]
[illegible] +
فرق جمع فرقہ کی [illegible] گروہ +
فرقان ع حق و باطل میں فرق کرنے والا
حق کو باطل سے [illegible] کرنے والا قرآن
شریف کا نام ہے +
فرقت ع جدائی +
فرقد ع [illegible] اور
ایک ستارہ فرقدین میں ہے +
فرقدان و فرقدین ع دو ستاروں کا

نام ہے جو قطب شمالی کے پاس ہیں
اور شام سے صبح تک ظاہر رہتے ہیں
چھپتے نہیں +
فرقہ ع قوم۔ گروہ۔ ٹولی +
فرقیرہ [illegible] +
فرکند ف وہ زمین جس میں بسبب پانی
بیل یا دو کے گرانے پڑ گئے ہوں اور جا بجا
پانی بھرا ہوا ہو +
فرکندان ف زمین کا خراب ہونا
سیلاب سے بگڑ جانا زمین کا +
فرمان ف حکم بادشاہی۔ حکمنامہ
پروانہ۔ حکم +
فرمان بر۔ فرمان بردار۔ فرمان پذیر
فرمان پرست ف حکم ماننے والا۔ حکم
بجا لانے والا۔ نوکر۔ خدمتگار +
فرمان بردن۔ فرمان کردن ف
حکم بجا لانے والا۔ فرمانبرداری کرنی +
فرمان دادن ف کسی پر حکم چلانا
فرمان دہ۔ فرمان گذار ف حاکم +
فرماندہی ف حکومت +
فرمان رسیدن ف حکم آجانی +
فرمان روا ف حاکم۔ بادشاہ جس کا حکم
سب جگہ جاری ہو +
فرمایش ف بطور حکم [illegible] کرنا جو
حکم کچھ کام کرنا یا مانگنا +
فرمودن ف فرمانا۔ حکم دینا +
فرمودہ ف فرمان۔ حکم +
فرناو ف پایاب۔ دریا کی تہ۔ دریا کا
تھوڑا پانی +
فرناس ف غافل۔ نادان۔ غفلت و
نادانی۔ خواب آلودہ +

فرنجاک ف ایک قسم کی گرانی جو خواب
میں آدمی پر واقع ہوتی ہے +
فرند ف شمشیر جوہر شمشیر۔ ایک مشہور
گھوڑے کا بھی ہے +
فرنگ ف یورپ [illegible]
کنایہ [illegible] سفید [illegible] +
فرنگستان ف فرنگیوں کا ملک [illegible]
یورپ جس میں یہ ملک داخل ہیں۔
برٹش کلان (برطانیہ) فرانس۔ بیلجیم۔
ہالینڈ۔ جرمنی۔ پرسیا۔ آسٹریا۔
سوٹزرلینڈ۔ ڈنمارک۔ سویڈن و
ناروے۔ روس۔ روم۔ یونان۔ اٹلی۔
پرتگیز۔ پرتگال +
فرنگیس ف افراسیاب کی بیٹی کا نام
ہے۔ جو سیاوش کے نکاح میں تھی اور
کیخسرو اس کا بیٹا تھا +
فرنود ف برہان و دلیل +
فرہ ف لعنت۔ نفرین۔ پھٹکار +
فرو ف لومڑی کی پوستین +
فروت کم۔ نیچے۔ کم رتبہ +
فرواد۔ فروارہ۔ فروال۔ فروالہ ف
ہوادار بالاخانہ +
فرو آمدن بچیزے ف اس چیز کی
رغبت کرنی۔ خواہش کرنی +
فروترت بہت کم۔ بہت نیچے +
فروتریں ف بہت ہی نیچا +
فروتن ف [illegible] تواضع کرنے والا +
فروتنی ف تواضع کرنا۔ اپنے تئیں کم تر
سمجھنا +
فروث ع جمع ہے فرث کی۔ گوبر +
فروج جمع ہے فرج کی [illegible] +

عورتوں کی اندام نہانی +
فرّوج - فرّوج - فرّوجہ - مرغ کا بچہ - چوزہ +
فروخت - بیچنا +
فروختن - بیچنا +
فروختہ - بیچا ہوا - روشن +
فروخوردن - تحمل کرنا - نگل جانا +
فرود - نیچے - پائیں - نیچے - فریب - کمینہ والا - ذلیل - بد مخرور +
فروداشت - فروگذاشت +
فرود آمدن - اترنا - فروکش ہونا +
فرود آمدن خانہ و دیوار و بنا - ڈھے جانا گر پڑنا +
فرودست - زیر دست - کم رتبہ - نا طاقت - ماتحت - چند شخص جو ملک کا ہے ہیں +
فرودگاہ - اترنے کی جگہ جہاں پر سفر میں قیام کیا جائے +
فرود و فرود رفتہ - اندر دبا - بھرنا ہوا
فرودین - ایک مہینے کا نام ہے +
فروری - جدائی - فراق +
فرو رفتن در چیزے - کسی چیز میں دھس جانا - اثر کرنا +
فروردین - شمسی کا پہلا مہینہ جو ہند کی چیں بیساکھ سے ملتا ہوا ہے بہار کا موسم اس مہینے میں شروع ہوتا ہے ۲۲ مارچ کو اس کی پہلی تاریخ ہوتی ہے اور ہر ماہ شمسی کی انیسویں تاریخ +
فروزش - تابش - روشنی - آفتاب کی چمک +
فروزاں - روشن +
فروزیدن - چمکنا +
فروزینہ - وہ چیز جس سے آگ جلائیں

جیسے گھاس پھوس چقماق کے معنے میں بھی آیا ہے +
فروس - جمع فرس کی گھوڑے +
فروسیت - فروست - گھوڑے کی سواری گھوڑے کے عیب و صواب وغیرہ امور کو پہچاننا +
فروش - بیچنے والا +
فروشیدن و فروختن - مرد عمر بیکلید
فروشندہ - بیچنے والا +
فروشیدن - بیچنا +
فروع - جمع فرع کی - اصطلاحاً علم فقہ +
فروغ - روشنی - شعاع - آفتاب - اور آگ کی تابش +
فروغندہ - فروزندہ - فروغندہ - بیچا ہوا روشن و درخشاں +
فروق - فرق کرنا +
فروق - فرق کرنے والا +
فروگذاشت - چھوڑنا - معاف کرنا - بھول جانا - بھول - قصور - سستی +
فروگذاشتن - چھوڑ دینا - بھول جانا - قصور معاف کرنا +
فروکش - اترنے والا - مقام کرنے والا کبھی مصدر کے معنے دیتا ہے یعنی اترنا قیام کرنا +
فروکش شدن - اترنا - مقام کرنا کسی جگہ پر آن ٹھیرنا +
فروکش کردن - ختنہ - حاجت کیلئے اٹھ دعوے کرنا کسی جگہ پر فروکش ہونا +
فروکوفتن - ٹھوکنا - دستہ مارنا +
فرومایگان - جمع فرومایہ کی +
فرومانگی - عاجزی درماندگی +

فروماندن - عاجز ہونا - لاچار ہونا متحیر ہونا +
فرومانده - عاجز - تھکا ماندہ - لاچار متحیر - منتظر +
فرومائگان - کمینے لوگ - نالائق +
فرومایہ - کمینہ - نالائق - بد اصل - بے ہنر - ٹٹ پونجیا - محتاج +
فرونشستن آتش - آگ کا بجھ جانا +
فروہش - تقصیر و فروگذاشت کاہلی دیر - کسی کام کو بھول جانا - وہشت بیکاری - بھولا ہوا +
فرّہ - شان شوکت - زیب و تاب - دبدبہ عظمت +
فرّہ - فرہ دی - ملتفت - فرصت - مظفر غالب - منظفر +
فرِہ - سبب - باعث +
فرّہ و خوش - بہت خوش ہونا +
فرہاد - نام ہے فارس کے ایک مشہور عاشق جو شیریں پر عاشق ہوا تھا - اسے کوہکن بھی کہتے ہیں - قصہ اسکا مشہور ہے +
فرہختن - فرہیختن - ترتیب کرنا ادب سکھانا - ہلکانا +
فرہنگ - عقل - علم - ادب - بزرگی سنجیدگی - مجاز لغت کی کتاب - نام کیکاؤس کی ماں کا +
فرہنگ - ساریت - کمل کرنا - ناخل کرنا +
فرہی - شان و شوکت - زیب و تاب دبدبہ - زیادتی - غلبہ +
فرہیختہ - ادب سکھایا گیا +
فریاد - مدد مانگنے کیلئے شور کرنا - دہائی دینا
فریادخواں - فریادخواہ - منظر دہائی

فریادی +
فریادی - دہائی دینے والا +
فریب - مکر - عشوہ - ناز - دغا - دھوکا فریبا - فریبندہ - فریب دینے والا - فریبی - مکار - حیلہ گر +
فرید - بے مثل - بے مانند - یگانہ - یکتا +
فریدون - گاؤ پرورت ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام ہے جو جمشید کی نسل سے آبتین کا بیٹا تھا - ضحاک نے جب جمشید سے سلطنت چھین لی تو نہایت ظلم و ستم اختیار کیا - لوگ اس سے تنگ آ گئے - ایک دن اس نے خواب دیکھا کہ کوئی شخص اسکی گردن میں رسی ڈالے کوہ دماوند کی طرف لے جاتا ہے - اس خواب سے وہ بہت پریشان حال اور نہایت اداس ہوا اور نجومیوں اور معبروں سے اسکی تعبیر پوچھی ایک شخص نے بیان کیا کہ ممکن ہے کہ جمشید کی نسل سے کوئی شخص تیرے ساتھ اس طرح پیش آئے - اس پر ضحاک نے جمشید کی نسل نسل کے لوگوں کو چن چن کر قتل کرایا - چنانچہ فریدوں کا باپ آبتین بھی مارا گیا فریدوں کی ماں فرانک اسکے مارے جانے کے خوف سے اسے لیکر گھر سے نکل گئی اور ایک سبزہ زار میں پہنچی - اس سبزہ زار کے رکھوالے کے پاس ایک برمایہ گائے تھی جس کا دودھ اس بچے کے واسطے کے لئے وقف کر دیا تھا - فرانک نے جس کے پستان میں ان دنوں کے مرنے کے غم اور ضحاک کے خوف سے دودھ نہ تھا فریدوں کو اس سبزہ زار والے کو سونپا

کے حوالے کر دیا۔ اُس نے بھی اس امر کو کارِ خیر سمجھ کر نہایت کوشش سے اُس گائے کے دودھ سے اسکی پرورش کی۔ اسواسطے اسکا نام فریدوں گاؤ پرور مشہور ہے اور کاوہ آہنگر نے جسکے دو بیٹے ضحاک کے ظلم و ستم کی نذر ہو چکے تھے لوگوں کو جمع کر کے ایک بڑا بھاری لشکر اپنے جھنڈے تلے جمع کیا (یہ جھنڈا درفش کاویانی کے نام سے مشہور ہے۔ کیونکہ کاوہ آہنگر کا بنایا ہوا تھا) اور اسکی یہ خاصیت بیان کیجاتی ہے۔ کہ اُسے جو کوئی اپنے ساتھ لیتا۔ ظفر و منصور رہتا) اس لشکر جرار کے ساتھ اس نے خراسان و عراق کا بہت سا ملک فتح کر لیا +

اب کاوہ اصفہانی اس فکر میں ہوا۔ کہ تخت سلطنت کس کے حوالے کیجئے آخر جستجو کرتے کرتے اُسے فریدوں کا پتہ ملا تاج شاہی اسکے سر پر رکھا۔ ضحاک کو اسکے حوالے کیا۔ فریدوں نے ضحاک کو پہلے تو دماوند پہاڑ کے قید خانہ میں قید کیا اور پھر کچھ عرصہ بعد قتل کروا ڈالا +

فریدوں بڑا منصف عادل اور فیروز بادشاہ تھا۔ اسکے عدل و انصاف کے سبب نزدیک و دور ملک اسکے قبضہ میں آ رہا تھا۔ پہلے پہل ہاتھی پر یہی بادشاہ سوار ہوا۔ اور اس نے لڑائی کے ہتھیار سجائے۔ علم نجوم میں باریکیاں نکالیں۔ حکما اور اطباء کی عزت کی۔ اور مسائل علم طب میں ان سے بحث کی۔ دو سو برس سلطنت کر کے عنان حکومت اپنے بیٹوں کے سپرد کی پایۂ تخت ایرج بیٹے (چھوٹے بیٹے کو) دیا) اور باختر سلم و رفاہ و تور کو +

فریدہ ف مغرور۔ خود رائے +
فرپس ف لکڑی کا بنایا ہوا جیب +
فریسہ ع وہ جانور جس کو شکار کریں +
فریش ف بیائے مجہول۔ تاخت و تاراج +
فریضہ ع خدا کا فرمودہ جو بات خدا کی طرف سے بندہ پر فرض ہے۔ جیسے نماز پڑھنا۔ روزہ رکھنا۔ حج کرنا۔ زکوٰۃ دینا وغیرہ +
فریفتن ف فریب کھانا۔ فریب دینا +
فریفتہ ف فریب خوردہ۔ مجازاً عاشق +
فریق ع جدا کرنے والا۔ ٹولی۔ فرقہ +
فریقین ع دونوں گروہ۔ دونوں فرقے +
فریوک ف خربوزہ +
فریون ف آفرین +
فریہ ع جھوٹ۔ بہتان +

فائے معجمہ مع زائے معجمہ

فز ف آرزو۔ اصل +
فزا ف افزائش۔ زیادہ کر۔ انگڑائی +
فزار ف پیشہ وروں کا گاؤں۔ آلہ +
فزاک ف سر کی چوٹی۔ پلید۔ مردار۔ دہشت
فزع ف ترساں۔ ڈرنے والا +
فزع ع خوف۔ دہشت۔ گھبراہٹ +
فزع اکبر ع بڑی دہشت۔ بڑی گھبراہٹ بڑا خوف۔ روز قیامت سے مراد ہے +
فزودن ف زیادہ کرنا۔ زیادہ ہونا
فزول ف زیادہ۔ بڑھا ہوا +
فزونی ف زیادتی۔ بڑھوتری +
فزونی نہادن ف فضیلت دینی ترجیح دینی +

فائے معجمہ مع زائے فارسی

فژ ف میل۔ چرک۔ گھوڑے کے بال +
فژاک۔ فژاکن۔ فژاکین ف پلید۔ پلید
فژغند۔ فژغندہ۔ فژگند۔ فژگندہ ف میلی چیز +
فژولیدان ف پژمردہ +
فژولیدن ف تقاضا کرنا۔ لڑائی کے لئے ابھارنا۔ دور کرنا +
فژہ ف زشت۔ ناخوش۔ سیلاب۔ دیوار سڑا ہوا +

فائے معجمہ مع سین مہملہ

فساد ع بگاڑ۔ بگڑنا۔ پہلی صورت کا بگڑ جانا +
فسار ف پوزی جو گھوڑوں کے گلے میں ڈالتے ہیں +
فسان ف ایک پتھر ہے جس پر چاقو اور چھری تیز کرتے ہیں۔ سان +
فسانہ ف سرگزشت۔ ماجرا۔ قصہ۔ کہانی مخفف افسانہ کا ہے +
فسائیدن۔ فسائیدن ف افسوں کرنا منتر پڑھنا۔ فرمانبردار کرنا۔ تابع بنانا +
فسائیدہ ف جس پر افسوں چل گیا ہو +
فستق ع پستہ کا مشہور میوہ ہے +
فستقی ع پستئی رنگ +
فستقم ع اشارہ طرف آیت فاستقم کما امرت کی جس کے معنے ہیں اے محمد جس طرح تم کو حکم ہوا ہے اسی طرح دین پر قائم رہو +
فسحت ع فراخی۔ جگہ کی کشادگی۔ فراخی +
فسخ ع قصد کا پھیر دینا۔ ارادہ کا پلٹ دینا۔ معاہدہ توڑنا +
فسدہ ع جمع فساد کی۔ فساد کرنے والے اور فتنہ انگیز لوگ +
فسر ع بیان کرنا۔ مطلب کھولنا +
فسردگی ف جم جانا۔ منجمد ہو جانا +
فسردن ف ٹھٹھرنا۔ منجمد ہو جانا +
فسردہ ف وہ آدمی جس کا ہاتھ اور دل کسی کام پر نہ پہنچ سکے۔ شکاری (؟) +
فسردہ بیان ف وہ آدمی جس کا کلام بے مزہ اور بیہودہ ہو +
فسردہ پستان ف ضعیف۔ بڑھی عورت +
فسردہ دل ف وہ آدمی جس کا جی کسی کام پر نہ لگے۔ سخت دل۔ بے مہر +
فسرہ ف لرزہ خواہ سردی کے باعث ہو خواہ خوف کے مارے +
فسق و فسوق ع خدا کے حکم سے باہر نکلنا۔ خدا کا حکم ترک کرنا۔ بدکام کرنا۔ گناہ کرنا۔ گنہگاری۔ بدکاری +
فسقہ ع جمع فاسق کی۔ گنہگار لوگ +
فسوس ف بازی۔ ظرافت۔ ہنسی۔ ٹھٹھہ۔ مسخری۔ دریغ۔ حسرت +
فسون ف منتر۔ جادو +
فسیح ع وسیع۔ فراخ مکان +
فسیحہ ع فراخ +
فسیل ف جانوروں کا گلہ۔ خاص کر گھوڑے اونٹوں اور گدھوں کا گلہ۔ درخت کی ٹہنی +

فائے معجمہ مع شین معجمہ

فش ف پریشان۔ وش۔ مانند۔ پگڑی کا شملہ۔ گھوڑے کی یال۔ ہر چیز کا ....

فش (ف) جنگ وغیرہ کی آواز سے باہر نکالنا دودھ کا جاچھ کی دہنا نکالنے کو تالی بجیر چھوڑنا

فشار (ف) بیہودہ بات۔ بکواس۔ گالی +

فشاردن فشارش (ف) نچوڑ۔ نچوڑنا +

فشاردن (ف) نچوڑنا۔ بھینچنا +

فشافش (ف) درخت فشافش کا نیزوں کے ... کی آواز +

فشاندن (ف) جھاڑنا +

فشر (ف) بریان۔ بیہودہ +

فشردن (ف) نچوڑنا +

فائے معجمہ مع صاد مہملہ

فص فصّ فِص (ع) نگینہ جو انگوٹھی وغیرہ پر جڑتے ہیں +

فصاحت (ع) بات کھول کر اور اچھی طرح کہنی۔ خوشگوئی۔ خوش بیانی۔ خوش تقریری۔ تیز زبانی۔ اصطلاح علم معانی میں کلام کا ثقیل الفاظ سے خالی ہونا جسکو بلیغ لوگ نہ بولتے ہوں اور اچھی ترکیبیں لا ثقیل و درشت الفاظ اور ایک جنس کے دو حروف ایک جگہ پر اور غیر مانوس اتفاق اور خلاف محاورہ الفاظ استعمال نہ کرنے +

فصاد (ع) فصد کھولنے والا +

فصال (ع) جدائی۔ مفارقت۔ دودھ چھڑانا بچے کا +

فصال (ع) بہت جدا کرنے والا۔ مجازاً زبان چیرہ دہ دار +

فصح (ع) بات کھول کر اور اچھی طرح کہنی خوب کلام کرنا +

فصح (ع) گودھا یہودیوں کی ایک عید بھی ہے اور اس دن عید کرنے کی وجہ یہ ہے کہ جب بنی اسرائیل مصر میں مقیم تھے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام انکو فرعون کے ظلموں سے چھڑانے اور فرعون کو ایمان لانے کی دعوت کر رہے تھے اسی دن مصر پر کئی بلائیں نازل ہوئیں جنہیں ہزاروں مصری ہلاک ہوئے مگر بنی اسرائیل بچے رہے اور اسی کے شکریے میں یہ عید مقرر ہوئی +

فصد (ع) خون نکالنا رگ سے +

فصل (ع) دو چیزوں ... میں سے ایک کلام یا کتاب کا کوئی حصہ۔ جدا کرنا جدا ہونا پردہ حجاب۔ دو چیزوں میں ... رکھتا ہے۔ اصطلاح علم منطق میں وہ ذاتی جو نوع کو تمیز دے۔ اسکے مشارکات جنسی سے جیسے لفظ ناطق کہ اسکے سبب انسان دیگر حیوانات سے ممتاز ہوتا ہے +

فصل الخطاب (ع) حدیث نبوی جو حق اور باطل کو جدا کر دیتی ہے۔ ہر ایک کلام جو فصیح اور روشن ہو۔ اور حق و باطل میں امتیاز کرے +

فصل قریب (ع) اصطلاح منطق میں وہ ذاتی جو جنس قریب سے نوع کو جدا کرے جیسے لفظ ناطق بہ نسبت انسان کے +

فصل بعید (ع) جو نوع کو جنس بعید سے جدا کرے جیسے لفظ حساس بہ نسبت انسان کے +

فصلی (ع) وہ سال کہ اکبر بادشاہ نے سنہ ... میں باعتبار فصل کے مقرر کیا۔ اور ابتدا اسکی کئی ماہ ہندی سے مقرر کی ہے لیکن ہندی مہینوں میں لوند پڑتا رہتا ہے لہٰذا اب فصلی اور ہجری میں بارہ برس سے بھی زیادہ کا فرق ہو گیا ہے +

فصوص (ع) جمع فص کی نگینے۔ نگ۔ علم التصوف میں شیخ محی الدین عربی کی تصنیف سے ایک کتاب بھی ہے +

فصول (ع) جمع فصل کی +

فصول چہارگانہ (ف) چاروں فصل یعنی تابستان۔ زمستان۔ ربیع۔ خریف +

فصیح (ع) خوش گو۔ خوش بیان۔ خوش تقریر۔ صحیح اور واضح بیان کرنے والا۔ وہ شخص جسکی کلام تعقیل الفاظ اور کراہتی لہجہ سے پاک ہو +

فصیل (ع) شہر پناہ۔ شہر کی چار دیواری۔ اونٹنی کا بچہ جس کا دودھ چھڑایا جائے +

فائے معجمہ مع ضاد معجمہ

فضا (ع) زمین کی فراخی۔ کشادگی۔ صحن خانہ اور میدان۔ کھلا میدان +

فضاحت (ع) رسوائی۔ خواری +

فضالہ (ع) ہر شے سے زیادتی اور بعض شاخ ... سے بے ... ہوئے پتے اور وہ شاخیں جن سے میوہ چن لیا گیا ہو اور پھر قابل پھل پھول کے نہ رہیں بچا ہوا کھانا۔ جناب رسول خدا صلعم کے ایک غلام کا نام بھی ہے +

فضالہ چین (ف) مالی۔ باغبان +

فضائح (ع) جمع فضیحت کی رسوائیاں +

فضائل (ع) زیادتیاں اور ہنر درجات اور جمع فضیلت کی +

فضائل اربعہ (ع) حکمت۔ شجاعت۔ عفت۔ عدالت +

فضح (ع) خواری۔ رسوائی +

فضل (ع) زیادتی۔ افزونی۔ بخشش۔ فضیلت اور یہ ایک شاعر کا نام بھی ہے +

فضل بن ربیع (ع) ہارون رشید کے وزیر کا نام ہے جو برامکی اور انکو کا رقیب تھا اور ایک دیوان کا نام بھی ہے۔ جو فراست میں یگانہ تھا +

فضلا (ع) جمع فاضل کی +

فضلات (ع) جمع فضلہ +

فضلہ (ع) بچا ہوا بچا کھچا۔ جھوٹا کھانا۔ وہ ٹہنیاں درخت کی جن سے میوہ توڑ لیا جائے اور پھر قابل پھل پھول کے نہ رہیں اصطلاح اطبا میں وہ بوگ ہے جو بعد ہضم غذا کے براہ معدہ یا مثانہ یا دماغ وغیرہ کے خارج ہو۔ بول۔ نجاست۔ پلیدی +

فضلہ رز (ف) انگور کی وہ ٹہنیاں جن سے انگور توڑ لئے جائیں۔ اور وہ چھانٹ لئے کے قابل ہو جائیں +

فضلہ زار (ف) کوڑا کرکٹ اور نجاست وغیرہ ڈالنے کی جگہ +

فضوح (ع) رسوائی +

فضول (ع) زیادتی۔ زیادہ۔ اور جمع فضل کی +

فضولی (ع) زیادہ گو۔ بکواسی۔ وہ شخص جو غیر ضروری کام کرے +

فضول النفس (ع) ناشیوں کو عقل ... +

فضولی (ع) بیہودہ آدمی زیادہ گو۔ وہ شخص جو غیر ضروری کام کرے +

فضم (ع) چبانا۔ لقمہ +

فضیحت (ع) رسوائی۔ خواری۔ ذلت۔ بدنامی +

فضیل (ع) ایک ولی کامل کا نام جنکے مرید سلطان ابراہیم ادہم تھے +

فضیلت (ع) بزرگی۔ بڑائی۔ بلندی۔ ترجیح

ہنر۔ دانش۔ مدد۔ بلند۔ مدخدمت ✤

فائے معجمہ مع طائے مہملہ

فِطام۔ دو برس کی عمر کے بعد بچے کا دودھ چھڑانا۔ جدائی۔ مفارقت۔ شکستگی ✤

فِطانت۔ زیرکی۔ دانائی ✤

فَطَر۔ چیرنا۔ پیدا کرنا۔ روزہ کھولنا ✤

فِطر۔ روزہ کھولنا ✤

فِطرت۔ آفرینش۔ پیدائش۔ خلقت۔ سرشت۔ نیچر۔ دانائی۔ اور عیدالفطر کا صدقہ ✤

فِطرتِ اوّل۔ پیدائش۔ ابداع جو سب سے پہلے ہوئی ✤

فِطرہ۔ فِطرت۔ عیدالفطر کا صدقہ جو نماز عید سے پہلے گیہوں یا چار سیر جو کے مسلمان سے دیا جاتا ہے ✤

فِطری۔ خِلقی۔ پیدائشی۔ منسوب بہ فطرت

فَطس۔ چپٹی ناک والا آدمی اور یہی مصدر بھی ہے یعنی چپٹی ناک والا ہونا ✤

فَطَن۔ فِطن۔ فَطِن۔ فَطُن۔ فِطانت۔ زیرک ہونا۔ دانا ہونا ✤

فَطِن۔ زیرک۔ دانا ✤

فِطنت۔ زیرکی۔ دانائی ✤

فَطیر۔ تازہ گندھا ہوا آٹا۔ خمیر کی ضد فطیر ہے ✤

فِطّیس۔ بڑی گھن جو لوہاروں کا لوہے کوٹنے والا مشہور اوزار ہے۔ ہتھیار ✤

فائے معجمہ مع ظائے معجمہ

فَظّ۔ سخت دل۔ بدخو۔ درشت خو ✤

فَظیع۔ تبیح۔ شنیع۔ بد۔ درشت ✤

فائے معجمہ مع عین مہملہ

فَعال۔ جمع فعل کی ✤

فَعّال۔ بہت کام کرنے والا ✤

فِعل۔ کسی کام کا کرنا۔ کام۔ عمل۔ اصطلاح علم صرف میں وہ کلمہ مستقبل جس میں زمانہ پایا جائے۔

فعلِ ناقص۔ اصطلاح علم صرف میں وہ فعل ہے جس کا فاعل اور مفعول نہیں ہوتا بلکہ اسم اور خبر ہوا کرتا ہے۔ وہ فعل تام نہیں۔ اسے اسواسطے کہتے ہیں کہ بدون خبر کے اس میں کلام پورا نہیں ہوتا جیسے زید ہے کچھ فائدہ نہیں بخشا جبتک مثلاً عالم خبر اس کے ساتھ نہ بڑھا دیں ✤

فِعل و اِنفعال۔ فعل۔ کام کرنا۔ اثر پہنچانا جیسے بڑھئی کی لکڑی کاٹنے میں حرکت۔ انفعال۔ اثر قبول کرنا۔ اثر پذیر ہونا جیسے کاٹا جانا لکڑی کا بڑھئی کے کاٹنے سے۔ تاثیر و تاثر ✤

فائے معجمہ مع غین معجمہ

فَغ۔ فُغ۔ ف۔ بت۔ صنم ✤

فَغاک۔ ف۔ احمق۔ نادان ✤

فَغان۔ ف۔ نالہ۔ فریاد۔ دہائی ✤

فَغان کردن۔ ف۔ دہائی دینا ✤

فَغانی۔ ف۔ ایک شاعر کا تخلص ہے ✤

فَغفور۔ ف۔ اصل میں فغ پور۔ فغ بمعنی بت پور بمعنی بیٹا (پسر) یعنی بت کا بیٹا۔ نام ایک بادشاہ چین کا ہے چونکہ اسکو اس کے ماں باپ نے بت کی نذر کر دیا تھا اس واسطے اس کا یہ نام ہوا تھا اور جب سے بادشاہ چین کا یہی لقب رہ گیا ہے ✤

فَغَم۔ خوشبو کی لپٹ۔ بفتحتین حرص ✤

فائے معجمہ مع فائے معجمہ

فُف۔ ف۔ پھونک۔ جو پھونکنا کا امر مصدر ہے ✤

فائے معجمہ مع قاف معجمہ

فَقار۔ مہرے پیٹھ کے۔ گردن سے لیکر کمر تک ✤

فُقّاع۔ بوزہ جو جانوروں سے بنتا ہے اور اس کے پینے سے نشہ آتا ہے۔ شراب غیر مسکر۔ شیشہ۔ حباب۔ پیالہ۔ کوزہ شربت۔ فارسی میں بتخفیف بھی مستعمل ہے ✤

فُقّاع کشادن۔ کشودن۔ ف۔ شیخی مارنا گھمنڈ کرنا۔ ڈکار مارنا ✤

فَقاہ۔ دانائی ✤

فَقاہت۔ دانشمندی۔ دانائی۔ سمجھا کرنا۔ جاننا ✤

فَقد۔ گم کرنا۔ گم ہونا ✤

فُقدان۔ گم ہونا۔ کھویا جانا ✤

فَقر۔ افلاس۔ فقیری ✤

فُقَرا۔ جمع ہے فقیر کی ✤

فِقرات۔ جمع فقرہ۔ مہرے پشت اور چونکہ فقرات الظہر یعنی پیٹھ کے مہرے مرتب اور کوبر تو بالائے یکدگر جڑے ہیں اسواسطے پارہائے عبارت کو بھی جو مرتب اور منتظم ہوتے ہیں فقرات کہتے ہیں

فِقرہ۔ مہرہ پشت۔ استخوان۔ پیٹھ کی کڑی پھر کنایہ۔ عبارت نثر کا ٹکڑا ✤

فَقع۔ فُقّاع کا مخفف ہے ✤

فُقّعظ۔ ایس ✤

فِقہ۔ دریافت کرنا۔ جاننا۔ علم معرفت۔ احکام شرائعت۔ شریعت کے احکام جاننا ✤

فُقَہا۔ جمع فقیہ کی ✤

فقیدُ المثل۔ بے مثل۔ بے نظیر۔ لاثانی ✤

فَقیر۔ مفلس۔ محتاج۔ درویش ✤

فَقیہ۔ عالم۔ دانا۔ علم فقہ جاننے والا۔ ماہر علم شریعت ✤

فائے معجمہ مع کاف تازی

فَک۔ جدا کرنا۔ رہا کرنا۔ چھوڑ دینا۔ آزاد کرنا۔ جبڑا ✤

فَکِّ اسفل۔ نیچے کا جبڑا ✤

فَکِّ اضافت۔ چھوڑ دینا اضافت کا چھوڑ دینا (کسرہ) علامت اضافت کا جیسے لفظ صاحب اور صدر کے نیچے اکثر کسرہ فک ہوتا ہے مثلاً صاحب دل۔ صدر نشین وغیرہ

فَکِّ اعلیٰ۔ اوپر کا جبڑا ✤

فِکاک۔ جدا کرنا۔ خلاص کرنا۔ آزاد کرنا چھڑوانا ✤

فُکاہت۔ مزاح۔ ہنسی۔ خوش طبعی ✤

فِکر۔ فِکرت۔ سوچ۔ اندیشہ ✤

فِکَر۔ فکرت کی جمع ہے ✤

فِکر مرا اُگُم قل۔ سوچ بار بار۔ پھر منہ سے نکال ✤

فَکَندہ۔ ف۔ دکنی۔ دیگدان۔ حمام کا آتشدان

فگندہ۔ ف۔ سرف ماقبر کرنیوالا۔ فرش شدہ۔ بچھا ہوا

فگندہ سرین۔ ف۔ جالنا۔ اور اکثر چار زانو ہوکر بیٹھے ✤

فَکَیف ع۔ پس کس طرح۔ کیونکر۔ یہ کلمہ استفہام حالت کے لئے ایسے موقع پر بولا جاتا ہے جہاں کسی امر کا علو شان اور عظمت مرتبہ معلوم ہو۔ اور پھر اس کا استفسار کیا جاوے۔ اور اس کے آگے کاف دیا نہیں وقت اور حالت کے بیان کے واسطے لاتے ہیں۔ جیسے سعدی کے اس شعر میں ؎

خداوندگارے کہ عبدے خرید
بدارد فکیف آنکہ عبد آفرید

فائے معجمہ مع کاف فارسی

فگار۔ فگال ف۔ زخمی۔ زخم۔ اسی واسطے عاشق کو دلفگار کہتے ہیں۔ جو لوگ دلفگار کے معنے معشوق سمجھتے ہیں۔ بڑی غلطی کرتے ہیں +

فگانہ ف۔ وہ بچہ جننے سے پہلے ماں کے پیٹ ہی میں مرجائے۔ وہ بچہ جو ایام ولادت سے پہلے ہی ساقط ہو جاوے +

فگندن ف۔ ڈالنا +

فائے معجمہ مع لام

فل ف۔ نیلوفر اور اسکی جڑ بھی کہ درخت کی لکڑی +

فل ع۔ توڑنا۔ شکستہ کرنا۔ شکست دینا۔ لڑائی سے بھاگا ہوا آدمی۔ تلوار میں دندانہ پڑجانا۔

فِل ع۔ جس زمین میں کبھی مینہ نہ برسے۔ فلاۃ ع۔ بیابان۔

فلات ف۔ تاتا +

فلات ع۔ وہ جنگل جس میں پانی اور گھاس کچھ نہ ہو۔ صحرائے فراخ۔

فلاتہ۔ فلاتہ ف۔ ایک قسم کا حلوا ہے جو گوسفند کے دود سے پکاتے ہیں۔

فلاح ع۔ رستگاری۔ خلاصی۔ مرادی۔ فیروزمندی۔ فتحمندی۔ نیکی۔

فلّاح ع۔ کسان۔ مزارع۔ زمیندار۔

فلاحت ع۔ نیکی۔ بھلائی۔ کھیتی کرنا۔ زراعت +

فلاخان۔ فلاخن ف۔ گوپھیا جس میں ڈھیلا رکھکر اور گھماکر زمیندار کھیت میں جانوروں کو مارتا ہے +

فلاد۔ فلادہ ف۔ بیہودہ۔ بے فائدہ +

فلاسفہ ع۔ جمع ہے فلسفی کی۔ حکما۔ دانشمند لوگ +

فلاسنگ ف۔ گوپھن۔ گوپھیا۔ بیابانی

فلاطوس ع۔ ایک حکیم کا نام ہے۔ بعض ایک پہلوان کا نام بتاتے ہیں۔ اور بعض کے نزدیک ایک قوم کا نام ہے۔ جو نہایت دلیر اور شجاع تھی۔ ایک مقام کا نام بھی ہے جہاں کے رہنے والے نہایت بہادر ہوتے ہیں۔ درم کا وزن یعنی ۳½ ماشہ +

فلاطون ع۔ افلاطون جو نام ہے ایک مشہور یونانی حکیم کا ہے۔ لغوی معنی اس کے عام منفعت۔ بڑے عالم کے ہیں +

فلاکت ع۔ مفلسی۔ ناداری۔ زمانہ کی گردش میں آجانا۔ یہ مصدر جعلی ہے۔

فلان ع۔ شخص فرضی۔ شخص غیر معلوم۔

فلان از فلان ف۔ لاف مارنا +

فلان چیزے بیک انگشت اونیست ف۔ یعنی وہ شے اس کے قبضہ تصرف میں ہے +

فلان چیز چنگ نشدہ ف۔ یعنی کم دستیاب ہوتی ہے کہ بہم پہنچتی ہے +

فلانی ف۔ فلانا آدمی۔ شخص غیر معلوم۔ فلان لفظ عربی ہے۔ فارسیوں نے اس کے آگے یائے نسبتی بڑھادی ہے +

فلاوہ ف۔ حیران و سرگردان +

فلج۔ فلجم ف۔ دروازے کی تالی اور زنجیر۔

فلج ع۔ پھاڑنا +

فلخ ف۔ ابتداء ہر کام۔ شروع +

فلخو ف۔ روئی سے بنولے الگ کرنیکا کام

فلخم۔ فلخمہ۔ فلخمان ف۔ گوپھیا +

فلخم۔ فلخمہ ف۔ دھنئے کا وہ آزار جسے وہ اپنی کپاس اونٹنے کی کمان کی تہ پر مارکر کپاس اونٹتا ہے۔ صندوق وغیرہ کا تالا۔ آتش پرستوں کا گورستان +

فلخیدن۔ فلخودن۔ فلخیدن ف۔ کپاس اونٹنا +

فلذ ع۔ اونٹ کا جگر۔ جگر کے ٹکڑے۔

فلذ ع۔ کاٹنا۔ قطع کرنا +

فلزّ ع۔ وہ جوہر کانی جو آگ میں پگھل سکے یعنی شامل ہیں۔ چاندی۔ سونے تانبے وغیرہ سب معدنیات کو +

فلزات ع۔ جمع فلز کی۔ کانی چیزیں جو پگھل جائیں یعنی سونا۔ چاندی۔ لوہا۔ تانبا۔ قلعی۔ سیسا۔ جست۔ پارہ وغیرہ

فلزی ع۔ معدنی۔ کانی +

فلس ع۔ پیسہ +

فلس ع۔ ناکامی۔ تنگدستی +

فلسطی ع۔ پردیسی۔ ایک قوم کا نام بھی ہے +

فلسطین ع۔ پلسطین۔ ملک شام میں ایک مشہور ولایت ہے جیسے بیت اللحم۔ ناصرہ۔ اور شلیم جو زمانہ سابق میں اس کا دارالسلطنت تھا۔ وغیرہ اسی میں واقع ہیں۔ اس ملک کے یہ بھی نام ہیں کنعان اس سبب سے کہ کنعان بن حام نے اسے آباد کیا تھا۔ ملک یہود۔ عبرانیوں کا ملک خداوند کی زمین۔ پاک زمین۔ وعدہ کی زمین۔ اس وجہ سے کہ اس کے عطا فرمانے کا وعدہ خداوند تعالے نے حضرت ابراہیم و اسحاق و یعقوب و موسیٰ سے بار بار فرمایا تھا۔ اس کا حدود اربعہ یہ ہے شمال کی سرحد پر سوریا کی سلطنت۔ مشرق کی طرف دریائے یردن اور بحرالموت جنوب کی طرف ملک عرب۔ مغرب کی طرف بحیرۂ روم جنوب مغربی گوشے پر ملک مصر۔ یہ ملک شمالاً جنوباً ۱۴۰ میل لمبا اور شرقاً غرباً ۸۰ میل چوڑا ہے +

فلسفہ ع۔ حکیم اور دانشمند ہونا۔ یونانی مصدر ہے۔ ماخوذ ہے فیلاسوفا سے۔ علم موجودات کا۔ علم حکمت +

فلسفی ع۔ حکیم۔ دانشمند +

فلفل۔ فلافل ع۔ سیاہ مرچ +

فلفل در آتش افگندن و انداختن ف۔ بیقرار کرنا +

فلق ع۔ چیرنا۔ پھاڑنا +

فلق ع۔ صبح کا سفیدہ۔ صبح کی روشنی جو ابتدا میں ہو۔ اور دوزخ میں ایک کنواں ہے +

فلک ع۔ آسمان +

فُلک ع۔ کشتی۔ ناؤ۔ بڑی۔ اور کشتیاں۔ یہ لفظ مفرد اور جمع دونوں پر بولا جاتا ہے

فلک اطلس ع۔ نواں آسمان۔ فلک کے معنی آسمان اور اطلس کے معنی صاف۔

۱-

سادہ ہے اور بے نقش ہے کیونکہ اس
فلک پر کوئی ستارہ نہیں۔ اور
نقوش کواکب سے سادہ ہے اسواسطے
فلک اطلس کہلایا۔ اور چونکہ وہ تمام افلاک
کے اوپر اور سب کا محیط ہے۔ اسواسطے
اُسے فلک الافلاک بھی کہتے ہیں اہل
شرع اُسے عرش کہتے ہیں *

فلک الثوابت۔ فلک ثابتہ
فلک البروج۔ آٹھواں آسمان
وہ آسمان جس میں ثوابت (یعنی وہ کواکب
جو سیاروں کی طرح حرکت نہیں کرتے۔
اور ثابت اور ساکن نظر آتے ہیں)
گڑے ہیں۔ انہیں ثوابت سے برجوں
کی شکلیں تعبیر کی گئی ہیں۔ اور اسیواسطے
اسے فلک البروج بھی کہتے ہیں۔
اہل شرع کے نزدیک اس کا نام کرسی
ہے۔ یہ تقسیم اور نام پرانے ہیئت
والوں کا رکھا ہوا ہے *

فلک الافلاک۔ فلک اعظم۔ نواں
آسمان جو سب افلاک کے اوپر اور سب
کا محیط ہے۔ مانا جاتا تھا کہ نظام عالم
میں اجرام فلکی کا ٹھیک ٹھیک مقام
سولھویں صدی عیسوی کے وسط تک
معلوم نہیں تھا کہ کہاں کہاں ہے۔
ساری دنیا کو یہی (جیسا کہ نظام بطلیموسی کا
اصول ہے) یقین تھا کہ ہماری زمین ساکن و
قائم ہے۔ جسکے گرد تمام افلاک اور اجرام فلکیہ
گردش کرتے ہیں۔ تو آسمان میں جو پیاز کے
چھلکوں کی طرح تہ بہ تہ ہیں سات ان کے
اندر نہیں ہے۔ جیسے انڈے کے اندر
زردی ہوتی ہے سب سے اوپر اور

سب پر محیط فلک الافلاک ہے۔ جسے فلک اطلس اور فلک اعظم بھی کہتے ہیں۔ پھر
اس کے نیچے فلک الثوابت ہے۔ جس کو فلک البروج بھی کہتے ہیں۔ اس میں
ثوابت جڑے ہوئے ہیں۔ (انہیں ثوابت سے برجوں کی شکلیں تعبیر کی گئی ہیں) اور
صرف فلک الثوابت کے دورہ کرنے سے یہ ثوابت متحرک معلوم ہوتے ہیں۔



اس کے نیچے ساتوں سیاروں کے سات فلک اس ترتیب سے ہیں۔
فلک زحل۔ فلک مشتری۔ فلک مریخ۔ فلک زہرہ۔ فلک عطارد۔
فلک قمر۔ تمام سیارات اپنے اپنے فلک میں حرکت کرتے ہیں اور ان کے
فلک زمین کے گرد دورہ کرتے ہیں۔ ان افلاک کے نیچے چار اور کُرے ہیں۔
فلک قمر کے نیچے کرۂ نار ہے۔ اور اس کے نیچے کرۂ ہوا۔ اور پھر کرۂ مائی
(یعنی آبی) اور پھر کرۂ ارضی۔ ان دوائر سے نظام بطلیموسی کی سب کیفیت
کھل سکتی ہے *

غرض مدت تک نظام بطلیموسی کا رواج عرب۔ بابل۔ ایران۔ ہندوستان وغیرہ
ممالک میں رہا۔ اور بعض مذاہب میں تو وہ بمنزلہ عقیدہ کے ٹھہر گیا۔ جو شخص ذرا
اس کے خلاف کہتا۔ اس پر کفر اور الحاد کا فتوےٰ دیا جاتا۔ مگر سولھویں صدی
کے اخیر میں کوپرنیکس نے اس قدیم نظام میں بڑا انقلاب پیدا کیا۔ اور بجائے
زمین کے آفتاب کو مرکز عالم مقرر کیا۔ اور بیان کیا کہ آفتاب ایک جگہ قائم ہے
اور اس کے گرد تمام سیارے مدور مداروں میں دورہ کرتے ہیں اور یہ جو تمام
اجرام فلکی ظاہری روزانہ حرکت کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ اس کا باعث
یہ ہے کہ زمین اپنے محور کے گرد روزانہ حرکت کرتی ہے۔ مگر یہ بھی بالکل مفید

کے دلائل بیان کرتے ہیں قائم رہے
آخر حکیم کپلر نے سولھویں صدی
کے اخیر میں بہت سے مشکلات کو رفع
کیا۔ پھر حکیم اسحٰق نیوٹن نے سترھویں
صدی کے وسط میں مسئلہ کشش ثقل کا
نکالا کہ جس نے تمام مشکلات کو حل کر دیا
سترھویں صدی کے آغاز میں مشتری کے
چار چاند حکیم گیلیلیو نے دریافت کئے اور
پھر اسی صدی کے نصف اخیر میں اور
حکیموں نے زحل کے چاند معلوم کئے
۱۷۸۱ء میں ہرشل صاحب نے یورینس کو
دیکھا۔ آدم صاحب اور لوی ویر صاحب نے
ایک ہی وقت میں سنہ ۱۸۴۶ء میں لیس
کاربولٹ صاحب (ایک فرانسیسی ہیئت
دان) نے ولکن کو ملاحظہ کیا۔ اور باقی اور
چھوٹے چھوٹے سیارے اس حال کی صدی
میں دریافت ہوئے ہیں۔ کوئی سال
ایسا نہیں گذرتا کہ اس نظام میں کوئی
نہ کوئی سیارہ گذشتہ اور دیدہ شنیدہ
نہ ہو۔ جسقدر آلات رصدی ترقی اور
مشاہدہ کرنے والوں کی تدریجی ہوتی جاتی
ہے۔ وہ ہم کو ایک نیا عالم دکھاتے جاتے
ہیں۔ غرض تقلید اور تعصب کی وجہ
گر نظام بطلیموسی پر ہی اڑے رہتے۔
تو یہ نئے علم کیونکر معلوم ہو سکتے؟
انسان کو ہمیشہ ترقی کا قدم آگے ہی آگے
بڑھانا مناسب ہے جب جا کر اصلی امور
و حقائق دریافت ہوتے ہیں *

فلک اندازہ کردن - بلند مرتبہ
جانا۔ بزرگی کرنا *

فلک پردہ بردار - روز قیامت قائم ہونی

فلکِ پردہ دار ف۔ عرش ٭
فلک زدہ ف۔ مفلس۔ تہیدست ٭
فلک سیر ف۔ تیز رو ٭
فلک مرتبہ۔ فلک قدر۔ فلک محل۔
ف۔ عالی رتبہ آدمی ٭
فلکِ مکوکب ع۔ کرسی سے مراد ہے
فلکِ نورد ف۔ تیز رفتار ٭
فلک نہاد ف۔ فلک بنیاد۔ وہ شے
جسکی بنیاد مثل آسمان کے مستحکم اور پائیدار ہو
فلکہ ع۔ چرخہ کی چرخی اور ایک چھوٹی لکڑی
مدور سوراخ دار جو خیمہ کی چوب کے سر پر
رکھتے ہیں۔ زمین کا گول ٹیلا۔ سینے کی گول
ہڈی۔ چوتڑ کے گوشت کا گول ٹکڑا۔
فلکی ع۔ آسمانی ٭
فلو ع۔ گھوڑے یا گدھے کا بچہ جس کا دودھ
چھڑا دیا گیا ہو ٭
فلوس ع۔ جمع ہے فلس کی۔ پیسے ٭
فلہ ف۔ جو سی بچہ پیدا ہونے کے بعد
حیوان کا دودھ تین دن نکلتا ہے جسکو
پیوسی کہتے ہیں۔ پنجابی بوہلی ٭
فلیو۔ فلیوہ ف۔ بیہودہ۔ بے فائدہ ٭

فائے معجمہ مع میم

فم ع۔ منہ۔
فم معدہ ع۔ معدہ کا منہ۔ گوڑی ٭

فائے معجمہ مع نون

فن ع۔ معنی ہیں بھتے حال۔ بطور ظرف
فارسی میں بتخفیف بھی مستعمل ہے اور
معنی مکر۔ فریب۔ حیلہ۔ ہنر۔ دانش کیلئے
کشتی کا داؤ کے بھی آیا ہے ٭

فناء ع۔ وار د گرد۔ گھر کا آنگن ٭
فناء ع۔ مرنا۔ ہلاک ہونا۔ نیست و نابود ہونا ٭
فنجان مب پنگان کا۔ پیالی ٭
فنجنوش ف۔ دیرم آہن مصری کی لوہے کی کیل
فنجیدن ف۔ تپ سے پہلے یا خمار شراب
کی حالت میں اعضا شکنی ٭
فنح ع۔ اونٹ کا پیٹ بھر کر پانی نہ پینا ٭
فن خوردن ف۔ فریب کھانا ٭
فند ع۔ جھوٹ خطا۔ رائے کی سستی۔
مکر و فریب۔ بیہودہ کلام ٭
فندق ع۔ ایک مشہور میوہ ہے جو بیر
کی طرح سرخ ہوتا ہے۔ لب معشوق کو کنایۃً
کہتے ہیں۔ اسے مہندی لگی انگلیوں سے
پوروں سے تشبیہ دیتے ہیں ٭
فندق بستن ف۔ انگلیوں پر مہندی لگانا ٭
فندق زدن ف۔ بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر
داہنے ہاتھ کی انگلی اس طرح مارنی کہ آواز نکلے
فندق سنجاب رنگ ف۔ زمین ٭
فندقِ سیمرغ ف۔ آسمان کے ستارے
فندق شکستن ف۔ بوسہ لینا ٭
فنک ف۔ ایک جانور ہے جس کی کھال
سے پوستین بناتے ہیں۔ جو نک بھی کہتے ہیں ٭
فنن ع۔ درخت کی شاخ ٭
فنودن ف۔ فریفتہ ہونا۔ مغرور ہونا۔ آرام
پکڑنا۔ متحیر ہونا ٭
فنور ف۔ جدائی۔ فراق ٭
فنون ع۔ جمع فن کی ٭
فنونِ فضائل ع۔ شاخیں اور قسمیں
فضیلتوں کی۔ ہر طرح کے علم و ہنر ٭

فائے معجمہ مع واؤ

فو ع۔ منہ ٭

فوات ع۔ گذرنا۔ کھویا جانا۔ مرجانا ٭
فواحش ع۔ جمع فاحشہ کی۔ بدکار عورتیں
بدیاں۔ برے کام ٭
فواد ع۔ دل۔ افئدہ جمع۔
فوارہ ع۔ چشمہ۔ پانی کا فوارہ جو بہت جوش سے نکلتا ہو ٭
فواصل ع۔ وہ لفظ کہ آخر آیات قرآن مجید میں بمنزلہ
قوافی کے ہیں اور آیتیں ختم ہوتی ہیں۔ جمع فاصلہ کی ٭
فواضل ع۔ بڑی بخششیں۔ عطیات۔ جمع
ہے فاضلہ کی ٭
فواق ع۔ ہچکی۔ وہ ہوا جو سینہ سے نکلتی ہے ٭
فواکہ ع۔ جمع فاکہہ کی۔ میوہ جات ٭
فوائح ع۔ جمع فائحہ کی۔ خوشبو دینے والی
چیزیں۔ خوشبوئیں ٭
فوائد ع۔ جمع فائدہ کی ہے ٭
فوت ع۔ مرجانا۔ گم ہو جانا۔ گذر جانا ٭
یہ لفظ اگرچہ مصدر ہے مگر عرب والے معنی
اسم فاعل یعنی فائت بھی مستعمل ہے ٭
فوج ع۔ لشکر۔ سپاہ۔ جتھا۔ گروہ ٭
فور ع۔ جوش مارنا۔ جلدی۔ وقت۔ ساعت ٭
فور ع۔ پورا کا معرب ہے جو ہندوستان
کا راجہ تھا۔ اور سکندر سے لڑا تھا ٭
فوران ع۔ جوش ٭
فوربان ف۔ تیغ جو ہندوستان کا مشہور ہے
فورک ف۔ بہرام گور کی عورت جو ہندوستان
کے راجہ کی بیٹی تھی ٭
فوز ع۔ مطلب کو پہنچنا۔ کامیاب ہونا۔
فوطہ ع۔ لنگوٹ۔ جامہ۔ دو ختہ نہ کیا گیا
دستمال۔ خصیہ۔ تھیلی۔ تحصیل ٭
فوفل معرب پوپل کا۔ سپاری ٭
فوق ع۔ اوپر بالا ٭
فوق العادۃ ع۔ عادت سے بڑھ کر ٭

فوقانی ع۔ اوپر کا۔ اوپر والا۔ وہ حرف
جس کے اوپر نقطے ہوں ٭
فولاد مب پولاد کا۔ جوہر دار لوہا جس کی
تلوار۔ چھری وغیرہ بنواتے ہیں ٭
فوم ع۔ لہسن ٭
فوم ف۔ گیہوں۔ گندم ٭
فوہ ف۔ مجیٹھ ٭
فوہ ع۔ بوسے خوش ٭
فوہ ع۔ منہ ٭
فوہات ع۔ جمع فوہ جیسے معنے منہ ہے ٭

فائے معجمہ مع ہائے ہوز

فہام ع۔ بہت سمجھنے والا ٭
فہاشہ ف۔ فاشہ ٭
فہد ع۔ چیتا۔ یوز ٭
فہرس مب۔ فہرست کا ٭
فہرست ف۔ تفصیل دستاویز کی ٭
فہل ف۔ فراخ۔ کشادہ ٭
فہم ع۔ عقل۔ سمجھ۔ دانائی ٭
فہمانیدن ف۔ سمجھانا ٭
فہمیدن ف۔ سمجھنا ٭
فہوم ع۔ جمع ہے فہم کی ٭
فہیم ع۔ سمجھنے والا ٭

فائے معجمہ مع یائے تحتانی

فے ع۔ ہر چیز کا سایہ جو دوپہر کے پیچھے ڈھلے۔
خراج۔ مال غنیمت۔ رجوع۔ واگذار کرنا۔
فی ع۔ بیچ میں۔ درمیان ٭
فی الشجر بلا خضر نار ع۔ سبز درخت میں آگ ٭
فیار ع۔ شغل۔ کام۔ پیشہ۔ صنعت ٭
فیاض ع۔ فیض پہنچانے والا۔ بڑا فیض

فیافی ع بیابانیا۔ جمع فیفاۃ کی +
فیال ف وہ زمین جس میں پانی دے کر زراعت کی جاتی ہے۔ وہ شاخ جس میں پیکان کا تیر +
فی الجملہ ع حاصل کلام۔ مختصر کلام خلاصہ کلام +
فی الحال ع فوراً۔ ابھی +
فی المثل ع کہاوت میں۔ مثلاً۔ فرضاً مثال کے طور پر +
فی الواقع ع حقیقت میں۔ واقعی +
فیثاغورس مب یونانی فیثاغورس کا شہر میور کے رہنے والے ایک مشہور حکیم کا نام ہے جس نے سب سے اول علم شاعری دریافت کرنے کا جانا۔ یہ حکیم بڑا نامی گرامی گذرا ہے۔ حاکم افلاطون کہتے ہیں آپ اپنا بیٹا بنا لیا تھا۔ اور دور دور سے بادشاہان وقت اسکی زیارت کو آتے تھے۔ اس نے ۲۸۰ سو اچھی کتابیں علوم مختلفہ میں تصنیف کیں۔ ۴۷ وہ شکل مقالہ اول اسی کی ایجاد ہے +
فیجن ف سداب جو پودینے کی طرح کی ایک گھاس ہے +
فیحرج مب ہیدہ۔ تپ چڑھنے سے پہلے اعضا شکنی کی حالت +
فیخ [illegible] جوش جنم +
فید ع مکہ معظمہ کے راہ میں ایک قلعہ ہے۔ جسے اسی نام کے ایک شخص نے بنوایا تھا۔ بعض اسے ایک موضع شہر کا نام بھی لکھتے ہیں +
فید ف گمنام۔ زیادہ ہونا۔ نفع۔ گھوڑے کے بال +
فیدار ع شخص۔ کام۔ منفعت
فیداقوہ ع ملک بروج کی ایک [illegible]

عورت کا نام ہے +
فیرف ع تاسف۔ افسوس
فیروز ف مبدل پیروز کا۔ فتحمند۔ کامیاب
فیروز گرد ف ایران کے شہر اور وہاں کا نام جسے نوشیروان کے والد فیروز نے بسایا تھا۔
فیروز گشت ف مبارک گردش والا۔ مبارک سیر +
فیروز مند ف فتحمند۔ کامیاب +
فیروز [illegible] ف [illegible] کا نام +
فیروزہ ف مبدل پیروزہ کا۔ ایک مشہور قیمتی پتھر سبز نیلگوں رنگ کا ہے۔ اس کا معرب فیروزج ہے +
فیروزہ بو سحاقی ف ایک قسم کا فیروزہ جو شہر نیشاپور کی کان سے نکلتا ہے +
فیروزہ تاج۔ فیروزہ تخت۔ فیروزہ دریا۔ فیروزہ سقف۔ فیروزہ گون دریا ف آسمان +
فیروزہ طشت ف تخت کیخسرو۔ آسمان بنات النعش +
فیروزہ کاخ۔ فیروزہ مرقد ف دنیا +
فیروزہ کہن ف پرانا فیروزہ جو خوش رنگ اور بیش قیمت ہوتا ہے +
فیروزی ف فتحمندی۔ کامیابی۔ فتح۔ جیت
فیصل ع فیصلہ۔ جھگڑا چکانا۔ تیار کرنا
فیصلہ ع جھگڑا چکانا +
فیض ع پانی کا بہ نکلنا۔ کہ کناروں سے بہنے لگے۔ پانی بہنا۔ خبر ظاہر ہونا۔ بسیار بہار۔ بخشش۔ فائدہ +
فیض اقدس ع خدا تعالیٰ کی طرف سے بے واسطہ فیض +
فیضان ع پانی کا زیادتی کے سبب بہنا

پانی بہنا۔ خبر ظاہر ہونی۔ مجازاً نفع فائدہ
فیض مقدس ع خدائے تعالیٰ کا عطا نے فیض بالواسطہ
فیضی ع ہندوستان کے مشہور شاعر کا نام ہے جو شیخ ابوالفضل ابن مبارک کا بھائی تھا۔ وہ مسلمانوں میں سنسکرت کا پہلا عالم ہے +
فیفا ع جنگل میدان۔ بیابان ہموار +
فیل ف ہاتھی جو مشہور حیوان ہے +
فیلا فیل ی محب۔ دوستدار +
فیل باران ف موسم کے اخیر کی بارش جو شدت سے ہوتی ہے۔
فیلبان ف ہاتھی کا ہانکنے والا +
فیل بند ف دیکھو پیل بند +
فیل تن ف کسی چیز کا تودہ جو قد میں ہاتھی کے برابر ہو
فیلسوف ی مرکب ہے فیل بمعنے محب دوستدار اور سوفا بمعنے علم وحکمت سے بمعنے دوستدار علم وحکمت۔ محب دانش۔ دانشمند۔ حکیم۔ مجازاً طرار اور زبان آور آدمی +
فیلق۔ فیلاق ع لشکر۔ سپاہ۔ فوج
فیلقوس۔ فیلاقوس ی یہ لفظ مرکب ہے فیلق یا فیلاق بمعنے لشکر اور اوس بمعنے سردار ایہہ ہے۔ سردار لشکر سکندر کے باپ کا نام ہے جو مقدونیہ کا بادشاہ تھا +
فیل مرغ ف ایک مشہور پرند کا نام ہے +
فیلی ف کردوں کا ایک گروہ ہے جو ایران میں مشہور ہے +
فیلولہ ع رائے و تدبیر کا ضعف۔ عصر کے وقت سونا +
فیما بین ع درمیان بیچ میں +
فی نفسہ ع اپنی اصل میں۔ اپنی ذات میں۔ خود
فیوحات ع خوشبوئیں۔ بہت سی خوشبوئیں

بہار کی زیادتیاں۔
فیوض ع جمع فیض کی +
فیوضات ع فیوض کی جمع اور فیض کی جمع الجمع ہے +
فیہیج ع شراب۔ مدعد۔ مے کا ساغر +

باب القاف معجمہ

قاف مع الف

قاآن ت بادشاہ جو بہت عادل اور سخی اور عاقل ہو۔ چنگیز خان کے بیٹے کا نام بھی ہے۔ اب یہ لقب بادشاہ ترکستان کا ہے۔ مجازاً ہر ایک بادشاہ جلیل القدر کو کہتے ہیں۔
قاب ت طباق۔ بڑا برتن بطور رکابی کے۔ تھال +
قاب ع موافق۔ مقدار۔ اندازہ۔ کمان کا وہ فاصلہ جو موٹھ سے کونے تک ہے۔ تو گویا ایک کمان کی دو قابیں ہوتی ہیں +
قاب خانہ ت قمار خانہ۔ کیونکہ قاب ہڈی کو کہتے ہیں۔ اور پہلے قمار کے ہڈی کے ہوتے تھے۔ اسواسطے قاب خانہ نام رکھا گیا
قابض ع قبض۔ قبض کرنے والا۔
قابض ارواح ع روحوں کو قبض کرنے والا حضرت عزرائیل علیہ السلام +
قاب قوسین ع مقدار دو کمان کی
قابل ع آگے آنے والا۔ قبول کرنے والا۔ لائق۔ سزاوار۔ پسندیدہ۔ آئندہ۔ لائق۔ سزاوار۔ پسندیدہ۔ ضامن
قابل امانت ع امانت کو جو محنت کی سے مراد ہے۔ قبول کرنے والا۔ اور اٹھانے والا۔ انسان سے مراد ہے۔

قابِلہ ع خ دایہ - مشکل کشا - دائی - عورت جو بچہ جنائے +

قابلیت ع قابل ہونا - لائق ہونا - لیاقت

قابُو ت بَس - موقع - داؤ +

قابوس مب - کاؤس کا - ایک بادشاہ کا نام ہے +

قابول - قاپول - قابوک ف ناودان پرنالہ

قابو یافتن ف - داؤ پانا - موقع پانا - فرصت پانا - بدلہ لینا -

قاپوچی ت دربان +

قاپی ت دروازہ +

قاتِل ع قتل کرنے والا - خونی +

قاجار ت یا قُراجار وہ خاندان ہے - جو آجکل ملک ایران میں تخت سلطنت پر متمکن ہے - اصل اس خاندان کی قُراجار یونان میں سے ہے - جو قوم مغل میں سے ہلاکو خان کے پوتے ارغون خان کا اتالیق تھا - اسکی اولاد جو اکثر ارمینیا میں آ بسی تھی وہیں سے شاہ قلی خان استرآباد میں سے آیا - اور وہیں شادی کر کے سکونت اختیار کر لی - اُسکے ہاں دو بیٹے پیدا ہوئے فتح علی خان اور فضل علی خان اُس وقت ایران میں خاندان صفویہ کا دور دورہ تھا - فتح علی خاں نے دربار شاہی میں بسلسلۂ ملازمت رسوخ حاصل کیا - یاوری قسمت سے رفتہ رفتہ یہاں تک نوبت پہنچی کہ خود سلطنت ایران پر قابض ہو گیا - اور اگرچہ اُس نے خود لقب شاہی اختیار نہیں کیا لیکن اسکا بیٹا محمد حسین خاں بادشاہ ہو گیا - چنانچہ آج تک ایران میں اسی کی اولاد سلطنت کر رہی ہے - ناصر الدین شاہ قاچار جو اس خاندان کا چھٹا بادشاہ تھا ۱۳۱۳ھ تک ایران کے تخت پر جلوس فرمارہا - سلسلہ ان بادشاہوں کا اس طرح ہے - محمد حسن خاں قاجار - حسین قلی خاں قاجار - آغا محمد شاہ قاجار - فتح علی شاہ قاجار - محمد شاہ قاجار - ناصر الدین شاہ قاجار - اب[1] انکے بیٹے مظفر الدین شاہ قاجار ہیں +

قادِر ع قدرت والا - طاقت رکھنے والا -

قادِر انداز - قادر دست ف وہ تیرانداز جسکا کوئی تیر خطا نہ جائے - کامل تیرانداز +

قادِر علی الاطلاق - قادرِ مطلق ع ہر کام پر قدرت رکھنے والا - خدا تعالےٰ -

قادری ع ایک گروہ صوفیہ کا جو شیخ عبدالقادر جیلانی رح کے طریقہ پر ہیں +

قادِس ع - بڑا جہاز -

قادسیہ ع عراق عرب میں ایک شہر ہے اُسکے علاوہ بغداد - بصرہ - کوفہ - بابل - مدائن - واسط بھی عراق عرب کے مشہور شہر ہیں -

قاذورات ع جمع قاذورہ کی - پلیدیاں نجاست +

قار ت برف -

قار ع قیر - سیاہ رنگ کا روغن - جو تار کول یعنی قطران ہوتا ہے

قارِب لغات اضداد سے ہے - سیاہ و سفید دونوں کی طرف نسبت کر کے کہتے ہیں -

قارِح ع قرحہ کے ساتھ کل نکالنے والا - چوپا مونچھیں کرنے والا - وہ آدمی جسکے سر کے بال بیماری کے سبب گر گئے ہوں - مشورہ قبول کرنے والا - کسی کے کہنے پر اس کام سے باز آنے والا جسے کر رہا ہو +

قارِع ع ٹھوکنے والی - حادثہ - سختی - مصیبت +

قارَن ف رستم بن زال کے زمانہ میں ایک پہلوان تھا - خانخاناں عبدالرحیم کے بیٹے کا نام بھی ہے +

قارُورہ ع ایک قسم کی بارود کی بھری ہوئی کپی جس میں آگ لگا کر دشمن کیطرف پھینکتے ہیں - ایک قسم کی پیکان بھالا - اصطلاح اطبا میں گول شیشی جس میں بیمار کا بول بھر کر دیکھتے ہیں - مجازاً بیمار کا بول -

قارورۂ برج ف بارود کی بھری ہوئی کپی جو قلعے کے برج پر سے دشمن پر پھینکتے ہیں -

قارورہ بر سنگ زدن ف عیب نقص کرنا

قارُون ع ایک بڑے دولتمند کا نام ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کا چچا زاد بھائی تھا - اُسکے چالیس[2] خزانے مشہور ہیں - حضرت موسیٰ نے اُسے بہتیرا سمجھایا - اور بہت پند و نصائح کی کہ مال کی زکوٰۃ ادا کرنی چاہئے لیکن اُس نے بسبب بخل اور خست کے ذرا نہ مانا - بلکہ حضرت موسیٰ پر ناراض ہوکر انکی توہین کے درپے ہوا اور تہمت نا کی لگائی جس کو خدا تعالےٰ نے بکوبری کیا - انجام یہ ہوا - کہ حضرت موسیٰ کی دعا اور قہر الٰہی سے وہ اپنے تمام خزانوں سمیت جیتا زمین میں دھس گیا - جیسا کہ قرآن شریف میں خداوند تعالےٰ فرماتا ہے فَخَسَفْنَا بِهِ وَبِدَارِهِ الْأَرْضَ پس دھنسا دیا ہم نے اس کو اور اُس کے گھر کو زمین میں -

قاری ع پڑھنے والا - خواندہ - مجازاً قرآن کو خوب طرح پڑھنے والا اور الفاظ کو ان کے مخرج سے ادا کرنے والا +

قاری ت طرح فنس جو مشہور پرندہ ہے +

قاز غا - قازغان ت بڑا پتیلہ - دیگ کلاں

قاس ف مینڈک - طوس بار و عجون ایزاد

قاسِر ع جبر کرنے والا - زبردستی سے کسی کام پر رکھنے والا +

قاسِم ع بانٹنے والا - تقسیم کرنے والا - اور امام حسن کے صاحبزادے کا نام ہے جو میدان کربلا میں شہید ہوئے -

قاسی ع - سخت دل - سنگدل +

قاش ت ابرو - بھوں - پھانک +

قاشِر ع چھلکا اتارنے والا -

قاشِ زین ف زین کا حصہ - زین کے آگے اور پیچھے کے کنگرے پھانک کی شکل کے ہوتے ہیں +

قاشُق ت چمچہ +

قاشقان ت ترکوں کے قبیلہ کا نام ہے

قاصّ ع قصہ خوان - واعظ - کسی کے پیچھے آنے والا - خبر دینے والا +

قاصِد ع قصد کرنے والا - ارادہ کرنے والا - نکڑی توڑنے والا - فارسی والے جنگ نحی کے لئے مستعمد کو بھی کہتے ہیں + ہندی میں ہیک کے معنے میں مستعمل ہے +

قاصدِ چرخ ف چاند اور آفتاب سے بھی مراد ہے +

قاصِر ع کوتاہی کرنے والا -

قاصِرات الطرف ع نیچی نگاہ رکھنے والیاں نیچی نگاہ رکھنے والی عورتیں بسبب شرم و حیا کے

قاصِر ہمت ع کم ہمت - بے حوصلہ +

قاصی ع دور پہنچ جانے والا + دور دور کے رشتے سے آملنے والا +

قاضِب ع تیز - برندہ - کاٹنے والا +

قاضی ع جھگڑا چکانے والا مقدمہ فیصل

[1] مظفر الدین شاہ قاجار بتاریخ ۸ جنوری ۱۹۰۷ء ۵۵ سال کی عمر میں گیارہ سال حکمرانی کے بعد راہی ملک عدم ہوئے - انکے فرزند ارجمند محمد علی شاہ تخت پر بیٹھے - اب ہیں احمد شاہ ان کے بیٹے

کرنے والا۔ حکم کرنے والا۔ ادا کرنے والا *
قاضی بیضا۔ قاضی بیضاوی ع
عبداللہ انکا نام اور ناصر الدین لقب تھا
مصنف تفسیر انوار التنزیل بنام آثار التاویل
مشہور بہ تفسیر بیضاوی کے ہیں۔ علم فصاحت
و بلاغت میں یگانہ آفاق تھے۔ اور سب
علوم سے عموماً و تفسیر میں کامل تھے۔
تفسیر بیضاوی میں اکثر فلسفیوں کے طور پر
دلائل بیان کرتے ہیں۔ وفات انکی سنہ ۶۸۵
ہجری میں بیضا میں ہوئی۔ جو ملک فارس
میں ایک گاؤں ہے جسکی طرف منسوب
ہوکر بیضاوی مشہور ہو گئے *
قاضی چرخ ف قاضی فلک ستارہ
مشتری سے مراد ہے *
قاطبتہ ع تمام بالکل سب۔ سب کے سب
قاطرت ت خچر۔ استر *
قاطع ع قطع کرنے والا۔ کاٹنے والا *
قاطع الطریق ع رہزن۔ رستہ لوٹنے
والا۔ چور۔ لٹیرا *
قاطعین ع اجارہ دار لوگ۔ ٹھیکہ دار
مسافر لوگ *
قاطن ع ساکن۔ رہنے والا *
قاطنین ع جمع قاطن کی۔ ساکنین۔ مقیم لوگ
قاع ع چٹیل میدان *
قاعد ع بیٹھنے والا۔ بیٹھا ہوا۔ وہ عورت
جو حیض آنے اور اولاد جننے سے رہ چکی ہو *
قاعدہ ع بیٹھنے والی بیٹھی ہوئی۔
قانون۔ دستور۔ بنیاد *
قاف ع ایک مشہور پہاڑ کا نام ہے۔ جو
ٹرانس کاکیشیا صوبہ روس کے شمال
کیطرف واقع ہے۔ اگلے زمانہ کے لوگ
سمجھتے تھے کہ یہ پہاڑ ساری دنیا کے
گرداگرد ہے *
قافلہ ع مذ۔ مسافروں کا گروہ *
قافلہ سالار ف میر قافلہ *
قافلہ سالار شدن ف قافلہ سالار رفت جس سے
پیغمبر علیہ السلام کا فوت ہونا مراد ہے *
قافلہ گاہ ف قافلہ کی اترنے کی جگہ *
قاف و دال ف بیہودہ اور واہیات کلام
قول و دال بطور اطراق سے بھی کنایہ ہے *
قافیہ ع پے در پے آنے والا۔ مشتق ہے
قفو سے جسکے معنے پے در پے۔ کے ہیں
اصطلاح علم و عروض میں قافیہ مراد ہے کئی
ایک حرکات وحروف معین سے جنہیں ہر
بیت یا ہر مصرعہ کے آخر میں الفاظ مختلفہ
میں مکرر لائیں۔ خواہ وہ الفاظ لفظاً
مختلف ہوں خواہ معناً جیسے بیدل و
حاصل کہ الفاظ مختلف ہیں۔ اگر معنی نکلے
آخر میں آویں تو دال اور اُسکے ماقبل کا
کسرہ مکرر ہوگا اور قافیہ کہلائیگا۔ اسیطرح
بینی (مضارع حاضر کا صیغہ) اور بینی (بیضے
ناک) کہ معناً دونوں لفظ مختلف ہیں۔
اور انکی حروف و حرکات بالکل مکرر ہیں
یہ بھی قافیہ کہلائیگا *
قافیہ شایگان ف وہ قافیہ جو مشتمل ہو
ایطائے جلی پر۔ ایطائے جلی یہ ہے کہ حرف زائد
کو اصلی کے ساتھ قافیہ میں لائیں جیسے یاران
و مرجان کو جان اور زبان کیساتھ آہنیں
و رنگین کو نسرین و چین کیساتھ یا خندان
و گریان کو کمان و مکان کے ساتھ یا گویا
و جستن کو گلشن و سوسن کیساتھ اس
قسم کا قافیہ معیوب ہے۔ شایگان کے
معنے بیگار کے ہیں چونکہ اس قسم کے معیوب
قافیے لانے بھی ایک طرح کی بیگار کاٹنی ہے
اس واسطے ایسے قافیہ کا نام شایگان رکھا گیا *
قافیہ تنگ شدن ف تقریر اور کلام
میں عاجز ہونا *
قافیہ سنجان ف شعرا۔ شاعر لوگ *
قاق ت خشک گوشت۔ مجازاً۔ لاغر۔ دبلا *
قاقلہ ع۔ بڑی الائچی *
قاقلتین ع۔ چھوٹی اور بڑی دونوں
الائچیاں *
قاقم ف ایک جانور کا نام ہے جسکا چمڑا
بہت سفید اور ملائم ہوتا ہے اُسکی پوستین
بناتے ہیں *
قاقم انگشت نما ف وہ قاقم جس پر
انگلی بھر لمبے بال ہوں *
قاقم نماے ف روشن۔ سفید نما *
قاقوس ع مسور۔ عدس۔ پنجابی مسر *
قال ع گفتگو *
قالب ع جسم۔ بدن۔ سانچہ۔ چھاپہ جس
سے چھینٹ کپڑا وغیرہ چھاپتے ہیں *
قالب تہی کردن ف بیہوش ہو جانا۔
جان دینا۔ مرجانا *
قالع ع اکھیڑ ڈالنے والا۔ صیغہ اسم
فاعل کا ہے۔ قلع مصدر سے *
قال کردن ف گفتگو کرنا۔ بات چیت
کرنا۔ سرود گانا *
قال مقال ع گفتگو۔ بسیار بیہدہ کلام *
قالی۔ قالین ت بچھونا۔ غالیچہ *
قالیچہ ت چھوٹا بچھونا *
قالیقوس ع ایک شہر کا نام ہے روم میں قسطنطنیہ
کے قریب ایک قلعہ ہے
قائم ع کھڑا ہوا۔ وہ شخص *
قامت ع قد۔ اور اشارہ طرف قد قامت
الصلوۃ کی جو تکبیر میں امام کے کھڑے ہونے
کے وقت پڑھتے ہیں *
قامت کردن ف قد قامت الصلوۃ کہنا
قامع ع توڑنے والا۔ خوار کرنے والا *
قامعہ ع توڑنے والی۔ خوار کرنے والی *
قاموس ع دریائے عمیق۔ گہرا دریا۔ دریا
میں سب سے گہری جگہ۔ میان دریا۔ لغت
عربی میں شیخ مجدالدین بن یعقوب فیروز
آبادی کی تصنیف سے ایک کتاب بھی ہے *
قان ت لہو۔ خون *
قانت ع نماز میں دعا پڑھنے والا۔ خدا کا
حکم ماننے والا۔ خاموش۔ چپ چاپ *
قانتین ع جمع قانت کی *
قانصہ ع۔ مرغ کا پوٹا *
قانع ع قناعت کرنے والا۔ منت گیری کرنے
والا۔ تھوڑی چیز پر صبر کرنے والا *
قانون ع کتاب کی سطر ہر شے کا اصل
ہر شے کا مقیاس یعنی آلہ اندازہ کرنے ہر شے
کا۔ مجازاً شرع۔ دستور۔ قاعدہ۔ بو علی سینا
کی ایک کتاب علم طب میں ہے۔ ایک
مشہور ساز کا نام ہے *
قانی (ت۔ و۔ ع) بہت سرخ *
قاہر ع قہر کرنے والا۔ زور کرنے والا۔
غالب۔ زبردست *
قاہرہ ع غالب۔ زبردست۔ ملک مصر کے
دارالخلافہ کا نام ہے۔ جو بڑا علم و فضل میں
سب سے بڑا شہر دریائے نیل پر واقع ہے *
قاہ قاہ ف قہقہہ۔ زور سے ہنسنا *
قایم ع بیٹھنے والا۔ حاکم *

قائف ع علم قیافہ جاننے والا۔ شگون لینے والا ۔

قائل ع کہنے والا۔ قیاس کرنے والا۔ دوسرے کو سوجھنے والا۔ اپنی خطا کا اقرار کرنے والا۔ مان لینے والا ۔


قائم ع کھڑا ہونے والا۔ کھڑا ہوا۔ شطرنج بازوں کی اصطلاح میں دونوں حریفوں کا بازی میں برابر ہونا ۔

قائم انداز ف کامل اور بے نظیر شطرنج باز۔ مرادی لینے غالب ۔

قائم تیر آسمان ف مریخ ۔

قائم گشتن ف عاجز ہونا۔ مغلوب ہونا۔ ہار جانا ۔

قائمہ ع جبکہ ایک خط مستقیم پر دوسرا خط مستقیم اس طرح واقع ہو کہ ایک طرف کے دو زاویے متصلے برابر پیدا کرے۔ تو ان میں سے ہر ایک زاویہ کو قائمہ کہتے ہیں اور کھڑا خط عمود کہلاتا ہے۔ زاویہ قائمہ میں نوّے درجہ ہوتے ہیں ۔



قائن ع غلام و غلام زادہ جو گھر کا بچہ ہو ۔

قاف مع بائے موحدہ

قبا ف پوشاک۔ لباس دراز۔ ایک قسم کا لباس جو دوہرا ہوتا ہے ۔

قبا ع مدینہ منورہ کے قریب ایک مقام ہے مسجد قبا اسی کی طرف منسوب ہے ۔

قباب ع جمع قبہ کی ۔

قبا بستن ف قبا پہننا۔ آمادہ اور مستعد ہونا ۔

قبا بستہ ف مستعد و آمادہ ۔

قبا تنگ شدن ف بے طاقت ہونا۔ معاش میں تنگی ۔

قباحت ع برائی۔ زشتی۔ زبونی۔ نامناسبت

قباچا۔ قباچہ ف چھوٹی قبا ۔

قباد ف شاہان کیان میں سے ایک بادشاہ کا نام ہے۔ اور ہر عظیم الشان بادشاہ کے معنی بھی آتا ہے ۔

قباس ف آفتاب ۔

قباق ت ایک بڑی اور اونچی لکڑی ہوتی ہے جو گھڑ دوڑ کے میدان میں نصب کر دیتے ہیں۔ اور اوپر ایک حلقہ چاندی یا سونے کا جڑ دیتے ہیں۔ سوار میدان میں گھوڑا دوڑاتے ہیں۔ اور اوپر تیر پھینکتے ہیں۔ جس کا تیر حلقہ پر جا لگتا ہے۔ حلقہ اس کو دیتے ہیں ۔

قباق افگنی ف تیر مارنا۔ نشانہ لگانا ۔

قبا کردن ف چاک کرنا۔ قبا پہننا ۔

قبا گردانیدن ف لباس بدلنا ۔

قبالہ ع مان لینا۔ قبول کرنا۔ مجازاً سند مکان کی۔ کاغذ مکان کا۔ دستاویز جس سے ملک کی ملکیت ثابت ہو ۔

قبا نو کردن ف نئی پوشاک پہننا ۔

قباہ ف مزید علیہ، قبا کا ۔

قبائح ع جمع قبیح کی۔ برائیاں ۔

قبائے زر لفت ف اندھیری راتوں میں جب آسمان پر بادل نہ ہو۔ تو اسے اس نام سے پکارتے ہیں ۔

قبائے نیلی ف آسمان ۔

قبائل ع جمع قبیلہ کی۔ آدمیوں کے گروہ ۔

قبب ع جمع قبہ کی ۔

قبج ف کبک کی چکور ۔

قبچاق ت ترکستان میں ایک جنگل ہے۔ جہاں کے رہنے والے بڑے بے رحم اور مردم کش ہیں۔ تاتاری وہاں کے باشندوں کو بھی قبچاق کہہ دیتے ہیں مجازاً شوخ اور بیباک ۔

قبح ع برائی۔ بدی ۔

قبر ع گور ۔

قبرس ع بحیرہ شام میں ایک جزیرہ ہے جو شاہ روم کے زیر حکم ہے ۔

قبرستان ف وہ جگہ جہاں قبریں ہوں ۔

قبرغہ ت پہلو۔ پہلو کی ہڈی ۔

قبرہ ع چنڈول۔ بعض کے نزدیک بمعنی سرخاب ۔

قبس ع چنگاری۔ آگ کا ٹکڑا ۔

قبس ع بتی وغیرہ کا جلانا ۔

قبص ع کسی چیز کو ناخنوں سے پکڑنا۔ چٹکی بھر لینا ۔

قبص ع وردمشکی۔ در دیگر شادمانی بزرگی ۔

قبص ع شادمان۔ مسرور۔ خوش ۔

قبصہ ع چٹکی بھر ۔

قبض ع پکڑنا۔ گرفتگی۔ اور علم عروض میں ایک زحاف ہے یعنی پانچویں حرف ساکن کو گرا دینا۔ جیسے بحر ہزج میں مفاعیلن سے مفاعلن بچانا اور بحر متقارب میں فعولن سے فعول بچانا ۔

قبض ع درد و تنگی شکم ۔

قبضہ ع مٹھی۔ تلوار وغیرہ کے پکڑنے کی جگہ۔ دستہ۔ قابو ۔

قبط ع مصر کے اصلی باشندے۔ فرعون کی قوم جو حضرت موسیٰ کے مخالف تھی ۔

قبطی ع منسوب بہ قبط۔ مصر کا اصلی باشندہ ۔

قبعثر ع بڑے جسم کا اونٹ جو بہت بوجھ اٹھا سکے۔ نیز نام ایک دریائی جانور بھی ہے۔ ایک مشہور شاعر کا نام بھی ہے ۔

قبق ت کدو ۔

قبقاب ع چوبی نعلین۔ جھوٹ بولنا۔ مست اونٹ جو بول کر شور مچائے۔ خوردہ شیر ۔

قبق انداز ف نشانے پر تیر مارنے والا۔ تیر انداز ۔

قبل ع آگے۔ سامنے۔ پہلے ۔

قبل ع عورت کا اندام نہانی ۔

قبل ع طرف جہت۔ جانب۔ مجازاً طریق ۔

قبل ع محاصرہ۔ گھیر لینا ۔

قبل ع جمع قبیل کی۔ گروہ ۔

قبل کردن ف محاصرہ کرنا ۔

قبلہ ع جس کی طرف منہ کریں۔ کعبۃ اللہ ۔

قبلہ ع چومنا۔ بوسہ ۔

قبلہ گاہ مجوس ف آتش پرستوں کا قبلہ۔ آگ سے مراد ہے۔ کیونکہ وہ آگ پوجتے ہیں اور اسی کی طرف سجدہ کرتے ہیں ۔

قبلۂ زردشتیاں۔ قبلۂ جمشید۔ قبلۂ دہقان ف آگ سے مراد ہے ۔

قبوح ع زبون۔ زشت ۔

قبور ع جمع قبر کی ۔

قبول ع ماننا۔ قبول کرنا۔ محاورات فارسی میں اکثر بمعنے مقبول مستعمل ہے ۔

قبولی ف ایک قسم کا پلاؤ ہوتا ہے جو چاول اور چنے کی دال ملا کر پکاتے ہیں ۔

قبولیت ع مان لینا۔ قبول کرنا ۔

قبہ ع گنبد۔ برج۔ ہر ایک شے جو شکل گنبد کے گول ہو۔ جیسے مقبرہ۔ قبہ عماری۔ چتر خیمہ۔ مجلس۔ گنبد ۔

قبۂ آب ف پانی کا بلبلا ۔

قُبّۃُ الاسلام ع لقب شہر بخارا کا منتخب میں بصرہ کا لقب لکھا ہے۔
قُبّۂ زبرجد۔ قُبّۂ زرنگار ف آسمان
قُبّۂ زریں ف آفتاب +
قُبّۂ غبرا۔ قُبّۂ گردوں ف آسمان۔
قُبّۂ نیلی ف آسمان +
قُبّۂ فلک ف معدل النہار۔ فلک الافلاک
قَبیح ع بد۔ برا۔ زبون۔ نازیبا۔ نامناسب
قَبِیل ع گروہ آدمیوں کا گروہ۔ گروہان لینے والا۔ قبول کرنے والا +
قَبیلہ ع گروہ۔ وہ جماعت جو ایک باپ کی اولاد سے ہوں +

قاف معجمہ مع تائے فوقانی

قِتال ع لڑائی۔ جنگ +
قَتّال ع بہت قتل کرنے والا +
قَتام ع گرد و غبار۔
قُتُق ت میٹھی دہی۔ ایک قسم کی ترشی جو سالن میں ڈالتے ہیں +
قَتل ع مار ڈالنا۔ خون وغیرہ ہتھیار سے مارنا
قَتلا۔ قَتلیٰ ع جمع قتیل کی۔ مقتولان +
قَتل عام ع سب کو مار ڈالنا۔ خواہ انسان ہوں یا کوئی اور +
قُتلُق ت مبارک۔ اور ترکی عورتوں کے نام بھی ہوتے ہیں +
قَتلگاہ ف قتل۔ قتل کرنے کی جگہ۔
قُتّی ت صندوقچہ +
قَتیل ع مقتول کشتہ خواہ عورت ہو یا مرد۔ ہندوستان کے ایک مشہور شاعر کا تخلص بھی ہے +

قاف معجمہ مع ثائے مثلثہ

قِثّا ع ککڑی۔ پنجابی تر۔

قاف معجمہ مع جیم فارسی

قَچغَف ع بشارت خدا کی جس کو میر معاصب کہتے ہیں

قاف معجمہ مع حائے حطی

قَح ع مرغ کے انڈے کی زردی +
قُح ع سادہ۔ خالص۔ درشت۔ جفا کار
قُحاب ع کھانسی۔ وہ آواز جسے پنجابی میں کھنگور کہتے ہیں۔ اور اسکے ذریعہ بدکار عورتوں کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں۔
قَحبہ ع بدکار۔ فاحشہ۔ لغوی معنی کھنگار کو بلانے والی +
قَحط ع کال۔ مجازاً مہنگا ہو جانا غلہ کا بسبب نہ برسنے مینہ کے +
قَحطان ع سام بن نوح علیہ السلام کے پوتے کا نام ہے
قِحف ع استخوان سر۔ کھوپری +

قاف معجمہ مع دال مہملہ

قَد ع بدن کی لمبائی۔ لمبائی میں چیرنا جیسے کاٹنا۔ بات کو مختصر کرنا۔ جنگل کو طے کرنا۔ بکرے کا چمڑا +
قد الف چو جیم کردن ف مراقبہ کرنا۔
قُدام ع دیرینہ۔ کہنہ +
قُدّام ع آگے۔ سامنے +
قَدامت ع دیرینہ ہونا۔ کہنہ ہونا۔ ہمیشگی
قَدح ع بجانا۔ توڑنا۔ عیب کرنا +
طعنہ دینا۔ ضد مدح کی +
قَدَح ع بڑا پیالہ۔ مطلق پیالہ +
قِدح ع تیر بے پیکان۔ بے پر۔ قمار بازی کے بارہ تیر جس سے عرب کھیلتے ہیں +
قدح بر سر کسے شکستن ف کسی کو ذلیل اور خوار کرنا +
قدح لاجوردی ف آسمان +
قِدر ع ہنڈی۔ دیگ +

قَدر ع عزت۔ بزرگی۔ خوبی۔ اندازہ کسی چیز کا۔ اندازہ مقدار۔ قسمت۔ روزی +
توانگری۔ بے نیازی۔ طاقت +
قَدَر ع تقدیر الٰہی حکم۔ ہر کام کی مقدار اور اندازہ
قدر انداز ف تیرانداز کامل جس کا کوئی تیر خطا نہ کرے +
قدر اوّل ف آسمانی ستارے اپنی چھوٹائی۔ بڑائی اور روشنی وغیرہ کے لحاظ سے چھ درجوں میں تقسیم کئے گئے ہیں۔ انہیں میں سے قدر اوّل ۱۵ کواکب ہیں۔ قدر ثانی کے ۴۵۔ قدر ثالث کے ۲۰۸۔ قدر رابع کے ۴۷۴۔ قدر خامس کے ۲۱۷۔ قدر سادس کے ۴۹۔
قُدرت ع طاقت۔ قوت +
قدر خان ف بادشاہ چین کا لقب ہے اور بقول بعض لقب بادشاہ ترکستان۔
قدرداں ف قدر جاننے والا۔
قدرشناس ف قدر پہچاننے والا۔
قَدرِف ع ایک شہر کا نام ہے۔ جہاں کی بشریٰ قدرنی مشہور ہے +
قدرمایہ ف تھوڑا سا۔ چند +
قدر مشترک ع مفہوم کلی سے مراد ہے جو افراد میں مشترک ہوتا ہے۔ جیسے مطلق وجود جسکی ماہیت اپنے سب افراد انسان و حیوان وغیرہ میں مشترک مقدار ہے +
قدرے ف تھوڑا سا۔ قلیل۔ کم +
قُدس۔ قُدُس ع پاکیزگی۔ پاک ہونے کا حصہ۔ بیت المقدس اور ایک نام کا پہاڑ بھی ہے
قُدِّسَ سِرُّہٗ ع پاک ہو راز اس کا۔ جو ساتھ اسکے ہے۔ اہل اسلام جب کسی ولی یا بزرگ کا نام لیتے ہیں۔ تو اسکے نام کے بعد یہ کلمہ دعا کے طور پر پڑھتے ہیں +

قُدسی ع پاک۔ پاکیزہ۔ مجازاً فرشتہ۔ صالح ولی اللہ +
قُدسیان ف فرشتے۔ صلحا۔ اولیاء اللہ
قَدَغ ف وہ برتن یا پیالہ جو گائے کے سینگ سے بناتے ہیں اور اس میں شراب پیتے ہیں۔
قُدُغ ف گدھے کا بچہ +
قدغن ت تاکید۔ تقید +
قدغنچی ت تاکید کرنے والا۔ اور بمعنے دربان چوبدار۔ محتسب +
قدکشیدن ف تعظیم کے لئے اٹھنا۔
قِدَم ف کاموں کا انجام +
قَدَم ع پیر۔ پاؤں +
قِدَم ع دیرینگی۔ کہنگی۔ پرانا پن۔ ہمیشگی جو خدا تعالےٰ کی ایک صفت ہے +
قُدَما ع جمع قدیم کی۔ اگلے لوگ پرانے وقت کے آدمی۔
قدم از جا برداشتن ف کسی جگہ کی آمد و رفت چھوڑ دینا +
قدم از جادۂ متابعت بیروں نہادن ف فرمانبرداری کے رستے سے قدم باہر رکھنا۔ نافرمانی اختیار کرنی۔ سرکش ہو جانا +
قدم از جان بر آوردن ف ترک جان کرنا۔ مرنا۔ نقصان لینا +
قدم از راہ کشیدن ف چلنے سے رہ جانا
قدم باز پس گرفتن ف الٹا پھرنا۔ چلا جانا
قدم بر سر چیزے زدن و نہادن ف اس چیز کو ترک کرنا۔ پامال کرنا +
قدم بر گرفتن ف قدم اٹھانا۔ چلنا +
قدم خاک ف زمین +
قدم داشتن۔ قدم افشردن ف ثابت اور پایدار ہونا۔ پاؤں جمائے رکھنا۔ ثابت قدم ہونا

قدم درمیان دوکس لفظ شتن ف مرتبت کا ذوق ہی کہتے واسطے جو گفتگو میں حائل کر دینا ✦
قدم در آگمستا نگ دون ف بیدل چلنا چیز سے چلنا ✦
قدم زدن - قدم شودن - قدم گشادن ف رستہ چلنا ✦
قدم شمردہ رفتن ف آہستہ آہستہ چلنا ✦
قدور ع جمع قدر کی - ہانڈیاں - دیگیں ✦
قدوری ع منسوب بقدور - فقہ کی ایک مشہور کتاب ہے ✦
قدوس ع صفت پاک خدائے تعالیٰ کا نام ہے ✦
قدوم ع کسی جگہ سے آنا - سفر سے آنا ✦
قدوہ ع پیشوا - برگزیدہ ✦
قدید ع سوکھا ہوا گوشت - گوشت خشک ✦
قدیر ع صاحب قدرت - طاقتور - قادر مطلق ✦
قدیم ع ہمیشہ - جو ہمیشہ سے ہو پرانا ✦

قاف معجمہ مع ذال معجمہ

قذاۓ ع جمع قذی کی آنکھ میں پڑا ہوا خاشاک ✦
قذالے ع خاک باریک - غبار ✦
قذر ع پلیدی نجاست جو ظرف کی ہے ✦
قذرہ ع پلید ✦
قذعل ع بدشتر خرید - موٹا تازہ اونٹ ✦
قذف ع پتھر پھینکنا - گالی دینا - زنا کی تہمت دینا - قے کرنا ✦
قذف ع فراخ جنگل ✦

قاف معجمہ مع راۓ مہملہ

قر ع جاڑے کا موسم - جاڑا ✦
قر ع وہ چیز جو سرد ہو ✦
قرسو ع طبرستان میں - یہ لفظ لغات اسدی میں سے ہے ✦
قراد ع اونٹوں میں ایک قسم کا کیڑا ہوتا ہے جس کا دشمن پر مٹی پتھر وغیرہ چیزیں رکھتے ہیں ✦
قراء ع سمانی ✦
قراۓ ع جمع قریہ کی - شہر قصبے - گاؤں ✦
قراء ع جمع قاری کی ✦
قرآء خوشخوان جو زیادہ آدمی الکرام دوست ہوتا ہے - بڑے گراں جان کے معنی میں آتا ہے ✦
قرات ع رنگ سیاہ ✦
قراب ع تلوار کی میان - نیام تیغ - آئینہ میں ایک جگہ - اتنا منزل کی جریب مساحت - پانی کی مشک ✦
قراباغ ت ایران کے مشرقی حصے میں ایک شہر ہے ✦
قرابت ع رشتہ داری - قریب ہونا ✦
قرابتی ع منسوب قرابت - قرابتدار - رشتہ دار ✦
قرابت ابلی ف قومی قرابت - اس میں پہلا لفظ عربی ہے اور دوسرا ترکی دونوں سے ملکر لفظ فارسی ترکیب قرابت ابلی ہوگیا ✦
قرابہ - قرابۂ ع شراب کے کا شیشہ صراحی ✦
قرابۂ زرین ف آفتاب ✦
قراچور ف شمشیر - شمشیر دار ✦
قراچوری ت شمشیر - شمشیر براں - شمشیرزن ✦
قراح ع صاف پانی - ہر خالص چیز ✦
قراخان ف ہندوستان کے ایک بادشاہ کا نام ہے جو سکندر کا معصر تھا - افراسیاب کے پہلوانوں میں سے بھی ایک کا نام ہے ✦
قُراد ع چچڑی مشہور جانور ہے - جو کتے کے بدن پر ہوتا ہے ✦
قرار ع ٹھیراؤ - جماؤ - سکون - آرام ✦
قرار آرام گاہ ✦
قرارات ع سپاہیوں کی خوراک و تنخواہیں ✦
قرارداد ف قرار دیا گیا - بندوبست کیا گیا ✦
قرارگاہ ف ٹھیرنے کی جگہ ✦
قراسنقرت ایک شکاری سیاہ رنگ جانور کا نام ہے جسے ترکی ممالک اور ولایت تو شاہ کا نام بھی ہے اور ترکی غلاموں کا نام بھی ہوا کرتا ہے - اور مقابل میں آقسنقر کہتے ہیں ✦
قراشوران ف ترکیب قراول سپاہی اور سوران دیکھنے رفتہ - بہ سپاہی آمدہ وہ شخص جو بادشاہ کی طرف سے جوڑا لے کر دشتوں میں مشہور جائے تاکہ قافلہ والے رہزنوں اور لٹیروں کے ڈر سے بے کھٹکے ہو جائیں ✦
قراضہ ع چاندی یا سونے کا ریزہ - کترن ٹکڑا - مجازاً - دوانی - چونی ✦
قراضہ - قراضم ع ریزہ ریزہ ✦
قراقان ت عراق کے ایک دشت کا نام ہے ✦
قراطیس ع جمع قرطاس کی - کاغذ ✦
قراقر ع جمع قرقرہ کی - وہ آواز جو پیٹ کے اندر پیدا ہوا کرتی ہے - پیٹ کی گڑگڑاہٹ - مجازاً شور و غوغا ✦
قراقرم ت ترکستان میں ایک شہر ہے ✦
قراقوزلوت ترکی بادشاہ کے ایک قبیلہ کا نام ہے ✦
قرآن ع کلام اللہ - مسلمانوں کی کتاب مقدس - یہ لفظ مصدر ہے جس کے معنے پڑھنا ہیں - مگر مفعول کے معنی میں مستعمل ہو کر کتاب خدا کا علم ہو گیا ہے اس میں ۱۱۴ سورتیں اور ۶۶۶۶ آیات ہیں تمام قرآن شریف میں ایک سورۃ ہے جس کے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نہیں - اور ایک بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایسی ہے جس سے آگے سورۃ شروع نہیں ہوتی ✦
قران ع قریب ہونا - ملنا - حج و عمرہ باہم ادا کرنا - اصطلاح علم نجوم میں سوائے آفتاب کے کوئی سے دو ستاروں کا اجتماع ایک برج میں قران کہلاتا ہے بعض قران نہایت مبارک خیال کئے جاتے ہیں - جیسے زہرہ و مشتری کا قران قمر و مشتری کا قران قمر اور زہرہ کا قران - مولود کے حق میں اور ہر ایک کام کے آغاز کرنے کے واسطے نہایت مبارک سمجھا جاتا ہے ✦
قرانات ع جمع الجمع قرن کی ✦
قرآن خوان ف وہ شخص جو ہمیشہ کلام اللہ پڑھتا رہے - اس شخص سے بھی مراد ہے جو حکومت یا کسی عہدہ سرکاری سے معزول کر دیا گیا ہو ✦
قرام ع بت باریک پردہ - رنگین اور منقش پردہ ✦
قراول ت وہ سپاہی لوگ جو بیچ میں سے نکل جنگ کے واسطے آگے آگے چلیں - پیشرو لشکر - بندوقچی شکاری آدمی - فوجی محافظ ✦
قراولان ت - جمع قراول ✦
قراول باشی ت سپاہی محافظوں کا سردار ✦
قرائت ع بوزن ہدایت قرآت بوزن حکمت ع پڑھنا - اصطلاح میں حروف کو ان کے مخارج سے ادا کرنا ✦
قراۓ طیلسان ف ستارہ زحل سے مراد ہے ✦
قرائن ع جمع قرینہ کی - قرینے - مناسبتیں ✦
قرب ع نزدیکی ✦
قرب ع جمع قربہ کی - پانی کی مشکیں ✦
قربا ع جمع قریب کی ✦
قربت ع نزدیکی - خویشی ✦
قرباقہ ت مینڈک ✦

قربان ع نزدیک ہونا +

قُربان ع ۔ مذ وہ شے جسے خدا کی راہ میں صدقہ کر کے خدا کا تقرب حاصل کریں ۔ وہ جانور جو خدا کی راہ پر ذبح کیا جائے ۔ خدا کا قرب حاصل کرنیکے لئے ذبیحہ ۔ قربانی فارسی میں ۔ خانۂ کمان یعنی وہ غلاف جس میں کمان رکھی جائے +

قُربان گاہ ف جانوروں کو قربانی کرنے کی جگہ +

قُربان کرنا ف خدا کی راہ میں جانور ذبح کرنا ۔ قربانی کرنا +

قُربانی ف ذبیحہ یعنی وہ جانور جو خدا کی راہ میں ذبح کیا جاوے ۔ اس میں یائے نسبتی زیادہ کی ہوئی ہے ۔ جیسا کہ قلاقی اور معنوی اور خلاصی میں +

قُربت ع نزدیکی ۔ قرابت ۔ رشتہ داری +

قُربِ رُوحانی ع روحانی نزدیکی ۔ باطنی نزدیکی ۔ قربِ باطنی +

قُربِ فرائض ف خدا تعالیٰ سے وہ قرب جو ادائے فرائض سے حاصل ہو +

قُربِ نوافل ع التزام نوافل کے سبب بندہ کو جو قرب خدا کی درگاہ میں حاصل ہو +

قَربُوس ع زین کا حصہ ۔ قاش زین +

قِربہ ع مشک ۔ پانی کی مشک +

قُربات ع نزدیکی ۔ جمع قربت بمعنی نزدیکی +

قُرَّةُ العَین ع آنکھوں کی ٹھنڈک ۔ فرزند سے مراد لیا کرتے ہیں +

قرتبان ۔ قرتہ ۔ قرتبوس [illegible] ۔ بکتست سے عزت ۔ نظر دار +

قرح ع زخم ۔ زخم کرنا ۔ گھاؤ کرنا +

قرحان ع وہ شخص جسے [illegible] کبھی چیچک نہ نکلی ہو ۔ اونٹ [illegible] ۔ اور وہ اونٹ جسے کبھی خارش نہ ہوئی ہو +

قَرحہ ع زخم جس میں پیپ پیدا ہو گئی ہو +

قُرحہ ع ریش ۔ جراحت ۔ گھاؤ +

قِردہ ع بوزنہ ۔ بندر +

قردامن ف تخم سپند ۔ ہرمل +

قرزم ف بیچارہ ۔ مسکین ۔ تھ پانی بھرا گلہ +

قرشتہ ف وہ میل جو کسی زخم کے منہ پر جم جاتی ہے +

قرشی ت ماوراء النہر میں ایک شہر ہے +

قرشی ع قریش قبیلہ کا منسوب بہ قریش +

قرص ع ٹکیا +

قرصِ رُوئیں ف گھڑیال +

قرصِ زر ف آفتاب +

قرصِ زرِ مغربی ف ڈوبتا ہوا سورج +

قرصِ سیمیں ف چاند +

قرصِ گرم و سرد ف سورج اور چاند +

قرصِ مار ایک مرکب دوائی ہے جو سانپ کے زہر کی دافع ہے +

قرصِ ہفت درہ ۔ قرصِ زر ف آفتاب +

قَرض ع وام ۔ ادھار +

قرض خواہ ف جس نے قرض لینا ہو +

قرض دار ف جس نے قرض دیا ہو ۔ قرضدار +

قُرط ف پانی پیتے وقت اس کے گلے میں جو آواز پیدا ہوتی ہے جس سے بھی مراد ہے +

قرطہ ع گوشوارہ ۔ بالی +

قرطاس ع کاغذ +

قرطبُوس ع ہاتھ پھیلا کر چلنا وہ نیچے سے جیب +

قرطہ ع ایک گوشوارہ +

قرطم [illegible] جس میں قیمتی [illegible] ۔

قرطن [illegible] ۔ جو چیز [illegible] ۔

قرطی [illegible] سیاہ رنگ [illegible] ۔

قرظ [illegible] سے [illegible] ۔

قُرع ع جمع قرعہ کی جس کے معنی ایک لاٹ کے ہیں +

قُرع ع کدو جو مشہور ترکاری ہے ۔ کوٹنا ۔ کھڑکھڑانا +

قَرَع ع کسی بیماری کے سبب سر کے بالوں کا جھڑنا +

قُرعہ ع پانسا ۔ تانبے وغیرہ کا بنا ہوا جس سے نجومی وغیرہ جھگڑوں کو فال کر کے غیب کی بات بتلاتے ہیں +

قَرق ت منع کرنا ۔ باز رکھنا ۔ روکنا +

قُرُق ت نگہبانی ۔ منع کرنا ۔ باز رکھنا +

قُرُق ع مرغی کی آواز +

قُرُق ت دنبہ +

قرقاول ت سیاہ رنگ کے ایک خوبصورت پرندے کا نام ہے جس کا پرشاہان ایران تاج میں لگاتے ہیں بعض محققوں کے نزدیک وہ تدرو اور تیتر ہی ہے +

قرقف ع شراب ۔ آتش پرستوں کی ایک مذہبی کتاب ہیں +

قرم ع اونٹ ۔ شتر نر ۔ قوم کا سردار +

قرمز ع سب فارسی میں یہ لفظ اصل کرم رزہ ہے ۔ کیڑا جس سے ریشم رنگتے ہیں ۔ یہ اس کا معرب ہے ۔ مفرد ہوا ۔ بعد تخفیف کے دوسرا ق حذف کیا گیا ۔ قرمز ہوا ۔ یہ چھوٹے کیڑے ہوتے ہیں جن کو سکھا کر رکھ چھوڑتے ہیں ۔ اور بوقت حاجت ان کو جوش دے کر سرخ رنگ حاصل کرتے ہیں ۔ اور نیز سرخ ۔ لال +

قرمزی ع لال رنگ کا ۔ سرخ رنگ +

قرمزی روز ف صبح سے مراد ہے جو [illegible] وقت ظاہر ہوتی ہے +

قرمشاک ت [illegible] +

قرمل ع [illegible] ۔ اونٹ کا بچہ +

قرن ع حیوان کی شاخ ۔ سینگ [illegible]

مُدت دراز ۔ اسکی تعیین میں اختلاف ہے بعض سو برس کے عرصہ کو کہتے ہیں بعض ستر برس کے عرصہ کو ۔ بعض تیس برس کو ۔ مدت کوئی زمانہ ۔ پچھلا قول راجح ہے ۔ نام ایک مقام کا اور نام ایک قبیلہ یمن جس میں سے حضرت اویس قرنی ہیں ۔ پچھلے تینوں معنوں میں بعض محققین بھی فارسی والے استعمال کرتے ہیں +

قرنا ف کرنا جو اصل میں قرنا ہے ۔ نائے بزرگ ۔ بڑی نال +

قرناس ع بچی کو دیا ہوا یک کا ہوں +

قرناق ۔ قرنق ت خدمتگار ۔ کنیزک +

قرنفل ف لونگ ۔ یہ لفظ کرن پھول کا بنے کان ۔ اور پھول گل کا معرب ہے ۔ یعنے کان کا پھول کیونکہ اکثر عورتیں اس کو کان میں پہنتی ہیں +

قرقواط ع ناؤ ۔ کشتی ۔ مشک جس میں ہوا پھونک کر پانی پر تیرتے ہیں ۔ سرنائی بھی اس کو کہتے ہیں +

قُرُوت ت پنیر ۔ جغرات خشک شدہ +

قُرُوت شُدن مُحبت ف محبت کا پرچم ہونا ۔ محبت کا بگڑ جانا +

قُروطی ف ایک قسم کی آش ہے جو خشک شدہ دہی سے پکاتے ہیں +

قُروطی شُدن مُعاملہ ف معاملہ کا بگڑ جانا ۔ کام بگڑ جانا +

قُروح ع جمع قرحہ کی ۔ زخم +

قُرون ع جمع قرن کی ۔ سینگ ۔ مدت کے عرصہ ۔ زمانہ +

قرون اُولیٰ [illegible] پہلا زمانہ ۔ [illegible] +

قرہ ع خنکی ۔ سردی ۔ ٹھنڈک [illegible]

قریات ع جمع قریہ کی۔ دیہات +
قریب ع نزدیک۔ علم عروض میں ایک بحر کا نام بھی ہے +
قریرہ آنکھ کی خنکی۔ خوش و شادمان +
قریش ع اصل میں مصغر قرش کا ہے اور قرش سمندر میں ایک عظیم الجثہ جانور ہے جو تمام بحری جانوروں پر غلبہ اور فوقیت رکھتا ہے۔ اسی عظمت اور فوقیت کے اعتبار سے عرب کے اس قبیلہ کا نام پڑ گیا جو نضر بن کنانہ کی اولاد سے عرب میں شرف اشرفا اور سب پر غالب ہے۔ نبی آخر الزمان علیہ الصلوٰۃ والسلام اسی قبیلہ سے ہیں +
قریض ع شعر۔ کلام منظوم +
قریظہ ع یہود کے ایک قبیلہ کا نام ہے +
قرلطیات۔ [illegible] +
قرین ع پاس والا۔ ملا ہوا۔ ہم صحبت ہمنشین۔ یار دوست۔ مثل۔ مانند۔ نظیر +
قرینہ ع مناسبت۔ طرز۔ درمیان دو چیز کے مناسبت۔ ایک چیز کا دوسری چیز سے ملا ہونا +
قریہ ع گاؤں۔ قصبہ۔ شہر +

قاف معجمہ مع زائے معجمہ

قز ف ریشم کچا ریشم۔ یہ لفظ کژ کا معرب ہے +
قزاق ت رہزن۔ لٹیرا +
قزاغند۔ قزاگند۔ قزاگنگ ف قزاگند۔ کژاگند یعنی قز ریشم سے بھرا ہوا۔ وہ کوٹ جس میں کچا ریشم بھرا ہوتا ہے اور لڑائی کے وقت پہنتے ہیں کہ گولی تلوار اثر نہ کرے۔ [illegible] حفتان +
قزاوہ ف کجاوہ +
قزح ع [illegible]

پہاڑ اور ایک بادل کے موکل فرشتے کا نام ہے +
قزغان ت کڑاہی +
قزقان ف دیگ۔ بڑا پتیلا +
قزل ت سرخ۔ لال +
قزل ع لنگڑا +
قزل ارسلان ت مرکب ہے قزل بمعنے سرخ اور ارسلان بمعنے شیر سے۔ شیر سرخ نام ایک بادشاہ خاندان سلجوق کا جو ممدوح ظہیر فاریابی کا تھا۔ شاہ مذکور کے بال سرخ تھے اس لئے اس کا یہ نام رکھا گیا +
قزلباش ت قزل بمعنے سرخ اور باش بمعنے سر سے مرکب ہے۔ سرخ سر۔ لال چونکہ شاہ اسمعیل صفوی نے اپنی فوج کے لئے سرخ ٹوپی بارہ گوشہ کی بنوائی تھی اسواسطے ان لشکریوں کا لقب قزلباش ہو گیا تھا۔ پھر ان کی اولاد کو بھی قزلباش کہنے لگے۔ بہادر۔ سپاہی +
قزوین ف ایران میں ایک مشہور شہر ہے +
قزوینی شدن ف غضبناک ہونے سے مراد ہے۔ کیونکہ قزوین کے رہنے والے بہت مغلوب الغضب ہوتے ہیں +

قاف معجمہ مع زائے فارسی

قژاوہ ف کجاوہ +
قژہ ف پلید اور ناپاک شے +

قاف معجمہ مع سین مہملہ

قسا ع سخت دل ہونا۔ بے رحم ہونا +
قساس ف زمین میں ایک پہاڑ ہے جس کو حشو کہتے ہیں یا ایلیا میں ایک گاؤں ہے جو لوہے کی کان ہے +
قسا لاون ف سدھن زفت +
قسام ع بانٹنے والا۔ حصے بانٹنے والا۔ خوبصورتی +

قسامہ ع پچاس قسمیں سوگند یعنی اور اسکا یہ طریق ہے کہ جب کسی گاؤں میں کوئی چیز گم ہو جائے اور نہ ملے اور وہاں کے لوگ اس سے لاعلمی ظاہر کریں تو اس گاؤں کے پچاس آدمیوں سے قسم اٹھوائی جاتی ہے +
قساوت۔ قسوت ع سخت دلی سیاہ دل ہونا +
قسب ف ایک قسم کی خشک کھجور ہے جو قابض ہے +
قسر ع زبردستی کسی سے کوئی کام لینا بزور کوئی کام کروانا +
قسط عدل۔ انصاف حصہ۔ پانی کا آفتابہ +
قسط ع ظلم بے انصافی حق سے پھر جانا +
قسط ع کوٹ۔ مشہور جڑ ہے جو دو قسم کی ہوتی ہے قسط شیریں یعنی میٹھا کوٹ جڑ ہے تند شیریں مزہ اور قسط تلخ اور کڑوا کوٹ جڑ ہے تند و تلخ مزہ +
قسطای آتش پرستی کے احکام میں بوقا نامی حکیم کی تصنیف کی ہوئی ایک کتاب ہے +
قسطاس ع ترازو۔ ڈنڈی۔ یہ لفظ رومی ہے +
قسط بندی ف زمیندار لوگ جو روپیہ سرکاری کے حصے کر کے دیتے ہیں۔ اس کو قسط بندی کہتے ہیں +
قسطلان ع بیت المقدس کے قریب ایک شہر ہے +
قسطلانی ع منسوب بہ قسطلان +
قسطنطین ع ایک بادشاہ کا نام ہے جس نے شہر قسطنطنیہ آباد کیا اور ملک روم کا دار الخلافہ شہر روما سے قسطنطنیہ میں تبدیل کیا۔ یہی وہ بادشاہ ہے جس نے عیسوی مذہب اختیار کیا۔ یہی کانسٹنٹین کبیر تھا اس نے ۳۲۳ء میں حکومت کرنی شروع کی عیسائی حکومت روم میں اسی بادشاہ سے قائم ہوئی +
قسطنطنیہ ع ترکستانی روم کا دار الخلافہ ہے جس کو کانسٹنٹی نوپل اور اسٹنبول یا اسلام بول بھی کہتے ہیں۔ یہ شہر سات پہاڑیوں پر بنا ہوا ہے۔ اول درجہ کا بندرگاہ ہے۔ اسکا عظیم الشان لنگرگاہ گولڈن ہورن (یعنی طلائی سینگ) کہلاتا ہے۔ ترکوں نے اس شہر کو ۱۴۵۳ء میں فتح کیا تھا۔ اس کا نام اس کے بانی قسطنطین اول کے نام پر قسطنطنیہ رکھا گیا تھا +
قسم ع حصہ۔ بہرہ۔ ایک بھانت۔ بانٹ +
قسم ع حصہ کرنا۔ بانٹنا +
قسم ع سوگند +
قسمت ع بٹا ہوا۔ حصہ۔ نصیب۔ نصیبہ +
قسمت ع حصہ کرنا۔ بانٹنا +
قسمت خور ف روزی خور +
قسمت کردن ف تقسیم کرنا۔ بانٹنا +
قسورہ ع شیر درندہ +
قسوہ ع سخت دلی۔ سنگدلی +
قسیس معرب کشیش کا ہے۔ عالم دین نصاریٰ۔ بڑا پادری +
قسیم ع بانٹنے والا۔ شریک حصہ دار۔ اور بمعنے خوبصورت بھی +
قسیمہ ع ناز و نمک +

قاف معجمہ مع شین معجمہ

قش ف [illegible] کے بعد ہوتا ہے +
قشر ع چھلکا۔ پوست [illegible]

قُشَعرِیرہ ع بدن پر رونگٹے کھڑے ہو جانے +
قَشعان ع بڑا گرس ہونا ہو +
قَشَف ع بدحال ہونا۔ رنگ پھٹا ہو +
قُشُف ع حرب سے منہ کا جانا۔ تعریق مفلسی سے منہ کا خشک ہو جانا +
قَشقہ ف تلک۔ ٹیکا جو ہندو لوگ ماتھے پر لگاتے ہیں +
قِشلاق ت گرم مقام جہاں جاڑا بسر کیا جاوے۔ اور بیٹھے۔ چھاؤنی۔ جمی +
قُشُور ع جمع قشر کی۔ پوست۔ چھلکے +
قُشُون ت اس کا جمع لفظ قشن ہے۔ ترکی میں اکثر حرکت جمع کے اظہار کے لئے واو ملحق کرتے ہیں۔ فارسی والے اس کو قشون (بواو معروف) ہی پڑھنے لگ گئے۔ فوج کا دستہ۔ لشکر۔ گروہ۔ لشکرگاہ۔ چھاؤنی کیمپ +
قَشِیب ع نیا کپڑا۔ نئی چیز +

قاف معجمہ مع صاد مہملہ

قَص ع کترنا۔ کاٹنا۔ استخوان سینہ +
قَصّاب ع کاٹنے والا گوشت۔ اور بیچنے والا۔ قصائی۔ بوچڑ +
قَصّابگان ف یعنی ترکی جمع قصاب ایک پرندے کا نام ہے۔ مجازاً اس سے مراد کرگس ہے +
قَصّار ع دھوبی۔ گازر +
قِصارت ع کپڑے دھونا۔ پیشہ گازری +
قِصاص ع خون کا عوض لینا۔ زخم کا زخم سے قتل کا قتل سے۔ خون کا بدلہ +
قَصائی در اصل قصاب تھا جو عربی لفظ ہے جب بگڑ کر اہل ہند میں قصائی مشہور ہو گیا فقط گوشت کاٹنے والا۔ جانور ذبح کرنے والا۔ یہ لفظ ہندوستان میں قصائی زیادہ مشہور ہے +

قَصائِد ع جمع قصیدہ کی +
قَصَب ع نے۔ نیزہ۔ قلم کا۔ کپڑا کتان کا۔ ریشمی کپڑا باریک +
قَصْب ع کاٹنا۔ اسی سے قصاب کا لفظ بنا ہے جو قصائی کو کہتے ہیں +
قَصَبات ع جمع قصبہ کی۔ چھوٹے شہر۔ بستی +
قَصَباتُ السبق ع وہ لکڑیاں ہیں جو گھوڑ دوڑ کے میدان میں لگاتے جاتے ہیں۔ جو سوار ان پیشتر لے لیتے ہیں +
قَصَبُ الجیب ع ایک قسم کی کھجور۔ اور ایک قسم کی گھانس ہے جسے عام لمبا کانس کہتے ہیں جو دریا کے کنارے پیدا ہوتی ہے +
قَصَبُ السبق ع ایک نیزہ میدان میں فاصلہ پر گاڑ کر سب سوار گھوڑا دوڑاتے ہیں جو سوار آگے نکل کر اس نیزہ کو سب سے پہلے اٹھا لیتا ہے۔ وہ جیت جاتا ہے۔ یہ ایک سپاہیانہ کھیل ہے۔ اور ہار جیت بھی اس میں ہوتی ہے +
قَصَبُ السبق بُردن ف غالب آنا۔ سبقت لے جانا +
قَصَبُ الذریرہ ع چرائتہ جو ایک مشہور دوا ہے +
قَصَب ... ف بادلہ یا بُنا ہوا کپڑا +
قَصَبِ مصری ع مصر کا ریشمی کپڑا۔ سورج کی کرن۔ اور بجلی سے بھی مراد ہے +
قَصَبہ ع چھوٹا شہر۔ بڑا گاؤں۔ نے۔ اور جو مانند نے کے ہو۔ جیسے قلم کا نیزہ +
قَصد ع ارادہ۔ اعتدال۔ بیچ۔ معتدل چلنا۔ راہ راست پر چلنا۔ ہونا کسی کام پر +
قَصدِ کسے کردن ف کسی کے خون کا ارادہ کرنا۔ کسی کے مار ڈالنے کے درپے ہونا کسی کی گرفتاری کا ارادہ کرنا +

قَصر ع کوشک۔ محل۔ بڑے محل کو کہتے ہیں +
قَصرِ دوازدہ دری ف آسمان جس کے بارہ برج ہیں +
قَصرِ ہزار ستون ف ایک عالی شان محل محمد عادل شاہ تغلق کا جو بنایا تھا ۷۲۵ھ میں بنا۔ اس میں ہزار ستون تھے دہلی سے چند میل تغلق آباد کے جنوب کو اس کے کھنڈر پڑے ہیں +
قَصص ع بات کرنا +
قِصَص ع جمع قصہ کی۔ کہانیاں +
قَصعہ ع کاسہ بزرگ۔ بڑا پیالہ +
قُصوے ع انتہا۔ نہایت۔ دوری +
قُصُور ع کوتاہی۔ عاجز ہونا۔ قاصر رہنا۔ اور جمع قصر کی بمعنے محلات۔ یہ بستی ہے جو لاہور کے ضلع میں ایک قصبہ ہے +
قِصّہ ع کہانی۔ بیان کسی شے کا حال۔ خبر۔ سرگذشت +
قِصّہ دراز کردن ف لمبی چوڑی باتیں کرنی۔ بہت بکنا۔ بکواس کرنا +
قِصّہ کوتاہ ف حاصل کلام کا خلاصہ کلام۔ المختصر۔ القصہ +
قَصبچہ ف ایک قسم کا کتانی کپڑا ہے +
قَصیدہ ع مغز۔ سطبر و غلیظ۔ اور اصطلاح شعرا میں قصیدہ وہ نظم ہے جس میں پہلے شعر کے دونوں مصرعے باقی ابیات کے دوسرے مصرعوں کے ساتھ ہم قافیہ ہوں۔ اس میں مدح یا ذم وغیرہ کا بیان ہوتا ہے۔ کم از کم ۵ شعر کا قصیدہ ہوتا ہے۔ اور زیادہ کی کچھ حد نہیں۔ مضمون کے اعتبار سے قصیدہ کے کئی نام ہیں جس میں عشق کا مضمون ہو اس کو تشبیب۔ اور بہار والے کو بہاریہ۔ اور شیخی والے کو فخریہ اور شکایت آسمان کا ذکر ہو۔ تو حالیہ اور اگر شہر کے اجڑنے اور مٹنے کی بربادی کا ذکر ہو۔ تو شہر آشوب کہتے ہیں +
قَصیر ع کوتاہ۔ کوتاہی کرنے والا۔ ایک غلام کا ہے جو مشہور بادشاہ تھا +
قَصیل ع خوید۔ وہ گیہوں یا جو کا سبز چارہ +

قاف معجمہ مع ضاد معجمہ

قَضا ع حکم کرنا۔ حکم۔ اور اکثر پیمبارک نام کرنا۔ بیان کرنا۔ عبادت کا اس کا وقت گذر جانے۔ مرگ۔ موت۔ مرگ۔ اور حکم خدا کا مخلوقات کے حق میں جو مجموعہ اور مجملاً روز ازل میں ہو چکا +
قُضات ع جمع قاضی کی +
قَضا را ف اتفاقاً۔ اچانک۔ از بے قضا۔ قضا سے۔ خدا کے حکم سے۔ اتفاقاً +
قُضاعہ ع مکے کے ایک قبیلے کا نام ہے +
قَضا و قدر ع تقدیر۔ قسمت۔ حکم خدا۔ اور قضا و قدر میں فرق یہ ہے کہ قضا تو وہ حکم ہے جو ایک دفعہ ہی مجملاً روز ازل میں تمام مخلوقات کی نسبت ہو چکا۔ اور قدر وہ حکم ہے جو بتدریج رفتہ رفتہ اس حکم ازلی و قضا کے مطابق ہر ایک فرد مخلوقات کی نسبت علیحدہ علیحدہ بالتفصیل ہوتا جاتا ہے۔ پس قضا کو گویا امر و حکم کرنے والا کہنا چاہئے۔ اور قدر کو مامور۔ لیکن بعض حکما اس کے خلاف قدر کو آمر اور قضا کو مامور سمجھتے ہیں +

قضایا ع جمع ہے قضیہ کی بمعنی فیصلے۔ جھگڑے۔ قضیے۔ مقدمات۔ مطالب۔ خبریں +

قضائے حاجت ع حاجت کا رفع کرنا۔ پاخانہ پھرنا +

قضبان ع جمع قضیب ٹہنیاں +

قضیب ع ٹہنی۔ شاخ درخت۔ شمشیر۔ ذکر۔ آلۂ تناسل مرد کا +

قضیم ع چارپائے کے چارے کے جو +

قضیہ ع مطلوب۔ خبر۔ حکم۔ جھگڑا۔ مقدمہ۔ اصطلاح علم منطق میں وہ قول جو صدق اور کذب دونوں کا احتمال رکھے۔ جسے نحوی لوگ جملہ خبریہ کہتے ہیں۔ جیسے زیدٌ قائمٌ +

قضیۂ جزئیہ ع وہ ہے جس میں حکم کیا جاوے بعض افراد موضوع پر جیسے بعض حیوان انسان ہیں +

قضیۂ کلیہ ع وہ ہے جس میں حکم کیا جاوے سب افراد موضوع پر جیسے سب انسان حیوان ہیں +

قضیۂ منعکس ع کوئی امر جو برخلاف مدعا کے واقع ہو۔ کوئی مقدمہ جو حسب آپ کی طلب میں نہ آئے۔ اور عکس مستوی +

قضیۂ مہملہ ع وہ ہے جس میں موضوع شخص معین نہ ہو اور اس میں کلیت و جزئیت کا بیان نہ ہو لیکن وہ حکم جزئیہ کے ہوتا ہے جیسے الانسان حیوانٌ +

قاف معجمہ مع طائے مہملہ

قط ع جو ران میں کاٹا اسی سے مشتق ہے جو قط کا قلم کو بولتے ہیں اور معنے بس +

قطّ ع فقط۔ بس +

قطّ ع ہرگز۔ ہمیشہ +

قطا ع سنگ خوارہ جو ایک پرندہ ہے اور کنکر کھاتا ہے +

قطاب ع جیب یعنی قبا۔ اور کرتہ وغیرہ کا گریبان +

قطاب ع ایک قسم کا سموسہ جو بنتا ہے +

قطابی ف سموسہ کی مانند ایک چیز ہے جسے روغن میں بھونتے ہیں +

قطاۃ ف سنگ خوارہ +

قطاۃ ع کفل اسپ +

قطار ع اونٹوں کی جماعت جو برابر ہو۔ صف۔ لائن۔ بہرہ۔ ریل۔ ٹرین +

قطاریق ع شور و غوغا جو بروقت جنگ کے ہوتا ہے۔ ہائے و ہوئے جنگ +

قطاس ت قطاس لفظ ترکی کا ہے جس کے معنے ہیں پہاڑی گائے کے دم کے بال +

قطاع الطریق ع بٹ مار۔ لٹیرے۔ رہزن۔ ڈاکو +

قطاف ع میوہ چگنے کا وقت +

قطام ع محبت شہوت والی عورت ماخوذ قطم سے جس کے معنے تیزی شہوت کے ہیں +

قطائف ع جمع قطیفہ۔ چادریں۔ پیچیدہ۔ لوتریہ۔ لوزینہ کی سی روٹی۔ ایک قسم حلوے کا نام ہے +

قطب ع وہ کیلی جس کے گرد چکی پھرتی ہے۔ سردار قوم۔ نقش ہر شے۔ شیخ۔ یگانہ۔ مدار شے۔ اصطلاح علم جغرافیہ میں وہ نقطہ کرۂ ارض کا جو شمال اور جنوب پر ساکن ہے۔ محور زمین کا شمالی اور جنوبی سرا جو زمین کے ساتھ گردش نہیں کرتا۔ ہمیشہ ساکن ہے۔ اور اس کے سوا کرہ کے تمام نقطے حرکت کرتے ہیں شمالی سرے کا نام قطب شمالی ہے اور جنوبی کا قطب جنوبی +

قطر ع کنارہ۔ طرف۔ میں۔ ہندسہ اصطلاح میں وہ خط مستقیم جو مرکز دائرہ سے گذر کر دائرے کے دو ٹکڑے کرتا ہے +

قطرات ع جمع قطرہ کی۔ بوندیں +

قطران ع ایک سیاہ بدبودار روغن ہے جو چیڑ کے درخت سے نکلتا ہے اور خارش والے اونٹوں پر ملا جاتا ہے چیڑ کا تیل۔ ایک شاعر اور ایک شہر کا نام بھی ہے +

قطرب ع ایک بیماری ہے جس کے سبب بیمار دیوانہ پن اور جنون کے سبب کہیں قرار نہیں پکڑتا بلکہ بھاگتا ہے۔ در اصل قطرب ایک سیاہ رنگ کے کیڑے کا نام ہے جو پانی کی سطح پر بے ترتیبی سے دوڑتا رہتا ہے +

قطرہ ع پانی کی بوند۔ دوڑنا +

قطرۂ آب ف پانی کا قطرہ۔ تلوار۔ پیکان تیر اور ہتھیار صیقل کئے ہوئے +

قطرۂ ورد ف بادل آفتاب +

قطرہ زدن و کردن و فشاندن و کشیدن و برشتن ف دوڑنا یعنی کرنا +

قطرۂ زرد ف سورج +

قطرہ زن ف دوڑنے والا تیز رو +

قط زدن ف خط لگانے والا آدمی مجازاً وہ شخص جس پر قط لگائیں۔ مستغنی +

قطع ع کاٹنا +

قطعاً ع اصلاً۔ ہرگز +

قطع نظر کردن از چیزے ف اس چیز کا ذکر نہ کرنا۔ اس چیز کا خیال چھوڑ دینا۔ ترک کر دینا +

قطعہ ع ٹکڑا۔ ابیات جو دو شعر یا ان سے زیادہ ہوں اور مطلع ان میں نہ ہو۔ قطعہ کو اسی لئے قطعہ کہتے ہیں کہ گویا وہ غزل یا قصیدہ کا ٹکڑا ہوتا ہے جو مطلع دور کر دیا جائے۔ قطعہ دو اشعار سے کم نہیں ہوتا اور زیادہ کی کچھ تعیین نہیں +

قطف ع میوہ چننا۔ چھیلنا۔ چوپائے جانوروں کا راستے میں آہستہ چلنا +

قطفہ ع میوہ پکا ہوا پھل درخت کا +

قطف ع تمبوے کا ساگ +

قطمیر ع خرما کی گٹھلی کے اوپر کا چھلکا۔ سطحی چھلکا۔ اصحاب کہف کے کتے کا نام بھی ہے +

قطن۔ قطن ع روئی۔ روئی کا کھیت +

قطن ع وہ ہڈی جو درمیان دونوں سرین کے ہے یعنی ریڑھ کی ہڈی +

قطنی ع سوتی کا کپڑا۔ مشروع جس کا تانا ریشم اور بانا روئی کا ہو +

قطور ع رقیق چیز جو کان اور ناک میں ٹپکائی جائے +

قطوف ع میوہ ہا۔ جمع قطف کی +

قطیعت ع جدائی۔ دوری۔ بیگانگی +

قطیع۔ قطیع ع بکریوں اور گھوڑوں وغیرہ کا گلہ +

قطیفہ ع بنی ہوئی چادر +

قاف معجمہ مع عین مہملہ

قعب ع بات کی تہ۔ گہرا سخن۔ بات کا

نمکدان بڑا پیالہ جس میں ایک دو سیر ہو سکے +
قَعدَہ ع بیٹھنا۔ نماز میں التحیات پڑھتے وقت بیٹھنا +
قِعدَہ ع ایک قسم نشست کی ہے۔ جو دو زانو بیٹھ کر بیٹھتے ہیں +
قُعدَہ ع شتربان کی سواری +
قَعر ع کوئیں کا عمق۔ کنوئیں یا دریا کا گہراؤ۔ گہراؤ تھا +
قَعقَعَہ ع ہتھیاروں کی کھڑکھڑ۔ کھڑکھڑانا۔ خشک اور سخت چیز کو کھٹکھٹانا +
قَعموص ت میر شکار +
قَعُود ع بیٹھنا۔ جلوس۔ سونے کے بعد بیٹھنا۔ جوان اونٹ +
قَعِیدَہ ع شوہر کی ہمنشین عورت۔ شوہر کے پاس بیٹھنے والی عورت +

قاف معجمہ مع فائے معجمہ

قَفا ع گُدّی۔ گردن کی پشت۔ جانب پیچھے۔ عقب پس پشت فارسی میں بھول چوک ستمگری +
قفا خاریدن ف شرمندہ ہونا +
قفار ع بے سامان ہونا۔ وہ زمین جس پر پانی اور گھاس نہ ہو +
قفا گیران ف ظلوماں۔ بد خواہاں +
قفا نمودن ف پیٹھ دکھانی۔ بھاگ جانا +
قفا سیرت ف خوب۔ اچھی صورت +
قفا لیس بر زمین خوردن ف یعنی اس کی پیٹھ زمین پر جا لگی +
قفاست فلک ف آسمانی حادثہ +
قَفر ع وہ زمین جس پر پانی اور گھاس نہ ہو۔ بیاسا ہونا +
قفر ... گم ہو جانا۔ غریب ہو جانا +
قَفَس قفص ع جانور رکھنے کا پنجرہ۔ یہ لفظ سین اور صاد دونوں سے درست ہے مگر فارسی والے سین یا صاد دونوں سے لکھتے ہیں اور عربی والے صرف ص سے +
قُفل قُفُل ع تالا پنجابی جندرا +
قُفل ابجد ع ایک قسم کا قفل ہوتا ہے جس کے متعدد پہلوؤں پر حروف ابجد کندہ ہوتے ہیں۔ جب تک ان پہلوؤں کی ترتیب بموافق ترتیب حروف نہ ہو نہیں کھلتا +
قُفل آسمان ف کفر اور شرک مراد ہے جو مینہ کے نہ برسنے سے خشک سالی ہونے اور رحمت الٰہی کے مسدود ہونے کا باعث ہے +
قُفل بر در ایمان زدن ف نا درست کرنا۔ شرع کے برخلاف کام کرنا +
قفل بر در بست کردن ف فقیروں پر دروازہ بند کرنا۔ فقیروں کو گھروں میں گھسنے نہ دینا +
قفل بر زبان کسے انداختن
قفل بر دہن کسے زدن ف چپ کرا دینا۔ اور رشوت دینا +
قُفل بر لب خوردن ف چپ رہنا +
قُفل در راہ بودن ف راستہ مسدود ہونا +
قُفل رومی ف ایک قسم کا مضبوط تالا ہے +
قُفل وسواس ع گورکھ دھندا +
قُفّہ ع اونچی جگہ۔ زمین بلند بلند +
قَفیز ع پیمانہ صاع کا ایک پیمانہ ہے۔ ایک صاع آٹھ رطل کا ہوتا ہے۔ ایک رطل دو سیر کا ہے یا اٹھارہ من کی بابت ہے نیز ایک سو چوالیس گز شرعی کو کہتے ہیں +
قفیز پیمان ف عمر ہو چکنا +

قاف مع قاف

قَقدان ف عطار کا خریطہ +
قُقنُس یہ لفظ یونانی ہے۔ عربی ققنوس

ققنوس ع ایک پرند کا نام ہے۔ اس کی آواز سے علم موسیقی حکما نے نکالا ہے کہتے ہیں کہ اس کی عمر ہزار سال کی ہوتی ہے اس کا جوڑا یعنی مادہ نہیں ہوتی اور اس کا پیدا ہونا اس طور پر بیان کرتے ہیں کہ جب وہ اپنی کامل عمر یعنی ہزار برس کو پہنچ جاتا ہے تو لکڑیاں جمع کر کے ان کے اندر بیٹھتا ہے اور اس کی چونچ میں جو بہت سے سوراخ ہیں ان سے آواز کر شور کرتا ہے مگر ہر ایک سوراخ سے ایک علیحدہ علیحدہ راگ نکلتا ہے چنانچہ دیپک راگ جب نکلتا ہے تو ان لکڑیوں میں آگ لگ جاتی ہے اور وہ جانور جل کر خاک ہو جاتا ہے۔ پھر جب قدرت الٰہی سے مینہ برستا ہے۔ تو اس خاک میں سے ایک انڈا پیدا ہو جاتا ہے اس میں سے اسی نوع کا ایک جانور پیدا ہوتا ہے۔ اس جانور کو فارسی میں اسی واسطے آتش زن بھی کہتے ہیں +

قاف معجمہ مع لام مہملہ

قُل ع کہہ۔ بولا ورد نام سورۂ اخلاص کا +
قُل ت غلام +
قُلّاب ت گوپھیا۔ سنجی +
قلا مردشمنی ت کسی سے دشمنی رکھنا +
قُلّا ع بادامی رنگ کا گھوڑا جس کی پیٹھ پر بال سے دم تک سیاہ خط ہو +
قُلّاب ع قلابہ۔ مشتق۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا لوہے کا +
قلّاب ع کھوٹی چیز بیچنے والا۔ دغا باز +
قُلّابہ مچھلی پکڑنے کی کنڈی جس سے مچھلی پکڑی جاتی ہے +
قُلّابی ف کھوٹی چیز۔ جعلی۔ دغا باز +
قلات ف بلوچستان کا دار الخلافہ ہے جو کاروانوں کی تجارت کا مرکز ہے +
قلات گازران ف شیراز کے پاس ایک جگہ ہے۔ شیخ سعدی علیہ الرحمت کا مقبرہ وہیں ہے +
قُلاج ت کسی چیز مثلاً کمان وغیرہ کو زور سے کھینچنا۔ دونوں ہاتھوں کی لمبائی +
قلاچوری ف دیکھو قراچوری +
قلادہ گلے کا پٹا۔ اونٹ وغیرہ کے گلے کا پٹا۔ گردن بند سگ و شتر +
قلاوُرون ف لشکر کے نقیب +
قُلاری ف ایک قسم کی سفید چڑیا ہے جس کا سر زرد ہوتا ہے +
قلاسنگ ف ایک قسم کی گوپھیا جس سے پتھر مارتے ہیں +
قلاش ت مرد بے نام و ننگ۔ مفلس۔ لُچا۔ بدمعاش۔ بخیل کنجوس +
قلاشیرہ ف سنجی +
قِلاع ع جمع قلعہ کی +
قلاع ع وخش میں ایک مشہور پہاڑ ہے +
قلاق ت ترکستان میں ایک شہر اور ایک قوم ہے +
قُلاق ت گوش۔ کان +
قلاقل ف جنگلی انار +
قلاوُز ت رہبر۔ مقدمۃ الجیش لشکر۔ پاسبان فوج +
قلاوُزی ت رہبری۔ پیشروی +
قلائد ع جمع قلادہ کی +
قلب ع دل۔ اُلٹا۔ دگرگون۔ بادشاہ
جی بیچ والے کو کہتے ہیں۔ ایک سیسہ

میں لٹکا ہوا ہے۔ ہر چیز کا درمیان۔ کھوٹا چاندی سونا۔ دشوار گذار جگہ۔ گڈ معب رستہ۔ فوج کا درمیانی حصہ۔ منازل قمر سے اٹھارویں منزل کا نام بھی ہے +

قلب داران ف وہ سپاہی جن سے لشکر کا قلب قائم ہو۔ فوج قلب کے سپاہی اور افسر۔ مجازاً قوی دل۔ بہادر۔ دلیر۔ جیالا۔ منقلب کے معنے دل الٹے جائیں +

قلب گاہ ف وہ جگہ جہاں درمیانی فوج کھڑی ہو +

قُلبہ ف زمین جوتنے کا ہل +

قُلبہ ران ف زمیندار۔ ہل جوتنے والا +

قلبی ع بدلا ہوا۔ الٹ کیا ہوا۔ دلی +

قلپاق ت ایک قسم کی ٹوپی ہے۔ کلاہ +

قُلت ع گڑھا۔ مغاک۔ پہاڑ کا پانی جس میں پانی جمع ہو +

قِلت ع کمی۔ کمیابی +

قلتبان ف دیوث۔ بے شرم۔ بدبخت +

قُلت ف آش +

قلتاق ت چوب زین +

گِرَوِیدن ف رغبت کرنا۔ایمان لانا۔فرمانبرداری کرنا۔قبول کرنا۔کسی کی محبت کو دل میں جگہ دینی +
گِرِہ ف گانٹھ۔مشکل۔دل +
گُرِہ ف گھٹڑا۔سبو +
گِرِہ بباد زدن ف لغو حرکت کرنی بیہودہ کام کرنا۔عمر پر بھروسا کرنا بے بقا کام پر تکیہ کرنا +
گِرِہ بُرف کیسہ بُر۔جیب کترا۔یعنی وہ شخص جو لوگوں کی جیب کتر کر مال نکال لے +
گِرِہ بابرو زدن - و آوردن و انداختن ف بھووں پر بل ڈال لینا۔جبیں پڑھانا۔تیوری چڑھانی غصہ کرنا +
گِرِہ بابرو کردن ف تیوڑی چڑھانی۔خفگی ہونا +
گِرِہ بر باد ف دنیا کی بے اعتباری +
گِرِہ بر جبین زدن ف تیوڑی چڑھانی۔خفا ہونا +
گِرِہ بر سر چیزے زدن ف اُس کے اوپر گرہ لگانی۔اُس کو بند کرنا۔روک رکھنا +

گِرِہ بر گِرِہ ف پیچ در پیچ۔مشکل پر مشکل +
گِرِہ بر گوش زدن ف بہرا ہو جانا۔کسی کی بات نہ سُننا +
گِرِہ بسایہ زدن ف لغو حرکت کرنی۔بیہودہ کام کرنا۔بے بقا کام پر تکیہ کرنا +
گِرِہ بکار زدن۔گِرِہ بکار انداختن ف حاجت روا کرنا مشکل ڈال دینا +
گِرِہ در ابرو زدن ف تیوری چڑھانی۔بے دماغ ہونا +
گِرِہ در کار افتادن ف سخت مشکل آپڑنا +
گِرِہ در گلو شکستن۔گِرِہ در گلو بستن ف گلا بند ہوجانا دہشت اور گھبراہٹ ظاہر ہونا +
گِرِہ زدن۔گِرِہ نہادن ف گانٹھ دینا۔دنیا کا مال جمع کرنا +
گِرِہ گوشت ف گوشت کی گانٹھ غدود +
گِرمی فا گِرِیستن مصدر کا +
گِرِیال ف گھڑیال +
گِرِیان ف روتے ہوئے رونے والا +
گِرُویان ف گریاں۔کلاہ۔آتش دان۔فدا۔قربان +
گِرِیانیدن ف رولانا +
گِرِیبان فم ترکیب ہے۔گرے و بیان سے مجہول بمعنی گردن اور

بان رکلمہ محافظت) سے۔محافظ گردن۔گریبان۔جیب۔پوکٹ +
گِرِیبان چراغے گرفتن ف پرتو اور نور صفائی حاصل کرنا +
گِرِیبان کشیدن ف اپنی طرف مائل کرنا۔رغبت دلانا۔ہمراہ لے چلنا +
گِرِیبان دامن کردن ف مراقبہ میں سر جھکانا +
گِرِیبان گرفتہ آوردن ف زبردستی لانا +
گِرِیبان گِرف عذر کرنا۔مقابلہ کرنا +
گِرِیبانی ف پیراہن۔کرتہ +
گِرِیچ - گِرِیچہ ف گرچہ +
گُرِیختن - گُرِیفتن ف بھاگنا +
گُرِیز ف بھاگنا۔اصطلاح میں ایک مضمون سے دوسرے مضمون پر آنا +
گُرِیز انیدن ف بھگا دینا +
گُرِیز پا ف لونڈی اور غلام جو ہمیشہ گھر سے نکل جایا کرے +
گُرِیز گاہ ف وہ جگہ جہاں بھاگ کر پناہ لیں +
گُرِیزیدن ف بھاگنا +
گُرِیس - گُرِیسہ ف مکر و حیلہ فریب۔چاپلوسی +
گِرِیستن ف رونا +
گِرِیستن ہوا ف ہوا کا رونا یعنی مینہ برسنا +
گِرِینگ ف کھوہ۔گڑھا +
گِرِینگ ف بلبل کی آواز۔مانند بلبل

کی آواز +
گُرِیغ ف گریز +
گُرِیوازہ ف موتیوں یا لعلوں کا ہار +
گُرِیوہ ف ٹیلا +
گُرِیو دُوم ف خیانت +
گِریہ ف رونا +
گِریہ از چشم گشادن ف آنکھ کو رولانا +
گِریہ در گلو پیچیدن۔گِریہ در گلو گرہ شُدن ف شدت گریہ کے سبب دم رُک جانا۔ہچکی بندھ جانا +
گِریہ در گلو داشتن ف رونے کو تیار ہونا +
گِریہ کردن ف آنسو بہانا۔رونا +

گاف فارسی مع زائے معجمہ

گَز ف زمین کپڑے وغیرہ کو پیمائش کرنے کا آلہ۔گزیدن سے امر بھی ہے۔ایک قسم کا تیر بھی ہے جھاؤ کا درخت +
گَز ف دندان۔دانت +
گُزار ف نشتر۔تصویر کا خاکہ ادا کرنا۔ادا کر۔ادا کرنے والا۔نیت +
گُزار ف سخن ادا کرنے والا +
گُزاردن - گُزاریدن ف ادا کرنا۔چھوڑنا۔مہلت دینا۔تصویر کا خاکہ کھینچنا +
گُزارش - گُزارِشن - گُزارہ ف مطلب ادا کرنا۔عرض۔خواب کی تعبیر۔شرح۔تفسیر

گُزارِش گر ف خواب کی تعبیر بیان کرنے والا۔ بیان کرنے والا۔ عرض کرنے والا۔ لے جانیوالا۔ ادا کرنے والا۔ قبول کرنے والا +

گُزارِش نامہ۔ گُزارِشی نامہ گُزارنامہ۔ گُزارہ نامہ ف خواب کی تعبیر تفسیر کی کتاب +

گُزارہ ف دیکھو گُزارِش +

گُزاف۔ گِزافہ ف جھوٹ فریب بیہودہ۔ بکواس بے حد۔ بے حساب۔ ڈینگ +

گُزاف زِنگاں۔ گُزاوزنگاں

گُزاونگاں ف جلد۔ شتاب۔ جلد سی

گُزالہی ف اکبر شاہی گز جو ۴۱ انگل کا ہوتا ہے +

گُزان ف کاٹتا ہُوا +

گُزانیدن ف کٹوانا +

گُزاوہ ف کج رو۔ بیہودہ۔ ج +

گُزاے ف کاٹنے والا۔ دُکھ دینے والا۔ کاٹ +

گُزایش۔ گُزایش۔ گُزایش ف اول مشتاق اور خورد بالفتح کاٹنے اور دُکھ دینے کو ہاتھ کی لکڑی۔ اور بالکسر پرچیں کے معنے میں بھی آیا ہے +

گُزبادی ف ایک قسم کا ناچ ہے +

گُزپاف ایک قسم کا جانور ہے جس کے پاؤں لمبے ہوتے ہیں +

گُزر ف گاجر +

گُزر ف چارہ و علاج مخفف گزیر +

گُزر ف دستہ جوراہوں کی خرچ یعنی چارہ و علاج۔ اس معنے میں بکسر زائے عجمی صحیح ہے۔ و مخفف گزیر کا بھی آتا ہے +

گُزردن ف علاج کرنا +

گُزرنامہ ف خواب کی تعبیر +

گَززدن ف گز سے پیمایش کرنا +

گِزشائگاں۔ گِزملک ف خراسان کا گز +

گُزشتن ف ہوچکنا ختم ہونا گذرنا گزرجانا۔ مجازاً مرجانا +

گُزف ف قیر +

گُزک ف شراب کا خمار توڑنے کے لئے جو کھاتے ہیں۔ جیسے کباب پستہ بادام سیب۔ انار۔ وغیرہ جاڑے سے ٹھٹھرا ہُوا +

گُزکردن ف گز سے ناپنا +

گُزلک ف چھوٹی سی چھری جس کا دستہ لمبا ہو۔ ایک قسم کا قلم تراش ہے جس کا سرا ابھرا ہُوا اور اس کے پیچھے کی طرف باریک ہوتی ہے یہ اکثر بصرے سے لاتے ہیں +

گُزم ف جھاؤ کا درخت +

گُزمازک۔ گُزمازو ف جھاؤ کا پھل +

گُزند ف صدمہ۔ دُکھ۔ تکلیف۔ آسیب۔ آفت۔ رنج۔ نظر بد +

گُزنند ف گھاس سے بھری ہوئی جوال +

گُزنے ف تر و خشک۔ گل تر و خشک +

گُزہ ف ایک قسم کا تیر ہے۔ چوب جس سے نقارہ بجاتے ہیں +

گُزیت۔ گُزیہ ف خراج ٹیکس جزیہ اسی کا معرب ہے +

گُزیدہ ف انتخاب کیا ہُوا چنا ہُوا +

گُزید ف جزیہ۔ رشوت۔ گزیدن کا ماضی بھی ہے +

گَزیدن ف کاٹنا خواہ انسان خواہ کوئی حیوان کاٹے کسی آلے سے یا منہ اور دانتوں سے توڑنا قطع کرنا +

گُزیدن ف چُن لینا۔ پسند کرنا اختیار کرنا +

گَزیدہ ف کاٹا ہُوا ڈسا ہُوا۔ رنجیدہ +

گُزیدہ ف پسند کیا ہُوا چنا ہُوا چھانٹا ہُوا۔ اختیار کیا ہُوا عمدہ پسندیدہ۔ ایک تفسیر بھی ہے اور ایک کھیل کا نام بھی ہے +

گُزیر۔ گُزیرہ ف چارہ۔ علاج تدبیر +

گُزیر۔ گُزیرف پیشکار کوتوال سرہنگ پہلوان +

گُزین ف پسندیدہ چنا ہُوا چھانٹا ہُوا عمدہ یہ اسم مفعول کے معنی میں امر کا صیغہ ہے +

گُزینش۔ گُزینہ ف چنا ہُوا پسندیدگی۔ خاصیت +

گُزینہ ف ختنیوں کی ہرن جس سے وُہ برتن کو عمیق کرسکتے ہیں۔ خواہ موٹا کپڑا جس سے خیمے بناتے ہیں +

گُزینی ف خاصیت +

کاف فارسی مع زائے معجمہ

گُژاژ ف حوصلہ۔ پرندوں کی تھیلی +

گُژدہم ف ایک ایرانی پہلوان کا نام ہے +

گُژفت ف۔ قیر +

کاف فارسی مع سین مہملہ

گُسار دن۔ گُساریدن۔ ف۔ چھوڑنا۔ کھانا۔ توڑنا +

گُسارندہ۔ ف۔ کھانیوالا +

گُستاخ ف۔ شوخ۔ چالاک بے ادب +

گُستاخ چشم ف وہ شخص جس کی آنکھ سے خفگی و غصہ ظاہر ہو۔ اور جو شخص اُس کی طرف نظر کرے اس پر خوف اور ہیبت طاری ہو جائے یا وہ شخص جسکی آنکھ کسی آفت سے نہ جھپکے۔ اور یہ کمال شجاعت کی دلیل ہے۔ اسی واسطے بجائے شجاع اور بہادر کو کہتے ہیں +

گُستاخ دست ف چالاک چابک دست +

گُستاخ رُو ف بےشرم بےحیا بے ادب +

گُستاخ گوے ف جو کلام کرنے میں پس و پیش نہ دیکھے جو کچھ چاہے کہتا چلا جائے +

گُستاخی ف شوخی۔ بے ادبی +

گُستر ف بچھانے والا بچھاؤ +

گُستراندن ف بچھوانا +

گُستردن ف بچھانا +

گُسترش ف بچھانے کی چیز۔ خواہ جال ہو۔ خواہ بچھونا۔ خواہ فرش +

گُسستن ف ٹوٹنا۔ توڑنا شکستن اور گسستن میں یہ فرق ہے کہ شکستن سخت چیزوں کے توڑنے کے واسطے آتا ہے۔ جیسے لکڑی وغیرہ اور گسستن میں اور نرم

چیزوں کے توڑنے کے لئے آتا ہے جیسے رسّی اور تاریں وغیرہ +

گُستہم ف نوذر بن منوچہر کے بیٹے کا نام ہے اور گژدہم ایک ایرانی پہلوان کے بیٹے کا نام بھی ہے +

گُستہ دل ف رنجیدہ خاطر +

گُستہ عنان ۔ گُستہ لجام

گُستہ مہار ف آزاد آدمی جس کا جو کچھ دل چاہے ۔ ویسا کرے شتر بے مہار بے قید آدمی سرکش آدمی +

گُستہ نُور ف نیا چاند ہلال سونے چاندی کا پیالہ کشتی کی شکل کا بنا ہُوا +

گُسِل ف امر گسختن منقطع کر +

گُرسِن ۔ گُسنگی ف بھوک +

گُسنامار ف بہت بھوک بھوک کا غلبہ +

گُسنہ ف بھوکا ۔ گرسنہ +

گُسیختن ف ٹوٹنا +

گسے ۔ گُسیل ف رخصت کرنا ۔ وداع کرنا ۔ روانہ کرنا بھیجنا +

کاف فارسی مع شین مُعجمہ

گَش ف خوب ۔ خوش ۔ ناز و تکبر کی چال ۔ مٹک کر چلنا ۔ کشتی ۔ سوسہ ۔ سراست +

گَش ف بلغم +

گِش ف دل ۔ قلب +

گُشادہ ف کشادہ ۔ فراخ فتح و ظفر خوشی ۔ تیر چلانا +

گشادنامہ ف فرمان بادشاہ جو عنوان پُر سُرخی +

گشادہ دل ف کریم ۔ سخی ۔ خوش حال +

گشادہ زُبان ف فصیح و بلیغ +

گشادنشگان ف چاروں فصلیں یعنی بہار ۔ خزاں ۔ گرمی جاڑا +

گشاسب ف گشتاسب +

گشت ف ہُوا ۔ ہوگیا ۔ پھرا ۔ سیر پھرنا ۔ محو کرنا ۔ مٹا دینا ۔ خربزہ اندرائن ۔ دیکھنا +

گشتاف ف بہشت ۔ جنت +

گُشتاسپ ف ایران کے ایک بادشاہ کا نام ہے جس نے ایک سو ساٹھ برس حکومت کی ۔ اسفندیار روئین تن اسی کا بیٹا تھا ۔ زردشت آتش پرستوں کا پیغمبر اسی کے زمانے میں تھا ۔ اور اس نے اس کا مذہب قبول کرکے دنیا میں پھیلایا +

گشتر ف خوش تر ۔ بہت خوش +

گشت زدن ۔ گشت کردن ف سیر کرنا ۔ پھرنا +

گُشتنب ۔ گُشنب ف گشتاسب +

گشتن ف ہونا ۔ پھرنا +

گشتہ ف پھرا ۔ الٹا ۔ معکوس ۔ احول ۔ بھینگا +

گشن ۔ گشسن ف ہر چیز کا انبوہ اور بہت ہونا +

گُشن ف نر ۔ مادہ کا طالب بہت ہونا مادہ کو نر کی خواہش ہونا ۔ جانور کا حاملہ ہونا ۔ کھجور کے درخت کا پھل لانا +

گشنی ف نر جانور کا مادہ کے ساتھ جفتی کرنا +

گشنیز ف دھنیا +

گشنیز ف مٹک کر چلنا +

گشنیز حضرم ف شراب انگوری +

گشتی ۔ گشی ف خوشی ۔ خوشحالی تندرستی +

کاف فارسی مع فائے معجمہ

گُفت ف کہا ۔ اور حاصل بالمصدر گفتن کا بھی ہے بمعنی گفتار ۔ گفتگو ۔ کلام ۔ بات +

گُفتار ف بات چیت ۔ گفتگو ۔ بیان +

گُفتار درہم ف بے جوڑ بات سخن نامربوط +

گُفتگو ف بات چیت +

گُفتن ف کہنا ۔ بولنا ۔ کرنا +

گُفتہ ف کہا ہوا ۔ قول +

گُفتی ف تو کہے ۔ کلمہ تشبیہ کا ہے جیسے گوئی اور گویا +

کاف فارسی مع لام

گُل ف پھول ۔ جہاں یہ لفظ بلا اضافت آتا ہے ۔ وہاں گُلاب کے پھول سے جیسے عربی میں ورد کہتے ہیں مُراد ہوتی ہے ۔ اور جہاں اضافت ہوتا ہے وہاں اُسی درخت کے پھول سے مراد ہوتی ہے جس کی طرف اضافت کیا جاتا ہے ۔ جیسے گُلِ سوسن ۔ گلِ نرگس وغیرہ اور یہی انگر ۔ چنگاری آگ کی ۔ مجازاً نتیجہ ۔ بہتر ۔ خوب سُرخ رنگ ۔ دوست +

گِل ف کیچڑ ۔ مٹی ۔ پانی میں ملی ہوئی مٹی ۔ خاک منجمد اور خشک +

گُلاب ف کسی خاص پھول کا پانی یا عرق ۔ ایک مشہور پھول کا نام بھی ہے +

گُلاب زن ف گلاب پاش +

گُل ابر ف بادل کا چھوٹا سا ٹکڑا +

گُلِ آسمان ف سورج +

گُلاب افشاندن و زدن و انداختن و پاشیدن ف گلاب چھڑکنا +

گُلاب طبری ف طبرستان گلاب +

گُلاب کشیدن و گرفتن و ستدن ف گلاب نکالنا +

گِلابہ ف گارا جس سے عمارت بناتے ہیں ۔ اور دیوار کے روزن میں لگاتے ہیں +

گُلابی ف چھوٹی سی صُراحی شیشی رنگین جس میں گلاب وغیرہ ڈالتے ہیں ۔ یہ فارسی ہندیوں کی ہے ایران میں اُسے گلاب افشان کہتے ہیں ۔ ایک قسم کا امرود +

گُلِ آتشی ف سرخ گلاب جو شوخ پھول ہے +

گُلاج ف ایک پاکیزہ حلوے یا ایک قسم کی بہت پتلی روٹی کا نام ہے +

گُل احمر۔ گُل حمر ف گلاب کا پھول +

گُل اژدہی ف سپاہی مائل سُرخ رنگ کا پھول ہے +

گُل زچراغ گرفتن ف گُل لینا +

گُل افشان۔ گُلفشان ف ایک قسم آتشبازی کی جسے ہندی میں پھلجھڑی کہتے ہیں +

گُلاگونہ ف گلگونہ۔ غازہ +

گُل رنگین کردن ف بھر دینا صراحی یا پیالے کو شراب لعل سے بھرنا +

گُلالہ ف پیراہن قمیض۔ زلف +

گُلان ف خلاف قاعدہ گُل کی جمع ہے۔ جھاڑ (امر) ایک قسم کی مہندی کی بوٹی بھی ہے +

گُل اندام ف محبوب نازک اندام +

گُلانی ف گُل فروش۔ باغبان +

گُلانیدن ف جھاڑنا +

گُلاہ ف سیاہ۔ شیخ زین الدین علی نام ایک فقیر کا لقب ہے۔ جو سیاہ پوش تھا +

گُلبار ف ایک شہر کا نام ہے +

گُل پارسی۔ گُلنار پارسی ف ایک قسم کا پھول ہے۔ نہایت سُرخ رنگ۔ اور خوبصورت +

گُل پارسی ف ایک قسم کی بوٹی ہے جس سے عورتیں سر دھوتی ہیں +

گُلبانگ۔ گُلبام ف خوشی کے وقت کا شور و غل۔ آواز خوش خوشخبری۔ بلبل کی آواز۔ شادی اور پہلوانوں کا نعرہ +

گُلبانگ برقدم زدن ف بہت جلد چلنا +

گُل بجمالت ف تحسین و تعریف کے موقعہ پر بولتے ہیں +

گُل بدن ف محبوب۔ اور گُلبدن جو ایک مشہور کپڑا ہے۔ قماش +

گُل پرورده ف آدمی کا جسم +

گُلبن ف درخت گُل سُرخ +

گُلبند ف باندھنو جو ایک قسم کا رنگین کپڑا ہوتا ہے +

گُل بیگانہ ف خودرو پھول +

گُل پیادہ ف جس کا پیڑ چھوٹا ہو مثل نرگس اور لالہ کے +

گُل تسبیح ف امام تسبیح جو تسبیح کا سب سے بڑا دانہ دھاگے کے دونوں سروں میں پرویا ہوتا ہے۔ اور ایک پیڑ کا نام ہے جسکے بیج گول اور سیاہ مثل دانہ تسبیح جیسے ہوتے ہیں۔ انکی تسبیح بھی بناتے ہیں +

گُل جعفری ف ایک زرد رنگ پھول کا نام ہے +

گُل چشم ف تھوڑی سی سفیدی جو آنکھ پر چھا جاتی ہے۔ ہندی پھولا +

گُل چیدن ف پھول توڑنا۔ سیر کرنا +

گُل چہر ف آگ سے مراد ہے +

گُل حکمت ف کپرُوٹی۔ دیکھو طین الحکمت +

گُلخن ف مرکب ہے گُل بمعنی چنگاری اور خن (مخفف خانہ کا) ہے۔ خانۂ آتش آتشدان بھٹی بھاڑ اور بمعنی کوڑی کے بھی آیا ہے اس صورت میں دراصل یہ لفظ گلخن (کاف کلمن سے) ہے گُل تری میں راکھ کو کہتے ہیں۔ اور خن مخفف خانہ کا ہے۔ اور کوڑی اکھاڑ کوڑا کرکٹ وغیرہ پھینکنے کا ہی مقام ہے +

گُل خواندن ف اپنا سارا روپیہ ایک داؤ پر لگا دینا۔ جھل +

گُل خودرو ف ایسے پھول جو جنگل اور باغ کے نواح میں خود بخود اُگ نکلیں +

گُل داؤدی ف ایک قسم کا پھول ہے ہندوستان میں زرد رنگ کا بھی ہوتا ہے۔ اور سفید بھی +

گُل درآب انداختن ف تازہ فتنہ برپا کرنا +

گُل در چراغ افتادن ف چراغ کا روشن ہونا +

گُلدستہ ف پھولوں کا دستہ بندھا ہوا +

گُلدم ف بلبل +

گُل دمیدن ف پھول کھلنا +

گُل دوروے ف ایک قسم کا پھول ہے اندر سے سُرخ اور باہر سے زرد +

گُل رُخ ف وہ شخص جس کے رخسار گلاب کے رنگ کے ہوں +

گُل رعنا ف ایک پھول کا نام ہے۔ جو اندر سے سُرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہے +

گُلریز ف پھلجھڑی +

گُلزار ف گُل (پھول) اور زار (کلمہ ظرفیت) سے مرکب ہے۔ پھولوں کی جگہ۔ باغ۔ مجازاً۔ خرم شگفتہ +

گُلزار ابراہیم ف آگ جو حضرت ابراہیم علیہ السلام پر گلزار ہو گئی تھی +

گُل زدن ف حریف کو کشتی اور جنگ کے واسطے طلب کرنا +

گُل زرد ف زرد رنگ کا ایک پھول ہے۔ جو قسطنطنیہ کی طرف سے آتا ہے۔ اور خونی اسہال کو بند کرتا ہے +

گُل زرد فلک ف سورج +

گُل زمین۔ گُل زمین ف زمین کا اچھا قطعہ سبز اور شاداب زمین +

گُلستان۔ گُلِستان

گُلِستو۔ گُل (پھول) اور ستان (کلمۂ ظرفیت) سے مرکب ہے۔ پھولوں کی جگہ۔ باغ +

گُلستان زادہ ف پھول اور سبزہ۔ کنیزک زادہ۔ دایہ زادہ +

گُل سُرخ ف گلاب کا پھول مجازاً آفتاب +

گُل سرسبد ف سب سے عمدہ چیز +

گُلشاہ۔ گُلاش ف کیومرث +

گُل شب افروز ف ایک قسم کے پھول کا نام ہے +

گُل شبّو ف ایک قسم کا پھول ہے جو رات کو خوشبو دیتا ہے +

گُل شدن ف ظاہر ہونا +

گُل شدن چراغ ف چراغ کا بجھ جانا +

گُل شکر ف گلقند +

گُل شگفت ف امر عجیب ہُوا +
گُل شگفتن ف پھول کھلنا۔ کوئی عجیب امر ظہور میں آنا +
گُلشن ف باغ۔ یہ لفظ مرکب ہے گُل (یعنی پھول) اور شن (کلمہ ظرفیت) سے +
گُلشن قُدس ف عالم جبروت +
گُلشنی ف ایک شاعر کا تخلص ہے +
گُلشہر ف افراسیاب کے سپہ سالار پیران ویسہ کی عورت کا نام ہے +
گُل صد برگ ف سو پتے والا پُھول۔ گیندے۔ ود گُل کے پھول سے مراد ہے +
گُل صد برگِ آسمان ف سورج +
گُل عذار ف حسین مجازی معشوق +
گُلغنچہ۔ گُلغنچہ ف گُلدندی +
گُلغر ف فقر راج۔ معمار +
گُلغر ف بکری کی ایک قسم کی پشم ہوتی ہے جس سے شال بنتے ہیں +
گُل غنچہ۔ گُلغوندہ بٹنا۔ غازہ +
گُلغندہ۔ گُلغوندہ ف دھنکی ہوئی روئی کا گولہ۔ موٹا اور سُست آدمی +
گُلفام ف پُھول کے رنگ کا +
گُل فرستادن بہ کسے و گُل ہم چشمی فرستادن ف مقابلہ کے لئے بلانا +
گُل قبرسی ف جزیرہ قبرس کی مٹی ہے جسے ہاتھوں پر ملیں تو ہاتھ سُرخ ہو جاتے ہیں +
گُل قحبہ ف گُل رعنا +

گُلقند ف مشہور دوا ہے۔ مجازاً لب محبوب +
گُلک ف تصغیر گُل کی۔ وُہ بات جو جلنے اور بسر لُش کے طور پر کہی جائے +
گُل کاغذی ف رنگ برنگ کے کاغذوں کے جو پھول بناتے ہیں +
گُل کردن ف ظاہر ہونا۔ ظاہر کرنا۔ بجھانا چراغ کا بجھانا +
گُل کردن چراغ ف روشن ہونا چراغ کا۔ روشن کرنا چراغ کا۔ چراغ کا بجھانا +
گُلکچہ ف وُہ خوشی جو بچہ پیدا ہونے کے بعد اُس کے عقیقے کے دن تک کی جائے +
گُلنار ف جھاؤ کے پھول کا رنگ جسے رنگ عباسی کہتے ہیں +
گُلگشت ف عُمدہ اور خوش نما جگہ کی سیر۔ پھولوں کی سیر۔ سیر +
گُل کُشتی ف وُہ پھول جو ایک پہلوان دوسرے پہلوان کے پاس کشتی کرنے کے ارادے سے بھیجتا ہے۔ یہ ولایت کا قاعدہ ہے۔ کشتی کی اصطلاحات کی ایک کتاب بھی ہے +
گُلگل ف لیموں کی ایک قسم کا پھل ہے +
گُلگلی ف بہت بہت۔ گل +
گُل گلاب ف گلاب کا پھول +
گُلگشت بیر ف ایک گھاس کی جڑ ہے جو دوائی کے طور پر کام آتی ہے اور اس کی شکل سے معلوم ہوتا ہے کہ گویا ننھی والے گیہوں کے ملے ہوئے ہیں +
گُلکنڈہ ف مفرس گول کنڈہ کا جو حیدر آباد دکن سے تین میل کے فاصلے پر ایک مشہور قلعہ ہے۔ کوہ نور ہیرا جو رنجیت سنگھ والئے پنجاب کے پاس تھا۔ اور اب ملکہ معظمہ کے تاج میں لگا ہوا ہے۔ بعہد شاہجہان شہر گولکنڈہ ہی کی کان سے نکلا تھا +
گُلگوئی ف بہار کی شروع میں باغ کی سیر +
گُل کوزہ ف نسرین۔ نرگس +
گُلگون ف پھول کے رنگ کا۔ سُرخ رنگ۔ فرہاد کی معشوقہ شیریں کے گھوڑے کا نام ہے +
گُلگونِ چرخ ف آسمان +
گُلگونہ ف اُبٹنا۔ پھول کے رنگ کا +
گُلگونۂ ادیم آدم ف حضرت رسول خدا صلعم +
گُل گیر ف شمع کترنے کی مقراض +
گُل گیتی ف گل زمین۔ ایک پھول کا نام بھی ہے جس کے پتے پر ہر طرف تین کانٹے ہوتے ہیں +
گُلمال ف معماروں کا گھمالہ۔ کرنی +
گُل مختوم ف ایک سُرخ رنگ کی مٹی ہے جو تمام زہروں کیواسطے تریاق ہے +
گُلمر ف ایک خوشبودار پھول کا نام ہے بیر کا ایک قسم کا پھل بھی ہے +
گُل مشکی ف ایک سیاہ رنگ پھول کا نام ہے جو نہایت خوشبودار ہوتا ہے +
گُلمور ف چلپاسہ۔ سوسمار +
گُل مہتاب ف ایک پھول کا نام ہے جسے چاندنی کہتے ہیں چاندنی کے نیچے جو درخت کے نیچے زمین پر چھوڑ دیتے ہیں +
گُل مُہرہ ف مٹی کا گولہ۔ غلولہ جو گھمانی میں رکھ کر مارتے ہیں۔ مکرہ زمین آدمی +
گُل میزان ف زہرہ جو ستارہ ہے +
گُلنار۔ گُلنار فارسی ف ایک قسم کا درخت انار ہے جس پر پھول آتے ہیں کوئی پھل نہیں لگتا۔ اُس کے پھول خوب صورت اور گلاب کے بڑے پھول کے برابر ہوتے ہیں +
گُلنک۔ گُلنک ف قلعے کا حصار +
گُل بہشتہ ف گل مختوم +
گُلندہ ف بدکار عورت +
گُل نشاط ف شراب +
گُل نغمی ف خوش کلامی۔ خوشبوئی +
گُل انگبین ف پھول اور شہد سے گلقند کیطرح ایک چیز بناتے ہیں +
گُلو ف گلا۔ حلق +
گُلو بستر ف چکہ۔ خاوش باکت +
گُلو بند ف وُہ رومال جو گلے پر باندھتے ہیں +
گُلوتہ ف بچوں کی روئی سے بھری ہوئی گوشہ دار ٹوپی +
گُلو درکشیدن ف گلا بھینچنا۔ گھو ہونا +

گلو سوز ف خوشنما۔ خوش آیندہ
بہت میٹھا۔ نہایت شیریں۔ اسواسطے
کہ جو شے نہایت میٹھی ہوتی ہے
اس سے گلے میں ایک طرح کی
سوزش پیدا ہوتی ہے ٭
گلولہ ف گولی۔ گولا ٭
گلو بند ف وہ چیز جو گلے کے لیے
پہنی جائے ٭
گلوہ ف روٹی پکانے کے
تنور کا سوراخ ٭
گلوے آسیا ف چکی کا وہ
سوراخ جس میں دانے ڈالتے ہیں ٭
گلہ ف شکوہ۔ شکایت۔ بڑبڑاہٹ
خوشے سے جدا شدہ دانہ انگور
دو دیواروں کا درمیانی راستہ
گلہ ف زلف معشوق ٭
گلہ ف بہ تخفیف و تشدید
ریوڑ جانوروں کا غول ٭
گلہ ف وہ کپڑا جو بام کی چھت پر
بطور سائبان لگاتے ہیں ٭
آسمان۔ گیری ٭
گلہ بان ف ریوڑ والا۔ گڈریا
چرواہا ٭
گلہ بانی ف گلے کی نگہبانی کرنا
ریوڑ کی رکھوالی کرنا ٭
گل ہمیشگی۔ گل ہمکاری ف
گل گشتی ٭
گلہ دوست ف گلے کا دوست ٭
گلہ موش ف بد مشک ٭
گلی ف مٹی کا ٭
گلیچہ ف تسابچکی۔ چاند یا سورج کی

گلیار ف مثنی روٹی کی لپا ٭
گلیز گلیزہ ف پانی اور لعاب جو کسی
حیوان یا آدمی کے منہ سے نکلے
بجالی رال ٭
گلیگر ف گلگر۔ راج معمار ٭
گلیم ف کملی۔ اون کا کپڑا ٭
گلیم از آب بر آوردن۔ گلیم از
دریا بیرون آوردن۔ گلیم بیرون
بردن ف اپنے تئیں تیز تیر کر
نکل آنا۔ خطرناک جگہ سے
بچ نکلنا ٭
گلیم خویشتن از موج بیرون بردن
ف آپ تیر کر نکل آنا۔ اپنے تئیں کسی
طرح کی ہلاکت سے بچا لینا۔ صرف
اپنی جان بچا لینا ٭
گلیم شوے ف گدڑی دھونے
گدڑی دھونے والا۔ اشنان
یا زعفران کی جڑ ٭
گلین گوے ف کرہ ارض
زمین ٭

گاف فارسی مع میم

گم ف کھویا جانا۔ مفقود۔ ضائع ٭
گمار ف امر گماشتن مصدر سے
پاؤں کی آہٹ ٭
گماشتن ف مقرر کرنا۔ متعین کرنا
چھوڑنا ٭
گماشتہ ف وہ شخص جو کسی
کیطرف سے کسی کام کیواسطے مقرر ہو
گمان ف وہم۔ شک۔ ظن
خیال ٭

گمانم ف گمان میکنم۔ گمان کرتا
ہوں۔ خیال کرتا ہوں ٭
گمانہ ف گمان۔ آدمیوں کو شک
میں ڈال دینا۔ وہ کنواں جو اس
امر کے معلوم کرنے کے لئے کہ کنوئیں
میں پانی کتنی گہرائی پر نکلیگا۔
کھودتے ہیں ٭
گم بودگی ف ڈرنا ٭
گمراہ ف راہ بھولا ہوا ٭
گمراہی ف راہ بھولنا ٭
گم رفتن ف گمراہ ہونا ٭
گم زدہ ف گمراہ ٭
گم شدہ لب دریا ف وہ شخص
جو تیرنا نہ جانتا ہو۔ اور پانی میں
غرق ہو جائے ٭
گم کردہ پے ف وہ شخص جس کا
کھوج نہ لگے بے نشان و سراغ ٭
گم کردہ فرزند حضرت یعقوب
علیہ السلام سے مراد ہے ٭
گم گرفتن چیزے ف اسے
معدوم سمجھنا۔ اس کی طرف
التفات نہ کرنا ٭
گمگم ف نقب کھودنے کی آواز
گمیز ف پیشاب۔ بول ٭

گاف فارسی مع نون

گناہ ف دوش۔ خطا ٭
گناہ بخش ف گناہ بخشنے والا
خدائے تعالے ٭
گناہگار ف خطا کار۔ جس نے
گناہ کیا ہو ٭

گناہ کسے از کسے خواستن ف
اس کا گناہ معاف کروانا۔ اس کی
سفارش کرنی ٭
گنبد ف گنبذ۔ برج۔ غنچہ۔ قبہ
پیالہ ٭
گنبد آب ف بلبلہ ٭
گنبد ازرق۔ گنبد آفت پذیر۔ آسمان
گنبد اعظم ف عرش اعظم ٭
گنبد تیز رو۔ گنبد تیز گشت ف آسمان ٭
گنبد چار بند ف عناصر اربعہ کے
لحاظ سے دنیا کو۔ اور چار جہات
و شمال و جنوب۔ مشرق۔ مغرب کے
اعتبار سے آسمان کو کہتے ہیں ٭
گنبد جانستاں۔ گنبد حراقہ
رنگ۔ گنبد خضرا۔ گنبد دود
گشت۔ گنبد دولابی۔ گنبد دولاب
رنگ۔ گنبد زنگار۔ گنبد صوفی لباس
گنبد طاقدیس۔ گنبد فیروزہ خند
گنبد گیتی نورد۔ گنبد لاجورد۔ گنبد
لاجوردی۔ گنبد مقرنس۔ گنبد
نارنج۔ گنبد نارنگ۔ گنبد
نیلوفری۔ گنبد نیلگوں ف
آسمان ٭
گنبد ساختن ف مکاری کے
شکنجے پر چڑھانے ٭
گنبد عضد ف شیراز کے بادشاہ
عضد الدولہ دیلمی کا مقبرہ جو شیراز
کے باہر تعمیر ہے ٭
گنبد گرداں ف پھرنے والا
برج آسمان سے مراد ہے کیونکہ تمام
ستارے اس میں گردش کرتے ہیں

تیز زمین کی حرکت روزانہ کے
سبب یہی معلوم ہوتا ہے
کہ گویا آسمان پھر رہا
ہے ٭
گنبذ گل ف غنچہ کلی ٭
گنبذ مائل ف فلکِ آفتاب
چوتھا آسمان ٭
گنبذ معنبر ف معشوق کے سر کے بال ٭
گنبذی ف گنبذ - ایک ستون
والا خیمہ ٭
گنج ف گنجایش - حصہ رسدی ٭
گنج ف خزانہ ٭
گنج ف سرگشتہ - متحیر - مغرور
خود پسند ٭
گنجار گنجارو ف اُبٹنا - گلگونہ ٭
گنج افراسیاب ف خسرو
پرویز کے چھٹے خزانہ کا نام تھا۔
یہ افراسیاب کا خزانہ تھا۔
اور خسرو پرویز کے ہاتھ لگا ٭
گنج الٰہی ف قرآن مجید - قناعت
گنج الٰہین ف سمائی ٭
گنج باد - گنج باد آورد ف
خسرو پرویز کے دوسرے خزانے
کا نام ہے - اسی کو گنج شائیگان
بھی کہتے ہیں ٭
گنج بار ف خسرو پرویز کا آٹھواں
خزانہ جسے گنج گاؤ بھی کہتے ہیں -
یہ ایک دہقان کے ہل لگنے سے ہاتھ آیا ٭
گنج حکیم ف سورۃ فاتحہ - قرآن
کی پہلی سورۃ ٭
گنج خاک ف آدم - یعنی آدم ٭

گنج خانہ ف مخزن - خزانہ رکھنے
کی جگہ ٭
گنج خضرا ف خسرو پرویز کے
چھٹے خزانے کا نام ہے ٭
گنج وارف علم موسیقی میں
ایک لحن کا نام ہے ٭
گنج دیبہ ف خسرو پرویز کے تیسرے
خزانے کا نام ہے ٭
گنج دیوار یتیمان ف وہ خزانہ جو
اس دیوار کے نیچے تھا جو گرنے کے
قریب تھی - اور حضرت خضر علیہ السلام
نے اس دیوار کو درست کر دیا تھا ٭
گنجر - گنجرہ ف غازہ - گلگونہ ٭
گنج رواں ف گنج قارون جو ابھی
تک زمین کے نیچے - دھنستا چلا
جاتا ہے ٭
گنج سوختہ ف خسرو پرویز کے
پانچویں خزانے کا نام ہے ٭
گنج شادآورد ف خسرو پرویز کا
ساتواں خزانہ ٭
گنج شائیگان ف خسرو پرویز کے
خزانہ باد آورد کا یہ بھی نام ہے
چونکہ شائیگان دراصل میں شایستگان
ہے یعنے لائق بادشاہان جس کے
معنی عموماً فراخ - لائق سزاوار کے
بھی ہیں اس لئے خزانہ مذکور کا
یہ نام ہوا - کیا نرا ہر ایسا [illegible]
ہوتے ٭
گنجشک ف چڑیا - عصفور [illegible]
گنج - ہر چھوٹا پرندہ ٭
گنج عروس ف خسرو پرویز کا

پہلا خزانہ ٭
گنج فریدون ف علم موسیقی میں
ایک راگ ہے ٭
گنجفہ ف ایک کھیل کا نام ہے چوپڑ تصاویر
دار چھوٹے ارگول صفحوں سے کھیلتے ہیں ٭
گنج قارون ف قارون کا خزانہ
جس کی مقدار یہ تھی - کہ چالیس
قوت والے آدمی اس کے خزانوں
کی کنجیوں کو اٹھاتے تھے ٭
گنج گاؤ - گنج گاوان گنج گاؤ میش ف
جمشید کا خزانہ جو بہرام گور کے وقت
ایک کسان نے نکالا تھا ٭
گنجور - گنجیور ف اصل میں گنج ور ہے
خزانہ رکھنے والا خزانچی مالک
خزانہ ٭
گنجہ ف تبریز اور شروان اور گرجستان
کے مابین ایک شہر ہے حضرت
نظامی گنجوی مصنف سکندر
نامہ کا یہی مولد و موطن ہے ٭
گنجیدن ف سمانا ٭
گنجینہ ف خزانہ ٭
گنجینہ دار ف خزانچی ٭
گند - گنداب ف ناخوش بو ٭
گندا ف وہ چیز جس سے بدبو آئے
گنداور ف مردانہ - دلاور شجاع سپہ سالار
گند ف خایہ - خصیہ ٭
گندرف گنگ ڈرمنگ کا [illegible]
دلیل نہ تھا ٭
گندش ف گوگرد - گندھک ٭
گندک ف گوگرد - گندھک - بارود ٭
گندم ف گیہوں - کنک ٭

گندم نما و جو فروش ف وہ
آدمی جس کا ظاہر کچھ ہو اور
باطن کچھ ٭
گندم گوں ف گیہوں کے رنگ
گندہ ف ڈھول - دہشت - [illegible]
گندنا ف ایک قسم کی ترکاری ہے
گندنا گوں ف سبز رنگ مائل بہ
اندک سیاہی ٭
گندنا گوہر ف الماس ٭
گندہ ف ایک کی ضد - گوشت کا
لچڑ سا کوفتہ - بسا ٭
گندہ ف ناپاک ٭
گندہ پیر ف بہت بوڑھی عورت
گندہ پیر کابلی ف کابل میں ایک
جادوگر عورت تھی ٭
گندہ دماغ - گندہ مغز ف متکبر
سرکش ٭
گندہ مغزی ف تکبر کی بات کرنی
گندیدن ف کسی چیز سے بدبو آنا
گنگ - گونگا بے زبان ٭
گنگ ف دریائے گنگا جو ملک
ہندوستان کا ایک مشہور دریا ہے
مقام گنگوتری سے نکل کر خلیج بنگالہ
میں جا گرتا ہے - تہ گنگوں اور
چین میں اس نام کے دو قلعے
ہیں - ایک جزیرے کا نام بھی ہے
ہر شہر بھی تھے - شہر و مقام
نزدیک بیرا - ایک پہاڑ بھی ہے
گنگ دژ جو ایک تخت ہے
خوب ... بیار - جا ہے جو ایک
شہر ہے بیت المقدس ٭

گنگار ف وہ سانپ جس نے تازہ کینچلی جھاڑی ہو ۔
گنگ بہشت۔ گنگ دژ ف ایک قلعہ کا نام ہے جسے ضحاک نے شہر بابل میں بنایا تھا ترکستان کے مشرق میں بھی ایک شہر ہے جہاں کی آب وہوا عمدہ اور لوگ خوب صورت ہیں ۔
گنگ دژ ہوخت۔ گنگ دز ہوخت۔ گنگ دژ ہیرخ ف بیت المقدس ۔
گنگ وہ زبان ف گل سرخ ۔
گنگل ف ہزل۔ ظرافت۔ مسخرگی ۔
گنگلاج ف الکن وہ شخص جو صاف نہ بول سکے۔ بولتے بولتے اٹک جایا کرے ۔
گنور ف ہندوستان کے صوبہ مالوہ کے علاقے میں ایک قلعہ ہے ۔
گنہ ف مخفف گناہ کا ۔
گنہگار ف گناہ کرنے والا خطا کار ۔

گاف فارسی مع واو

گو ف گاو۔ گائے ۔
گو ف گیند۔ بھگہ۔ گریبان چھوٹا خنجر ۔
گو ف گڑھا۔ شہامت۔ دلیر ۔
گوا ف مخفف گواہ کا ۔
گواچہ۔ گواچہ ف جھولا۔ پنجابی پینگ ۔

گوار ف مزاج کے موافق پسند خوش مزہ۔ زود ہضم۔ اور جلد گلے سے نیچے اتر جانے والی شے ۔
گوار ف احمق۔ بیوقوف۔ گنوار
گوارا۔ گوارال ف خوش ذائقہ زود ہضم ۔
گوارش ف گوارا ہونا خوش مزہ ہونا۔ جوارش جو ہاضمے کی ایک مرکب دوائی ہوتی ہے ۔
گوارندہ ف خوش ذائقہ زود ہضم ۔
گوارہ ف گہوارہ۔ بچھڑوں کا جھنڈ گائے بھینس کا گلہ ۔
گوار ہیدن ف ہضم ہونا پسند ہونا ۔
گوال ف جوال۔ گون ۔
گوالیار ف ارشگین بہت بھاری پتھر
گوالیار ف ہند میں ایک شہر ہے ۔
گوالیدن ف درخت وغیرہ بڑھنا۔ نشو ونما پانا ۔
گواز۔ گوازہ ف چوپائے ہانکنے کی لکڑی۔ لکڑی کی ادھ کھلی ۔
گوازہ ف مسخرگی۔ مزاح خوش طبع آدمی لگی۔ دلک ۔
گوانش ف صفت۔ رنگ ۔
گواشہر ف مقنعہ۔ اوڑھنی ۔
گوان ف جمع گو کی۔ پہلوان لوگ
گوالکہ ف تکر اور اس کے ڈالنے کا ملقہ۔ سہرج ۔
گواہ ف گواہی دینے والا شاہد ۔
گواہی ف شہادت ۔

گوبارہ ف گایوں اور بھینسوں کا گلہ گایوں کے باندھنے کی جگہ ۔
گوپال ف گرز۔ تخت خواہ ہے کا ہو خواہ لکڑی کا۔ شاہ روس کے رشتہ داروں میں سے ایک شخص کا نام ہے ۔
گوپان ف گڈریا۔ گایوں اور بھینسوں کا چرانے والا ۔
گوپیازہ ف ایک قسم کا کھانا ہے ۔
گوتازی ف لاف۔ جھوٹے دعوے
گوچی ف چھوٹی سی غار ۔
گوداب ف دوشاب ۔
گودال ف گڑھا ۔
گودر ف مرغابی کی قسم کا ایک جانور ہے جس کا گوشت بدبودار ہوتا ہے۔ بچھڑا۔ گوزن کا بچہ۔ بچھڑے کا چمڑا جوار گیہوں کے کھیت میں ایک پودا ہوتا ہے۔ شاپور شاہ ایران کے بیٹے کا اور ایران کے ایک پہلوان کا نام بھی ہے ۔
گودرز ف وہ اشکانی خاندان کے بادشاہوں کا نام ہے جن میں سے ایک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ہمعصر تھا۔ وہ شاہ پور کا بیٹا تھا۔ دوسرا ایران شاہ کا بیٹا تھا۔ دو ایرانی پہلوانوں کا نام بھی ہے۔ ایک تو کاوہ آہنگر کا پوتا۔ دوسرے کشواد کا بیٹا ۔
گودہ ف تن۔ بدن ۔
گودہ ف ہر چیز کا مغز ۔

گودہ بجرام ف نکما اور سست آدمی ۔
گور ف گورخر یہ معنی مجازی ہیں اصل میں گور جنگل کو کہتے ہیں اور قبر۔ شراب عیش وعشرت بہرام گور کا لقب بھی ہے ۔
گور ف مغ۔ جو زردشت کے مذہب سے آتش پرست ہیں
گور جو پہلے بنگالہ کا دار الخلافہ تھا برہمنوں کی ایک ذات بھی ہے
گورابہ ف وہ گاؤں جس میں رستم کے بزرگوں کا گورستان تھا۔ قبر کے اوپر کا گنبد ۔
گورا گور ف بہت ہی جلدی ۔
گورب ف جورب۔ جراب نمدے کی جوتی ۔
گور باہ نون ف وہ مچھلی جس کے پیٹ میں یونس علیہ السلام رہے تھے ۔
گورب بانگ ف ایک چھوٹا سا پرندہ ہے جو اپنا آشیانہ نرم گھاس سے جراب کی شکل کا بناتا ہے اردو میں اسے بیا کہتے ہیں ۔
گور چشم ف ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس میں گورخر کی آنکھ کی طرح نقش بنے ہیں ۔
گورقان ف چین کے بادشاہوں کا لقب ہے۔ بہرام گور کو بھی کہتے ہیں ۔
گورخانہ ف قبرستان ۔
گورخر ف صحرائی۔ جنگلی گدھا ۔

گورزیان ف گلیم پشمینہ کپڑا +

گورس ف بھوک +

گورستان ف قبرستان قبروں کی جگہ +

گورک ف دھوبیوں کے کپڑے دھونے کا پتھر +

گورگان ف مرکب ہے گور یعنی عیش وعشرت ۔ شراب اور گان (کلمہ لیاقت) سے وہ شخص جو لائق عیش وعشرت کے ہو ۔ لقب شاہ تیمور کا مجازاً ہر بادشاہ جلیل الشان کو گورگان کہتے ہیں ۔ مرزا تاریخ تیموری میں لکھا ہے ۔ کہ گورگان مغلوں کی زبان میں بمعنی داماد ہے ۔ چونکہ امیر تیمور بادشاہوں کا داماد ہوا ہے اور اکثر ان کے گھر میں اس کی نسبت درخواست ہوئی ہے ۔ اس واسطے اُس کا لقب گورگان ہوا +

گورکن ف جو قبر بنانے والے +

گورگور ف بہت جلد +

گورماہی ف وہ مچھلی جس نے یونس کو نگل لیا تھا +

گورنفس ف آدمی کا بدن +

گوری ف عشرت ونشاط ۔ گور خر کی طرح وحشی عیش ونشاط میں پڑجانا +

گوزف مختث گوزن کا +

گوزف وہ ہوا جو پیٹ سے نکلے آواز نکلے ۔ گیند ۔ گولا جرا بد گوش +

گوزبان ف دیکھو +

گوزد ف گبریلا +

گوزشکستہ ف آسمان +

گوزم ف میری آنکھ +

گوزن ف بارہ سنگا جو مشہور جانور ہے +

گوزہ ف غوزہ پوست کا ٹکڑا ابریشم کا کویا وغیرہ +

گوسالہ ف بچھڑا ۔ گائے کا بچہ اونٹ اور ہاتھی کا بچہ ۔ بچھڑی اور کم عمر شے مجازاً بے عقل نو عمر جوان +

گوسالہ ناک ف بیج ٹوہ +

گوسپند ۔ گوسفند ف بکری بھیڑ +

گوسپندکشان ف عید قربان کا دن +

گوست ف کو لنگی لحاف العادہ +

گوش ف کان ۔ گوشہ ہرشمسی مہینہ کا چودھواں دن جو تاریخ سعید کے ان شماریا کے

گوشاسپ ف خواب دیکھنا ۔ مرد یا احتلام وہ جوان جس کی ڈاڑھی مونچھ ابھی نہ نکلی ہو +

گوش آکنادن ف بہرا ہونا +

گوش افگندن ۔ گوش انداختن متوجہ ہونا ۔ کان کا دھرنا +

گوشان ف انگور کا نچوڑ +

گوشانہ ف پشہ ۔ گونا ۔ کہیں کا گھاٹ +

گوش بدر ۔ گوش بر آواز گوش بر در ۔ گوش براہ ف منتظر رہنا ۔ منتظر کسی خبر کے آنے کا امیدوار +

گوش بر داشتن ف نو امید ہونا انتظار چھوڑ دینا +

گوش بر در داشتن ف انتظار کھینچنا ۔ منتظر ہونا +

گوش برتافتن از کسے ف کسی سے منہ پھیر لینا ۔ ٹال دینا +

گوش بستر ف ایک شخص کا نام ہے جس کی نسبت یہ روایت ہے کہ سکندر کو بابل کی راہ میں ایک پہاڑ سے یہ شخص ملا تھا ۔ اور وہ اپنے ایک کان کا بستر اور ایک کان کا لحاف بنا کر سوتا تھا ۔ کیونکہ اس کے کان بہت ہی لمبے تھے +

گوش پیچ ۔ گوشت پیچ ۔ گوشتاب ف کان کھینچنے ۔ تنبیہ ۔ سزا ۔ وہ کپڑا جو جاڑے کے دنوں میں سردی سے بچنے کے لئے کان اور سر کے گرد لپیٹ لیتے ہیں +

گوش پیچیدہ ۔ گوش خوردہ ف تنبیہ کیا ہوا ۔ آگاہ کیا ہوا ۔ مجازاً شاگرد +

گوشت ف ماس لحم +

گوشتاسپ ف احتلام ۔ بیہودہ ول کی چیچ پچ +

گوش تاگوش ف اُس سرے سے اُس سرے تک +

گوشت آہنج ۔ گوشت آہنگات وہ کانٹے جس کے ساتھ دیگ سے گوشت نکالیں چیل +

گوشت جہرف بیکار چیز +

گوشت ربا ف چیل ۔ زغن +

گوش تر شدن ف سننا +

گوش تیز کردن ۔ گوش باز کردن ف کان دے کر سننا ۔ متوجہ ہونا +

گوش خارک ف کان کھجلانے کی چیز ۔ کنکھجورا +

گوش خاریدن ف دیر کرنا ۔ توقف کرنا ۔ تامل کرنا ۔ متفکر کرنا +

گوش خب ۔ گوش خر ۔ گوش خرک گوش خارک ۔ گوش خراشیدن ف کان کو ایذا پہنچانا +

گوش خوردہ ف سزا یافتہ +

گوش دادن ف متوجہ ہونا ۔ کان دیکر سننا +

گوش داشتن ف متوجہ ہونا ۔ محافظت کرنا ۔ نگاہ رکھنا ۔ بچائے رکھنا ۔ سنبھالے رکھنا +

گوش دریا ف سیپی ۔ مجازاً چھوٹا سا پیالہ ۔ پیالی +

گوش دریدہ ف دف +

گوش زد ف سنا گیا ۔ شنیدہ شدہ مسموع ۔ وہ بات جو کسی شخص کو اس واسطے کہی جائے کہ کسی اور تک پہنچے اس کے پاس کسی اور کے سفید شملہ ہیں +

گوش سنگ داشتن ف جو کچھ کوئی کہے وہی مان لینا جدھر کوئی پھیرے اُدھر پھرتا پھر جانا +

گوش ساغر مالیدن ف پیالہ کو ہاتھ میں لے کر شراب پینا +

گوش سرائے ف سنی ہوئی بات کو اچھی طرح سمجھ لینے والا آدمی +

گوش شدن ۔ گوش گشتن گوش کشیدن ف ہمہ تن کان بن جانا ۔ توجہ تام سے سننا +

گوش کردن ف سننا دیکھنا +

گوش گرفتن ف تنبیہ ہونا ۔ عبرت پکڑنا ۔ اپنی حماقت کا اقرار کرنا ۔

گوش گذار ف کان میں پہنچانا ۔

گوش کشودن ف توجہ سے سننا ۔

گوشمال ف گوشمالی ۔ کان اینٹھنا ۔ سزا للتنبیہ ۔

گوشمالیدن ف ہوشیار کرنا ۔ مستعد کرنا ۔ تنبیہ دینا ۔ ہوشیار ہونا ۔ مستعد ہونا ۔

گوش لب ف جس کے ابھی ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو ۔

گوش ماہی ف سیپ ۔ سیپ کا پیالہ ۔

گوش نہادن ف بات سننا ۔ متوجہ ہونا ۔ انتظار کھینچنا ۔ چھوڑ دینا ۔

گوشوارہ ف ایک زیور کا نام ہے جسے کانوں میں لگاتے ہیں یا کسی چیز کا اختصار ۔

گوشوارہ فلک ف چین زن کا چاند یا ہلال ۔

گوشہ ف کونا ۔

گوشۂ ابرو بالا کردن ۔ گوشۂ ابرو بالا شدن ف بے دماغ ہونا ۔ خفا ہونا ۔

گوشۂ ابرو جنبانیدن ۔ گوشۂ ابرو نمودن ف بھوؤں سے اشارہ کرنا ۔

گوشۂ باغے گرفتن ف گوشہ نشینی اختیار کرنا ۔

گوشۂ بالش ف مسند کا کنارہ یا کونا ۔

گوشۂ جام شکستہ ف ہلال ۔

گوشۂ چشم بچیزے کردن ف اس کی طرف التفات کرنا ۔ متوجہ ہونا ۔

گوشۂ خاطر ف التفات توجہ ۔

گوشۂ خاطر بسوے کسے کردن ف اسکی طرف التفات کرنا ۔ متوجہ ہونا ۔

گوشۂ زنجیر ف زنجیر کی کڑی ۔

گوشہ گرفتن ف خلوت میں جا بیٹھنا ۔ گوشہ نشینی اختیار کرنا ۔

گوشیار ف فارس کے ایک حکیم ابو الحسن کا لقب جو شیخ بو علی سینا کا استاد تھا ۔

گوک ف سماک ۔ چھوٹی خندق ۔

گوک ت آسمان ۔ آسمانی رنگ ۔

گوگ ۔ گوگ ف تکمہ ۔ مسا ۔ پھچیڑا ۔

گوگار ۔ گوگال ۔ گوگرد رنگ ف چربیلا ۔

گوگرد ف گندھک ۔

گوگرد سرخ ف سرخ گندھک جو جزو اعظم اکسیر کا ہے ۔

گوگدہ ت کہکشاں ۔

گول ف احمق ۔ نادان ۔ تکمہ ۔ فریب ۔ آبو وہ گڑھا جس میں تھوڑا سا پانی کھڑا ہو ۔

گول ف گدڑی ۔ گنل ۔

گولاد ف ایک ایرانی پہلوان کا نام ہے ۔

گولاج ۔ گولانج ف ایک قسم کا حلوا ہے ۔

گولخ ۔ گولخن ف گلخن ۔

گولنچہ ت گلگونہ ۔ غازہ ۔

گولہ ف گالا خواہ کھیلنے کا گیند ہو خواہ توپ کا گولا ۔ جنگلی چوہا ۔ پانی پینے کا کوزہ ۔

گومست ف مجوسوں کے پیغمبر کی کتاب جسے ستر اونٹ اٹھاتے تھے ۔

گومہ ف گھاس پھوس کی گاہیا ۔

گون ف رنگ طرح ۔ طرز ۔ روش ۔ صفت گونا ف رنگ ۔ لون ۔ غازہ ۔ طرز ۔ طور روش ۔ قاعدہ ۔

گوناب ف سرخی اور گلگونہ ۔

گوناگون ۔ گونہ گون ف رنگ برنگ طرح طرح ۔

گونجی ف عزیز ۔ گرامی ۔ شجاع ۔ دلیر ۔

گوند ف جون بنانیوالا ۔ جوالدوز ۔

گونہ ف رنگ ۔ قسم ۔ ڈھنگ ۔ گال رخسارہ ۔ چہرے کی دو طرفیں ۔

گویاک ف معمارہ نکاہ ایک نماز (؟) قائم الزاویہ کی شکل کا ہے جو اسی نام سے مشہور ہے ۔

گوہوارہ ف گہوارہ ۔

گوہ ف مخفف گواہ ۔

گوہر ف جوہر ۔ موتی ۔ ذات ہر شے کی اصل چیز کی ۔ عقل ۔ عرض ۔

گوہر آدم ف آدم کی اصل فرزند آدم مٹی ۔

گوہر آسمان ف آسمان کا جرم ۔ کواکب ۔

گوہر آگین ف جڑاؤ ۔ وہ شے جس میں موتی جڑے ہوے ہوں ۔

گوہر آمائے ف ہستی بخش ۔ کیونکہ گوہر کے معنے ہستی اور ذات کے بھی ہیں ۔

گوہران ف چار عنصر ۔

گوہر بار ف موتی برسانیوالا ۔ موتی عطا کرنے والا ۔ واعظ ۔ ناصح ۔

گوہر برشتہ کردن ۔ گوہر در رشتہ کشیدن ف موتی لڑی میں پرونا ۔

گوہر تر ف آنسو ۔

گوہر خاتون ف سلطان سنجر کی بیوی کا نام ہے ۔

گوہر خانہ خیز ۔ گوہر خلے ف جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم ۔

گوہر زائے ف فرزند آزادہ ۔ اصیل نیکوکار ۔ عقلمند ۔

گوہر سفتن ف موتی چھیدنا ۔ ازالہ بکارت کرنا ۔ عمدہ اور موزون کلام کرنا ۔

گوہر شکستن ف دولت اور منصب کا ہاتھ سے کھو دینا ۔ ہنسنا ۔ مسکرانا ۔

گوہر فشاندن بر چیزے ف اس پر موتی نثار کرنے ۔

گوہر کش ف دستہ پرچن ۔ کنگن ۔

گوہر سبح صفت گوہر صفت سبح ف نیزہ

گوہر مطہر ف پاک چیز ۔ پاک اصل نیک ۔ خالص ۔

گوہر ملک ف شاہزادہ ۔ بادشاہ ۔

گوہر نم سفتن ف ایسا کلام جو ہر ایک کی سمجھ میں نہ آئے ۔ ایسی کلام جس میں صنعت و نحو اور ضائع بدایع کے قانون کا لحاظ کیا گیا ہو ۔

گوہری ف جوہری ۔ موتی والا ۔ ذاتی جوہر صاف اور بے عیب رستے ۔

گوہریدن ف بدلنا ۔ ایک چیز کے بدلے دوسری چیز لینا ۔ مبادلہ ۔

گوے ف گیند ۔ تکمہ ۔ گمو (یعنے گوشت) ۔

گوئی ف تو کہے ۔ تشبیہ و شک کا کلمہ ہے ۔

گویا ف کہنے والا ۔ زبان ۔ تشبیہ کا کلمہ ہے ظاہرا ۔ غالبا ۔

گوئے انگاری ف گویا ۔ کلمۂ اظہار کا حق ۔

گویائی ف گفتگو کی طاقت ۔

گوپاۓ گہوارہ ف حضرت عیسیٰ علیہ السلام ۔

گوے باز ف گیند کھیلنے والا وہ بازیگر جو کئی گیند ملکر ہوا میں پھینکتا اور پکڑتا ہے ۔

گوے بردن ف گیند کا چھوڑے جانا آگے بڑھ جانا ۔ غالب ہونا ۔ سبقت لے جانا ۔ فائق ہونا ۔

گویر ف چنکار ۔ سراب ۔ صحرا ۔

گوے زر ۔ گوے زریں ف آفتاب

گوپیس ۔ گوپیسہ ۔ گوپیش ۔ گوپیشہ ف درد اور سستی کا برتن ۔

گوے ساکن ف زمین کا قدیم کے لقب ۔

گوے سبقت ربودن ف سبقت لے جانا ۔ بڑھ جانا ۔ غالب ہونا ۔

گوے سیم ۔ گوے سیمین ف چاند ۔

گوے شدن ف ناچیز میں جانا ۔

گوے ف گیند۔ گیندی ٭
گوے گرداں گوے گرداننک ف گوبر کا کیڑا۔ گبریلا ٭
گوے گریباں ف گریبان کا تکمہ ٭
گویندہ ف کہنے والا۔ مجازاً مخبر۔ زبان مطرب گویّا۔ پوچھنے والا۔ سائل ٭
گویا ف مزید علیہ گویا کا۔ گویا ٭
گویہ ف پہاڑ کی غار جس میں اکثر فقیر لوگ جا رہتے ہیں ٭

گاف فارسی مع ہائے ہوز

گہ ف مخفف گاہ کا ٭
گہان ف جہان۔ عالم۔ دنیا ٭
گہر ف مخفف گوہر کا ٭
گہربار ف موتیوں کا مینہ برسانے والا مرد سخی۔ واعظ۔ ناصح ٭
گہر بدامن کردن ف آنسو بہانا۔ منہ سے موتی جھاڑنا۔ عمدہ کلام کرنا ٭
گہر خانۂ اعلیٰ ف خدا تعالیٰ کا عرش ٭
گہر عقد فلک ف آسمانی ستارے ٭
گہر ترب ف یعنی گہربار ٭
گہگیر ف وہ گھوڑا جو آدمی کو اپنے اوپر سوار نہ ہونے دے اور جو سوار ہی ہو جائیں تو آگے قدم نہ چلے۔ سرکش گھوڑا ٭
گہن ف گھن وہ کیڑا ہے جو لکڑی کو اندر ہی اندر کھا جاتا ہے ٭
گہوارہ ف ایک قسم کی چارپائی ہوتی ہے جو بچوں کے جھلانے کے واسطے ہوا میں لٹکاتے ہیں۔ اور اس کو ہلاتے رہتے ہیں۔ جھولا۔ جھنڈولا ٭
گہوارۂ دیو ف کشتی کا ایک فن ہے ٭
مجازاً بدطینت آدمی ٭
گہوارۂ فنا ف دنیا ٭
گہولی ف ایک چیز کو دوسری چیز سے ملانا ٭

گاف فارسی مع یائے تحتانی

گی ف علامت حاصل مصدر کی جیسے بخشندگی۔ آسودگی وغیرہ ٭
گیا ف مخفف گیاہ کا ٭
گیاخن ف نرمی۔ آہستگی کسی کام کو نرمی اور آہستگی کے ساتھ کرنا ٭
گیاغ۔ گیاہ ف گھاس۔ کاہ ٭
گیاہ آبگینہ ف ایک گھاس ہے جس سے شیشے کو جلا دیتے ہیں اور وہ پسلی کھانسی کے لئے مفید ہے ٭
گیاہ ہمنگ ف خرفہ۔ بقلۃ الحمقا
گیسپات ایک قسم کی پالو ہے ٭
گیت ف سرود ٭
گیتی ف دنیا۔ عالم۔ زمین ایک قسم کے پھول کا نام بھی ہے ٭
گیتی بان ف دنیا کا محافظ ہفت اقلیم کا بادشاہ ٭
گیتی شکوہ ف غالب۔ دنیا۔ دنیادار بادشاہ سے بھی مراد ہے ٭
گیتی فروز ف جہان روشن کرنے والا۔ آفتاب سے مراد ہے ٭
گیتی نورد ف مسافر اور آفتاب سے بھی مراد ہے ٭
گیج ف پریشان۔ پراگندہ۔ خاطر۔ دشمن۔ متحیر۔ مغرور۔ متکبر۔ خودستا ٭
گید ف جنگل ٭
گیدی ف بے غیرت۔ منسوب بہ گید (جس کی نسبت لوگوں کا یہ خیال ہے کہ وہ چھ مہینے مادہ اور چھ مہینے نر رہتی ہے) ٭
گیر ف پکڑ ٭
گیرا ف پکڑنے والا ٭
گیرمج ف رحل جس پر قرآن شریف رکھ کر پڑھا کرتے ہیں ٭
گیرنگ ف خراسان میں ایک قصبہ ہے ٭
گیرودار ف فرمانبری۔ حکومت حکمرانی۔ کر و فر۔ سلطنت۔ امیری یہ دو امر کے صیغے ہیں۔ اور چونکہ گیر دے۔ اس کو نگاہ رکھ۔ یہ دونوں لفظ اکثر حکومت کے وقت کہے جاتے ہیں۔ اور حکمرانی پر دلالت کرتے ہیں۔ اس واسطے۔ مجازاً اسے انہی معنوں میں استعمال کرتے ہیں اور جیسے لڑائی۔ جنگ خصومت۔ کیونکہ اس میں بھی اکثر ان دونوں لفظوں کا استعمال ہوتا ہے ٭
گیس۔ گیسو ف زلف۔ پٹا۔ دوسرے کا مخفف ہے ٭
گیسواں ف جمع گیسوں ٭
گیسو بریدہ ف بے حیا عورت زن فاحشہ ٭
گیسو دار ف گیسو والا۔ مجازاً سید۔ مولازادہ۔ پیرزادہ ٭
گیل۔ گیلان ف اس کا معرب جیل اور جیلان ہے اور یہ پہلے ایک صوبہ ایران کا تھا۔ اب سلطنت روم کے ماتحت ہے ٭
گیلی ف منسوب بہ گیل۔ عمدہ گھوڑا کیونکہ گیلان کا گھوڑا مشہور ہے ٭
گیمن ف صاحب۔ خداوند۔ مالک بہرا جوڑا۔ بچہ ٭
گینہ ف آئینہ۔ منہ دیکھنے کا شیشہ مخفف آبگینہ کا ٭
گیو ف گودرز نام ایرانی پہلوان کے بیٹے کا نام ہے جو ترکستان میں جا کر کیخسرو بن سیاوش کو افراسیاب کی قید سے نکال لایا تھا ٭
گیو ف گویا بولنے والا۔ زبان ظاہر غالباً ٭
گیور ف نقیب۔ خوان۔ افسانہ گو حس مشترک جو حواس خمسہ میں سے ایک حس ہے ٭
گیوگان ف ایک ایرانی پہلوان کا نام ہے۔ گرازہ پہلوان اسی کا بیٹا تھا ٭
گیومرث ف مرکب ہے گیو (گوے) معنی زندہ ہستے۔ فارس کے سب سے پہلے بادشاہ کا نام ہے جو دنیا میں غالباً پہلا بادشاہ ہے۔ مالک زمین خاندان کے بادشاہ کا جد جس نے گنجینہ کا بذات خود مقابلہ کیا تھا ٭
گیوہ ف تندی کی ایک طرح کی جوتی ہے ٭
گیہ ف گیاہ کا مخفف ٭
گیہاں ف جہاں۔ عالم۔ دنیا ٭
گیہاں خدیو ف بادشاہ۔ خداوند گیہاں۔ خداوند جہان یہاں کا بادشاہ یہ لفظ ذات باری کے سوا اور کسی پر بولا نہیں جاتا ٭

باب اللام

لام مع الف

لا ع نہیں یہ کلمہ نفی کا ہے ۔

لا - ف پردہ دھ لاٹ دگزاف بیہودہ بکنے والا ۔

لاابالی ع صیغہ مضارع واحد متکلم کا بے خوفی معنے اسکے یہ ہیں میں پرواہ نہیں رکھتا ہوں۔ مجھے خوف نہیں ہے مجازاً بیباک بے پرواہ آدمی ۔

لااحصی ع اشارہ ہے طرف حدیث نبوی لا احصی ثناء علیک انت کما اثنیت علیٰ نفسک کے جسکے معنے ہیں۔ میں شمار نہیں کر سکتا تیری صفات اے خدا تعالیٰ، تو ہے جیسا تو نے تعریف کی ہے اپنی ذات کی آپ ۔

لاب ی یونانی زبان میں آفتاب کو کہتے ہیں اور معروف لاب کا ہے اور یہی علیہ السلام کے الاولیاء کا علم اصطرلاب کے موجد ہیں ۔

لابد ع مرکب ہے لا کلمہ نفی اور بد بمعنے علاج (چارہ) سے جس سے چارہ نہ ہو (ضرورۃ) ناچار۔ ناگزیر و ضرور ۔

لابدی ف ضروری ۔

لابرات ت برتہ - معترض ۔

لابن ع دودھ والا۔ بہت دودھ والا ۔

لابہ ف منت عاجزی سے اپنی حاجت کا ظاہر کرنا۔ عجب زبانی۔ چاپلوسی تملق خوشامد۔ مبالغہ۔ دغا۔ فریب عجز اخلاص خواہش ۔

لابیدان ت ڈینگ مارنا بیہودہ بکنا

لات ع ایک بت کا نام ہے جسے قوم شعیب علیہ السلام کی قوم پوجتی تھی ۔

لا تعطوا الحکمۃ عند غیر اهلها فتظلموها (ح) مت رکھو حکمت کی باتوں کو ان لوگوں کے سامنے جو اس کے لائق نہیں ہیں۔ کہ ان پر ظلم ہوگا یعنے ایسے لوگوں کے سامنے حکمت اور دانش کی باتیں بیان نہ کرو جو اسکے قدردان نہیں ہیں ۔

لاتذر ع مت چھوڑ ۔

لاتعد ع بیشمار۔ ان گنت ۔

لاتکلف ع بے تکلف۔ بے تصنع ۔

لاثانی ع بے مثل۔ یگانہ جس کا دوسرا نہ ہو ۔

لاج ف رشوت۔ برہنہ۔ ننگا۔ کتا گنگا ۔

لاچ ف مسخراپن۔ ہنسی۔ خوش طبعی ظرافت ۔

لاجرعہ ع ایک گھونٹ میں پانی پی جانا جیسا عرب میں ہو یعنی دم نہ لینا ۔

لاجرم ع مرکب ہے لا کلمہ نفی اور جرم (علاج) سے لاعلاج۔ ناچار۔ بالضرور

لاجواب ع - بے جواب جس کا جواب نہ ہو سکے ۔

لاجورد ف نیلے رنگ کا ایک قیمتی پتھر ہے جس کے نگینے بناتے ہیں۔ اور جیسے اسکا رنگ کتاب وغیرہ پر کرتے ہیں اور دوا کے کام میں بھی آتا ہے ۔

لاجوردی بساط - لاجوردی خم - لاجوردی سقف - لاجوردینہ خم ف آسمان ۔

لاجوردی نقاب ف ماتمی لباس جو سیاہ یا نیلے رنگ کا ہوتا ہے ۔

لاچار ف جس کا چارہ نہ ہو مجبور عربی اور فارسی لفظ کی اس طرح ترکیب ایک اجنبی اور غلط ترکیب ہے ناچار کہنا چاہیے ۔

لاچی ف الائچی ۔

لاچین ت شاہین شکاری ۔

لاحق ع لاحق ہونے پیچھے آکر ملنے والا کسی چیز کے پیچھے آکر لگے چلنا ہوا لگا ہوا ۔

لاحل ع جو حل نہ ہو سکے ۔

لاحول ع نہیں ہے قوت کلمہ نفی کا ہے ۔

لاحول گفتن ف لاحول ولا قوۃ الا باللہ (العلی العظیم) طاقت نیکی کرنیکی اور نہ قوت بدی سے باز رہنے کی مگر اللہ کی توفیق سے یہ مصرعہ اور یہ کلمہ نفرت ظاہر کرنیکے لئے بھی اور بات سنکر افسوس ظاہر کرنے کے وقت پڑھا جاتا ہے ۔

لاخ ف جگہ اور مقام جیسا کہ سنگلاخ یعنی وہ جگہ جہاں پتھر ہوں ۔

لاخراج ع جس پر محصول سرکاری نہ ہو ۔

لاخیر فی ما شرع ع جو کچھ ہوا اس میں خیر (بہتری) نہ تھی ۔

لاد ف دیوار۔ قلعہ ایک قسم کی دیوار ایک قسم کا عطر بھی ہے جس کا اصل ...

لادغوبی ع بے دھوئے ۔

لادغ ع ایک بیماری کا نام ہے اور کاٹنے والا مثل سانپ بچھو وغیرہ کے ۔

لادوا ع جس کی دوا نہ ہو ۔

لادن ف ایک قسم کی خوشبو جس کو عنبر اصلی کہتے ہیں ۔

لادہ ف مس جس کی پیالیاں بنتی ہیں ۔

لادہ ف احمق۔ بیوقوف ۔

لاذع ع جلتا ہوا۔ جلنے والا جلانیوالا

لاذقیہ ع روم میں سمندر کے کنارے ایک خوبصورت شہر اور بندر ہے ۔

لارجان ت طبرستان میں ایک پہاڑ ہے

لارستان ف ایران کے ایک صوبہ کا نام ہے جس میں لار بڑا شہر ہے ۔

لاریب ع جس میں کچھ شک نہ ہو بیشک ۔

لاریب فیہ ع اس میں کچھ شک نہیں ہے

لازال ع ہمیشہ ۔

لازب ع چپکنے والا۔ مراد وہ چیز چپکنے والا ضربۃ لازب - وہ چوٹ جس کا نشان بعد اچھا ہونے کے بھی باقی رہے ۔

لازق ع ہر چیز چپکنے والی مثل لئی گوند وغیرہ کے ۔

لازم ع چپٹا ہوا لگا ہوا۔ ضرور اور فعل لازم جو مقابل ہے فعل متعدی کے ہے یعنی وہ فعل جو صرف فاعل کو چاہے مفعول کو نہ چاہے ۔

لازمہ ع ضروری اسباب جو آدمی کو چاہیے ضرورت ۔

لازمی ع منسوب لازم ہے فعل لازم وہ فعل جس کے معنے میں مفعول کی حاجت نہ ثابت ہو ۔

لازوال ع جس کو زوال نہ ہو - قدیم جو ہمیشہ رہے ۔

لاس ف کم قیمت ریشم۔ صرف کیا ہوا ریشم ہر حیوان کی مادہ خاص اور کتیا خصوصاً ۔

لاش ت مردہ کا تن مردے کا جسم

لاش ف تاخت و تاراج۔ کمینہ۔ تھوڑا سا۔ چھوٹا۔ اندک ۔

لاشک ع بیشک ۔ بے شبہ ۔
لاشکن ف ملک روس کے ایک پہاڑ کا نام ہے ۔
لاشہ ف دُبلا ۔ لاغر ۔ دبلا ۔ ضعیف کمزور خواہ انسان ہو خواہ حیوان ۔ اور اکثر بصفت گھوڑے اور گدھے کی واقع ہوتا ہے اور گدھے کے معنے میں بھی آیا ہے اور مردہ کا تن خواہ انسان کا خواہ حیوان کا ۔
لاشے ع کچھ نہیں ۔
لاصق ع لگا ہوا ۔ ملا ہوا ۔
لاطائل ع بے فائدہ ۔
لاطن ۔ لاطینی ف لیٹن جو ایک زبان ہے ۔
لاعب ع کھیلنے والا ۔
لاغ ف ہزل ۔ ظرافت ۔ خوش طبعی مسخری ۔ ہنسی ۔
لاغر ف دُبلا ۔ ماندہ ۔ مجازاً باریک ۔ خیال ۔
لاغری ف دبلا پن ۔
لاغوس ۔ لاغون ر ۔ رومی زبان میں خرگوش کو کہتے ہیں ۔
لاغیۃ ۔ لاغیہ ع واہل بیہودہ گو بیہودہ بکنے والی ۔
لاغیہ ف ایک قسم کی گھاس جس میں سے دودھ نکلتا ہے ۔
لاف ف شیخی ڈینگ ۔ ریحیا ۔ بجیائی ۔
لاف زن ۔ لاف شیخ ف ڈینگ مارنے والا ۔ بیہودہ گو ۔
لاف زدن ف فضول بکنا ۔ ڈینگ مارنا ۔
لاقیس ۔ لاقیس ف شیطان جو نماز پڑھتے وقت دل میں وسوسہ ڈالتا ہے ۔
لاقم ع وہ اونٹ کا بچہ ۔ جسکو سنت جتی کریں ۔ اول نکلنے والی ۔ اور درختوں کو پھل لگانے والی ہوا ۔
لاک ف کاسہ جو بین ۔ لکڑی کا پیالہ ۔ لاکہ ۔ کچکول ۔
لاک ع چبانا ۔
لاک پشت ف سنگ پشت کچھوا ۔
لاکلام ع بیشک ۔ بے گفتگو جس بات میں کچھ گفتگو کی جگہ نہ رہے ۔
لاکن ع لیکن ۔ لیکن ۔
لاکن ف مخفف ہے ۔ بشکن کوہ ایک پہاڑ کا نام ہے ۔
لال ت گنگ ۔ گونگا ۔
لال ہ سرخ رنگ ۔
لال ف ایک گوہر ہے جس کو معرب کرکے لعل کہتے ہیں ۔
لالا ف بندہ ۔ غلام ۔ قدمتگار ۔ روشن درخشاں ۔ چمکیلا ۔ مگر استعمال اس کا اکثر لفظ لولو کے ساتھ آتا ہے لولوے لالا روشن اور چمکیلا موتی ۔
لالاے چشم ف آنکھ کی پتلی ۔
لالا مرے ف خواجہ سرائے ۔ خوجہ ۔
لال شہبازف ایک صاحب کمال فقیر کا نام ہے جس کے بہت سے لوگ معتقد ہیں ۔
لالک ۔ لالکاف ایک قسم کی جوتی ہے سرخ کی کلغی ۔
لالنگ ف جوا اکھانا جو شادی کے موقع پر کہیں کہیں لوگوں کو ملتا ہے ۔ گڈا لی کے ٹکڑے ۔
لالہ ف ایک مشہور پھول ہے جو کئی قسم کا ہوتا ہے جیسے لالۂ صحرائی ۔ لالۂ کوہی ۔ لالۂ دو رو ۔ لالۂ شقائق ۔ لالۂ دمسوز ۔ لالۂ دل سوختہ ۔ لالۂ نعمان یا لالۂ خطائی ۔ عجیب یہ لفظ اکیلا آتا ہے تو اس سے وہ لالہ مراد ہوتا ہے جو باہر سے سرخ رنگ کا اور اندر سے سیاہ ہوتا ہے ۔
لالہ برگ ف ابرگ لالہ لالے کے پھول کی پنکھڑی ۔ مراد رخسار محبوب ۔
لالۂ دختری ف شقائق ۔
لالہ شار ف ایک خوش رنگ پرندہ کا نام ہے ۔
لالۂ سرات خواجہ سرائے ۔
لالۂ طور ف آگ سے مراد ہے ۔
لالۂ عباسی ف گل عباسی ۔
لالۂ عذار ۔ لالۂ رخ ۔ لالۂ رخسار لالہ لب ف محبوب ۔
لآلی ع جمع لولو کی بہت سے موتی ۔
لآلی فرائد ع لآل جمع ہے لولو کی (بمعنے موتی) اور فرائد جمع ہے فریدہ کی (بمعنے یکتا) ۔ لآلی فرائد وہ بڑے موتی جو ایک ایک سیپی میں ایک ہی ایک پیدا ہوں ۔ دُر یتیم ۔
لآلی منثور ع لآلی جمع ہے لولو کی (بمعنے موتی) اور منثور صیغہ اسم مفعول کا ہے (بمعنے تہ بہ تہ ایک دوسرے پر چڑھے ہوئے) لآلی منضود ترتیب سے لگے ہوئے موتی یعنے پروئے ہوئے موتی ۔ موتیوں کی لڑیوں سے مراد ہے ۔
لام ع جمع ہے لامہ کی جس کے معنے زرہ کے ہیں ۔ زرہ ہائے ۔ اور حروف تہجی میں سے ایک حرف جسکو معشوق کی زلف سے تشبیہ دیتے ہیں ۔
لام ف فقیروں کی گدڑی ۔ ایک قسم کی ہندی ٹوپی جو فقیر اوڑھتے ہیں عنبر شک سپند سوختہ نیل اور لاجورد کا نام ملک روم کی قفل (؟) جو بچوں کے باندھنے کے واسطے دفع نظر بد کے بنا دیتے ہیں ۔ لاف گزاف زیور ۔ زینت ۔ آرائش ۔ بیہودہ وار رختی زر دار و خط ۔ کالبد ۔ قالب ۔ بدن ۔
لامان ف فریب ۔ جھوٹ ۔ بہتان انہونی ۔ بیہودہ ۔ بڑھا ۔ مفلک ۔ بلا بجنبان ۔ روٹی ۔ نان ۔
لامانی ف لاف و گزاف ۔ جو پوشی کرنے والا ۔ زرہ پوشی ۔
لامحالہ ع اصل میں یوں ہے ۔ لامحالۃ من ہذا الامر جس کے لفظی معنے رہنیں ہے پھرنا اس امر سے ۔ یعنی جس کام سے پھرنا نہ ہو وہ کام کرنا ضروری ہے ۔ فارسی محاورہ میں بمعنے ناچار ۔ بالضرور آتا ہے ۔ بعض لوگ م کو مضموم پڑھتے ہیں اور آخر میں ضمیر کی ہ جانتے ہیں ۔ سو غلط ہے کیونکہ دراصل یہ ۃ مصدری ۃ ہے ۔ جو حالت وقف میں ہ بن گئی ہے ۔ سراج اور منتخب میں لکھا ہے کہ محالہ کے معنے چارہ اور گریز کے ہیں ۔ اور لامحالہ کے معنے ناچار اور ناگزیر ۔
لامخ ع حضرت نوح علیہ السلام کے باپ کا نام ہے ۔
لامس ع چھونے والا ۔ چھونے والا ۔
لامسہ ع قوت لمس کی یعنی وہ قوت جس کے سبب انسان چھو کر دریافت کر سکتا ہے ۔

لامع - لامعہ ع چمکنے والا - روشن درخشاں +
لامکان ع وہ عالم الٰہی سے مراد ہے جو مکان اور جہات سے مبرا ہے +
لامہ ع زرہ +
لانسلّم ع صیغہ نفی جمع متکلم مضارع اسکے معنے ہیں ہم نہیں مانتے +
لان ف آذربائیجان میں ایک پہاڑ ہے - جوفائی - بے حقیقی - اصطبانیدن سے - جگہ و مقام اور ماہوہی کے معنی میں بھی آتا ہے - جیسے نمک لان یعنی نمک سار +
لانہ ف جڑوں کا چھتہ - گھونسلا - عش آواز - گانا - بے غیرت - کاہل - بے کار آدمی - ہٹایا ہوا - دُور کیا گیا +
لانی ف منسوب بہ لان - تریاک لانی مشہور ہے - بے جانی کے معنے میں بھی آتا ہے +
لاؤ ف سفید مٹی جس سے گھروں کی دیواریں سفید کرتے ہیں - چاپلوسی +
لاوَاللہ ع نہیں قسم ہے خدا کی واؤ قسمیہ ہے +
لاوَلد ع جس کے اولاد نہ ہو +
لاونعم ع لا نفی و انکار کے واسطے آتا ہے - جیسے نہ - نہیں - نہیں ہے - اور نعم اثبات و اقرار کے لئے یعنی ہاں - پس ان دونوں کے معنے نہیں و ہاں +
لاوہ ف ملکی ڈنڈا جو ایک مشہور کھیل کا نام ہے - تملق چاپلوسی - فریب اصرار و منت +

لاہب ع شعلہ مارتی آگ - بھڑکتی آگ +
لاہوت ع عالم ذات الٰہی کا جس میں سالک کو مقام فنا فی اللہ کا حاصل ہوتا ہے +
لاہور - لاہور ملک پنجاب کا دارالخلافہ جس کا بانی لو یا لوہ تھا جو راجہ رامچندر جی کا بیٹا ہے - یہ شہر دریائے راوی کے جنوبی کنارے پر قریباً دو لاکھ آدمی کی بستی ہے - مفصلہ ذیل مقامات اس کے قابل دید ہیں - شمن برج - بادشاہی مسجد (جس کو عالمگیر بادشاہ نے بنوایا) وزیر خان کی مسجد (جو وزیر خاں عرف حکیم علم الدین شاہجہانی کی تعمیر کی ہوئی ہے) سنہری مسجد - مقبرہ جہانگیر بادشاہ (جو شاہجہان بادشاہ کا بنوایا ہوا ہے) شالامار باغ (جو کشمیر کے باغ کی نقل شاہجہان بادشاہ نے بنوایا ہے) عجائب گھر - چڑیا گھر - میو ہسپتال - گورنمنٹ کالج - چیف کورٹ +
لاہورہ ف خربوزے اور ہندوانے کی چانک +
لائے ف تلچھٹ شراب وغیرہ کی - رتی کاغذ اور کپڑے کا تہ - گفتار - کلام - ایک قسم کا ریشمی بانات بھی ہے +
لائح ع ظاہر - روشن - چمکنے والا +
لایزال ع صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معروف نفی کا ہے - اس کے معنے ہیں - زائل نہ ہوگا - نہ ٹلے گا - دائم - بے زوال - ہمیشہ - اٹل +
لایعقل ع صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معروف نفی کا ہے - جو استمراری کے لئے آتا ہے اور حیوانوں کی صفت میں واقع ہوتا ہے - بسبب ان کی کمال نادانی اور بے عقلی کے - لہٰذا اس کے یعنی اب بھی بے عقل ہے - اور کنایۃً بھی بے عقل ہے گا - ہر ایک بے عقل اور نادان کو بھی کہتے ہیں - فارسی والے ل کو ساکن پڑھتے ہیں +
لایعلم ع صیغہ واحد غائب مضارع معروف نفی کا ہے - اسکے معنی نہیں جانتا ہے - بیوقوف - نادان - بے علم +
لایعنی ع بے فائدہ - بے ہودہ +
لائق ع سزاوار - مناسب +
لائم ع ملامت کرنے والا +
لایموت ع صیغہ واحد غائب مضارع معروف نفی کا ہے - اسکے معنے ہیں نہیں مرتا ہے جس کو موت نہ ہو +
لاینبغی ع نہ چاہیے - نامناسب +
لاینصرف ع صیغہ واحد مذکر غائب مضارع معروف نفی کا ہے - انصراف مصدر سے - اسکے معنے ہیں منصرف نہیں ہوتا ہے نہیں پلٹتا ہے نہیں ہٹتا ہے +
لاینی ف کپڑے کا تھان - کاغذ کا تا +
لائیدن ف شور کرنا - بیہودہ بکنا - رانا +
لئیم ع کمینہ - پاجی - کنجوس - وہ شخص جو نہ آپ کھائے نہ اوروں کو کھلائے +
لئیم الطبع ع کنجوس - لئیم +

لام مع بائے موحدہ

لب ف ہونٹ - کنارہ - طرف +
لُب ع خالص عقل - مغز بادام +
لباء ع کھیس پیوسی پنجابی بولی +
لُباب ع مغز - خالص ہر چیز کا - ایک کتاب کا نام بھی ہے +
لب آتش نشاں ف محبوب کے ہونٹ +
لبادہ - لبادہ - لبّادہ ف جامہ بارانی +
لبّاد ع نمدہ مال - نمدہ بنانے والا +
لباو ف قسم کا رسن کا - ترجمہ پنجابی پنجالی ہے جس میں بیلوں کا سر دیکر بیل کنوئیں وغیرہ میں جوتتے ہیں +
لباس ع پوشاک +
لباسات ع جمع لباس - کنایہ ہے چاپلوسی اور تملق سے +
لباس آسائش ف آرام کی پوشاک - پوشاک شب خوابی - یعنی وہ پوشاک رات کو پہن کر سوئیں +
لباس تعلق ع دنیاداروں کا لباس دنیاداروں کی سی صورت +
لباس ماتم ع لباس غم - سیاہ پوشاک +
لباس عباسی ع سیاہ لباس کیونکہ بعض تواریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ خلفائے عباسیہ سیاہ لباس رکھتے تھے +
لباس گردانیدن ف کپڑے بدلنا +
لباس نو کردن ف نئی پوشاک پہننا +
لباشن - لباشہ ف رسی کا حلقہ ہوتا ہے جس کو لکڑی پر باندھ کر بد لگام گھوڑے وغیرہ جانوروں کے منہ پر باندھتے ہیں تاکہ وہ ناپسندیدہ حرکت نہ کرسکیں +
لباس آفتاب ف سورج کی کرن +
لبالب ف کنارے تک بھرا ہوا +
لبان ف جمع لب خلاف قیاس - یعنی درخت کی گوند ہے جسے کندر بھی کہتے ہیں +

لب بدنداں گزیدن ۔ لب بدنداں فائیدن ف تعجب کرنا پشیمان ہونا ۔ نہایت غصہ ہونا ۔ منع کرنا ۔ روکنا ✦

لب بلب جُستن ف بہت ڈھونڈنا ہر کسی سے اپنے مقصود کا پتہ لینا ✦

لب برچیدن ف ہونٹوں کا رونے اور بگڑنے کے لئے ملانا ✦

لب بستن لب بدنداں کشیدن ف چپ رہنا ۔ خاموش ہونا ✦

لب بلب جُستن ف بہت ڈھونڈنا اور ہر شخص سے پوچھنا ۔ بہت جستجو کرنا ✦

لَبث ع دیر ۔ درنگ ✦

لب چراف میوہ وغیرہ جو آدمی ہم پیالہ بیچ میں رکھ لیتے ہیں ۔ اور کھاتے ہیں ✦

لب چش ف چاشنی ✦

لب خاییدن ف نہایت غصہ ہونا ✦

لب خضر ف آسمان کا کنارہ ۔ اُفق ✦

لب خند ۔ لب خندہ ف تبسم ✦

لِبَد ع نمد ۔ نمدہ ✦

لَبَد ع اونٹ کا بہت کھانے سے حلق اور سینہ پکڑا جانا ✦

لُبَد ع مال کثیر ✦

لب دادن ف بوسہ دینا ۔ اجازت دینا ✦

لب را چشمہ خضر ساختن ف ہمیشہ بلا ناغہ شراب پینا ✦

لب ریز ف اتنا بھرا ہوا کہ کنارے سے گرنا شروع کرے ✦

لب دن ف بولنا اور خاموش ہونا ۔ لغات اضداد میں سے ہے ✦

لَبس ۔ لُبس ع لباس پہننا ✦

لُبس ع پوشاک ۔ لباس ✦

لَبس ع اشتباہ ✦

لب سفید کردن ف مسکرانا ✦

لب شیریں کردن ف مسکرانا ✦

لَبِق ع زیرکی ۔ دانائی ۔ ہوشیاری تملق ۔ خوشامد ✦

لَبِق ع دانا ۔ زیرک ۔ متملق ۔ چرب زبان ✦

لب کشتگاہ ف لعاب دہن ✦

لب گزیدن ۔ لب بدنداں گرفتن ف افسوس کرنا ۔ منع کرنا ۔ غصہ ہونا ✦

لب کسے گرفتن ف بات کرنے سے منع کرنا ✦

لب کشادن ف بات کرنا ۔ بولنا ✦

لبلاب ف افسوں خواں ۔ افسوں گر جادوگر ۔ منتری ✦

لبلاب ع عشق پیچاں کی بیل ایک قسم کی مشہور گھاس ہے ✦

لبلبوف پکا ہوا چقندر ✦

لب لیسیدن ف لب چوسنا ✦

لَبَن ع شیر ۔ دودھ ✦

لَبِن ع جمع لبنہ کی ہے ۔ کچی اینٹیں ✦

لب نان ف روٹی کا کنارہ ✦

لُبنان ع ملک شام میں ایک پہاڑ ہے جو اولیاؤں اور فقراؤں کا مسکن ہے ✦

لبنگ ف دیگ ✦

لِبنہ ع کچی اینٹ ۔ صحرا عرب کے ایک جنگل کا نام بھی ہے ✦

لب و دنداں داشتن ۔ لب داشتن ف لیاقت رکھنا ✦

لُبوب ع خلاصہ ہر چیز ۔ مغز ۔ آخر ✦

لُبود ع جمع لبد ۔ نمدے ✦

لَبوس ع لباس ۔ پوشش ۔ زرہ ✦

لَبون ع شیردار جانور جو دودھ دیتا ہے ✦

لَبیب ع عقلمند ۔ دانا ✦

لبید ف بیہودہ کلام ۔ شاعر ۔ قصہ خوان ✦

لَبید ع چھوٹی سی گون ابن ربیعہ عرب کے ایک مشہور شاعر ہیں سبعہ معلقہ میں سے چوتھا قصیدہ انہی کی تصنیف ہے ۔ آخر مسلمان ہو گئے ۔ اور حضرت عثمانؓ خلیفہ سوم کے عہد میں ۱۵۰ سال کے ہو کر فوت ہو گئے ✦

لبیدی ف شاعری ۔ قصہ خوانی ✦

لبیدن ف بیہودہ کلام کرنا ۔ بکواس کرنا ✦

لبیش ۔ لبیشہ ۔ لبیشن ف دہانہ لجام کا جو بدزبان بیل ۔ گھوڑے جیسے سے شریر اور بدلگام گھوڑے کی تھوتھنی جکڑ دیتے ہیں ✦

لبیشہ لگام افگندن ف مطیع و زیر کر لینا ۔ سرکشی سے باز رکھنا ✦

لَبَّیک ع مفعول مطلق ہے فعل محذوف کا ۔ اصل اس کی یوں ہے اُلِبُّ لَکَ الباباً ۔ حاضر ہوں میں تیری خدمت میں حاضر ہونا بار بار ۔ تثنیہ تکرار اور کثرت کے واسطے ہے ۔ حاجی لوگ احرام باندھنے کے بعد ہر وقت یہ الفاظ کہا کرتے ہیں ۔ لبیک اللھم لبیک لا شریک لک لبیک ان الحمد والنعمۃ لک والملک لا شریک لک ۔ ترجمہ ۔ حاضر ہوں میں تیری خدمت میں الٰہی حاضر ہوں خدمت میں ۔ کوئی تیرا شریک نہیں ہے ۔ میں حقیقی حاضر ہوں ۔ مقرر حمد ۔ اور نعمت اور ملک تیرے ہی واسطے خاص ہے ۔ کوئی تیرا شریک نہیں ۔ دعا کو لبیک کہتے ہیں ۔ لبیک ۔ عرب میں پکارنے کے جواب میں کہتے ہیں ۔ جیسے ہندی میں جی بولتے ہیں ۔ لبیک بنانے کی وجہ حضرت ابراہیم کو حکم ہوا تھا ۔ کہ تم سب لوگوں کو قیامت تک حج کے واسطے پکار دیں ۔ پس انہوں نے پکارا تھا ۔ تو حاجیوں کا لبیک کہنا اسی پکارنے کا جواب ہے ✦

لبیک گفتن ف لبیک کہنا ۔ جواب دینا ✦

لام مع تائے فوقانی

لَت ف مارنا ۔ پیٹنا ۔ شکم ۔ پیٹ ۔ گرز ۔ ٹکڑا ۔ کتان ✦

لُت ف لذیذ طعام ۔ عمدہ اور خوش ذائقہ کھانے ✦

لت انبان ۔ لت انبار ۔ لت انبر ۔ لتنبان ف لت دیکھے پیٹ اور انبان دمڑے کا تھیلا سے مرکب ہے ۔ وہ شخص جس کا پیٹ تھیلے کی طرح بھرا ہوا ہو ۔ بسیار خوار ۔ بہت کھانے والا ۔ پیٹو ۔ حریص ۔ یا پالت اور انبان سے مرکب ہے ۔ یعنی جس کا پیٹ طرح طرح کے لذیذ کھانوں سے بھرا ہوا ہو ✦

لتترہ ف پرانا ۔ پھٹا ہوا ۔ بہت بوڑھا ۔ بیکار اور کاہل آدمی ✦

مردہ دل ف مردہ جیسے دل والا یعنی شخص بے علم اور معرفت سے بے بہرہ۔ جاہل۔ نادان +
مردہ ریگ ف مال و اسباب جو مرنے کے بعد باقی رہے۔ میراث +
مردہ ریگاں ف ذخیرہ۔ [illegible]۔ ترکہ۔ میراث +
مردہ سنگ ف مردار سنگ +
مردی ف دلیری۔ بہادری۔ مردانگی +
مرزوی ء چیو +
مرز ف زمین۔ سرحد۔ بعض آباد اور قابل زراعت زمین کو کہتے ہیں۔ متعلقات بوم کے جو دیہات اور قابل زراعت ہوتی ہے +
مرزن ف مقعد کا سوراخ۔ مجامعت +
مرزا ف مخفف امیرزادہ کا۔ امیرزادہ۔ سردار زادہ +
مرزبان ف زمیندار۔ مالک زمین۔ میر سرحد۔ مالک ملک۔ حاکم۔ بادشاہ۔ نگہبان سرحد۔ مرزبان اس کا معرب ہے +
مرزبان ف سب سے بڑا [illegible] آتش پرستوں کا بزرگ۔ عالم آتش پرست +
مرزنجوش ف [illegible] +
مرزغان ف [illegible]

مرزگون ف آلہ تناسل +
مرزن ف چوہا۔ موش +
مرزنجوش ب مرزنگوش کا ہے
خوشبودار بوٹی ہے۔ ہندی
میں اسے دونا مروا کہتے ہیں +
مرز و مرزے ف کھیتی کے واسطے
تیار کی ہوئی زمین جس کی چاروں طرف میں بلند مینڈ ہو +
مرزوان ف مرزبان +
مرزہ ف چاخشدان۔ گل مالکرنی +
مَرَس ع گھوڑے اور کتے کے گلے میں
باندھنے کی رسی۔ طبیب۔ کحال +
مَرَس ع بہت علاج کرنے والا کھجور کو
پانی میں بھگونا۔ انگلی کو چوسنا۔ مال سے
ہاتھ صاف کرنے۔ روش رخ +
مُرسِل ع روانہ بھیجنے والا۔ بھیجنے والا +
مُرسَل ع رسول۔ نبی۔ پیغمبر۔ بھیجا گیا +
مُرسَلہ ع بھیجا ہوا۔ لٹکایا ہوا۔ وہ ہار جو
خوبیں گلے میں پہنتی ہیں +
مرسلہ پیوند ف نظم +
مُرسلین ع جمع مرسل کی۔ بہت سے پیغمبر
مرسوب ع تہ نشین۔ تلچھٹ
مرسول۔ مرسولہ بھیجا گیا۔ روانہ کیا گیا
عوام لوگ ان کو بجائے مرسل و مرسلہ کے
استعمال کرتے ہیں۔ یہ غلط ہے اس واسطے
کہ کلام عرب میں ثلاثی مجرد سے اسم
فاعل و اسم مفعول مستعمل نہیں ہے +
مرسوم ع قاعدہ باندھا گیا۔ بیان کیا گیا۔
نشان کیا گیا۔ مجازاً ٹپکا ہوا۔ تنخواہ
وظیفہ روزینہ +
مُرشَح ع سیراب۔ ٹپکا ہوا +
مُرشِد ع ہدایت کرنیوالا۔ نیک راہ بتلانیوالا

مرشوش ع ٹپکا ہوا۔ چھڑکا ہوا +
مرصاد ع گھات۔ گذرگاہ۔ طریق بستہ
مُرصِد ع انتظار کرنے اور کسی چیز کو دیکھنے کی جگہ
مُرصَّع۔ مُرصَّعہ ع جڑاؤ کیا گیا۔ جڑا گیا۔
جڑاؤ۔ اصطلاح علم بدیع میں وہ عبارت نثر
یا نظم جس میں ایک فقرے یا ایک مصرعہ کا
ہر ایک لفظ اپنے مقابل کے دوسرے فقرے
یا مصرعہ کے ہر ایک لفظ کے ہم وزن ہم قافیہ
واقع ہو۔ جیسے نثر۔ وہ کوسے اوگذر۔ وہ ہے
اوگذر۔ نظم۔ اے منور بتو نجوم جلال۔ وے مقرر
بتو رسوم کمال +
مرصود ع امید رکھا گیا +
مرصوص ع مضبوط۔ معلوم کی ہوئی شے +
مرضوص۔ مرضوصہ ع محکم کی ہوئی
تدبیر۔ استحکام کرنا۔ رکھی ہوئی +
مَرَض ع بیماری +
مرض الموت ع وہ بیماری جس میں آدمی مرجائے
مُرضِعہ ع بچہ کو دودھ پلانیوالی عورت۔ دائی۔ دایہ
مرض مُہلک ع ہلاک کر دینے والی بیماری
سخت بیماری جس میں جان کا خطرہ ہو +
مَرضیٰ ع جمع مریض کی۔ بیمار لوگ +
مَرضی۔ مرضیہ ع پسندیدہ۔ پسند کیا ہوا
مِرط ع گدڑی۔ ایک قسم کی چادر ہے +
مرطوب ع تر۔ بھیگا ہوا۔ رطوبت دار
مرطوبی ف بلغمی مزاج۔ موٹا آدمی۔
جس کی فربہی اسباب ظاہری کی بغیر ہو +
مرعی ع وحشت +
مَرعیٰ ع چراگاہ۔ جانوروں کے چرنے
کی جگہ۔ سبز گھاس۔ چرنا +
مرعوب ع رعب کیا گیا۔ خوف کیا گیا
رعب میں دبا ہوا۔ ڈرایا گیا +

مرعش ع ایک قسم کا کبوتر ہے جو ہوا میں
اڑ کر قلابازیاں کھاتا ہے +
مرعی ع رعایت کیا گیا۔ وہ ملک یا گھاس
جس کی حفاظت چراگاہ میں کیجاتی ہے +
مُرغ ع چوپائے کا مٹی اور غبار میں لیٹنا +
مَرغ ع تھوک۔ منہ کا پانی۔ لعاب +
مرغ ف ایک قسم کی گھاس ہے جس کو جانور
بڑی خوشی سے چرتے ہیں۔ ہندی میں
اس کو دوب کہتے ہیں +
مُرغ ف سورج۔ پرند۔ جو مرغ مانا پرندہ
ایک قسم کی مرغی ہے +
مرغاب ع خراسان میں ایک ندی
ہے۔ جو مرو شاہ جہان کے نیچے
بہتی ہے +
مرغابی ف ایک دریائی پرندہ +
مرغ آتشخوار ف چکور۔ چکوک۔ بعض کے
نزدیک سمندر جو ایک آتشی کیڑا ہے +
مرغ آذر افروز ف ققنس۔ جسکا حال گذرچکا +
مرغ آفتاب علم ف آگ +
مرغ الہی ف روح۔ نفس ناطقہ +
مرغ آمین ف ستارہ کف الخضیب جس کے
طلوع ہونے پر جو دعا کی جائے قبول ہوتی ہے
وہ فرشتہ جو ہوا میں اڑتا ہوا آمین کہتا پھرتا ہے
جس دعا پر وہ آمین کہے قبول ہو جاتی ہے +
مرغان ف جمع ہے مرغ کی۔ پرندے +
مرغان اولی اجنحہ ف طائران صاحب
پر و بازو رکھنے والے۔ فرشتوں سے
کنایہ ہے +
مرغان سدرہ۔ مرغان عرشی ف فرشتے
مرغوبات ع مرغوب چیزیں +
مرغ بیضہ فولاد ف لوہے کی بنی ہوئی

مرغ کی تصویر جو گنبد پر بناتے ہیں +
مرغ باغ۔ مرغ بام۔ مرغ چمن
مرغ خوشخوان ف بلبل +
مرغ حق گو ف مرغ زیرک۔ ایک پرندہ
کا نام ہے جو رات کو درخت سے لٹک کر
حق حق کہتا ہے +
مرغ دست آموز ف پالا ہوا پرند جو
اڑ کر پھر ہاتھ پر آبیٹھے +
مرغ دل ف ڈرپوک۔ وہمی +
مرغ دل ف عقل۔ دل +
مرغ رنگین تاج ف مرغ +
مرغ روز ف سورج +
مرغز ف ایک گاؤں کا نام ہے +
مرغزار ف سبزہ زار۔ وہ زمین جہاں گھاس
مرغ (دب) اگا ہوا ہو۔ یعنی دوب
بہت ہو +
مرغزار عقبیٰ ف بہشت +
مرغ زر ف آفتاب۔ ہوا کی طلاء
مرغ زرین ف تیر اور سونے کا بنا ہوا
مرغ کے برابر کا ایک پرندہ ہے جس کے
چھلکے میں اس کا رنگ سبز ہوتا ہے
اسکے سر پر کلغی بھی ہوتی ہے +
مرغزن ف قبرستان +
مرغ زیرک۔ مرغ زیرک ساز ف
دانا پرندہ۔ ایک پرندہ کا نام ہے جسے
مرغ شب آویز بھی کہتے ہیں۔ درخت کی ٹہنی کے
ساتھ ایک ہی پاؤں سے لٹک
جاتا ہے اور برابر حق حق بولے جاتا ہے
بعض کے نزدیک طوطی۔ بعض شیطان
سے مراد لیتے ہیں۔ بعض ہاروت و
ماروت سے +

مُرغِ سحر۔ مُرغِ سحر خواں۔ ف بلبل اور بعض کے نزدیک خروس ہے جسے پنجابی میں ککڑ کہتے ہیں۔ اور بعض کے نزدیک قمری ہے +

مُرغِ سلیمان ف ہُدہُد +

مرعش ع ملک شام کے ایک شہر کا نام ہے +

مُرغِ شب آویز ف مرغِ زیرک +

مُرغِ شب آہنگ ف بلبل +

مُرغِ شب و روز ف چاند و سورج +

مُرغِ صبح۔ مرغِ صبح خواں ف مرغِ سحر +

مُرغِ طرب ف مَے +

مُرغِ عیسیٰ ف مرغِ مسیح چمگادڑ +

مُرغِ فلک ف فرشتہ +

مرغِ قبلہ نما ف تانبے کی ایک شکل مرغ کی صورت کی بناتے ہیں جس کا سر ہمیشہ قبلے کی طرف رہتا ہے +

مُرغاب ف مرغ کا بچہ۔ کاف میں مرغ تصغیر کا ہے اور ایک دریا کا نام بھی ہے +

مُرغِ گوشت ربا ف چیل +

مُرغِ لب ف سخن۔ کلام +

مُرغِ مجنوں ف وہ جانور جس نے مجنوں کے سر میں گھونسلا بنایا ہوا تھا +

مُرغِ مسیح۔ مرغِ مسیحا ف خیر خفاش چمگادڑ +

مُرغِ نامہ آور ف پیک۔ قاصد۔ نامہ بر کبوتر +

مُرغِ نامہ بر ف کبوتر۔ نامہ بر +

مُرغِ خوانہ ف بڑی خبر۔ خبر بد +

مرغوب ع رغبت کیا گیا۔ پسندیدہ +

مرغول۔ مرغولہ ف پیچ دار بال۔ خوشبو ۔۔۔ میں کا مصدر ہی یہ لفظ آتا ہے یعنی پیچیدہ۔ اور گھونگر والے بال اور بعض وقت تانت کے معنی میں بھی آتا ہے +

مُرغِ ہمایوں فال ف ہما +

مُرغِ یاقوت پر ف آگ +

مرفد ع بڑا پیالہ +

مرفق ع کہنی۔ آرنج +

مرفوع ع اٹھایا گیا۔ مرافعہ حاکم کے سامنے پیش کی ہوئی نالش رہند۔ اونچا۔ بحسب نحو فاعلی حالت میں +

مُرفّہ ع آسودہ۔ خوش +

مُرفّہ الحال ع آسودہ حال۔ خوش حال +

مرق ع شوربا +

مرقات ع سیڑھی۔ نردبان۔ زینہ +

مرقد ع سونے کی جگہ۔ خوابگاہ۔ مجازاً قبر +

مرقیدف ع صورت۔ افیون۔ تریاق +

مُرقّع ع تصویروں کی کتاب۔ فقیروں کی گدڑی جس پر پیوند پر پیوند سیا ہوا ہو یعنی پیوند لگے ہوں +

مُرقّع دار ابلیس ف شیطان کا گروہ ناشائستہ عمل۔ تقوے و تصوف کی حالت میں کہتے ہیں اس لیے خطاب مرقع پوش بھی ہوتا ہے یعنی مرقع دار ابلیس +

مرقوم ع لکھا ہوا +

مرگ ف موت +

مرگا مرگی ف وبا۔ طاعون +

مرکب ع سواری کی چیز کوئی جانور ہو یا کشتی جس چیز پر سوار ہوں۔ مگر اکثر اطلاق اس کا گھوڑے اور کشتی پر آتا ہے +

مُرکّب ع ترکیب دیا گیا۔ کئی چیزوں سے مل کر بنا ہو جیسے کئی اشیا۔ کلام +

مرکبات اختراجیہ ع گیارہ سے انیس تک کے عدد +

مرگ بیخ ف سخت زہری کو بیخ جو ایک خاص قسم کا ہوتا ہے۔ اور وہ اکثر ہماری باندھتے ہیں۔ اور وہ بیخ اس بات کی علامت ہے کہ اس بیخ کے باندھنے والا موت پر آمادہ ہے +

مرکب تازی ف عربی گھوڑا +

مرکب تقییدی ع وہ مرکب جو مرکب اضافی یا مرکب توصیفی ہو +

مرکب زین پشت ف۔ رکوہ دانا اونٹ +

مرکز ع کسی چیز کو بیچوں بیچ کسی چیز کے کھڑے کرنے کی جگہ۔ دائرہ کا وہ درمیانی نقطہ جس سے جتنے خطوط مستقیم محیط تک نکالیں سب باہم برابر ہوں۔ مرکز صیغہ بحسب ظرف کا ہے۔ رکز مصدر سے جس کے معنی ہیں۔ کوئی نوکدار شے مثل نیزہ وغیرہ کے زمین میں گاڑ دینا۔ دائرہ کے نقطۂ وسط کو اسی وجہ سے مرکز کہتے ہیں۔ کہ وہاں پر پرکار کو گاڑ کر گول خط (دائرہ) کھینچتے ہیں +

مرکز ثقل ع کسی جسم کا وہ نقطہ جس پر اس جسم کے سب اجزاء برابر تُلے ہوئے ہیں +

مرکز چرخ ف زمین +

مرکز خاک ف کرۂ ارض کا بیچوں بیچ زمین کا مرکز +

مرکز خورشید ف چوتھا آسمان +

مرکز دولت ع دار السلطنت +

مرکز مثلث ع زمین بحساب اعداد ثلاثہ +

مرگ موش ف سمّ الفار۔ ایک قسم کا زہر ہے۔ چوہوں کا زہر +

مرکن ع تغار۔ لگن +

مرگ نفت ف یعنی موت۔ مرد دنیا کو چھوڑ کر جا نا حق +

مرگ نو مبارک باد ف یہ فقرہ اس وقت بولتے ہیں۔ جہاں کوئی تازہ حادثہ وقوع میں آئے +

مرکوب ع سواری کیا گیا۔ جس پر کوئی سوار ہو۔ سواری +

مرکوز ع گڑا ہوا۔ مگر کہا جاتا ہے لفظ مشتق ہے رکز سے جس کے معنے ہیں زمین میں کوئی نوکدار شے۔ جیسے نیزہ وغیرہ کا گاڑنا۔ مجازاً استعمال کیا گیا۔ منظور +

مرگوف چڑیا۔ گنجشک۔ عصفور +

مرگ و میر ف وبا۔ طاعون +

مرم ف مخفف ہے مرہم کا +

مرمت ع کسی چیز کا خلل درست کرنا۔ اصلاح دینا۔ ٹوٹی پھوٹی اور بگڑی ہوئی چیز کو سنوارنا +

مرمد ع وہ شخص جس کی آنکھیں دکھتی ہوں +

مرمر ع ایک قسم کا سفید پتھر ہوتا ہے جس میں رگیں بہت کم ہوتی ہیں اسکو سنگ مرمر کہتے ہیں +

مرند ف صوبہ آذربائجان میں تبریز سے بارہ فرسنگ کے فاصلے پر ایک مقام ہے +

مرو ف اس نام کے دو شہر ایران کے صوبہ خراسان میں واقع ہیں ایک کو مرو شاہ جہان کہتے ہیں اور دوسرے کو مرو رود ان دونوں میں چار منزل کا فاصلہ ہے۔ مرو شاہجہان شاہ طیموس کا بسایا ہوا ہے اور مرو کے لفظی معنے بھی بادشاہ کی جان کے

خوریا گپ۔ تیار +
مُخمَّس ۔ پانچ گوشہ۔ پانچ گوشیا۔ نظم جس کے پانچ مصرعے ہوں۔ وہ سطح جس کے پانچ ضلعے ہوں۔ یا پانچ چیزیں جو کسی شے میں شامل ہوں۔ شال +
مَخمَصہ ۔ نہایت بھوک۔ سوزش جو بھوک کے سبب سینہ اور شکم میں پیدا ہوتی ہے۔ مجازاً سخت غم جس سے دل مضطرب ہو۔ مصیبت جھیلنا +
مخمل ۔ ایک قسم کے مشہور کپڑے کا نام ہے +
مخمل دوخوابہ ۔ دونو طرف سے ایک جیسی مخمل +
مخمل کوآگ ۔ مخمل گرگ ۔ ایک قسم کی مخمل +
مخمور ۔ متوالا۔ شراب سے مست +
مُخنّث ۔ ہیجڑا۔ نامرد۔ خنثےٰ بنایا ہوا +
مُخنّدہ ۔ عاق کیا ہوا بیٹا۔ ماں باپ کا نافرمان لڑکا۔ لپٹ جانے والا خواہ جاندار ہو یا بیجان چیز +
مُخنّق ۔ گلے سے پکڑا گیا۔ گلا گھونٹنے سے مرا ہوا +
مُخنّوق ۔ گلے سے گھونٹا گیا جس کا گلا گھونٹا جائے +
مخوف ۔ ڈرانا۔ خوفناک +
مُخوّف ۔ خوف دلانے والا۔ ڈرانے والا +
مُخیدہ ۔ بنا ہوا۔ بچھایا ہوا۔ خراب کیا ہوا۔ اسم مفعول ہے خمیدن سے +
مُخیّر ۔ کسی کو اختیار دینے والا۔ بہت نیکی کرنے والا۔ بڑا فیض کار۔ سخی +
مُخیّر ۔ اختیار دیا گیا +
مُخیض ۔ وہ دہی جس سے مکھن نکال لیا گیا ہو۔ لسی +
مِخیَط ۔ سوئی +
مَخیط ۔ سیا ہوا۔ سیا گیا +
مُخیَّل ۔ خیال کیا گیا +
مُخیِّلہ ۔ محل تخیل یعنی دماغ +
مُخیِّلہ ۔ ایک قوت کا نام ہے۔ جسے خیال بھی کہتے ہیں +
مُخیَّم ۔ خیمہ لگانے کی جگہ۔ خیمہ کھڑا کرنے کی جگہ +

میم مہملہ مع دال مہملہ

مَدف ۔ ہر کسی مہینے کا چھٹا دن +
مدّ ۔ کشش۔ کھینچنا۔ جوار جو دریا میں آتا ہے۔ افزونی۔ درازی۔ کسی چیز پر نظر کرنا۔ وہ خط جو الف پر کھینچتے ہیں۔ وہ خط جو حساب کی کسی رقم پر کھینچتے ہیں +
مُدّ ۔ ایک پیمانہ کا نام ہے جس کی مقدار دو رطل ہوتی ہے +
مدّ سے ۔ رعایت۔ تقاضا۔ مسافت +
مدّاح ۔ تعریف کرنے والا۔ مدح کرنے والا +
مُداخِل ۔ دخل دینے والا۔ کسی کام میں داخل ہونے والا +
مَداخِل ۔ جمع مدخل کی بجائے دخل۔ آمدنی۔ وہ چیزیں جو آپس میں ملا دی جائیں۔ وہ جو غیر نا محرم ہو۔ گھر۔ مکان +
مُداخلت ۔ دخل دینا +
مداد ۔ سیاہی +
مَدار ۔ ستارہ کے دورہ کرنے کی جگہ گردش کی جگہ۔ مجازاً وہ جس پر کوئی بات ٹھیری ہوئی ہو۔ جو مرکز زمین سے بھی مراد ہے۔ چکّی +
مُدارا ۔ مخفف ہے مدارات کا +
مُدارات ۔ رعایت کرنا۔ صلح اور آشتی کرنا۔ خاطر تواضع کرنا۔ نرمی سے پیش آنا +
مَدارات ۔ ستاروں کی حرکت کے راستے جمع مدار کی +
مدارالمہام ۔ وہ شخص جس سے سب کاروبار سلطنت کے متعلق ہوں وزیر یا فوج کا حاکم اعلیٰ +
مدارج ۔ جمع ہے مدرج کی درجے +
مُدارِس ۔ ایک شخص کا نام ہے جس نے حضرت امام ذوالحق کے پاس ایک قاصد بھیجا تھا۔ اور اس نے اُس قاصد کی آنکھ اپنی انگلی سے نکال ڈالی تھی +
مَدارس ۔ جمع مدرسہ کی +
مُدارست ۔ باہم درس کرنا۔ باہم پڑھنا اور پڑھانا +
مُداعبت ۔ مزاح۔ خوش طبعی۔ کھیلنا +
مُدافِع ۔ دفع کرنے والا۔ ہٹانے والا +
مُدافعت ۔ ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا +
مُدام ۔ ہمیشہ۔ رکھا گیا۔ ہمیشہ۔ شراب +
مُداوا ۔ مخفف ہے مداوات کا +
مُداوات ۔ دوا کرنا۔ علاج کرنا۔ دوائی کرنا +
مُداومت ۔ ہمیشگی کرنا۔ ہمیشگی +
مداوے ۔ دوا کیا گیا۔ علاج کیا گیا +
مُداہن ۔ سستی کرنے والا +
مداہنہ۔ مُداہنت ۔ سستی کرنی۔ جھوٹ بولنا۔ چرب زبانی۔ خوشامد۔ نفاق۔ جو دل میں ہو اُس کے برخلاف ظاہر کرنا +
مدایح ۔ جمع ہے مدیحہ کی۔ تعریفیں +
مدائن ۔ جمع ہے مدینہ کی۔ بستی۔ شہر۔ عراق عرب میں بغداد کے پاس یہ شہر ہے۔ جو نوشیرواں کا پایۂ تخت تھا اور بڑا ہونے کے سبب بصیغۂ جمع موسوم ہوا +
مُدبِّر ۔ تدبیر کرنے والا۔ صاحب تدبیر +
مُدبَّر ۔ وہ چیز جس کی اصلاح اور درستی کی گئی ہو۔ تاکہ ضرر نہ دے۔ وہ غلام جس کے لئے اُس کا آقا اپنے مرنے کے بعد آزادی کا اقرار کرے +
مُدبَر ۔ پشت دیا گیا یعنی وہ شخص جس کو اُس کے نصیب نے پشت دی ہو۔ برگشتہ بخت۔ بدنصیب۔ بداقبال +
مدبران فلک ۔ سبعہ سیارہ +
مدّبلبل ۔ بلبل کا نالہ +
مُدّت ۔ عرصہ۔ دیر +
عِدّت مدّت ۔ طلاق کے بعد وہ عرصہ جس میں عورت کو اور نکاح کرنا جائز نہیں۔ اور وہ مطلقہ کے لئے تین حیض یا تین ماہ ہے۔ اور بیوہ کے لئے چار ماہ اور دس دن۔ حاملہ عورتوں کے لئے ہر دو صورت میں وضع حمل عدت ہے +
مُدثِّر ۔ لپٹا اوڑھنے والا۔ لحاف میں

پڑتا۔ اس کا مصدر تدثر ہے۔ جسکے معنے ہیں۔ بالاپوش۔ لحاف کو اوڑھنا۔ اور ایک سورۂ قرآن کا۔ اور نام نبی آخرالزماں کا +

مَدح (ع) ستائش۔ تعریف +

مِدحت (ع) ستائش۔ تعریف +

مَدخل (ع) داخل ہونے کی جگہ۔ داخل کرنا داخل ہونا +

مُدخل (ع) بخیل کنجوس +

مُدخل (ع) داخل کرنیکی جگہ۔ داخل کرنا۔ داخل کیا گیا +

مَدخول (ع) داخل کیا گیا +

مَدخولہ (ع) وہ عورت جس سے صحبت کی گئی ہو +

مُدد (ع) کمک۔ اعانت +

مَدَر (ع) مٹی کے ڈھیلے۔ زمین۔ اور مرکز زمین سے بھی مراد ہے۔ لازمی ہیں اہل میدان کا ... نہیں ہے +

مُدِر (ع) جاری کرنے والی دوا۔ پیشاب لانے والی دوا۔ اصلی معنے اس کے ہیں دودھ کا جاری کرنیوالا۔ حرکت دینے والا ہے۔ حیض لانے والی دوا +

مُدِرات (ع) جمع مُدِر کی۔ پیشاب آور دوائیں +

مِدرار (ع) بہت برسنے والا بادل۔ مینہ باراں +

مُدرِّس (ع) پڑھانے والا۔ درس دینے والا +

مَدرسہ (ع) درس دینے کی جگہ +

مدرسہ ماہم انگہ (ف) دہلی کے پرانے شہر کے قریب شاہجہان آباد سے جنوب کو چستی چونسٹھ کی کھنڈر عمارت "مدرسہ مع مسجد" اکبر بادشاہ کی دایہ ماہم بیگم کا بنوایا ہوا ہے یہ محمد جلال الدین اکبر بادشاہ کی انا تھی۔ جسے اکبر بادشاہ انگہ (انگہ ترکی میں دودھ پلانے والی کو کہتے ہیں) کہا کرتا تھا۔ اور اسی واسطے اس کا نام ماہم انگہ مشہور ہو گیا تھا۔ اس کا خاوند ادہم خاں تھا جس نے مالوہ فتح کیا۔ اور بیٹا شمس الدین محمد کوکہ (کوکہ ترکی میں انا کے بیٹے کو کہتے ہیں) اکبر بادشاہ کے عہد میں بڑے عروج پر رہا۔ اور اس کا خطاب خان اعظم تھا۔ یہ مکان جسے خیرالمنازل کہتے ہیں۔ شہاب الدین احمد خاں (جو ماہم بیگم کا داماد اور اکبر بادشاہ کی طرف سے شہر دہلی کا صوبہ دار تھا) کے زیر اہتمام ۹۶۹ ہجری میں تیار ہوا تھا۔ چنانچہ اس کے دروازہ پر جو یہ کتبہ لکھا ہوا ہے۔ اس کے اس تاریخی نام (خیرالمنازل) سے ۹۶۹ تاریخ برآمد ہوتے ہیں +

بدوران جلال الدین محمد
کہ باشد اکبر شاہان عادل
چو ماہم بیگم عصمت پناہی
بنا کرد ایں بنا بہر افاضل
شد ساعی ایں بقعہ خیر
شہاب الدین احمد خاں باذل
نجستہ خیر ایں بقعہ خیر
کہ شد تاریخ او خیرالمنازل ۹۶۹

مُدرَک (ع) دیکھا گیا۔ دریافت کیا گیا +

مُدرِک (ع) دریافت کرنیوالا۔ سمجھنے والا۔ پانیوالا +

مُدرَکات (ع) جمع مدرک کی۔ مطلبیں +

مُدرِکہ (ع) وہ قوت جس سے انسان اشیاء کی حقیقت دریافت کر سکے۔ عقل۔ ذہن +

مَدروس (ع) کہنہ پرانا۔ بوسیدہ جیسے ورق۔ پڑھا ہوا۔ خواندہ شدہ +

مُدّعا (ع) آرزو۔ مطلب +

مِدعم (ع) جناب رسول خدا صلعم کے ایک غلام کا نام ہے +

مُدّعیٰ علیہ (ع) جس پر دعوے کیا گیا ہو +

مُدّعی (ع) دعوے کرنیوالا +

مُدّعیات (ع) جمع ہے مدعا کی۔ مطالب +

مُدغم (ع) ادغام کیا گیا۔ ایک حرف دوسرے حرف ہمجنس میں آیا ہوا۔ گھسیڑا۔ لگا ہوا دبا ہوا۔ چھپا ہوا۔ پوشیدہ۔ ناہموار پیوستہ +

مَدفن (ع) گاڑنے کی جگہ۔ دفن کرنے کی جگہ +

مَدفون (ع) دفن کیا گیا۔ گاڑا گیا +

مدفون یثرب (ع) جناب رسول خدا صلعم سے مراد ہے جو یثرب (مدینہ) میں مدفون ہیں +

مَدَق - مدقہ (ع) دھونکی موگری +

مُدقِّق (ع) دقیقہ رس۔ باریک بین۔ جو دلیل کو دلیل کے ساتھ ثابت کرے +

مَدقوق (ع) کوٹا ہوا۔ باریک کیا ہوا۔ لاغر۔ دبلا +

مُدلِّل (ع) دلیل قائم کرنیوالا۔ دلیل سے ثابت کرنے والا +

مُدلَّل (ع) جس پر دلیل قائم کی گئی ہو دلیل سے ثابت کیا ہوا۔ با دلیل +

مَدلول (ع) معنے بتلایا گیا۔ دلالت کیا گیا +

مُدلَہِم (ع) بہت اندھیرا۔ سخت سیاہ +

مُدمِن (ع) کسی کام کو ہمیشہ کرنے والا +

مَدن (ف) عیش و عشرت کے لئے جا سیر اور ضیافت کرنے کی جا +

مُدُن (ع) جمع مدینہ کی۔ اور بہت سے شہر +

مَدَنی (ع) مدینہ کا۔ منسوب بہ مدینہ +

مدّ و جزر (ع) جوار بھاٹا (سمندر کے پانی کا چڑھاؤ اتار) جو کشش قمر کے سبب ہر روز سمندر میں ہوتا ہے مختصر کیفیت اسکی یہ ہے۔ کہ کشش ثقل کے باعث چاند زمین کی سطح کے اس پانی کو جو اس کے مقابل ہے۔ زمین کی نسبت کچھ نزدیک اور پانی پر کشش ثقل کا اثر جلدی ہونے کے سبب زیادہ زور سے کھینچتا ہے۔ اسواسطے اس مقام پر جسکی سمت الراس پر چاند نمایاں ہے پہلا چڑھاؤ (پانی کے سمٹ کر ایک جگہ ڈھیر ہو جانے کے سبب) ہوتا ہے۔ اور اس سے الٹے نوے درجہ کے فاصلہ پر دو مقامات پر اتار ہوتا ہے مگر چونکہ زمین اس پانی کی نسبت جو زمین کے اس طرف ہے جس طرف چاند نہیں زیادہ نزدیک ہے اس لئے چاند کی طرف کھنچ جاتی ہے۔ اس واسطے اس دوسری طرف کا پانی پیچھے رہ کر

دوسرے چڑھاؤ کا باعث ہوتا ہے
در اس مقام سے نیچے نیچے دیر
ان ت دو مقامات پر جہاں پہلی دفعہ آکر
پانی ٹھہرتا ہے۔ اتار کا اثر بھی ظاہر ہوتا ہے یہی
سبب ہے کہ دن بھر میں ہر ایک جگہ
دو دفعہ اتار۔ جب چاند اور سورج
ایک ہی سمت سے پانی پر موثر
ہوتے ہیں یعنی ان دونوں کی کشش
ایک دوسرے کی مدد دیتی ہیں اور دونو
کی قوت جاذبہ ایک ہی مقام پر ایک ہی
وقت میں عمل کرتی ہے۔ تو اس وقت
مد جزر اکبر پیدا ہوتی ہے اور جب
سورج اور چاند حالت تربیع میں ہوتے
ہیں یعنی ان دونوں کی قوت جاذبہ مختلف
سمتوں سے سمندر پر عمل کرتی ہے۔
تو اس وقت مد و جزر اصغر پیدا ہوتی
ہے +

مُدَوَّر - گول +

مُدَوَّن - جمع کیا ہوا +

مِدَّہ - پیپ جو زخم سے نکلے +

مَدَّہ - صرفیوں کی اصطلاح میں
وہ حرف علت جس کے ماقبل کی
حرکت اس کے موافق ہو یعنی واو
کے پیچھے حرف پر پیش۔ الف کے پیچھے
حرف پر زبر اور ی کے ماقبل کے نیچے
زیر ہو +

مَدہوش - عربی اسم مفعول ہے
دہشت سے مدہوش - ہر معنی دہشت
آلودہ۔ حیرت زدہ۔ سرگشتہ حیران
ڈری والے اس لفظ کو [illegible] مستعمل
سمجھتے ہیں۔ اور [illegible]

بیہوشی استعمال کرتے ہیں +

مَدہوشی - ف - دہشت - حیرانی حیرت
زدگی - مجازاً مستی - بیہوشی +

مدہ و لین - مدکی تعریف ہو چکی
لین الف کے سوا دو حرف علت میں
سے کوئی ساکن حرف جس کا ماقبل
مفتوح ہو +

مُدہون - ف - ملاحت کیا ہوا چڑا +

مَدہون - روغن ملا ہوا +

مَدیح - تعریف - ستائش +

مَدید - دراز - لمبا - علم عروض میں ایک
بحر کا نام ہے جس میں فاعلاتن فاعلن
چار دفعہ آتا ہے - چونکہ بحر طویل سے
نکالا گیا ہے - اس لئے مدید کہلاتا
ہے +

مُدیر - گول - حرکت دینے والا -
منتظم - افسر +

مَدیَن - مصر سے آٹھ منزل دریا سے
مغرب کے کنارے پر ایک شہر ہے حضرت
شعیب پیغمبر یہیں سکونت رکھتے تھے +

مدینہ - شہر عرب کا مشہور شہر جس میں
سید المرسلین خاتم النبیین حضرت محمد
مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کا مزار
مقدس ہے +

مدینۃ الاسلام - شہر کوفہ کا لقب
ہے +

مدینۃ الحکما - شہر ایتھنز جو ملک
یونان کا دارالخلافہ ہے حکیم افلاطون
ارسطو - سقراط - بقراط یہیں ہوئے
ہیں +

مدینۃ السلام - بغداد کا لقب ہے

مدینۃ العلم - لقب حضرت رسول خدا
صلعم +

مَدیُون - قرضدار +

میم مہملہ مع ذال معجمہ

مُذ - ابتدائے زمان - ازاں زمان +

مُذ - صاحب خداوند +

مُذاب - گداخت - گلا ہوا - پگھلا
ہوا +

مَذاق - چکھنا - چکھنے کی جگہ - حلق
ذائقہ - ذوق - لطف - معشوق کے
سامنے ظرافت اور شوق کا اظہار
کرنا +

مذاق زدن - ف - شہوت کے وقت
کا شوق - بوس و کنار کی بے اختیاری
کا اظہار کرنا +

مُذاکرہ - باہم ذکر کرنا - مباحثہ +

مَذاہب - جمع مذہب کی +

مَذبح - ذبح کرنے کی جگہ +

مُذَبذَب - دھکڑ پکڑ کرنیوالا جس کا
ارادہ مستقیم نہ ہو - متردد +

مَذبوح - ذبح کیا ہوا - جانور جس کو ذبح
کر دیا ہو +

مَذخورہ - ذخیرہ کیا گیا +

مُذکّر - مرد - نر +

مُذکِّر - نصیحت دینے والا - سمجھانیوالا
یاد دلانے والا +

مذکر حقیقی - جو مرد یا نر ذی روح کو
مستلزم ہو - پنجابی میں اس کو مذکر
کہتے ہیں +

مذکور - ذکر کیا گیا - ذکر +

مَذَّکے - مکانات کو بیچھل +

مَذلّت - خوار ہونا - رسوا ہونا - خواری
رسوائی +

مَذمّت - ہجو - برائی - بدی +

مذموم - برا - بدنشت - وہ شئے جس کی
برائی کیجائے +

مذمومہ - بری چیز - خراب شئے +

مُذنِب - گنہگار +

مَذہب - راہ - راستہ - دین +

مُذَہَّب - سونا چڑھی ہوئی چیز - سونے
کا ملمع یا گلٹ کی ہوئی چیز +

مُذہِب - زر اندود کرنیوالا - سونے کا
ملمع یا گلٹ کرنیوالا +

مذہوب - زر اندود - زر اندود +

مذی - رطوبت جو غلبۂ شہوت میں
ذکر سے نکلتی ہے +

میم مہملہ مع رائے مہملہ

مر - تاجی کبھی حصر کے لئے
کبھی زینت کلام کے لئے زائد
آتا ہے - حساب ابجد میں مر - ۲۴۰
بے نقط +

مُر - مرنا - مرجانا - گردن - گشتی -
کیا ہوا +

مُرّ - تلخ - کڑوا - ببول کی جیسی ایک
قسم کے لکڑی کا نام بھی ہے +

مَرآن - مجھے - مجکو - میرے واسطے +

مَرا - آئینہ - جھگڑا - خود نمائی +

مَرابِح - جمع مربح کی - منافع
فائدہ ہے +

مرابط - [illegible]

ہیچیدہ ہونا۔ بسو و پیچ کردن +

مَرابِع ۔ منزلیں۔ مکانات +

مُرابطات ۔ جمع ہے مرابطہ کی وہ چیزیں جو باہم رابطہ پیدا کریں +

مرابطہ ۔ دشمن کے ملک کی سرحد پر رہنا۔ فریقین ملی سے ہر ایک کا اپنے گھوڑوں کو دشمن کی سرحد پر باندھے رکھنا۔ اور لڑائی کے لئے آمادہ رہنا دشمن کو نگاہ رکھنا۔ اور اس کے درپے رہنا +

مَرات ۔ عورت۔ زن +

مِرآت ۔ آئینہ منہ دیکھنے کا شیشہ

مَرآتان مرتبات سے فارسی بنا لیا گیا ہے مرتبان اسکی جمع ہے +

مَراتب ۔ جمع ہے مرتبہ کی درجے رتبے +

مراتب چہارگانہ شریعت طریقت۔ معرفت۔ حقیقت +

مراتب ستہ ۔ صوفیوں کی اصطلاح میں یہ چھ مقام (۱) احدیت یا عالم غیب (۲) واحدیت (۳) ارواح مجردہ (۴) ملکوت (۵) عالم ناسوت یا عالم شہادت (۶) عالم انسان کامل +

مَراتع ۔ جمع مرتع کی چراگاہیں +

مَراثی ۔ جمع مرثیہ کی +

مُراجعت ۔ لوٹنا۔ رجوع کرنا۔ الٹا پھرنا +

مَراح ۔ خوشی فرحت۔ نشاط +

مُراح ۔ آرام پانے کی جگہ۔ راحت پانے کی جگہ +

مُراح ۔ اونٹوں کے آرام کی جگہ +

مَراحل ۔ جمع مرحلہ کی۔ منزلیں +

مراحل تشیین ۔ سات ستاروں میں سے کوئی ایک مسافر +

مَراحم ۔ جمع ہے مرحمت کی۔ مہربانیاں +

مُراد ۔ ارادہ کیا گیا۔ مطلب مقصد +

مُرادِف ۔ ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونے والا۔ وہ دو لفظ جو معنوں میں شریک ہوں یعنی دونوں کے ایک ہی معنے ہوں۔ جیسے نار اور آتش آب و ماء +

مُرادفت ۔ ہم ردیف ہونا۔ ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔ مرادف بننا ایک معنے ہونا +

مَرارت ۔ تلخی۔ کڑواپن +

مَرارہ ۔ پتہ +

مَرازبہ ۔ جمع ہے مرزبان کی +

مَراسِل ۔ اس عورت کو کہتے ہیں۔ جس کی دونوں پنڈلیوں کے بال لمبے اور بہت زیادہ ہوں۔ وہ عورت جو بیاہ کی خواہش کرنے والے مردوں سے خط و کتابت یا پیغام جاری رکھے یا وہ عورت جس کو اس کے خاوند سے جدائی ہو گئی ہو۔ یا کلاں سال عورت +

مراسلات ۔ جمع مراسلہ کی خطوط چٹھیاں جو مسافروں دینے والوں کو لکھی جاتی ہیں +

مُراسلت ۔ باہم نامہ اور پیام کرنا +

مُراسلہ ۔ خط۔ چٹھی۔ نامہ +

مَراسم ۔ رسمیں۔ قاعدے۔ دستور نشان۔ جمع ہے رسم کی +

مُراش۔ مرش ۔ فتنے +

مَراصد ۔ جمع مرصد کی مواقع انتظار +

مُراضعت ۔ بچہ کو دایہ کا دودھ پلانا +

مُراعات ۔ غور کن آنکھیوں سے دیکھنا غور کرنا۔ ملاحظہ کرنا۔ نگاہ رکھنا۔ باہم چرنا۔ چراگاہ میں اکٹھے چرنا۔ خاطر میں لانا۔ مجازاً سلوک۔ رعایت۔ نگہبانی +

مُراعاتُ النظیر ۔ رعایت رکھنی مناسبات کی۔ علم بدیع میں ایک صنعت ہے جسکو صنعت تناسب بھی کہتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ کئی چیزیں جن میں باہم مناسبت ہو۔ ایک جا ذکر کریں جیسے ع

بہ زمرد کو شتی تاہید بوز بر ہم
بر جیس نوبخشش خورشید خد رش

مُراعی ۔ نگاہ بانی کرنے والا۔ چرانے والا +

مَراعی ۔ چراگاہیں۔ جمع مرعے کی رعایت +

مُراغبت ۔ خواہش۔ رغبت +

مَراغہ ۔ ایران کے صوبہ آذربائجان میں تبریز کے مغرب کی طرف ایک شہر ہے۔ جہاں ہلاکو خاں کی بنائی ہوئی رصدگاہ ابتک موجود ہے یہ رصدگاہ خواجہ نصیر الدین طوسی کے اہتمام سے تیار ہوئی تھی +

مَراغہ ۔ جانور کا لوٹنے تڑپنا۔ غلطیدن جانور +

مَراغی ۔ منسوب بہ مراغہ جو ولایت آذربائجان میں ایک شہر ہے +

مرافعت۔ مرافعہ ۔ حاکم کے سامنے اپنا دعوے پیش کرنا۔ اور دو محاورے میں مرافعہ حاکم ماتحت سے بالا کر حاکم بالا کے پاس مقدمہ لے جانے یعنی اپیل کرنے کو کہتے ہیں +

مُرافقات ۔ بزرگوں کی خدمت میں جو عرضے لکھے جاتے ہیں +

مَرافق ۔ جمع مرفق کی کہنیاں چیزیں جن سے نفع اٹھائیں +

مُرافِق ۔ رفاقت کرنیوالا۔ ساتھی ہمراہ +

مُرافقت ۔ باہم رفیق ہونا۔ کسی کے ساتھ رہنا۔ رفاقت کرنا۔ رفاقت ہمراہی +

مَراق ۔ پردہ شکم جو پیٹ کے نرم چمڑے کے نیچے ہے۔ ایک مرض بھی ہے جسے مالیخولیا سے مراقی کہتے ہیں +

مُراقب ۔ امیدوار۔ ڈرنے والا مراقبہ کرنے والا۔ نگہبان +

مُراقبت ۔ امید رکھنا۔ نگہبانی۔ حفاظت۔ ایک دوسرے کا رقیب بننا +

مُراقبہ ۔ امید رکھنا۔ نگاہ رکھنا۔ گردن نیچے کو ڈالنا۔ اصطلاح میں ماسوا اللہ کو چھوڑ کر محض خدا کی طرف دل لگانا۔ قلب کی طرف رجوع

ہیں۔ اور نام ایک قسم کے خوشبودار گھاس کا بھی ہے۔ چقماق ٭

مُزداف نیک فال۔ دعائے خیر ٭

مُزوارید ف موتی ٭

مُزوارِد پیوستن ف نیا رتبہ حاصل کرنا۔ نئے منصب پر پہنچنا۔ ترقی حاصل کرنا۔ شرمندہ ہونا ٭

مَروان ع حکم کا بیٹا تھا۔ جس نے رسول خدا کے زمانے میں اپنی شرارت کی وجہ سے سزا پائی۔ حضرت عثمانؓ نے اُسے اپنا وزیر بنایا۔ پھر وہ امیر معاویہؓ کے پاس رہا۔ اور معاویہ بن یزید کے بعد شام و مصر پر تسلط کر کے خاندان مروانیہ کی بنا ڈالی ٭

مَروان الحمار ع خلفائے مروانیہ میں سے سب سے آخیری خلیفہ ہے سفاح کے ہاتھ سے جو خلفائے عباسیہ کا پہلا خلیفہ ہے معزول ہوا ٭

مُروّت ع مردانگی۔ بھلائی۔ احسان ٭

مُروّج ع رائج کیا گیا۔ جاری کیا گیا۔ رواج دیا گیا ٭

مُروِّح ع آسائش پہنچانے والا۔ خوشبو میں بسانے والا ٭

مُروَّح ع راحت و آسائش پہنچایا گیا۔ خوشبو میں بسایا گیا ٭

مِروَحَہ ع بادکش۔ پنکھا ٭

مُرور ع گزرنا۔ چلا جانا ٭

مَرءُوس ع تابع۔ خادم۔ رعیت ٭

مُروَّع ع ڈرایا گیا۔ گھبرا داشتہ ٭

مُروَّض۔ مروَّض ع ریاضت کر دیا گیا۔ مطیع کیا گیا ٭

مُروِّض ع ریاضت کرنے والا ٭

مُرَوَّق ع صاف کیا ہوا۔ مصفّا۔ ٹپکایا ہوا۔ خالص ٭

مُرَوَّق ع سمادار۔ وہ شخص جو گھر کی چھت پر پردہ ڈالے ٭

مُرَوَّق ع تعجب میں لانا۔ خوشحال کرنا ٭

مَروَہ ف مُزدہ نہایت خوشبودار ٭

مَروَہ و صَفا ع عرب میں خانہ کعبہ کے دروازے کے متصل دو پہاڑیاں ہیں جن کے درمیان حج کے دن حاجی اہل اسلام کے ان ارکان حج میں شمار کیا جاتا ہے ٭

مَروی ع روایت کیا گیا۔ نقل کیا گیا ٭

مُرہ ع تلخ یعنی پتہ انسان کا جو مثل کا گھر ہے۔ قوت۔ توانائی عقل ٭

مَرّہ ع ایکبار۔ ایک دفعہ ٭

مرہم سب وہ دوا جو زخم کے اچھا ہونے کو لگاتے ہیں ٭

مرہم بر ریش کسے نہادن ف کسی کے زخم پر مرہم لگانا۔ اس کی غمخواری اور دلداری کرنی ٭

مرہم نِہ ف مرہم لگانے والا ٭

مَرہون ع گرو کیا گیا۔ گرو رکھا گیا ٭

مَری ع حلق یعنی نری۔ استخوان نرم گلے میں ایک نلی گوشت کا جسم انتڑی کی شکل کا ہے جس کے رستے پانی اور کھانا پیٹ میں جاتا ہے۔ گوارا۔ ہضم ٭

مُرّی ع کانجی ایک قسم کا پانی ہے جس میں پکا ہوا غلہ ڈال کر اسے ترش کرتے ہیں ٭

مِرے ف کوشش کرنا۔ لڑنا۔ کسی کا رتبے میں ہمسری کا دعویٰ کرنا ٭

مِرّیخ ع مشہور ستارہ جو آفتاب سے ۱۴ کروڑ ۱۲ لاکھ ۶۶ ہزار میل دور ہے اور آفتاب کے گرد ۶۸۶۹۷۹ دن میں دورہ کرتا ہے اسکی رفتار مدار میں فی گھنٹہ ۵۳۰۹۰ میل ہے اور قطر اس کا ۴۲۰۰ میل ہے ٭

مِرّیخ آفتاب علم ف جھگڑالو۔ جنگی ہولناک ٭

مریخ زحل خوارف کرنا ٭

مریخ زہر خوار ف انگیٹھی ٭

مریخ سنائیف ف اباس شعلہ مرخوش ٭

مریخ و کیوان دیدن ف آنکھ میں کوندے جھلکتے ہوئے دیکھنے ٭

مُرید ع ارادہ کرنے والا۔ شاگرد دینی ارادت مند۔ چیلہ ٭

مَرید ع سرکش۔ نافرمان۔ غیر مطیع رانده۔ ملعون۔ مردود ٭

مِرِّیر ع طاقت والا آدمی۔ زورآور بہت زور سے بٹی ہوئی لمبی رسی ٭

مَریش ف زخمی۔ مست کر۔ مرزنگا۔ ستوں بھی ہے ٭

مَریض ع بیمار۔ روگی ٭

مَریم ع حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی والدہ کا نام ہے ٭

مریم عورت موسم خزاں میں درخت انگور کی شاخ ٭

مریم مکانی ع مرنے کے بعد اکبر بادشاہ کی ماں کا لقب ہوا ٭

مَرئی ع وہ چیز دیکھنے میں آسکے جس کو دیکھ سکیں۔ دیکھی گئی ٭

مَرئیات ع وہ چیزیں جن کو دیکھ سکیں۔ وہ چیزیں دیکھنے میں آئی ہیں ٭

میم مع زائے معجمہ

مَزّ ع چوسنا۔ چوسنی ٭

مُزّ ع کھٹ مٹھا ٭

مَزّ ع افزونی۔ زیادتی ٭

مَزابِلہ ع جمع مزبلہ کی کوڑیاں ٭

مِزاج ع آمیزش۔ اصطلاح اطبا میں وہ کیفیت چار عناصر کے ملنے سے پیدا ہو۔ طبیعت۔ سرشت۔ خاصیت خو۔ عادت۔ سبھاؤ ٭

مزاج گوہران ف ارکان عناصر ٭

مزاج گوی ف خوشامدی ٭

مُزاح ع خوش طبعی کرنا۔ ہنسی کرنا۔ خوش طبعی ٭

مُزاحِف ع زحاف والا۔ علم عروض کی اصطلاح میں وہ رکن جو سالم نہ ہو۔ اس میں کچھ تغیر کیا گیا ہو ٭

مُزاحِفات ع وہ بحور جن میں خلف واقع ہوا ہو۔ اور زحاف بھی کس تغیر کو کہتے ہیں جو غیر لازم ہو مختص ہوا اسباب ہوتا ہے ٭

مُزاحِم ع کسی کو منع کرنے والا۔ تکلیف دینے والا ٭

مُزاحَمت ع کسی پر تنگی کرنا۔ روکنا۔ مزاحم ہونا ٭

مُزاد ع وہ شے دان وہ چیز جس میں زاد رکھیں زیادہ کرنا۔ فروخت کیوقت قیمت بڑھا دینا ٭

مُزاد ع زیادہ کیا ہوا ٭

مزاد کردن متاع ف نرخ بڑھا دینا ٭

مَزادہ ع توشہ دان ٭

مَزار ع زیارت کرنیکی جگہ۔ زیارتگاہ۔ مقبرہ ٭

مَزارِع ع جمع مزرع کی کھیتیاں ٭

مُزارع - کھیتی کرنے والا کسان
مزارعین ع جمع مزارع کی کسان لوگ
مَنازِل ف بیت تا پستے کی جگہ
مُزالف - ع اکٹھا ہونے کا مقام
جمع ہونے کی جگہ ÷
مزالق ع پسلنے کے مقامات ÷
مَزامیر ع راگ - گیت - وہ باجو
جنگ میں کی جاتی ہے - انسیاں -
مدد جنگ کل سامان واحد اس کا مزمار ہے
مَزامیر داود ع حضرت داؤد کی کتاب
زبور - مجازاً مطربوں کے ساتھ
مُزاوجت ع جفت ہونا آپس
میں قریب ہونا - اصطلاح علم
بدیع میں مزاوجت ایک صنعت
کا نام ہے اور وہ یہ ہے کہ ایسے دو جملے
شرط و جزا میں واقع ہوں کہ پہلے
معنی پر جو امر مرتب ہو وہی دوسرے
معنی پر مرتب ہو جیسے سے
چلی جو بھی شوخ لطف سے ان پر ملتفت
چھپا غیر فتنہ عشق میں حال اضطراب
مزاولہ ع مداومت ایک معنی یہ ہے
اس کے معنی ہیں مطالبہ - مطالعہ میں مداومت
کسی کام کی عادت کرنی - اور اس
کے لیے رنج کھینچنا ÷
مزاولت ع کسی کام کو ہمیشہ کرنا
کسی چیز کے حصول کے لئے کوشش
کرنا ایک چیز کو دوسری چیز کے نزدیک کرنا ÷
مزایا ع مزیت کی جمع ہے زیادتی
افزونی - بخشش ÷
مزبلہ ع کوڑی - کھاد جمع
ہونے کی جگہ ÷

مزبورہ - مزبورہ ع لکھا ہوا جس کا
ذکر اوپر آ چکا ہو ÷
مزج ع ملانا - ملنا ÷
مزجات ع تھوڑا - اندک گنتی میں
بے اعتبار ÷
مزخرف ع جھوٹی بات جو ملمع کی
گئی ہو آراستہ کی گئی ہو - مزین کیا ہوا ÷
مزخرفات ع جمع مزخرف کی -
جھوٹی باتیں جو بظاہر درست معلوم ہوں
مزد ف - مزدوری - اجرت خواہ دنیا
کی ہو - خواہ دین کی ÷
مزدبر - مزدور - مزدور سے مزدور
مزدوحم ع ازدحام کیا گیا ÷
مزدحم ع ازدحام کرنے والا بھیڑ کرنے والا
مزدک ف نوشیروان کے باپ کے
زمانے میں ایک شخص جو اپنے آپ کو نبی
جس نے ایک نیا مذہب نکالا تھا نوشیرواں
نے تخت نشین ہو کر اسے مروا ڈالا ÷
مزدلفہ ع مکہ معظمہ میں ایک
مقام کا نام ہے ÷
مزدوغان ف خوانِ ضیافت میں
آگ روشن کرنا اور کچھ رسم اتنی
بھی اگلے زمانے میں ہوتے تھے
مزدغان کہتے ہیں ہندوستان میں اسی
طرح برہمن کرتے ہیں جس کو دند
کھسلی بولتے ہیں ÷
مزدوج - مزدوجہ ع باہم جوڑا
آپس میں ملا ہوا - مثنوی ÷
مزدور ف اجرت کرنے والا مزدوری
کرنے والا - یہ لفظ اصل میں مزد دار تھا
اجرت اور دار کلمہ نسبت ہے مرکب ہوا ÷

مزدور دیو - مزدور دیوان ف
بیہودہ کام کرنے والا - ایسے کام کرنے
والا جس میں نہ دینی یا دنیاوی کسی طرح کا
کوئی فائدہ نہ ہو - دیوان کے متعلق ہی
مزدوری ف اجرت ÷
مزر ف بوزہ - نبیذ - شراب ÷
مزرد ع زرہ پوش ÷
مزرع - مزرعہ ع کھیت - چھوٹا
سا گاؤں - بستی ÷
مزرعہ خاک ف زمین آدمی
یا کسی جانور کا بدن - قبر ÷
مزرعہ واندہ سبز ف دنیا جہان ÷
مزروع ع وہ شے جو کھیت میں بوئی گئی
مزغ ف چراغدان ÷
مزعفر ع زعفرانی - زرد رنگ کا ایک قسم
کا میٹھا پلاؤ ہے جس میں زعفران ڈالتے ہیں
مزکے ع زکواۃ دیا گیا - پاک کیا گیا یہ
اسم مفعول کا ہے تزکیہ مصدر سے ÷
مزکی ع پاک کرنے والا - زکواۃ دینے والا
مزکت ف مسجد ÷
مزکہ ف ہوا سے تیرہ ÷
مزلت ع لغزش کرنا ÷
مزلت ع پسلنے کی جگہ ÷
مزلات ع جمع مزلت کی ÷
مزلف ع زلف والا معشوق ÷
مزلفہ ع نزدیک لایا گیا - جمع کیا
گیا ÷
مزلقہ ع پسلنے کی جگہ ÷
مزلق ع پسلانے والا ÷
مزمار ع بانسری ÷
مزمزع ع وہ ایک باجہ ہے مختلف مزار

مزمل ع لپیٹ کر کپڑے میں چھپا ہوا خطاب
اہل قبائل اور گھروں میں لگاتے ہیں
اس کے چھیڑنے سے پانی نکلتا ہے
اور نہ بھی ہو جاتا ہے ÷
مزمل ع کپڑے میں لپٹا ہوا خطاب
رسول خدا صلعم کا ایک نام بھی ہے
مزمن ع پرانا - دیرینہ - کہنہ ایسا
جو چل نہ سکے ÷
مزن ع بادل - بسفید بادل - بادل
مزور ع فریبی - مکار - دھوکا دینے والا
نہ رسیدہ ÷
مزور - مزورہ ع مکر کیا گیا مجازاً پرہیز
غذا - جو بیمار کی تسلی اور خوشی کے
واسطے پکا کر کھلائی جاتی ہے - مثلاً اگر
گوشت کہ اس کا جی چاہتا ہو اور وہ
اس کے حق میں مضر ہو - تو اس کو
خوش کرنے اور تسلی دینے کے لئے کوئی
ترکاری (جس کا شوربا مثل لحم دار ہو)
گوشت کے ہوا پکا کر گوشت کے نام
سے کھلا دیں چونکہ یہ اس بیمار کے
ایک طرح کا دھوکا اور فریب ہے اس
لئے اس کا نام مزورا دیا ہوا رکھا گیا
ہر طرح غذا جو مریض کو دی جاتی ہے
مزہ ف چسکا - لذت - ذائقہ ÷
مزی ع مخفف مزیت کا ÷
مزیب ع زیب دیا گیا - یہ لفظ اکثر مستعمل
ہوا ہے ÷
مزیت ع افزونی - زیادتی - فضیلت
مزیج ع الملا مزاج ÷
مزید ع زیادتی - افزونی - افزون
کیا ہوا - زیادہ کیا گیا ÷

مزیدان ف چوسنا۔
مزیہ ع سخت۔
مزیل ع زائل کرنیوالا۔ دور کرنیوالا۔
مزین ع زینت دیا گیا۔

میم مع زائے فارسی

مژدگانی ف جو چیز خوشخبری پہنچانے والے کو بعوض خوشخبری کے دی جائے۔
مژدہ ف خوشخبری۔
مژگان ف آنکھ کی پلکیں کبھی مفرد پر بھی اس کا اطلاق ہو جاتا ہے۔ اصل میں ترسے پر فتح ہے۔ لیکن اکثر جزم ہی لکھتے ہیں۔
مژگان آفتاب ف آفتاب کی کرنیں۔
مژگان برابر زدن ف اعراض کرنا منہ پھیرنا۔
مژگان بر مژگان کشیدن و مژگان برہم زدن و برہم شکستن و برہم بستن ف پلک ارنا۔
مژگان سفیدہ کردن ف سو رہنا۔ بوڑھا ہونا۔
مژنگ ف خوشی۔ زشتی۔ چیز چھٹنا۔
مژہ ف آنکھ کی پلک۔ اصل میں میم پر ضمہ ہے۔ لیکن مشہور کسرہ ہے۔
مژہ بر مژہ خوردن ف پلک لگنا۔

میم مع سین مہملہ

مس ف تانبا۔
مس ع چھونا۔ ہاتھ لگانا۔ جماع کرنا۔
مس ف جن بھوت کے سبب سے رسائی ہو۔ بیری۔ دیوانگی۔

مساء ع شام۔ وقت شام کا۔
مسابقت ع باہم سبقت لے جانا۔
مساجد ع جمع مسجد کی۔
مساح ع پیمائش کرنے والا۔
مساحت ع زمین کو پیمائش کرنا۔ پیمائش۔
مسارعت ع باہم سرعت کرنا۔ جلدی کرنا۔
مسارقت ع باہم سرقہ کرنا۔ چوری کرنا۔
مساس ع ہاتھ ملنا۔ ہاتھ پھیرنا۔ چھونا۔ جماع کرنا۔
مساعد ع مددگار۔ یاری دہندہ۔
مساعدت ع یاری کرنا۔ مدد کرنا۔
مساعی ع جمع مسعات کی۔ کوششیں۔
مساغ ع کسی چیز کی روانی۔ کسی چیز کے جاری ہونے کی جگہ۔
مسافات ع جمع مسافت کی دوریاں۔
مسافت ع جنگل کی دوری۔ منزلوں کا فاصلہ۔ بُعد۔
مسافر ع سفر کرنے والا۔ پردیسی۔
مسافران والا ف اولیاء اللہ۔ دین حق کے طالب۔ سالک لوگ۔
مسافرت ع سفر کرنا۔
مساق ع چلانا۔ لے جانے کی جگہ۔
مساکن ع جمع مسکن کی۔ مکانات۔
مساکین ع جمع مسکین کی۔
مسآل ع سوالی۔ دریوزہ۔ گون سینے والا۔
مسالت ع سوال کرنا۔ التماس۔ درخواست کرنا۔ چاہنا۔
مسالک ع جمع مسلک کی۔ راستے۔
مسالمت ع صلح کرنا۔ صفائی کرنا۔ دوستی کرنا۔

مسالہ یہ مسئلہ ع درخواست سوال پوچھنا۔ اور علم آداب میں شکل نظری یا اثباتی کو مسئلہ کہتے ہیں اور علمی و سوال۔
مسئلہ شرعی ف مسئلہ شرعیہ ع شرع کا مسئلہ۔ مذہبی بات۔
مسام ع منافذ بدن یعنی وہ سوراخ جو انسان کے جسم میں ہیں جن سے بخارات و پسینہ نکلتا ہے۔
مسامات ع جمع مسام کی۔ بدن کے چھوٹے چھوٹے سوراخ جن میں سے پسینہ نکلا کرتا ہے۔
مسامح ع حیلے کرنیوالا کسی کام میں کسی کے ساتھ آسانی برتنے والا۔ دلیر۔
مسامحت ع احسان مروت کرنا۔ کسی شے کو حقیر سمجھ کر اس کی طرف خیال نہ کرنا۔ چشم پوشی کرنا۔ کسی عیب کا ظاہر نہ کرنا۔ بزرگوں کی غلطی۔ دلیری۔
مسامع ع جمع مسمع کی۔ کان۔
مساوات ع برابری کرنی۔ برابر ہونا۔ برابری۔ یکسانی۔
مساورہ ع ایک دوسرے پر کودنا۔
مساومت ع گرانی کی امید پر کسی چیز کے فروخت کرنے میں توقف کرنا۔ بھاؤ کرنا۔ دیر لگانی۔
مساوی ع گناہ۔ برائیاں جمع مسوئی کی۔
مساوی ع برابر۔
مساوی الاضلاع ع وہ شکل جس کے سب ضلعے برابر ہوں۔
مساوی الزاویہ ع وہ شکل جس کے سب زاویے برابر ہوں۔
مساہلت ع سہل انگاری کرنا۔ تساہل کرنا۔ سستی کرنا۔ سستی۔

مساہم ع شریک۔ حصہ دار۔
مساہمت ع شریک ہونا۔ شراکت کرنا۔ جیسا ساجھی ہو۔ مشارکت۔ ساجھا۔
مسایرہ ع برابری کرنا۔
مسائل ع جمع ہے مسئلہ کی۔
مسبب ع سبب بنانے والا۔
مسبب الاسباب ع سبب پیدا کرنے والا۔ سبب بنانے والا۔ خدا تعالیٰ۔
مسبحان ملاء اعلیٰ ف فرشتوں سے مراد ہے۔
مسبحہ ع انگشت شہادت کلمے کی انگلی۔ دیکھو سبابہ۔
مسبع ع سات حصے کیا گیا یا سات پہلوؤں کی شکل۔ سات حصوں سے بنی ہوئی شے۔
مستبد ف وہ شخص یا جو کسی کی بات کو خود سے کہیں نہ جانے دے۔
مسبوق ع گذشتہ۔ گذشتہ جس پر کوئی شخص پہلے سبقت لے گیا ہو۔
مست ف متوالا۔
مستّ ع غم۔ اندوہ۔ رنج۔ گلہ۔ شکوہ و شکایت۔
مستاجر ع ٹھیکہ دار۔ ٹھیکہ پر کام لینے والا۔ اجارہ لینے والا۔
مستاصل ع جڑ سے اکھاڑنے والا۔ برباد کرنے والا۔
مستاصل ع جڑ سے اکھاڑا گیا۔ برباد۔
مستانس ع الفت رکھنے والا۔ آدم پانے والا اس کا صلہ مستانس ہے جس کے معنی ہیں آدم یا کسی چیز کو پیار کیا۔

مُستانسین لحدیث ع وہ لوگ جو راتوں میں باہم کہانیوں یا قصہ کہانیوں میں مشغول ہوں۔
مُستانِفَہ ع از سر نو شروع کرنیوالا
ایک طرف کھڑا ہونے والا۔
کنارہ۔ جدا۔ علیحدہ۔ الگ۔
مستانہ ف مست کی مانند مستوں کے موافق۔
مُستاہِل ع سزاوار۔ لائق۔ اہل والا جس کے بال بچے ہوں۔
مُستَتِبَّہ ع کسی کام کے لئے تیار سیدھا ہو جانے والا۔
مُستَبِین ع ہویدا و ظاہر کھل گیا۔
مُستَبدِل ع بدلنے والا۔
مُستَبدَل ع بدلا گیا۔ بدلا ہوا۔
مُستَبشِر ع خوشخبری چاہنے والا۔ خوشی حاصل کرنے والا۔ خوش ہونے والا۔
مُستَبصِر ع بینائی کی طلب کرنے والا۔ بینا دل والا۔ بینا دل ہونے والا۔ دل کی بینائی مانگنے والا۔ دانا۔ دانشمند۔
مُستَبعِد ع بعید جاننے والا۔ دور سمجھنے والا۔ دور سمجھنے والا۔
مُستَبعَد ع جس سے دوری چاہی جائے۔ بعید۔ دشوار۔
مُستَبَند ف خوشی درج میں گرفتار بس بند۔
مُستَبِین ع روشن ظاہر آشکار۔
مُستَتبِع ع پیروی کرنے والا۔ پیرو۔
مُستَتِر ع چھپنے والا۔ پردہ میں ہونے والا۔ پنہاں۔ پوشیدہ۔ دوسرے معنے بوجہ صنعت قلب ہے کیونکہ بعض اعتبار سے مستتر مشتق ہے جو عربی

اور مسند لازم ہے اسم مفعول نہیں ہوتا۔
مُستَتِمّ ع تمام ہونے کی خواہش کرنے والا۔ تمام۔
مُستَثنےٰ ع مستثنا کیا گیا۔ الگ کیا گیا خاص کیا گیا۔
مُستَثنیٰ مِنہُ ع جس میں سے الگ کیا جائے۔
مُستَجاب ع قبول کیا گیا۔ قبول کیا۔
مُستَجار ع امن طلب کیا گیا۔ وہ شخص جس سے امن طلب کیا جائے پناہ مانگی جائے۔
مُستَجِد ع نیا۔
مُستَجمَر ع کعبہ کا گیا۔ دور کیا گیا۔
مُستَجمِع ع جمع کرنے والا۔ اکٹھا کرنیوالا۔
مُستَجِیب ع دعا قبول کرنے والا قبول کرنے والا۔ جواب دینے والا۔
مُستَجِیر ع امن ڈھونڈنے والا۔ پناہ مانگنے والا۔ اور بمعنی پناہ۔ پناہ دینے والے کے بھی آیا ہے۔
مُستَحاضَہ ع وہ عورت جسے عادت معہودہ سے زیادہ خون آئے۔
مُستَحَب ع دوست داشتہ شدہ اصطلاح فقہ میں وہ فعل جس کے کرنے سے ثواب ہے اور نہ کرنے سے کچھ عذاب نہیں۔
مُستَحِثّ ع اٹھانے والا۔ برانگیختہ کرنے والا۔
مُستَحَث ع برانگیختہ کیا گیا۔
مُستَحدِث ع نئی چیز پیدا کرنے والا۔
مُستَحدَث ع نئی پیدا کی گئی چیز۔
مُستَحسِن ع نیک سمجھنے والا پسند کرنیوالا

مُستَحسَن ع نیک گنا گیا۔ پسند کیا گیا۔
مُستَحضِر ع یاد رکھنے والا۔ آگاہ۔ واقف۔
مُستَحضَر ع یاد رکھا ہوا۔ جو بات یاد ہو۔
مُستَحفِظ ع حفاظت کرنیوالا نگہبان
مُستَحفِظِین ع جمع ہے مُستَحفِظ کی۔
مُستَحِق ع حقدار۔ لائق۔ سزاوار۔
مُستَحکَم ع مضبوط۔ استوار۔
مُستَخِف ع ظلم کرنے والا۔ ظالم۔
مُستَحِیل ع محال، ناممکن۔ آن ہوت حال بدلنے والا۔ ایک حال سے دوسرے میں پھرنے والا۔ مکار۔ فریبی۔ حیلہ گر۔
مُستَخبِر ع خبر ڈھونڈنے والا۔
مُستَخدِم ع خدمت لینے والا۔
مُستَخدَم ع وہ شخص جس سے خدمت لی جائے۔
مُستَخرِج ع نکالنے والا۔
مُستَخرَج ع ایک مطلب نکالا ہوا باہر نکالا ہوا۔
مُستَخِف ع خفیف جنبہ سبک۔
مُستَخلَص ع خلاص کیا گیا۔ چھڑایا گیا۔
مُستَخِیف ع ڈرنے والا۔ خوف زدہ خوفناک۔
مُستَدام ع ہمیشہ۔ ہمیشگی چاہنے والا۔
مُستَدعی ع درخواست کرنے والا چاہنے والا۔ خواہشمند۔
مُستَدِل ع دلیل لانے والا۔ دلیل کے طلب کرنے والا۔
مُستَدِیر ع مدور۔ گول۔
مُستَذَل ع خوار ذلیل کیا گیا۔
مُستَتِر ع پوشیدہ۔ پنہاں۔
مُستَراح ع جائے آسائش جائے راحت

کبھی پاخانہ کو بھی کہہ دیتے ہیں کیونکہ وہ بھی آسائش اور فراغت کا مقام ہے اور دنیا سے بھی مراد ہے۔
مُستِ راح ف مست شراب راح کے معنے شراب ہیں۔
مُستَرخی ع سست۔ ڈھیلا۔
مُستَرَد ع رد کیا گیا۔ واپس کیا گیا پھیر دیا گیا۔
مُستَرشِد ع ہدایت کی طلب کرنے والا۔ سیدھی راہ کا خواہاں۔ مرید۔
مُستَرشِد بِاللہ ع خلفاء عباسیہ میں ایک خلیفہ جو سلطان سلجوقی سے لڑکر شہید ہوا۔ سنہ ۵۱۲ھ سے سنہ ۵۲۹ھ تک حکمران رہا۔
مُستَرضیٰ ع راضی۔ رضامند۔
مُستَرضِی ع خوشنودی چاہنے والا۔ رضا جو۔
مُستَرَق ع چرایا گیا۔
مُستَرِق ع غلام بنایا گیا۔ مغلوب۔
مُستَرِیح ع آسودہ ہونے والا۔ خوشبو سونگھنے والا۔
مُستَریح ع آسائش کی جگہ۔
مُستَزاد ع زیادہ کیا گیا۔ بڑھایا گیا اصطلاح شعرا میں ایسا نظم ہے جس کے ہر مصرع کے بعد ایک فقرہ مسجع کا آوے۔ اور یہ ضرور نہیں کہ معنے اس شعر کے بغیر اس کے ختم ہوں مگر یہ لازم ہے کہ معنی اس فقرہ کے شعر کے معنی کے ساتھ مربوط ہوں۔
مُستَسعِد ع نیکی کی طلب کرنیوالا۔ اعتقاد ڈھونڈنے والا۔ مدد چاہنے والا۔
مُستَسقی ع مینہ کی طلب کرنیوالا۔

استسقا کی بیماری ہو ٭

مُستشار ع مشورت لیا گیا۔ جس سے مشورت لیں ٭

مُستشرِق ع روشن۔ تاباں ٭

مُستشعِر ع شعار پہنے ہوئے دل ہی دل میں ڈرنے والا۔ وہ بچہ جو ابھی ماں کے شکم ہی میں دلدار ہو گیا ہو۔ شعور کی طلب کرنے والا ٭

مُستشمّ ع سونگھنے والا ٭

مُستصحِب ع صحبت رکھنے والا ٭

مُستصفیٰ ع صاف۔ پاک ٭

مُستصوَب ع بہتر۔ مناسب۔ درست ٭

مُستضی ع روشنی لینے والا۔ روشنی کی طلب کرنے والا ٭

مُستضی بامر اللہ ع ایک عباسی خلیفہ ہے جو ۵۶۶ھ سے ۵۷۵ھ تک حکمران رہا ٭

مُستطاب ع خوش۔ پاکیزہ ٭

مُستطرَف ع نرالا۔ نیا۔ طبع ٭

مُستطاع ع قدرت دیا گیا ٭

مُستطَر ع لکھا ہوا۔ لکھنے میں آچکا ہوا ٭

مُستطیر ع پھیل پڑنے والا۔ پراگندہ ہونے والا۔ مصدر اس کا استطارۃ، پراگندہ ہونا ہے ٭

مُستطیع ع استطاعت والا۔ صاحب قدرت ٭

مُستطیل ع جسم دراز۔ دراز۔ اصطلاح علم ہندسہ میں وہ شکل جس کا ہر ایک ضلع مقابل کے دو دو ضلعے برابر ہوں اور چاروں زاویے قائمے ہوں ٭

مُستظہِر ع ظہور کی طلب کرنیوالا۔ پشت پناہ کی طلب کرنے والا۔ مدد چاہنے والا۔ قوی پشت۔ قوی۔ اور یار کے معنے میں بھی آتا ہے ٭

مُستظہِر باللہ ع خلفائے عباسیہ سے ۴۸۷ھ سے ۵۱۲ھ تک حکمران رہا اس کے عہد میں آل بویہ کی سلطنت ختم ہوئی ٭

مُستعاد ع سود۔ نفع حاصل ہوا ہوا ٭

مُستعار ع مانگا ہوا۔ عاریتی ٭

مُستعان ع مدد طلب کیا گیا ٭

مُستعجِل ع شتاب چاہنے والا۔ جلدی کرنے والا۔ جلد کار ٭

مُستعِد ع مہیا۔ تیار ٭

مُستعذَب ع شیریں کیا گیا ٭

مُستعصم باللہ ع خلفائے عباسیہ میں سے آخری خلیفہ کا نام ہے جو خلیفہ مستنصر باللہ کا بیٹا تھا۔ اس نے ۶۴۰ھ سے ۶۵۶ھ تک سلطنت کی مسند پر بیٹھا رہا تھا۔ ہلاکو خاں نے بغداد کو فتح کر کے اسے قتل کر ڈالا ٭

مُستعفی ع نوکری سے معافی مانگنے والا۔ نوکری چھوڑ دینے والا ٭

مُستعلیات ع وہ حروف جن کے پڑھنے سے زبان تالو کو پہنچے وہ یہ ہیں خ۔ غ۔ ق۔ ص۔ ض۔ ط۔ ظ ٭

مُستعمَل ع عمل میں لایا ہوا۔ کام میں لایا ہوا ٭

مُستعیر ع عاریت کا خواستگار۔ عاریت کی خواہش کرنے والا ٭

مُستعین ع اعانت طلب کرنیوالا۔ مدد چاہنے والا۔ متوکل علی اللہ کا بھائی تھا۔ اپنے بھتیجے مستنصر باللہ کے بعد ۲۴۸ھ سے ۲۵۲ھ تک بادشاہ رہا ٭

مُستغاث ع جس کے آگے فریاد کی جائیں۔ جس سے دادرسی چاہیں۔ اور بمعنی مدعی مستغاث جو مشہور ہے رد ہے ٭

مُستغاثی ع فریادی۔ دادخواہ ٭

مُستغرِق ع ڈوبنے والا۔ سب کو شامل و جامع ہونے والا۔ اپنی ساری طاقت سے کوئی کام کرنے والا۔ کامل صیغہ اسم فاعل کا ہے۔ استغراق مصدر سے ٭

مُستغرَق ع صیغہ اسم مفعول کا ہے استغراق مصدر سے جس کے معنے ہیں سب کو حاصل کر لینا سب کو شامل و جامع ہونا۔ مستغرق کے معنے ڈوبا ہوا۔ غرق شدہ ہوا۔ سب پر حاوی۔ سب کو شامل و جامع۔ کسی کام یا خیال میں بہت مشغول ٭

مُستغفِر ع گناہوں کی بخشش کی طلب کرنے والا۔ بخشش مانگنے والا ٭

مُستغلات ع وہ جائداد جس کی آمد ہو ٭

مُستغنی ع بے پرواہ۔ دولتمند ٭

مُستغیث ع فریادی۔ جو شخص دادخواہ ہو ٭

مُستفاد ع جو فائدے کے طور پر حاصل ہو گیا ہو ٭

مُستفید ع فائدہ کی طلب کرنے والا۔ فائدہ چاہنے والا ٭

مُستفیض ع فیض کی طلب کرنے والا۔ فیض اٹھانے والا ٭

مُستفیح ع بیان یا معلوم کیا گیا ہوا ٭

مُستقبِل ع سامنے آنیوالا۔ زمانہ آئندہ ٭

مُستقَر ع قرارگاہ۔ جائے قرار۔ ٹھیرنے کی جگہ ٭

مُستقر الخلافہ ع دارالخلافہ۔ پایۂ تخت کے زمانہ میں یہ آگرہ کا لقب تھا ٭

مُستقر حکومت۔ مُستقر عزت ع دارالحکومت۔ دارالسلطنت ٭

مُستقصی ع کسی چیز کی نہایت کو پہنچنے والا ٭

مُستقِل ع صاحب استقلال۔ محکم۔ مضبوط۔ پائدار۔ ثابت قدم جو کسی کام پر قائم ہو۔ فارسی والے اکثر بتخفیف استعمال کرتے ہیں ٭

مُستقیم ع سیدھا۔ راست۔ درست۔ ٹھیک ٭

مُستکبِر ع اپنے تئیں بڑا سمجھنے والا۔ سرکش۔ نافرمان۔ گردن کش۔ متکبر۔ مغرور ٭

مست گزارہ ف وہ مست جس کی مستی دور گزر گئی ہو ٭

مُستکرِہ ع مکروہ جاننے والا۔ برا جاننے والا ٭

مُستکفی ع کفایت چاہنے والا۔ خلفائے بغداد میں سے ایک خلیفے کا نام ہے۔ جس کا نام ابو محمد علی ابن احمد تھا۔ اپنے باپ کے بعد ۳۳۳ھ سے ۳۳۴ھ تک خلیفہ رہا ٭

مُستلِذ ع لذت حاصل کرنیوالا۔ مزہ لینے والا ٭

مُستلذّات ع مرغوب چیزیں جن سے لذت حاصل ہو۔ لذتیں ٭

مُستلزِم ع لازم پکڑنے والا۔ اپنے اوپر کوئی کام لازم کر لینے والا ٭

مُستلقی ع پیٹھ کے بل سونے والا ٭

مُستمال ع اپنی طرف مائل کیا گیا۔ تسلی دلاسا دیا گیا۔ دلجوئی کیا گیا۔ رجوع کیا گیا ٭

مُستمِر ع استوار۔ رواں۔ ہمیشہ۔ دائم ٭

مُستمِرّہ ع رواں۔ استوار۔ دائمی ٭

مُستمسِک ع چنگل مارنے والا۔ تمسک کرنے والا ٭

مُستَمِع ع سننے والا ۔
مُستَمنِد ع مسکین ۔
مُستَمنِد ف مرکب ہے مُست (یعنے غم) اور مند (یعنے صاحب) سے صاحب غم ۔ غمگین ۔ مجازاً ۔ حاجتمند ۔
مُستَنبَط ع یہ مذکر واحد ہے ۔ جمع مستنبطات ہے ۔ جو جمع ہے مستنبط کی
مُستَنبَط ع استخراج کیا گیا ۔ باہر نکالا گیا ۔
مُستَنبَطات ع جمع مستنبط کی نکالا گیا نکالنے کی جگہیں ۔
مُستَنجِد باللہ ع ایک عباسی خلیفہ ہے جو خلیفہ ہوا سنہ ۵۵۵ھ میں ۔ ۱۱ برس خلیفہ رہا ۔ وہ ترکی اور شاعر تھا ۔
مُستَنجِم ع جو ستارہ شناسی کی رو سے دیکھے ۔ روشن ۔
مُستَنَد ع جس کی پناہ لیں ۔ جس کا سہارا لگائیں ۔ تکیہ ۔ دست ۔ حجت وغیرہ
مُستَنِد ع پناہ لینے والا ۔
مُستَنصِر ۔ مُستَنصِر باللہ ع ایک عباسی خلیفہ کا نام ہے جس نے ۶۲۳ھ سے ۶۴۰ھ تک خلافت کی ۔ بغداد میں ایک مدرسہ مستنصریہ قائم کیا ۔ دستور علیم بہت مشہور ہے ۔
مُستَنکَر ع برا ۔ زشت ۔
مُستَنیر ع روشنی کی طلب کرنے والا ۔ روشن ۔
مُستَوثِق ع مضبوط ۔ استوار ۔ مستحکم
مُستَوجِب ع واجب کرنے والا ۔ سزاوار ۔
مُستَوحِش ع وحشت کرنے والا ۔
مُستَودَع ع امانت رکھنے کی جگہ ۔ امانت گاہ ۔ سونپنے کی جگہ ۔
مُستَودَعات ع امانت کی چیزیں ۔ امانتیں ۔
مَستُور ع چھپا ہوا ۔
مَستُورات ع چھپی ہوئیں پردہ نشین عورتیں ۔
مَستُورہ ع چھپی ہوئی ۔
مُستَوسِع ع فراخ ۔ وسیع ۔
مُستَوفِی ع پورا لینے والا ۔ وہ عہدہ دار جو اپنے ماتحت محاسبوں کے حساب کی جانچ اور پڑتال کرے ۔
مُستَوفا ۔ مُستَوفٰی ع تمام دیا ہوا ۔ پورا کیا گیا ۔
مُستَوفِز ع صیغہ اسم فاعل کا ہے ۔ استیفاز مصدر سے جس کے معنے ہیں زانو ٹیک کر اور سرین اٹھا کر بیٹھنا اس طرح بیٹھنا کہ حرکت کرنے پر آمادہ پایا جائے ۔ آمادہ ۔ مستعد ۔
مُستَوقِد ع آگ بھڑکانے والا ۔
مُستَولِی ع غالب ۔ زبردست ۔ قابض ۔
مُستَوہِب ع طلب ہبہ کی کرنے والا ۔ بخشش چاہنے والا ۔
مُستَوِی ع برابر ۔ ہموار ۔
مُستَہام ع سرگشتہ ۔ حیران ۔
مُستَہتِر ع متہم یعنی شیفتہ کیا گیا ۔ شکاری پرندے کا لقمہ ۔
مُستَہان ع ذلیل ۔ خوار ۔ لوگوں کی نظر میں سبک ۔
مُستَہجَن ع مکروہ ۔ زشت ۔ مجاز ۔
مُستَہزِی ع مسخرہ کرنے والا ۔ ہنسی ٹھٹھا کرنے والا ۔
مُستَہِل ع نیا چاند دیکھنے والا ۔ زور و شور سے برسنے والا ۔
مُستَہلِک ع تباہ ہونے والا ۔ ہلاک ہونے والا ۔
مَستی ف نشہ ۔ شہوت کا جوش ۔ آرزو مندی ۔ عاشقی ۔
مُستَیسِر ع آمادہ ہونے والا ۔ تیار ۔
مُستَیقِظ ع بیدار ۔ نگہبانی کرنے والا ۔
مَسجِد ع جائے سجدہ ۔ سر جھکانے کی جگہ ۔ مسجد ۔
مَسجِد آدینہ ع جس مسجد میں نماز جمعہ ادا کریں ۔ جامع مسجد ۔
مَسجِد اقصٰی ع بہت دور کی مسجد ۔ مکے سے دور کی مسجد ۔ یعنی بیت المقدس جو ارض فلسطین (واقع ملک شام) میں ہے ۔
مَسجِد روشن الدولہ یا سنہری مسجد دہلی ف شاہجہان آباد میں کوتوالی چبوترہ کے قریب یہ مسجد کھلی سڑک پر بنی ہوئی ہے دروازہ اس کا رخ مشرق رویہ ہے ۔ اس کی بارہ دری ہیں صحن کے گرد سنگین کٹہرہ اور جانب غرب دالان مسجد تین در کا بنا ہوا ہے ۔ اور اس کی زمین فرش میں پانچ کی محراب پر کتبہ کندہ ہے ۔ شمال اور جنوبی دیوار میں روشنی اور ہوا کے واسطے خوبصورت جالیاں لگی ہیں ۔ اور دالان کے اوپر تین طلائی برج سنہ ۱۸۰۲ع میں کلس کے ہند خوبصورت بنے ہوئے ہیں ۔ جانب جنوب دوسرا صحن مع ایک دالان اور کنوئیں کے واقع ہے جہاں لوگ وضو کرتے ہیں اس مسجد کو نواب روشن الدولہ نے محمد شاہ بادشاہ کے زمانہ میں سنہ ۱۱۳۴ھ میں بنوایا تھا ۔ اسی واسطے اسے مسجد روشن الدولہ کہتے ہیں ۔ نادر شاہ نے دہلی میں قتل عام کا حکم اسی مسجد میں بیٹھ کر دیا تھا ۔
مُسجَّع ع قافیہ دار سخن ۔ مقفٰے بات ۔ نثر جس کے فقروں کے آخر کلمات میں قافیہ ہو اور اصطلاح شعراء میں نام ایک صنعت کا ہے کہ شاعر شعر کو چار حصے کرے اور تین حصوں کے بعد چوتھے حصے شعر کو اس قافیہ پر جس پر شعر کی بحر ہے تمام کرے ۔ جیسے ؎
باتا دو دہ چشم نشیں ۔ لعل لستان نازنیں
کانشوہ فیروزہ زمیں ۔ تا آسماں باشد ترا
مُسَجَّل ع مہر کیا ہوا قاضی کا ۔
مَسجُود ع سجدہ کیا گیا جس کو سجدہ کریں ۔
مَسجُور ع پانی سے بھرا ہوا ۔
مَسجُون ع قیدی ۔
مَسح ع ہاتھ ملنا ۔ ہاتھ پھیرنا کسی چیز پر ۔
مِسحات ع بیلچہ ۔ وہ کہی جس کے ساتھ زمین سے مٹی کھودیں ۔
مُسحَل ع ریتی ۔
مَسحُوق ۔ مَسحُوقہ ع گھسا ہوا ۔ رگڑا ہوا ۔ پیسا ہوا ۔ مصدر اس کا سحق ہے جس کے معنے ہیں گھسنا ۔ پیسنا ۔ نرم کرنا ۔ تباہ کرنا ۔ ہلاک کرنا ۔
مِسحٰی ع ایک قسم کا موزہ ہے جسے علما اور امرا پہنتے ہیں ۔
مَسخ ع ایک صورت سے دوسری صورت بدلنا ۔ مگر دوسری صورت اول سے بدتر ہو ۔ کسی شے کا مزہ جاتا رہنا ۔ بے مزہ ہو جانا ۔
مُسَخَّر ع تابع کیا گیا ۔ مطیع کیا گیا ۔

مسخرگی ف مسخرہ بازی۔ مسخرہ پن۔ ہنسی ۔
مسخرہ ع وہ شخص جس پر ٹھٹھا کیا جاوے ۔
مسخنات ع گرم کرنے والی چیزیں۔ وہ اشیا جن سے گرمی حاصل ہو ۔
مسخوط ع غصہ کیا گیا۔ خفا کیا گیا ۔
مسدس ع اصطلاح علم ہندسہ میں چھ ضلعوں کی شکل ہے جس کے سب ضلعے اور زاویے آپس میں برابر ہوں اور دیکھو مسمط ۔
مسدس عالم ع چھ طرفین جہات ستہ
مسدود ع بند کیا گیا۔ روکا گیا۔ بند ۔
مسرف سخی ف سر سے ہی جیم کیا ہوا الی
مسرات ع جمع مسرت کی خوشیاں ۔
مسرت ع خوشی ۔
مسرج ع وہ گھوڑا جس پر کاٹھی ڈالی گئی ہو ۔
مسرجہ ع چراغدان ۔
مسرود ع لکھنے کا وہ آلہ جس سے چھوٹے چھوٹے سوراخ نکالتے ہیں۔ چھانے کا آلہ ۔
مسرع ع جلدی کرنے والا۔ تیز رو۔ قاصد۔ ہرکارہ ۔
مسرف ع بیہودہ خرچ کرنے والا۔ فضول خرچ ۔
مسروق ع دغا۔ افسوس ۔
مسرور ع خوش کیا گیا۔ خوش ۔
مسروق ع چرایا گیا۔ چوری کیا گیا ۔
مسروقہ ع چرائی ہوئی چیز ۔
مسرہ چرخ ف چاند۔ قمر ۔
مسطح ع چپٹا بنا۔ بچھا ہوا۔ مسطح کیا گیا۔ چھت دار ۔

مسطر ع مسطرہ جس سے سطریں کھینچی جاتی ہیں ۔
مسطور ع لکھا گیا۔ سطر بندی کیا گیا ۔
مسعات ع کوشش۔ کوشش کرنا ۔
مسعود ع سعادت کیا گیا۔ نیک بخت۔ سلطان محمود غزنوی کے ایک بیٹے کا نام ہے جو اس کی وفات پر تخت نشین ہوا۔ اور بھائیوں سے شکست کھا کر لاہور آ گیا اور راہ میں مارا گیا ۔
مسفر ع روشن۔ سفید ۔
مسقط ع گرنے کی جگہ۔ اور ملک عرب میں اس کے جنوب مشرقی ساحل پر ایک شہر ہے جہاں کا طوایت مشہور ہے ۔
مسقط الراس ع جائے پیدائش زاد بوم۔ جنم بھوم۔ مولد۔ لفظی معنے اس کے ہیں۔ سر کے گرنے کی جگہ۔ چونکہ بچے کے پیدا ہونے کے وقت پہلے اس کا سر زمین پر آتا ہے اس لئے یہ لفظ مولد و مولن کے معنی میں مخصوص ہے ۔
مسک ف مشک۔ کستوری ۔
مسکات ع چپ کرانے والا ۔
مسک گرد ف تھیرا۔ نیے کے بتن بنانے والا ۔
مسکر ع نشہ پیدا کرنے والی چیز۔ مستی لانے والی چیز ۔
مسکرات ع وہ چیزیں جن سے نشہ اور مستی پیدا ہو جیسے شراب بھنگ وغیرہ ۔
مسکن ع رہائش۔ سکونت کی جگہ۔ گھر ۔
مسکن ع تسکین دینے والا۔ تسلی دینے ۔
مسکنت ع مسکینی۔ عاجزی ۔
مسکہ منگل ع ایک ساز ہے جسے منہ سے بجاتے ہیں ۔

مسکو روس کا دارالسلطنت۔ جو فرنگستان روس کے مابین اس کا ایک مشہور شہر ہے پہلے یہی دارالسلطنت تھا۔ نپولین بوناپارٹ شاہ فرانس نے اس کو جلا دیا تھا ۔
مسکوک ع سکہ کیا ہوا۔ سونا چاندی یا تانبا جس پر سکہ لگایا گیا ہو ۔
مسکہ ف مکھن ۔
مسکین ع صیغہ مبالغہ کا ہے مفعیل کے وزن پر جس کے معنی ہیں بہت ہی بے حرکت۔ اور نہایت نا طاقت اور خاموش۔ میں لکھا ہے۔ کہ مسکین وہ شخص ہے جس کو مفلسی اور فقیری نے بے حرکت اور ناطاقت کر دیا ہو۔ شریعت والے مسکین اسے کہتے ہیں جو بالکل ہی بے بضاعت اور نادار ہو اور فقیر اسے کہتے ہیں جس کے پاس اتنا مال نہ ہو کہ زکوٰۃ دینی اس پر واجب آئے لیکن گذارے لائق رکھتا ہو۔ مفلس نادار بے تقدیر بے بضاعت ۔
مسلح ع ہتھیار بند ۔
مسلخ ع کھال اتارنے کی جگہ۔ مذبح
مسلسل ع سلسلہ بندی کیا گیا۔ زنجیر سے جکڑا ہوا۔ زنجیر بند ۔
مسلط ع وہ شخص جس کو کسی پر مقرر کیا جاوے۔ مجازاً مغلوب ۔
مسلط ع مقرر کرنے والا کسی کو دوسرے پر۔ تسلط کرنے والا۔ غالب۔ زبردست ۔
مسلفہ ع ایک چوبی تختہ ہموار زمین ہموار کرنے کا آلہ ۔
مسلک ع راہ۔ راستہ ۔
مسلم ع تسلیم کیا گیا۔ ثابت۔ سونپا گیا ۔

سلامت رکھا گیا۔ بجال۔ بے ترد۔ مناسب ۔
مسلم ع ماننے والا۔ تسلیم کرنے والا ۔
مسلم ع مسلمان۔ جو شخص دین اسلام رکھتا ہو ۔
مسلمان ف جو شخص دین اسلام میں ہو ۔
مسلمین ع جمع مسلم کی ۔
مسلوب ع سلب کیا گیا۔ لے لیا گیا۔ چھینا گیا
مسلوخ ع کھال اتارا گیا۔ جو ستھرا کر کے چمکایا گیا ہو
مسلوک ع جاری کیا گیا۔ آمد و رفت کیا گیا۔ سلوک کیا گیا ۔
مسلول ع کھینچا گیا۔ باہر لایا گیا۔ جس شخص کو مرض سل ہو ۔
مسلی ع غم دور کرنے والا۔ وہ کھجور جو کھجور کی ڈھیروں میں دوسرے کھجوروں سے رہے ۔
مسلی ع ایک بیماری کا نام ہے جس میں بیمار سمجھتا ہے کہ اس کے بدن میں سوئیاں چبھوئی جاتی ہیں ۔
مسماع ع آواز کیا گیا ۔
مسمار ع میخ۔ کھونٹی۔ کیلی ۔
مسمار کردن ف ڈھا دینا ۔
مسمرہ ع بے چاندی وغیرہ کی جڑی ہوئی میخیں ۔
مسمط ع صیغہ اسم مفعول کا ہے تسمیط مصدر سے جس کے معنی موتیوں کا لڑی میں پرونا ہے۔ اور اصطلاح شعرا میں چند ایسے مصرعوں کے جمع کرنے کو کہتے ہیں کہ وزن و قافیہ میں کسی شعر کے مصرعہ اولیٰ سے متفق ہوں۔ پس اگر مصرعہ اولیٰ پر دو مصرعے لگائیں تو اس کو مربع کہتے ہیں اور اگر تین لگائیں تو مخمس اور اگر چار تو مسدس اور اگر پانچ تو مسبع

اور اگرچہ تو شتن اور اگر سات تو تشبیع اور اگر آٹھ تو مستثمن اور آٹھ سے زیادہ مصرعے ملانے کا دستور نہیں اور اس قسم کے اشعار رکھنے میں شرط یہ ہے کہ چند مصرعے ہموزن وہم قافیہ جمع کریں آپس میں پیوند لفظی و معنوی رکھتے ہوں اور مسلسل مربوط ہوں۔ اصلی شعر کے آخر مصرع تک ❊

مُثمنع ع گران ❊

مُثمّن ع مول۔ قیمت ❊

مُثمّن ع مول لینے والا۔ خریدار ❊

مُثمّن ع مول لیا گیا۔ خریدا گیا ❊

مسموع ع سنا گیا ❊

مسموم ع زہر دیا گیا جس نے زہر کھا لیا ہو ❊

مِسَن ع وہ پتھر جس پر کارد و شمشیر تیز کریں۔ فسان ❊

مُسِن ع سالخوردہ۔ سن رسیدہ۔ بوڑھا آدمی ❊

مُسنَد ع زانہ بلیہ خوابیدہ۔ حرا بزادہ۔ جس کی روٹ لیں۔ جس کی اوٹ میں کسی چیز کو رکھا گیا ہو۔ جیسے تکیہ گاہیں۔ اصطلاح نحو میں خبر کو مسند بھی کہتے ہیں ❊

مَسنَد ع تکیہ گاہ۔ تکیہ ❊

مسند ... بہت چھوٹا۔ ادنیٰ۔ کمتر۔ نالائق

مسند آرا ... گدی نشین ❊

مسند آسودگاں ف آدمی کے دفن کرنے کی جگہ۔ قبرستان۔ دنیا ❊

مسند جم ف تخت سلیمانی ❊

مسنواۃ ع زمین درست کرنے کا ایک آلہ ہے ❊

مسنوط ع ... زمین ہموار کرنے کا آلہ

مسواک ع دانتن۔ وہ لکڑی جس سے دانت صاف کرتے ہیں ❊

مُسَوَّدَہ ع سیاہ۔ مجازاً نوشتہ۔ لکھا ہوا۔ وہ تحریر جو پہلی دفعہ سرسری طور پر لکھی گئی ہو۔ اور ابھی صاف نہ کی گئی ہو۔ یہ لفظ اسود و سود سے مشتق ہے۔ جو زوال کے وزن پر ہے کیونکہ یہ لفظ معنے لون (رنگ) میں ہو اکثر اس باب میں آتا ہے جیسا کہ احمرار اخضرار اصفرار وغیرہ جس اعتبار سے جو لوگ مسودہ پڑھتے ہیں وہ غلط ہے اس واسطے کہ مسودہ صیغہ اسم مفعول کا ہے اب تفعیل سے اور کلام عرب میں مستعمل نہیں ہے ❊

بعض محققین اس کے برخلاف ہیں وہ کہتے ہیں کہ کلام عرب میں یہ لفظ مطلق سیاہ کے معنے میں آیا ہے نہ سیاہ کردہ شدہ اور نوشتہ شدہ کے معنے میں پس اس لحاظ سے مُسَوَّدہ صیغہ اسم مفعول ... کے معنے لکھتا ہیں اور ثقات کی کلام میں اکثر جگہ آگیا ہے درست ہے اگرچہ کلام عرب میں نہیں آیا۔ مسودہ اور مسودہ پڑھنا بالکل غلط ہے ❊

مَسئُول ع سوال کیا گیا۔ مانگا گیا۔ درخواست ❊

مسئولات ع وہ مقدمے جو الفاظ میں موجود نہیں۔ اور لوگوں کو ان سے اطلاع نہ ہو ❊

مُسہَّا ے ... اندرونی۔ ظاہری دوستی۔ دکھاوے کی دوستی جو ظاہر میں سچی معلوم ہو ❊

مُسہّد ع جگایا گیا ❊

مُسہِّل ع وہ دوا جس سے دست آویں قبض دور کرے اور مادے کو رقیق کرکے نکالے دست آور جلاب ❊

مُسِیء ع بدکردار۔ بد اعمال ❊

مِسِّی ف دانتوں کے صاف کرنے کی دوائی ہے ❊

مسیحا ف ہو مسیح ... رسول اللہ

مسیح ع مسح کیا گیا۔ ملا گیا۔ چونکہ فرشتوں نے حضرت عیسےٰ کے سر پر تیل ملا تھا اس واسطے اُن کو مسیح کہتے ہیں اور یہ بہت زمین پیمائش کرنے والے ان دو معنوں کے لحاظ سے بھی لقب حضرت عیسےٰ کا ہے۔ کیونکہ آپ دوست حق تھے اور بسبب تجرد کے اکثر سیر و سیاحت میں مشغول رہتے تھے اور نیز مسیح کے معنے ہیں جھوٹا۔ ورد لگانا ان دو معنوں کے لحاظ سے لقب دجال کا ہے ❊

مسیح الدجال ع دجال ملعون جو بائیں آنکھ کا کانا ہے۔ اس کے پاس ایک باغ ہوگا جسے وہ جنت کہے گا۔ اور بہت سی آگ جسے دوزخ قرار دیگا جو لوگ اس کا انکار کرینگے اُن کو دوزخ میں ڈالیگا۔ سو وہ آگ ان پر گلزار ہو جائیگی اور جو اس کی بات کو مان لینگے اُن کو جنت میں ڈالیگا۔ سو جنت ان پر دوزخ ہو جائیگا ❊

مسیحا ف قرآن شریف میں حضرت مسیح آیا ہے۔ پس زیادتی الف کی فارسی والوں کا تصرف ہے۔ بقول بعض مسیحا کا معرب ہے جس کے معنے مبارک ہیں ❊

مسیح پیک ف شب ... خمر و شراب۔

مُسیخ ع بے مزہ۔ بد ذائقہ چیز ❊

مَسِیر ع جانا۔ چلنا۔ سیر کرنا۔ سیر کا جگہ۔ جانے کی رفتار ❊

مَسِیل ع پانی کے چلنے کی جگہ ❊

مُسیلمہ ع ایک شخص ... کذاب یمامہ کا نام ہے جس نے جھوٹا دعوےٰ نبوت کا کیا تھا۔ اور اس سبب سے اس کا لقب کذاب ہوگیا۔ وہ چند مسلمان عقائد پر مرتد ہوکر پیغمبری کا دعوےٰ کرنے لگا اور قرآن مجید کے مقابل میں کچھ تک بندی کی اور خرافات بھی بکے۔ آخر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں مارا گیا ❊

میم مع شین معجمہ

مُشابہ ع مانند۔ مثل۔ نظیر ❊

مُشابہت ع مثل ہونا۔ مانند ہونا۔ نظیر ہونا۔ مثل ❊

مُشاتمت ع ایک دوسرے کو گالیاں دینا

مُشاجرہ ع منازعت۔ مخالفت۔ باہم درختوں کی طرح لپٹنا ❊

مُشار ع اشارہ کیا گیا ❊

مُشارٌ الیہ ع جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہو۔ معتبر۔ ذی عزت ❊

مَشارِب ع جمع ہے مشرب کی ❊

مُشارِبت ع باہم اکٹھا پانی پینا ❊

مَشارِع ع جمع شریعہ کی۔ رستے ❊

مُشارِک ع شریک ہونے والا ❊

مُشارکت ع باہم شریک ہونا ❊

مَشّاطہ ع کنگھی کرنے والی عورت جس کا پیشہ کنگھی کرنے کا ہو۔ دلہن کو بناؤ سنگار کرنے والی عورت کا ... حال میں بھی

والا کشتی کے معنی آیا ہے۔

مشاع ع۔ جس کی تقسیم نہ ہوئی ہو۔ مشترک مال مشاع۔ اکثر استعمال اس کا زمین پر آیا ہے۔

مشاعر ع۔ جمع ہے مشعر کی۔ عبادت کے مقام۔

مشاعرہ ع۔ باہم جمع ہو کر شعر خوانی کرنا۔

مشاعل ع۔ جمع ہے مشعل کی۔

مشاغل ع۔ جمع مشغل کی جو جمع ہے شغل کی۔ بہت کام۔

مشافہہ ع۔ روبرو بات کہنی۔ رو در رو ہونا۔

مشاق ع۔ بہت مشق کرنے والا۔

مشتاق ع۔ مشتاق کی جمع۔ مشتاقان۔

مشاکل ع۔ ہم شکل ہونے والا۔ مشابہ۔ اور علم عروض میں ایک بحر کا نام ہے۔ اور مشاکل اسے اس واسطے کہتے ہیں کہ مشاکل کے معنی مانند کے ہیں اور یہ بحر مانند بحر قریب کے ہے۔ صرف فرق یہ ہے کہ بحر قریب میں فاعلاتن آخر میں آتا ہے۔ اور اس بحر میں مقدم۔ وہ مفاعیلن پر ہے۔ وزن ارکان قریب کے مفاعیلن مفاعیلن فاعلاتن ہیں۔ اور بحر مشاکل کے فاعلاتن مفاعیلن مفاعیلن ہیں۔

مشاکلت مشاکلہ ع۔ ہم شکل ہونا مانند ہونا۔ اور علم بدیع میں نام ایک صنعت کا ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ دو چیزوں کا ایک جا ذکر کریں۔ اور جن لفظوں سے پہل چیز کو تعبیر کیا ہے۔ انہی لفظوں سے دوسری چیز کو بھی تعبیر کریں۔ ایک جا رہنے یا ہونے کے سبب سے جیسے شعر

لب سوال جو وا کی جو یار بہ ستم
بوسہ برستم قدم جو دیکھے رخ رنگ و رلیش
خوشی کو میرا اب ستم کہا ہے ستم
کے کہنے کی مناسبت ہے۔

مشام ع۔ محل توجہ شامہ کا۔ دماغ۔

مشاورت ع۔ مشاورہ۔ آپس میں مل کر مشورہ کرنا۔

مشاہد ع۔ دیکھنے والا۔

مشاہدہ ع۔ دیکھنا اور کسی کے روبرو حاضر ہونا۔ اصطلاح صوفیہ میں انوار الٰہی کو دیکھنا۔

مشاہرہ ع۔ ماہیانہ۔ ماہ بماہ دینا تنخواہ کا۔ تنخواہ۔ وظیفہ۔ یہ لفظ شہر سے مشتق ہے جس کے معنی مہینہ ہے۔

مشاہیر ع۔ جمع ہے مشہور کی۔ مجازاً بزرگان و نامواران۔ سردار۔

مشائخ ع۔ جمع شیخ کی۔ بزرگ لوگ۔ عالم لوگ۔ صوفی لوگ۔ منتخب۔ اہل اللہ۔ واضح ہو کہ مشائخ جمع شیخ کی ہے۔ اور مشیخہ جمع شیخ کی ہے۔ پس مشائخ جمع الجمع شیخ کی ہوئی۔ تعجب ہے کہ یہ لفظ عرف میں واحد پر اطلاق کیا جاتا ہے۔ اور جمع کے واسطے اس کے آگے ان بڑھا کر مشائخان کہا جاتا ہے۔

مشایعت ع۔ پیروی کرنا۔ تھوڑی دور کسی کو رخصت کرنے کے واسطے جانا۔

مشائین ع۔ جمع مشائی کی۔ جو نسبت کا صیغہ ہے مشی مصدر کی۔ یا مبالغہ کا ہے مثل قتال کے۔ یائے الف زائدہ کے بعد واقع ہونے کے سبب ہمزہ سے بدل گئی مشائی ہو گیا۔ اور یائی ان جمع کا بڑھانے سے مشائین بن گیا۔ جیسے اصطلاح میں وہ گروہ حکما کا جو ادراک حقائق اشیاء میں دلیل سے چلتے ہیں یعنی دلائل عقلیہ سے مقصد پر پہنچتے ہیں یا ان کو کہ اور حقائق اشیا میں تشدد رفتار کے محتاج ہیں۔ یعنی

ایک دوسرے کے پاس پہنچ کر حاصل کرتے ہیں۔ بخلاف اشراقیین کے جو بیٹھے بیٹھے معلوم کر لیتے ہیں۔

مشبع عربی۔ سیر کیا گیا۔ پیٹ بھر کر کھلایا گیا۔

مشبک ع۔ جالی دار۔ وہ شے جس میں بہت سوراخ ہوں۔

مشبک تحلو ف۔ بجوبی سوراخ۔ اور آسمان سے بھی مراد ہے۔

مشت ف۔ مکا۔ مٹھی۔ مشت زن آدمی۔

مشت ف۔ مرا ہوا۔ مٹھی والی کے پاس اکیلا۔ کاؤں ہے۔

مشت آتشیں ف۔ عالم کون۔ آتش بیانی۔

مشتاق ع۔ مظاہر کیا گیا۔ فاش کیا گیا۔

مشت افشارت ف۔ خسرو پرویز کا ایک خزانے کا نام ہے۔

مشتاق ع۔ آرزو مند۔ شائق۔ ہونے والا۔ شوقین۔

مشتبہ ع۔ مشکوک۔ جس میں شبہ ہو۔

مشتمت ع۔ پراگندہ۔ پریشان۔ متفرق۔

مشت خاک ف۔ کرہ ارض۔ دنیا۔ اور آدمی سے بھی مراد ہے۔

مشترک ع۔ جس چیز میں کئی شریک ہوں۔ اور وہ لفظ جو کئی معنی کے واسطے وضع کیا گیا ہو۔ یعنی ہر ایک کے واسطے علیحدہ علیحدہ وضع ہو۔ جیسے لفظ جاریہ جس کے معنی آفتاب اور کشتی کے ہیں۔

مشت ع۔ مشت۔ رندہ۔

مشتواره ف۔ کاشتکاروں کا رندہ۔

مشتری ع۔ خرید۔ مول لینے والا۔ گاہک کبھی کبھی واو کے ساتھ بھی آتا ہے۔ نام ایک ستارہ کا جو چھٹے آسمان پر ہے۔ منجم لوگ سعد اکبر جانتے ہیں۔ واحد اس کا قطب

سے قریباً ۴۸ کروڑ ۳۰ لاکھ میل ہے۔ مدار میں رفتار اس کی فی گھنٹہ ۲۹۰۰۰ میل ہے۔ قطر اس کا ۸۸ ہزار میل ہے۔ آفتاب کے گرد وہ ۴۳۳۲ دن میں ایک دورہ کرتا ہے۔ اسکے ساتھ چار چاند ہیں۔ فارسی میں اس کو برجیس اور ہندی میں برہسپت کہتے ہیں۔ اور قاضی فلک بھی کہتے ہیں۔ ہیما گردوں کی اصطلاح میں اور بڑے رنگ کو کہتے ہیں۔

مشتزن ف۔ مکا مارنے والا۔ پہلوان۔

مشت شرارت ف۔ مستعار ہے۔

مشتعل ع۔ روشن۔ شعلہ دینے والا۔ بھڑکنے والا۔

مشتغل ع۔ جب اس کا صلہ ب واقع ہوتا ہے اضافت ہو تب اسکے معنی مشغول ہونے والا شغل رکھنے والا کے ہوتے ہیں۔ اور جب اس کا صلہ از واقع ہو۔ تب اس کے معنی فارغ ہونے والا۔ الگ ہو جانے والا۔ منہ پھیرنے والا کے ہوتے ہیں۔ سعدی کے بیت میں دیکھو اس بیت سے

ز سودائے یاراں بیاں مشتغل
بذکر حبیب از جہاں مشتغل

دونوں کی مثالیں موجود ہیں۔

مشتق ع۔ جو لفظ کسی دوسرے لفظ سے بنایا گیا ہو۔ فارسی والے بہ تخفیف بھی لاتے ہیں۔

مشتلق ف۔ شکرانہ۔ مژدگانی۔

مشتمال ف۔ ولادی۔ حجام کا کام لینی ہاتھ پاؤں کی اپنے بازوؤں کو مالش اسکے دونوں کرنے کا۔

مشتمل ع۔ شامل ہونے والا۔ محیط ہونے والا۔

مشتہت ع۔ پراگندہ۔ مجازاً کسی کی یادیں اسکے پیچھے جانے سے۔

مشتہر ف۔ ہر چیز کا ہاتھ کسی شمارہ یا کا وہ دیکھنے جس سے اسکو پڑھیں۔ ڈھونڈے

کا وہ وار جیسے کمان پر مار کر روئی دھنکتا ہے یہ چیں کا اور جس سے وہ پڑے کو کر بٹتے ہیں ۔

مُشتہر ف ۔ کسی بڑے کام یا شے سے اپنا مال چھپانا

مُشتہر ع ۔ شہرت دیا گیا ۔ مشہور ۔

مُشتہِر ع ۔ شہرت دینے والا ۔

مُشتہی ع ۔ خواہش کنندہ ۔ رغبت کرنے والا ۔

مُشتہا ع ۔ مرغوب ۔ آرزو ۔

مُشتہیات ع ۔ مرغوب چیزیں ۔ پسندیدہ چیزیں ۔ آرزو کی گئیں ۔ جنکی لوگوں کو بہت پیاس ہو ۔

مُشتے ف ۔ تھوڑے سے آدمی ۔ جماعت قلیل ۔

مُشتے خاک ف ۔ دنیا ۔ آدمیوں کا چھوٹا سا گروہ ۔

مُشتے زر ف ۔ گروہ عالم ۔ بیرو دختر ۔

مُشتے شرار آسمان ف ۔ ستاروں ۔ ستارے ۔

مُشتے غبار ف ۔ زمین ۔ آدمیوں کا گروہ ۔

مُشجّر ع ۔ وہ کپڑا جس پر درختوں کی تصویریں بنی ہوں ۔

مَشحون ع ۔ بھرا ہوا ۔ پُر ۔

مُشخّص ع ۔ تشخیص کیا گیا ۔ پہچانا گیا ۔ تمیز کیا گیا ۔

مُشدّد ع ۔ باندھا گیا ۔ تشدید سے پڑھا گیا ۔

مَشرَب ع ۔ پیالہ ۔ کوزہ ۔

مَشرب ع ۔ پینا ۔ پانی پینے کی جگہ ۔ گھاٹ ۔ چشمہ ۔ مجازاً ۔ مذہب ۔ دین ۔ مزاج ۔ طور ۔ طریق ۔

مَشربہ ع ۔ پانی پینے کا برتن ۔

مُشرّط ع ۔ نشتر ۔

مَشرع ع ۔ مذہب ۔ راستہ ۔

مَشرعہ ع ۔ پانی پینے کی جگہ ۔

مُشرِف ع ۔ بلند ۔ بلندی پر چڑھنے والا ۔ بلندی کی طرف دیکھنے والا ۔ ہر طرف نگاہ ڈالنے والا ۔ خبردار ۔ صدر محرر یعنی وہ شخص جو حساب کتاب لکھنے والوں کی خبرداری کرتا رہے ۔ سیر حاشی ۔ قریب ہونا کسی امر کے ظاہر ہونے کا ۔ نزدیک ہونا ۔ ہلاک ۔

مُشرِف ع ۔ بلند جگہ ۔ جیسے بلند ۔ بُرج ۔ اوپر سے دیکھنے والا ۔

مُشرَّف ع ۔ شرف دیا گیا ۔ بزرگی دی گئی ۔

مُشرّقہ ع ۔ اعلیٰ سے ادنیٰ کی طرف لکھا ہوا خط ۔

مَشرِق ع ۔ سورج کے طلوع ہونے کی جگہ ۔ پورب ۔

مُشرقیات ع ۔ مشرقی چیزیں ۔ مجازاً ۔ اشعار ۔

مشرق کشادہ زال زر سال زد ف ۔ صبح ۔ آفتاب نکلا ہوا ۔

مَشرِقین ع ۔ دو مشرق ۔ اس اعتبار سے کہ جاڑے میں اور مشرق معلوم ہوتا ہے اور موسم گرما میں اور ۔ یا تغلیباً مشرق و مغرب سے مراد ہے ۔

مُشرِک ع ۔ شریک کرنیوالا خدا کی ذات یا صفات میں کسی اور کو شریک کرنیوالا ۔

مَشرُوب ع ۔ پیا گیا ۔

مَشرُوح ع ۔ شرح کیا گیا ۔ کھول کر بیان کیا گیا ۔

مَشرُوط ع ۔ شرط کیا گیا ۔

مَشرُوع ع ۔ جائز جو موافق شرع کے ہو ۔

مُشَشدَر ف ۔ حیران ۔ فارسی والوں کی گھڑت ہے ۔

مشط بمشط ع ۔ کنگھی ۔ کنگھی ۔ شانہ ۔

مُشعبد ع ۔ شعبدہ باز ۔ بھان متی ۔ بازیگر ۔

مشعبدان حقہ سبز ف ۔ چاند ۔ سورج ۔ ستاروں ۔

مُشعِر ع ۔ خبر دینے والا ۔

مشعر ۔ مشعر الحرام ع ۔ مکہ میں ایک جگہ ہے جہاں پر حج کے دنوں قربانی کرتے ہیں اور سر کے بال منڈاتے ہیں ۔ جائے عبادت

مَشعَرہ ع ۔ شعر پڑھنے کی جگہ ۔

مُشعشع ع ۔ روشن ۔ پانی ملی ہوئی شراب

مشعل ۔ مشعلہ ع ۔ مشہور ہے جو جنگلوں اور میدانوں میں روشنی کیلئے ساتھ رکھتے ہیں ۔ بانس کی لکڑی کو تیل میں بھگو کر اس پر تیل ڈالتے ہیں ۔

مشعلچی ع ۔ مشعل والا ۔

مشعل کشان ف ۔ کافرستان کی ایک قسم جنکی یہ رسم ہے کہ ایک کوٹھڑی میں جسکے اندر کی مشعل بجھا دی گئی ہو کچھ لڑکیوں کے ساتھ اکٹھے کرتے ہیں ۔ پھر چند لڑکوں کو انکے اٹھانے کا حکم دیتے ہیں جس لڑکی کو کوئی لڑکا اٹھائے اسکے ساتھ اسکا نکاح ہو جاتا ہے ۔

مشعل وادی کلیم ف ۔ تجلی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ہوئی تھی ۔

مشعلہ ع ۔ مشعل ۔

مشعلۂ خاوری ۔ مشعلہ روز ۔ مشعلہ صبح ۔ مشعلہ گیتی فروز ف ۔ آفتاب ۔ اور آخری لفظ سے جناب رسول خدا صلعم سے بھی مراد ہے ۔

مشعلہ دار ف ۔ مشعلچی ۔

مَشعُوف ع ۔ شیفتہ ۔ عاشق ۔ فریفتہ ۔

مَشغلہ ع ۔ کام ۔ شغل ۔

مَشغُوف ع ۔ جسکے دل کے پردہ میں کچھ پہنچ گیا ہو ۔ جسکے دل میں کوئی چیز گھس گئی ہو ۔ مجازاً عاشق ۔ فریفتہ ۔

مشغول ع ۔ کام میں لگا ہوا ۔

مشغولی ف ۔ مشغول ہونا ۔ کام میں لگا ہوا ہونا ۔ مشغول (صیغہ اسم مفعول) کے آگے یائے مصدری بڑھا کر یہ مصدر بنا لیا ہے ۔

مِشفَر ع ۔ اونٹ کا ہونٹ جیسے شفہ انسان کا ہونٹ ۔ اور کبھی لفظ مشفر انسان اور حیوانات کے لئے بھی بولا جاتا ہے ۔

مُشفِق ع ۔ ڈرنیوالا ۔ مہربانی کرنیوالا ۔

مَشق ع ۔ جلدی کھانا ۔ لکھنا ۔ کودنا ۔ مارنا ۔ اور اہل فارس کسی کام کو ہر روز کرنا اور اُس مشق اور مشق کو کہتے ہیں جس پر مشق کی جائے

مشق چیزے رسانیدن ف ۔ مشق کی مہارت پیدا کرنا ۔

مَشَقَّت ع ۔ محنت ۔ رنج ۔ تکلیف ۔ سختی ۔

مُشک ف ۔ کستوری ۔ مشہور خوشبو ہے ۔

مشک بر زخم افشاندن ف ۔ ایذا دینا ۔ زخم تازہ کرنا ۔

مشکبو ف ۔ مشک کی خوشبو ۔

مشک بید ف ۔ ایک قسم کا بید ہے جس کی لکڑی کو شاخ سیاہ یا نافہ کہتے ہیں مگر وہ رہنا دو سیاہ نہیں ہوتی ۔

مشک تر کی ف ۔ عورت کا فرج ۔

مشکدر ف ۔ جیسا گیا ۔

مشک در شراب کردن ف ۔ بیہوش کرنا ۔

مُشکام ف ۔ ایک قسم کی سیاہ رنگ کا پھول ۔

مشک را بر حریر نگار آوردن ف ۔ کاغذ پر لکھنا ۔ مشک سے یا بالوں اور حریر سے کاغذ مراد ۔

مُشکر ع ۔ شکار مست کرنا ۔

مشک را کافور کردن ف ۔ سیاہ بالوں کو سفید کرنا ۔

مشک فروشان ف ۔ مشک بیچنے والے ۔ خلیق اور مہربان آدمی ۔

مشک فشان از قفا ف ۔ وہ آدمی جسکے بولتے وقت اسکے منہ سے خوشبو آوے ۔

مشکک ع ۔ مشک میں ڈالا ہوا ۔

مُشکِل ع ۔ کٹھن ۔ دشوار ۔

مشکل کشا ف ۔ مشکل کو آسان کرنے والا ۔ حل کر دینے والا ۔

مشک نافہ ف ۔ خالص کستوری ۔

مِشکوٰۃ ع ۔ صحیح طور اسکے لکھنے کا یہ ہے مشکوٰۃ ۔ چراغدان ۔ وہ طاق جس میں چراغ رکھا

جامع ترمذی۔ للاشیں۔ علم حدیث میں ایک مشہور کتاب ہے ؛

مشکواۃ المصابیح ع- علم حدیث کی ایک مشہور کتاب ہے جسمیں تخمیناً کم چھ ہزار حدیثیں ہیں ؛

مشکور ع- شکر کیا گیا۔ پسندیدہ۔ مقبولہ ثواب دیا گیا ؛

مشکیک ع- شک کیا گیا ؛

مشکوے ف- بت خانہ۔ مجازاً حرم سرا محل یا اُمرا کا ؛

مشکول۔ مشکول۔ مشکیزہ ف- چھوٹی مشک ؛

مشکین ف- سیاہ۔ مشک کی بو ؛

مشکین پر ف- سیاہ پر والا۔ سیاہ

مشلول ع- جس کے ہاتھ پیر بے حس ہو گئے ہوں ؛

مشمر ع- تیز رفتار گھوڑا دوڑنے کو تیار ہو ؛

مُشمّر ع- دور دیکھنے کو دامن اٹھا کر تیار ہونیوالا ؛

مشمش ع- زرد آلو جسکو خوبانی کہتے ہیں ایک شیریں میوہ ہے ؛

مشمول ع- سب طرف سے احاطہ کیا گیا گھیر لیا۔ شامل کیا گیا ؛

مشموم ع- سونگھی ہوئی شے معطر شے ؛

مشمومات ع- عطریات۔ خوشبو کی چیزیں جمع ہے مشمومہ کی ؛

مشنّع ع- برا۔ زشت۔ ملامت کیا گیا تشنیع کیا گیا ؛

مشنگ ف- ایک قسم کا غلہ ہے

مشوب ع- ملا جلا۔ مخلوط ؛

مشورہ ع- کنکاش ؛

مُشوِّش ع- پریشان کرنیوالا ؛

مُشوَّش ع- پریشان کیا گیا ؛

مشوّق ع- عاشق۔ شوق دیا گیا ؛

مُشوِّق ع- کسی کو خواہش کرانے والا ؛

مُشوَّق ع- خواہش کرایا گیا ؛

مشوم ع- منحوس ؛

مشوی ع- بھنا ہوا۔ بریاں ؛

مشہد ع- حاضر ہونے کی جگہ۔ حاضر ہونا شہادت گاہ۔ شہیدوں کا قبرستان۔ ایران کا ایک مشہور شہر خراسان میں ہے جسکو زمانہ قدیم میں طوس کہتے تھے۔ چونکہ وہاں مزار شریف حضرت علی موسیٰ رضا کا ہے اسواسطے اُسکو مشہد مقدس کہتے ہیں ؛

مشتہر۔ مشہور ع- شہرت دیا گیا ؛

مشہود ع- حاضر کیا گیا۔ موجود ؛

مشتہی ع- خواہش پیدا کرنے والا۔ بھوک پیدا کرنیوالا۔ شہوت پیدا کرنیوالا ؛

مشی ع- پیروں سے چلنا ؛

مشیت ع- خواہش۔ ارادہ۔ خدا تعالیٰ کی مرضی ؛

مُشیِّد ع- محکم کرنیوالا۔ استوار کرنے والا

مُشیَّد ع- گچ اور چونہ سے محکم کیا ہوا برج ؛

مشید ع- گچ یا چونہ سے محکم اور استوار کیا گیا ؛

مشیدہ ع- محکم

مشیر ع- اشارہ کرنیوالا۔ صلاح دینے والا ؛

مشیر الدولہ ع- سلطنت کا اصلاح کار۔ امرا کے خطابوں میں سے ہے ؛

مشیمہ ع- عورت کا بچہ دان ؛

میم مع صاد مہملہ

مص ع- چوسنا ؛

مُصاب ع- مصیبت زدہ۔ رنج رسیدہ

مصابرت ع- باہم صبر کرنا۔ صبر کرنا ؛

مصابیح ع- جمع مصباح کی چراغ۔ علم حدیث کی ایک کتاب کا نام بھی ہے ؛

مصاحب ع- ہم صحبت۔ ہم نشین ؛

مصاحبت ع- ہم صحبت ہونا۔ ایک دوسرے کے ساتھ اُٹھنا بیٹھنا ؛

مصاحف ع- جمع مصحف کی۔ قرآن مجید

مصادر ع- جمع مصدر کی ؛

مصادرہ ع- تاوان لینا۔ تاوان دینا

مصادرہ علی المطلوب ع- عین دعوے کو دلیل گرداننا ؛

مُصادقت ع- دوستی کرنی۔ دلی دوستی محبت قلبی۔ اخلاص۔ سچائی ؛

مُصادمت ع- صدمہ پہنچانا۔ ضرر پہنچانا۔ آسیب پہنچانا ؛

مصارعت ع- کشتی کرنا۔ ایک دوسرے کو پچھاڑنا ؛

مصارف ع- جمع مصرف کی۔ خرچ کی جگہیں ؛

مصاریع ع- جمع مصراع کی۔ کواڑ یا شعر کے مصرعے

مصاعب ع- دشواریاں۔ سختیاں۔ دشوار

مصاعد ع- جمع ہے مصعد کی۔ عروج و ترقی یا اوپر چڑھنے کی جگہیں ؛

مَصاف ع- جمع مصف کی جو صیغہ اسم ظرف کا ہے یعنی صفیں۔ صف باندھنے کی جگہ۔ مجازاً میدان جنگ۔ جنگ گاہ۔ عربی اصل میں فا مشدد ہے لیکن چونکہ فارسی میں عربی الفاظ جنکا آخری حرف مشدد ہو اسواسطے ایسے الفاظ کے آخر کا حرف مشدد ہو تو تخفیف پڑھتے ہیں ؛

مصافات ع- دوستی۔ اخلاص ؛

مصافحہ ع- ملاقات کے وقت ہاتھ ملانا

مصاف دادن ف- جنگ کرنا ؛

مصاقع ع- جمع ہے مصقع کی۔ فصیح و بلیغ

مُصاقل ع- جمع ہے مصقل کی۔ صیقل کرنے کے آلے ؛

مصالح ع- جمع مصلحت کی۔ بھلائیاں فارسی والے مفرد معنی میں استعمال کرتے ہیں اور معنی اسباب اور سامان کسی شے کا اصلاح پیدا کرنیوالی چیزیں یا ضروریات عمارت کی جیسے گارا۔ اینٹیں چونا وغیرہ۔ مصالح طعام یعنی گرم مصالحہ کے استعمال کرتے ہیں ؛

مُصالحت ع- آپس میں صلح کرنا۔ صلح۔ ملاپ ؛

مَصانع ع- کاریگریاں۔ مضبوط مکانات۔ استوار مضبوط قلعے ؛

مُصانعت ع- رشوت دینی۔ مدارات کرنی ظاہرداری کرنی ؛

مصاہرت ع- سسر کرنا۔ داماد کرنا۔ یہ لفظ دونوں معنوں میں مشترک ہے ؛

مصائب ع- جمع ہے مصیبت کی ؛

مصائد ع- جمع ہے مصیدہ کی۔ شکار گاہیں ؛

مَصبّ ع- پانی وغیرہ گرنے کی جگہ ؛

مصباح ع- چراغ۔ صبح کے وقت شراب پینے کا پیالہ۔ علم نحو کی ایک کتاب کا نام بھی ہے ؛

مُصبَّغ ع- رنگا ہوا۔ رنگ کیا گیا ؛

مُصحّح ع- صحیح کرنے والا ؛

مُصحف ع- وہ کتاب جس میں رسالے اور صحیفے جمع ہوں۔ اسی واسطے قرآن شریف کو کہتے ہیں کہ اس میں تمام پچھلی کتب وحی الٰہی انبیا کا خلاصہ جمع ہے یا یہ کہ اسمیں (۱۱۴) سورتیں ہیں ؛

مُصحَّف ع- اسم مفعول کا صیغہ ہے تصحیف مصدر سے۔ تصحیف کیا گیا۔

نقطے جدا ہوا - وہ لفظ جو تغیر نقاط سے
اور لفظ بن جائے - جیسے حیدت جید
تیشہ سے بوسہ +
مُصحف بغلی ت - حمایل - چھوٹی
تقطیع کا کلام اللہ +
مُصحف مجید ع - کتاب بزرگ
قرآن شریف +
مُصحف مقدس ع - کتاب مقدس
قرآن مجید +
مُصحف یاقوت ف - خط یاقوت سے
لکھا ہوا کلام اللہ +
مُصحُوب ع - ساتھ کیا گیا - ہمراہ +
مِصداق ع - معنی کے صادق آنے
کی جگہ یعنی وہ شے جس پر کوئی معنی بولے
جا سکیں - مثلاً انسان کے معنی زید عمر
وغیرہ پر بولے جا سکتے ہیں تو انسان کے
مصداق زید اور عمر مصداق ہیں +
مَصدر ع - نکلنے کی جگہ - جائے صدور
وہ کلمہ جس سے افعال اور صفات
بنائے جاویں +
مُصدّر ع - مقدم رکھا گیا - سرنامہ کیا گیا +
مصدر فیوض ع - فیضوں کے صادر
ہونے کی جگہ - علم صرف و نحو فارسی میں ایک
مشہور درسی کتاب کا نام ہے +
مُصدِّع ع - درد سر پیدا کرنے والا -
جدا جدا کرنے والا +
مُصدُور ع - صادر کیا گیا +
مصدُوق ع - صادق کیا گیا +
مِصر ع ش - افریقہ کے شمال مشرق میں
ایک ملک ہے - شہر مصر اسی میں ہے
جسے قاہرہ کہتے ہیں - نیز ہر شہر میں

دریا ہے - اور علاوہ اس کے اسکندریہ -
دمیاط - روزیٹہ - سویز - پورٹ
سعید وغیرہ شہر بھی ہیں - تیزی - تلوار
دو چیزوں کے بیچ کی حد +
مُصِر ع - اصرار کرنے والا - ہٹ کرنے
والا کسی کام کے کرنے پر استقلال
سے کھڑا ہو جانے والا +
مِصراع مِصرع ع - کیواڑ - آدھا
بیت - آدھا شعر +
مِصران ع - تثنیہ ہے مصر کا - اس سے
مراد کوفہ و بصرہ ہیں +
مصر زلیخا پیناہ ف - آدمی کا بدن
مَصرَع ع - مصدر میمی ہے اسکے
معنی ہیں گرانا پچھاڑنا - اور ظرف بھی
ہے یعنی گرنے کی جگہ +
مصرع تند - مصرع برجستہ
مصرع آمد - مصرع ریختہ ت
مصرع خوب کہ بے تردد حاصل ہو +
مصرع پیچیدہ ف - ایسا مصرع جس
کا مضمون دقیق ہو +
مَصرَف ع - خرچ کرنے کی جگہ - اور خرچ +
مُصرِف ع - خرچ کرنے والا - صرف کرنے والا
مَصرُوع ع - پچھاڑا ہوا - مرگی کا
بیمار جسے بیماری مرگی کی لاحق ہو +
مصرع قادری ف - سورج +
مصروفیت ع - صرف کیا گیا - مشغول +
مِصری ع - منسوب بمصر - مصر کا قند
تاور - نبات - مصری +
مصری مار ف - مصر کا نیزہ - وشان
مَصطَبہ ع - میخانہ - شراب خانہ +
مُصطفٰی ع - برگزیدہ - چنا ہوا - صاف

کیا گیا - بدخصلتوں سے - لقب جناب
رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا +
مصطفوی ع - یوں تو یہ لفظ غلط ہے
کیونکہ مصطفٰی کے آگے یائے نسبت
بڑھاتے وقت الف کو حذف کر کے
یائے معروف کا بڑھا دینا کافی تھا لیکن
چونکہ اکثر معتبر اور ثقہ آدمیوں کی کلام میں
یہ لفظ بہت جگہ آگیا ہے - اسواسطے
چنداں محل تعرض نہیں - اسی طرح لفظ
مرتضوی کا حال ہے +
مصطگی ع - مصطکی رومی - گوند
مشہور کا نام ہے +
مَصعَد ع - اوپر چڑھنے کی جگہ - بلند جگہ
مُصعِد ع - اونچی جگہ پر چڑھنے والا
مُصفّا ع - پاک - صاف +
مِصقَع ع - فصیح و بلیغ +
مُصفّات ع - کسی چیز کو صاف کرنے کا آلہ +
مَصقل مِصقلہ ع - صیقل کرنے کا
آلہ وہ چیز جس سے زنگ چھڑایا جائے +
مَصقُول ع - زنگ دور کیا گیا -
صیقل کیا گیا - صاف کیا گیا +
مُصلّا مُصلّٰے ع - جائے نماز
عیدگاہ - جامع مسجد - نماز پڑھنے کا بوریا یا کپڑا +
مصلائے شیراز ف - شیراز کی عیدگاہ +
مُصلِح ع - اصلاح دینے والا - درست
کرنے والا - سنوارنے والا - اچھا بنانے والا +
مصلحت ع - نیک صلاح - نیک تجویز
صلاح - بہتری - بھلائی +
مَصلُوب ع - سولی دیا گیا - پھانسی
دیا گیا - حضرت مسیح جو بموجب عقیدہ نصارا
کے سولی دیئے گئے +

مُصلّی ع - نماز پڑھنے والا - درود بھیجنے
والا (پیغمبر پر) +
مُصمَت ع - اندر سے بھرا ہوا - جو
پھوٹ نہ ہو - وہ زخم جو اندر سے صاف
ہو کر اسکے دونوں کنارے مل جائیں - یک رنگ کپڑا
مُصمَت ع - چپ کرایا گیا +
مُصمّم ع - پکا - مضبوط - پختہ - عزم
جزم - پکا ارادہ +
مَصنَع ع - قلعہ کاریز - حوض - آبگیر +
مُصنَّع ع - بنایا ہوا - کاریگری کیا ہوا +
مُصنِّف ع - کتاب تصنیف کرنیوالا
بنانے والا - کتاب کا +
مُصنّفات ع - کتابیں - تصنیفات +
مُصنّفہ ع - تصنیف کی ہوئی (کتاب وغیرہ)
مَصنُوع ع - وہ شے جو کاریگری سے بنی
ہوئی ہو +
مصنوعات ع - مخلوقات - بنائے ہوئے اشیا
مصنوعی ع - برخلاف قدرتی کے وہ شے
جسکے بنانے میں انسان کا ہاتھ لگا ہے +
مُصوِّر ع - تصویر کھینچنے والا +
مُصوَّر ع - تصویر - نقش کیا گیا +
مُصوِّرہ ع - وہ قوت جس سے نقاش
حقیقی کے حکم سے رحم میں شکل بچہ کی بن
جاتی ہے +
مصون - مصونہ ع - محفوظ - نگہبانی
کیا گیا - بعض لوگ مصؤن پڑھتے ہیں
سو غلط ہے - اسواسطے کہ واو ثابت ہے
(ماخوذ صون سے) مہموز العین نہیں
مُصیب ع - صواب کو پہنچنے والا -
ٹھیک سمجھنے والا +
مُصیبت ع - دکھ - تکلیف - حادثہ

مُصیبت خانہ ف۔ ماتم خانہ۔
مُصیر ع۔ جائے بازگشت۔ مائل ہونا۔ پھرنا۔
مُصیف ع۔ سرد مکان۔ جہاں گرمی میں بیٹھتے ہیں۔ گرما میں بیٹھنے کی جگہ۔ پانی کی ٹیڑھی نالی۔
مُصیقل ع۔ روشن کیا گیا۔ زنگ و تیرگی سے صاف کیا گیا۔
مُصیقِل ع۔ صاف کرنیوالا۔ روشن کرنیوالا۔

میم مع ضاد معجمہ

مضا ع۔ گزرنا۔ پورا ہونا۔ روانی۔
مضاجع ع۔ جمع مضجع کی۔ خوابگاہیں۔
مضاجعت ع۔ باہم ایک جگہ سونا۔
مضادت مضادہ ع۔ دشمنی کرنا۔ ضد کرنا۔ مخالفت رکھنا کسی سے۔
مَضار ع۔ جمع مضرت کی۔
مضار ع۔ ضرر پہنچانے والا۔
مضارب ع۔ جمع مضرب کی۔
مُضاربت ع۔ نفع کی شرکت پر مال کسی کو دینا۔ تجارت میں شریک ہونا۔
مُضارع ع۔ مشابہ۔ صیغہ اسم فاعل ہے مضارعت مصدر سے۔ اور وہ فعل جس میں معنی حال اور استقبال کے معلوم ہوں۔ چونکہ عربی میں مضارع حرکات و سکنات اور عدد حروف وغیرہ میں اسم فاعل سے بڑی مشابہت رکھتا ہے اسواسطے مضارع و شبیہ و مشابہ کہلایا۔ بقول بعض مضارع کے معنے ہیں وہ بچہ جو دوسرے بچے کے ساتھ ایک ہی چھاتی سے دودھ پئے دودھ شریک۔ چونکہ اس میں بھی ایک بچہ حال اور دوسرے بچہ استقبال ایک ساتھ مل کر ایک ہی چھاتی (لفظ) سے دودھ پیتا ہے۔ یعنی ایک ہی لفظ سے دو معنی معلوم ہوتے ہیں۔ اس واسطے مضارع کہلایا۔ علم عروض کے ایک بحر کا نام بھی ہے۔ جس میں مفاعیل فاعلات چار دفعہ آتا ہے۔
مُضارعت ع۔ مشابہت۔ مشابہ ہونا۔
مُضاعف ع۔ دوچند۔ اور اصطلاح صرف میں وہ کلمہ کہ جسکے آخر میں دو حرف ایک جنس کے آویں۔
مُضاف ع۔ ملایا گیا۔ متعلق۔ اضافت کیا گیا۔ نسبت کیا گیا۔
مضافات ع۔ منسوبات۔ متعلقات کسی شہر کے آس پاس کے قصبات اور دیہات و قریات جو ایک شہر کے متعلق ہوں۔
مضاف الیہ ع۔ وہ اسم جس کی طرف کسی شئے کو لگاویں جیسے اسپ زید (زید کا گھوڑا) میں اسپ مضاف ہے اور زید مضاف الیہ۔
مُضافین ع۔ مضاف و مضاف الیہ۔
مضامیر ع۔ جمع مضمار کی۔ میدان۔
مضامین ع۔ جمع مضمون کی۔ معانی۔ مطالب۔
مضاہات ع۔ مشابہ ہونا۔ مانند ہونا۔
مُضاہی ع۔ مانند۔ مشابہ۔
مضایق ع۔ جمع مضیق کی۔ تنگ جگہیں۔
مُضایقہ ع۔ تنگی۔ دشواری۔ ایک دوسرے کو تنگ کرنا۔ پرواہ۔ ی پر زبر ہے۔ کسرہ پڑھنا بالکل غلط ہے۔
مضبوط ع۔ ضبط کیا گیا۔ مستحکم۔
مُضجِع ع۔ آواز کرنیوالا۔ نالہ کرنیوالا۔
مَضجَع ع۔ خوابگاہ۔ سونے کی جگہ۔
مَضحک ع۔ ہنسی کی جگہ۔ جس چیز یا جس شخص پر ہنسیں۔ اور ٹھٹھے اڑائیں۔
مُضحِک ع۔ ہنسی لانیوالا۔ ہنسانیوالا۔
مُضحکات ع۔ وہ لطیفے کہ جن سے ہنسی پیدا ہو۔ ہنسانیوالی چیزیں۔
مَضحکہ ع۔ وہ شخص جس پر ہنسیں۔
مُضِر ع۔ ضرر پہنچانے والا۔
مُضَر ع۔ عرب کے ایک قبیلے کے بزرگ کا نام ہے۔
مَضَر ع۔ جائے تنگی۔ ضرر پہنچنے کی جگہ۔
مضراب ع۔ وہ آلہ جس سے ماریں۔ بجانے کا آلہ۔ ستار بجانے کا اوزار۔
مُضرات ع۔ ضرر دینے والی چیزیں۔
مَضرب ع۔ جائے ضرب۔ خیمہ لگانے کی جگہ۔
مَضرت ع۔ نقصان۔ دکھ۔ ضرر۔ تکلیف۔
مضرور ع۔ وہ شخص جس کو ضرر پہنچا ہو۔ ضرر رسیدہ۔
مُضطر ع۔ ضرر رسیدہ۔ مجبور۔ بے اختیار۔ بیچارہ۔ بیقرار۔ صیغہ اسم مفعول کا ہے۔ اضطرار مصدر سے۔ اور اضطرار افتعال کے وزن پر ہے جو اصل میں اضترار تھا۔ کیونکہ باب افتعال کے جس مصدر میں فا کلمہ ض یا ص واقع ہوتا ہے۔ اسکی ت ط سے بدل جاتی ہے۔ جیسا کہ اصطبار کہ اصل میں اصتبار تھا۔
مُضطرِب ع۔ بیقرار۔ اضطراب والا۔
مَضغ ع۔ چبانا۔ خائیدن۔
مُضغہ ع۔ گوشت کا پارہ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ لقمہ یعنی مقدار جو ایک دفعہ چبائی جاوے۔
مُضِلّ ع۔ گمراہ کرنے والا۔
مضلات مَضِلّہ ع۔ جائے ضلالت باعث گمراہی۔ صحرا جس میں آدمی رستہ بھول جائے۔
مِضمار ع۔ دبلا کرنیکا اور گھوڑوں کی ریاضت کا میدان۔ مطلق میدان۔
مُضمَر ع۔ دل میں رکھا گیا۔ پنہاں۔ پوشیدہ۔
مُضمَّر ع۔ اسپ تیز رفتار دبلا یک میان اسپ فربہ۔
مُضمحل ع۔ محو ہونیوالا۔ ناچیز۔ سست۔ فارسی میں بہ تخفیف لام بھی مستعمل ہے۔
مضموم ع۔ ملایا گیا۔ جس حرف پر پیش ہو جیسے دال دُم کی۔
مَضمون ع۔ ضمن میں لیا ہوا۔ جو بیان میں آیا ہوا۔ مجازاً معنی۔ مطلب۔
مضمون خطاب ع۔ مضمون کے معنے ضمن میں لیا ہوا۔ اور مجازاً مطلب کے ہیں۔ اور خطاب کے معنے رو برو بات چیت کرنا اور مجازاً قہر و غضب اور خفگی کے ہیں۔ مرکب کے معنے ہیں مطلب خفگی۔ غضب کا سبب۔ مضمون وہ چیز جس پر خفگی ہوتی ہو۔
مُضیٔ ع۔ روشن ہونے والا۔ روشن کرنے والا۔
مَضیق ع۔ تنگ جگہ۔
مضے یا مضی ع۔ گزرنا۔ کچھ گزرنا۔

میم مع طائے مہملہ

مطا ع۔ پشت۔ پیٹھ۔
مُطابق ع۔ موافق۔ برابر۔
مُطابقت ع۔ موافقت۔ برابری۔
مطار ع۔ اُڑنا۔ اُڑنے کی جگہ۔
مطارح ع۔ جمع مطرح کی۔ ڈالنے کی

جگہیں۔ شکاریوں کے ٹھیلے۔

مُطارحات ع۔ خوشامد کی باتیں خوشامدیں۔

مُطارحہ ع۔ کسی سے بات کا کہنا جانا۔ مشورہ کرنا۔ اور کبھی خوشامد کے معنی میں بھی آتا ہے۔

مُطاع ع۔ اطاعت کیا گیا۔ سردار۔ مخدوم۔

مَطاعِم ع۔ جمع ہے مطعم کی۔

مَطاعِن ع۔ جمع ہے طعن کی۔ عیب۔ طعنے۔

مَطاف ع۔ گرداگرد پھرنے کی جگہ۔ طواف کی جگہ۔

مَطالِب ع۔ جمع مطلب کی۔ مرادیں۔

مُطالبہ ع۔ طلب کرنا۔ مانگنا۔ تقاضا کرنا۔ اپنا حق چاہنا۔ مجازاً وہ مال جو تحصیلداروں وغیرہ کی طرف سے سرکاری روپیہ طلب کیا جاتا ہے۔

مَطالِع ع۔ جمع مطلع کی۔ طلوع ہونے کی جگہیں۔ علم کلام کی ایک کتاب کا نام بھی ہے۔

مُطالعہ ع۔ کسی چیز کو اس سے واقفیت پیدا کرنے کے واسطے دیکھنا۔

مَطامِع ع۔ جمع طمع کی۔

مُطاوِع ع۔ فرمانبرداری کرنے والا۔

مُطاوعت ع۔ اطاعت کرنی۔ فرمانبرداری کرنی۔

مَطاوی ع۔ جمع ہے مطوی کی۔ شکن۔ مضمون۔ مطالب۔

مَطایا ع۔ جمع ہے مطیہ کی۔ وہ چارپائے جن کی پشت پر سوار ہوتے ہیں جیسے گھوڑا اونٹ۔ گدھا۔ خچر وغیرہ سواریاں۔

مُطائبات ع۔ جمع مطائبہ کی۔ خوش طبعیاں۔ ٹھٹھے۔ ہنسیاں۔

مُطائبہ ع۔ خوش طبعی۔ دل لگی۔ ہنسی مذاق۔

مَطَب ع۔ جس جگہ طبیب بیٹھ کر معالجہ بیماروں کا کرے۔ فارسی والے مطب کو بتخفیف استعمال کرتے ہیں۔

مَطبَخ ع۔ باورچی خانہ۔ کھانا پکانے کی جگہ۔ باورچی خانہ۔

مُطبِّخ ع۔ کھانا پکانے کی۔ باورچی خانساماں۔

مَطبَخی ع۔ کھانا پکانے والا۔ باورچی۔

مُطبَّق ع۔ تہ بہ تہ کیا گیا۔ سرپوش والا۔ ایک قسم کا کپڑا بھی ہے۔

مَطبوخ ع۔ پکی ہوئی چیز۔ پکائی گئی۔ جوشاندہ۔

مَطبوع ع۔ طبع کی گئی۔ چھاپی گئی۔ پسند کی گئی۔

مِطحَن ع۔ چکی۔ آسیا۔

مَطَر ع۔ بارش۔ باراں۔

مِطَر ع۔ تازگی۔

مُطرّا ع۔ تازہ۔ مجازاً صاف۔ آبدار۔

مَطرات ع۔ جمع ہے مطر کی۔ بارانہا۔

مِطرَق ع۔ ہتھوڑا۔

مَطران ع۔ عیسائیوں کا سرگروہ۔ کافروں کا سردار۔

مُطرِب ع۔ خوش کرنیوالا۔ مجازاً گویا گانے والا۔ ڈوم۔

مُطرِبہ ع۔ ڈومنی۔ گانیوالی عورت جس سے خوشی حاصل ہو۔

مَطرَح ع۔ جائے انداخت۔ ڈالنے کی جگہ۔ کمینہ۔ شکاریوں کا ٹھیلا جس میں شکار ڈالے جاتے ہیں۔

مُطَّرِد ع۔ ایک دوسرے پر ہونیوالا۔ پے در پے۔ ایک دوسرے کے پیچھے ہونے والا۔

مِطرَد ع۔ چھوٹا نیزہ۔ وہ کپڑا جو اور کپڑوں کے نیچے پہنیں۔

مُطرَّز ع۔ زینت دیا گیا۔ مزین۔

مُطرَّف ع۔ وہ گھوڑا جس کا سر اور دم سیاہ یا سفید ہو اور باقی اعضاء کسی اور رنگ کے مزین۔ زینت۔ سجع کی ایک قسم ہے جس میں ایسے الفاظ ہوں جن کی ردی تو ایک ہو مگر الفاظ کے حروف کی شمار برابر نہ ہو اور وزن بھی ایک نہ ہو۔ جیسے مال اور منال اور وقار و اطوار وغیرہ۔

مِطرَف ع۔ علم کی چادر۔

مِطرَقہ ع۔ ہتھوڑا لوہاروں کا جس سے لوہا کوٹتے ہیں۔

مَطرود ع۔ نکالا گیا۔ راندہ گیا۔ مردود۔

مَطعَم ع۔ خوراک۔ خورش۔ کھانا۔

مَطعومات ع۔ خوردنیہا۔ طعامہا۔

مَطعون ع۔ نیزہ مارا گیا۔ بھالا مارا گیا۔ مجازاً عیب لگایا گیا۔ معیوب۔

مُطفی ع۔ بجھانے والا۔

مُطلّا ع۔ طلا کیا گیا۔ طلائی۔ زراندود۔

مَطلَب ع۔ طلب کی جگہ۔ مراد۔ معنی۔ مقصد۔

مُطَّلِب ع۔ عبدالمناف کے بیٹے کا نام ہے جو جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا دادا تھا۔

مُطَّلَب ع ف۔ طلبیدہ۔ مصدر سے معنی کا صحیح ہے۔

مُطلَّس ع۔ روپیہ جس پر سکہ نہ ہو۔ بے نقش درہم و دینار۔

مُطلِع ع۔ خبر دینے والا۔ اطلاع کرنیوالا۔

مُطلَع ع۔ اطلاع دیا گیا۔ خبر دیا گیا ہو۔

مَطلَع ع۔ طلوع ہونے کی جگہ۔ اصطلاح شعرا میں پہلا شعر غزل یا قصیدہ کا۔ اور دوسرے شعر کو حسن مطلع۔ اور آخر شعر کو مقطع بولتے ہیں۔

مُطلَق ع۔ آزاد۔ بے قید۔ رواں کیا گیا۔

مُطلَق العنان ع۔ جس کی باگ چھوٹی ہوئی ہو۔ آزاد۔ بے قید۔ بے تعرض۔ خود مختار۔ دریا سے سوکر گذرنے والا شخص۔

مَطلوب ع۔ طلب کیا گیا۔ جس چیز کی خواہش ہو۔

مَطمَح ع۔ نظر رکھنے کی بلند جگہ۔ نظر پڑنے کی جگہ۔ جائے افتادن۔ طمع کرنے کی جگہ۔ جائے طمع۔

مَطمَع ع۔ کسی کے طمع رکھنے کی جگہ۔

مَطمورہ ع۔ پوشیدہ کیا گیا۔ تہ خانہ۔ پوشیدہ مقام۔

مُطمَّع ع۔ لالچ دیا گیا۔ طمع دلایا گیا۔

مُطمَئِن ع۔ آرمیدہ۔ سکون پانیوالا تسکین پانیوالا۔ اطمینان رکھنے والا۔ بخت۔ فارسی والے اپنے قاعدے کے موجب اسے بھی بے تشدید نون استعمال کرتے ہیں۔

مُطنِب ع۔ طول دینے والا۔ بہت بولنے والا۔ اطناب سے مشتق ہے۔

مُطَّوِّعہ ع۔ جہاد کرنے والی وہ جماعت جس پر جہاد واجب نہ ہو۔

مُطَوَّق ع۔ طوق کیا گیا۔ گردن میں طوق ڈالا گیا۔ قید کیا گیا۔

مطوی ع - پیٹا ہوا - لپیٹا گیا - شکن مضمون - مطلب ۔

مطویات ع - لپٹی ہوئی چیزیں - مطالب ۔

مطویاتِ خاطر ع - دل کے بھید - راز ہیں ۔

مُطہّر ع - پاک کرنے والا ۔

مِطہرہ ع - وضو کرنے کا لوٹا - چھاگل - تھال ۔

مُطیّب ع - خوشبو دینے والا - پاک ہونے والا ۔

مُطیَّب ع - خوشبو کیا گیا - پاک کیا گیا ۔

مُطیّر ع - شر مندہ - پرندوں کی تصویر بنانے والا ۔

مَطیر ع - برسنے والا ۔

مُطیع ع - فرمانبردار - اطاعت کرنیوالا ۔

مطیع باللہ ع - خلفائے بغداد سے ایک خلیفہ ہے جس نے ۳۳۴ ہجری سے ۳۶۳ھ تک سلطنت کی - یہ خلیفہ مذہب امامیہ رکھتا تھا ۔

مطین ع - مٹی سے لتھڑا ہوا ۔

مطیہ ع - سواری - مرکب ۔

میم مع ظائے معجمہ

مظالم ع - جمع ہے مظلمہ کی - بے انصافیاں - جور و ستم - اور وہ جگہیں جہاں پر ظالموں کو سزا ملتی ہے - عدالتیں - کچہریاں ۔

مظان ع - جمع مظنہ کی - شبہ کرنے کے موقعے - گمان کرنے کی جگہیں - کبھی یہ لفظ بمعنی واحد بھی مستعمل ہوتا ہے ۔

مُظاہر ع - پشتی دینے والا - مدد دینے والا ۔

مظاہرت ع - مدد دینی - حمایت کرنی ۔

مظفر ع - فتحمند - فتح پایا ہوا ۔

مظفر الدنیا والدین ع - فتحمند دنیا اور دین میں ۔

مظل ع - سائبان ۔

مَظلم ع - جائے تاریک ۔

مُظلم ع - تاریک ۔

مَظلمہ ع - بہت تاریک ۔

مَظلِمہ ع - ظلم - ستم - بے انصافی داد خواہی کرنا ۔

مظلوم ع - ظلم رسیدہ جس پر بے انصافی ہوئی ہو ۔

مِظلّہ ع - سائبان ۔

مظنون ع - گمان کیا گیا ۔

مَظِنّہ ع - جگہ گمان لے جانے کی - جگہ شک کرنے کی ۔

مَظہر ع - جائے ظہور ۔

مُظہر ع - ظاہر کرنے والا ۔

میم مع عین مہملہ

مع ع - ساتھ - ہمراہ ۔

معے - معا ع - استوی - رودہ ۔

مَعاً ع - فوراً - اسی وقت ۔

معابد ع - جمع معبد کی - عبادتگاہیں ۔

معابر ع - جمع ہے معبر کی - عبور کی جگہیں ۔

مُعاتِب ع - عتاب کرنے والا - خفگی کرنے والا ۔

مُعاتَب ع - عتاب کیا گیا - خفگی کیا گیا جس پر عتاب کیا جاوے ۔

معاتبت ع - عتاب کرنا ۔

مَعاد ع - جائے بازگشت - لوٹ کر جانے کی جگہ - مجازاً آخرت - قیامت ۔

مُعادا ع - مخفف معادات کا ۔

مُعادات ع - کسی سے عداوت رکھنا بے وجہ پیچھے کرنا ۔

مُعادِل ع - برابر - مساوی - ہموزن - قیمت

معادلت - معادلہ ع - برابری - مساوات - انصاف ۔

معادن ع - جمع معدن کی - کانیں ۔

معاذ ع - پناہ کی جگہ - اور پناہ دینی - رسول صلعم کے ایک صحابی کا نام ہے جو جبل کا بیٹا تھا - ۱۸ھ میں ۳۸ برس کی عمر پاکر شام میں فوت ہوا ۔

معاذ اللہ ع - یہ اصل میں اعوذ معاذ اللہ ہے یعنی پناہ چاہتا ہوں میں خدا سے پناہ چاہتی - خدا کی پناہ ۔

معاذیر ع - جمع معذرت کی ۔

معارج ع - جمع ہے معراج کی - سیڑھیاں ۔

معارس ع - جمع ہے معرس کی - اترنے کی جگہیں ۔

معارض ع - جھگڑا کرنیوالا - معترض ۔

معارضہ ع - جھگڑا - مقدمہ - مناقشہ

معارف ع - جمع ہے معرفہ کی - شناسائی اور بمعنے مقامات شناخت - آشنا لوگ اہل علم و فضل - نامور لوگ ۔

معارک ع - جمع معرکہ کی - مواضع کارزار و مواقع جنگ و جدل ۔

معارکہ ع - لڑائی - جنگ ۔

مَعاش ع - زندگی کرنا - اور وہ شے جس سے زندگانی کیجائے - جائے زندگی مراد دنیا ۔

معاشر ع - جمع معشر کی - جماعتیں ۔

مُعاشِر ع - ہم صحبت - رفیق ۔

مُعاشرت ع - آپس میں مل جُل کر زندگانی کرنا - کسی کے ہمراہ عیش کرنا ۔

مُعاصر ع - ہمعصر - اپنے زمانہ کا ۔

معاصی ع - جمع معصیت کی - خطائیں ۔

مُعاضِد ع - مددگار - یاری دینے والا ۔

مُعاضدت ع - یاری دینا - ایک دوسرے کا بازو بننا ۔

مُعاطفت ع - مہربانی کرنا ۔

مُعاف ع - بخشا گیا - عفو کیا گیا - درگذر کیا گیا - یہ اصل میں معافے (صیغہ اسم مفعول ہے - باب مفاعلت سے) جس کا مصدر معافات ہے - تھا - ماخوذ عفو سے - فارسی والے الف گرا کر استعمال کرنے لگے - بعض لوگ میم پر فتحہ پڑھتے ہیں - سو بالکل غلط ہے ۔

معافے ع - اسم مفعول عفو سے مشتق باب مفاعلہ کا ہے - بخشا گیا - عفو کیا گیا

مُعافی ع - صیغہ اسم فاعل کا - معاف کرنے والا ۔

مُعاقب ع - عذاب کرنے والا - عقوبت کرنے والا ۔

معاقبت ع - عذاب کرنا - دکھ دینا - یعنی مارنا - باندھنا وغیرہ ۔

مَعاقِد ع - جمع ہے معقد کی - باندھنے کی جگہیں - عقد کرنے کی جگہیں ۔

مُعاقِد ع - عقد کرنے والا - عہد باندھنے والا - نکاح کرنے والا ۔

مُعاقدت ع - باہم ایک بات میں عہد کرنا - نکاح کرنا - عہد و پیمان کرنا ۔

مَعاقِل ع - جمع معقل - پناہ کی جگہیں - قلعے

معالج ع - علاج کرنیوالا - طبیب ۔

مُعالجہ ع - علاج کرنا - مدارا و درمن کرنا - علاج ۔

معالجات ع - جمع معالجہ کی - بہت سے علاج

مع الحدیث مع التفسیر (بقیہ القرآن)

معالم ع جمع ہے معلم کی جو صیغہ اسم آلہ کا ہے یعنی علامت کے ۔ چونکہ یہ جہان دلالت اور علامت صانع حقیقی کی ہے اسلئے معالم کے معنے عالم دنیا ۔ جہان کے ہیں ۔

معالم التنزیل ع ۔ قرآن شریف کی ایک تفسیر کا نام ہے جو امام محی السنت حضرت ابو محمد حسین بن مسعود بغوی کی تصنیف سے ہے ۔

معالی ع جمع ہے معلی کی ۔ بلندیاں ۔

مُعَامِل ع ۔ معاملہ کرنیوالا ۔ کنایۃً مشتاق ۔ آسودہ ۔

معاملہ ع ۔ باہم ملکر کوئی کام کرنا ۔ عمل کرنا ۔ کام کرنا ۔

معاملہ کرون ف ۔ آپس میں لین دین کرنا

مَعَان ع ۔ پناہ دینے کی جگہ ۔ مدد کرنے کی جگہ ۔ منزل ۔ جگہ ۔

مُعَانِد ع ۔ عناد کرنے والا ۔ دشمن ۔

مُعَانَدت ع ۔ باہم دشمنی کرنا ۔ جھگڑا ۔ عناد ۔ دشمنی ۔

مُعَانِس ع جمع معنس کی ۔ کنواری لڑکیاں جن کی جوانی ماں باپ کے گھر میں ہی گذر جائے ۔

معانق ع ۔ گلے سے لگنے والا ۔ گلے ملنے والا ۔

معانقہ ع ۔ گلے ملنا ۔ بغلگیر ہونا ۔

معانی ع ۔ جمع ہے معنے کی ۔ مطالب ۔ مرادیں ۔ ایک علم کا نام ہے ۔ جسکے ذریعے معلوم کیا جاتا ہے کہ جو لفظ استعمال عبارت میں آیا ہے ۔ وہ مقتضا ئے حال کے مطابق ہے یا نہیں ۔ اور مطلب مدعا کے ادا کرنے میں جو غلطی واقع ہو اُس سے بھی اسکے ذریعے آگاہی ہو ۔

مضمون کی سخت مشکلات اور بیچیدگیوں سے واقفیت حاصل ہوتی ہے ۔

مُعَاوِد ع ۔ عود کرنے والا ۔ بازگشت کرنے والا ۔ پھر کر آنے والا ۔

مُعَاوِدَت ع ۔ لوٹ آنا ۔ پھر کر آنا ۔

معاوضت ع ۔ مبادلہ کرنا ۔ بدلنا کسی چیز کے عوض میں کوئی چیز دینا ۔

مُعَاوِن ع ۔ مددگار ۔ مدد دینے والا

مُعَاوَنَت ع ۔ مدد کرنا ۔ یاری کرنا ۔

معاویہ ع ۔ رسول خدا کے ایک صحابی کا نام ہے جو عشرہ مبشرہ میں سے ہیں اور حضرت علیؓ کے زمانہ میں شام کے مستقل حاکم تسلیم کئے گئے ۔ آخر اپنے بیٹے یزید کو ولیعہد کر کے سنہ ۶۰ھ میں وفات پائی یزید بن معاویہ کے بیٹے کا نام بھی معاویہ ہے جو اپنے باپ کے بعد تخت نشین ہوا مگر وہ بہت صلح اور نیک بخت آدمی تھا اُس نے منبر پر چڑھ کر کہا کہ خلافت میرا حق نہیں ہے ۔ اولاد علیؓ کا حق ہے اُنکے دیدو میں اس سے باز آیا ۔

مُعَاہِد ع ۔ عہد کرنے والا ۔

معاہدہ ع ۔ باہم عہد و پیمان کرنا ۔

معائب ع جمع معیب کی ۔

مَعَائِش ع جمع معیشت کی ۔

مُعَائنہ ع ۔ سامنے دیکھنا ۔ روبرو دیکھنا اپنی آنکھ سے دیکھنا ۔

مُعْبَد ع ۔ عبادت کیا گیا ۔

مَعْبَد ع ۔ جائے پرستش ۔ عبادت کی جگہ ۔

مَعْبَر ع ۔ گھاٹ ۔ پل ۔

مِعْبَر ع ۔ دریا سے عبور کرنے کا آلہ ۔ کشتی ۔

مُعَبِّر ع ۔ تعبیر کرنیوالا ۔ بیان کرنے والا

مُعَبَّر ع ۔ تعبیر کیا گیا ۔ بیان کیا گیا ۔

مِعْبَنگہ ع ۔ لمبا اور چوڑا مکان ۔

معبود ع ۔ عبادت کیا گیا ۔ پوجا کیا گیا ۔

مُعْتَاد ع ۔ عادت کیا گیا ۔ مقدار ہر روز کی جتنی عادت ہو ۔ عادت پکڑنے والا ۔ خوگیر ۔ عادی ۔

معتبر ع ۔ اعتبار کیا گیا ۔ جس پر لوگوں کو اعتبار ہو ۔

مُعْتَدّ ع ۔ حد سے گذرنے والا ۔ سخت ظالم

مُعْتَدّ بہ ع ۔ شمار میں آیا ہوا ۔ معتبر ۔ قابل شمار

مُعْتَدِل ع ۔ مساوی ۔ مزاج میں جس میں افراط و تفریط نہ ہو ۔

مُعْتَدِل المزاج ع ۔ معتدل مزاج والا جس کا مزاج معتدل ہو یعنی جس کی چاروں خلطیں حرارت ۔ برودت ۔ یبوست رطوبت اندازہ مناسب پر ہوں ۔

مُعْتَذِر ع ۔ عذر کرنے والا ۔

مُعْتَرِض ع ۔ اعتراض کرنے والا ۔

مُعْتَرِف ع ۔ مقر ۔ اقرار کرنے والا ۔

مُعْتَز باللہ ع ۔ مستعین باللہ کے بعد سنہ ۲۵۲ھ سے سنہ ۲۵۵ھ تک حکمران رہا ترکوں نے اسے بھوکا پیاسا رکھ کر مار ڈالا

مُعْتَزِل ع ۔ گوشہ نشین ۔ یکسو ہو کر بیٹھنے والا ۔

مُعْتَزِلہ ع ۔ مشہور فرقہ ہے جو راہ حق سے برگشتہ ہے وہ رویت لقائے الٰہی کے منکر ہیں ۔ نیکی خدا کی طرف سے کہتے ہیں ۔ اور بدی اپنی جانب سے ۔ کبائر کے مرتکب کو نہ مومن خیال کرتے ہیں ۔ نہ کافر

مُعْتَصِم ع ۔ کسی چیز میں اُس سے ہاتھ ڈالنے کی خاطر چنگل مارنے والا ۔ پناہ لینے والا

مُعْتَصِم باللہ ع ۔ ابو اسحاق محمد بن ہارون رشید کا نام ہے جو اپنے بھائی مامون کے بعد تخت نشین ہوا ۔ اُس نے آذربائیجان کی بغاوت کو دبایا ۔ قیصر روم پر فتح پائی ۔ مصر میں رہتے تھے سامرہ کو شہر میں بسایا ۔ اسی نے ترک غلاموں کو سب سے پہلے خرید کر اپنا مشیر بنایا ۔ عباسی خلیفوں میں یہ آٹھواں تھا سنہ ۲۱۸ھ سے سنہ ۲۲۷ھ تک خلیفہ رہا ۔

مُعْتَضِد ع ۔ مدد لینے والا ۔ خلفائے عباسی سے ایک خلیفہ ہے ۔ جو علویوں کی بہت رعایت کرتا تھا ۔ اُسی کے عہد میں عمرو بن لیث کو اسمٰعیل سامانی نے قید کر کے اُس کے پاس بھیجا ۔ یہ خونریزی اور عورتوں کی صحبت اور تعمیر عمارات سے بہت دلچسپی رکھتا تھا ۔ مجرموں کو زندہ زمین میں گڑوا دیتا ۔ سنہ ۲۷۹ھ سے سنہ ۲۸۹ھ تک حکمران رہا ۔

مُعْتَقِد ع ۔ اعتقاد رکھنے والا ۔ دل کا بھروسہ رکھنے والا ۔ یقین کرنے والا ۔

مُعْتَکِف ع ۔ اعتکاف کرنے والا دنیا سے کنارہ کرنیوالا ۔ مسجد میں عبادت کے واسطے جو شخص بیٹھ رہے ۔ اور باہر نہ نکلے ۔

مُعْتَل ع ۔ بیمار ہونے والا ۔ اصطلاح میں وہ فعل یا اسم جس میں حرف علت ہو ۔

مُعْتَمِد ع ۔ اعتماد کرنے والا ۔

مُعْتَمَد ع ۔ اعتماد کیا گیا ۔ جس پر لوگوں کو اعتماد ہو ۔

مُعْتَمِد علی اللہ ع ۔ خلفائے عباسیہ سے ایک خلیفہ

سے ۲۵۶ھ سے ۲۶۵ھ تک خلیفہ یعقوب لیث صفاری کے عہد میں خلافت کی ॥

معتوہ ع - بے عقل - بے ہوش - دیوانہ - وہ شخص جو کبھی دیوانوں کی سی باتیں کرنے لگ جائے اور کبھی داناؤں کی سی ॥

معتمد علیہ ع - معتمد آدمی جسکا پاس اور لحاظ رکھا جاوے جسکو کچھ کہی جائے ॥

معتنی ع - اہتمام کرنیوالا - علاج کرنیوالا ॥

معجب ع - صیغہ اسم فاعل کا باب افعال سے ہے - خود پسند - متکبر - مغرور - تعجب میں ڈالنے والا ॥

معجر ع - وہ کپڑا جو سر کے اوپر سے اوڑھتے ہیں ॥

معجز رقم ف - جس کی تحریر سے معجزے ظاہر ہوتے ہیں - زود نویس - تیز رقم ॥

معجز ع - عاجز کرنے والا ॥

معجزات ع - جمع معجزہ کی ॥

معجزہ و معجزہ ع - عاجز کرنے والا - خرق عادت - وہ بات جسکے کرنے پر انسان قادر نہ ہو - حضرت خدا کی مہربانی سے کسی شخص کو ایسی قوت ملجائے جس سے وہ انسانی طاقت سے بڑھکر کام کر دکھلاوے ॥

معجزۂ مسیح ع - مائدہ جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر آسمان سے نازل ہوا تھا - حضرت عیسیٰ کا مردے کو زندہ کرنے کا معجزہ ॥

معجل ع - جلدی کرنے والا ॥

معجل ع - جلدی - بے مہلت ॥

معجم ع - حروف منقوطہ - حروف معجمی یعنی نقطوں والا حرف ॥

معجمہ ع - وہ حرف کہ جس پر نقطہ ہو ॥

معجون ع - گوندھا ہوا - یعنی معجون وہ مرکب دوا ہے جو چند پسی ہوئی دواؤں سے شہد یا قند وغیرہ کے قوام میں بنائی جاتی ہے ॥

معجون کش ف - وہ چیز جس سے معجون کو برتن سے نکالیں ॥

مُعِدّ ع - تیار کرنیوالا - آمادہ کرنیوالا ॥

مُعَدّ ع - تیار - آمادہ - تیار کیا گیا ॥

مُعَدد ع - شمار کیا گیا - آمادہ کیا گیا ॥

معدل ع - ترازو کے پلڑے کی شکل کا ایک برتن ہے جو گھوڑوں کے سموں وغیرہ ناپنے میں اور کٹے ہوئے مغز کسی چیز کے انمیں ڈالتے ہیں پھر شکنجہ میں رکھکر اس کا روغن نکالتے ہیں ॥

معدل النہار ع - وہ دائرہ کہ خط استوا کے موازی ہے یعنی آسمان پر ہے اور جب اسپر آفتاب کے پہنچنے سے دن رات برابر ہوتے ہیں ॥

معدلت ع - عدل و انصاف ॥

معدم ع - نیست کرنے والا - نابود کرنے والا ॥

معدن ع - کان - سونے چاندی وغیرہ کی کان ॥

معدنی ع - کانی منسوب بمعدن - سرخ رنگ کا ایک کپڑا بھی ہے ॥

معدنیات ع - کانی چیزیں - جیسے سونا چاندی وغیرہ ॥

معدود ع - شمار کیا گیا - گنا ہوا - تھوڑا - اعتقاد - قلیل ॥

معدوم ع - عدم کیا گیا - نیست کیا گیا ॥

معدہ ع - اوجھ - جس میں کھانا ہضم ہوتا ہے ॥

معدہ تنگ کردن - معدہ پُر کردن - ف - پیٹ بھر کر کھانا - سیر ہوکر کھانا - بہت کھانا ॥

معدہ لنبار - معدہ انبار - ف - بسیار خوار - بڑا پیٹو ॥

معذب ع - شکنجہ - عذاب کرنیوالا - دکھ دینے والا ॥

معتذر ع - عذر کرنیوالا - حیلہ کرنیوالا - بہانہ کرنے والا ॥

معذرت ع - عذر - حیلہ - بہانہ ॥

معذل ع - وہ شخص جس کی سخاوت و داد و دہش پر ملامت کی گئی ہو ॥

معذور ع - عذر کیا گیا - بہانہ کیا گیا - جس کو کسی امر میں کوئی عذر ہو ॥

معذول ع - ملامت کیا گیا ॥

معرا ع - برہنہ - ننگا - وہ کتاب جس پر حاشیہ نہ ہو ॥

معراج ع - آلہ عروج - اوپر چڑھنے کی چیز - سیڑھی کا ڈنڈا - سیڑھی - اور جناب رسول صلے اللہ علیہ وسلم کا عروج جو نبوت کے بارھویں سال ہوا تھا اُس کا مختصر بیان یہ ہے کہ ماہ رجب کی ستائیسویں شب کو حضرت جبرئیل علیہ السلام پیغمبر علیہ السلام کے واسطے براق لائے اور انہیں سوار کرکے بیت المقدس[1] لے گئے - وہاں فرشتوں کی فوج آپ کے استقبال کو کھڑی تھی - سب نے ادب سے سلام کیا - پیغمبر خدا براق سے اترے اور مسجد میں تشریف لے گئے - اور پیغمبر براق کی سواری کے جانور باندھا کرتے تھے - اسی حلقے سے براق کو باندھ دیا اور مسجد میں نماز پڑھی - پھر حضرت جبرائیل پیغمبر خدا کو آسمان پر لے گئے - وہاں انبیا سے انکی ملاقات ہوئی - اور سب نے خوش ہوکر تعظیم و تکریم کی - اس کے بعد سدرۃ المنتہیٰ بیت المعمور - عرش و کرسی - لوح و قلم کو نظر مبارک سے گذرا - بہشت و دوزخ کو ملاحظہ فرمایا - جب اور بھی عروج پر پہنچے تو حضرت جبرائیل نے رخصت چاہی اور کہا کہ میں آپ کے سبب سے یہاں تک بھی آیا - اور اس سے آگے جانے کی مجھے مجال نہیں ہے - پھر آپ تنہا چلے اور جس مقام پر پہنچے براق بھی چلنے سے رہ گیا - پھر رف رف پر آپ سوار ہوئے اور پایہ عرش کے قریب پہنچے - بالکل قرب میں پہنچکر آپ نے انوار الٰہی بچشم خود مشاہدہ کیا - وہاں ایک لحظے معلوم ہوئے - تمام مطلب اور مقصد کا فرق و درست ہوئے - وہاں سے رخصت ہوکر بیت المقدس اور پھر خانۂ خود میں تشریف لائے ॥

معراض ع - بے پر تیر - جس کے دونوں سرے باریک ہوتے ہیں - اور درمیان سے موٹا ہوتا ہے ॥

[1] بعض لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ حضرت کے وقت بیت المقدس بنا ہوا نہ تھا - وہ غلطی پر ہیں کیونکہ وہاں انبیا کی مسجد پہلے سے موجود تھی لیکن اگر یہ لفظ جائیں کہ وہ مسجد جو اب موجود ہے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ کی مسجد ہے - اس میں بیت المقدس کی جگہ تھی - وہاں پر پہلے مسجد کی حالت تھی - آپ بذوق افزود اور شرف افزاے ہوئے وہ بجائے خود تھا ॥

مُعَرَّب ع۔ وہ لفظ جس کو عربی بنا لیا ہو۔ اور اصل میں کسی اور زبان کا ہو۔ جیسے مُشک (جیسے کستوری) جو فارسی لفظ ہے۔ اس کا معرّب (عربی بنایا ہوا لفظ) مِسک ہے ÷

معرۃ النعمان ع۔ ایک آباد شہر کا نام ہے جو حلب سے پندرہ فرسنگ کے فاصلہ پر ہے ÷

مِعْرَج ع۔ نردبان۔ سیڑھی ÷

مَعْرَج ع۔ اوپر چڑھنے کی جگہ ÷

مُعَرَّج ع۔ ایک قسم کا نفیس منقّش کپڑا ہے ÷

معرج گر ف۔ معرج بننے والا ÷

معرج گردان فلک ف۔ قضا و قدر عقول عشرہ ÷

مُعَرْبِد ع۔ جنگ جو۔ لڑاکا۔ بدخو ÷

مُعَرَّس۔ مُعْرَس ع۔ اُترنے کی جگہ۔ وہ مقام جہاں اُتریں ÷

مُعْرِض ع۔ منہ پھیرنے والا۔ اعراض کرنے والا۔ روگردانی کرنے والا ÷

مَعْرِض ع۔ عرض کرنے کی جگہ۔ ظاہر کرنے کی جگہ۔ ظاہر ہونے کی جگہ ÷

مُعَرَّف ع۔ پہچانا ہوا۔ تعریف کیا ہوا۔ معرفہ کیا گیا ÷

مُعَرِّف ع۔ تعریف کرنیوالا۔ حمد جتانا۔ پہچاننے والا۔ وہ شخص جو دربار اُمراء و سلاطین میں ہر ایک درباری کو اُسکے درجہ اور مرتبہ پر بٹھلاتا ہو وہ شخص جو مجہول الحال آدمی کو بادشاہ کے سامنے پیش کر کے اُس کا حال بیان کرتا ہو۔ چوبدار ÷

مَعْرِفَت ع۔ شناخت۔ پہچان۔ خدا کی شناخت۔ خداشناسی۔ بیخ زرا ایال گھوڑے کی ÷

مَعْرِفہ ع۔ وہ اسم ہے جو معین شے پر بولا جائے۔ اُس کی سات قسمیں ہیں علم۔ اسم ضمیر۔ اسم اشارہ۔ اسم موصول۔ معہود ذہنی یا خارجی۔ مضاف۔ پانچوں قسموں مذکورہ کی طرف۔ منادیٰ ÷

مِعْرَق ع۔ وہ چیز جس سے پسینہ آجائے۔ پسینہ لانے والی شے ÷

مَعْرَکہ ع۔ میدان جنگ۔ لڑائی ÷

معرکہ گیر ف۔ کشتی کرنے والا۔ بازار میں تماشا کرنے والا ÷

مُعْرَوْری ع۔ جو گھوڑے پر اس حالت میں سوار ہونے والا۔ جبکہ گھوڑے پر زین وغیرہ کچھ نہ لگایا گیا ہو ÷

مَعْرُوض ع۔ عرض کیا گیا۔ پیش کیا گیا

معروف ع۔ مشہور جو معلوم ہو۔ احسان ÷

معروف کرخی ع۔ ایک عارف کامل کا نام ہے جو پہلے دین مسیحی رکھتے تھے۔ جب ماں باپ نے انہیں مکتب میں بٹھایا تو اُستاد نے تثلیث کی تعلیم دی۔ آپ نے اُستاد کے برخلاف کہا کہ ہو اللہ احد۔ اور بار بار توحید کا ذکر کیا۔ اُستاد نے جھڑکا اور بہت تنبیہ دی۔ آپ وہاں سے نکل گئے اور علی بن موسیٰ رضا رحمۃ اللہ علیہ کے پاس کر مسلمان ہو گئے۔ کچھ عرصہ بعد پھر گھر میں آئے اور ماں باپ بھی آپکے مسلمان ہو گئے۔ نوبت بدیں جا رسید کہ آپ ایک سرتاج بنگئے۔ آپکی وفات سنہ ۲۰۰ھ میں ہوئی۔ آپکا مدفن کرخ (محلہ بغداد) ہے ÷

مَعْرُوفی ف۔ مشہوری۔ شہرت۔ نام آوری۔ گھمنڈ ÷

مَعْز ع۔ بکری۔ بکرا ÷

مُعِزّ ع۔ عزت دینے والا۔ خدا تعالیٰ کا ایک نام ہے ÷

مُعَزّ ع۔ عزت کیا گیا ÷

مُعَزّی ع۔ ماتمی۔ سوگوار ÷

مُعَزَّز ع۔ عزت کیا گیا جس کی لوگ عزت کریں۔ عزت دار ÷

مُعَزِّم ع۔ عزیمت خواں۔ منتری ÷

مَعْزُول ع۔ برخاست کیا گیا۔ نوکری سے برطرف کیا گیا۔ بیکار ÷

معزولی ف۔ بیکاری ÷

مُعَزِّی ع۔ تعزیت کرنے والا ÷

مُعِزّی ع۔ منسوب بہ مُعِزّ۔ جو خدا تعالیٰ کا ایک نام ہے۔ ایک بادشاہ اور متقدمین شعراء میں سے ایک شاعر کا نام بھی ہے ÷

مَعْزی ع۔ جنوب ÷

معزیٰ الیہ ع۔ منسوب علیہ۔ کسی کی طرف منسوب کیا گیا ÷

مُعْسِر ع۔ تنگدست۔ وہ شخص جو مفلس

مُعَسَّر ع۔ دشوار ÷

مُعَسْکَر ع۔ لشکر کے اُترنے کی جگہ۔ چھاؤنی۔ کیمپ ÷

مِعْشار ع۔ دسواں حصہ لینا۔ دسواں حصہ ÷

مَعْشَر ع۔ اقارب۔ رشتہ دار لوگ۔ گروہ۔ دوستوں کا گروہ ÷

مُعَشَّر ع۔ وہ جگہ جس کے دس گوشے ہوں۔ دس کونے کی شے ÷

مَعْشُوش ع۔ اکٹھا کیا ہوا۔ کمایا ہوا۔ پیوند لگایا ہوا۔ پیراہن۔ ایک صنعت شعری کا نام بھی ہے ÷

معشوق ع۔ عشق کیا گیا۔ یعنی وہ شخص جس پر کوئی دوسرا شخص عاشق ہو ÷

معشوق تنگ دل۔ معشوق سنگدل ف۔ دنیا۔ جہان۔ سخت دل والا ÷

معشوقہ ع۔ وہ عورت جس پر کوئی شخص عاشق ہو ÷

مِعْصَر ع۔ نچوڑنے کا اوزار ÷

مَعْصَرَہ ع۔ شراب کھینچنے کی جگہ۔ نچوڑنے کی جگہ ÷

مِعْصَرہ ع۔ جس سے کوئی چیز نچوڑی جائے۔ اور تیل نکالا جائے۔ تیلیوں کا کولھو ÷

مُعْصِرات ع۔ وہ بادل جو برسنے پر ہوں

مُعَصْفَر ع۔ کسنبے کے پھول ÷

مُعَصْفَر ع۔ کسنبے کے پھولوں سے رنگی ہوئی چیز ÷

مِعْصَم ع۔ کلائی۔ پہنچا ÷

مَعْصُوم ع۔ بے گناہ۔ گناہ سے بچایا گیا ÷

معصومی ف۔ عصمت۔ پاکدامنی ÷

مَعْصِیَت ع۔ گناہ۔ نافرمانی ÷

مُعْضِل۔ مُعْضِلہ ع۔ مشکل کرنے والا۔ مشکل ÷

معضلات ع۔ جمع معضلہ کی ÷

مُعَطَّر ع۔ خوشبودار ÷

مُعَطِّش ع۔ پیاس لگانیوالی شے

مُعَطَّل ع۔ بیکار۔ کام سے خالی

مَعْطُوف ع۔ پلٹا ہوا۔ لپیٹا ہوا ÷

پھیرا گیا۔ عطف کیا گیا +

معطوف علیہ ع۔ جس پر عطف کیا جائے +

معطی ۔ ع۔ عطا کرنیوالا ۔ بخشنے والا +

معظّم ۔ ع۔ بزرگ ۔ بزرگی دیا گیا +

مُعظَم ۔ ع۔ بڑا ۔ کلاں +

معظمات ع۔ بڑے بڑے کام ۔ بڑے ۔

مُعظِّمہ ع۔ صاحب عظمت و بزرگ عورت +

معفُوّ ع۔ عفو کیا گیا ۔ معاف کیا گیا معاف فارسی والے واؤ کو ساکن پڑھتے ہیں +

مَعقِد ع۔ باندھنے کی جگہ ۔ جائے گرہ

معاقد کی جگہ ۔ عہد کرنے کی جگہ +

مُعقّل ع۔ وہ اونٹ جسکے بازو اور پنڈلی کو رسی سے باندھ دیا گیا ہو +

مُعقُود ع۔ گرہ لگا دی گئی ۔ باندھا گیا +

معقوق ۔ ع۔ ماں باپ کا نافرمان سرکش ۔ متروک الاحسان ۔ مردود +

معقول ۔ ع۔ عقل میں لایا گیا ۔ مناسب اچھا ۔ پسندیدہ ۔ بندھا ہوا +

معقول کردن ساختن ۔ ف۔ اسکو پکا دینا ۔ اسکے ذہن نشین کر دینا +

معک ۔ ع۔ تیرے ساتھ +

معکوس ع۔ الٹا ۔ اوندھا +

مِعلاق ۔ ع۔ لٹکانے کی شئے ۔ لوہے کا وہ کانٹا جس سے قصائی لوگ گوشت لٹکاتے ہیں +

مُعلّے ۔ ع۔ بلند کیا گیا ۔ بلند +

مَعلَف ۔ ع۔ گھاس کھانے کی جگہ ۔ چوپایوں گھریلی جانوروں کی +

مُعلّق ۔ ع۔ لٹکا ہوا +

مُعلّقات ۔ ع۔ لٹکی ہوئی چیزیں +

مُعلّق زدن ۔ ف۔ قلابازی کھانا بازی کرنا +

مُعلّق زن مُعلّق زنان ف۔ قلابازی کھانیوالا ۔ چک پھیری کرنیوالا ناچنے والا ۔ رقاص ۔ دار باز ۔ بازیگر ۔ نٹ ۔ وہ شخص جو نماز میں جلدی جلدی رکوع و سجود کرے +

مُعلّق کشیدن و گرفتن ۔ ف۔ قلابازی کھانا +

مُعلّقہ ۔ ع۔ لٹکی ہوئی ۔ وہ عورت جو نہ بیوہ ہی ہو ۔ اور نہ خاوند ہی اُس سے موافقت کرے +

مُعلِّم ۔ ع۔ علم سکھانے والا ۔ اُستاد ملّاح +

مُعلَّم ۔ ع۔ تعلیم دیا گیا ۔ سکھایا گیا ۔ سدھایا ہوا جانور +

مَعلَم ۔ ع۔ علامت ۔ نشان +

مُعلَم ع۔ منقش ۔ نقش دار ۔ وہ کپڑا جس پر نقش و نگار ہوں ۔ بیل بوٹے دار ۔ مخطط ۔ دھاری دار کپڑا ۔ صیغہ اسم مفعول کا ہے ۔ اعلام مصدر سے اور اسکا مادہ علم (بمعنی نشان و نقش) ہے

مُعلّم الملکوت معلم ملائکہ ۔ شیطان

مُعلّم اوّل ۔ ع۔ ارسطو جس نے حکمت سب سے پہلے لکھکر سکھائی ۔ پہلے حکما زبانی سکھایا کرتے تھے ۔ اور باشوں کی اصطلاح میں شیطان +

مُعلّم ثالث ع۔ بوعلی سینا +

مُعلّم ثانی ۔ ع۔ ابو نصر فارابی جس نے ارسطو کی کتابوں کا عربی میں ترجمہ کیا +

مُعلّم کتابی ۔ ع۔ معلم مکتب ۔ مدرس مدرسہ ۔ کتاب کے معنے مکتب اور مدرسہ ہیں

معلول ۔ ع۔ علت کیا گیا ۔ وہ شئے کہ جس کا کوئی سبب اور باعث ہو ۔ فارسی والے اسے علیل (مریض) کی جگہ استعمال کرتے ہیں ۔ لیکن عربی میں اس معنی میں نہیں آیا +

معلوم ۔ ع۔ جانا گیا ۔ دریافت کیا گیا ۔ فارسی والے اس سے مال و زر ۔ درم و دینار مراد لیتے ہیں ۔ ذخیرہ +

معلومی ف۔ آگاہی ۔ خبر ۔ اطلاع +

مُعلی ۔ علو اور بلندی کے معنے میں مصدر میمی ہے +

مُعمّا ۔ ع۔ چھپا ہوا ۔ اندھا ۔ نابینا کیا گیا پوشیدہ کلام ۔ چیستان ۔ پہیلی +

مِعمار ۔ ع۔ راج ۔ مستری ۔ عمارت ۔ بنانے والا ۔ آباد کرنے والا +

معما کشادن ف۔ معمے کو حل کر دینا +

معمان ۔ ع۔ گرمی کے دنوں میں گرمی کی شدت +

مُعمّم ع۔ عمامہ والا ۔ پگڑی والا +

معمور ۔ ع۔ آباد ۔ بھرا ہوا ۔ پر +

معمورہ ۔ ع۔ بستی ۔ شہر +

معمورۂ عمر لیث ۔ ف۔ شیراز جسے عمر لیث نے بسایا +

معموری ع۔ آبادی +

معمول ۔ ع۔ عمل کیا گیا ۔ روزمرہ کی بات جو کی جائے +

معن معن زائدہ ۔ ع۔ عرب کے ایک شخص کا نام ہے ۔ جو چوتھے درجہ کا سخی اور بلند ہمت تھا +

مُعنبر ع۔ عنبر کیا گیا جس میں عنبر ملایا ہو +

مُعنون ع۔ عنوان کیا گیا ۔ دیباچہ کیا گیا ۔ ابتدا کیا گیا +

معنوی ۔ ع۔ منسوب ہے معنی سے ۔ باطنی

مُعنّس ۔ ع۔ مصدر میمی فاعل کے معنی میں ہے ۔ جسکے معنی ہیں ۔ جوان کنواری لڑکی ۔ یہ عنس و عنوس سے مشتق ہے جسکے معنے ہیں کنواری لڑکی کا بالغ ہو کر باپ کے گھر میں دیر تک بیٹھے رہنا +

معنے ا ۔ ع۔ مطلب ۔ مراد ۔ مضمون ۔ حقیقت باطن ۔ کمالات باطنی ۔ گُن +

معنی بیگانہ ف۔ اچھے اور عمدہ معنے جو پہلے کسی کو نہ سوجھے ہوں +

مُعوَجّ ۔ ع۔ ٹیڑھا ۔ کج +

مُعوّضت ۔ ع۔ وہ شئے جو کسی شئے کے عوض میں دی جائے +

مُعوّق ۔ ع۔ بند کیا گیا ۔ ٹھیرا رکھا گیا مشکل ۔ دشوار +

مِعول ۔ ع۔ کلنگ آہنی (پھاوڑا) جس سے لوہا کان سے نکالتے ہیں ۔ بیلچہ +

معول ع۔ صیغہ اسم مفعول کا ہے عول سے ۔ یعنی اعتماد کیا گیا +

مُعوّل ع۔ اعتماد کیا گیا ۔ یہ صیغہ اسم مفعول کا ہے تعویل مصدر سے +

مُعونت ۔ ع۔ مدد کرنی ۔ مدد +

معہا ا ۔ ع۔ باوجود اس بات کے ۔ اس سمیت +

معہود ۔ ع۔ عہد کیا گیا ۔ اقرار کیا گیا ۔ جس کا اقرار کریں ۔ ٹھیرایا گیا ۔ معمولی

معقرب۔ع۔ بجان قدیم کہنہ ٭
معہود ذہنی۔ع۔ وہ اسم نکرہ جس سے ذہن متکلم یا مخاطب میں شخص ہو مثلاً اقتادشمن کے آگے کہ وغیرہ کوئی شخص معین مراد ہو تو دشمن وقت اسمے معہود ذہنی کہیں گے ٭
معہود خارجی۔ع۔ وہ نکرہ جسے جو کسی خاص وجہ سے ذات معین پر دلالت کرے جیسے لفظ خلیل سے ذات حضرت ابراہیم کی سمجھی جاتی ہے۔ اور کلیم سے ذات حضرت موسےٰ علیہ السلام کی ٭
معیار۔ع۔ سونا چاندی تولنے کا کانٹا کسوٹی ٭
معیب۔ع۔ عیب ٭
معیّب۔ع۔ عیب کرنیوالا عیب لگانیوالا ٭
معیّت۔ع۔ ہمراہی۔ ہمراہ۔ ساتھ ہونا۔ کبھی اس سے اعانت مراد ہوتی ہے اِنَّ اللہَ مَعَ الصّابِرِیْنَ۔ اللہ تعالیٰ صابروں کے ساتھ ہے ٭
معید۔ع۔ دوبارہ کرنیوالا۔ پھر کرنے والا کسی کام کو بار بار کرنے والا ٭
معیذ۔ع۔ کسی کو پناہ دینے والا۔ پناہ دہندہ ٭
معیشت۔ع۔ زندگی۔ جینا۔ عیش کرنا۔ وہ چیزیں جن سے زندگی گذرتی ہیں ٭
معیل۔ع۔ عیالدار آدمی۔ بہت بال بچے والا ٭
معین۔ع۔ مدد کرنیوالا۔ مددگار ٭
مُعیّن۔ع۔ مقرر کیا گیا۔ تحقیق شدہ۔ عیاں وہ شخص جسکے چاروں طرف تحریر ہوں یا کوئی نشان ہو تا ٭

عین سے مشتق اسم مفعول کا ہے جیسے کہ بیع سے مبیع ٭
معیوب۔ع۔ عیب والا۔ عیب کیا گیا ٭

میم مع غین معجمہ

مَغ۔ف۔ گڑھا۔ عمیق ٭
مُغ۔ف۔ بخفف مغ کا۔ پارسی ملک ٭
مُغ۔ف۔ آتش پرست ٭
مغابن۔ع۔ ران کی جڑیں ٭
مغاث۔ع۔ جنگلی ادرک کی جڑ ٭
مغادرت۔ع۔ بے وفائی کرنا کسی سے دغا کرنا ٭
مغارہ۔ع۔ وہ غار جو پہاڑ میں ہو کبھی۔ غارت کرنے کی جگہ ٭
مغازلہ۔ع۔ عورتوں سے باہم گفتگو کرنی عشقبازی کرنی عشقبازی میں باہم مقابلہ کرنا ٭
مغاک۔ف۔ مرکب ہے مغ بمعنی گڑھا اور اک ادات کسی جگہ پانی ٹھہرے گڑھا جہاں پانی ٹھہرے ٭
مغاک ظلمت۔ف۔ مرادی آدمی کا جسم ٭
مغاک نہادہ۔ف۔ قبر گور ٭
مغالطہ۔ع۔ غلطی میں ڈالنا دھوکہ دینا ٭
مغان۔ف۔ جمع ہے مغ کی یعنی آتش پرست آگ کا مجاور بھی ہے ٭
مغانہ۔ف۔ آتش پرستوں کا قاعدہ اور قانون ٭
مغان اُزد۔ف۔ پانچوں کا خیمہ۔ یا لفظ
مغبچہ۔ف۔ لڑکا جو قبرہ کے

مغبون۔ع۔ مغبوط مشتقہ حصہ دو
مغبون جسکو زیان پہنچا ہو ٭
مغتذی۔ع۔ غذا پانیوالا۔ غذا پایا ہوا ٭
مغتنم۔ع۔ مغتنم۔ غنیمت سمجھا گیا غنیمت ٭
مغتنمات۔ع۔ جمع مغتنم کی غنیمت سمجھی گئیں چیزیں ٭
مغرب۔ع۔ سورج کے غروب ہونے کی جگہ پچھم ٭
مُغرِب۔ع۔ کوئی عجیب یا غریب بات کہنا ہو وہ
مغربی۔ع۔ دور۔ بعید۔ مغرب کی طرف جانے والا ٭
مغرغ۔ع۔ خیرہ ٭
مغربی۔ع۔ پچھم کا آدمی۔ مغرب کی طرف کا رہنے والا آدمی۔ اشراقی ٭
مغرس۔ع۔ درخت لگانے کی جگہ ٭
مغرفہ۔ع۔ ہاتھ کی ہتھیلی سے پانی پینے والا ٭
مغرفہ۔ع۔ کفگیر۔ کفچہ۔ ڈوئی جو ہنڈیا میں پھیرتے ہیں ٭
مغرق۔ع۔ غرق ہو گیا ہوا ٭
مغرور۔ع۔ گھمنڈی۔ وہ شخص جس کو غرور ہو ٭
مغروق۔ع۔ ڈوبا ہوا غرق کیا گیا
مغرہ۔ع۔ گیرو سرخ رنگ کا ایک پتھر
مغری۔ع۔ پچھتر والا۔ لڑائی پیدا کرنیوالا کسی کو جنگ کے لئے برانگیختہ کرنیوالا ٭
مغز۔ف۔ گودا۔ دماغ ٭
مُنتسبان - ف - کسی کے ساتھ نسبت رکھنے والے - تعلق رکھنے والے - لگاؤ رکھنے والے

مُنتسج - ع - بنا ہوا +

مُنتسخ - ع - نسخہ لینے والا - نسخہ پڑھنے والا

مُنتسخ - ع - منسوخ کیا گیا - رد کیا گیا +

مُنتسم - ع - خوشبو سونگھنے والا - نسیم سونگھنے والا

مُنتشر - ع - بکھرنیوالا - پھیلنے والا - پراگندہ

مُنتصب - ع - عہدہ پانے والا - قائم ہونے والا کسی کام پر +

مُنتصر باللہ - ع - خلفائے عباسیہ میں سے - اپنے باپ کو قتل کر کے ۲۴۷ ہجری میں تخت نشین ہوا - اور چھ مہینے کے اندر ہی سرسام یا خناق کی بیماری سے یا لڑکوں کے قتل کرنے سے مرگیا +

مُنتضد - ع - اقامت کرنیوالا - کسی مکان پر - ایک دوسرے پر چڑھا ہوا +

مُنتظم - ع - انتظام کرنیوالا - درست اور درست ہونیوالا - پرویا جانیوالا +

مُنتعل - ع - صیغہ اسم فاعل کا ہے - انتعال (یعنی جوتی یا موزہ پہننا) مصدر سے - منتعل کے معنے جوتی یا موزہ پہننے والا +

مُنتفع - ع - نفع مند +

مُنتفی - ع - نیست ہونیوالا - [illegible] والا +

مُنتقد - ع - نقد لینے والا - جو شخص [illegible]

مُنتقد - ع - پاک - خالص کیا گیا +

مُنتقع - ع - بھیگا ہوا - تر شدہ +

مُنتقل - ع - انتقال کرنے والا - ایک مکان سے دوسرے مکان میں چلے جانے والا +

مُنتقم - ع - بدلا لینے والا - انتقام لینے والا - عوض برائی کے برائی کرنے والا

مُنتقا - ع - برگزیدہ +

مُنتن - ع - بدبودار شے - گندہ - سڑا

مِنّت نہادن - ف - احسان جتلانا

مُنتہج - ع - راہ اختیار کرنے والا +

مُنتہز - ع - فرصت پانیوالا - غنیمت سمجھنے والا - بانٹنے والا +

مُنتہی - ع - انتہا کو پہنچنے والا - کسی شے کی حد تک پہنچنے والا +

مُنتہی الجموع - ع - آخری وزن جمع کا جس کو پھر جمع نہ کر سکیں - جس کا پھر جمع الجمع نہ ہو سکے - جیسے مفاعل و مفاعل و مفاعیل کا وزن +

مُنثنی - ع - سرنگوں - دوتا +

مَنثور - ع - درناسفتہ - پراگندہ - نثر برخلاف نظم کے +

منج - ف - سبز رنگ کی مکھی جو گوشت پر کرم ڈال جاتی ہے - ہر مکھی ضعیف و ناتواں - گدھے کا لاشہ - کڑوے بادام کا درخت -

منج - ف - بیج خواہ پھول کا خواہ خربزہ وغیرہ +

منج - ف - ریوند +

مُنجاز - ع - حاجت روا کیا گیا - وعدہ وفا کیا گیا +

مُنجذب - ع - کھینچنے والا +

مُنجر - ع - کشیدہ شوند - کھینچا گیا - عن جرب المجرب حلت بہ الندامۃ - جو شخص آزمائی ہوئی بات کو آزماتا ہے اسے ندامت حاصل ہوتی ہے +

منج زور کشتان - ف - گل خیری +

مُنجس - ع - نجس کرنیوالا - ناپاک کرنے والا +

منجل - ع - گھاس کاٹنے کی درانتی -

منجلاب - ف - خرابہ - اور گندہ پانی ڈالنے کی جگہ - چہ بچہ - گندہ پانی +

مُنجلی - ع - ظاہر - آشکارا - روشن - وطن سے نکل جانے والا +

مُنجِّم - ع - نجومی - جوتشی - علم نجوم جاننے والا +

مُنجمد - ع - سردی سے ٹھٹھرا ہوا - سردی سے جما ہوا +

منجنیق - مب - ڈھینکلی - ایک آلہ ہے جس میں بڑے بڑے پتھر رکھکر قلعہ کی دیوار پر مارتے ہیں تاکہ دیوار ٹوٹ جاوے - یہ لفظ معرب ہے من چنیک کا چونکہ قلعہ گیری میں مفید ہے اسواسطے یہ نام اس کا ہوا +

منجوق معرب منجوش - ت - علم کا نیزہ اور چتر پہ ایک چمکتا ہوا جا زیبا سونے چاندی وغیرہ کا ہوتا ہے جو لشکر کے جھنڈے پر چڑھاتے ہیں - چھتری - جھنڈا +

منجیات و مہلکات احیاء - جناب امام محمد غزالی علیہ الرحمۃ کی اخلاق کی مشہور و معروف کتاب احیاء العلوم کے دو باب جنکے اندر منجیات (نجات دینے والی باتوں) اور مہلکات (ہلاک کرنے والی باتوں) کا بیان ہے +

منجات منجیت - ع - رہا ہونے کی جگہ

منجار - ع - اونٹوں کو بہت ذبح

ذکر کرنے والا ۔

منحدر۔ ع۔ اوپر سے نیچے اترنے والا

منحر۔ ع۔ سینہ۔ قربانی کرنے کی جگہ

منحرف۔ ع۔ پھرنے والا۔ برگشتہ ہونے والا خم کھانے والا۔ اصطلاح علم ہندسہ میں برگشتہ ہونیوالا مربع مستطیل۔ شبہ بالمعین ہے یعنی وہ ذو اربعۃ الاضلاع جس کے چاروں اضلاع غیر مساوی ہوں ۔

منحل۔ ع۔ کشادہ ہونیوالا۔ کھلنے والا

منحنی۔ ع۔ خمیدہ۔ کوزہ پشت۔ ٹیڑھا کبڑا۔ مجازاً ضعیف۔ ناتوان ۔

منحوت۔ ع۔ تراشیدہ۔ تراشا گیا چھیلا گیا۔ منہ زدہ کی ہوئی چیز ۔

منحور۔ ع۔ سینہ کوٹا گیا۔ سینہ کاٹا گیا۔ اونٹ ذبح کیا گیا ۔

منحول۔ ع۔ دوسرے کا شعر جو بغیر کسی تغیر کے اپنے نام سے مشہور کیا جائے

منخر۔ ع۔ ناک کا سوراخ۔ نتھنی ۔

منخرط۔ ع۔ وہ چیز جسکے چھلکے یا جسکے سبب خراشیں صاف ہو گئی ہوں۔ آراستہ۔ درست ہونے والا۔ کسی چیز میں آنے والا ۔

منخرق۔ ع۔ پھٹنے والا ۔

منخرم۔ ع۔ ناک کی ہڈی۔ کان چھدا ہوا

منخرین۔ ع۔ منخر کا تثنیہ ہے ۔

منخفض۔ ع۔ نشیب میں بیٹھنے والا پست ہونے والا ۔

منخل۔ ع۔ آٹا چھاننے کی چھلنی۔ میم اور خا کی فتح یا میم کی ضمہ اور خا کی فتح سے زیادہ فصیح ہے ۔

مند۔ ف۔ صاحب۔ والا ۔

مندلورث۔ ف۔ تھکا ہوا۔ ماندہ۔ پریشان حال۔ بدنصیب۔ فلک زدہ۔ غمگین ۔

مندد۔ ع۔ وہ شخص جو کسی کا پردہ فاش کرے ۔

مندرج۔ درج کیا گیا۔ داخل کیا گیا ۔

مندرس۔ ع۔ پرانا۔ گھسا ہوا ۔

مندفع۔ ع۔ دفع ہونے والا ۔

مندفہ۔ ع۔ روئی کا گالا۔ روئی کا گھوڑھا ۔

مندک۔ ف۔ کساد بازاری ۔

مندل۔ ف۔ وہ دائرہ جو جادوگر لوگ اپنے گرد کھینچ لیتے ہیں۔ پکھاوج جو ایک قسم کا باجا ہے۔ عود خام ہند کے ایک شہر کا نام بھی ہے۔ جہاں سے عود آتا ہے ۔

مندلکت۔ از قبیلہ اصطلاح میں خرچ

مندمج۔ گھسا ہوا۔ داخل شوندہ۔

مندمل۔ ع۔ بھرنے والا۔ زخم جو انگور کر لاوے ۔

مندو۔ ف۔ ماندو۔ جو ہندوستان کا ایک شہر ہے۔

مندوب۔ ع۔ رو گیا۔ نوحہ کیا گیا ماتم کیا گیا۔ مجازاً مردہ ۔

مندور۔ ف۔ مندبور۔ درماندہ۔ غمگین۔

مندیل۔ ع۔ رومال۔ دستار۔ پٹکا جو کمر میں باندھتے ہیں ۔

منذر۔ ع۔ ڈرانے والا۔ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کا نام ہے اس واسطے کہ کافروں کو آپ عذاب الہی سے ڈرایا کرتے تھے۔ نام ایک حاکم یمن کا جو قیصر روم کا مطیع اور نوشیرواں بادشاہ کا معاصر تھا ۔

منزجر۔ ع۔ باز رکھنے والا ۔

منزحف۔ ع۔ مقبولیت سے دور ہونیوالا۔ صحیح وزن سے دور ہونیوالا

منزل۔ ع۔ اترنے کی جگہ۔ مکان گھر

منزل۔ ع۔ اتارا گیا۔ ٹھیرایا گیا ۔

منزلت۔ ع۔ مرتبہ۔ درجہ ۔

منزل جاں۔ ف۔ بدن انسانی

منزل حزن۔ منزل خاکی۔ ف۔ دنیا ۔

منزل شناسان پے گم کردہ۔ ف۔ عارفان الٰہی ۔

منزل گاہ۔ ف۔ منزل۔ اترنے کی جگہ مزید علیہ منزل کا ہے ۔

منزل کردن۔ ف۔ مقام کرنا۔ کوچ نہ کرنا۔ اترنا ۔

منزل زہرہ فریب۔ ف۔ دنیا ۔

منزوع۔ ع۔ کھینچا گیا ۔

منزوی۔ ع۔ گوشہ اختیار کرنیوالا گوشہ نشین ۔

منزہ۔ ع۔ پاک۔ صاف ۔

منزہ۔ ع۔ صوفیوں کی اصطلاح میں وہ شخص جس نے خدا کی ذات کو صفت تنزیہ سے پہچانا ہے۔ اور خلق کی حیثیت سے مظاہر میں نہ دیکھا ہو ۔

منسا۔ ع۔ عصا۔ ہاتھ کی لکڑی ۔

منسج۔ ع۔ بننے والا۔ جولاہا ۔

منسحب۔ ع۔ کھینچنے والا۔ کھنچ جانیوالا

منسجم۔ ع۔ جاری پانی۔ بہتے ہوئے آنسو

منسد۔ ع۔ انسداد کیا گیا۔ روکا گیا۔ بند باندھا گیا ۔

منسرح۔ ع۔ آسان کیا گیا۔ آسان علم عروض کے ایک بحر کا نام ہے ۔ جسکو منسرح اس وجہ سے کہتے ہیں کہ اس میں سبب وتد پر مقدم ہے۔ اور آسانی پڑھا جاتا ہے۔ اصل وزن اس کے یہ ہیں مستفعلن فاعلات مستفعلن فاعلات ۔

منسف۔ ع۔ چھلنی۔ وہ آلہ جس سے کاٹے ہوئے کھلیان کو اڑاتے ہیں۔ گھاس ڈالنے کا آلہ ۔

منسک۔ ع۔ عبادت گاہ۔ وہ مقام جہاں حاجی قربانی کرتے ہیں ۔

منسکب۔ ع۔ بہت رونے والا گرنے والا پانی ۔

منسلک۔ ع۔ لڑی میں پرویا ہوا ۔

منسوب۔ ع۔ وہ نسبت کیا گیا ۔

منسوبہ۔ منصوبہ۔ شطرنج کی کھیل ۔

منسوج۔ ع۔ بنا ہوا۔ بافتہ۔ زربفت ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس پر کلابتون تصویر بناتے۔ اور بیل بوٹے نکالتے ہیں ۔

منسوج باف۔ ف۔ منسوج بننے والا

منسوخ۔ ع۔ رد کیا گیا۔ نیست کیا گیا

منسی۔ ع۔ بھولنے والا ۔

منسی۔ ع۔ بھولا ہوا۔ بسرا ہوا ۔

منش۔ ف۔ طبیعت۔ مزاج۔ خوی ۔

منشا۔ ع۔ پیدا ہونے کی جگہ۔ نکلنے کی جگہ۔ مجازاً سبب ۔

منشآت۔ ع۔ مسودے۔ دیباچے


منفعلات ۔ ع ۔ مفعلات کے وزن پر جمع ہے منفعل کی جو مفعول کا صیغہ ہے ۔
منقار ۔ ع ۔ چڑیوں کا آرہ ۔ آرہ ۔
مُنشد ۔ ع ۔ شعر پڑھنے والا ۔
منبسط ۔ ع ۔ خوشی میں آنیوالا ۔
منشعب ۔ شاخ در شاخ ہونیوالا ۔ پراگندہ ۔ پھیلا ہوا ۔ علم صرف عربی کی ایک ابتدائی کتاب کا نام بھی ہے ۔
مُنشق ۔ ع ۔ پارہ پارہ کیا گیا ۔ پھٹا ہوا ۔
منش گردا ۔ ف ۔ طبیعت کا بگڑ جانا ۔
منش گشتہ ۔ ف ۔ جس شخص کی طبیعت اعتدال سے برگشتہ ہو گئی ہو ۔ برگشتہ طبیعت ۔ مریض ۔ علیل ۔
منشور ۔ ع ۔ پراگندہ ۔ پھیلا ہوا ۔ پریشان ۔ فرمان بادشاہی ۔ پروانہ ۔ مجازاً مشہور ۔
منشور لو لسان باغ ۔ ف ۔ باغ کے پرندے ۔ جیسے بلبل ۔ قمری ۔ وغیرہ
منشی ۔ ع ۔ آغاز کرنے والا ۔ کسی بات کا اپنے دل سے پیدا کرنیوالا ۔
منشی ۔ ف ۔ طبعی ۔ ذاتی ۔
منشی فلک ۔ ع ۔ عطارد ۔
منصب ۔ ع ۔ قائم ہونے کی جگہ ۔ مجازاً رتبہ ۔ عہدہ ۔ جلیل القدر جو امرا کو ہوتا ہے ۔
منصب بر خویشتن نہادن ۔ ف ۔ اپنے تئیں بڑی رتبہ اور معزز سمجھنا ۔ اپنے تئیں رتبہ الاختیار ۔ گھمنڈ کرنا
منصبغ ۔ ع ۔ کپڑا وغیرہ اشیا سے رنگین ہونے والا ۔

منصرف ۔ ع ۔ ایک حال سے دوسرے حال پر لوٹ جانے والا ۔ بدل جانے والا ۔ ٹل جانیوالا ۔
منصف ۔ ع ۔ انصاف کرنیوالا
منصوبہ ۔ ع ۔ کوئی شے برپا کی ہوئی کسی کام کی تدبیر ۔ بازی شطرنج ۔ نرد کی ساتویں بازی کا نام ہے ۔
منصور ۔ ع ۔ یاری دیا گیا ۔ مدد دیا گیا ایک ولی کامل کا نام ہے جنہیں منصور حلاج بھی کہتے ہیں ۔ در اصل اُن کا نام حسین تھا ۔ اور باپ کا نام منصور ۔ لیکن باپ کے نام سے مشہور ہو گئے دیکھو حلاج ۔ منصور خلفائے عباسیہ میں سے دوسرے خلیفہ کا نام بھی ہے ۔ جو ۱۳۶ھ سے ۱۵۸ھ تک خلیفہ رہا ۔ ابو جعفر اس کی کنیت ہے ۔ اور ممسک ہونے کی وجہ سے وہ دوانقی کہلاتا ہے ۔ اسمٰعیل سامانی کی اولاد سے دو بادشاہوں کا نام بھی ہے جو دادا پوتے تھے ۔
منصوریہ ۔ ع ۔ ملتان میں بیرون کے پاس ایک مقام ہے ۔
منصوص ۔ ع ۔ کمال تحقیق کو پہنچا ہوا ۔ تحقیق کیا گیا ۔
منصہ ۔ ع ۔ کسی چیز کے ظاہر ہونے کی جگہ ۔ تخت یا چوکی جس پر دلہن کو بٹھلا کر جلوہ کرواتے ہیں ۔ میم کا کسرہ بھی صحیح ہے ۔
منضج ۔ پکانے والا ۔ جو دوا یا زخم یا اخلاط یا مادہ کو پکانے والا ۔ وہ دوائی جو جلاب سے پہلے کھاتے ہیں جس سے طبیعت نرم ہو جاتی ہے ۔

منضد ۔ ع ۔ تہ بہ تہ ۔ ایک دوسرے پر چنا ہوا ۔ تہ بہ تہ رکھا ہوا ۔
منضم ۔ ع ۔ ملا ہوا ۔ پیوستہ ۔
منضود ۔ ع ۔ اوپر تلے چنے ہوئے مجازاً برابر پروئے ہوئے ۔ تہ بہ تہ ۔ تہ بہ تہ ۔
منطبع ۔ ع ۔ منقوش ہونے والا ۔ چھپا ہوا ۔
منطبق ۔ ع ۔ برابر ۔ موافق ۔ مطابقت کیا گیا ۔
منطقی ۔ ع ۔ سمجھنے والا ۔ سمجھا ہوا ۔
منطق ۔ ع ۔ مصدر میمی اور اصل میں نطق ہے ۔ اس کے معنی ہیں بولنا بولی ۔ گفتگو ۔ ایک علم کا نام ہے ۔ جس سے دلیل لانی آجاتی ہے ۔ اور یہ دلیل ہو سکتی ہے کہ صحیح دلیل جس سے حق معلوم ہو جائے ۔ اور غلط دلیل جس سے آدمی غلطیوں میں پڑ کر مصیبت اٹھاتے ہیں کون سی ہیں ۔
منطقہ ۔ ع ۔ پٹکا ۔ کمربند ۔ اور پانچ منطقے جو سطح زمین پر دو دائرہ قطبی اور خط سرطان و جدی کے شرقاً و غرباً واقع ہونے کے سبب بنتے ہیں ۔ وہ یہ ہیں منطقہ حارہ ۔ منطقہ معتدلہ شمالی منطقہ معتدلہ جنوبی ۔ منطقہ باردہ شمالی منطقہ باردہ جنوبی ۔ منطقہ حارہ وہ ہے جو ہر دو طرف خط استوا کے خط سرطان و جدی تک (۲۳ درجہ) واقع ہے افریقہ اور امریکہ جنوبی کا اکثر حصہ اس منطقہ میں ہے ۔ یہاں شدت کی گرمی پڑتی ہے ۔ منطقہ معتدلہ شمالی

وہ ہے جو خط سرطان سے دائرہ قطب شمالی تک (۴۳ درجہ) واقع ہے اس منطقہ میں تقریباً تمام یورپ ۲/۳ ایشیا اور ۲/۳ امریکہ شمالی واقع ہے ۔ منطقہ معتدلہ جنوبی وہ ہے جو خط جدی سے دائرہ قطب جنوبی تک (۴۳ درجہ) واقع ہے ۔ ۱/۳ افریقہ ۱/۲ امریکہ جنوبی ۲/۳ آسٹریلیا اس میں ہیں ۔ منطقہ باردہ شمالی وہ ہے جو دائرہ قطب شمالی سے قطب شمالی تک (۲۳ درجہ) واقع ہے اس میں ایشیا و امریکہ شمالی کے اضلاع شامل ہیں ۔ منطقہ باردہ جنوبی وہ ہے جو دائرہ قطبی سے قطب جنوبی تک (۲۳ درجہ) واقع ہے ۔ نیچے اس کی شکل تحریر کی گئی ہے
منطقۃ البروج ۔ ع ۔ وہ بڑا دائرہ ہے جس میں بارہ برج آسمانی واقع ہیں یعنی حمل ۔ ثور ۔ جوزا ۔ سرطان ۔ اسد ۔ سنبلہ ۔ میزان ۔ عقرب ۔ قوس ۔ جدی ۔ دلو ۔ حوت ۔ یہ دائرہ دائرہ معدل النہار سے حائل ہو کر قطع کرتا ہے ۔ جیسا کہ نیچے کی شکل نمبر ۱ میں ظاہر ہے ۔

شکل نمبر ۱



نقش منطقہ



منتمیس - ع - محو ہونے والا - نیست ہونے والا - نیچے بیٹھنے والا ÷
منطوق - ع - سخن - کلام - مضمون - معانی
منطوقہ - ع - کلام - سخن - بات ÷
منطوی - ع - لپٹنے والا - مجازاً شامل
منطیق - ع - بہت کلام کرنیوالا - فصیح الکلام

خوش تقریر آدمی ÷
منظر - ع - جائے نظر - مجازاً آنکھ کیونکہ محل خروج نظر کا ہے - اور چہرہ صورت - رُو - کیونکہ پہلے اسی پر نظر پڑتی ہے - دریچہ - کھڑکی - کیونکہ اس میں بیٹھکر تماشا کرتے ہیں ÷

منظر چشم - ف - آنکھ کی پتلی ÷
منظر نیم خانہ - ف - آسمان - گنبد ÷
منظور - ع - نظر کیا گیا - مجازاً پسند مقبول ÷
منظوم - ع - پرویا گیا - نظم کیا گیا - نظم
منظومہ - ع - کیا گیا - رسالہ ÷

منع - ع - باز رکھنا - روکنا ÷
منعام - ع - بہت بخشش کرنیوالا - نعمت دینے والا ÷
منعدم - ع - نیست ہونے والا - نابود ہونے والا ÷
منعطف - ع - مڑنے والا - پھرنے والا ÷
منعقد - ع - بندھ جانے والا - انعقاد پانے والا ÷
منعکس - ع - عکس قبول کرنیوالا - شعاع جو الٹ کر آئی ہو ÷
منع کلیم - ع - لن ترانی کے جواب کو
منعل - ع - گھوڑے کی نعل کی شکل کا - یہیں منعل سے ہلال مراد ہے ÷
منعم - ع - نعمت دینے والا - دولتمند - مالدار ÷
منعوت - ع - نعت کیا گیا - تعریف کیا گیا ÷
منغص - ع - مکدر - تیرہ - گدلا - دھندلا
منغمس - ع - ڈوبا ہوا - غریق ÷
منفاق - ع - بہت خرچ کرنے والا
منفتح - ع - کھلا ہوا - کشادہ ÷
منفتق - ع - چاہوا - شگافتہ - کھلا ہوا
منفجر - ع - چشمہ جاری - پانی جاری ہونے کی جگہ ÷
منفخ - ع - لوہاروں کی دھونکنی ÷
منفخ - ع - دودکش - وہ چیز جو پیٹ میں بست ہوا پیدا کرے ÷
منفذ - ع - گذرنے کی جگہ - جاری ہو جانے کی جگہ - گھس جانے کی جگہ - مجازاً راہ - راستہ

مُنْتَصِر ۔ نصرت دینے والا ۔
مُنْتَصِرَہ ۔ نصرت دینے والی ۔
مُنْفَرِج ۔ کشادہ ۔ کھلا ہُوا ۔
مُنْفَسِح ۔ خوش ۔ شاد ۔
مُنْفَرِد ۔ تنہا ۔ اکیلا ۔
مُنْفَسِخ ۔ فاسد ۔ تباہ ۔
مُنْفَصِل ۔ جدا ۔ علیحدہ ۔ انفصال وقت ۔
مُنْقَضِم ۔ ٹوٹا ہُوا ۔ ختم کیا گیا ۔
مُنْفَطِر ۔ پھٹا ہُوا ۔ چرا ہُوا ۔
مُنْفَطِر ۔ پھٹنے والا ۔ چرنے والا ۔
مَنْفَعَت ۔ نفع ۔ سود مندی فائدہ ۔
مُنْفَعِل ۔ اثر قبول کرنے والا ۔ شرمندہ ۔
مُنْفِق ۔ خرچ کرنے والا ۔
مُنْفَق ۔ نفقہ دیا گیا ۔ خرچ دیا گیا ۔
مُنْفَک ۔ جدا کیا گیا ۔
مَنْفُوش ۔ دُھنکی ہوئی روئی ۔
مَنْفی ۔ نیست کیا گیا ۔ نفی کیا گیا ۔
مُنَقّٰے ۔ پاک کیا گیا ۔ صاف کیا گیا یہ لفظ مونث اور آملہ کی صفت میں واقع ہوتا ہے ۔
مُنْقَاد ۔ مطیع ۔ فرمانبردار عاجزی کرنے والا ۔
مِنْقار ۔ پرندوں کی چونچ ۔ دندانے دار لکڑی کھودنے کا آلہ ۔
مِنْقار ۔ قارف قلم کا وہ حصہ جو سیاہی میں ڈوبتا ہے ۔
مِنْقار ۔ گل ۔ زبان ۔
مِنْقاش ۔ بال اکھیڑنے کا موچنہ ناخن اتارنے کا نہرنا ۔
مَنْقَبَت ۔ ہنر ۔ ستودگی تعریف ۔ اصطلاح میں اہلبیت عظام اور اصحاب کبار جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کی مدح اور اوصاف ۔
مُنْقَبِض ۔ سمٹنے والا ۔ سمٹا ہُوا تناب کر کے باندھا ہوا ۔ سمٹنے والا ۔ سمٹا ہُوا ۔
مُنَقّح ۔ پاک کیا گیا ۔ صاف کیا گیا وہ شے جس میں جھوٹ نہ ہو ۔ جو چیز جھوٹ سے پاک ہو ۔
مُنْقَرِض ۔ کٹ جانے والا ۔ الٹ ہو جانے والا ۔ کترا ہُوا ۔ گزرا ہُوا ۔
مُنْقَسِم ۔ تقسیم ہونیوالا ۔ بٹا ہُوا ۔
مُنَقَّش ۔ نقش و نگار کیا ہُوا ۔ پچی کاری کیا ہُوا ۔
مُنْتَشِر ۔ چھیلا ہُوا ۔ چھلکا اتارا ہُوا ۔
مُنْقَصَت ۔ نقصان ۔ عیب ۔
مُنْقَصَت ۔ تنقیص ۔ تنگی ۔
مُنْقَضی ۔ گزرنے والا ۔ چوکنے والا ۔
مُنْقَطِع ۔ قطع ہونے والا ۔
مَنْقَل مُنْقَل ۔ انگیٹھی ۔ مجمر ۔
مُنَقِّلا ۔ فوج ہراول ۔ یعنی فوج کا وہ حصہ جو لشکر کے آگے رہے ۔
مُنْقَلِب ۔ گردش کھانے والا اُلٹنے والا ۔ پھر جانے والا واژگون ۔
مُنْقَلَب ۔ وہی معنے ہے ۔ پھر جانا ۔ الٹ جانا ۔ اسم ظرف بھی ہے پھر جانے کی جگہ ۔ الٹ جانے کی جگہ ۔
مُنْقَلِبات ۔ برج حمل و سرطان اور میزان اور جدی سے مراد ہے اور ان چاروں برجوں کو منجم لوگ منقلبات اس وجہ سے کہتے ہیں کہ سعادت اور نحوست کی تاثیرات کے لحاظ سے برج منقلب کے طالع میں کام درست اور راست نہیں آتا ۔ اور یہ برج ایسے ہی ہیں برخلاف ثابتات کے کہ ان کے طالع میں کام ثابت اور راست ہوتا ہے ۔ اور اسی واسطے انہیں ثابتات کہتے ہیں ۔ اور وہ ثور اسد عقرب اور دلو ہیں ۔ باقی چار برج یعنی جوزا ۔ سنبلہ ۔ قوس حوت ذوات جسدین کہلاتے ہیں ۔ اس وجہ سے کہ ان میں سے ہر برج دو جسموں میں سے مرکب چنانچہ جوزا ۔ اور حوت کی دو مچھلی صورت ہے ۔ اور دانہ سنبلہ یعنی گیہوں کے بال ایک کنواری کے ہاتھ میں اور قوس یعنی کمان ایک سوار کھینچے ہوئے ہے ۔
مُنْقَلِع ۔ اکھڑنے والا ۔
مُنْقَلہ ۔ انگیٹھی ۔
مُنْقَنِع ۔ قناعت کرنے والا ۔
مَنْقُوب ۔ سوراخ کیا گیا چھید اگیا ۔
مَنْقُوش ۔ نقش کیا گیا کندہ کیا ہُوا ۔
مَنْقُوص ۔ کم کیا ہُوا ۔ کم ۔ ناقص ۔
مَنْقُول ۔ نقل کیا گیا ۔ ذکر کیا گیا ۔ بیان کیا گیا ۔
مَنْکِب ۔ مونڈھا ۔ دوش ۔
مَنْکِبَیْن ۔ تثنیہ منکب کا دونوں کندھے ۔
مُنْکَدِر ۔ تیرہ ۔ کدورت والا ۔
مُنْکِر ۔ انکار کرنے والا ۔ نہ ماننے والا ۔ کافر ۔
مُنْکَر ۔ انکار کی گئی بات جس کو دیکھ کر ہر ایک انکار کرے ۔ جو بات مذہب میں ممنوع ہو ۔ غیر مشروع برا کام ۔ ناپسندیدہ بات ۔ قبیح ناشائستہ ۔
مُنْکَر و نَکِیر ۔ وہ دو فرشتے جو قبر میں آکر مردہ سے یہ تین سوال کرتے ہیں ۔ تیرا رب کون ہے ؟ تیرا دین کیا ہے ؟ تیرا نبی کون ہے ؟ پھر اگر وہ ان سوالوں کے جواب باصواب دیتا ہے ۔ یعنی کہتا ہے کہ اللہ میرا رب ہے ۔ اسلام میرا دین ہے ۔ محمد میرا نبی ہے ۔ تو اس پر رحمت الٰہی نازل ہوتی ہے ورنہ عذاب میں مبتلا ہوتا ہے ۔
مُنْکَسِر ۔ مُنْکَسِرہ ۔ ٹوٹا ہوا شکستہ حال ۔
مُنْکَشِف ۔ کھلنے والا ۔ ظاہر ہونے والا ۔ برہنہ ہونے والا ۔
مَنْکُوب ۔ خراب ۔ بدحال سختی رسیدہ ۔

منکوحہ ع نکاح کی ہوئی عورت بیوی۔ جورو۔

منکوس ع اوندھا۔ سرنگوں نگون سار۔

منگ ف قاعدہ۔ روش۔ قمار۔ قمار خانہ۔ قمار باز۔ قمار بازی۔ لاف وگزاف۔ واہیات بکنا۔ دغا دینا۔ چور۔ راہزن ریوند۔

منگل ف راہزن۔ چور۔

منگلوس۔ منگلور ف ایک شہر کا نام ہے جس کے پاس توی الجثہ اور جنگلی ہاتھی ہوتے ہیں۔

منگیا ف قمار۔ قمار خانہ۔

منگیا گریف قمار باز۔

منگیدان ف ٹرٹرانا۔

منّم ع سخن چینی کرنے والا۔ سخن چین۔ لترا۔

منن ع جمع منّت کی۔ احسانات۔

منوال ع جولاہے کی وہ لکڑی جس پر کپڑا بنا ہوا لپٹتا ہے۔ جولاہے کی تُر۔ مجازاً طریقہ۔ دستور۔ طور۔ طرح۔

منوب۔ منتوب عنہ ع نیابت کیا گیا۔ وہ شخص جس کا کوئی نائب ہو۔

منوچہر ف مخفف ہے مینوچہر کا یعنی بہشت رو۔ کہ ایرج کا نواسا تھا۔ اور ایرج فریدون کا بیٹا ہے فریدوں کے بعد یہی بادشاہ ہوا۔

منوّر۔ منوّرہ ع روشن۔ چمکتا ہوا۔

منّ و سلویٰ ع منّ ایک چیز مشہور جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم پر برستی تھی۔ ترنجبین۔ سلویٰ ایک جانور کا نام ہے جو شام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لشکر کے گرد ہزاروں جمع ہوتے۔ اندھیرا پڑے اُن کی قوم پکڑ لاتی۔ کباب بنا کر کھاتے اس کی فارسی ورتیج بٹیری ہوا۔ نیز سن سلوے ایک چھوٹی سی کتاب بھی ہے۔ نان و حلوا کے جواب میں۔

منوشان ف ایک شخص کا نام ہے جو کیخسرو کی طرف سے فارس کا حاکم تھا۔ منوشانیدن سے نہی کا صیغہ بھی ہے۔

منوط ع لٹکایا گیا۔ آویختہ۔

منوّع ع باز رکھنے والا۔ بہت منع کرنے والا۔

منون ع زمانہ۔ موت۔

منوّن ع تنوین والا حرف۔ وہ حرف جس پر تنوین ہو۔

منوی ع نیت کیا گیا۔ جو ارادہ میں ہو۔

منہاج۔ منہج ع راہ راست۔ راہ کشادہ۔

منہاج العابدین ع امام محمد غزالی رحمۃ اللہ کی تصنیف کی ہوئی ایک کتاب کا نام ہے۔

منہدم ع ویران ہونے والا ڈھا گیا ہوا۔ گرا ہوا مکان۔

منہزم ع لڑائی سے بھاگنے والا شکست کھانے والا۔

منہضم ع شکستہ ہونے والا دبنے والا۔ ہضم ہونے والا پچنے والا۔

منہل ع وہ چشمہ جو چراگاہ میں ہو۔ جس میں سے چوپائے آدمی وغیرہ پانی پیویں۔

منہتک ع پردہ پھٹ جانے والا۔

منہمک ع اپنے تئیں ہلاکت میں ڈالنے والا۔

منہمک ع ایک کام میں بہت کوشش کرنے والا۔

منہوم ع حریص۔ لالچی۔ بھوکا۔

منہی ع خبر دینے والا۔ مخبر۔

منہی ع وہ کام جس کا کرنا شرع میں منع کیا گیا ہے۔ بُرا۔ زبون۔

منہیات ع وہ کام جنکا کرنا شرع میں منع ہے۔

منہیان ف جمع فارسی منہی کی ہے مخبر لوگ۔ جاسوس۔

منہیان ع جمع منہکون منہیان

منہیع طاق ف ساتوں ستارے منے۔ ۲۔ کہتے ہیں ایک پہاڑ ہے جہاں قربانی کرتے ہیں۔

منی ف مرکب ہے من اور یائے نسبت سے خودی۔ تکبر۔ غرور۔

منی ع پانی مرد کا۔ آب پشت۔

منیت۔ منیّہ ع موت۔ مرگ۔

منیر ع روشنی دینے والا۔ روشن۔

منیز منیبہ ع ایک برج کو کہتے ہیں یا جو قیمت زیادہ کرے وہ ایسے جیسے ہیں۔

منیژہ ف افراسیاب کی لڑکی کا نام ہے جو گیو کے بیٹے بیژن پر عاشق ہو گئی۔ اور اسے اپنے گھر لے گئی تھی۔ افراسیاب کو جب اس کی خبر ہوئی تو اس نے بیژن کو ایک کنوئیں میں قید کر دیا۔ اور منیژہ کو اس کے پاس چھوڑ دیا۔ گیو کی درخواست پر رستم ترکستان میں گیا۔ اور بیژن کو کنوئیں سے نکالکر منیژہ سمیت ایران میں لے آیا۔

منیع ع کسی کام سے روکنے والا مجازاً محکم اور مضبوط عمارت جو دشمنوں کی مداخلت سے روکنے والی ہو۔

منیف ع پاک۔ برگزیدہ۔ بلند۔

منیوش ف مت سن۔ نیوشیدن (سننا) سے نہی۔

منیہ ع آرزو۔ مطلب۔ مقصد۔

میم مفتوحہ مع واو مہملہ

موف بال۔

موف بلی کا آواز۔ میاؤں۔

موات ع بیجان۔ زمین خشک جس میں پیداوار نہ ہو۔ اور آدمی کا کوئی مالک نہ ہو۔

موات ع موت۔ مرگ۔

مواثیق ع میثاق کی جمع ہے عہد و پیمان۔

مواجب ع تنخواہیں۔ وظیفے جمع ہے موجب کی۔ مگر مفرد بھی مستعمل ہے۔ یعنے تنخواہ۔ وظیفہ۔

بایہ کر۔ مُواجب مقلوب اُوجب کا ہے
یعنی جو کچھ واجب ہو واجب الادا۔
مُواجَہَہ ۔ باہم روبرو ہونا۔ مُنہ در مُنہ ہو
مُواجید ۔ جمع وَجد کی ہے حالتیں جو اہل
سلوک میں ہوتی ہو گو ظاہری ہوتی ہیں۔
مُواخات ۔ باہم برادری رکھنا
بھائی چارہ آپس میں کرنا۔
مُواخِذ ۔ گرفت کرنے والا کسی سے
کسی بات میں جواب لینے والا۔
مُواخذہ ۔ گرفت کرنا کسی سے بات
بات میں جواب لینا گرفت۔ باز پرس پوچھ
مُوادّ ۔ جمع مادہ کی۔ مجازاً سامان
مصالح۔
مُوادعت۔ مُوادعہ ۔ رخصت
کرنا۔ وداع کرنا۔ ایک دوسرے
کو باہم وداع کرنا۔
موارد ۔ جمع ہے مورد کی۔
مُواریث ۔ جمع میراث کی۔
مُوازات ۔ مقابلہ۔ برابری۔
مُوازرت ۔ وزیری کرنا۔ بادشاہ
کا وزیر ہونا۔ مدد کرنا۔
مُوازن ۔ ہم پلہ۔ ہم وزن۔
برابر۔ اصطلاح۔ علم بدیع میں
شعر کا تمام اجزاء عروضیہ کو ایک
قافیہ میں لانا۔
مُوازنہ ۔ ہم وزن ہونا۔ دو چیزوں
کا ہم وزن ہونا۔ ہم وزنی۔
برابری۔
موازی ۔ برابر۔ مقابل۔ ہم
قیمت تخمیناً۔
مُوازین ۔ جمع ہے میزان کی۔

مُواساۃ ۔ مواسات کا مخفف ہے
مُواسات ۔ مددگاری کرنا۔ مال اور
تن سے کسی کے ہمراہ غمخواری کرنا
غمخواری۔ رعایت۔ صلح۔
مواشی ۔ جمع ہے ماشیہ کی
بہت بچے دینے والا جانور۔ مگر اطلاق
اس کا مطلق بارکش چارپاؤں
پر آتا ہے۔ جیسے گائے بیل
گھوڑا وغیرہ۔
مُواصَلت ۔ ملنا۔ ملاقات
کرنا۔ مل جانا۔
مَواضع ۔ جمع موضع کی جگہیں۔
مُواضعہ ۔ باہم شرکت کرنی۔ عہد
و پیمان کرنا۔ قول و قرار کرنا۔
مُواطات ۔ موافقت کرنا۔ منطقیوں
کی اصطلاح میں کسی موضوع کا محمول
بلا واسطہ واقع ہونا۔ جیسے زید عالم ہے۔
مَواطن ۔ جمع ہے موطن کی۔
مواظبت ۔ ایک کام پر ہمیشگی
کرنا۔
مُواعَدت ۔ باہم وعدہ کرنا۔ آپس
میں وعدہ کرنا۔
مواعظ ۔ جمع ہے موعظت کی۔
مَواعید ۔ میعاد کی جمع ہے۔
مُوافِق ۔ مطابق۔ موافقت
کرنے والا۔
مُوافقت ۔ اتفاق رکھنا۔ ساتھ
دوستی۔ برابری۔ مطابقت۔
مَواقع ۔ جمع ہے موقع کی۔
مواقعہ ۔ مخالطت۔ عورت سے
مجامعت۔ مرد سے لڑائی۔

مَواقِف ۔ جمع ہے موقف کی کھڑے ہونے کی جگہیں
مَواکب ۔ جمع ہے موکب کی فوجیں۔
مُواکَلت ۔ باہم ملکر کھانا کھانا۔
مُوالات ۔ پے در پے ایک کام کرنا
باہم دوستی رکھنی۔ ایک دوسرے
کا دوست ہونا۔ دوستی۔
مُوالِف ۔ الفت کرنے والا۔ نزدیک
ہونے والا۔ موافق۔
مُوالَفت ۔ کسی کے ساتھ الفت
کرنا۔ خوگر ہونا۔ باہم الفت کرنا۔
مَوالی ۔ جمع ہے مولیٰ کی۔
مَوالید ۔ جمع ہے مولود کی۔
مَوالید ثلاثہ ۔ موالید سہ گانہ یعنی
حیوانات۔ نباتات۔ جمادات۔
مُوامَرت ۔ کسی کے ساتھ مشورہ
کرنا۔ صلاح کرنا۔
مُوانست ۔ باہم انس کرنا
دوستی کرنا۔
مَوانع ۔ جمع مانع کی۔
مَواہب ۔ جمع ہے موہبت کی۔
مُواہنت ۔ سستی۔ باہم سستی کرنا
مَوائد ۔ جمع مائدہ کی۔ خوانچے۔
موبد ۔ حکیم دانشمند۔ تاریخ۔ عالم
دانا۔ پیشوائے آتش پرستاں
پیرمے فروش۔
مُؤبَّد ۔ ہمیشگی کیا گیا۔ دائمی۔
موبہ آوردن زبان قلم ف۔ قلم
کا کھنچنے سے رہ جانا۔
موبہ آوردن زبان ف۔ مر
کمال کا ظاہر ہونا۔
موبہ تن تیغ کشیدن ف۔

غضب میں آنا۔
موبکف برآمدن ف۔ کسی کام
کا محال ہونا۔
مُسبّب ۔ سبب باتوں میں سب
کا سبب۔ کُل۔
موت ۔ مرجانا۔ اجل۔
موت احمر ۔ سخت موت۔
موت الفقراء ۔ راحت ہے۔
فقیروں کی موت راحت ہے
فقیروں کا مرجانا راحت ہے آخرت
اور دنیا کی کلفتوں سے چھوٹ
جانے کا باعث ہے برخلاف دولتمندوں
کے کہ انہیں مرتے وقت اپنے مال
و دولت کی حسرت ہوتی
ہے۔
موتے ۔ جمع میت کی ہے۔
موتراش ف۔ بال مونڈنے
کا استرا۔
مُؤتفک ۔ کسی چیز سے پھیرنے
والا۔ لوٹانے والا۔
مُؤتفکات ۔ مؤتفک کی جمع
ہے۔ قوم لوط کا شہر جو الٹا یا
گیا تھا۔ وہ ہوائیں جو مختلف
سمتوں سے چلیں۔
مُؤتلف ۔ خوگرفتہ۔ الفت کیا
گیا۔
مُؤتمر ۔ فرمانبردار۔ مشورت کرنیوالا
مُؤتمن ۔ امانتدار۔ شخص کسی
کے مال میں خیانت نہ کرے۔
مُؤثر ۔ اثر کرنے والا۔ تاثیر کرنے
والا۔

مُوثِر ع ایثار کرنے والا۔ اوروں کی حاجت براری کو اپنے اوپر مقدم سمجھنے والا۔
مُؤثِرات ع تاثیر کرنے والے ستاروں سے بھی مراد ہے۔
مُوثَق ع استوار۔ مضبوط اس کا ماخذ وثوق ہے۔
مُوثِم ع گنہگار۔ مجرم۔
مَوج ع لہر۔ پانی کی لہر۔
مُوجِب ع واجب کرنے والا۔ لازم کرنے والا۔ باعث۔ سبب۔
مُوجَب ع لازم کیا گیا۔ مقرر کیا گیا۔
موج خیز ف دریا جس سے لہریں پانی کی ظاہر ہوں۔
مُوجِد ع ایجاد کرنے والا۔ اپنی طبیعت سے کوئی نئی چیز بغیر نمونہ کے بنانے والا۔
مُوجَز ع کوتاہ۔ مختصر۔ علم طب کی ایک کتاب کا نام بھی ہے۔
مُوجزن ف لہراتا ہوا۔ موج مارنے والا۔
مُوجِع ع دردناک۔ درد میں لانے والا۔ جس سے درد پیدا ہو۔
مُوَجَّل ع مہلت دیا گیا۔ وقت مقرر کیا گیا۔
موجود ع وجود کیا گیا۔ پیدا کیا گیا۔ حاضر۔ تیار۔
موجودات ع جمع ہے موجود کی۔ مخلوقات۔
مُوَجَّہ ع پسندیدہ۔ خوب جس کی طرف منہ کیا جاوے۔
مُوچِنہ ف بالوں کے اکھیڑنے کا موچنا۔
مُوَحِّد ع قائل توحید۔ خدا کو ایک ماننے والا۔
مُوحِش ع وحشت میں ڈالنے والا۔ اندوہگین کرنے والا۔
مُوَحِّش ع وحشت میں ڈالنے والا۔
مُؤخَّر ع آخر کیا گیا۔ پچھلا۔ ایک منزل قمر بھی ہے برج حوت میں۔
مُؤخِر ع کان کی طرف والا۔ آنکھ کا گوشہ۔
مُود ف عقاب پوست مور پرندہ۔
موداون ، مُو فرستادن ف عاشق کو معشوق سے کسی طرح وصال نہ ہو سکے تو وہ اپنے ضعف اور بیکسی جتانے کو اپنے بال کاغذ میں لپیٹ کر رقعہ میں رکھکر بھیجتا ہے اگر معشوقہ کو بھی اسکا اشتیاق ہو تو وہ بھی جواب میں ایسا ہی کرتی ہے۔
مُؤدِّب ع ادب دینے والا استاد
مُؤدَّب ع ادب دیا گیا جس کو ادب سکھلائیں۔
مُوَدَّت ع دوستی کرنا۔ دوستی۔
مُوَدِّع ع رخصت کرنے والا۔ وداع کرنے والا۔
مُوَدَّع ع رخصت کیا گیا وداع کیا گیا۔
مُودَعہ ع سپرد کی ہوئی شے۔
مَودُود ع پیارا۔ جس سے دوستی ہو۔ سلطان محمود غزنوی کے پوتے کا نام ہے جو ۴۳۲ھ سے ۴۴۱ھ تک بادشاہ رہا۔ اس کے زمانے میں لاہور کو ہندوؤں نے گھیر لیا۔
مُؤدّٰی ع ادا کیا گیا۔ پہنچایا گیا۔ مضمون۔ معنی۔
مُؤدّی ع ادا کرنے والا۔ پہنچانے والا۔
مُؤذِّن ع اذان دینے والا۔ آگاہ کرنے والا۔
مُؤذی ع دکھ دینے والا۔ ایذا دینے والا۔
مُؤذّن تسبیح ف تسبیح کا امام جو ایک بڑا دانہ ہوتا ہے۔
مؤذن تسبیح فلک ف مرغ صبح۔
مور ف چیونٹی۔ کیڑی۔
مُورِث ع وارث کرنے والا۔ وہ مرنے والا جس کا مال ہو اور وارث ہوں۔ میراث پہنچانے والا۔ تعلق پہنچانے والا۔ پیدا کرنے والا۔ باعث۔
مُورِث اعلیٰ ع کسی خاندان کا وہ بزرگ جس کی وراثت اس کے خاندان میں تقسیم ہوئی ہو۔
مورِحال ف فارس میں ایک پہاڑ ہے جس کی ایک غار سے ضرورت کے موافق پانی نکل آتا ہے یعنی اگر ایک آدمی ہو تو اسی آدمی کے لئے اور اگر سو ہوں تو سو کیلئے کافی پانی نکل آتا ہے۔
مورچال ۔ مورچل ف اس گڑھے کو کہتے ہیں جو قلعہ کے بچنے کے واسطے چاروں طرف کھودتے ہیں۔ مورچا۔
مورچا ف زنگ جو لوہے کو لگ جاتا ہے۔
مورچہ ف ایک قسم کی چھوٹی چیونٹی جو بہت اچھلی ہوتی ہے۔ زنگ جو لوہے کو لگ جاتا ہے۔ مجازاً ضعیف و حقیر آدمی۔
مورچہ بے زدن ف داڑھی کے بالوں کو جڑ سے اکھیڑ کر پھینکنا۔
مورچۂ عنبریں ف نوجوانوں کی داڑھی کے بال۔ خط معشوق جسے پنجابی میں مس کہتے ہیں۔
مُؤرِّخ ع تاریخ نویس۔ تاریخ لکھنے والا۔
مُؤرِّخین ع جمع مؤرخ کی۔
مَورِد ع آمد و ورود۔ پانی کے پینے کا چشمہ۔ وارد ہونے کی جگہ۔ اترنے کی جگہ۔
مُوَرَّد ع گلگون۔ گلابی رنگ میں رنگا ہوا۔
مُورُوت ف درخت آس جس کے پتے بہت سبز اور تروتازہ ہوتے ہیں۔
مورسرج معرب مور سرہ ف آنکھ کی ایک بیماری کا نام ہے۔
مورَنک ف چھوٹے منکے جو تاگے میں پرو کر عورتیں اطفال اپنے گردن میں ڈالتی ہیں۔
مَوروث ع میراث حاصل کی ہوئی۔
مَوروثی ع باپ دادا کی وہ شے جو ارثی ہو۔
مَورود ع وارد کیا گیا۔ ورود کیا گیا۔

موری ف موری۔ پانی نکلنے کی بدرو۔ موترے کی ٹونٹی ۔

موریانہ ف مور جانہ ۔

موز ع کیلے کا درخت ۔

موزّع ع پراگندہ کرنے والا تقسیم کرنے والا ۔

موزون ع تلا ہوا ۔ وزن کیا ہوا خوش آیندہ ۔ پسندیدہ ۔

موزہ ف جوتی ۔ جراب ۔ غلاف تیغ ۔ تلوار کا میان ۔

موزہ در گل ماندن ف عاجز ہو جانا ۔ پابند ہو جانا مشکلات میں پھنسنا ۔

موزہ نہادن ف سفر کو ترک کرنا ۔ سکونت اختیار کرنا ۔

موژ ۔ موژہ ف غم و اندوہ ۔ تالاب ۔ انجیر ۔

موژان ف خواب آلودہ آنکھ نیم شگفتہ نرگس ۔ خواب آلودہ آدمی ۔

موسیج ف نرناری ۔ جھینگر ۔

موسر ع توانگر ۔ جو مفلس نہ ہو ۔

مؤسس ع مضبوط کرنے والا ۔ استوار کرنے والا ۔ بنیاد ڈالنے والا ۔

موسم ع ہنگام ۔ وقت ۔

موسّم ع نام رکھا گیا ۔

موسمی ع منسوب بہ موسم ۔

موسوم ع نام رکھا گیا ۔ نشان کیا گیا ۔ نامزد ۔

موسمر ف زنبور ۔ بھڑ ۔

موسلے ع دل موہنے کا

دستورہ ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے عبرانی زبان میں ۔ اس کے معنی ہیں ۔ مو (تابوت) سا (پانی) چونکہ موسیٰ کو ان کی والدہ نے پانی میں بہا دیا تھا ۔ اس لئے یہ نام رکھا گیا توریت انہی پہ نازل ہوئی ۔ ان کی پیدائش حضرت عیسیٰ سے ۱۵۷۱ برس پیشتر شہر مصر میں ہوئی ۔ اور ۱۲۰ برس کی عمر میں ۱۴۵۱ برس قبل مسیح انہوں نے وفات پائی ۔

موسیچہ ف ممولا ۔ صعوہ ۔

موسیقار ع ایک چڑیا کا نام ہے جس میں چھوٹی بڑی نمایاں شکل شمت (بہم بڑی) ہوتی ہیں ۔ بقول بعض موسیقار ایک پرندہ کا نام ہے ۔ جس کی چونچ میں بہت سے سوراخ ہوتے ہیں جن میں سے طرح طرح کی آوازیں نکلتی ہیں حکماء نے علم موسیقی وہیں سے نکالا ہے ۔

موسیقی ع گانے بجانے کا علم ۔ علم سرود ۔ موسیقی یونانی میں لحن کو کہتے ہیں ۔ علم موسیقی کے بارہ مقام ہیں اور ہر ایک کے دو شعبے ہیں ۔ ہر شعبے کے کئی کئی نغمے ۔ اس کے سوا دو مقام کے ملاپ سے چوبیس آہنگ نکالے ہیں ۔

موش ف چوہا ۔

موشّح ع زیور سے آراستہ کیا گیا ۔ مزین ۔ حمائل پہنایا گیا ۔

موش خرما ف گلہری ۔

موش خوار ۔ موش خور ۔ ف چیل گدھ ۔

موش دشتی ف جنگلی چوہا ۔

موشکاف ف یہودیوں کے ایک عالم کا نام ہے ۔

موشک سہ پراں ف گلہری ۔

موشک دوانی ف فتنہ انگیزی ۔ چھپے منصوبے چلانے کی کھیل ۔

موشگاف ف وہ عورت جو عورت ہو اور عورتوں کی صحبت کرے ۔ ان کے اوصاف اس طرح بیان کرے مگر ان سے شکر کی عورتیں ۔۔۔ ۔

موش کور ۔ موشک کور ف اندھا چوہا ۔ چمگادڑ ۔ چھچھوندر ۔ [illegible] اس کا نام یہ رکھا گیا ۔ موشک کور کا تعلیقہ ۔

موشگیر ف چیل ۔ زغن ۔

موصٰے ع وہ شخص جس کو وصیت کی ہو ۔ وصیت کیا گیا ۔

موصیٰ الیہ ع وہ شخص جس کو وصیت کی جائے ۔

موصّف ع توصیف کیا گیا ۔ وصف کیا گیا ۔

موصل ع وصل ہونے کی جگہ ۔ ملنے کی جگہ ۔ عراق عرب میں دریائے دجلہ کے کنارے ایک شہر ہے جس کے پاس نینوہ کے کھنڈرات ہیں ۔

موصّل ع پہنچانے والا ۔

موصول ع وصل کیا گیا ۔ پیوند کیا گیا ۔

موصوف ع وصف کیا گیا ۔ تعریف کیا گیا ۔

موصول ع ملا ہوا ۔ واصل کیا گیا ۔ پہنچا ہوا ۔ علم صرف میں وہ اسم ہے بغیر صلہ پورے معنے نہ دے ۔

موصی ع وصیت کرنے والا ۔

موضح ع واضح اور روشن کرنے والا ۔

موضّح ع واضح اور روشن کیا گیا ۔

موضع ع رکھنے کی جگہ ۔ مکان ۔ گاؤں ۔

موضوع ع رکھا گیا ۔ کیا گیا ۔ بناوٹی ۔ اصطلاح میں وہ شے جس سے کسی علم میں بحث ہو ۔ منطقی جس کو موضوع اور جس کو محمول کہتے ہیں ۔

موطن ع جائے وطن ۔ اپنا دیس ۔

موطّن ع وطن کیا گیا ۔ وہ شہر جس کے اندر بولی جا سکے ۔

موظّف ع وظیفہ کیا گیا ۔ وظیفہ دیا گیا ۔

موظِف ع وظیفہ دینے والا ۔ ہمیشہ ایک کام کا کرنے والا ۔

موعد ع وقت وعدہ ۔ جگہ وعدہ کی ۔

موعدت ع وعدہ ۔ عہد و پیمان ۔

موعظت ع نصیحت کرنا ۔ نصیحت ۔ وعظ ۔

موعود ع وعدہ کیا گیا ۔ وہ شے جس کا وعدہ کیا جائے ۔

مُوعِف ع۔ آتش پرست ؛

مُوَفِّر ع۔ زیادہ کرنے والا ؛

مُوَفَّر ع۔ زیادہ کیا گیا ؛

مُوَفَّق ع۔ توفیق دیا گیا۔ جس کے لئے نیک کام کرنے کے اسباب مہیا ہوں کوئی شخص جسکو نیکی کرنے کی توفیق ہو۔ صیغہ اسم مفعول کا ہے توفیق مصدر سے ؛

مُوَفُور ع۔ واقع کیا گیا زیادتی کیا گیا ؛

مُوَفّٰے ع۔ تمام کیا ہوا۔ روا کیا گیا مجازاً کامل۔ تمام ؛

مُوق ع۔ آنکھ کا کونہ جو کان کے طرف پڑتا ہے ؛

مُوقّت ع۔ کسی وقت پر ٹھیرایا ہو معین زمانہ کیا گیا ؛

مَوقِع ع۔ وقوع ہونے کی جگہ گرنے کی جگہ۔ جگہ۔ محل ؛

مُوَقَّع ع۔ بند کیا گیا۔ توقیع کیا گیا ؛

مَوقِف ع۔ کھڑے ہونے کی جگہ ایک مقام کا نام ہے جو مکے سے ۲ کوس کے فاصلہ پر ہے اسے عرفات بھی کہتے ہیں ؛

مُوقِن ع۔ یقین کرنے والا ؛

مُوقِنہ ع۔ یقین کرنے والی عورت ؛

مَوقُوف ع۔ ٹھیرایا گیا۔ مجازاً برخاست کیا گیا۔ اصطلاح میں وہ حرف ساکن کہ اس سے پہلے کا حرف بھی ساکن ہو۔ جیسے کرد کی دال ؛

مُوکَ ف۔ تیش۔ ڈنک ؛

مُوکِب ع۔ سواروں کے آدمی خواہ سوار ہوں یا پیادے ؛

مُوکِب ع۔ سپاہ۔ لشکر سواروں کی جماعت۔ رسالہ ؛

موکبیان سحرف ف۔ وہ فرشتے جو شب معراج کو پیغمبر خدا صلعم کے ساتھ تھے ؛

مُوکِّد ع۔ تاکید کرنے والا ؛

مُوکَّد ع۔ تاکید کیا گیا ؛

موکِدہ ت۔ مطلق۔ معاف کی ہوئی

مُوکَّل ع۔ وہ شخص جس کو کچھ کام سپرد کر دے ؛

مُوکِّل ع۔ وہ شخص جو کسی کو کچھ کام سپرد کرے ؛

مول ف۔ معشوق عورت۔ درنگ تاخیر۔ حرامزادہ۔ توبہ۔ تازہ غمزہ ٹھیر۔ امر کا صیغہ ہے ؛

مُوَلّےٰ۔ مولا ع۔ آزاد کرنے والا مددگار۔ رفیق۔ صاحب۔ خداوند آقا۔ سردار۔ آزاد کیا گیا۔ غلام۔ ہمسایہ ؛

مُوَلِّد ع۔ پیدا کرنے والا ؛

مُوَلَّد ع۔ اس عجمی شخص کو کہتے ہیں جس نے عرب میں پرورش پائی ہو اور وہ عجمی لفظ جسے عرب اپنی زبان میں بولیں۔ دوغلہ ؛

مُوَلِد ع۔ جائے ولادت۔ جنم بھوم پیدا ہونے کی جگہ ؛

مُوَلِّدہ ع۔ جنانے کی قوت وہ قوت جو خون سے منی نکال کر بنی کو صورت انسان بننے کے قابل کرتی ہے ؛

مُوَلَّع ع۔ حریص۔ لالچی۔ راغب۔

مُوَلَّف ع۔ تالیف کیا گیا۔ جمع کیا گیا ؛

مُوَلِّف ع۔ تالیف کرنے والا۔ جمع کرنے والا ؛

مُوَلَّفات ع۔ وہ کتابیں جو تالیف کی گئی ہوں ؛

مُولِم ع۔ درد دینے والا۔ الم دینے والا ؛

مُولُوف جیوان کا سینگ جو فقیر بجاتے ہیں۔ سنگی ؛

مُولُود ع۔ بچہ۔ خواہ لڑکا ہو یا لڑکی جنا ہوا۔ فرزند۔ جننے کا زمانہ ؛

مَولَوی ع۔ سرداری دیا گیا۔ سردار منسوب۔ مولا سے یعنی خداوند صاحب یائے نسبت لگی تو جو تیا حرف ہو جب قاعدہ حرف کے واؤ سے بدل گیا۔ یہ کہ عربی اور جو حرفی کلموں میں نسبت کے وقت الف مقصورہ یا سے بدل جاتا ہے ؛

مُوَلَّہ ع۔ شیفتہ۔ عاشق دیوانہ ایک قسم کا بید جس کو بید مجنوں کہتے ہیں ؛

مولیدن ف۔ گھستا۔ چھپنا۔ چھپرنا۔ سپرنا۔ دیر کرنا۔ سستی کرنا ؛

موم ف۔ موم جو مشہور شے ہے ؛

مُوَمِّر ع۔ عام کرنے والا ؛

مُوَمَّل ع۔ امید وار گھوڑ دوڑ میں پیچھے رہ جانے والے گھوڑے کو بھی مُوَمَّل کہتے ہیں ؛

مُومِن ع۔ ایمان لانے والا ایماندار ؛

مُومیٰ ع۔ اشارہ کیا گیا ؛

مُومیٰ الیہ ع۔ وہ شخص جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہو ؛

مومیائی ف۔ ایک سیاہ رنگ شے کا نام ہے اور وہ دو قسم کی ہوتی ہے۔ اصلی اور کالی اصلی اس طرح بنتی ہے کہ حبشی شرخ رو اور سرخ مو بچے کو پالتے ہیں جب اس کی عمر قریب تیس سال کے پہنچ جاتی ہے پتھر کا ایک ٹپ (پنجابی بھڑولا) تیار کر کے اس میں شہد اور بہت سی دوائیاں بھر دیتے ہیں اور جوان مذکور کو اس میں کھڑا کر کے اوپر سے بند کر دیتے ہیں۔ اور اس دن کی تاریخ اس پر لکھ دیتے ہیں ۱۲۰ برس کے بعد اس شہد اور آدمی کی سب مومیائی بن جاتی ہے ہر ایک ٹوٹے عضو کی درستی کے لئے کام آتی ہے۔ معدنی مومیائی فریدوں کے زمانے میں دریافت ہوئی تھی۔ اس طرح پر کہ فریدوں بادشاہ شکار کے لئے گیا تھا اس کے ایک ملازم نے ہرن کے بچے کو ایسا تیر مارا کہ وہ تیر کھا کر ٹانگ سے چلا گیا۔ لیکن بعد

کے اندھیرے کے سبب اس ہرن کے بچے کو نہ پایا اور واپس چلا آیا۔ ہرن کا بچہ آہستہ آہستہ لنگڑاتا ہوا ایک پہاڑ کے شگاف کے قریب پہنچا۔ اور وہاں سے پانی پیا۔ پانی پیتے ہی اس کا زخم بالکل اچھا ہو گیا اس نواح کے لوگوں نے یہ حال دیکھ کر ہرن کو پھر شکار کر لیا اور کل کیفیت (گذشتہ) فریدون کے پاس آکر بیان کی۔ فریدون کمال متعجب ہوا اور حکماء کو بلا کر اس امر کی کیفیت پوچھی تاکہ تجربتاً ایک اور جانور کی ٹانگ توڑ کر وہ پانی پلایا۔ وہ بھی فوراً اچھا ہو گیا پھر بادشاہ نے اس مقام کو اپنی حفاظت میں کر لیا۔

بعض محققین یوں لکھتے ہیں کہ فارس کے مضافات میں سے ایک گاؤں ہے۔ اس کے قریب پہاڑ میں ایک تالاب ہے۔ برس کے بعد جب چشمہ جوش مارتا ہے تو اس کے کنارے پر موم جیسی کچھ چکنائی سی جم جاتی ہے۔ وہاں کے حاکم کی طرف سے کچھ لوگ مقرر ہیں وہ اس کو اٹھا لیتے ہیں۔ اور یہ مومیائی اسی گاؤں سے منسوب ہے۔

اور ایک صاحب لکھتے ہیں کہ اس چشمہ پر ایک تانبے کی چھلنی نصب کر دیتے ہیں برس بھر کے بعد جب اس کو اٹھاتے ہیں تو اس پر کچھ مومیائی جمی پاتے ہیں اس کی وجہ تسمیہ میں بعض صاحبان نے یہ بھی لکھا ہے۔ کہ اصل میں موم آئین تھا۔ کان میں سے نکلتی ہے تو موم کی مانند نرم ہوتی ہے کثرت استعمال سے مومیائی ہو گیا۔

مُونَت ع محنت۔ مشقت۔ رنج کھینچنا اور محتاج معاش کا جیسے نفقہ لباس یا خرچ مزدوری۔

مُونِث ع عورت۔ مادہ۔

مُونِس ع ہمدم۔ آرام دینے والا انس کرنے والا۔ یار۔ رفیق۔ غمخوار۔

مُاوّل ع تاویل کیا گیا۔ پھیرا گیا۔ کلام کو ظاہری معنوں سے پھیرا گیا۔

مُوہِب ع بخشنے والا۔ ہبہ کرنے والا۔

مُوہِبت ع بخشش۔ عطا۔

موہبت عظمیٰ ع بہت بڑی بخشش۔

مُوہِم ع وہم ڈالنے والا۔

موہوب ع عطا کیا گیا۔ کوئی چیز ہبہ کی گئی بخشا گیا۔

موہوم ع وہم کیا گیا۔ فرضی۔

موہون ع سست کیا گیا۔

موے ف بال۔

موئے از کف بر آمدن ف امر محال۔

مویان ف مویدن رونا نوحہ کرنا سے اسم فاعل یا حال ہے۔

مویژ ف مویز چھوٹا۔

موئے بر بستن ف مسخرہ ہونا۔ تیار ہونا۔

موئے بینی ف موئے دماغ (مقرب) منہ چڑھا۔ ناک کا بال ہونا۔

مُؤیَّد ع تائید کیا گیا۔ مدد دیا گیا صیغہ اسم مفعول کا ہے۔ تائید مصدر ہے۔

مُؤیِّد ع تائید کرنے والا۔ مددگار صیغہ اسم فاعل کا ہے۔ تائید مصدر ہے۔

موئے دماغ ف عیش میں خلل ڈالنے والا۔ وہ شخص جو کسی کا بہت منہ چڑھا ہو۔ سب سے زیادہ سخت۔ مصاحب۔

موشگاف ف بڑے نکتے سمجھانے والے۔ دانا۔ سمجھنے۔

مویہ ف نوحہ۔ مردہ پر رونا۔

مویہ زال ف ایک لحن کا نام ہے۔

مویہ گر ف نوحہ کرنے والا۔

مویدن ف رونا۔ مردہ پر رونا۔ نوحہ کرنا۔

موئینہ ف بالوں کا کپڑا حیوان کا چمڑا جس پر بال ہوں پوستین۔

میم مفتوحہ مع ہائے ہوز

مَہ ف مخفف ماہ۔ چاند۔

مِہ ف بڑا۔ بزرگ۔ سردار۔ مہ صورت ترکیب اسمائے افعال میں آتا ہے۔

مہا ف بزرگ۔ اے بزرگ اے سردار۔

مہاب ف بلور کی طرح ایک پتھر ہے بعض بلوری کو کہتے ہیں۔

مہاب و ڈراؤنی شکل ہیبت ناک شخص۔

مہ آباد ف عجم کا پہلا پیغمبر جس کی کتاب کا نام دساتیر ہے۔

مہابت ع ہیبت۔ خوف۔ ڈر۔ حشم۔ نشان و شکوہ۔

مہابت خان ت نورالدین جہانگیر بادشاہ کے سپہ سالار کا نام ہے جو جہانگیر کے ولیعہد شاہ جہاں کی بغاوت کے وقت اس کا مقابلہ کرتا رہا۔ اور آخر کار نور جہاں کی مخالفت کی وجہ سے دربار میں بلایا گیا۔ اس نے یہاں آکر بادشاہ کو اپنے قابو میں کر لیا مگر پیچھے بھاگ کر شاہ جہاں کے پاس چلا گیا۔ شاہ جہاں جب بادشاہ ہوا تو اس کے وقت میں سپہ سالار رہا۔

مہاجر ع ہجرت کرنے والا۔ ایک جگہ چھوڑ کر دوسری جگہ جا بسنے والا۔

مہاجرت ع ہجرت کرنا۔ رہنے کی جگہ چھوڑ جانا۔ وطن چھوڑ کر چلا جانا کا ذریعے دیس سے نکل جانا۔

مہاجرین ع ہجرت کرنے والے خدا کے راہ میں وطن چھوڑنے والے وہ لوگ جو پیغمبر خدا کے ارشاد کے موافق مکہ سے ہجرت کرکے چلے گئے تھے۔

مہاد ع بستر۔ بچھونا۔ فرش۔ یہ لفظ مفرد ہے۔ مہد کی جمع نہیں ہے۔

مہار ف اونٹ کی نکیل وہ لکڑی

جو اونٹ کے ناک میں ڈالتے ہیں اور اس میں ایک رسّی باندھتے ہیں مہم کے منہ سے پڑھنا غلطی ہے

مہارب ع مہرب کی جمع ہے۔ بھاگنے کی جگہیں

مہاراشٹرہ مرہٹوں کا وطن جس میں مندرجہ ذیل علاقے شامل ہیں بمبئی احاطہ کا کل جنوبی حصہ۔ ممالک متوسط و علاقہ اجنٹی وسط ہند و علاقہ نظام حیدرآباد کا ایک بڑا حصہ۔ ملک مرہٹہ

مہار بہ سر کردن ف تبلیغ کرنا

مہارت ع استادی۔ استعداد

مہالک ع جمع ہے مہلکہ کی یا کنیں خطرناک مقام

مہام ع اصل میں مہامم تھا۔ جمع ہے مہم کی۔ مہمیں۔ مہمات۔ خطرناک اور دشوار کام

مہان ع اہانت کیا گیا۔ ذلیل

مہان ف جمع ہے مہ کی بزرگان

مہب ع ہوا کے چلنے کی جگہ

مہ برگومان ف ایک سرود کا نام ہے

مہبط ع گرنے کی جگہ۔ جائے ہبوط

مہبل ع عورت کی فرج کا منہ

مہ پرستان ف عاشق لوگ

مہتاب ف چاندنی اصل میں ماہتاب مہ تاب۔ چاند روشن

مہتاب بہ گز پیمودن ف محال کام کرنا۔ ایسا کام کرنا۔ جس کا سر انجام ناممکن ہو۔ لغو حرکت کرنی۔ بیہودہ کام کرنا

مہتاب پیمودن ف بیہودہ کام کرنا۔ لغو حرکت کرنی

مہتابی ف ایک قسم کی آتش بازی ہے منسوب بہ مہتاب رنگ شکستہ۔ چھوٹی سی عمارت جو حوض کے کنارے رات کی چاندنی کی سیر دیکھنے کے لئے بنائی جاتی ہے

مہتدی ع ہدایت پانے والا راہ راست پانے والا۔ خلفائے عباسیہ سے ایک خلیفے کا نام ہے جو ۲۵۵ھ سے ۲۵۶ھ تک حکمران رہا۔ بڑا عابد زاہد تھا یہ لوگوں کو غیر شرع کاموں سے روکتا تھا سنہری روپہلی برتنوں کو توڑ ڈالا۔ راگ سننے اور شراب سے لوگوں کو منع کیا۔ خود ایک گنبد میں بیٹھکر عدالت کرتا۔ آخر ترکوں نے اسے مار ڈالا

مہتدے ع ہدایت کیا گیا

مہتر ف بزرگ۔ رئیس۔ سردار قوم

مہتر رحمت ہند کپڑے پہنانے والا۔ خدمتگار

مہتری ف سرداری

مہتوک ف مردہ۔ مرا ہوا

مہتوک ع ہتک کیا گیا پردہ دریدہ

مہج ع مہجہ کی جمع ہے جانیں ارواح

مہجع ع سونے والا

مہجع ع سونے کی جگہ۔ خوابگاہ

مہجو ع ہجو کیا گیا۔ جس کی ہجو کی جائے

مہجور ع چھوڑا گیا۔ جدا کیا گیا۔ جدا شدہ پریشان و عاشق

مہجوری ع جدائی

مہجہ ع خون۔ خون دل۔ جان روح۔ ہر چیز کا خلاصہ

مہجۃ الاحجار ع جواہرات۔ جیسے زمرد۔ لعل۔ یاقوت وغیرہ

مہچہ ف جھنڈے کا سرا۔ چیز جو جھنڈے کے اوپر ہوتا ہے

مہد ع پنگوڑا۔ گہوارہ۔ بستر بچھونا

مہد علیا ع اونچا پنگوڑا۔ مگر محاورات میں اس کا اطلاق بادشاہ کی بیگم پر اور خاص کر اس پر جو ولیعہد کی ماں ہو۔ بلحاظ عفت و عظمت کے کیا جاتا ہے

مہدم ف ایک شکاری پرندہ کا نام ہے جس کا دم ابلق ہوتا ہے اس کتوبر کو بھی کہتے ہیں جس کے تمام پر سیاہ ہوں اور دُم سفید

مہد مینا ف آسمان

مہد نفس موسے ع وہ صندوق جس میں حضرت موسے علیہ السلام کو بند کرکے دریا میں بہا دیا گیا تھا

مہدی ع ہدایت کرنے والا۔ رشید

مہدی ع ہدایت کیا گیا۔ خلفائے عباسیہ سے تیسرے خلیفے کا نام ہے جو ۱۵۸ھ سے ۱۶۹ھ تک خلیفہ رہا۔ سب سے پہلے علم کلام میں کتب اسی کے وقت تصنیف ہوئیں۔ خزانے کو راہ خدا میں بانٹ دیا۔ حج اور زیارت روضہ مطہرہ رسول اللہ کو گیا تو بےشمار روپیہ تقسیم کیا اور مہدی بارہویں امام جو آنے والے ہیں ان کے آنے پر یہ آواز آئیگی رضینا خلیفۃ اللہ المہدی ورضیٰ له دا اجیبوا عبداللہ۔ وہ بادشاہ ہوگا۔ حضرت عیسے کے ہمراہ ہوکر دجال ملعون سے قتال کرینگے اور غالب آجائینگے۔ اب تک کئی مہدی کاذب آچکے ہیں۔ مگر سچے کے نشان ادر کہاں ہیں

مہدیہ ع ممالک مغرب میں ایک شہر ہے

مہذار ع بیہودہ گو

مہذب ع آراستہ کیا گیا شائستہ۔ لغت عربی کی ایک کتاب کا نام بھی ہے

مہذب ع آراستہ کرنے والا

مہذب الاخلاق ع خوش خلق نیک خصلت

مہر ف سورج۔ محبت۔ ایک شمسی مہینہ کا نام ہے جو کہ تکم میں آتا ہے۔ ہر شمسی مہینے کی سولہویں تاریخ

مہر ع وہ روپیہ جو جس جو عورت کو نکاح کے عوض خاوند دیتا ہے

مہر ف اشرفی۔ مہر۔ خاتم۔ خرمان

مہر ع وہ نشے جو پانی میں آگ کی گرمی سے پک کر خوب ملائم ہو جائے

مِہراب ف ایک بادشاہ کا نام ہے۔ جو رستم کے رشتہ داروں میں سے تھا +

مِہراج ف زنگبار کے بادشاہ کا لقب ہے۔ قیاس یہ لفظ مہاراج کا مخفف معلوم ہوتا ہے۔ جو ہندی لفظ شاہ شاہاں کے معنی میں آتا ہے +

مِہراس ف ہاون۔ جسے پنجابی میں چٹو کہتے ہیں +

مِہراسپ ع ایک بزرگ کا لقب۔ لہراسپ یعنی حضرت الیاس پیغمبر کے باپ اور قیصر روم کے ایک ایلچی کا نام ہے +

مِہران ف ایک دوائی کا نام ہے +

مِہران ف ایک دریا اور ایک صاحب فضل و کمالات شخص اور ایک بادشاہ کا نام ہے +

مِہراب ف گریز گاہ۔ بھاگنے کی جگہ +

مِہربان ف محبت کرنے والا +

مِہربانی ف محبت۔ مہر +

مِہرجان ب۔ مہرگان ف آفتاب کی برج میزان میں رہنے کی مدت۔ ساتواں مہینہ شمسی جو ہندی بیں کا تک سے ملتا ہوا ہے +

مِہرخاوران ف فردوسی جو خراسان کے علاقہ طوس کا رہنے والا تھا اور ابتدا میں اپنا تخلص خاوری کرتا تھا +

مُہرِ خموش۔ مُہرِ دہان ف خاموشی آخری لفظ کے معنے روزہ بھی ہیں +

مُہرِ دہان بروزہ داران ف صبح +

مُہرِ شریعت ف نبی آخر الزمان صلعم +

مُہرِ شغاف ف تعویذ گنڈا جو لڑکوں کے گلے میں ڈالتے ہیں +

مُہرکن ف وہ شخص جو مہر کھودتا ہے +

مِہرِ گیتی فروز ف آفتاب +

مُہرگیا ف یہ ایک گھاس ہے جس کو مکسی کہتے ہیں۔ اس کی جڑ مثل چہرہ انسان کے ہوتی ہے جو شخص اسے اپنے پاس رکھتا ہے۔ تمام زمانہ اس پر مہربان ہو جاتا ہے +

مُہرِ نبوت ف وہ نقش جو رسول خدا صلعم کے مونڈھوں پر تھا +

مُہر نہادن ف مہر لگانی +

مُہرِ و ف چاند کی شکل والا +

مُہروب ف گریختہ۔ بھاگا ہوا +

مِہرور ف مہربان محبت والا +

مُہرہ ف کوڑی۔ گھونگا۔ سنکھ۔ ستاروں اور نہاسوں کا جھوٹا +

مُہرہ از کف بیروں افتادن ف مغلوب ہونا۔ ہار جانا۔ کیونکہ شطرنج کھیلنے میں جیتے ہوئے مہرے ہاتھ سے پیادے بنے مغلوب اور مات ہو جانے کی نشانی ہے +

مُہرہ انگیختن بیروں نہادن ف غالب ہونا۔ مدعا کو پہنچنا۔ مقصد پر قائم ہونا۔ جیسے شطرنج باز توی اور حریف کو نقصان پہنچانے والی چال جس کو وہ چلنے سے خوب سمجھتا ہے بہت پھرتی اور تیزی سے چلتا ہے +

مُہرہائے سیمابی ف ستارے۔ کواکب +

مُہرہ بازی ف شعبدہ بازی۔ عیاری +

مُہرہ بطاس فی ور طاس انگندن و انداختن۔ مُہرہ بجام اندر حیلم انگندن و انداختن ف آگاہ کرنا۔ خبردار کرنا۔ مطلع کرنا +

مُہرۂ تب ف ایک مہرہ ہے جو تب کو دفع کرتا ہے +

مُہرہ چیدن و مُہرہ باز ف مداری +

مُہرۂ خاک ف کرہ زمین۔ آدمی کا بدن +

مُہرہ در ششدر بودن ف قید ہو جانا۔ عاجز ہونا +

مُہرہ در گردن جمع شدن ف گردن ٹوٹ جانا +

مُہرہ در ہم فتادن ف مہرے ٹوٹ کر اپنی جگہ سے ہٹ جانے۔ مہرے درہم برہم ہو جانے +

مُہرۂ زر ف آفتاب +

مُہرۂ سفید ف ستارہ نور +

مُہرۂ سیم۔ مُہرۂ سیمابی ف چاند +

مُہرۂ گلچین ف زمین +

مُہرۂ کہربا ف یہ ایک زرد رنگ کا مہرہ ہوتا ہے کہ جب اس کو کپڑے پر رگڑ کر تنکے یا گھاس کے پتے کے پاس لاتے ہیں۔ تو وہ تنکا یا گھاس کا پتا کھینچ کر مہرہ سے آلگتا ہے +

مُہرۂ کہربا گون ف زردی اور گورڈی کے معنی سے زمین کو کہتے ہیں +

مُہرۂ لاجورد ف نیلاہٹ کے باعث سے آسمان کو کہتے ہیں +

مُہرۂ نماز ف خاک شفا کا ایک مہرہ ہوتا ہے۔ جسے بعض شیعہ لوگ نماز میں سجدے کی جگہ رکھتے ہیں +

مُہرہ و حقہ ف زمین و آسمان +

مُہرۂ سیمابی۔ مُہرہائے فلک ف ستارے +

مُہرۂ دل ف دغز۔ گولا +

مُہرۂ دم شکست ف وہ گیا۔ شکست پا گیا +

مُہست ف مہین اور باریک۔ مہین سنگین۔ بھاری +

مُہشید ف ماہتاب۔ چاند +

مُہشوم ع ہضم کیا گیا۔ بچا آیا +

مُہل ع آہستگی۔ دیر۔ زمانہ +

مُہل ع بکھرا یا ہوتا ہے +

مُہل ف سست ہونا۔ سبد عربی ... سے لیمن ... مدت +

مُہلت ع فرصت۔ توقف۔

دیر۔ دیر تک +
مُہرِبَک ع جاگ ہونے کی جگہ +
مُہلِکَہ ع جائے ہلاکت۔ ہلاکت۔ مر جانا +
مُہَلِّل ع کلمہ لاالٰہ الا اللہ پڑھنے والا +
مُہَنّد ف ہندی تلوار +
مُہَوَّس ع زہر دیا گیا۔ بُرے نیلا کپڑا +
مُہِم ع غم میں ڈالنے والا۔ مجازاً بڑا کام۔ امرِ عظیم۔ کارِ دشوار۔ ضروری کام +
مُہِم سازف مفعول۔ بڑا کام کرنے والا۔ عورتوں کا دلال +
مَہماَ اَمکَن ع جب تک ممکن ہو +
مُہِمّات ع جمع مُہِمّ کی مُہمیں +
مُہمَازہ ع ہمزہ کا سمدلہ ہے جس کے معنے ہیں۔ نشتر دن وندون مہمیز +
مِہمان ف وُہ شخص غیر جو کسی کے گھر آکر اُترے۔ یہ لفظ مرکب ہے۔ مہ (بمعنی بزرگ سردار) اور مان (بمعنی مانند) ہے یعنی مانندِ بزرگ۔ مانندِ سردار۔ یا مرکب ہے۔ مہ (بمعنی چاند) اور مان (مخفف مانند) سے یعنی چاند کے۔ چاند جیسا +
مِہمان کدہ۔ مِہمان سرائے
مِہمان خانہ ف مسافر خانہ۔ سرائے لنگر خانہ۔ وہ جگہ جہاں فقیروں اور محتاجوں کو ہمیشہ کھانا ملا کرے اور دیا جائے بھی مراد ہے +

مِہمانی ف ضیافت کرنا کسی غیر کو کھانا کھلانا +
مِہ مَرد ف بزرگ آدمی۔ محلے یا گاؤں میں سب سے بوڑھا سفید پوش +
مُہمَل ع چھوڑا ہوا۔ بیکار۔ بے معنی۔ بیہودہ لفظ +
مُہمَل پناہ ف جاہل +
مُہمَلَہ ع خالی۔ اور وہ حرف جس پر نقطہ نہ ہو +
مُہمَل کدہ ف دنیا +
مَہموز ع عیب دار۔ معیوب۔ وہ کلمہ جس کے حروف اصلی میں سے ایک ہمزہ ہو +
مَہموسَہ ع وہ حرف جو نرم و پست آواز سے ادا ہوں۔ اور وہ یہ ہیں۔ ت ث۔ ح۔ خ۔ س۔ ش۔ ص۔ ف۔ ک۔ ہ +
مَہموم ع اندوہگین۔ غمناک +
مُہمَہ ع بیابان +
مُہِمَّہ ع غم میں ڈالنے والی بات۔ مجازاً کارِ ضروری۔ امرِ عظیم +
مِہمیز ف ایک میخ لوہے کی جو سواروں کی ایڑی پر لگی ہوتی ہے۔ اور یہ امالہ ہماز کا ہے +
مُہَنّا ع گوارا۔ خوش مزہ۔ ناشمہ ذائقہ دار +
مُہَنّا ف پرندہ بھوں بندہ +
مُہَنَّد ع ہندی تلوار شمشیر ہندی +
مُہَندِس ع وہ شخص جو علم ہندسہ جانتا ہو۔ علم ہندسہ دان۔ انجنیئر +

مُہَندِس فلک ع زحل ستارہ۔ اور منجم +
مِہواره ف ہالہ۔ ہشتاہرہ بحقیقہ ہو +
مِہوش ف چاند کی مانند محبوب +
مہونڈ ف ہندوستان میں ایک جگہ ہے جہاں کا نمک بہت ہی سفید ہوتا ہے +
مُہَیّی ع آمادہ کرنے والا۔ مہیا کرنے والا +
مِہی ف بزرگی۔ سرداری +
مُہَیّا ع تیار۔ موجود +
مُہیب ع خوفناک ہیبت ناک۔ ڈراؤنا +
مُہَیِّج۔ مُہیج ع برانگیختہ کرنیوالا +
مُہیل ع خوف کی جگہ۔ اس صورت میں ہول سے مشتق ہے۔ فرو ریختہ اس حالت میں ہیل سے مشتق ہے +
مُہَیمِن ع خوف سے بے خوف کرنے والا۔ خوف سے امن دینے والا۔ گواہ صادق۔ مہربان۔ نگہبان۔ خدا تعالیٰ کا نام بھی ہے +
مِہین۔ مِہینَہ ف بزرگ تر۔ بڑا بزرگ۔ بہت بڑا +
مَہین ع سست ضعیف حقیر خوار +

میم مع یائے تحتانی

مَے ف شراب۔ مجازاً گلاب۔ پیالہ +
مَیادین ع جمع میدان کی +
مَیّا فارقین ع ملک روم میں ایک مشہور شہر ہے جو دیار بکر کا بھی دار الخلافہ تھا +

مَیّاق ت سمرقندی شاعر جو ایک حسین غلام کا لقب ہے جس کا اصلی نام شمس الدین تھا +
مَیامِن ع جمع میمنت اور میمنہ کی برکتیں اور دہنے اعضاء +
مَیامین ع جمع میمون کی +
میان ف کمر۔ درمیان۔ میان۔ تلوار وغیرہ کا غلاف +
میان بستن ف کمر باندھنی۔ تیار ہونا۔ مستعد ہونا +
میانجی ف ایلچی۔ قاصد +
میانداری ف وہاں کا کشتی گیروں کی اصطلاح میں دو پہلوانوں کو جو کشتی کر رہے ہوں کشتی کرنے سے باز رکھنا +
میانتحانہ ف موسیقی کی اصطلاح میں متوسط آواز +
میان دو ابرو ف چترن +
میان سرائے ف ایک قسم کا انگور جو خراسان میں بہت کثرت سے ہوتا ہے +
مئے انگوری۔ مئے تاکی۔ مئے عنبی ف۔ انگوری شراب +
میانہ ف درمیان کا۔ نہ بڑا نہ چھوٹا۔ منجھلا۔ وسط۔ میانہ ندی عراق اور آذربائیجان کے درمیان ایک شہر کا نام ہے جو ندی کی ادی کا درمیانی ہوتی +
میانہ روی ف زیادتی اور کمی سے بچنا۔ افراط و تفریط سے بچنا +

اعتدال پر رہنا +
میاہ ع جمع مار کی۔ پانی +
مے بر داشتن ف شراب پینی +
مے پرست ف ۱/ مخمور ہمیشہ شراب پینے والا
مے پرستی ف شراب خوری +
میت میت ع مردہ۔ مرا ہوا مرنے والا +
میتین ف پتھر میں سوراخ کرنے اور اس کے تراشنے کا کدال +
میثاق ع وعدہ۔ عہد۔ قول و قرار۔ روزِ ازل جس دن سب ارواح نے خدا کی ربوبیت پر اقرار کیا تھا +
میخ ف کیلی۔ خواہ لکڑی کی ہو یا لوہے کی۔ ٹھپا جس سے سکے پر حروف لگتے ہیں +
میخانہ ف شراب خانہ +
میختن ف موتنا۔ پیشاب کرنا +
میخ دوز۔ میخ قدم ف جسے حرکت نہ ہو۔ ساکن۔ جو چل نہ سکے +
میخک ف چھوٹی سی کیل۔ لونگ۔ قرنفل +
میخکدہ ف مطلقا لوہا ضرب ٹکسال +
میخوار۔ میخوارہ ف شراب پینے والا۔ شراب خوار +
میخوش ف کھٹا مزہ جس میں شیرینی بھی ہو +
میخی ف نقرئی کا ایک قسم کا جبہ +
میدان ف زمین کی صاف سطح جہاں پہاڑ نہ ہوں۔ زمین فراخ۔ جسم کا فتح دکسرو ، ومیچ ہیں +

میدانِ اغبر ع زمین +
میدان بسر آمدن ف عمرہ بیچنا۔ قیامت کا قائم ہونا +
میدان خاک ف زمین +
میدان دادن ف کسی کی تعظیم کے لئے جگہ خالی کرنی +
میدانِ عاج ع کاغذ کا سفید ورق +
میدان کشادہ یافتن ف وسعت سے عیش و عشرت کرنا +
میدان کشیدن ف اپنے آپ کو اکٹھا کر کے کودنے کے لئے پیچھے ہٹنا +
مے در قدح کردن ف پیالہ میں شراب بھرنی۔ شراب پینی +
مے در گریبان کشیدن و کردن ف زبردستی شراب پلانا +
میدن ف نیا ہونا +
میدہ ف نفیس آٹا۔ باریک آرد۔ پارچہ۔ پنیر۔ مخفف مائدہ کا۔ مجازاً نان میدہ +
میدہ سالار ف روٹی پکانے والا +
میدہ رشت ف چاشنی گیر +
میدہ ع آذان کہنے کی جگہ +
میر ف مخفف امیر کا۔ حاکم۔ سردار +
میر آب ف باغبان جس کا ذمہ درختوں کے پانی دینے کا

ہو۔ اور میر بحر +
میر آتش ف توپخانہ کا داروغہ
میر آشتہ ع مردہ کا مال جو وارثوں کے ہاتھ آئے۔ ورثہ۔ ترکہ +
میر اجل ف میر مخفف امیر ہے اور اجل بھی بہت بڑا صیغہ افعل التفضیل ہے۔ میر اجل بہت بڑا امیر +
میر آخور ف اصطبل کا داروغہ +
میر آخور باشی ف سردار کار گذاران۔ اصطبل +
میر بحر۔ میر بحری ع دریا کے گھاٹ کا داروغہ +
میر بخشی ف جو سب کی تنخواہ تقسیم کرے۔ تنخواہ بانٹنے والا +
میرٹ سف میرٹھ کا ہے۔ دلی سے شمال مشرق کی طرف ایک مشہور شہر ہے +
میر حاج ف حاجیوں کا سردار یا امیر الحج
میر دہ۔ میر صد ف دس آدمیوں اور سو آدمیوں کا سردار قاصدوں اور چوبداروں کا افسر +
میرزا ف اصل میں امیر زادہ تھا یعنی امیر زادہ۔ امیر کا بیٹا۔ ہمزہ حذف ہو کر میرزا رہ گیا بعد ہی کر حذف کر کے مرزا کہنے لگے۔ شاہزادوں اور امیر زادوں کا لقب ہے +
میرزائی کشیدن ف ناز نخرا +
میر سامان ف خانساماں +
میر شب ف کوتوال شہر جو رات کو

کوچہ گردی کرتا ہے +
میر شکار ف شکاریوں کا سردار +
میر عدل ف داروغہ عدالت +
میر عرض ف عرضی سنانے والا منشی خواں +
میرک جلایر ف ترکوں کے قبیلہ جلایر کے ایک شخص کا نام ہے +
میر مجلس ف رئیس مجلس صدر مجلس۔ پریذیڈنٹ +
میر منزل ف وہ شخص جو لشکر کے آنے سے پہلے اُن کا مکان اور سامان درست کرے +
میر میدان ف دلاور شجاع +
میرہ ف خواجہ۔ عربی میں جنس عداوت و کینہ +
میر ہشت بہشت ف رضوان +
میر ہفتمین ف زحل ستارہ +
میرین ع قیصر روم کے دادا کا نام ہے۔ امیر خسرو اور امیر حسن دہلوی سے بھی کنایہ ہے +
میز ف وہ تخت جس پر کھانا کھاتے ہیں۔ اور کتابیں وغیرہ اسباب رکھتے ہیں +
میزاب ع پرنالا +
میزان ع ترازو۔ ٹکا۔ تکڑی۔ بارہ آسمانی بُرجوں میں سے ایک بُرج کا نام ہے جو ترازو کی شکل کا ہے +
میزبان ف مرکب ہے میز یعنی اسباب ضیافت و کرسی وطعام اور بان

رہتے ہیں۔ زندہ ست ۔ [illegible] جو
ضمانت دے [illegible] +

میز ر ع ت بند۔ تہمد۔ چادر۔ پاجامہ۔
شلوار۔ پنجابی ستھن +

میزک ف بول۔ شاشہ +

میزہ ف کاٹھی کے درمیان کی جگہ۔
جس پر بیٹھتے ہیں +

میزیدن ف موتنا۔ بول کرنا +

میسّر ع آسان کیا گیا۔ وہ شے جو
آسانی ہاتھ لگ جائے +

میسر ع جوا کھیلنا۔ قمار بازی +

میسرہ ع تو انگری۔ بائیں طرف
وہ فوج جو لڑائی کے وقت بادشاہ کے
بائیں طرف ہوتی ہے +

میسور ع آسان۔ آسان ہونا +

میسور دکن میں ایک ریاست ہے
جسکا دار الخلافہ سری رنگ پٹن ہے +

مے سوسن ف شربت سوسن +

میش ف بھیڑ۔ بھیڑی +

میشوم ع غلط مشہور ہے صحیح مشوم
ہے۔ جسکے معنے منحوس ہیں +

مے شغری ف شراب انگوری کی +

میش گوش ف ایک غلام کا نام ہے +

میعاد ع باہم وعدہ کرنا۔ وعدہ۔ وعدہ کرنے
کی جگہ۔ وعدہ گاہ۔ وعدہ کا وقت۔ مقررہ +

میعادگاہ ف وعدہ گاہ +

میغ ف ابر۔ سیاہ۔ کالی گھٹا۔ مطلق
سیاہ جب یہ لفظ ماغ کے مقابل میں
آتا ہے۔ تو معنی سفید کے دیتا ہے
جیسے ماغ و میغ یعنی سیاہ و سفید +

میق ع گردیں جسکی [illegible] دیکھی

بند ہو جائے ۔ بارش کی جگہ جمع میقیع ہے [illegible] +

میقات ع وقت۔ وعدہ گاہ۔ وعدہ کا وقت
اور وہ مقام جہاں پر حج کا احرام باندھیں
دیکھ پانچ مقام ہیں۔ مثل ملیلم۔ ذات عرق
جحفہ۔ قرن۔ یلملم +

میکال۔ میکائیل ع ایک مشہور
فرشتے کا نام ہے۔ جو مخلوقات کی
روزی کا موکل ہے +

میکدہ ف شراب خانہ +

میگسار ف شراب خوار کیونکہ
گساریدن کے معنے شراب پینے کے
بھی آئے ہیں +

میگون ف شراب کے رنگ کا +

میل ع سلائی جس سے آنکھوں میں
سرمہ ڈالتے ہیں۔ کوس یا میلوں کے
نشان کے پتھر یا منارے جو رستے میں بنائے
جاتے ہیں۔ ۱۷۶۰ گز کا فاصلہ۔ وہ جو یا
تانبے کی کیل جو گنبد کے سر پر نصب
کرتے ہیں مطلق کیل۔ بلکہ ریج مشہور
ورزش کا آلہ ہوتا ہے +

میل ع رغبت۔ خواہش۔ توجہ۔
خم کرنا۔ جھکنا۔ جنبش کرنا +

میلاد ع وقت ولادت پیدا ہونے
کا زمانہ۔ ملک ایران کے ایک شہر اور
پہلوان کا نام ہے۔ یہ پہلوان کیکاؤس
کا ملازم اور گرگین کا باپ تھا +

میلا ر ف ایک فرضی شخص کا نام ہے
جس کا تذکرہ انوار سہیلی میں ہے +

میلان ع خواہش۔ رغبت۔ مائل ہونا
رجوع۔ ایک آدمی کا نام بھی ہے جو
ہوا کو منہ آتا ہے [illegible]

[illegible] کرا

میلد ف شاگرد +

میل در دیدہ یا در چشم کشیدن
ف اندھا کرنا +

میلاک ف ایک قسم کا کپڑا ہے
جو شہر نوشاد میں بنتا ہے +

میل کشیدن ف اندھا کرنا۔ اپنے
پاس سے ہٹا دینا۔ دور کرنا +

میل کلی ع معدل النہار سے منطقة
البروج کا زیادہ سے زیادہ فاصلہ
جو ۲۳ ½ درجے کا ہے +

میم ف حروف تہجی میں سے ایک
حرف ہے جو کئی معنوں میں مستعمل ہوتا
ہے صرف کی کتابوں میں اس کے
معنی مفصل لکھے ہیں +

میم کاتب ع اندھا۔ کور یہ محاورہ
فارسی سے مختص ہے +

میم مطوّق ع النساء تعشقیا +

میمنت ع برکت۔ سعادت +

میمند ف عربی کے لوازم میں
ایک قصبہ ہے +

میمندی ع منسوب بہ میمند۔ میمند
کا رہنے والا حسن میمندی ابو سلطان
محمود کا ایک مقرب غلام تھا میمندی
کا رہنے والا تھا +

میمنہ ع دہنے ہاتھ کی جانب۔ دائیں
طرف۔ اور وہ فوج جو لڑائی کے وقت
دہنی طرف ہو +

میمون ع خجستہ مبارک۔ ایک شخص یا
بابرکت شے۔ ایک آدمی کا نام بھی ہے +

میمون ف بندر۔ بوزنہ +

میمو [illegible] کشتی کا ایک فن [illegible]

میں ع جھوٹ بولنا۔ جھوٹ
میں ت من۔ میں +

مینا ف شیشہ شراب کا۔ [illegible]
سمندر کے کنارے کے اکثر شہروں [illegible]
اس طرح بنی ہوتی ہے۔ کہ سمندر
کنارے کنارے دیواریں [illegible]
ہیں۔ اور سمندر کی طرف ان دیوار[illegible]
کے سروں میں زنجیر لگا دیتے ہیں
ضرورت ہوتی ہے۔ ان زنجیر[illegible]
کو اس طرح چھوڑ دیتے ہیں [illegible]
میں غرق ہو جاتے ہیں۔ ان
کے اوپر سے کشتی گذر جاتی [illegible]
پھر ان زنجیروں کو تان دیتے [illegible]
اس صورت میں کشتی حفاظت [illegible]
ساتھ سمندر میں رہتی ہے +

مینا کار ف مینا کا کام کرنے والا [illegible]
پر کرنے والا جیسے [illegible] کا کام کرنے والا +

مین باشی گری ت منصب
ایک ہزار ادمی۔ ہزار آدمیوں کی [illegible]
کا منصب۔ یہ لفظ مرکب ہے [illegible]
مخفف مینگ کا جس کے معنے [illegible]
میں ہزار ہیں۔ اور باشی کے معنی [illegible]
اور گری کلمہ نسبت [illegible]

مینو ف عالم علوی بہشت۔ آب [illegible]
رہگذر شیشہ جو زیور پر چڑھایا جاتا ہے

مینو سے خاک ف قبر۔ گور +

مینو کرہ [illegible] میرٹھ [illegible] جو ہندوستان
کی ایک مشہور قوم ہے +

میوہ ف مرکب ہے [illegible] اور [illegible]
[illegible] میوہ [illegible]

میوۂ دل ف - فرزند - دلبند - پیوند وش

باب النون

نون معجمہ مع الف

نا - ف - کلمۂ نفی - کبھی دو مکان کے شروع میں بھی آتا ہے - جیسے ناپید - اور حرف نفی بھی ہے - اسما سے مشتق ہے اور صفات پر آتا ہے - جیسے نابالغ - نامسموع - اور حروف کے اسمائے غیر صفت (یعنی مصادر) اور اعتبار پر داخل ہوتا ہے جیسے بے علم اور بے شعور - یہ نہ بیہودہ - کبھی کبھی اس قاعدے کے خلاف بھی ہوتا ہے جیسے نامراد - ناچیز - ناانصاف - نادان - ناامید - ناسپاس - ناحق - ناکام

ناانڈیش ف - بدیہی امر جس کی سوچنے کی حاجت نہ ہو - جیسے دن روشن ہوتا ہے اور ستارہ میری شکل اپنے گھر سے بڑا ہوتا ہے ۔

ناموس ف - یہودیوں کا معبد - آتش کدہ ۔

نااہل ف - نالائق - ناقابل - کمینہ ۔

ناب ۔ - اچھے درخت کی چھال جو بعض ...

ناب ف - خالص - صاف - پاک ۔

ناپاک ف - گندہ - پلید ۔

نابالغ ف - جو سن بلوغ کو نہ پہنچا ہو ۔

نابابے ف - محال - ناممکن ۔

ناپائیدار - جو پائیدار نہ ہو جو دیر تک نہ رہے

ناپائیدنی ف - ناپید - نابود ۔

ناپت ۔ - اگنے والا - اگانے والا ۔

نابخرد ف - بے عقل - بے قوت ۔

نابخردی ف - بے عقلی - بے وقوفی ۔

ناپدید - جو دکھائی نہ دے جو ظاہر نہ ہو

نابرد ف - عیب - بے فراست - بے طاقت

بے آرام - بے چین - بے صبر - بے بچہ ۔

ناپسند ف - جو پسند نہ ہو - بُرا - بے تمیز آدمی

نابلس ف - فلسطین میں بیت المقدس سے دس فرسنگ کے فاصلہ پر ایک قصبہ ہے جس کے پاس جبل قدس ہے جسے یہودی بہت متبرک جانتے ہیں ۔

ناپسود ف - نئی چیز جو کام میں لاکر گھسی نہ ہو جو شے ابھی استعمال میں نہ آئی ہو - اچھوتی ۔

ناپیسی ف - عدم جس کا وجود نہ ہو ۔

نابغہ ع - ایک شاعر کا نام ہے جو نعمان بن منذر کا مداح تھا ۔

ناپکار ف - جو کام کا نہ ہو - نکما - نالائق -

ناپیزا ف - نکمی چیز ۔

نابود - نابود ف - جو نیست ہو جائے - معدوم مفلس - پریشان ۔

ناپ ف - ناقص - خراب ۔

ناپہرہ ف - کمینہ - ہیچ - بے عقل - بے نصیب - بے ... - بے رنگ ۔

ناپروا ف - بے باک - بے اندیشہ

ناپیدا ف - جو ظاہر نہ ہو ۔

نابینا ف - اندھا - کور ۔

ناپیوساں ف - ناامید - ناقابل - ناامید ۔

ناتراش - ناتراشیدہ ف - بے ڈھلا ہوا - اکھڑ - جاہل - بے ادب - بے ہودہ - کمینہ

ناتمام ف - ناقص - نابالغ ۔

ناتندرستی ف - نادرستی - فساد - بیماری

ناتواں - ناتوان ف - ضعیف - ناطاقت - کمزور

ناتواں بین ف - حاسد - حسد کرنے والا

ناتوانی ف - ناطاقتی - کمزوری ۔

ناچار ف - لاعلاج - لاچار - بالضرور - عاجز

ناچاقی ف - ان بن - عدم تندرستی - ...

ناچخ ف - چھوٹا نیزہ ۔

ناچرنک ف - بتخانے میں چھوٹا - یہودیوں کے ایک معبد اور ایک زاہد کا نام ہے ۔

ناجز انجام ف - ناشناہی ۔

ناجی - ناجیہ ع - نجات پانے والا - خطا سے بچنے والا - صاحب نجات ۔

ناچیز ف - بے حقیقت - جو کچھ نہ ہو ۔

ناچیز ہمت ف - بے ہمت آدمی ۔

نا حفاظت ف - ... - بے احتیاط

ناحق ف - بے حق - بے سبب ۔

ناحی ع - ...

ناحیت - ناحیہ ع - کونہ - کنارہ - طرف - ... - سرحد - ...

ناخ ف - شکر ... سوراخ ہوتا ہے - بتانی وحشی ۔

ناخدا ف - مرکب ہے ناؤ (یعنی کشتی) اور خدا (یعنی خداوند) صاحب مالک - ناؤ کا مالک - کشتی والا - ملاح ۔

ناخدا ترس ف - جو خدا سے نہ ڈرتا ہو

ناخسن ع - ...

ناخلف ف - بیٹا جو لائق نہ ہو - جو باپ کے رنگ پر نہ ہو

ناخن ف - ناخن ...

ناخن آفتاب ف - آگ ... کی کرنیں معشوق کے ناخن ۔

ناخن بدندان ف - انگشت بدندان متحیر - متاسف - حیران ۔

ناخن بر اف ف - اعتراض - تنقید ۔

ناخن بدل و بر دل زدن ف - دل میں اثر کرنا - بے قرار کرنا ۔

ناخن بسنگ آمدن ف - مشکل پیش آنی ۔

ناخن پیرائے ف - نیزہ - حجام کا اوزار - ناخن کاٹنے کا آلہ - حجام ... ۔

ناخن خامہ ف - قلم کی نوک ۔

ناخن بر دل زدن ف - ... اثر کرنا

ناخن در دیدہ ریختن ف - کمال بے حیائی ...

ناخن ... ف - کمال خوبی ... عاجز اور مطلوب ہونا ۔

ناخن روز ف - آفتاب ۔

ناخن زدن ف - ...

ناخنہ - ناخنہ ف - آنکھ کی بیماری ہے جس میں ناخن جیسا سفید گوشت آنکھ کے کونے میں پیدا ہو جاتا ہے - اور اگر علاج نہ کیا جائے تو آنکھ کی سیاہی کو ڈھانپ لیتا ہے - اور آدمی اندھا ہو جاتا ہے ۔

ناخن چشم شب - ہلال پہلی رات کا چاند

ناخواست ف - بے اختیار - بے مطلب - بے تلاش - یادوں سے کوئی ہوئی شے -

ناخواں ف - خط جو پڑھا نہ جائے ۔

ناخوب ف - بُرا - نامناسب ۔

ناخوشتن ف - کسی چیز کو یاد سے ...

ناخوش ف - ناراض ہونا ...

نادار ف - مفلس جس کے پاس کچھ نہ ہو

ناداری ف - مفلسی - محتاجی ۔

ناداشت ف - بے شرم - بے حیا - مفلس - بے نوا - بے اعتقاد آدمی - ان فقیروں کو بھی کہتے ہیں جو کانوں پر ... پھرتے ہیں اور جب کوئی نہیں کچھ دیتا تو اپنا گوشت کاٹ ڈالتے ہیں - چھری مار فقیر

ناواشتی ف۔ بے طاقتی۔ بے حیائی۔ بے اعتقادی۔ بدنیتی۔ غلطی +
ناولی ف۔ بیوقوف +
ناوک زن وہ مردہ گو ہے۔ تیر سی بات کہنے والا +
ناوالستہ ف۔ نہ جانا۔ نہ جانتے ہوئے۔ بھولے سے +
ناواقف ف۔ بے وقوف +
نادرہ ع۔ تھوڑی شے۔ کمتر۔ تحفہ۔ عجیب +
نادرشاہ ف۔ ایران کے مشہور بادشاہ کا نام ہے جس نے محمد شاہ کے زمانہ میں ۱۷۳۹ء کو دہلی کو لوٹا اور تخت طاؤس اور کروڑ روپیہ ہندوستان سے لے گیا +
نادرست ف۔ جو ٹھیک نہ ہو۔ غلط +
نادرہ ع۔ عجیب۔ تحفہ +
نادر بود ف۔ [illegible] قبل +
نادی ع۔ پکارنے والا۔ مجلس۔ جوہر +
نادیدگی ف۔ مفلسی۔ نادانی +
نادیدنی ف۔ نہ دیکھنے کے قابل +
نادیدہ ف۔ [illegible] بے دیکھا۔ لئیم +
ناری ع۔ آتشی۔ دوزخی +
نار ف۔ مخفف انار کا جو مشہور میوہ ہے +
ناراست ف۔ جو سیدھا نہ ہو۔ کج۔ ناراستی
ناراضی ف۔ جو راضی نہ ہو۔ خفا۔ ناپسند
نارافشاں نارون ف۔ لال آنسو بہانا۔ خون رونا۔ سوز دل سے رونا +
نارائے ف۔ نادان +
نارباغ بہشت ف۔ ریحان +
نار بن۔ نارون ف۔ انار کا درخت
نار پستاں ف۔ وہ عورت جسکے پستان ابھی نکلے ہوں +
نارجیل ع۔ ناریل۔ کھوپرا +
نارخو ف۔ تند خو۔ آتش مزاج آدمی +
نارخوک ف۔ مرغ ایک۔ [illegible] +
نارد ف۔ مخفف ہے ناردان کا۔ جسے خوانندہ بجنے بجاری۔ چھچھوندر وغیرہ کا درخت۔ ہندوستان کے ایک شے کا نام بھی ہے +
ناردان ف۔ انار دانہ۔ خشک انار دانہ +
ناردان افشاندن ف۔ آگ برسانا
نارو آنگ ف۔ آب انار۔ [illegible]
نارس ف۔ کچا میوہ +
نارسائی ف۔ نہ پہنچنا +
نارست ف۔ مخفف ہے نارستہ کا
نارسیدہ ف۔ کچا۔ خام۔ نابالغ +
نارفارسی ف۔ بدن پر چھوٹے چھوٹے پھوڑے نکلتے ہیں جن کی سوزش بہت ہوتی ہے +
نارکنار ف۔ انارستان وہ کانٹے جس میں بہت سا انار پیدا ہوتے ہیں۔ انار کا وہ درخت جس پر بہت پھل لگے +
نارنج معرب۔ معرب نارنگ کا +
نارنگ۔ نارنگی ف۔ جو مشہور پھل ہے +
ناروف ایک خوش آواز پرند ہے۔ وہ رشتہ جو بیماری کے سبب بدن سے نکلتا ہے
ناروا ف۔ ناجائز۔ خیر شرع۔ نامراد
ناروپستان ف۔ وہ عورت جسکے پستان انار کی طرح ہوں +
ناری ع۔ آگ کا۔ آتشی۔ جن۔ پری اور دوزخی۔ ہندی میں عورت +
ناز ف۔ لاڈ۔ پیار کا انداز۔ بے پروائی۔ فخر۔ صنوبر کا درخت +
نازات۔ ہر حیوان کی اور بچے نہ دے۔ [illegible] چھپنے والا +
نازبالش۔ نازبالین ف۔ نرم تکیہ
نازپرور۔ نازپروردہ ف۔ ناز کا پلا ہوا
نازپری ف۔ شاہ نو منذر کی بیٹی کا نام ہے جو بہرام گور کے نکاح میں تھی +
نازش ف۔ ناز۔ فخر۔ بے پروائی۔ بے دماغی۔ محبوبکی ادا +
نازک ف۔ پتلا۔ خوبصورت۔ اور پتلا جو جلد ٹوٹ جاوے +
نازک بدن ف۔ پتلے بدن کا +
نازک خیالان ف۔ عارفان الہی۔ خدا کی مضمون میں فکر کرنیوالے +
نازل ع۔ اترنے والا۔ گھٹنے والا +
نازل منزلہ ع۔ قائم مقام +
نازلہ ع۔ حادثہ۔ مصیبت +
نازندہ ف۔ نازکرنیوالا۔ فخر کرنیوالا +
نازنین ف۔ مرکب ہے نازین اور کلمہ سے لاڈلا +
ناژ۔ ناژو ف۔ صنوبر کا درخت۔ درخت چنار۔ سرو +
نازیدن ف۔ ناز کرنا۔ فخر کرنا +
ناس ع۔ آدمی۔ انسان۔ یہ صیغہ ہم جنس ہے واحد اور جمع دونوں پر بولا جاتا ہے
ناساز ف۔ ناموافق۔ نامخالف
ناسازی ف۔ مخالفت۔ ناموافقت۔ بد رفتنی +
ناسپاس ف۔ بے شکر۔ ناشکر +
ناسپال ف۔ انار کا چھلکا +
ناسپردہ جہاں ف۔ ناتجربہ کار نظر
ناستودہ ف۔ جسکی تعریف نہ ہوئی ہو
ناسج ع۔ کپڑا بننے والا۔ بافندہ +
ناسخ ع۔ لکھنے والا۔ مٹانے والا۔ منسوخ کرنے والا +
ناسرہ ف۔ کھوٹا۔ ناقلب۔ جھوٹا
ناسزا۔ ناسزاوار ف۔ نالائق۔ کمینہ +
ناسفتہ ع۔ بے چھیدا ہوا موتی جس میں چھید نہ ہوا ہو۔ مجازاً کنواری عورت +
ناسفتگان ف۔ جمع ناسفتہ کی کنواری عورتیں +
ناسق ع۔ انتظام کرنیوالا +
ناسک ع۔ عبادت کرنیوالا۔ عابد۔ قربانی کرنے والا۔ ہند میں ایک شہر کا بھی ہے جو دہریہ تھا +
ناسگالیدہ ف۔ بے فکر۔ بے تامل +
ناسوت ع۔ عالم اجسام۔ موجودات یہ دنیا۔ کبھی مجازاً شریعت اور عبادت ظاہر پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے
ناسور۔ ناصور ع۔ وہ زخم جو بڑا ہو گیا ہو۔ اور بند نہ ہو +
ناسوری ف۔ گلا۔ حلقوم +
ناسی ف۔ بھولنے والا +
ناشاد ف۔ جو خوش نہ ہو +
ناشایستہ ف۔ نالائق۔ نامناسب
ناشپاتی ف۔ ناشپاتی جو مشہور میوہ ہے
ناشتا۔ ناشتاب ف۔ جو کھانا صبح سے پہلے کھایا جاتا ہو +
ناشتہ شکستن ف۔ نہاری کھانا۔ [illegible]
ناشدنی ف۔ نہ ہونے کے لائق
ناشر ع۔ فاش کرنیوالا۔ پراگندہ کرنیوالا۔ خوشبو دینے والا +
ناشرات ع۔ پراگندہ کرنیوالیاں

بدولت سے مشہد - تبریز ہوا تھا - وہ وہی شخص ہیں جو
ابرکو مسخر کرلی تھی ۔

ناشز ع - اونچی بیٹھنے والا - اکھڑ کے رہنے والی

ناشط ع - خوشی کرنے والا ۔

ناشطات ع - خوشی پیدا کرنیوالی - جو تہیں
کھولنے والیاں - اور برکرنیوالیاں ۔

ناشکے ف - قرض دار - مقروض ۔

ناشکیب ف - بے صبر - بے قرار ۔

ناشکیبائی ع - بے صبری - بے صبر ہونا

ناشناخت ف - ناشناختہ - انجان - غیر مشہور

ناشناس ف - جو پہچانتا نہ ہو ۔

ناشی ع - اٹھنے والا - پیدا ہونے والا
نوجوان ۔

ناصب ع - برپا کرنیوالا - قائم کرنیوالا
دشمنی رکھنے والا - زبر کرنے والا لفظ میں

ناصبیہ ع - مونث ناصب کی ۔

ناصح ع - نصیحت کرنیوالا ۔

ناصر ع - مددگار - حکیم ناصر خسرو کا نام بھی
ہے - جو ایک بڑا ایماری حکیم اور شاعر تھا -
وہ ذات کا سید بلخ کا باشندہ تھا - وہاں
صاحب دیوان رہا - آخرکار ملازمت چھوڑ
دی اور - مدینہ شام فلسطین وغیرہ گشت کرتا
ہوا مصر میں گیا اور وہاں سے نو برس کی راہ
آخری دفعہ حج کو آکر اپنے ملک میں واپس
آیا - مصر کے خلیفہ مستنصر کی طرف لوگوں
کو دعوت کی - اس لئے بادشاہ وقت کی
طرف سے اس کے قتل کا حکم ہوا - اسلئے
وہ آخر عمر تک بدخشاں کے ایک گاؤں
یمگان میں چھپا رہا ۔

ناصرالدین شاہ قاچار ع - ایران
کے موجودہ حکمران خاندان کے پچھلے بادشاہ
کا نام ہے جس کی ولادت بمقام تبریز شب
یکشنبہ ۶ صفر ۱۲۴۷ھ کو ہوئی - انکے بعد
انکے بیٹے شاہ مظفر الدین تخت نشین ہوئے
شاہ مظفر الدین ۸ جنوری ۱۹۰۷ء کو
فوت ہوئے - اب انکے فرزند ارجمند بادشاہ
کج کلاہ تکین ہیں ۔

ناصرِ دین اللہ ع - ایک عباسی خلیفہ
جس نے ۵۷۵ھ سے ۶۲۲ھ تک نہایت
کی سلجوقیوں سے خوارزم شاہیوں کی
مدد میں سلطنت چھین لی - پھر چنگیز خاں سے
انکو بھی زیر کرکے ایران و توران پر قبضہ کیا
یہ ایک دانا اور دانا خلیفہ تھا - خبر داری
سے سلطنت کی - عرب کو خوب آباد کیا
مسجدیں - خانقاہیں - مدرسے بنائے ۔

ناصرہ ع - روم میں ایک گاؤں ہے جہاں
حضرت عیسےٰ رہا کرتے تھے ۔

ناصع ع - خالص ۔

ناصف ع - آدھوں آدھ کرنیوالا

ناصواب ف - جو درست نہ ہو -
نادرست - غلط

ناصیہ ع - پیشانی کے بال - پیشانی - ماتھا

ناصیہ داران پاک ف - فرشتے
عابد زاہد اور نیکو کار لوگ ۔

ناضح ع - پانی اٹھانے والا اونٹ -

ناضر - ناضرہ ع - تر و تازہ ۔

ناطح ع - سینگ مارنے والا چوپایہ ۔

ناطق ع - بولنے والا - صاحب عقل
سمجھنے والا - کلیات وجزویات کا ۔

ناطوری ف - کھیت کا رکھوالا ۔

ناظر ع - دیکھنے والا - نگرانی کرنیوالا -
وہ عہدہ دار جو ماتحت ملازموں کے کام
کا نگران رہے - خوش ہونے والے - بیسر سامان
ناظر بیتامت ۔

ناظر دو سرائے ف - حاضری لکھنے
والا - نام لکھنے والا ۔

ناظرین ع - دیکھنے والے ۔

ناظم ع - پرونے والا - انتظام کرنے
والا ۔

ناظور ع - نگہبان - رکھوالا ۔

ناظورہ ع - محبوبہ - معشوقہ - افسر - سردار ۔

ناعس ع - اونگھنے والا - وہ شخص جسکی
آنکھوں میں نیند بھری ہوئی ہو ۔

ناعش ع - زندگی بخشنے والا - اٹھانے
والا - خوشحال کرنے والا ۔

ناعم ع - نرم خیبر کے ایک قلعے کا نام ہے

ناعمہ ع - آرام کرنیوالی - نازنین عورت

ناعی ع - کسی کی موت کی خبر پہنچانے
والا - منادی دینے والا ۔

ناغوش ف - غوطہ - ڈوبنا - غوطہ لگانا ۔

ناغول ف - بچھتی ہوئی سیڑھی - وہ چھوٹی
ہر ایک لکڑی جو سیڑھی کے اوپر بنا ئے ہیں ۔

ناف ف - سونڈی - ناف پیٹ کی

ناف ارض ف - مکہ معظمہ ۔

ناف برخوشی زدن ف - دائی کا
خوشی کی حالت یا نیک ساعت میں جنا
وقت بچے کی ناف کاٹنا ۔

ناف بر غم زدن ف - جناتے وقت کی
یا ساعت بد کی حالت میں بچے کی ناف کاٹنی

ناف پیچ ف - ناف میں پیچ ہو جانا درد ۔

نافجہ ع - خوشبودار تھیلا ۔

نافح ع - پھونکنے والا - ہوا پھیرکر چلانے
والا ۔

ناف خاک ف - مکہ معظمہ - زمین ۔

نافذ ع - جاری ہونے والا - نفوذ کرنے
والا - پہنچنے والا - رسا ۔

نافر ع - نفرت کرنے والا - بھاگ جانے
والا ۔

نافرجام ف - بد انجام ۔

نافرمان ف - جو حکم نہ مانے ۔

نافرمانی ف - حکم نہ ماننا ۔

ناف روز ف - دوپہر ۔

نافرہیختہ ف - بے ادب - نافرہیختگی
بے ادبی - نافرہیختہ روی ۔

ناف زمین - ناف عالم ف - مکہ معظمہ

ناف زدن - ناف بریدن ف -
بچہ کی ناف کاٹنا ۔

ناف شب ف - آدھی رات ۔

نافض ع - ہلانے والا - وہ تپ جس
کے ساتھ لرزہ ہو ۔

نافع ع - نفع دینے والا ۔

نافلہ ع - زیادہ انعام - غیر واجب
بخشش - ایسی عبادت جو آدمی پر واجب
نہ ہو - نماز نفل ۔

نافہ ف - کستوری کی تھیلی جو ہرن سے
نکلتی ہے ۔

نافہ آہو ف - کستوری کے ہرن کا نافہ

نافہ بوے ف - کستورہ و ختن - چین
چگل خور ۔

ناف ہفتہ ف - منگل کا دن ۔

نافہم ف - جو سمجھ نہ رکھتا ہو ۔

نافہ مشک بدافتن ف - مشہور ہونا
نیک نامی حاصل کرنا -

نافی ع - نفی کرنیوالا - نیست کرنیوالا

ناقابل ع - جو لائق نہ ہو - نالائق
ناقد ع - پرکھیا - روپے اشرفی کا پرکھنے
والا +
ناقبول ف - ناقبول - ناپسندیدہ +
ناقرہ ع - دانت چھپنے والا جانور عیب کرنیوالا
ناقص ع - جس میں کچھ کمی ہو - کم - ناکامل
ناتمام - ادھورا - علم صرف عربی میں وہ لفظ
جس کا آخری حرف اصلی حرف علت ہو +
ناقص الخلقت - جس کی خلقت میں کوئی
عیب ہو جس کا کوئی عضو ناقص ہو +
ناقل ع - نقل کرنیوالا - بیان کرنیوالا +
ناقور ع - نقارہ - بڑی نے - نرسنگا - صور
ناقوس ع - سنکھ جو ہندو پوجا کے
وقت بجاتے ہیں +
ناقہ ع - اونٹنی +
ناک ف - بھرا ہوا - صاحب - خداوند - مالک
گھوڑے کا اشوہ - تالو - اوپر اور نیچے کا جبڑا
ناکارہ ف - جو کام کا نہ ہو +
ناکاشتہ ف - جو بویا گیا نہ ہو +
ناکام ف - نامراد - ناچار - بالضرور - البتہ
ناگاہ - ناگہ - ناگہاں - ناگہاں
ناگہانی ف - اچانک - یکایک +
ناکب ع - پھرنے والا - پیٹھ موڑنیوالا
رنج رساں +
ناکح ع - بیاہ کرنیوالا - بیاہ کرنے والا
نکاح کرنے والا +
ناکتخدا - ناکتخدا ف - جس کی شادی
ابھی نہ ہوئی ہو - بے بیاہا +
ناکردہ کار - ناکردہ کار ف - بن کام کئے
ناکردنی ف - جو بات کرنے کے لائق نہ ہو -
ناگرفت ف - ناگاہ +

ناگرفت ف - ناگاہ +
ناگزیر - ناگزران - ناگزیرت
لاچار - لاعلاج - بالضرور +
ناکس ف - کمین - نالائق - تروماغ
نرگس ع - سادہ ندھا - سرنگوں +
ناکسی ف - نالائقی - کمینہ پن +
ناگوار - ناگوارا - ناگوارہ - ناگوار
ف - بدمزہ - بدذائقہ - ناپسند - ناخوش
جو ہضم نہ ہو +
ناگوہرت - عرض جو جوہر کی ضد ہے +
نال ف - سوت جو نیزہ میں سے قلم
تراشتے وقت نکلتا ہے - نیشکر - چھوٹی
ندی یا بڑا نالہ - نے جو اندر سے خالی ہو
نالیدن سے امر بھی ہے +
نالاں ف - روتا ہوا - نالہ کرتا ہوا -
شیراز اور بخارا کے درمیان ایک پہاڑی
نالائق ف - جو لائق نہ ہو +
نالش ف - نالاں ہونا - فریاد کرنا +
نالہ ف - فریاد - واویلا - نالہ
نالیدن ف - شکایت کرنا - نالش کرنا -
فریاد کرنا - چیخنا - چلانا +
نام ف - اسم - کسی شے کا نام - ذات
نام آور ف - مشہور +
نام از جہاں برداشتن وستردن
و نام برہیچ زدن
نام از شکم افتادن - نام درآب
فروشدن ف - نام کا مٹ جانا معدوم ہونا
نامبارک ف - منحوس - جو مبارک نہ ہو
نام برآمدن برآفاق و نام برآمدن
و نام پہن شدن در اطراف و نام
دویدن و نام گرفتن ف - شہرت

پکڑنا - مشہور ہونا +
نام بردہ ف - مذکور شدہ جس کا نام اوپر
ذکر ہوا ہو +
نام برآمدن ف - مشہور ہونا +
نام بردہ ف - نامزد - معین +
نامتناہی ف - جس کی انتہا نہ ہو - بے
پایاں - بے انتہا +
نام جوئے ف - ناموری چاہنے والا -
بہادر - شجاع +
نامحدود ف - بے حد - بے انتہا +
نامحرم ف - ناواقف +
نام خدا ف - خدا کی قسم +
نامراد ف - بے مراد +
نامرادی ف - مراد کا حاصل نہ ہونا +
نامرد ف - جو مرد نہ ہو - ہیجڑا - بزدل +
نامرد دھم ف - ناکس - نالائق - کمینہ +
نامروتی ف - بے مروتی +
نامردی ف - ہیجڑا پن - نامرد ہونا +
نامزد ف - مشہور - مقرر - نامور - منسوب
وہ لڑکی جس کی منگنی ہو چکی ہو - وہ لڑکا جو کسی
مہم پر مقرر ہو چکا ہو +
نامستعد ف - ناقابل - بے استعداد
نامشخص ف - بے تحقیق - غیر معین +
نامعقول ف - نامناسب جو عقل میں
نہ آوے - بے وقوفی کی بات +
نام ملائم ف - نامناسب بات +
نام نکو گذاشتن ف - اچھا نام چھوڑ
جانا - ناموری حاصل کرنا +
نام نیکو بردن ف - نیک نام ہونا -
ناموری حاصل کرنی +
نامور ف - عزت والا - معزز - نامدار -

مشہور +
ناموری ف - شہرت +
ناموس ع - عصمت - عفت - حلق
عورت کی اُمید رکھنا - نیکنامی - عزت - ترجمہ
تدبیر سیاست - احکام الٰہی - قاعدہ +
دستور - فرشتہ - خصوصاً جبرئیل علیہ السلام
آواز - صدا - کارو جنگ - پنہانی - شکاری
کی گھات - جنگ +
ناموس اکبر ع - شریعت - جبرئیل فرشتہ
ناموس گاہ ف - لڑائی کا میدان +
ناموسیہ ف - وہ عورت جس نے دوبارہ
شادی کبھی نہ کی ہو - اور جسکی اور اُسکے
خاوند کی آپس میں بہت محبت ہو +
نامہ ف - خط - لکھا ہوا کاغذ - چٹھی
کتاب سیلاب +
نامۂ چہارم ف - قرآن مجید +
نامہ سفید ف - نیکوکار - صالح +
نامہ کردن ف - خط لکھنا - لکھنا +
نامی ف - معروف و مشہور +
نامی ع - نمو پانے والا - بڑھنے والا +
نامیدن ف - نام رکھنا +
نامیہ ع - بڑھانے والی قوت - نمو کرنے
والی طاقت جو خدا تعالیٰ نے جمیع حیوانات
اور نباتات میں پیدا کر دی ہے - جو ان کو
بڑھاتی اور بیاہ چڑھا اور اونچا کر دیتی ہے
نان ف - روٹی +
نان آبی - نان پنجہ کش - نان
تفتان - نان خطائی ف - پراٹھا +
نان آتش روئے ف - آفتاب +
نان از تنور سرد و پختہ برآمدن ف
امر عجیب وقوع میں آنا +

نانبائی۔ ف۔ روٹی اور سالن پکا کر بیچنے والا۔ نان با مخفف نانبائی کا
نان بدیوار زدن۔ نان بر دیوار بستن۔ نان در تنور سرد بستن۔ ف۔ لغو حرکت کرنی۔ بے فائدہ کام کرنا
نان بستن۔ ف۔ تنور میں روٹی لگانا
نان تنکی۔ ف۔ رات کی روٹی جو بچا رہی ہو
نان چاشت۔ ف۔ وقت چاشت کی روٹی۔ صبح کے وقت کا کھانا
نان جوے۔ ف۔ گدا۔ طالب دنیا
نان حادثہ خام بودن۔ ف۔ [illegible] مغلوب ہونا
نان حلال۔ ف۔ وہ روٹی جو اپنی محنت اور کوشش سے کما کر کھائیں۔ قناعت اور زہد و تقوے سے بھی مراد ہے
نان خرچنگ۔ ف۔ چاند
نان خواہ۔ [illegible]۔ گداگر
نان خورش۔ ف۔ جس چیز کے ساتھ روٹی کھائی جائے۔ نمکین ہو یا شیریں یا ترش۔ سالن۔ لگاون
نان خورش خانہ۔ ف۔ سرکہ انگوری
نان در انبان نہادن۔ ف۔ سفر کو تیار ہونا
نان در روغن افتادن۔ ف۔ خاطر خواہ کام بن جانا
نان دہقان۔ ف۔ بادشاہ کی روٹی
نان رباط۔ ف۔ وہ روٹی جو خانقاہوں میں بٹتی ہے
نان و نمک شکستن۔ ف۔ روٹی کھانا
نان زریں۔ ف۔ سورج
نان سفید فلک۔ نان سیمیں۔ ف۔ چاند
نان شیریں بودن۔ ف۔ روٹی کا [illegible]

نان گرم چرخ۔ ف۔ سورج
نان گلاج۔ ف۔ ایک قسم کا حلوا ہے۔ جو نازک روٹی جو نشاستہ اور چینی کے انڈوں سے پکا کر قند کے شیرے میں ڈال کر کھاتے ہیں
نان کور۔ ف۔ کمینہ۔ نمک حرام۔ بخیل۔ محسن کش
نان مش۔ ف۔ [illegible]
نان مشیدن۔ ف۔ [illegible]
نانوخہ۔ [illegible] جو بچے کے مصالحے کے وقت دیجاتی ہے۔ مخفف نانخواہ ہے
نان و حلوا۔ علم تصوف میں شیخ بہاء الدین عاملی کی تصنیف کی ہوئی ایک چھوٹی سی مثنوی ہے
نانوا۔ ف۔ نانبائی
نان وقف۔ ف۔ خدا کے نام کی روٹی۔ مفت کا کھانا
نان و نمکدان شکستن۔ ف۔ [illegible] کرنا
ناہادہ۔ ف۔ وہ شے جو تقدیر میں نہ ہو۔ ناموجود
نانیوشاں۔ ف۔ ناآگاہ۔ بے خبر
ناؤ۔ ف۔ کشتی۔ پرنالہ۔ نلی۔ ہر وہ شے جو درمیان سے خالی ہو۔ سوراخ
ناوخیدن۔ ف۔ خبر دینا
ناودان۔ ف۔ نالی۔ پرنالہ۔ نلی جو اندر سے خالی ہو
ناور۔ ف۔ مسکن
ناوراں۔ ف۔ ممکنات
ناورد۔ ف۔ جنگ و جدل۔ لڑائی
ناوردگاہ۔ ف۔ جنگ گاہ۔ میدان جنگ
ناورفرتاش۔ ف۔ ممکن الوجود
ناوک۔ ف۔ مختصر وہ کا ہے جس کے

معنی تھوڑی کی لکڑی ہیں۔ مجازاً تیر
ناوک سحری۔ ف۔ صبح کی بددعا
ناوک قلبی۔ ف۔ دل کی آہ
ناونوش۔ ف۔ مرکب ہے نے اور نوش سے۔ اصل میں نے و نوش شراب سے مراد ہے۔ یعنی نے اور شراب نوشی۔ اگلے زمانے میں شراب نوشی جو سامان عیش و عشرت کا سبب۔ مجازاً عیش و عشرت۔ عیش آرام
ناویدن۔ ف۔ اونگھنا۔ [illegible] چلنا۔ خم کھانا۔ ماندہ ہونا
ناویژہ۔ ف۔ ناپاک۔ عیب دار۔ کھوٹا
ناہ۔ ف۔ وہ جو ہر شاخوں اور پتوں سے آگے
ناؤس۔ ف۔ آتشکدہ۔ کفار کا معبد
ناہار۔ ف۔ اصل میں ناخوار تھا۔ [illegible] کہتے ہیں خورش کو یعنی وہ شخص جس نے صبح کو کچھ نہ کھایا ہو
ناہاری۔ ف۔ وہ تھوڑی سی شے جو صبح کے وقت کھائیں
ناہج۔ ع۔ راہ کو چلنے والا۔ فراخ راہ پیدا کرنے والا
ناہد۔ ع۔ نارپستان۔ وہ لڑکی جس کی چھاتیاں تھوڑی مدت سے اٹھی ہوں۔ اور مخفف ناہید کا بھی ہے
ناہض۔ ع۔ پرندہ جو پر کھول کر اڑنے کی تیاری کرے
ناہق۔ ع۔ ہینکنے والا گدھا
ناہل۔ ع۔ پیاسا۔ تشنہ
ناہموار۔ ف۔ جو برابر نہ ہو۔ مجازاً بدتہذیب
ناہنجار۔ ف۔ بے راہ۔ بد چلن۔ بدذات۔ بداصل
ناہوشمند۔ ف۔ ناداں۔ بے ہوش
ناہی۔ ف۔ منع کرنے والا۔ روکنے والا

ناہی۔ [illegible]
نائے۔ ف۔ نے۔ بانسلی۔ نلی۔ حلق
نایاب۔ ف۔ جو چیز نہ پائی جائے
نایافت۔ ف۔ نایاب
نائب۔ ع۔ قائم مقام
نائب [illegible]۔ ف۔ خدا کا نائب یعنی بادشاہ
ناتیبان۔ ف۔ غار کا نگہبان
نائبہ۔ ع۔ حادثہ۔ واقعہ۔ تپ گرم
نائے ترکی۔ ف۔ کرنا
نائچہ۔ ف۔ حقہ کا نیچہ
نائحہ۔ ع۔ گریہ۔ نالہ۔ مصیبت
نائرہ۔ ع۔ شعلہ۔ آگ کی لپٹ
نائیژہ۔ ف۔ لوٹے کی ٹونٹی۔ جو اندر سے خالی ہو۔ نلی
نائک۔ ف۔ [illegible] کرنے والا
نائل۔ ع۔ پہنچنے والا۔ پانے والا
نائم۔ ع۔ سونے والا۔ سویا ہوا۔ خفتہ
نائی۔ ف۔ نے بجانے والا۔ بانسری بجانے والا۔ مرکب ہے نائے اور یائے فاعلیت سے
نائیدن۔ ف۔ فخر کرنا۔ ڈینگ مارنا

نون مفتوحہ مع بائے موحدہ

نبأ۔ ع۔ خبر
نبات۔ ع۔ روئیدگی۔ سبزی۔ گھاس۔ پات۔ [illegible]۔ مصری
نباتات۔ ع۔ نبات کی جمع ہے
نباتی۔ ع۔ روئیدگی کو جو گھاس پات ہو
نباج۔ نباغ۔ ف۔ سوکن
نباح۔ ع۔ کتے کا بھونکنا
نباش۔ ع۔ کفن چور۔ قبر کھودنے والا
نباض۔ ع۔ جو نبض شناس ہو۔ نبض دیکھنے والا

مبالغہ کا صیغہ نہیں ہے۔ کیونکہ نسبت
کا ہے۔ جیسے عطائی۔ خدا داد +
نباہت ع۔ بزرگی۔ آگاہی۔ مشہور ہونا +
نبیہ ع۔ ہوشیار۔ بیدار۔ عزت دار +
نباہت ع۔ بزرگی۔ آگاہی۔ مشہور ہونا
نباید ف۔ نہ چاہیئے۔ کبھی نباید آنے کے معنی
میں بھی آتا ہے +
نباغرہ ف۔ جمع نبیرہ کی جو فارسی لفظ ہے
جمع فارسی لفظ کی عربی کے طور پر جمع
بنایا عربی دان فارسیوں کا تصرف ہے
جیسے فرامین فرمان کی۔ خواقین خاقان
کی۔ خوانین خان کی وغیرہ +
نباجل ع۔ جمع نبجل کی بزرگ مرد جیسے
... اسود +
نبت ع۔ اُگنا۔ روئیدگی +
نبذ ع۔ تھوڑا (سا) کچھ +
نبذے ف۔ تھوڑا سا +
نبرہ ع۔ بلندی۔ بلند کرنا۔ اٹھانا +
نبراس ع۔ چراغ۔ لالٹین۔ شمع +
نبرد ف۔ جنگ۔ پیکار۔ لڑائی +
نبرد آزما ف۔ نبرد ہ۔ جنگی آدمی۔ بہادر
نبرد گاہ ف۔ میدان جنگ +
نبس ف۔ نواسہ۔ نواسی +
نبسیرہ ف۔ نواسی۔ پوتی۔ پوتا +
نبشتن ف۔ لکھنا +
نبض ع۔ نار۔ رگ کی جنبش۔ رگ کی حرکت
نبضان ع۔ نبض کی طرح حرکت کرنا +
نبض چھٹنے جھٹک اُچھلا دن
نبض چھوٹنے ... مدن نبض
چھوٹنے پہچانت اور دان ف۔ جو حکیم نبض کی
حقیقت پر مطلع ہو +

نبض خورشید ف۔ آفتاب کی کرن +
نبض الملتوی ع۔ نبض کی ایک قسم ہے
نبع ع۔ چشمہ زمین سے نکلنا پانی کا
زمین سے پھوٹ کر اوپر آنا +
نبک ف۔ پانی کا حوض یا چشمے یا دریا
کے کنارے سے باہر نکلنا +
نبش ع۔ قبر کھودی کا چور +
نبل ع۔ تیر پھینکنا +
نبیل ع۔ چھوٹا اور بڑا۔ لغات اضداد سے ہے
نبلہ ع۔ استنجا کرنے کا ڈھیلا۔ جزائی۔ ثواب
نبوت ع۔ پیغمبری +
نبہ ع۔ خبردار کرنا۔ تنبیہ کرنا۔ یاد دلانا +
نبہ۔ نبیہ ع۔ آنحضرت صلعم کے ایک غلام
کا نام ہے جسے آپ نے آزاد کر دیا تھا
نبی ع۔ خبر دینے والا۔ پیغمبر خدا کا فرستادہ
خواہ صاحب شریعت جدید ہو یا پچھلی شریعت
کا مدار ہو۔ یہ لفظ عام ہے۔ اور رسول
خاص وہ ہے جو صاحب کتاب جدید
نبیذ ع۔ شراب۔ فارسی والے دال
مہملہ سے بھی استعمال کرتے ہیں +
نبیرہ ف۔ پوتا یعنی بیٹے کا بیٹا +
نبیرہ و نبیسہ ف۔ پوتا۔ پوتی۔ نواسا۔ نواسی
نبیل۔ نبیلہ ع۔ بزرگ۔ دانا۔ نیک۔ صورت

نون معجمہ مع تائے فوقانی

نتاج ع۔ بچہ جننا۔ پیدائش +
نتاس ف۔ خوش و خرم۔ خوشحال +
بے تشویش۔ با فراغت +
نتائج ع۔ جمع نتیجہ کی۔ مراد یہ ہے
انجام کار۔ پھل۔ اولاد +
نتائج و آثار ع۔ حوالیشانہ اور اثرات

وہ دوست۔ در طوبت دوست +
نتح ع۔ پسینا۔ عرق نکلنا۔ پسینا نکلنا
نتش ع۔ بال اکھیڑنا۔ یا پرکٹ سے کانٹے
کا موچنے سے اکھیڑنا +
نتف ع۔ بال اکھیڑنا +
نتن ع۔ بدبو +
نتو ع۔ ابھار۔ اونچا ہونا کسی چیز کا اطراف
نتیجہ ع۔ بچہ۔ حاصل مطلب۔ غرض
فائدہ۔ مشتق ہے نتج سے اور منطقیوں
کی اصطلاح میں نتیجہ ایک قول ہے جو
صغرے اور کبرے کی حدوں کو ملا کر لفظ
مکرر (حد اوسط) کے نکال دینے سے حاصل
ہوتا ہے۔ جیسے العالم متغیر و کل متغیر حادث
سے العالم حادث حاصل ہوتا ہے +
نتیجہ منک ف۔ آل۔ اولاد۔ نسل
نتین ع۔ وہ شے جس سے بدبو آئے
بدبودار چیز +

نون معجمہ مع ثائے مثلثہ

نثث ع۔ پھیلانا۔ فاش کرنا۔ ظاہر کرنا +
نثا ع۔ خبر۔ آگاہی +
نثار ع۔ نچھاور کرنا۔ کسی کے سر سے
روپیہ یا نقدی بطور صدقہ بکھیرنا +
نثارہ ع۔ وہ شے جو نچھاور کی جائے +
نثر ع۔ پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔ پراگندہ
وہ عبارت جو نظم نہ ہو +
نثرہ ع۔ دو ستاروں کا نام ہے برج
اسد میں۔ منازل قمر سے آٹھویں منزل

نون معجمہ مع جیم تازی

نجیج ف۔ مکہ۔ دہان +

نجابت ع۔ شرافت۔ اصالت۔ بزرگی
نجات ع۔ رہائی۔ چھٹکارا۔ خلاصی
نجاح ع۔ حاجت روائی۔ رستگاری
چھٹکارا +
نجاد ع۔ تلوار کا پٹکہ جس سے تلوار
کندھے پر ڈالتے ہیں +
نجار ف۔ شگوفہ۔ عادت +
نجار ع۔ اصل۔ جڑ +
نجار ع۔ بڑھئی +
نجار شروانی ع۔ خاقانی شروانی +
نجاست ع۔ پلیدی۔ گندگی +
نجاشی ع۔ حبش کے عیسائی بادشاہ
کا لقب ہے جو رسول خدا صلعم کے زمانہ میں حبش
میں فرمانروا تھا اور آپ سے حسن ارادت
رکھتا تھا۔ آخر اسلام لایا تھا +
نجاق ت۔ ایک قسم کا اوزار تبر جنگی
نجائب ع۔ جمع ہے نجیب کی۔
عمدہ اونٹ +
نجبا ع۔ جمع ہے نجیب کی۔ بزرگ گروہ
پشت زادہ +
نجح ع۔ فیروزی۔ حاجت کا پورا ہونا +
نجد ع۔ بلند زمین۔ بلند مگر کی آرائش
بہادری کے رعب سے غالب آنا۔ پناہ
خوشی۔ غمی۔ عرب میں ایک ملک ہے
جس کی زمین بلند ہے تہامہ سے مشرق کو
خلیج فارس تک پھیلا ہوا ہے اور
ریگستانی ملک ہے +
نجدت ع۔ شجاعت دلیری +
نجدہ ع۔ شجاعت۔ دلیری۔ مجازاً
شجاع۔ دلیر اور بمعنی مرد و کبھی +
نجدی ع۔ منسوب بہ نجد۔ نجد کا +

اور شیخ نجدی شیطان کا لقب ہے
نجس ع- ناپاک ہونا- ناپاک- پلید +
نجس ع- پلید- ناپاک +
نجف ع- عراق عرب میں ایک شہر ہے جہاں پر حضرت علیؓ کی قبر ہے +
نجل ع- نسل- اولاد- فرزند- کسی چیز کو پھینک دینا +
نجم ع- ستارہ- کسی درخت کی بیل جیسے کدو- کھیرا- عشق پیچہ وغیرہ- بے جڑ کی بیل- جھمکا جو ستارے ہیں +
نجم الہند ع- ستارہ ہند- ایک خطاب ہے جو لکھا منڈی قیصر ہند کی طرف سے بعض امیروں کو ملتا ہے- انگریزی میں سٹار آف انڈیا کہتے ہیں +
نجند ف- تند- غمگین- اندوہگین +
نجوے ع- سرگوشی- کان میں چپکے سے بات کہنا +
نجوم ع- جمع نجم کی- ستارے +
نجیب ع- شریف- بزرگ- عمدہ قسم کا گھوڑا- دنیا کا سردار +
نجیل- نجیل ف- جھاؤ کے درخت کا پھل +
نجیف ع- چوڑے سرکا تیر +

نون معجمہ مع حائے حطی

نحاریر ع- جمع نحریر کی- دانشمند لوگ +
نحاس ع- تانبا اور آگ کا دھواں +
نحاس ع- اصل- طبیعت- سرشت +
نحافت ع- دُبلاپن- لاغری- ناتوانی +
نحت ع- چھیلنا- صاف کرنا +
نحر ع- اونٹ کو ذبح کرنا- دو سینہ پر زخم لگانا +
نحریر ع- دانشمند- زیرک- حاذق +
نحس ع- نامبارک- منحوس- جھوٹا +
نحسین فلک ع- زحل اور مریخ +
نحل ع- مکھی- شہد- شہد کی مکھی +
نحل ع- جمع نحلت کی- مذہب- ملت- چھوٹا مذہب- مذہب +
نحلت ع- عورت کا حق مہر دینا- پیدا کرنا- دعوے کرنا- بخشش- بلا عوض دینا- باطل- بلا قرض شدہ قرض جو بلا سود دیا جائے
نحلہ ع- بخشش- عطا- صدقہ +
نحلہ ع- عورت کا حق مہر دینا +
نحن ع- ہم- ہم لوگ
نحن معاشر الانبیاء ع- ہم گروہ انبیاء +
نحن نکلم الناس علیٰ قدر عقولہم ع- ہم پیغمبروں کے گروہ کو حکم ہے کہ لوگوں سے ان کی عقل و فہم کے موافق کلام کریں
نحو ع- طریق- راہ- مانند- قصد- آہنگ- اسلوب- علم نحو- علم کو نحو کا علم +
نحوست ع- نامبارکی- بدشگونی +
نحول ع- لاغری- دُبلاپا +
نحیب ع- رونے کی آواز- آواز کش
نحیح ع- گوسپند کے بچے کی مشک
نحیف ع- دُبلا- لاغر +

نون معجمہ مع خائے معجمہ

نخ ف- ریشم- دھاگا- کچا ریشم- سوت کا تار- بمعنی شکار و تاک- چھوٹی سی شطرنجی یا غالیچہ- تھوڑا- اندک- لوگ جس پر نماز پڑھتے ہیں +
نخاس ع- مویشیوں کا بازار- وہ بازار جہاں جانور یا غلام فروخت کرتے ہیں اور یہ معنی اس لفظ کے مجازاً ہیں اصل معنے نخاس کے بردہ فروش اور جانور فروش کے ہیں +
نخاع ع- حرام مغز یعنی مغز مہرہ پشت
نخالہ ع- بھوسی جو آٹے کے چھانے سے نکلتی ہے +
نخالہ گوسے ف- بھوسہ- گوسے +
نخب ع- انتخاب کرنا- برگزیدہ +
نخچل- نخچیل ف- چٹکی لینا +
نخچیر ف- شکاری جانور- شکار- شکارگاہ
نخچیرگاہ ف- شکار کھیلنے کی جگہ- شکارگاہ +
نخچیروال ف- شکاری آدمی- شکار کرنے والا
نخچیری ف- سب سے پہلا لڑکا- پہلوٹھا بچہ- پہلوٹھی +
نخست- نخستت ف- اول- پہلے +
نخستین ف- پہلا- اول +
نخشب ف- ترکستان میں ایک شہر ہے- ماہ نخشب یہیں کا مشہور ہے
نخشبی ف- نخشب کا +
نخع ع- ستک- آب مینہ- یمن کے ایک قبیلے کا نام بھی ہے +
نخل ع- کھجور کا درخت- آٹے کا چھاننا
نخل بن ف- درخت خرما +
نخل بند ف- باغبان- مالی +
نخل الطور ع- وہ درخت جس پر حضرت موسیٰ کلیم اللہ کو تجلی معلوم ہوئی تھی +
نخل تابوت- نخل ماتم ف- تعزیہ- ہندوؤں کے مُردوں کا جو ادنیٰ ہوتا ہے
نخل مریم ع- سوکھا ہوا کھجور کا درخت جس کے نیچے حضرت مریم رضی اللہ عنہا بوقت تولد حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور الصلوٰۃ والسلام کے جا بیٹھی تھیں- اور ان کی برکت سے وہ درخت سرسبز و تر و تازہ ہو گیا تھا اور اس سے تر و تازہ کھجوریں ٹپکنے لگی تھیں- سورۂ مریم میں اس کا حال مفصل مندرج ہے +
نخل موم ف- وہ درخت جو موم سے بناتے ہیں +
نخلہ ع- خرما کا ایک درخت- نخلستان
نخلہ بنی محمود ع- مکہ معظمہ کی راہ میں ایک نخلستان ہے- مکہ اور طائف کے درمیان ایک مقام ہے +
نخلہ بنی ہلال ع- مکہ کی راہ میں ایک نخلستان کا نام ہے- منسوب بنی ہلال ہے اور ایک قبیلہ عرب کا ہے +
نخوت ع- بزرگی- تکبر- غرور +
نخود- نخود ف- چنا- جو ایک مشہور غلہ ہے
نخودی ف- چنے کے رنگ کا ایک رنگ
نخیر ع- ناک کی آواز +
نخیز- نخیز ف- کینہ گاہ- درختوں کا ذخیرہ جہاں ایک جگہ درختوں کا بیج بوئیں اور جب وہ درخت ذرا بڑے ہو جائیں وہاں سے اکھیڑ کر دوسری جگہ لگا دیں +
نخیزگاہ ف- کمین گاہ- کھات +
نخیل ع- کھجور کا درخت- کھجوروں کے درخت مجازاً مطلق درخت +

نون معجمہ مع دال مہملہ

ندرت ع- ترقی- بڑھاؤ- افراط +
ندم ع- مانند- جنس- نظیر- نام ایک بت کا بھی ہے

ندا ع۔ آواز کرنا۔ پکارنا۔ آواز +
ندائے ع۔ ترسی۔ آزادی +
نداف ع۔ دُھنیا۔ روئی کے دھنکنے والا
ندامت ع۔ شرمندگی۔ پشیمانی +
ندامت زدہ ف۔ پشیمان +
ندادت ع۔ تری۔ نمناکی +
ندب۔ ندبہ ع۔ مردہ پہ رونا۔ بیان کرنا
ندب ع۔ زخم کا نشان۔ قمار میں شرط باندھنا
ندب ف۔ نرد کی بازی میں داؤ لگانا
آگے بڑھنا۔ تیار ہونا۔ اچھا ہونا۔
چالاکی +
ندف ع۔ روئی کا دھنکنا +
ندم ع۔ شرمندگی۔ پشیمانی +
ندما ع۔ جمع ندیم کی۔ مصاحب لوگ
ندمان ع۔ پشیمان۔ شرمندہ +
ندید ع۔ ہمتا۔ نظیر +
ندیر ع۔ مفرد۔ تنہا۔ عجیب و غریب
ندیم ع۔ مصاحب +

نون معجمہ مع ذال معجمہ

نذارت ع۔ خوف۔ ڈراؤ +
نذر ع۔ اپنے پر کوئی چیز واجب کر لینا۔
نیاز۔ منت ماننا یعنی حاجت روائی
کے واسطے خدا کے نام کچھ اپنے اوپر واجب کر لینا
جیسے روزہ یا صدقہ یا قربانی۔ جو کچھ
نقد و جنس امرا اور بادشاہوں کی
خدمت میں پیش کر کے ملاقات کریں +
نذر ع۔ ڈر۔ خوف۔ بیم۔ نذر کی جمع بھی ہے
نذر ع۔ حیران۔ ترساں +
نذل ع۔ کمینہ۔ مرد۔ فرومایہ +
نذیر ع۔ ڈرانے والا۔ جناب رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم کا ایک نام بھی ہے +

نون معجمہ مع رائے مہملہ

نر ف۔ خد۔ دو پیرا۔ ناہموار
آرتا۔ سل مردان۔ خنثیٰ +
نرا ف۔ چھوٹی سی دیوار جو کسی چیز کے
گرد اُسے ڈھانپنے کے لیے بنائیں
نراک ف۔ بیشہ +
نرجس س۔ نرگس کا +
نرخ ع۔ اناج وغیرہ کسی چیز کا بھاؤ +
نرد ف۔ چوسر کی گوٹ۔ شطرنج کے دو
درخت کا تنہ +
نردبان ف۔ سیڑھی۔ زینہ +
نرسنگ ف۔ مسور۔ عدس +
نرسی ف۔ گودرز کے بیٹے کا نام ہے
نرک ف۔ شکاری کی حفاظت کے واسطے
شکار کا حلقہ باندھنا۔ پہلوانوں کا ورزش
کرنے کا مکان۔ اکھاڑہ +
نرگان ف۔ ناہموار اور سخت جگہ +
نرگاؤ ف۔ بیل +
نرگداف۔ بے شرم گدا +
نرگس ف۔ ایک پھول کا نام ہے
مجازاً محبوب کی آنکھ +
نرگس شہلا ف۔ وہ نرگس جس میں سیاہ
زردی کے سیاہی ہوتی ہے +
نرگس نیم خواب ف۔ محبوب کی آنکھ +
نرگس و گل ف۔ مطلوب کی آنکھ و کان
نرگسہ ف۔ نرگس کا مرصع جو ہاتھی
دانت یا کسی اور چیز سے نرگس کے پھول
بنا کر چھتوں وغیرہ پر نصب کرتے
ہیں۔ ستارہ کوکب +

نرگسی ف۔ ایک قسم کا طعام چشمک بازی
ظریفانہ۔ ایک مشہور شاعر کا نام ہے +
نرگسی زدن ف۔ چشمک مارنی +
نرم ف۔ ملائم۔ گدگدا +
نرم آہن ف۔ زبون۔ شکست +
نرم آہنی ف۔ عاجزی۔ زبونی +
نرم برنج ف۔ دو دھ اور ترکاریوں کا
ایک کھانا ہے۔ چاول کی ایک خوشاکہ
نرم پیشہ ف۔ چھاتی +
نرم چشمہ ف۔ سخت رو +
نرم دست ف۔ ایک قسم کا ملائم کپڑا ہے
نرمادہ ف۔ مرد اور عورت۔ صندوق
یا کواڑ وغیرہ کا پیچ +
نرمادگی ف۔ جس کے سبب سے
قفل لگتا ہے +
نرم سار ف۔ حلیم۔ صاحب حلم +
نرم شانہ ف۔ کاہل۔ سست +
نرم گردن ف۔ مطیع۔ فرمانبردار +
نرم گردن ف۔ مطیع کرنا۔ فرمانبردار کرنا
نرم لگام ف۔ وہ گھوڑا جو سرکش نہ ہو
مطیع۔ فرمانبردار +
نرم نرم ف۔ آہستہ آہستہ +
نرمۂ گوش ف۔ کان کی لو +
نرمی ف۔ گداز پن۔ سختی کی ضد ہے
نرمیش ف۔ مینڈھا +
نرہ ف۔ زشت۔ ناہموار اُتنا سل
تال کا دندانہ۔ شخصے گدا گر +
نرہ آب ف۔ پانی کی موج۔ لہر +
نرہ دیو ف۔ دیو نر +
نرہی ف۔ چمڑا بکری یا بکرے یا
مینڈھے کا +

نریمان۔ نریمان ف۔ رستم پہلوان
کے دادا کا نام ہے +

نون معجمہ مع زائے معجمہ

نزار ف۔ لاغر۔ دُبلا۔ ضعیف +
نزاع ع۔ آرزو مند ہونا۔ جھگڑا
تکرار۔ خصومت +
نزاکت ف۔ نازک پن۔ یہ فارسی ہے
لفظ نازک سے عربی کے طور پر مصدر
گھڑ لیا ہے۔ عربی میں اس کی کچھ اصل
نہیں +
نزاکت کردن ف۔ اپنی نازک
مزاجی کا اظہار کرنا +
نزاہت ع۔ پاکیزگی۔ پاکی۔ بدی
سے دور ہونا +
نزد۔ نزدیک ف۔ پاس۔ قریب +
نزدیکی ف۔ قربت +
نزر ع۔ اندک۔ قلیل۔ تھوڑا +
نزع ع۔ کسی شے کو اس کی جگہ سے کھینچنا
جان کا نکلنا۔ جان کندن۔ جان کنی +
نزف ع۔ کنوئیں کا تمام پانی کھینچ لینا
سست کرنا۔ خون چلنا۔ جریان خون
نزل۔ نزل ع۔ ضیافت۔ مہمانی جو
مہمان کے آگے رکھیں۔ کھانا جو مہمان
کے واسطے رکھیں۔ رسد۔ تحفہ +
نزلہ ع۔ رسد +
نزم ف۔ وہ بخار جو جاڑوں میں صبح کے
وقت زمین پر ہوتا ہے۔ مگر پنجابی دھند
عربی ضباب +
نزول ع۔ اترنا۔ معنی ازا سرطی +
نزول کردن ف۔ اترنا۔ مقام کرنا

نخیرنا +

نزولی ف - بادشاہی لشکر و سپاہ کے اترنے کا میدان +

نزولی ساختن مکان ف - مکان کو بادشاہی سپاہ و لشکر کے اترنے کی جگہ بنالینا ۔ مکان کو سرکاری کر لینا +

نژ ف - چھت - سقف +

نزہت ع - بے عیب ہونا - پاکیزگی - عمدگی - خوشحالی - تازگی - سیر +

نزہت گاہ - نزہت کدہ ف - پاکیزہ جگہ سرسبز اور تر و تازہ مقام +

نزیدان ف - باہر کھینچنا - باہر نکالنا +

نزیف ع - تپ زدہ - سست - بیہوش جس کا خون نکلا ہو اور اس سبب سے وہ سست ہوگیا ہو - اور وہ شخص جس کی پیاس کے سبب سے زبان خشک ہوگئی ہو +

نزیل ع - مہمان - مسافر - پردیسی جو کہیں سراء وغیرہ میں جا کر اترے +

نون معجمہ مع زائے فارسی

نژاد ف - اصل - نسب +

نژادہ ف - اصیل - نجیب +

نژند ف - غمگین - غریب - فرد +

نژم ف - بھنی - دھند - کہر +

نژند - سرنگوں - پست - خوار - سرگشتہ - غمگین - خفا +

نژیدن ف - باہر کھینچنا +

نون معجمہ مع سین مہملہ

نس ف - ہوش - شعور - عقل +

نس ع - خشک ہونا - اونٹ کو چلانا +

نساف - وہ جگہ جہاں سورج کی روشنی نہ پہنچے - سردہ +

نساج ع - بافندہ - بننے والا +

نسار ف - وہ جگہ جہاں سورج کی روشنی نہ پہنچے - سائبان - سایہ +

نساء ع - عورتیں جمع امراۃ کی ہے - خلاف قیاس - اس لفظ کا قیاسی مفرد نہیں ہے +

نسائج ع - جمع ہے نسیجہ کی بنے ہوئے کپڑے

نسائم ع - جمع ہے نسیم کی ہوائیں +

نسب ع - نسل - نژاد - خاندان +

نسبار ف - گھوڑوں کے چھوٹنے کی جگہ

نسبت ع - لگاؤ - مناسبت - علاقہ - سرود کا وقت کے مناسب ہونا +

نسبت حکمیہ - موضوع اور محمول کا درمیانی واقعہ جو اثبات یا نفی کے طور پر ہو - جیسے العالم حادث جہان حادث ہے العالم لیس بقدیم جہان قدیم نہیں ہے +

نسپہ ف - سی کی چیز - وہ امر کی ایک قسم جسے پنجابی وار کہتے ہیں - - - دو +

نسترن - نستر - نسترون ف - سیوتی کا پھول - سیوتی +

نستعلیق ع - اس کی اصل نسخ تعلیق تھا - چونکہ یہ خط نسخ اور خط تعلیق سے نکلا ہے اس واسطے یہ نام ہوا - بسبب کثرت استعمال کے خاء معجمہ کو حذف کردیا +

نستعلیق حرف زدن ف - شگفتہ فصیح و بلیغ الفاظ بولنا - لفظوں کو ان کے مخرج سے نکالنا +

نستعلیق گو ف - فصیح و بلیغ کلام کرنے والا +

نستوہ ف - نادان - غیر سلیقہ مند - وہ جو اپنی جگہ سے نہ ہٹے - ایک ایرانی پہلوان کا نام ہے +

نستیہن - نستیہن ف - پیران ویسہ سپہ سالار - افراسیاب کے بھائی کا نام ہے +

نسج ع - بننا - کپڑا بننا +

نسخ ع - جمع ہے نسخہ کی کتابیں +

نسخ ع - دور کرنا - رد کرنا - لکھنا - ایک عربی خط کا نام ہے جو خواجہ عماد الدین یاقوت مستعصمی نے ایجاد کیا تھا - فی زمانہ یہی عربی خط رائج ہے - اور چونکہ اس کے ایجاد ہونے سے اگلے سب خط منسوخ اور ساقط ہوگئے اس واسطے اس کا نام بجائے نسخ رکھا ہوا ہے +

نسخہ ع - نوشتہ شدہ لکھا ہوا - کتاب - وہ پرچہ جس پر طبیب دوا لکھ دیتا ہے

نسخہ بردن و برداشتن و بر گرفتن از چیزے ف - نقل کرنا +

نسر ع - گدھ - ایک بت کا نام ہے جسے نوح کی قوم حضرت ادریس کی وفات کے بعد گدھ کی صورت بنا کے پوجتی تھی - اور اس کو مظہر قوت الٰہی کا سمجھتی تھی - درحقیقت میں حضرت ادریس علیہ السلام کے ایک بیٹے کا نام تھا - انہیں کی یادگار کے واسطے اس کو بصورت بت کے بنایا تھا +

نسر ف - وہ پہاڑی جگہ جہاں سورج کی روشنی نہ پہنچے +

نسر چرخ - نسر واقع ف - آسمان کا گدھ - قطب جنوبی کی جانب ایک روشن ستارہ ہے اسے اس واسطے نسر واقع (اترنے والا گدھ) کہتے ہیں کہ اس کی شکل دو اور ستاروں کے قریب کے سبب سے جو اس کے دونوں پہلوؤں میں گویا دو بازوؤں کے ہیں ایسی معلوم ہوتی ہے کہ گویا گدھ زمین پر اترنے کو ہے

نسر طائر ع - منطقۃ البروج سے شمال کی طرف ایک ستاروں کا مجموعہ ہے جس کی شکل مشابہ گدھ کے ہے - اور چونکہ وہ شکل پر پھیلائے اوپر کو اڑتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اس سبب سے اسے نسر طائر (اڑتا ہوا گدھ) کہتے ہیں - اور اسی کو عقاب بھی کہتے ہیں

نسرین ف - سیوتی کا پھول - سیوتی کا درخت +

نسرین ف - نسرین شمار - نسر واقع +

نسرین بدن - نسرین عذار ف - معشوق - محبوب

نسرین نوش ف - سلطان جہانگیر کی بیٹی کا نام ہے جو بہرام گور کی معشوقہ تھی

نسطور ع - ترساؤں کے ایک مجتہد یا پیغمبر کا نام ہے +

نسطوری ع - وہ شخص جو ترسایان - یا وہ ترسائی +

نسطوریہ ع - نصاریٰ کا ایک فرقہ ہے

نسف ع - پہاڑ کا اکھیڑنا +

نسف ع - ایک بت کا نام ہے +

نسق ع - روش - دستور - ترتیب +

نسق بندھنا - انتظام ہونا +

نسق چی ف - چوبدار - شہر اور لشکر کے لوگوں کا منتظم +

نسک ف - مسور کی دال +

نساک ع - عابد - پاک کرنا +

نسک ع - قربانی - عبادت +

نسک ع - جمع ہے نسیکہ کی قربانیاں

نسل ع - اولاد - قبیلہ +

نسلا بعد نسل ع - پشت بہ پشت +

نسلاں ف - سیاہ انگور کی ایک قسم +

نسم ع - آدمی - دم - روح +

نَسَمات ع۔ و مواج۔ نوکر۔ جمع نسمہ کی
نَسَمَت ع۔ آدمی۔ روح۔ جان +
نَسناس ع۔ بن مانس۔ انسان کے مشابہ
ایک جانور ہے جس کی ایک ہی ٹانگ ہوتی ہے +
نَسو۔ نَسوو ف۔ نرم۔ ہموار +
نِسوان۔ نِسوہ ع۔ جمع امراۃ کی جو
غیر لفظ سے عورتیں +
نَسودی ف۔ کاشتکار لوگ۔ اور یہ
تیسری قسم ہے۔ طوائف مردم سے
جن کی تقسیم جمشید نے کی تھی۔ اس کی تشریح
دیکھو لفظ کاتوزی میں +
نَسی ع۔ بہت بھولنے والا۔ اور وہ شخص
جس کو قوم میں شمار نہ کریں +
نَسی ع۔ اُدھار اور دیر کرنی +
نِسی ع۔ فراموش +
نَسیاً منسیّا ع۔ فراموش۔ بھلایا ہوا۔
یعنی بہت بھولا ہوا۔ بھولا بسرا +
نَسیان ف۔ فی لغت۔ خلاف کرنا +
نِسیان ع۔ فراموشی۔ بھولنا۔ بھول +
نَسیان ع۔ بھلکڑ۔ جو بہت جلد بھول جائے +
نَسیب ع۔ شخص عالی نسب۔ شہزادہ +
نَسیج۔ نَسیجہ ع۔ بنا ہوا جامہ۔ حریر
زربفت +
نَسیق ع۔ منتظم۔ آراستہ کیا گیا +
نَسیم ع۔ نرم ہوا۔ ٹھنڈی ہوا۔ خوشبودار ہوا +
نَسیم سحر ع۔ صبح کی ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا +
نَسیمن ف۔ نماز پڑھنا۔ عبادت کرنا
نَسیئہ ع۔ قرض۔ دام۔ اُدھار +

نون معجمہ مع شین معجمہ

نَش ف۔ سایہ۔ سایہ کی جگہ +

نشا ف۔ نشہ۔ الف سے لکھنا غلطی ہے
ہ سے چاہئے +
نَشاء ع۔ پیدا کرنا۔ نو پیدا ہونا۔ مجازاً
جہان و عالم۔ تیسرا حرف اس میں الف
نہیں ہے۔ بلکہ ہمزہ ہے۔ جو بصورت
الف لکھا جاتا ہے +
نَشأ تعلق۔ نشأ صوری ع۔ عالم
تعلق۔ اور عالم ظاہر۔ دنیا سے کنایہ ہے +
نَشّاب ع۔ تیرگر۔ تیر بنانے والا +
نشاپور۔ نیشاپور ف۔ ایران کے صوبہ
خراسان میں ایک شہر ہے۔ اصل میں یہ
لفظ نہ شاپور تھا۔ یعنی شہر ہے یعنے
شاہ پور کا شہر۔ کثرت استعمال سے
نیشاپور ہوا۔ اور اس کا مخفف نشاپور ہو گیا ہے
نَشاءت ع۔ پیدائش۔ زمین سے
سیدھا اُگتا درخت کا جو ابھی پیدا ہو +
نَشاءتین ع۔ دو نو جہان یعنی دنیا
اور آخرت +
نشاختن۔ نشاخیدن ف۔ بٹھلانا
تعین کرنا۔ خاص کرنا۔ خبر دینا۔ آشکارا
کرنا +
نُشارہ ع۔ لکڑی اور ہاتھی دانت
وغیرہ کا بُرادہ +
نِشارہ ف۔ چوب پوسیدہ۔ جو
آرے کی مانند ہو گئی ہو +
نشاستہ ف۔ نشاستہ جو مشہور کھانا
ہے۔ چونکہ اس کے بنانے میں گیہوں کو
دو دن پانی میں بھگاتے ہیں۔ اس واسطے
یہ نام رکھا گیا +
نِشاستن ف۔ بٹھلانا +
نَشاط ع۔ خوشی۔ شادمانی۔ اور بڑا
عبداللہ ہے۔ مستند اردو کا تخلص بھی ہے
جو فتح علی شاہ قاچار بادشاہ ایران کے
عہد میں ہوا ہے۔ فن انشا پردازی اور
شاعری میں کامل دستگاہ رکھتا تھا۔ اور
عربی اور ترکی زبان سے بھی آگاہ تھا۔
گنجینہ مستند جو اس کے نظم و نثر کا کلیات
ہے طہران دار الخلافہ ایران میں طبع ہو گیا ہے +
نَشّاف ع۔ جاذب۔ اپنی طرف کھینچنے والا +
نُشاف ع۔ جنون۔ دیوانگی۔ خبط +
نَشاک ف۔ شکر +
نِشان ف۔ فوج کا علم۔ لشکر کا جھنڈا
بادشاہ کا فرمان۔ تمغہ۔ علامت +
نِشاندن ف۔ بٹھلانا۔ رکھنا +
نشانہ ف۔ تیر یا گولی مارنے کی جگہ +
نشانی ف۔ علامت +
نِشانیدن ف۔ بٹھلانا +
نَشب ع۔ مال جو ناطق ہو یا صامت
پانی۔ زمین +
نشپل ف۔ کسی چیز پر ہاتھ مارنا۔ دو چیزوں
کو ایک دوسرے پر سینا۔ یا چپکانا +
نشپیل ف۔ تالاب۔ گندی +
نشت ف۔ خراب۔ خلل۔ سُست
پژمردہ۔ زبون +
نِشت ف۔ خوش۔ نیک +
نِشتر ف۔ مخفف ہے نیشتر کا۔ فصد کھولنے
کا اوزار +
نِشتن ف۔ نشستن کا مخفف ہے +
نشخار۔ نشخوار۔ نشخور۔ نشوار ف
جگالی کرنا +
نِشدت ع۔ جستجو کرنا۔ گم ہوئی چیز کا
ڈھونڈنا +

نشر ع۔ ہوائے خوش۔ مردہ کا دوبارہ
کو سرسبز ہونا۔ مُردے کو زندگی کا
پھیلانا۔ فاش کرنا۔ باز زندگی +
نَشر ع۔ پراگندہ ہونا۔ پراگندہ
پراگندہ گمان +
نُشرہ ع۔ تعویذ۔ افسون۔ لڑکوں کے
لئے ورد لکھنا۔ قرآن شریف ختم کرنے کی خوشی
نَشز۔ نَشز ع۔ اونچا بیٹھنا۔ بلندی پر
جا بیٹھنا۔ اونچا مکان +
نِشستن ف۔ بیٹھنا۔ رہنا +
نِشستن آتش و چراغ ف
آگ اور چراغ کا بجھ جانا +
نِشستن آفتاب و ماہ ف
سورج اور چاند کا ڈوب جانا +
نِشستن بر چیزے ف۔ کسی چیز
پر سوار ہونا +
نِشستن تپ و رنج ف۔ تپ
اور رنج کا جاتا رہنا +
نِشستن صورت کار ف۔
کام کا اصلاح پذیر ہونا۔ کام کا سنور جانا +
نِشستن گاہ ف۔ اقامت گاہ +
نَشط ع۔ بیر چرخی کے ڈول سے ڈول
کھینچنا۔ سانپ کا کاٹنا +
نَشف ع۔ جذب کرنا۔ کپڑے کا پسینے
یا عرق کو جذب کرنا +
نَشق ع۔ سونگھنا +
نشکردہ ف۔ ریتی۔ چماروں کا اوزار
جس سے چمڑا کاٹتے ہیں +
نشکنج ف۔ چٹکی بھرنا۔ دو انگلیوں میں
کسی کے گوشت کو دبانا۔ جس سے کہ
درد پہنچے۔ پنجابی میں چونڈی وڈھنا +

نشگنجیدن ف۔ نچوڑنا۔ پچھاڑنا۔ چوسنا۔ اڑانا ٭
نشو ع۔ اُگنا۔ بڑھنا۔ پیدا ہونا ٭
نشو ف۔ ہموار۔ صاف۔ سادہ
پھیلنے والا بدن ٭
نشوان ع۔ مست۔ متوالا ٭
نشور ع۔ زندہ ہونا۔ اور یوم النشور۔
روز قیامت۔ صبح نشور۔ صبح قیامت ٭
نشوز ع۔ عورت کا خاوند سے مواقفت
نہ کرنا۔ خاوند سے بھاگنا۔ عورت کی
اپنے خاوند سے ناسازگاری ٭
نشوق ع۔ رقیق دوائی جو ناک میں ڈالیں ٭
نشو و نما ع۔ پیدا ہونا۔ اور بڑھنا۔ اُگنا
اور بڑھنا ٭
نشوہ ف۔ مستی ٭
نشہ ف۔ بیہوشی۔ ہوش کا شراب
یا بھنگ کے سبب جاتے رہنا ٭
نشیب ف۔ زمین پست۔ نچان۔ پستی ٭
نشید ع۔ شعر خوانی کرتے آواز بلند کرنا ٭
نشیدن ف۔ سرود۔ گیت ٭
نشیدن ف۔ مخفف ہے نشاندن کا ٭
نشیم نشیمن ف۔ خلوت کی جگہ۔ آرام
کی جگہ۔ آشیانہ۔ پرندوں کا گھونسلا ٭
نشیمن دو ف۔ دنیا ٭
نشیمن گاہ ف۔ خلوت خانہ۔ آرامگاہ
پرندوں کا گھونسلا ٭
نشین ف۔ بیٹھنے والا۔ مقطعاً ٭

نون معجمہ مع صاد مہملہ

نص ع۔ بولنا۔ بیچ میں خوب بار یکیاں نکالنی
تاکہ اصل حال کھل جاوے۔ بلند کرنا۔ ظاہر
کرنا۔ حسب قصے۔ ہر کلام ہر ع ٭

ظاہر ہو۔ وہ آیت قرآنی جو صاف اور
واضح طور پر اپنے معنوں کو ظاہر کرے
کسی قسم کا شبہ و شک اس میں باقی
نہ رہے ٭
نصاب ع۔ زر۔ سرمایہ۔ پونجی
اتنا مال جس پر زکوٰۃ واجب ہو۔
مقدار اُس کی چاندی میں آٹھ روپیہ
سوا دو آنہ ہے۔ سونے میں بیس مثقال
چاندی میں چالیسواں حصہ بطور زکوٰۃ
آتی ہے۔ اور سونے میں پانچ حصہ اِشتال
یعنی دو ماشہ سُرخ آتی ہے ٭
نصّاح ع۔ جمع ہے ناصح کی نصیحت کرنیوالے
نصاریٰ ع۔ جمع نصرانی کی یعنی
عیسائی۔ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی اُمت کے
آدمی۔ اسواسطے کہ مولد آں جناب گو اگرچہ
بیت اللحم تھا۔ لیکن آپ کا لڑکپن
اور جوانی کا وقت زیادہ تر ناصرہ ہی میں گزرا
چنانچہ اسی واسطے آپ یسوع ناصری
کہلائے۔ (دیکھو متی ۲ باب ۲۳ آیت)
یہ قریہ ناصرہ جو مضافات بیت المقدس کے
ملک شام میں ہے۔ قریباً اڑھائی سو میل
اس سے ہو گی۔ مگر سب کی سب پختہ آبادیکین
شہر کبھی ہو گئی ہے اور اب سلطان روم کے
قبضے میں ہے ٭
نصال ع۔ جمع ہے نصل کی تیروں کی پیکان
نصائح ع۔ جمع نصیحت کی ٭
نصب ع۔ برپا کرنا۔ دفن رکھنا
حرکت زبر کی حالت کلمہ معرب میں
نُصُب ع۔ بت۔ اور جو چیزیں پوجا
کے واسطے قائم کریں ٭

نصف درہم ۴ ماشہ کا ہوتا ہے۔ ۲۰ مثقال ۵۰ تولہ

نصب کردن ف۔ استادہ کرنا
جانا۔ لگانا ٭
نصب العین ع۔ مدّنظر۔ مقصود خاطر
مقابل چشم۔ روبرو۔ سامنے ٭
نُصح ع۔ نصیحت کرنا۔ پند ٭
نصر ع۔ مدد کرنا۔ یاری کرنا ٭
نَسر ع۔ نیز نام عرب کے ایک بت کا نام تھا
قبیلہ بنی اسد کے بزرگ کا نام بھی ہے ٭
نصرانی ع۔ جو شخص نصاریٰ سے ہو ٭
نصرت ع۔ مدد کرنا۔ کمک دینا۔ مدد کمک ٭
نصع ع۔ سفید چمڑا ٭
نصف ع۔ آدھا۔ $\frac{1}{2}$ ٭
نصفت ع۔ انصاف۔ نیاؤ ٭
نصفی ف۔ شراب کا ایک قسم کا پیالہ
پیالہ ٭
نصل ع۔ پیکان تیر و نیزہ۔ تیر یا نیزہ
کی بھال ٭
نصوح ع۔ صاف۔ خالص۔ توبہ اسقدر
کہ پھر گناہ کرنے کا ارادہ نہ ہو۔ ایک
حجام کا نام ہے۔ جس کا قصہ مثنوی مولوی
میں ہے ٭
نصوص ع۔ قرآن مجید کی وہ آیتیں
جن کے معنے ظاہر اور کھلے ہوں ٭
نصول ع۔ نصل کی جمع ہے ٭
نصیب ع۔ قسمت۔ حصہ۔ تقدیر ٭
نصیبہ ع۔ قسمت۔ بخت ٭
نصیبین ف۔ ملک روم کے مشرقی
حصے میں ایک شہر ہے جو کوہ جودی کے پاس
بستا ہے۔ وہاں کے بچھو بھی بہت ہیں ٭
نصیح ع۔ نصیحت کرنے والا ٭
نصیحت ع۔ پند۔ بھلے کی بات۔ خیرخواہی ٭

نصیحت پذیر ف۔ نصیحت ماننے والا ٭
نصیحت گو۔ نصیحت گر۔
نصیحت گزار ف۔ ناصح ٭
نصیر ع۔ مددگار۔ یاری دہندہ
نصیرالدین ابوجعفر محمد بن حسن کا لقب ہے
وہ ایک بڑا بھاری فاضل اور حکیم تھا
پہلے تو قہستان کے حاکم کا ملازم تھا
اور وہیں اس نے اخلاق ناصری تصنیف
کی پھر قید ہو گیا۔ اور جب ہلاکو نے ایران
فتح کیا تو یہ اُس کی خدمت میں حاضر ہوا اور
ثبے دبے کو پہنچا۔ ہلاکو نے معتصم باللہ
خلیفہ بغداد پر اسی کے کہنے سے حملہ کر کے
اُسے قتل کیا۔ مذہب اُس کا امامیہ تھا
شرح اشارات۔ تجرید وغیرہ عمدہ کتابیں
اِس کی تصنیف سے ہیں سنہ ۶۷۲ھ میں وفات پائی
نصیری ع۔ ایک فرقہ کا نام ہے۔ جو
منسوب نصیر سے ہیں نصیر ایک شخص
فدائی حضرت علیؓ کا تھا۔ اب نصیری بھی
فدوی جان نثار کے ہیں ٭
نصیف ع۔ چادر یا دوختہ یعنی ایک
قسم کپڑا۔ نیم ہر چیز۔ خادم ٭

نون معجمہ مع ضاد معجمہ

نضار ع۔ زر۔ سونا خالص۔ طلا ہر شے
خالص ٭
نضارت ع۔ تازگی۔ آبداری ٭
نضج ع۔ میوہ کا پکنا۔ پہنچنے کی کھانا پکنا
اور اور خلط کا پک جانا۔ طبیبوں کی
اصطلاح میں رقیق خلط کا غلیظ ہو کر اور
غلیظ کا رقیق ہو کر نکلنا ٭
نضح ع۔ پانی کھینچنا ٭

نَفَرِخ ۔ ذرہ سنا ۔ دہ رونق ۔ تر و تازگی ✦
نَفَر ع ۔ خالص چیز ✦
نَضرت ع ۔ تازگی ✦
نَضُو ع کپڑے اتار کر ننگا کرنا ۔ تلوار کا آگے نکل جانا ۔ خضاب کا رنگ پھیکا پڑنا ✦
نَضوب ع ۔ پانی کا زمین میں جذب ہونا ۔ رواں ہونا ۔ مرنا ✦
نَضیج ع ۔ پختہ ۔ پکا ہوا ✦
نَضید ع ۔ تو بر تو ۔ تہ بر تہ ✦
نَضیر ع ۔ تازہ و آبدار ۔ سونے چاندی کے ایک ٹکڑے کو کہتے ہیں ✦

نون معجمہ مع طائے مہملہ

نِطاق ع ۔ عرب کے ایک قبیلے کا نام ہے ✦
نِطاق ع کمربند ۔ مرد کا پٹکا ✦
نَطح ع بھیڑ وغیرہ کا سینگ مارنا ✦
نِطع ع چمڑے کا فرش ۔ مستطیل فرش ۔ وہ چمڑا جو فقیر کمر پر باندھ لیتے ہیں ۔ یہ وہ جس پر خونی کی گردن مارتے ہیں ✦
نِطع پوشان ف پہلوان لوگ ✦
نِطعی ع چمڑے کا پاجامہ ۔ جو کشتی کرتے وقت پہلوان پہنتے ہیں ✦
نَطف ع عیب ۔ بدی ۔ تباہی ۔ بدنام ۔ عیب آلودہ ہونا ✦
نُطف ع جمع نُطفہ کی ✦
نُطفہ ع آب صاف و روشن ۔ منی ✦
نُطق ع بات کرنا ۔ بولنا ۔ گویائی ✦
نُطُو ع تمنا ۔ دوری ۔ خاموشی ✦
نُطُول ع گرم پانی کا چھینٹا یا پانی گرم کر کے بدن پر ڈالنا ✦

نَطَلی جو معنے دوریع غلط لفظ ہے دراصل نطعی ہے ۔ (لام اور نطع ہے)

نون معجمہ مع طائے معجمہ

نُظّار ع ۔ کی جمع ہے ۔ دیکھنے والے ۔ نگہبان ✦
نِظارت ع نظر کرنا ۔ کسی چیز کو دیکھنا ۔ نگہبانی ✦
نِظارت پیشہ ف نگاہبان ۔ خواجہ سرا ✦
نَظّارگان ۔ نَظّارگیان ف دیکھنے والے ۔ بتخفیف و تشدید ظا مستعمل ہے ✦
نَظّارگی ف دیکھنا ۔ دیدبازی کرنا ۔ مجازاً دیکھنے والا ✦
نَظّارہ ع کسی چیز کا دیکھنا ۔ فارسی والے بہ تشدید ظا بھی استعمال کرتے ہیں ✦
نَظافت ع پاکیزگی ✦
نَظّام ع ۔ ایک حکیم کا نام ہے جو مذہب معتزلہ سے تھا اور اس کا خیال تھا کہ جسم میں اجزا غیر متناہی بالفعل موجود ہیں بخلاف اسکے حکما کا مذہب ہے کہ اجزا متناہی بالقوہ ہیں اور متکلمین کا مذہب ہے کہ اجزا متناہی بالفعل ہیں ۔ جب نظام پر اعتراض کیا گیا کہ قطع مسافت کے وقت مسافت کے اجزا غیر متناہی سے حرکت کی محاذات ہوئے پر حرکت اور زمانہ قطع مسافت کا غیر متناہی ہونا لازم آتا ہے جو باطل ہے تو وہ طفرہ کا قائل ہو گیا یعنی کہ محاذات ضروری نہیں ۔ جو اسکی حکمت دانش پیدا و فرغ سمجھا جاتا ہے ✦
نُظّام ع ۔ جمع ناظم کی ✦
نِظام ع ۔ رشتہ جواہر ۔ ہر چیز کی آراستگی ملک شاہ سلجوقی کے وزیر نظام الملک کا نام ہے جس نے بغداد میں مدرسہ اسلامیہ نظامیہ بنایا تھا ۔ حیدرآباد دکن کے رئیس کا لقب ہے ✦
نِظام الدین اولیاء خان آرزو لکھتے ہیں ۔ کہ خواجہ کا لقب ان کا نظام الدین ہے ۔ اہل ہند نظام الدین اولیا کہنے لگے ہیں اور اطلاق اولیا کا رجوع جمع کی طرف ایک پر کرتے ہیں ۔ سنہ ... میں وفات پائی فریدالدین شکر گنج کے مرید تھے ✦
نِظام بطلیموسی ع حکیم بطلیموس کا نظام جس میں زمین مرکز عالم قرار دی گئی ہے اور اس کے گرد کل کواکب اور سورج اور چاند وغیرہ گردش کرتے مانے گئے ہیں ✦
نِظام شمسی ع ۔ فیثاغورث کا نظام جس میں آفتاب مرکز عالم قرار دیا گیا ہے اور اس کے گرد زمین وغیرہ کل کواکب سیارہ گردش کرتے ہوئے مانے گئے ہیں ✦
نَظائر ع جمع ہے نظیر کی ۔ امثال ✦
نَظر ع نگاہ ۔ فکر ✦
نَظر آب دادن ۔ بہ نظر آب دادن ف مرغوب شے کے دیکھنے سے آنکھوں کو ٹھنڈک بخشنا فیض دیدار حاصل کرنا ✦
نَظرباز ف وہ شخص جو حرف دیکھنے کا مزا اٹھائے ۔ جاسوس ۔ متجسس ✦
نَظر بر چیزے دوختن ۔ نظر بر چیزے بستن ف اُس چیز کی طرف کمال توجہ کرنا ✦
نَظربند ف وہ قیدی جو نظر سے غائب نہ ہونے پائے ✦
نَظرتنگ ف ۔ کنجوس ✦
نَظر داشتن بر چیزے ف ۔ دیکھنا ✦
نَظر سیاہ کردن بر چیزے ف کمال رغبت سے دیکھنا ۔ ہر چیز پر شیفتہ اور فریفتہ ہونا ✦
نَظر غلط انداز ف ۔ معشوق کی وہ نظر جو عاشق کو دھوکا دے ۔ یعنی ہر ایک عاشق یہی خیال کرے کہ خاص مجھی کو دیکھ رہا ہے ✦
نَظرگاہ ف ۔ اولیاؤں کا آستانہ ✦
نَظر گردانیدن از چیزے ۔ نظر افگندن از چیزے ف ۔ منہ پھیرنا ۔ اعراض کرنا ✦
نَظر گرم کردن بچیزے ۔ نظر نہادن بہ چیزے ف ۔ ملاحظہ کرنا ۔ دیکھنا ✦
نَظری ع ۔ ایک قسم حکمت کی دونوں قسموں میں سے جس کو حکمت علمی بھی کہتے ہیں اور معنی اس کے تصور حقائق موجودات کے ہیں اور اس کی قسمیں بہت ہیں جیسے علم ہیئت ۔ مناظرہ و مرایا ۔ تشریح ۔ علم معادن و نباتات ✦
نَظریافتن ف ۔ فیض اٹھانا ✦
نَظم ع پرونا ۔ موتیوں کو لڑی میں پرونا ۔ مجازاً کلام موزون ۔ شعر ✦
نَظم آرائے سخنوران ف ۔ قافیہ ✦
نَظم سنجی ۔ نظم گستری ف ۔ شاعری ✦
نَظم و نسق ع انتظام کرنا ۔ اور اس کا انتظام اور بندوبست ✦
نَظیر ع ۔ مانند ۔ مثل ✦
نَظیف ع ۔ حلال ۔ پاک ۔ طاہر مصدر نظافت سے ہے ✦

نون معجمہ مع عین مہملہ

نُعاب ع ۔ کوے کا بچہ ۔ چیخ زاغ ✦
نِعاج ع ۔ جمع نعجہ کی ۔ بھیڑیں ✦
نُعاس ع ۔ غنودگی ۔ نیند کرنا ✦
نِعال ع ۔ جمع ہے نعل کی ✦
نَعامہ ع شتر مرغ ✦

نُعامےٰ ع۔ جنوب کی ہوا ۔

نعائم ع۔ منازل قمر میں سے بیسویں منزل کا نام ہے۔ نعامہ کی جمع بھی ہے ۔

نعت ع۔ تعریف۔ صفت۔ خصوصاً تعریف جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ۔

نغبغ ع۔ سپیدی خالص۔ گرائی دل ۔

نعجہ ع۔ مادہ میش۔ بھیڑی ۔

نعرہ ع۔ آواز جو زور سے کی جاوے۔ آواز بلند۔ للکار ۔

نعس ع۔ نرمی اور سستی سونے کی۔ سستی جسم کی ۔

نعش ع۔ مردہ کا جنازہ۔ لاش ۔

نعش کسے برتیر زدن ف۔ اکال خش اور عداوت رکھنا ۔

نعل ع۔ جوتی۔ پاپوش۔ کفش۔ گھوڑے وغیرہ کے پاؤں کی نعل ۔

نعل افگندن۔ نعل ریختن۔ ف۔ چلنے سے رہ جانا۔ تھک جانا۔ دوڑنا۔ جلدی چلنا ۔

نعل بر آتش نہادن۔ نعل در آتش نہادن ف۔ کسی کو بیقرار و بےچین کرنا ۔

نعل بستن ف۔ گھوڑے وغیرہ کی نعل باندھنا ۔

نعلبند ف۔ وہ شخص جو پاؤں کی نعل باندھتا ہے ۔

نعل بہا۔ جو مال کہ کوئی چھوٹا راجہ یا بادشاہ اپنے ملک کی آمدنی میں سے دوسرے قوی بادشاہ کو دے۔ وہ خراج جو محکوم بادشاہ بڑے بادشاہ کو دے ۔

نعل چوبین ف۔ کھڑاؤں ۔

نعل در آتش ف۔ بے قرار و بےچین۔ ساحروں کا دستور ہے کہ کسی کا نام گھوڑے وغیرہ کی نعل پر نقش کرکے اس کو آگ میں ڈالتے ہیں اور کچھ منتر اس کے مناسب حال اس پر پڑھتے ہیں تو وہ شخص اپنے طالب کی محبت میں مضطرب اور بیقرار ہو کر حاضر ہو جاتا ہے ۔

نعل زنگی۔ نعل اسم ف۔ چاند ۔

نعل و داغ ف۔ وہ ایک عاشق مزاج اور قلندر اپنے بدن پر نعل کی شکل کا داغ کرتے ہیں ۔

نعل وارژگون بستن ف۔ لوگوں کا اپنی طلب میں تحقیق کرکے مقصود کے خلاف سرگردان کرنا ۔

نعلین ع۔ دو جوتیاں۔ تثنیہ نعل کا ہے ۔

نِعَم ع۔ جمع نعمت کی۔ نعمتیں ۔

نَعَم ع۔ کلمہ ایجاب و تصدیق۔ ہاں ہاں ۔

نُعم ع۔ تازگی۔ نرمی۔ خوبی ۔

نَعَم ع۔ نعمت۔ صیغہ اسم جنس کا ہے جمع نہیں ہے۔ بعضے اس کو جمع کہتے ہیں ۔

نعمان ع۔ ایک بادشاہ عرب کا نام ہے جس کو نعمان بن منذر کہتے ہیں اور نام امام اعظم ابوحنیفہ کوفی رحمۃ اللہ کا ۔

نعم البدل ع۔ بہتر بدلہ۔ نیک عوض ۔

نعمت ع۔ مال۔ روزی۔ ناز۔ آسایش۔ کوئی بخشش۔ عطا ۔

نعمت جدرا التمر ف۔ نعمت بہشت ۔

نعمت کدہ ف۔ بہشت ۔

نعناع۔ نعنع ع۔ پودینہ ۔

نُعوت ع۔ جمع نعت کی ۔

نعوذ ع۔ پناہ مانگتے ہیں ہم ۔

نعوذ باللہ ع۔ پناہ مانگتے ہیں ہم خدا کی۔ خدا کی پناہ۔ نفرت ظاہر کرنے کے موقع پر یہ کلمہ بولتے ہیں ۔

نعوس ع۔ شتر پر دانہ۔ بددو والی اونٹنی ۔

نعومت ع۔ نازکی۔ نرمی۔ نازک ہونا۔ نرم ہونا ۔

نعی ع۔ خبر مرگ۔ موت کی خبر ۔

نعیب نعیق ع۔ کوّے کی آواز۔ بانگیدن ۔

نعیم ع۔ بہشت۔ نعمت۔ نیکی۔ دستر۔ مال۔ ناز ۔

نعیم پاک ف۔ اعمال نامہ۔ طاعت عبادت ۔

نون معجمہ مع غین معجمہ

نغاک ف۔ ابلہ احمق۔ حرامزادہ۔ ولد الزنا ۔

نغز ف۔ خوب۔ خوش۔ بہتر۔ نادر۔ عمدہ۔ اچھا۔ چست و چالاک ۔

نغز بوئے ف۔ عمدہ۔ خوشبودار ۔

نغزک ف۔ انبہ۔ آم ۔

نغل ف۔ چارپایوں کے ساتھ گلدار رہنے کی جگہ جو ویرانہ میں ہو سیر لب آبی ۔

نغل ع۔ تباہ ہونا۔ خراب و برباد ہونا ۔

نغم ع۔ جمع نغمہ کی۔ گیت اور راگ ۔

نغمات ع۔ خوش آوازیں۔ سریلی آوازیں ۔

نغمہائے نیم رنگ ف۔ آلام لگے ۔

نغنغہ ع۔ آواز لطیف۔ سرود ۔

نغول ف۔ سیڑھی۔ نردبان ۔

نغول ف۔ عمیق۔ گہرا۔ دور دراز ۔

نغول ف۔ مویشیوں کی تیاسگاہ جو ویرانہ میں ہو ۔

نغولہ ف۔ جوڑا۔ زلف خوبان ۔

نغولی ف۔ تمق۔ غور ۔

نون معجمہ مع فا

نفاثات ع۔ جادو کرنیوالیاں۔ منتر پڑھ کر پھونکنے والی عورتیں ۔

نفاخ ع۔ پھلانیوالا ۔

نفاد ع۔ ختم ہو جانا۔ ہو چکنا ۔

نفاذ ع۔ حکم کا جاری ہونا۔ تیر کا نشانہ سے گذر جانا۔ اصطلاح شعرا میں حرکت وصل اور خروج اور مزید کو نفاذ کہتے ہیں۔ جیسا موتو ہو ۔

نفار ع۔ بہت نفرت کرنے والا ۔

نفاس ع۔ عورت جب زچہ ہوتی ہے اور خون اس کا جاری ہوتا ہے اس خون کے اجرا کو نفاس کہتے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ مدت اس کی چالیس دن ہے اور کم کی حد مقرر نہیں۔ خون ولادت ۔

نفاست ع۔ خوبی۔ پسندیدگی۔ لطافت۔ حسد اور بخیل کرنا۔ عورت کا بچہ جننا ۔

نفاع ع۔ بہت فائدہ پہنچانے والا ۔

نفاغ ع۔ جمع نفخ کی ۔

نفاغ ف۔ بڑا پیالہ۔ تیغ بزرگ ۔

نفاق ع۔ دل میں کچھ اور ہونا اور ظاہر کچھ اور کرنا۔ دوروئی۔ دشمنی رکھنا۔ دشمنی۔ کینہ ۔

نفاق ع۔ کسی چیز کا بکسش ہونا ۔

نفایہ نفایت ع۔ ردی و خام زشت۔ زبون شے ۔

نفائح ع۔ بوئے خوش ۔

نفائس ع۔ جمع ہے نفیس کی۔ عمدہ چیزیں۔ قیمتی چیزیں ۔

نفت ف۔ ایک قسم کا روغن جو ...

زمین سے نکلتا ہے۔ وہ دو قسم کا ہوتا ہے
زرد اور سفید۔ سیاہ کو جلاتے ہیں۔ اور سفید
بہت عمدہ ہوتا ہے۔ اس کو دواؤں میں
استعمال کرتے ہیں۔ کبھی مجازاً بادوت
کے معنے میں بھی آتا ہے۔ جیسا ان میں آگ لگا
کہ نفت ایک دوا حکیم بناتے ہیں۔ کہ جہاں
اسے ڈالتے ہیں۔ آگ لگ جاتی ہے
اس کا معرب نفط ہے +
نَفث ء ابھرنا۔ کسی چیز کا نفث ہونا
نَفثیِ ث وہ کاغذ جس پر کچھ لکھیں +
نِپھنا ء عورت کے پستان کی وجہ سے
کی بندی۔ وہ شخص جس کے منہ سے بولتے
وقت پانی گرے +
نَفح ء خوشبو۔ ہوا کا چلنا +
نَفحات ء۔ خوشبوئیں جمع نفحہ کی +
نَفحت۔ نَفحہ ء خوشبو۔ لپٹ +
نَفخ ء پھونکنا۔ ہوا سے بھرنا +
نَفخات ء۔ جمع نفخہ کی +
نَفخہ ء۔ پھونک +
نَفخ رُوح ء وہ دم جو جبرئیل علیہ السلام
نے مریم کی آستین میں دیا تھا +
نَفخ صُور ء وہ صور جو قیامت کے دن
حضرت اسرافیل علیہ السلام پھونکیں گے
اور تمام دنیا نیست و نابود ہو جائیگی +
نَفَد ء روانی کسی شے کی۔ جاری
ہونا کسی چیز کا +
نَفَر ء تین سے دس تک آدمیوں کا
گروہ۔ فارسی والے ایک شخص پر اطلاق
کرتے ہیں۔ چاکر +
نَفرت ء کسی چیز سے بھاگنا۔
گھن کرنا +

نَفریدن ف لعنت کرنا۔ پھٹکارنا
نَفریں ف دعائے بد۔ لعنت۔ پھٹکار
نَفَس ء سانس۔ دم۔ اس کی جمع انفاس
آتی ہے +
نَفس ء۔ جان۔ روح۔ حقیقت شے کی۔ کسی
عین چیز کا۔ اس کی جمع نفوس آتی ہے۔ صوفیوں
کے نزدیک نفس کی تین قسمیں ہیں۔ امارہ۔ لوامہ۔
مطمئنہ۔ اور معنے ذات کے استعمال میں ہے +
نَفس آباد ف۔ سینہ۔ سپہر اور دنیا
انسانی سے مراد ہے +
نَفس الامر ء۔ واقعی کام۔ تحقیق۔ دنیا
نَفس امّارہ ء نفسانی خواہشوں کے
حکم کرنے والا نفس۔ انسان کی خواہش طبیعت
جو لذات دنیا کی طرف ہو۔ یہ نفس گنہگاروں
کا ہے۔ امارہ صیغہ مبالغہ کا ہے۔ اس کے
معنے ہیں بہت حکم کرنے والا +
نَفسانی ء۔ منسوب بہ نفس +
نَفسانیت ء خود غرضی۔ آپ کا کسی
غرور +
نَفس بر آوردن ف۔ کلام کرنا۔ بولنا
نَفس بہیمی ء حیوان کی جان یا
نفس امارہ +
نَفس دراز ف بسیار گو +
نَفس درست کردن۔ نَفس لست
کردن ف توقف کرنا۔ آرام لینا
نَفس گرہ ف وہ کلام جس کا پڑھنا اثر رکھے
نَفس زدن ف سانس لینا +
نَفس سوختن ف ہانپنا۔ سانس چڑھنا
بہت محنت اور تکلیف اٹھانا +
نَفس شماری ف حالت جان کنی کی
نَفس فرو خفتن ف دم بند ہونا۔ خاموش

نَفس گرسنہ۔ نَفس سوختہ ف جواں
خاموش۔ ساکت۔ چپ +
نَفس گشادن ف کلام کرنا +
نَفس کُل ء عرش سے مراد ہے
نَفس لوّامہ ء لوامہ مشتق ہے لوم اور
لوم سے۔ اس کے معنے بہت ملامت کرنے
والا۔ اصطلاح صوفیہ میں بہت ملامت
کرنے والا اپنے نفس کو گناہوں پر خود دل
کی ہدایت سے۔ یہ نفس صالحین اور اولیا
کا ہے۔ ایک اور قسم کا نفس ہے جسے ملہمہ
کہتے ہیں۔ وہ اطمینان میں ہوتا ہے
گناہوں سے۔ صفات ذمیمہ سے بالکل پاک اور
صفات حمیدہ سے متصف۔ تو یا الہی پیغمبر
معصوم ہو جاتا ہے۔ یہ نفس پیغمبروں کا ہے
نَفس مطمئنہ ء آدمی کا جی اول کھیل
میں اور مزوں میں غرق ہوتا ہے مگر نیکی
کی رغبت نہیں کرتا۔ ایسے جی کو کہتے ہیں امارہ
بالسوء۔ پھر ہوش پکڑا۔ نیک و بد کو پہچانا
کبھی اپنی خو پر دوڑ پڑا۔ پیچھے پچھتا کے الٹا
دیا۔ ویسا ہی ہے لوامہ۔ پھر جب پورا ہو
گیا۔ دل سے رغبت نیکی ہی پر رہی بیہودہ
کام سے آپ ہی بھاگے اور ایذا کھینچے
دیسے کا نام ہے مطمئنہ
نَفس ناطقہ ء بولنے والی روح۔ اصطلاح
حکماء میں روح اور جان کو کہتے ہیں
نَفس نباتی ء روح نباتی +
نَفس واپسیں ف مرتے وقت کا
سانس۔ دم آخریں +
نَفسی ء اپنا۔ منسوب نفس سے +
نَفَسی ء سانس کا۔ منسوب نفس سے

نَفش ء پشم۔ ارزانی +
نَفض ء جھاڑنا۔ خالی کرنا +
نَفطہ ء معرب لغت نفط کا ایک معنی کا نام ہے
نَفطہ ء آبلہ۔ پھپھولا +
نَفطات ء چیچک۔ آبلہ +
نَفق ء راہ باریک زمین کے اندر جو
کسی اور جانب پر نکلتا ہو۔ سوراخ +
نَفقہ ء خرچ جو اولاد اور عیال کو یا بیوی
کو دیا جاوے۔ خرچ خانہ +
نَفل ء وہ عبادت جو بندے پر واجب
نہ ہو۔ زائد +
نُفوذ ء جاری ہونا۔ گذرنا فرمان یا
حکم کا۔ اثر کرنا +
نَفور ء بھاگنے والا۔ نفرت کرنے
والا +
نُفور ء نفرت۔ گریز +
نُفوس ء جمع ہے نفس کی جانیں
ارواح +
نُفوس ثلاثہ ء تینوں نفس۔ یعنی
نفس امارہ۔ نفس لوامہ۔ نفس مطمئنہ
یا ارواح ثلاثہ۔ یعنی روح حیوانی نباتی
وجودی +
نُفوس قدسیہ ء پاک نفوس
پاک روحیں۔ یعنی پیغمبر لوگ۔ فرشتے
نیک لوگ +
نُفول ف وہ۔ لیکن۔ غور +
نَفی ء دور کرنا۔ ہٹانا۔ اعدام ہونا۔
شہر بدر کرنا +
نَفی کردن ف۔ دور کرنا۔ شہر بدر کرنا
نیست کرنا +
نَفیر ء فریاد۔ نالہ۔ چیخ۔ پکار۔ بھاگنے

والا۔ نفرت کرنیوالا۔ نفیری +
نفیرچی ت نفیری بجانے والا +
نفیر نامہ۔ ف بادشاہوں اور حاکموں کا فرمان۔ سپاہ و لشکر کے جمع کرنے کے واسطے
نفیس۔ نفیسہ ع قیمتی چیز۔ گرانمایہ لطیف۔ پسندیدہ +


نون معجمہ مع قاف

نُقاء پاکیزگی +
نِقاب ع روے بند پردہ جو منہ پر ڈالتے ہیں۔ یا کسی نفیس چیز پر ڈالیں +
نَقّاب ع لقب زن جسے نقاب پوش نقب لگانے والا کہتے ہیں +
نِقابت ع ستودگی +
نَقابت ع تعریف کرنا۔ سراہنا +
نقاب خضرا ع آسمان +
نقاب لاجورد کشیدن ف ترک کرنا چھوڑ دینا۔ دکھ نہ دینا +
نقاب نیلی ت۔ رات +
نَقّاد ع زر کا پرکھنے والا۔ کھوٹے کو کھرے سے پرکھنے والا +
نَقّارہ کینہ۔ عناد۔ دشمنی +
نقارچی ف نقارہ بجانے والا +
نقارہ ف نقارہ۔ کوس +
نقاری ع صنعت کاری +
نقّاش ع چترکار۔ نقش کرنیوالا +
نقاشان چین ف۔ چین کے نقاش مراد چین ساختہ کپڑے پر قدرتی یا کاغذ پر پھول اور بوٹے بنانے والے مصوری +
نقاشی ع پیشہ نقش کرنے کا +
نِقاط ع جمع نقطہ کی +

نَقاوت ع پاکیزگی +
نُقاوت ع برگزیدہ۔ پسندیدہ
نقاہت ع ضعف۔ ناتوانی۔ ناطاقتی جو بیماری میں ہوتی ہے +
نقایص + جمع ع نقیصہ کی بمعنی عیوب۔ بدخوئی +
نقب ع سوراخ کرنا دیوار وغیرہ میں سیندھ لگانا۔ سرنگ +
نُقَباء ع جمع نقیب کی +
نقبہ ع نقارش۔ کھجلی +
نَقد ع آمادہ کرنا۔ دینا۔ پرکھنا زر وغیرہ کا۔ سیم و زر مسکوک۔ روکڑ جانچ پرکھنا کے مجاز دل و ذات۔ اصد کہنے میں بھی آیا ہے +
نقداً ع بالفعل۔ فی الفور +
نقد جان ف روح۔ رائج سکہ +
نقد روان ف رائج۔ سونا چاندی رائج سکہ +
نقد شش گوزہ ف دنیا۔ مخلوقات
نقد گیران ف۔ رشوت خوار لوگ طالبان دنیا +
نقر ع کوٹنا۔ جانور کا دانہ چگنا۔ لکڑی چیرنا۔ نرسنگھا پھونکنا۔ عیب کرنا +
نقرات ع فقرات سرود۔ سرود کے +
نقرس ع وہ درد جو پیروں کی انگلیوں میں ہوتا ہے +
نقرہ ع چاندی گلی ہوئی۔ اور گردن پر انسان کے جو گڑھا ہوتا ہے +
نقرہ با من رسیدن ف کمی بیشی سے فراغت ریاضت سے فتح و غم سے بدل جانی +

نقرہ پا ف ایک پرندہ ہے جس کے پاؤں سفید ہوتے ہیں +
نقرۂ خام ف خالص چاندی۔ خام بمعنی خالص بھی آتا ہے +
نقرہ خنگ زرتشتی ف۔ سورج
نقرہ نہبقی۔ نقرہ شاخدار ف خالص چاندی +
نقرئی ف منسوب بہ نقرہ۔ چاندی کا
نقش ع صورت و نگار۔ لیاقت سزاواری۔ کھیل میں مراد کے موافق داؤ گرنا۔ خراسان کے قوالوں کا وضع کیا ہوا ایک سرود بھی ہے +
نقش آباد ف۔ شراب سرخ +
نقش بجرام ف وہ آدمی جو تندرست تو ہے لیکن سست دکھائی ہو +
نقش بد نشستن ف حسب مراد کام نہ ہونا +
نقش برآب ف پانی پر کا نقش بے ثبات۔ ناپائدار۔ باطل۔ بے حاصل سے مراد ہے +
نقش برآب زدن۔ نقش برآب کشیدن ف بیفائدہ کام کرنا۔ لغو حرکت کرنا
نقش پرواز کردن۔ نقش پا گشتن
نقش رفتن۔ نقش رنجیدن ف اصلاً از زائل ہونا۔ مٹ جانا +
نقش پرکار کن ف تمام مخلوقات
نقش بر سورہ شہد کی مکھی۔ یا مجرب
نقش بستن ف۔ پیدا کرنا تصور کرنا۔ تصور کرنا +
نقشبند ف نقاش۔ مصور +
نقشبند حوادث ف خدا تعالی +

نقشبندی ف۔ نقاشی۔ مصوری
نقش بے غبار ف۔ مظلوم کی دعا ظالم کے حق میں +
نقش جہان ف۔ اصفہان کے ایک باغ کا نام ہے +
نقش چیزے داشتن ف استواد اور حوصلہ اس چیز کا رکھنا +
نقش حرام ف نقش بجرام سست آدمی جو ظاہری صورت میں توانا نظر آئے
نقش خاک گوہری ف اصیل و عجیب آدمی +
نقش خوب نشستن ف حسب مدعا کام ہونا
نقش دیوار ف حیران۔ ششدر +
نقش زدن ف داؤ لینا +
نقش زیبا ف اسم ہائے جو دیکھنے کے قابل نہ ہو +
نقش نشستن۔ نقش بردن
نقش ستردن ف دفعتاً از زائل کرنا۔ مٹا دینا +
نقش عروسی وہ سہرا جو دولہا سر پر باندھتا ہے۔ اور سہرا جو بروقت نکاح کے گایا جاتا ہے +
نقش طرازنہ نقش گر ف۔ نقاش مصور
نقش قرینہ ف وہ نقش جو ایک نقش کے مقابل ہو +
نقش قند بارق خوب رو دلکش صورت
نقش کسے پتیر زدن ف اس سے کمال عداوت رکھنا +
نقش گل ف عرش سے مراد ہے +
نقش نشاندن ف اعتقاد پیدا کرنا
نقش نشستن ف اعتبار پیدا ہونا +



نقش نیک ف۔ اچھا زمانہ جو جلد گزر جائے ۔۔۔
نقش ونگار ف۔ ڈیل۔ ڈول ۔
نقشہ ۔ تصویر۔ کسی چیز کا نمونہ ۔
نقص۔ نقصان ع۔ نقصانی ف۔ کم کرنا۔ کم ہونا۔ کمی۔ آخیر حرف کی یائے زائدہ ہے ۔
نقض ۔ توڑنا ۔
نقض عہد ۔ عہد کا توڑنا۔ عہد شکنی ۔
نقط ۔ جمع نقطہ کی ۔
نقطہ ۔ خط کی انتہا۔ وہ مقدار جو تقسیم قبول نہ کرے۔ اور اس کی طرف اشارہ کر سکیں۔ جزو لایتجزے ۔
نقطہ بندی ۔
نقطۂ انتخاب ۔ وہ نقطہ جو کسی کتاب کے حاشئے پر کسی عبارت یا مضمون یا شعر پسندیدہ پر اس کے یاد رکھنے کو لگایا جائے۔ خدا اسے تعالےٰ کی ذات ۔
نقطۂ تقاطع ربیعی ۔ وہ دائرہ منطقۃ البروج دائرہ معدل النہار سے جا کر تقاطع کرتا ہے۔ اس تقاطع سے جو دو نقطے پیدا ہوتے ہیں اُن میں سے ہر ایک کو نقطۂ اعتدال کہتے ہیں۔ اس لئے جب ۲۱ مارچ اور ۲۱ ستمبر کو سورج ان نقطوں پر پہنچتا ہے۔ تو تمام دنیا میں دن اور رات برابر ہوتے ہیں۔ جس نقطہ سے گزر کر آفتاب شمال کی طرف جاتا ہے اُسے نقطۂ اعتدال ربیعی کہتے ہیں اور جس نقطہ سے گزر کر جنوب کی طرف جاتا ہے۔ اسے نقطۂ اعتدال خریفی بولتے ہیں۔ اوپر کی ہیئتی شکل سے یہ مطلب بخوبی سمجھ میں آجائے گا ۔
نقطۂ جاگیر۔ نقطۂ جاگیر ف۔ زمین ۔
نقطۂ دائرہ ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات بابرکات کی طرف اشارہ ہے ۔
نقطۂ روشن تر پرکار ف۔ نقطۂ اصل ۔ مرکز عالم۔ سرور کائنات صلعم ۔
نقطۂ رنجش ف۔ رمل سے فال نکالنی ۔
نقطۂ زرد ف۔ زرد رنگ کے حلقے جو لگتے (?) ... کی بیخ ۔
نقطۂ زریں ف۔ آفتاب ۔
نقطۂ سہو ۔ وہ نقطہ جو غیر منقوط لفظ پر غلطی سے دیا جائے ۔
نقطۂ شک ۔ وہ نقطہ جو کسی مشکل لفظ کے یاد رکھنے کے لئے کتاب کے حاشئے پر رکھیں۔ دنیا۔ جہان ۔
نقطۂ گل ۔ مرکز زمین۔ کرۂ زمین ۔
نقطۂ مقابل ۔ ہمسر۔ حریف ۔
نقطۂ موہوم ۔ وہمی نقطہ۔ فرضی نقطہ جو موجود فی الخارج نہ ہو۔ جیسے وہ نقطے جو اقلیدس میں فرض کرتے ہیں خط نقطہ وغیرہ۔ عرض وغیرہ تھا۔ اور ہیولیٰ موجود فی الخارج کے سوا ہے۔ کیونکہ جو لوگ ہیولیٰ کو موجود فی الخارج ہونے کے قائل ہیں ان کے نزدیک موہوم نہیں ہے۔ بعض لوگ نقطۂ موہوم جوہر فردی کو کہتے ہیں ۔
نقطۂ نوک قلم ف۔ جو سیاہی کی چھینٹ قلم سے گر جائے ۔
نقطۂ دائرہ ف۔ مرکز زمین۔ سرور کائنات صلعم ۔
نقع ۔ گرد۔ غبار ۔
نقل ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا یا نہ لکھنا۔ کسی چیز کا نمونہ بنانا ۔

نُقُل ع - حاضر جوابی - تیز زبانی ؛
نَقِل ع - حاضر جواب ؛
نُقل ع - شراب پینے کے بعد جو کچھ منہ کا مزا درست کرنے کے لئے کھاتے ہیں جیسے میوہ - کباب - کوئی ترش چیز - گزک
نقلِ رُوح ع - خلع بدن - اپنا روح اپنے بدن سے نکالکر کسی ایسے جسم میں جہیں جان نہ ہو لیجانا ؛
نقل کردن ف - ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا - بیان کرنا ؛
نقلِ ماتم ع - ماتم کے موقع کا کھانا - جو رشتہ داروں میں تقسیم ہوتا ہے ؛
نقلِ مذہب ع - ایک مذہب سے دوسرے مذہب میں جانا - مذہب بدل لینا ؛
نقلِ مکان ع - ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ؛
نَقَلہ ع - ناقل کی جمع ہے - نقل کرنیوالے
نِقمت ع - عذاب - کینہ - بغض - عداوت
نُقُود ع - جمع نقد - روپے - پیسے - سونا چاندی ؛
نُقوش ع - جمع نقش کی ؛
نقوع ع - ترکیا ہوا میوہ - بھیگی ہوئی دوا ؛
نُقول ع - جمع نقل کی ؛
نقوما جس ف یرسطو کے باپ کا نام ہے جو سکندر کا استاد تھا ؛
نَقی ع - پاک - خالص - بارہ اماموں سے دسویں امام ہیں جو ۲۱۲ھ کو پیدا ہوئے اور متوکل خلیفہ کے عہد میں اس کے زہر کھلانے سے سُرمن رائے میں ۲۵۴ھ میں شہید ہوئے ؛
نُقیٰ ع - ہڈیوں کا گودہ - مغز استخوان ؛

نقیب ع - گواہ قوم - سردار - وہ شخص جسکو نسب معلوم ہو - چودہری ؛
نقیبانِ بارہ ف - فرشتہ - ملائکہ ؛
نقیر ع - اصل - سب - کھجور کی گٹھلی کی پشت پر جو ایک گڑھا ہوتا ہے - حقیر ؛
نقیصت ع - نقصان - عیب - بدی
نقیض ع - توڑنیوالا - اصطلاح علم منطق میں کسی شے کا رفع کرنا یعنی اسکی نفی کرنی جیسے ہر انسان حیوان ہے - اور بعض انسان حیوان نہیں ہے - یہ دونوں قضیئے ایک دوسرے کی نقیض ہیں باعتبار نفی اور اثبات کے - پہلا صادق ہے اور دوسرا کاذب - جاننا چاہیئے - کہ نقیض اور ضد میں فرق ہے کہ دو نقیضین نہ تو باہم جمع ہوسکتی ہیں اور نہ دونوں معدوم جیسے زندگی اور موت - کہ نہ تو دونوں ایک جگہ جمع ہوسکتی اور نہ یہ ممکن ہے کہ دونوں ہی نہوں - بلکہ ان دونوں میں سے ایک ضرور ہوگی - اور دو ضدیں ایک جگہ باہم جمع تو نہیں ہوسکتیں - لیکن دونوں معدوم ہوسکتی ہیں - جیسے سیاہ اور سفید - کہ یہ دونوں ایک جگہ جمع تو نہیں ہوسکتے - لیکن ہاں یہ ممکن ہے - کہ یہ دونوں ہی نہ ہوں - بلکہ زرد ہو ؛
نقیع ع - آب استادہ خرشی - آب شیریں - خنک - حوض ؛
نقیعہ ع - مسافرت واپس آنیکی ضیافت
نقیق ع - مینڈک اور مرغی کی آواز

نون معجمیہ مع کاف عربی

نَک ف - بھنگری ؛
نُک ف - منقار - چونچ ؛
نُکاب ف - پھنگری - ہوئڈر کا پانی
نکاب - نکاف ف وہ چمڑے کا پٹھا جو میر شکار اپنے ہاتھ میں پہنتے ہیں ؛
نکاب - نکاف ع - اونٹ کے کان کی لو کی ورم ؛
نِکایت ع - دشمن کو تکلیف پہنچانا ؛
نِکات ع - جمع نکتہ کی - نکتے ؛
نِکاح ع - شادی کرنا - مجامعت کرنا ؛
نکاحی ف - شادی کی ہوئی عورت ؛
نکال ع - عذاب - رنج - دکھ ؛
نکبت ع - رنج و سختی ؛
نکبا ع - ہوا کا جھکڑ - وہ ہوا جو تین طرف سے چلے ؛
نِکبت ع - خواری - ذلت - رنج - سختی ؛
نکبات ع - جمع نکبا کی - مخالف ہوائیں
نِکَت ع - جمع نکتہ کی - باریکیاں ؛
نکت ع - زمین کا کھودنا - سر کے بل گرانا - طعام کی ایک قسم بھی ہے ؛
نکتہ ع - پاکیزہ بات جو پوشیدہ ہو اور ہر ایک نہ سمجھ سکے کلام کی باریکی ؛
نکتۂ بادی ف - ملائم اور دلپذیر کلام جھوٹی اور بیہودہ باتیں ؛
نکتۂ پرکار ف - دل پسند کلام
نکتہ دان ف - ہر ایک بات جاننیوالا دقیقہ رس ؛
نکتہ سنج ف - سخن فہم - دانا - شاعر
نکتہ گیر ف - عیب گیر ؛
نکث ع - رسی کے بل کھولنے - عہد توڑنا - عہد شکنی - میثاق توڑنا ؛
نکح ع - فرج - عورت کی شرمگاہ ؛

نکد ع - مرد فال و شوار خورہ کمی و تنگی و شوار عیش
نُکر ع - زیرکی - دانائی ؛
نکِر ع - زیرک - دانا ؛
نکر - نکرا ع - ناسپاسی - ناخوشی ؛ مجازاً - یعنی عذاب ؛
نکرہ ع - ناشناسائی - ناشناختگی - معرفہ کی ضد ؛
نکژوہ ف مٹی کا کوزہ یا پانی پینے کا برتن ؛
نکس ع - بیماری کا پھر عود کرنا ؛
نِکس ع - سرنگوں کرنا - اوندھا پڑنا
نکاص ع - بد دل ہونا کسی کام سے جسکے پہلے درپے ہوں - برگشتہ ہوجانا ؛
نِکل ع - بیڑی جو قیدیوں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں ؛
نکو ف - خوب - اچھا ؛
نکوب ع - نکب کی جمع ہے سختیاں
نکورُوے ف - خوب صورت ؛
نکوکار ف - وہ شخص جسکے کام اچھے ہوں - نیک کار آدمی ؛
نکول ع - قسم کھانے سے انکار کرنا انکار کرنا
نکوخصلت - نیک خصلت ؛
نکوہش ف - اصل مصدر نکوہیدن کا ہے - دھمکی - سرزنش - ملامت
نکوہیدن ف - دھمکانا - سرزنش کرنا - ملامت کرنا ؛
نکوہیدہ رائے ف - بدرائے - بے عقل جسکی رائے قابل ملامت کے ہو ؛
نکوئی ف - بھلا - بھلائی ؛
نکوئی کن در آب انداز ف - ایک ضرب المثل ہے جیسے بولی جاتی ہے جہاں کسیکے ساتھ نیکی کرکے امید عوض کی نہ ہو ؛
نکہت ع - منہ کی خوشبو - مہک ؛

خوشبو ۔ ونگ ۔ مہک ۔ یہ بالکل غلط ہے
اسے کہ یہ عربی لفظ ہے اور عربی میں
گ نہیں آتا ۔
منکر نکیر ع ۔ قبر میں جو دو فرشتے آکر سوال
کرتے ہیں ۔ ان میں سے ایک کا نام ہے ۔

نون معہ کاف فارسی

نگ ف ۔ منہ کا تو نگینہ ۔
نگار ف ۔ نقش ۔ بت ۔ معشوق ۔ اور وہ
نقش مہندی کا جو معشوق کے ہاتھ پر ہو
مجازاً ہر نقش ۔
نگار ارژنگی ف ۔ زرد کی معشوق تشبیہ سے
مراد ہے ۔
نگار بستن ف ۔ مہندی لگانی ۔
نگار بستہ ف ۔ مہندی لگا ہوا ۔ مہندی
سے ہاتھ پاؤں سرخ کئے ہوئے ۔ مراد
معشوق ۔
نگار خانہ ف ۔ وہ گھر جو نقش و نگار سے
آراستہ ہو ۔ نقاشی کیا ہوا گھر ۔
نگار دادن ف ۔ نقش کرنا ۔ لکھنا ۔
نگار دیدہ ف ۔ حنا لیدہ ۔ مہندی لگے ہوئے
نگارستان ف ۔ وہ جگہ جو نقش و نگار
سے آراستہ ہو ۔
نگارش ف ۔ لکھنا ۔
نگار عالم ف ۔ بہت خوبصورت ۔
نگارگر ف ۔ نقاش ۔ مصور ۔
نگارین ف ۔ مہندی لگے ہوئے ہاتھ ۔ محبوب ۔
نگارین زبان ف ۔ جو بات چیت اور تقریر میں
کامل ہو ۔ جس کا ظاہر اور باطن ایک سا ہو ۔
نگارین نورد ف ۔ نامہ ۔ کتاب ۔
نگاریدہ ف ۔ معشوق ۔

نگاشتن ۔ نگاریدن ف ۔ لکھنا ۔
نقش و نگار کرنا ۔
نگاہ ف ۔ نگاہ ۔ نظر ۔
نگاہبان ف ۔ نگہبان ۔ محافظ ۔ چوکیدار ۔
نگاہداشت ف ۔ حفاظت ۔ ہوشیاری ۔
نگاہداشتن ف ۔ نگاہ رکھنا ۔
نگاہ کردن ف ۔ دیکھنا ۔
نگر ف ۔ دیکھ ۔ دیکھیو ۔ امر ہے نگریستن سے
نگران ف ۔ دیکھنے والا ۔ منتظر ۔
نگریدن ۔ نگریستن ۔ نگرستن ف
دیکھنا ۔ نگاہ کرنا ۔
نگون ف ۔ خم شدہ ۔ کبڑا ۔ اوندھا ۔
نگون بخت ف ۔ وہ شخص جس کا نصیب
الٹا ہو ۔ بدبخت ۔ بدنصیب ۔
نگونسار ف ۔ اوندھا ۔ الٹا ۔
نگونسار بخت ف ۔ بدنصیب ۔ بدبخت
نگون حشمت ف ۔ آسمان ۔
نگون ہمت ف ۔ کم ہمت ۔
نگہ ف ۔ مخفف نگاہ کا ۔
نگہبان ف ۔ چوکیدار ۔ نگاہ رکھنے والا ۔
نگہبانی ف ۔ حفاظت ۔
نگہت مث ۔ خوشبو ۔ اصل کاف عربی ہے
یہ لفظ عربی ہے ۔
نگیسار ف ۔ خسرو پرویز کے ایک مطرب
کا نام ہے ۔
نگین ف ۔ نگینہ ۔
نگین پیادہ ف ۔ وہ نگینہ جو انگوٹھی یا
کسی زیور میں جڑا ہوا ہو ۔
نگین سوار ف ۔ وہ نگینہ جو انگوٹھی یا
کسی زیور میں جڑا ہوا ہو ۔
نگین عاشق و معشوق ف ۔ دو

مخلوط رنگ کے نگینے جو ایک ہی خانے
میں چسپاں ہوں ۔

نون معہ لام مہملہ

نلچ ف ۔ دو بل اور قلم کی [illegible] ۔
نلشک ف ۔ قرضدار ۔ مقروض ۔
نلغر ف ۔ خوب ۔ زیبا ۔

نون معہ میم مہملہ

نم ف ۔ تری ۔
نما ف ۔ ظاہر ہونا ۔ سخن کا اظہار ۔
نماو ف ۔ بمعنی نمود ۔
نمار ف ۔ اشارہ ۔ ایما ۔
نمارق ع ۔ جمع نمرق کی ۔ تکئے ۔
نماز ف ۔ بندگی ۔ پرستش ۔ خدمتگاری ۔
فرمانبرداری ۔ عجز و نیاز ۔ اہل اسلام کی
مخصوص عبادت کا نام ہے ۔ یہ لفظ ن
کے کسرہ اور ضمہ سے درست نہیں ہے ۔
نماز استسقا ف ۔ مینہ مانگنے کے واسطے
جو نماز پڑھی جاتی ہے ۔
نماز استخارہ ف ۔ جب انسان کسی امر
میں متردد ہو تو یہ نماز پڑھنے سے اُس پر
اس کا حال منکشف ہو جاتا ہے ۔
نماز بردن ف ۔ عاجزی کرنی ۔ تعظیم
کرنی ۔ بندگی کرنی ۔
نماز بر کسے کردن ف ۔ اُس کے جنازہ
پر نماز پڑھنی ۔
نماز پیشین ۔ نماز نخستین ف ۔ دن
میں کی پہلی نماز ۔
نماز تحیۃ الوضوء ف ۔ وضو کر کے دو
رکعت نفل جو پڑھتے ہیں ۔ اُسے نماز

تحیۃ الوضو کہتے ہیں ۔
نماز تسبیح ف ۔ ایک مشہور نماز ہے
چار رکعت ہوتی ہے ۔ ہر رکعت میں تسبیح
پڑھتے ہیں ۔
نماز جماعت ف ۔ جماعت کے ساتھ
جو نماز پڑھی جائے ۔
نماز چاشت ف ۔ چاشت کے وقت کی نماز
نماز خسوف و کسوف ف ۔ وہ نماز جو چاند
یا سورج کو گہن کے وقت پڑھی جاتی ہے
نماز خفتن ف ۔ رات کو سونے کے وقت
کی نماز ۔ نماز عشا ۔
نماز دگر ۔ نماز دیگر ف ۔ دن ڈھلے کی
دوسری نماز ۔ نماز عصر ۔
نماز نم اندر رخسار چیدن ف ۔ آنسو
پونچھنا ۔ دلاسا دینا ۔
نماز شام ف ۔ سورج غروب ہونے کے
وقت کی نماز ۔ نماز مغرب ۔
نماز فجر ف ۔ صبح کی نماز جو سورج طلوع
ہونے سے پہلے پڑھی جاتی ہے ۔
نماز قصر ف ۔ ظہر اور عصر اور عشا کی نماز
میں جو مسافروں کو بجائے چار رکعت کے
دو دو پڑھنے کا حکم ہے ۔ اس کو نماز
قصر کہتے ہیں ۔
نماز کردن ف ۔ نماز پڑھنا ۔
نمازی ف ۔ نماز پڑھنے والا ۔ پاک ۔
نمازی کردن ف ۔ پاک کرنا ۔ صاف
کرنا ۔ ستھرا کرنا ۔ دھونا ۔
نماک ف ۔ رواج ۔ رونق ۔ دنیا
نمام ع ۔ چغل خور ۔ لترا ۔ نمّاز ۔ ایک
خوشبودار گھاس کا نام بھی ہے ۔
نمامی ف ۔ نمّازی ۔ چغل خوری ۔ لترا پن

نمایاں ف - نمودار جو ہوا - ظاہر - واضح - نمایاں - ممتاز - عیاں - ہویدا - بہت - ہری - بڑا - کھلا ہوا

نمائش ف - دکھلاوٹ - نمود داری *
نمائش آب ف - سراب *
نمائی ہوا جمع - حقیقی کی جمع ہے خلوص - مسائل
نمچ ف - مٹی کی رطوبت *
نمد ف - نمدہ - بالائی جو جنوبی وغیرہ سے ملتے جلتے اس سے بیٹھنے سے سر پر بیٹھتے ہیں - اور نمدہ اصل *
نمد پوش ف - نمدہ پہننے والا *
نم در آب داشتن ف - مکر و فریب کرنا
نم در جگر داشتن ف - مفلس اور تنگدست ہونا *
نم در جگر نداشتن ف - مفلس ہونا *
نم دیدہ - نم زدہ ف - نمناک - بھیگا ہوا
نمد زین ف - وہ نمدہ جو زین کے نیچے گھوڑے کی پشت پر ڈالتے ہیں جسے نوگیر کہتے ہیں *
نمد مال ف - نمدہ بنانے والا *
نمر ع - چیتا جو مشہور درندہ ہے *
نمرق - نمرقہ ع - تکیہ - بالش - سرہانہ
نمرود ع - ایک کافر بادشاہ کا لقب ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانہ میں خدائی کا دعویٰ کرتا تھا - معنی اس لفظ کے ہیں سرکش - اور غالباً یہ لفظ معرب نمرود کا ہے *
نمس ع - راز - بھید *
نمش ع - ایک مرض ہے جس کے سبب بدن کی کھال پر چھوٹے اور نقطے پڑ جاتے ہیں - مگر جلد - دغا بازی *
نمشتادن ف - معلوم ہونا - معلوم کرنا

نمص ع - بال چننا *
نمط ع - بچھونا - فرش - قالین - شطرنج کی بساط - روش - دستور - طور - طریقہ - پردہ - سرود *
نمط ہائے تنگ ف - پردہ ہائے دقیق از سرود - سرود کے باریک پردے - راگ کی باریکیاں *
نم قوت در جگر داشتن ف - قوت کی تری دل میں رکھنا یعنی طاقت اور کمزور نہ ہونا *
نمک ف - نمک - پہاڑی لون *
نمک انگیختن و انگیزیدن ف - آنسو بہانا - رونا *
نمک بر جراحت زدن - نمک بر زخم پاشیدن - نمک بر ریش ماندن - نمک بر ریش افگندن ف - زخم پر نمک چھڑکنا - دکھ پر دکھ دینا *
نمک بر جگر داشتن ف - دکھ پر دکھ اٹھانا *
نمک چش - نمک چشیدن - نمک چکھنا - مطلق چکھنا *
نمک حرام - نمک بحرام ف - وہ شخص جو طرفدار اپنے آقا کا نہ ہو *
نمک حلال ف - اپنے آقا کا طرفدار
نمک خوردن و نمکدان شکستن ف - نمک حرامی کرنا *
نمکدان ف - نمک رکھنے کا برتن - معشوق کا منہ *
نمک دان در آتش افگندن - نمک بر آتش افگندن - شور و غوغا کرنا - غل مچانا - فتنہ اٹھانا
نمکدان شکستن ف - نمک حرامی کرنا *

نمک ریز یدن ف - رونا *
نمک سود ف - وہ چیز جس پر نمک چھڑکا گیا ہو - نمک لگا ہوا - نمکین گوشت اور اس کا کباب *
نمکین ف - نمک وار - نمک آلود - نمک کی طرف منسوب - نمک ... اصطلاح میں جیسے سبزہ بھی آیا ہے *
نمکینہ ف - وہ دہی اور لسی جس میں نمک زیرہ - دھنیا گوشت کر کے کھاتے ہوں *
نمگیرہ ف - وہ کپڑا جو ایک پردہ کی طرح لگاتے ہیں تاکہ تری شبنم کی نہ پہنچے *
نمل ع - چیونٹی - کیڑی - مثلاً ایک چیونٹی کا نملہ ع - چند پھنسیاں صفراوی ہوتی ہیں جو بتدریج پھیل جاتی ہیں - اور بعض چیونٹی *
نملہ چادر سپید ف - گلہری کے مشابہ جنس ہوتی ہے - جن کی طرح شیخ اور منہ سفید ہوتا ہے *
نمناک ف - تری سے بھرا ہوا - بھیگا ہوا - تر *
نم نداشتن ف - مفلس و نادار ہونا
نمو ع - بالیدگی - ترقی - افزائش - فارسی والے اپنے قاعدہ کے موافق سکون سے اس کو پڑھتے ہیں - کیونکہ فارسی میں کوئی لفظ ایسا نہیں جس کا آخری حرف متحرک ہو - تاکید بھی ... مشابہت ایک اور حقیق ... آئے ہیں *
نمود ف - علامت - نشان ظاہری - رونق اور خوبی - شان و شوکت - ظاہر ہونا - ظاہر - وجود *
نمود ف - بوشیدہ خبر آشنا - ظاہر - ظاہر

نمودن ف - دکھانا - دکھلانا - کرنا *
نمودیدن ف - دکھنا - دکھانا - کرنا *
نمونہ ف - نمونہ ... مثال - نمونہ *
نموک ف - تیر کا نشانہ *
نمونم ع - بہت چغلی کھانے والا - بڑا چغل خور *
نمونہ ف - نشانہ - نمونہ - تشبیہ - مانند - نظیر *
نمی ف - تری *
نمیدن ف - میل کرنی - توجہ کرنی *
نمیدن ف - ناامید ہونا *
نمیر ع - آب خوشگوار - شیریں میٹھا پانی *
نمیراف - شرح - کسی لفظ کے معنے با تفصیل بیان کرنا *
نمیقہ ع - لکھا ہوا - مکتوب - نامہ - خط
نمیم ع - چغل خور - سخن چین - غماز *
نمیمہ ع - چغل خوری *

نون معجمہ مع نون معجمہ

ننددل کندن ف - مصیبت کا کچھ ... دینا
ننگ ف - شرم - عیب - عار - بچارا - جنگ و جدل *
ننگسار ف - بسیع صورت کا گیا ہوا
ننگنامہ ف - جنگ نامہ - جو کسی ... بولی نظم یا نثر *
ننگین ف - معیوب - عیب لگ گیا ہو

نون معجمہ مع واو

نو ف - نیا - تازہ - ... - نئی ... مشری ... اور اس ... ہے *

نوات آورد - راگ کے بارہ مقامات میں سے ایک مقام کا نام ہے - جمعیت سامان - اسباب - تونگری - روزی خوراک - قوت - سپاہ - لشکر - گرفتار ہونے - گرفتاری - سفید - فرزند - بیٹا - دوھتا پوتا - توشہ - آذوقہ - لشکر - سپاس سپکس بڑا ہونا ۔

نواۃ ع - مخفف نوات کا کھجور کی گٹھلی - جدائی - آگاہی +

نوّاب ع - بہت نیابت کرنے والا نائب - صوبہ دار +

نوّاب ع - جمع نائب کی - نیابت کرنیوالا قائم مقام لوگ - ملک کے صوبہ دار +

نوابت ع - جمع نابت کی انگوریاں +

نوات ع - کھجور کی گٹھلی +

نواحتہ ف - وہ باغ جس میں نئے درخت لگائے گئے ہوں +

نواح ع - اطراف - آس پاس +

نواحی ع - ناحیہ کی جمع کنارے - اطراف :

نواخانہ ف - زندان - قید خانہ - جیلخانہ +

نواخت ف - موافق - مطابق - لائق - بجا - جیسے بوقت شش نوبت روزوں کے چھ بجے +

نواختن ف - نوازنا - بجانا - گانا +

نواخل ع - خلاف قیاس نخل کی جمع ہے

نواخوانی ف - گیت گانا - بجانا - مو... بانا

نوادف - چیزوں کے چھپا رکھنے کا صندوق - تہ خانہ - خزانہ +

نوادر ع - جمع نادرہ کی - عجیب اشیا

نوادہ ف - بیٹے کا بیٹا - پوتا +

نوادی ف - ندیدی +

نوارف - نوار جس سے پلنگ بنتے ہیں +

نواریدن ف - چبانے بغیر نگل جانا +

نوازف - امر ہے نواختن سے اور یہ نوازندہ جیسے عالم نواز - جان نواز - چنگ نواز - دلنواز

نوازدہ ف - پوتا - دوھتا +

نوازان ف - موسیقی کا ایک پردہ ہے +

نوازش ف - حاصل مصدر ہے نواختن سے نوازنا - مہربانی - عنایت +

نوازشات ف - جمع نوازش کی +

نوازل ع - جمع نازلہ کی مصیبتیں +

نوازندگی ف - باجہ بجانا +

نوا ساز ف - گانیوالا - چہچہانے والا +

نوازیدن ف - نواختن +

نواسہ ف - پوتا - دوھتا +

نواشتہ ف - اینٹ - پکی اینٹ - کچی پکی اینٹوں کی دیوار - ٹیڑھا - کج +

نواصب ع - مسلمانوں کا ایک فرقہ ہے جو حضرت علیؓ سے دشمنی رکھتے ہیں ان کو ناصبی اور خارجی کہتے ہیں +

نواصی ع - جمع ناصیہ کی پیشانیاں +

نوافج ع - نافج معرب نافہ کی جمع ہے

نوافل ع - زوائد مطلب زوائد اشیا وہ عبادت جو بندہ پر واجب نہ ہو جمع نافلہ کی

نوال ع - بخشش - عطا - دہش +

نوالہ ف - لقمہ +

نوالہ گر ف - کارد - چھری +

نوالیدن ف - رونا - نالنا +

نوآموز ف - نیا سیکھنے والا جس نے ابھی سیکھنا شروع ہی کیا ہو مبتدی +

نوامیس ع - جمع ناموس کی دیکھو ناموس +

نوان ف - خرامان - جنبان - لرزاں - کبڑا - ٹیڑھا - ٹیڑھا - دبلا - آگاہ - ہوشیار +

نوآورد ف - اختراع - نئی بات نکالی ہوئی

نواہی ع - جمع ہے نہی کی ممنوعات

نوائب ع - جمع نائبہ کی مصیبتیں +

نوائر ع - نائرہ کی جمع ہے - شعلے +

نوائیدن ف - چلانا - فریاد کرنا +

نوآئین ف - زیبا - آراستہ - نئی بات نیا پودا - آراستگی اور زیبائش - اور وہ شخص جو نئی بات نکالے +

نوآئین ترین ف - وہ شخص جو بہت سی عمدہ عمدہ نئی باتیں نکال جائے +

نُوَب ع - جمع نوبت کی - باریاں +

نوبادہ ف - نئی چیز - نیا میوہ - نیا پودا نیا اگا ہوا درخت - خوش آئندہ شے - گلدستہ +

نوباوہ کردن ف - تازہ میوہ پہلے پہل کھانا - پہلے نیا کرنا +

نوبت ع - کسی چیز کا وقت معینہ باری مرتبہ - نقارہ - خیمہ - پہرہ - محافظت +

نوبت خانہ ف - جہاں پر نوبت بجاتے ہیں

نوبت زن - نوبت نواز - نقارچی +

نوبت گاہ ف - پہرہ کی جگہ - زندان جیلخانہ - نوبت خانہ +

نوبتی ف - نقارچی - پہرہ کا سپاہی - چوکیدار - بڑا خیمہ - کوتل گھوڑا +

نوبتی دار ف - خیمہ کا پہرہ دار سنتری +

نوبتی گاہ ف - وہ جگہ جہاں خیمے لگائیں +

نوبر ف - تازہ میوہ - نیا پکا ہوا - عورت - نارپستان +

نوبردہ ف - نیا خریدا ہوا غلام +

نوبر کردن ف - کسی فصل کا کوئی میوہ اس فصل میں پہلی دفعہ کھانا +

نوبہ ف - بر اعظم افریقہ میں اس کے مشرق کی طرف ایک ملک ہے جس میں خرطوم مشہور شہر ہے +

نوبہار ف - وہ شے جس پر نئی بہار ہو - موسم بسنت - بلخ کا آتشکدہ +

نوبہاری ف - موسیقی کے ایک نغمے کا نام ہے +

نوپیدا ف - جو چیز ابھی پیدا ہوئی ہو

نوتاش ف - ہمیشہ - دائم +

نوتوبہ ف - جس نے ابھی نئی توبہ کی ہو

نوج ف - درخت صنوبر +

نوجہ ف - سیلاب - فرشتہ +

نوجوان ف - گبرو - جس کی ابھی داڑھی نہ نکلی ہو +

نوچہ ف - جوان نوخاستہ +

نوح ع - آواز قمری و کبوتر +

نوح ع - ایک مشہور پیغمبر کا نام ہے جن کے زمانہ میں ۳۰۰۰ برس قبل مسیح طوفان آیا - اسلامی کتابوں سے انکی عمر ۱۰۰۰ برس معلوم ہوتی ہے - طوفان سے پہلے ۹۵۰ برس اور بعدہ ۴۵۰ برس زندہ رہے - توارات سے ۶۰۰ برس پہلے اور ۳۵۰ برس بعدان کا زندہ رہنا پایا جاتا ہے یعنی کل ۹۵۰ برس - قوم ان کو از حد تکلیف دیتی پتھر مارتی - اور ٹھٹھوں میں اڑاتی آپ کو ذرا چین نہ آتا اپنی امت کی سنگدلی پر سدا روتے رہتے - اسی واسطے آپ کا نام نوح ہے +

نوحہ ع - مردہ پر چلا کر رونا - بین کرنا +

نوحہ گر ف - نوحہ کرنے والی عورت یا مرد

نوخاستہ ف - نوعمر - نیا اُٹھا ہوا گبرو - مجازاً نا تجربہ کار +

نوخط ف - جوان نوخاستہ معشوق

نوخطی عالم ف - موسم بہار کا مُنہ پڑا اینیا سبزہ +

نُود ف - نوّے ۹۰ - دہ - مقدار +

نوداران ف - شاگردانہ - اُستاد کا انعام شاگرد کو یا

نودارانی ف - شاگردانہ - وہ زر جو شاعروں یا خوشخبری دینے والوں کو دیتے ہیں

نودر ف - حادث - نئی بات +

نُودرہ ف - عزیز و گرامی فرزند +

نُودہ ف - نبیرہ - فرزند زادہ +

نودہ ف - ہوا کا کرہ +

نَوذر ف - منوچہر کے بیٹے کا نام ہے جو اس کے بعد ایران میں سات برس سلطنت کر کے افراسیاب کے ہاتھ سے مارا گیا +

نُور ع - روشنی - اور نار یعنے آگ کی جمع اور نوار کی جمع جس کے معنے بھاگنے والے ہرن اور وہ عورتیں جن کو تہمت نہ لگی ہو اور خدا تعالےٰ اور قرآن مجید کی ایک سورت کا نام بھی ہے +

نُور ع - کلی - پھول کا غنچہ +

نور اسپہبد - نور اسپہبود - نور اسفید - نور اسپہبود یعنی نفس ناطقہ - روح انسانی +

نور الٰہی ع - خدا کا نور +

نورانی ع - منور - روشن جیسے نورانی چہرہ +

نوراناں ف - نوراں - تحفہ - سوغات +

نور بخش ف - روشنی دینے والا - روشنی بخشنے والا +

نور یسین ف - رسول خدا صلعم +

نورِ چشم ف - آنکھ کا نور - مجازاً فرزند بیٹا بیٹی

نور دو ف - پیچ و تاب - بساط - فرش جو لاٹ کی ترتیب پر کپڑا لپیٹا جاتا ہے - بیا ... جھگڑا - لائق - پیراہن کا دامن - سوراخ لومڑی کا بل +

نوردیدن - نوردن ف - لپیٹنا - تہ کرنا +

نَورَس ف - تازہ میوہ - نیا پکا ہوا - سلطان ابراہیم عادل شاہ کی علم موسیقی میں ہے +

نور عذار ف - عیسےٰ ع اور مریم کا نور +

نورگستریدن ف - ظاہر کرنا - دیکھنا التفات کرنا - نیک کہنا +

نورمبین - نور نخستین ع - نبی آخر الزماں صلے اللہ علیہ وسلم سے مراد ہے +

نورکند ف - تالاب - چہبچہ - جوہڑ +

نَوَرو ندہ ف - ترجمہ کسی کلام کے ایک زبان سے دوسری زبان میں معنے بیان کرنے +

نوروز ف - اوّل روز ماہ فروردین کا یعنے جس روز کہ آفتاب نقطہ حمل پر آتا ہے - یعنی ۲۲ - مارچ کی +

نوروز بزرگ ف - علم موسیقی کا ایک نغمہ ہے +

نوروز خارا ف - ایک نوا کا نام ہے +

نوروز خاصہ ف - چھٹا دن فروردین کا

نوروز عامہ ف - پہلا دن ماہ فروردین کا

نوروز عرب ف - راوی نام راگ کا ایک شعبہ ہے +

نوروزی ف - وہ تحفہ جو نوروز کے دن بادشاہ کی خدمت میں لے جائیں +

نورہ ع - چونہ قلعی - مشہور ہے جس سے بال اکھڑ آتے ہیں +

نوراں ف - تحفہ - سوغات - بخشش

مزدوری - شعر کا صلہ +

نوری ف - سفید بطخ - ایک سرخ رنگ کا جانور ہے - تنداؤ کی ایک قسم بھی ہے +

نوز ف - مخفف ہنوز کا - ابھی - اب تک ابھی تک +

نوزادگانِ چمن ف - بوٹے نئی شاخیں نئے پھول - نئے شگوفے وغیرہ +

نوزدہ ف - اُنیس - ۱۹ - لعینت - ۱۹

نوش ف - امر ہے نوشیدن سے اور بمعنے شہد - شیریں - گوارا - آب حیات تریاق - زندگی +

نوشابہ ف - ایک عورت کا نام ہے جو ملک بردع کی شہزادی تھی - آبحیات +

نوشاد ف - ایک شہر کا نام ہے - جہاں لوگ بہت خوبصورت ہوتے ہیں +

نوشادُر ف - مشہور کھار ہے - نوش کے معنی تریاق - آدر کے معنی آگ - یعنے وہ تریاق جو آگ سے ہم کو ملتا ہے +

نوش آذر ف - ایک آتشکدہ کا نام ہے

نُوِشت ف - تحریر - لکھت +

نُوِشتن ف - لکھنا - تحریر کرنا +

نُوشتن ف - لپیٹنا +

نوشتہ ف - لکھا ہوا - سند +

نوشدارو ف - تریاق یعنے وہ دوا جو زہر کا اثر زائل کرے - موسیائی جو ٹوٹی ہڈی کو اچھا کرے - طب کی کتابوں میں لکھا ہے کہ وہ ایک معجون ہے - شیریں مزہ - دل کو فرحت بخشنے والی - معدہ کو تقویت دینے والی - مجازاً شراب +

نوش گیا ف - زہر کی دانہ ایک گھاس ہے +

نوشندہ ف - پینے والا +

نوشہ ف - مخفف انوشہ کا - خوش و خرم - خوشحال +

نوشہ ف - نوجوان بادشاہ - نوروز دولہا +

نوشہرہ ف - شہروان کے پاس ایک قصبہ ہے +

نوشیدن ف - پینا +

نوشیروان ف - فارس کے ایک بادشاہ کا نام ہے جسکے زمانہ میں جناب رسول خدا صلعم متولد ہوئے - یہ لفظ مرکب ہے نوشین اور روان سے یعنی میٹھی جان - اس سبب سے کہ وہ کمال عادل اور خوش خو ہو گئے - یا مرکب ہے - نو یعنے نیا اور شیر یعنے درندہ مشہور - وان حرف تشبیہ ہے یعنی نئے شیر کی مانند - شیر جوان +

نوشین ف - گوارا - شیریں - اور مخفف نوشین کا بھی ہے - اسکے معنے منہ میں لعاب رکھنے کے ہیں +

نوشین روان ف - جان شیریں - میٹھی جان

نوحا ع - لٹکنا - ملنا +

نوع ع - قسم - اور وہ کلی جو یکساں حقیقت رکھنے والے افراد کو شامل ہو جیسے انسان کہ زید - عمر - بکر - خالد وغیرہ پر اس کا اطلاق کیا جاتا ہے +

نوع سافل ع - سب سے نیچے کی نوع جس کے نیچے اور نوع نہ ہو +

نوعروسانِ چمن ف - نوزادگانِ چمن +

نوعروسانِ روز ف - نئے بونے والے درخت شگوفے لگے درخت +

نوقان ف - ایک شہر کا نام ہے +

نوفہ ف - شور و غوغا +

نُوق ع - جمع ناقہ کی - اونٹنیاں +

نوک ف۔ قلم و چھری اور خنجر وغیرہ و نیزہ وغیرہ کا سرا۔ ہر چیز کا تیز سرا جیسے کہ پہاڑ کے چوٹے وغیرہ ❋

نوکرشہ ف۔ حکام۔ تملیا۔ ایک بادشاہ کا نام بھی ہے ❋

نوکیسہ ف۔ نو دولت ❋

نول ع۔ عطا۔ بخشش ❋

نول ف۔ پرندوں کی چونچ۔ نکودو ❋

نولہ ف۔ کلام۔ قول ❋

نوم ع۔ نیند ❋

نومیار ف۔ ناامید۔ مایوس ❋

نومیدی ف۔ ناامیدی۔ ناامیدی ❋

نون ع۔ مچھلی۔ ماہی۔ تلوار۔ نام شہر۔ دوات۔ سیاہی۔ شب۔ قرآن کی ایک سورۃ کا نام بھی ہے ❋

نون ف۔ مخفف کنون یعنی اب۔ حال۔ اس وقت

نوند ف۔ تیز رفتار گھوڑا۔ ہر کارہ۔ نام ایک ایرانی پہلوان کا بھی ہے ❋

نون والقلم ع۔ دیکھو قرآن کی ایک سورت کا نام ہے ❋

نونہال ف۔ درخت کا نیا پودا ❋

نونیاز ف۔ طفل نوعشق۔ نیا عاشق ❋

نوسطے ع۔ خربوزہ وغیرہ کا تخم ❋

نوی ف۔ تازگی۔ نیاپن ❋

نوی ف۔ کلام مجید ❋

نویان ف۔ بادشاہزادہ۔ امیر ❋

نوید ف۔ نوید خبر۔ مژدہ۔ بشارت ❋

نوید گر ف۔ مبلغ۔ خوشخبری دینے والا

نویدن ف۔ نالہ کرنا

نوبیانیدن ف۔ کھودنا ❋

نوین ف۔ امیر۔ شاہزادہ

نون معجمہ مع ہائے ہوز

نہ ف۔ نہیں۔ اور جیسے شہر جہاں آباد کی اصل بنیاد پر تھا۔ جیسے شہر شاہ پور کا ❋

نہ ف۔ نو۔ ۹ ❋

نہ ف۔ ایک حرف نفی ہے جیسے نہ انداز وغیرہ

نہفتہ ع۔ جمع نہفتہ کی ❋

نہاب ف۔ غارت کرنا ❋

نہاد ف۔ بنیاد۔ اصل۔ پیدائش۔ طینت۔ باطن۔ رکھا ❋

نہاد ف۔ طرز۔ روش۔ رسم۔ دستور۔ عادت ❋

نہادگی ف۔ وہ کپڑا جو تہوار کے دن پہنیں۔ اور باقی دنوں میں بند کر رکھیں

نہادن ف۔ رکھنا ❋

نہار ع۔ دن۔ روز ❋

نہار ف۔ صبح سے نہ کھانا۔ مخفف ہے ناہار کا ❋

نہاری۔ نہارہ ف۔ طعام صبح۔ وہ طعام جو صبح اٹھ کر کھائیں ❋

نہاز ف۔ بزگوسپند ❋

نہانیدن ف۔ ڈرنا۔ وہم کرنا ❋

نہال ف۔ درخت۔ پودا۔ مجازاً صحیح کامیاب۔ خوش۔ اور جیسے بستر نہال

نہال ساختن ف۔ بونا ❋

نہالچہ۔ نہالگی ف۔ غالیچہ۔ بساط ❋

نہالی ف۔ تو شک۔ بستر ❋

نہالیدن ف۔ توشک۔ فلانی میں پانا ❋

نہالیدن ف۔ بونا ❋

نہان ف۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا ❋

نہال بیکران ف۔ فرشتے جن و پری

نہان شدن ف۔ پوشیدہ ہونا۔ چھپنا

نہان خانہ۔ نہان دار ف۔

سرداب۔ تہ خانہ وغیرہ

نہانی ف۔ پوشیدگی ❋

نہانی کشاد ف۔ تجربہ کار۔ شناس ❋

نہاوند ف۔ عراق عجم میں ایک شہر ہے۔ اصل اس کی نوح کی زبان میں ہے۔ ایک پردہ موسیقی کا نام ہے ❋

نہایت ع۔ انتہا۔ انجام۔ حد ❋

نہایتش۔ غایتش ف۔ آخر کار۔ انجام کار۔ حاصل۔ القصہ ❋

نہب ع۔ غنیمت۔ غارت۔ لوٹ ❋

نہ بام۔ نہ پردہ۔ نہ پایہ۔ نہ حصار۔ مینا۔ نہ رواق۔ نہ شہر بالا۔ نہ سپہر۔ نہ صحیفہ گردوں۔ نہ طارم۔ نہ طبق۔ نہ قصر۔ نہ کاخ۔ نہ مقرنس ف۔ نو آسمان ❋

نہبیہ ع۔ غارت۔ لوٹ ❋

نہ چادر ف۔ نو آسمان جنہیں آباء علوی کہتے ہیں ❋

نہج ع۔ راہ راست۔ راہ کشادہ۔ فارسی والے طور۔ طرح۔ طریقہ کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔ اہل فارس لیکن اسکے استعمال سے منکر ہیں ❋

نہ حجرہ ف۔ نو آسمان۔ نو برج اور ستاروں کے۔ جسم کے سوراخ ❋

نہر ع۔ دریا کی شاخ۔ دہانہ ❋

نہر الملاس ف۔ ایک نہر کا نام ہے

نہر مجنون ع۔ اردبیل اور جوش کے درمیان ایک نہر ہے ❋

نہروالہ ف۔ گجرات میں ایک شہر ہے ❋

نہروان ف۔ نام ایک شہر کا ❋

نہشتن ف۔ رکھنا۔ چھوڑنا ❋

نہشل ع۔ سانپ بچھو وغیرہ کا کاٹنا۔ سانپ کے کاٹے وغیرہ کا نشان ❋

نہضت ع۔ اٹھنا۔ قصد کرنا۔ کوچ

نہ طاقچہ ف۔ نو آسمان

نہ غرفہ ف۔ نو آسمان۔ نہ فلک۔ نہ قبہ۔ نہ منظر۔ نہ کاخ۔ نہ مقرنس۔ دیکھو نہ بام۔ نہ طشت ❋ سفرہ میں ❋

نہفت ف۔ اسمی ہے نہفتن کا یعنی چھپایا اور پوشیدہ کیا۔ اور پوشیدہ کے معنی میں بھی آیا ہے ❋

نہفتن ف۔ چھپنا۔ چھپانا ❋

نہم ف۔ نواں حصہ۔ اور نویں چیز ❋

نہمار ف۔ بزرگ بلند۔ ایک کام

نہمت ع۔ ہمت باندھنا۔ ارادہ کرنا۔ کسی چیز پر حرص کرنا۔ اور بھی مراد ❋

نہم چرخ ف۔ فلک اعظم۔ عرش ❋

نہنبان۔ نہنبن ع۔ سرپوش کو کہتے ہیں

نہنگ ف۔ مگرمچھ۔ شیر آبی جو شور پانی میں رہتا ہے۔ پنجابی میں اسے سنسار کہتے ہیں۔ مجازاً تلوار۔ قلم ❋

نہنگان نیام ف۔ غلاف میں کی ہوئی تلواریں ❋

نہنگ جہاں سوز۔ نہنگ سیاہ

نہنگ سار۔ نہنگ قشقان ف۔ تلوار ❋

نہنگ سیر ف۔ شمشیر ہندی ❋

نہنگ فلک ف۔ برج حوت ❋

نہ برج ف۔ ۔۔۔

نہو ع۔ ابھرنا۔ اٹھنا جیسا چھوڑنا ❋

نہایت ہی بُرا عورت کا ÷
نہوض ع۔ کوچ کرنا۔ رواں ہونا حرکت کرنا۔ اُٹھنا ÷
نہوکت ع۔ لاغری۔ گھٹنا۔ فرسودگی ÷
نہی ع۔ ممانعت۔ منع کرنا۔ خلاف امر کے ÷
نہیب ع۔ غارتگر۔ لوٹنے والا ÷
نہیب ف۔ ڈرانا۔ رعب کا۔ خوف۔ ڈر۔ عظمت۔ آواز مہیب۔ غارت۔ لوٹ ÷
نہیق ع۔ گدھے کی آواز ÷
نہی منکر ع۔ بُرے جیسے منع کرنا بیکار۔ مرکب کے معنے بُرے کام سے منع کرنا۔ اور یہ مقابل میں ہے۔ امر معروف کے جس کے معنے ہیں اچھے کام کا حکم دینا ÷
نہیہ ع۔ عقل۔ دانش ÷

نون معجمہ مع یائے تحتانی

نے ف۔ بانس۔ نرسل۔ بانسری۔ نلکی ÷
نیّ ع۔ خام۔ کچا ÷
نے ف۔ نہیں ÷
نیا ف۔ دادا۔ نانا۔ امیر۔ قدر و منزلت ÷
نیاب ع۔ جمع ناب کی۔ کچلیاں۔ دانت ÷
نیابت ع۔ نائب ہونا۔ کسی کی جگہ قائم مقام ہونا ÷
نیاح ع۔ نوحہ کرنا۔ رونا پیٹنا ÷
نیارست ف۔ نہیں سکا۔ نہ توانست ÷
نیاز ف۔ حاجت۔ احتیاج۔ حاجتمندی۔ عاجزی۔ آرزومندی۔ میل۔ خواہش۔ اظہار محبت ÷ تحفہ درویشوں کا۔ پیشکش ÷
نیازمند۔ نیاز وش ف۔ حاجتمند۔ مسکین ÷
نیازی ف۔ پٹھانوں کی ایک قوم ہے۔ معشوق۔ دوست ÷

نیازیان ف۔ حاجتمند۔ عاشقان ÷
نیازیدن ف۔ ارادہ کرنا۔ کسی چیز کی طرف ہاتھ دراز کرنا۔ رونا ÷
نیاق ع۔ جمع ناقہ کی ÷
نیاکان ف۔ باپ دادا کی طرف کے بزرگ ÷
نیال ف۔ ایک بادشاہ کا نام ہے۔ غلام کا نام بھی ہے ÷
نیام ف۔ تلوار وغیرہ کا میان ÷
نیام ع۔ جمع نوم کی۔ نیندیں۔ جمع ... اور جمع نائم کی بھی جیسے سوئے ہوئے لوگ ... ÷
نے انبان ف۔ ایک ساز کا نام ہے جوتے اور چمڑے سے بناتے ہیں ÷
نیایش ف۔ تحسین۔ دعا۔ تعریف۔ آفرین ÷
نیپال ف۔ ہندوستان کے شمال کی جانب ایک مشہور ملک جس کا دارالخلافہ کھٹمنڈو ہے ÷
نے لبست ف۔ چھپر ÷
نیت ع۔ دل کا ارادہ۔ قصد۔ دلی خواہش ÷
نیچہ ف۔ چھوٹی نے۔ حقہ کی نے ÷
نے در ناخن کردن ف۔ ایک قسم کا عذاب ÷
نیدلان ف۔ کابوس جو ایک بیماری ہے ÷
نیر ع۔ جوا۔ جس میں بیل جوتتے ہیں ÷
نیّر ع۔ مبالغہ کا صیغہ ہے۔ بہت نور دینے والا۔ بہت روشن ستارہ۔ سورج ÷
نیّر اصغر ع۔ چاند ÷
نیّر اعظم ع۔ سورج ÷
نیران ع۔ جمع نار کی بمعنی آگ ÷
نیرنج معرب۔ نیرنگ کا ÷
نیرنجات معرب۔ نیرنج کی جمع ہے ÷
نیرنگ ف۔ جادو۔ جادوگری۔ طلسم۔ مکر۔ حیلہ۔ ہر شے کا مادہ۔ کسی تصویر کا خاکہ ÷

نیرو ف۔ زور۔ طاقت۔ قوت۔ قابلیت ÷
نیرومند ف۔ توانا۔ زورآور ÷
نیریز ف۔ ایک شہر ہے جہاں لوہا بنتا ہے۔ علم موسیقی کا ایک شعبہ ہے ÷
نیرین ع۔ سورج اور چاند ÷
نیز ف۔ بھی ÷
نیزہ ف۔ اصل میں ناخج ہے کیونکہ نے (بانس) اور زہ (کلمہ تصغیر) سے مرکب ہے۔ یعنی چھوٹا بانس۔ نیزہ۔ بھالا۔ اکثر مشہور بھالے محمول ہے ÷
نیزۂ آتشین ف۔ سورج کی کرنیں۔ طلوع و غروب کے وقت کی ÷
نیزۂ بلیت ف۔ سورج ÷
نیزۂ خطی ف۔ خط (نام ایک مقام کا ہے بحرین کے پاس) کا نیزہ جو ... میں مشہور ہے ÷
نیزہ بازی داون ف۔ نیزہ کو ... نیزہ بازوں کا کام ہے کہ نیزہ زنی سے پہلے نیزہ کو سر سے اونچا کر کے ہلاتے اور گھماتے ہیں تاکہ ہاتھ کھل جائے اور وقت پر چوک نہ جائیں ÷
نیساری ف۔ سپاہی۔ لشکری ÷
نیساریان ف۔ جمع نیساری کی بمعنی لشکر ÷
نیسان ف۔ رومیوں کے ساتویں مہینے کا نام ہے جو ہندی میں بیساکھ اور انگریزی میں اپریل سے ملتا ہوا ہے۔ یہ مہینہ بہار میں آتا ہے۔ اور سورج اس ماہ میں برج حمل میں ہوتا ہے۔ اس مہینے کے مینہ کو بھی مجازاً نیسان کہتے ہیں۔ اگلے لوگوں کا ایک یہ بھی خیال ہے کہ اس مہینے کے مینہ کی بوندیں سیپیوں میں موتی بن جاتے ہیں ÷
نیست ف۔ نہیں ہے۔ نابود۔ معدوم ...

نیستان ف۔ نے زار۔ وہ جنگل جہاں نے کے درخت بہت ہوں ÷
نیست شدن ف۔ دور ہونا۔ معدوم ہونا ÷
نیستی ف۔ نیست ہونا۔ نابودگی۔ عدم ÷
نیسوق ع۔ ... یہ لفظ یونانی ہے ÷
نیش ف۔ نوک کی تیزی۔ جیسے چھری کی نوک ہوتی ہے۔ بچھو یا سانپ کا ڈنک ÷
نیشاپور ف۔ خراسان میں ایک شہر ہے جہاں فیروزے کی کان ہے۔ اصل میں نشاہ پور تھا (یعنی شہر شاہ پور کا بسایا ہوا شہر) ÷
نیشان ف۔ نشان ÷
نیشتر ف۔ فصد کھولنے کا اوزار۔ نشتر ÷
نیش زدن ف۔ ڈنک مارنا ÷
نیشکر ف۔ گنا ÷
نیشلہ ف۔ نیچہ ÷
نے عسکر ف۔ قلم ÷
نیفہ ف۔ نالا۔ ازار بند۔ پوستین۔ ... ÷
نیفہ شکست کردن ف۔ آرام کرنے کو تیار ہونا ÷
نیاک ع۔ جماع ÷
نیک ف۔ بھلا آدمی۔ خوب۔ بہت بسیار ÷
نیک آموز ف۔ واعظ ÷
نیکپیریان ف۔ نیکپیری کی جمع ہے جو کہ لفظ ہے۔ اور نیک (بمعنی نیا) اور پیری (بمعنی سپاہی) سے مرکب ہے۔ بعض نے سپاہی کی نسبت مطلق فوج۔ گروہ ÷
نیک خواہ ف۔ خیرخواہ۔ کسی کی بھلائی چاہنے والا ÷
نیک روز ف۔ خوش نصیب ÷

نیک فرجام ف - نیک انجام +

نیک محضر - نیکو محضر ف - وہ شخص جو آگے پیچھے لوگوں کو یاد کرے - نیک خصلت - نیک حضور - جس کا سامنے آنا اچھا شگون سمجھا جائے +

نیکو ف - اچھا - خوب +

نیکو شمائل ف - نیک خصلت +

نیکو گفت ف (تقلیب اضافت) تعریف

نیکوئی ف - بھلائی - خوبی +

نیکی ف - بھلائی - خوبی +

نیکی کردن و در آب انداختن ف بدوں غرض و عوض کے کسی کے ساتھ نیکی کرنی +

نیل - پانا - حاصل کرنا - پہنچنا +

نیل ف مشہور چیز ہے جس سے نیلا ودی کپڑے رنگتے ہیں - یہ ایک پودے سے حاصل ہوتا ہے - جو دو تین فٹ کے قریب اونچا ہوتا ہے - پتے کسی قدر میتھی کے پتوں سے ملتے ہیں - لیکن نیچے کی طرف ذرا چوڑے اور اوپر کی طرف گاؤدم ہوتے ہیں - پھول سبزی مائل گلابی - ضلع ملتان - مظفر گڑھ - ڈیرہ غازیخاں - مرشد آباد وغیرہ سے ملتا ہے - اور نام ایک مشہور دریا کا جو ملک مصر میں ہے +

نیل بر چہرہ مالیدن ف - روسیاہ کرنا - قسمت سے ناامید ہونا +

نیل بر یال رفتن ف - امر فخر کو شہرت دینا جیسے نیل کا ماٹ بگڑنا کہتے ہیں

نیل تشم زخم - نیل چشم ف - سیاہ داغ جو بد نظر سے بچنے کو بچوں کے چہرہ پر کر دیتے ہیں +

نیل خم آسمان ف - آسمانی نحوست

نیل گاؤ ف - ایک قسم کا جنگلی چوپایہ ہوتا ہے +

نیلگون ف - نیلا رنگ - اور سیاہ اور سبز رنگ کو بھی کہتے ہیں - کیونکہ فارسی والے ان تینوں رنگوں میں کچھ فرق نہیں کرتے نیلے کو بھی سیاہ کہتے ہیں +

نیلگون پردہ - نیلگوں خیام - نیلگوں وطاق ف آسمان +

نیل پر - نیلفر - نیلوفر - نیلو پر - نیلو برگ - نیلوپل - نیلوفل ف - ایک قسم کا مشہور پھول ہے جو دو قسم کا ہوتا ہے ایک شمسی جو ہندی کول گٹے کا پھول ہے - اور بروقت طلوع آفتاب کے کھلتا ہے - دوسرا قمری جو دو طرح کا ہوتا ہے - ایک نرا سفید - دوسرا کبودی مائل سفیدی - یہ دونوں شام کے وقت کھلتے ہیں اور یونانی دواؤں میں بھی کام آتے ہیں - اور ایک اور قسم کے پھول کو بھی نیلوفر کہتے ہیں جن کی بیلیں گھاس اور درخت کے اوپر لپٹ جاتی ہیں اور اُن کا پھول نیلی رنگت کا ہوتا ہے - اُسے کول کہتے ہیں +

نیل فلک ف - آسمانی نحوست +

نیل کشیدن ف - داغ دینا +

نیلم ف - سیاہ رنگ کا ایک جوہر ہے - جو [illegible] +

نیلہ ف - [illegible] کا گھوڑا خصوصاً [illegible] ایک جنگلی چوپایہ جانور ہے +

نیلی تیر - نیلی پردہ - نیلی حقہ - نیلی دوائر - نیلی تتق ف - آسمان +

نیم ف - آدھا - نصف - ایک مشہور درخت کا نام ہے

نیم آدمی ف - عورت سے مراد ہے + اسواسطے کہ معاملات شرعی میں دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر سمجھی جاتی ہے +

نیم برف - کشتی کے ایک داؤ کا نام ہے +

نیم بسمل ف - آدھا گھائل +

نیم تاج ف - دیبا سے بنا ہوا - جواہر سے جڑاؤ کیا ہوا ایک قسم کا تاج ہے +

نیم ترک ف - خود +

نیم تسلیم ف - خم ہو کر ہاتھ ناف تک بجالانا

نیم تہ کردن ف - کمر سے پکڑ کر دے مارنا

نیم جان ف - عاشق +

نیمچہ ف - چھوٹا کپڑا یا بالا پوش - چھوٹی تلوار - اور بندوق +

نیم خانہ - نیم خانہ مینا ف آسمان مراد ہے - کیونکہ گردی شکل ہے اور ہمیشہ آدھا ہی نظر آتا ہے +

نیم خوردہ ف - جھوٹا کھانا +

نیم دست ف - چھوٹی مسند +

نیم راست ف - موسیقی کا ایک پردہ ہے +

نیم رخ ف - یک رخی تصویر +

نیم رنگ ف - ناقص اُڑا ہوا رنگ +

نیم روز ف - دوپہر - دوپہر کا وقت - ملک سیستان کو بھی کہتے ہیں جو ایران کی شرقی حد پر افغانستان سے متصل واقع ہے - اُسے زابلستان بھی کہتے ہیں - رستم کا یہی اصلی وطن تھا +

نیم سفت ف - ناتمام +

نیم سیر ف - آدھا پیٹ بھرا +

نیم کارہ - جو دوسرے سے کم اُجرت کام کرے +

نیم کارہ - نیم کردہ ف - ناقص - ناتمام

شاگرد - مزدور +

نیم کاسہ در زیر کاسہ داشتن ف - فریب کرنا +

نیم لنگ ف - قربان کمان جس میں کمان رکھ کر کمر سے باندھتے ہیں +

نیم مست ف - آدھا مست - بہت تھوڑا نشہ

نیمہ ف - ادھورا - آدھا - طرف - سمت - جانب - ہر قسم جو منہ پر ڈال لیتے ہیں +

نیم قندیل ف - ماہ نو - نیا چاند +

نیم ہلال ف - ابرو معشوق +

نے نواز ف - بانسلی بجانے والا +

نے نے ف - نہیں نہیں +

نینوا ع - ایک مشہور شہر کا نام جہاں حضرت یونس علیہ السلام مبعوث ہوئے - یہ سلطنت اسور کا پایہ تخت اور بڑا دولتمند شہر تھا جس کی شہر پناہ تین منزل کی راہ تھی - بیان میں یہ لفظ بروزن بے مزے لکھا ہے +

نیو ف - پہلوان - شجاع - دلیر +

نیواد ف - شجاعت +

نیوار ف - جو - خلا - آکاس - زمین آسمان کا درمیانی خلا +

نیوباروان - نیو باریدن ف - ملاحظہ کے اصل میں نہ او باریدن ہے - او باریدن معنے ہیں نگلنا - بھرنا - نگل جانا +

نیو آتش ف - [illegible] +

نیو تور ف - خورد +

نیور ف - کائنات +

نیوشیدن ف - سننا - ڈھونڈنا - طلب کرنا +

نیایین ف - نے کا منسوب ہے - [illegible] سے مراد [illegible] ہے +

باب الواو

واو مہملہ مع الف

وا ف۔ کشادہ۔ کھلا ہوا۔ جدا۔ اکثر جیسا معنی ساتھ۔ شعراء کا مخفف ہے ۔
وا افتادن ف۔ لیٹ رہنا ۔
وابات ۔ گھٹنے کی قوت۔ قوت فہم۔
واپرداختن ف۔ خالی ہونا۔ فارغ ہونا
واپردن ف۔ چپاتی پکانے کے لئے خمیر کو جوڑا کرنا ۔
وابستگان ف۔ وابستہ کی جمع ہے ۔
وابستن ف۔ باندھنا ۔
وابستہ ف۔ بندھا ہوا۔ متعلق رشتہ دار
واپس ف۔ چھٹا ہوا۔ لوٹا ہوا۔ اور پیچھے۔ باز میں اور پیچھے کے بھی آیا ہے ۔
واپسیں ف۔ پچھلا۔ آخریں ۔
وابل ع۔ باران بزرگ قطرہ۔ مسلا دھار مینہ۔ عرب کے ایک قبیلہ کا نام بھی ہے ۔
وابوسیدن ف۔ منہ پھیرنا ۔
وات ف۔ حرف سخن۔ بات چیت
واترت۔ دور تر ۔
واتگو ف۔ شاعر۔ قصہ خواں۔ بوجیتین بودنہ۔ ایک نالے کا نام بھی ہے ۔
واثق ع۔ سخت۔ مضبوط۔ استوار
واثق باللہ ع۔ خلفائے عباسیہ سے ہے جو ۲۲۲ھ سے ۲۳۲ھ تک سلطنت کرتا رہا۔ مذہب میں معتزلی تھا علمائے بنانے اور ترا جھنے کی ترقی اور شہروں کے بسانے میں بہت کوشش کی۔ علماء۔ فقہاء اور اطباء کی رعایت کرتا۔ اور ان سے صحبت رکھتا حرمین شریفین میں بیشمار روپیہ تقسیم مساکین کے لئے بھیجا کرتا تھا ۔
واج ف۔ کو۔ جو۔ گفتن کے امر کا معنی ہے ۔
واجارت۔ بازار ۔
واجب ع۔ دائم۔ ہمیشہ۔ لازم۔ سزاوار ہونے والا۔ اور وہ جو اپنے وجود اور بقا میں دوسرے کا محتاج نہ ہو ذات باری تعالےٰ۔ اور فرض واجب سے بھی مراد ہے ۔
واجبات ع۔ جمع واجب کی۔ فرائض
واجب الوجود ع۔ وہ جس کی ذات مقتضی اُسکے وجود کی ہو۔ خدائے تعالےٰ ۔
واجبۂ شرعیہ ع۔ شرع کے واجبات ضروری مسائل شریعت کے جو ہر ایک مسلمان کے لئے ابد اور ضروری ہیں ۔
واجبی ع۔ وہ بات جو درست ہو۔
واجبہ ع۔ وظیفہ۔ روزینہ ۔
واجد ع۔ پانے والا۔ ہستی ذات کا علم رکھنے والا۔ وجود دینے والا ۔
واجستن ف۔ ڈھونڈنا۔ تلاش کرنا
واجیت ع۔ جسکا دل دھڑکتا ہو ۔
واجیدن ف۔ چننا۔ چگنا ۔
واحد ع۔ ایک۔ یکتا ۔
واخریدن ف۔ ظاہر بین ہو کے سامنے خریدنا ۔
واخواست ف۔ مطالبہ۔ بازپرست کرنا
واخوردن ۔ مرجھانا۔ ملاقات کرنا
واخیدن ف۔ جدائی کرنا۔ ایک دوسرے سے جدا ہونا ۔
وادرت۔ بادہ۔ مجوا بیٹھنا۔ لب ۔
وادوادن ف۔ پلٹنا ۔
واداون ف۔ سب کے ظاہر میں دینا
وادوشتن ف۔ رکھنا ۔
وادع ع۔ وداع کرنے والا۔ رخصت کرنے والا ۔
وادہ ف۔ اصل ہر چیز کی بنا۔ اپنی تعریف میں شور مچانا ۔
وادی ف۔ دو پہاڑوں کے بیچ کی راہ۔ پانی کی نالی پست اور ہموار زمین جہاں درخت کم ہوں۔ اور اسپر دریا کی طغیانی کا پانی ابھرا کرے۔ گذرگاہ۔ دریا صحرا۔ جنگل۔ بیابان۔ مجازاً مقدمہ معاملہ
وادیان ف۔ بادیان۔ پودینہ ۔
وادیٔ ایمن ع۔ وہ جنگل جہاں حضرت موسےٰ نے جلوہ الٰہی درخت کے اوپر دیکھا تھا چونکہ وہ جنگل حضرت موسےٰ کے داہنے طرف تھا۔ اسواسطے وادی ایمن کہلایا ۔
وادیٔ عروس ع۔ مکہ معظمہ کی راہ میں ایک جنگل ہے ۔
وادیدن ف۔ دیکھنا ۔
وارت۔ لائق۔ سزاوار۔ روش۔ دستور۔ یہ کلمہ لیاقت کا ہے۔ جیسے سوگوار تعقیدار دوستدار۔ محبت۔ اونٹ یا گدھے کا بوجھ مقدار اور لیاقت کیواسطے بھی بولا جاتا ہے
وارث ع۔ میراث لینے والا ۔
وارث داؤد ع۔ حضرت سلیمان علیہ السلام
وارث تاج و نگین ع۔ شاہزادہ ولیعہد
وارخارت۔ کاہل آدمی ۔
وارد ع۔ آنے والا۔ قاصد ۔
واردات ع۔ وہ حال جو دل میں پیدا ہو
واردوان ف۔ روٹی بیلنے کا بیلنا ۔
وارستگی ف۔ آزادگی۔ فارغ دلی ۔
وارستہ ف۔ آزاد۔ فارغ البال
وارسیدن ف۔ پہنچنا۔ پانا ۔
وارغ ف۔ بند جو پانی کے آگے مٹی اور لکڑی سے بنایا جاتا ہے۔ اور ایک چیز ہے جس سے سونا چاندی وغیرہ کا میل نکالتے ہیں ۔
وارفتگی ف۔ مشغول ہونا۔ گداپن ۔
وارفتن ف۔ جانا۔ چھوٹ جانا ۔
واران۔ وارنج ف۔ آرنج مرفق۔
وارون ف۔ الٹا۔ معکوس ۔
وازت۔ کھلا ہوا۔ ظاہر ۔
وازع ع۔ روکنے والا۔ سردار لشکر۔ حاکم سلطان ۔

واژت۔ باج۔ خراج
واژگون۔ واژگونہ ف۔ بدبخت بدنصیب۔ نامبارک۔ معکوس ۔
واژون۔ واژونہ ف۔ اوندھا الٹا۔ برگشتہ ۔
واژون بخت ف۔ بدنصیب کا آدمی۔ بدنصیب۔ بدبخت ۔
واس ف۔ گیہوں کا خوشہ ۔
واسط ع۔ عراق عرب میں ایک شہر ہے اور واسط اسے اس واسطے کہتے ہیں کہ وہ بغداد اور بصرہ کے درمیان واقع ہے۔ وہاں کا قلم مشہور ہے۔ سوائے اس کے چار اور قریے بھی ہیں جن کا بھی نام ہے ۔

واسط ع۔ درمیان بیچ والا۔ ایلچی ÷
واسطۃ العقد ع۔ موتیوں کی لڑی کے بیچ کا سب سے بڑا قیمتی موتی۔ اور معنی امام تسبیح کا ہے
واسطۂ عقد الیقین ع۔ تمام نبیوں کے امام جناب رسول خدا صلعم سے مراد ہے ÷
واسطۂ عقد نجوم ع۔ آفتاب سے مراد ہے
واسطی ع۔ واسط شہر کا جیسے واسطی قلم یعنی شہر واسط کا قلم ÷
واسع ع۔ پھیلنے والا۔ وسیع ÷
والسلام ع۔ اور سلام پہنچے ÷
واسوخت ف۔ ایک خاص قسم کے اشعار ہیں ÷
واسوختگی ف۔ سوختگی۔ جلن ÷
واسوختن ف۔ بیزار ہونا۔ محبوب سے ناراض ہونا۔ روگردانی کرنا۔ عشق چھوڑ بیٹھنا۔ اسی لفظ سے واسوخت بنا ہے ÷
واشامہ ف۔ عورتوں کی اوڑھنی ÷
واشر ف۔ باشہ جو مشہور پرندہ ہے
واشدن ف۔ شگفتہ ہونا۔ جدا ہونا۔ تکلیف سے نکلنا ÷
واشی ع۔ چغلیا۔ بدگو۔ یعنی چغل۔ غماز
واصف ع۔ تعریف کرنیوالا ÷
واصفی ع۔ ایک شاعر کا نام ہے جو اپنے زمانہ میں بڑا صاحب قدرت تھا۔ اسنے ہرات میں پرورش پائی۔ یہ ایک غزل اسی کی تصنیف سے ہے جو ان چار بحروں میں پڑھی جا سکتی ہے۔ رمل مسدس محذوف فاعلاتن فاعلاتن فاعلان۔ رمل مخبون سالم مسدس مقطوع مخبون فاعلاتن فعلاتن فعلن۔ سریع مطوی مکشوف مفتعلن مفتعلن فاعلان۔ خفیف مخبون مقصور فاعلاتن۔ مفاعلن فعلان ÷

غزل

نرگس جادوے تو آہوے چین
ناز آہوے تو خال جبین
ہندوے گیسوے تو جانے کفر
فتنہ خوئے تو مایۂ دین
صورت ابروے تو قبلہ نماز
ساجد ابروے تو روے زمین
یک سر موے تو دو ملک جہان
یک گل روے تو دو خلد برین
واصفی از حد تو دیوانہ است
مضطرب از خط تو زار و حزین

واصل ع۔ ملنے والا۔ ملاقات کرنیوالا
واضح ع۔ روشن۔ آشکار۔ کھلا ہوا ظاہر ÷
واضع ع۔ کسی چیز کو اس کی جگہ پر رکھنے والا۔ ترتیب دینے والا۔ پیدا کرنے والا۔ بنانے والا ÷
واضع چار کتاب ف۔ حق تعالےٰ جسنے توریت۔ زبور۔ انجیل۔ قرآن کو حضرت موسےٰ۔ حضرت داؤد۔ حضرت عیسےٰ۔ حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمایا ÷
واعجبا۔ واعجباہ ع۔ مقام افسوس پہ کہتے ہیں۔ اے عجب ÷
واعد ع۔ وعدہ کرنیوالا ÷
واعظ ع۔ نصیحت کرنے والا ÷
واعی ع۔ نگہبان۔ یاد رکھنے والا۔ نگہ رکھنے والا ÷
واعیہ ع۔ یاد رکھنے والی۔ نگہ رکھنے والی۔ حافظہ۔ نگہبان۔ قریہ کنندہ ÷

واف ف۔ بلبل۔ خوانندہ ÷
وافد ع۔ قاصد۔ کسی کے سامنے جانے والا۔ شتر سوار ÷
وافر ع۔ بہت۔ کثیر ÷
وافی ع۔ پورا۔ تمام و کامل ÷
وافی الحسب ع۔ وہ شخص جو مال اور دین اور علم اور سب کمالات میں کامل شرف رکھتا ہو ÷
واقصہ ع۔ مکّے کے راہ میں ایک منزل ہے ÷
واقع ع۔ ہونے والا۔ گرنے والا۔ حادث ہونے والا ÷
واقعات ع۔ جمع ہے واقعہ کی ÷
واقع شدن ف۔ واقع ہونا۔ ہونا۔ مجازاً دوچار ہونا ÷
واقع نگار ف۔ حالات کا لکھنے والا۔ اخبار نویس۔ اڈیٹر۔ کارسپانڈنٹ ÷
واقعہ ع۔ سپنا۔ خواب۔ جنگ۔ حادثہ۔ سختی۔ قیامت۔ مرنا۔ حال۔ کار۔ قرآن کی ایک سورۃ کا نام بھی ہے ÷
واقعہ طلب ف۔ مفسد۔ جنگجو۔ لڑاکا
واقعی ع۔ درست۔ ٹھیک۔ فی الواقع۔ منسوب بہ واقعہ ÷
واقف ع۔ کھڑا ہونیوالا۔ جاننے والا۔ آگاہ۔ خبردار ÷
واقف گشتن از چیزے ف۔ مطلع ہونا۔ خبردار ہونا ÷
واقفیت ع۔ جان پہچان۔ علم ÷
واقی۔ واق ع۔ نگاہ رکھنے والا۔ بچانے والا ÷
واق واق ف۔ سیاہ رنگ کا ایک پرندہ ہے جو دریا کے کنارے رہتا ہے ÷

واکردن ف۔ کھولدینا۔ باز کرنا
واگرفتن ف۔ چھین لینا۔ واپس لے لینا۔ لے لینا ÷
واگرنہ ف۔ اور نہیں تو ÷
واکشیدن ف۔ پیٹنا ÷
واکشیدن چیزے زاں ف۔ زور یا حیلے سے اس شے کو حاصل کرنا ÷
واگویہ ف۔ بات چیت۔ چرچہ ÷
واگیر ف۔ پہلوانوں کی ایک طرح کی ورزش ÷
وال ف۔ ایک طرح کی مچھلی ہے ÷
وال ع۔ پناہ۔ پناہ لینا ÷
والا ف۔ بلند۔ بلند رتبہ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا بھی ہے ÷
والّا ع۔ اور نہیں تو ÷
والا جاہ ف۔ بلند رتبہ ÷
والاد ف۔ چھت۔ سقف۔ گنبد اور طاق کا گنبد۔ مٹی کی عمارت۔ رنگین عمارت۔ کچی اینٹوں اور پتھروں سے بنی ہوئی دیوار ÷
والان ف۔ صفہ۔ دالان ÷
والانہ ف۔ زخم۔ ریش ÷
والد ع۔ باپ۔ جننے والا ÷
والدہ ع۔ ماں۔ جننے والی ÷
والدین ع۔ ماں۔ باپ ÷
والذی لم یخلق مثلہا فی البلاد ع۔ قرآن شریف میں والتی لم یخلق الخ ہے۔ معنے اسکے اور وہ ایسا ہے کہ نہیں پیدا کیا گیا اس جیسا شہروں میں۔ یہ آیت ارم کی صفت میں واقع ہوئی ہے ÷
والغور ف۔ سب سفیروں کا نام ہے جو ایران میں متعین تھا ÷

والغونہ ف۔ غازہ۔ گلگونہ ✣
والمیدن ف۔ لیٹنا ✣
والہ ع۔ صیغہ اسم فاعل کا ہے بمعنی شیفتہ۔ سرگشتہ۔ عاشق۔ مفتون۔ لؔ پر فتح پڑھنا غلط ہے ✣
والہ ف۔ بمعنی والا صیغہ کلام میں مبالغہ کو
واللہ ع۔ قسم خدا کی ✣
واللہ اعلم ع۔ اور خدا خوب جانتا ہے۔
والی ع۔ دوست۔ حاکم۔ مالک۔ قریب شدہ
والئے سپہر پنجم ف۔ ستارۂ مریخ جو پانچویں آسمان پر ہے ✣
والئے عقرب ع۔ ستارۂ مریخ سے مراد ہے۔ اس واسطے کہ برج عقرب خانہ مریخ کا ہے
وام ف۔ قرض۔ رنگ ✣
واماند ف بقا۔ قیام ✣
واماندگاں ف۔ واماندہ کی جمع ہے
واماندن ف پیچھے رہنا باقی رہنا عاجز ہونا
واماندہ ف پیچھے رہا ہوا تھکا ہوا بچی ہوئی عاجز۔ بچا ہوا کھانا۔ جھوٹا کھانا ✣
وام خواہ ف۔ قرض خواہ ✣
وام دار۔ وامی ف۔ قرضدار ✣
وامراں ف۔ ایک میوہ جو آنکھوں کی بہت عمدہ دوائی ہے ✣
وام زمین ف۔ مٹی کا وہ ذرہ جس سے آدمی کا پتلا بنا ہوا ہے ✣
وامق ع۔ عذرا کے عاشق کا نام ہے اور بمعنے عاشق دوست دار محبت چاہنے والا
وان ف شروان کے پاس یا ترکستان میں ایک شہر ہے۔ بشبیہ۔ مانند ✣
وانگریستن ف۔ دیکھنا ✣
وانمودن ف ظاہر کرنا ✣

وَاِن یکاد ع۔ آیت وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ کی طرف اشارہ ہے جو دفع نظر بد کے واسطے اکسیر کا حکم رکھتی ہے ✣
واویلات۔ افسوس۔ مجازاً فریاد ✣
واہ۔ وَیہ ع۔ چہ خوش۔ چہ خوب ✣
واہب ع۔ بخشنے والا ✣
واہلہ ع۔ نوح علیہ السلام کی بیوی کا نام ہے
واہم ع۔ وہم کرنے والا ✣
واہمہ ع۔ وہم کی قوت۔ وہ قوت جو معنی جزئیات کا ادراک کرے جو محسوسات سے متعلق ہیں جیسے صداقت اور عداوت وغیرہ۔ بعض متقدمین کی رائے یوں ہے کہ واہمہ کا کام یہ ہے کہ دیکھے اور ان دیکھے اور سچے اور جھوٹے سب طرح کے نقش اور صورتیں دکھائے خواہ وہ چیزیں عالم صورت میں پائی جائیں یا نہ پائی جائیں۔ جیسے ہزاروں آفتاب نکلے ہوئے وہم میں دکھائے حالانکہ سورج ایک سے زیادہ نہیں۔ بخلاف اور قوتوں کے یہ قوت تابع عقل کے نہیں ہے۔ چنانچہ اگر کوئی شخص اکیلا کسی اندھیری کوٹھری میں ایک مردہ کے پاس بیٹھا ہو تو ہر چند عقل بھی کہے گی کہ وہ مردہ اینٹ پتھر کی طرح جماد (بے جان شے) ہے۔ اس سے خوف نہ کرنا چاہئے۔ لیکن قوت واہمہ وسوسہ پیدا کرے گی اور اس شخص کو ڈرائے گی ✣
واہ واہ ف۔ بہت خوب۔ کلمہ تحسین کا ہے ✣

واہی ع۔ سست۔ بیہودہ بات ✣
واہی العُرا ع۔ سست آدمی ✣
واہیہ ع۔ کمزور۔ ٹوٹنے والی ✣
وائے ف۔ افسوس ہے۔ باولی جو ایک قسم کا کنواں ہے جس میں زینہ بنا ہوا ہوتا ہے۔ اور اس کے ذریعے نیچے جا کر پانی لے سکتے ہیں۔ گمراہ ✣
وائل ع۔ عرب کے ایک قبیلہ اور ایک گاؤں کا نام ہے ✣
وایا۔ والیست۔ وایہ ف۔ خواہش۔ آرزو۔ حاجت۔ مراد۔ مجازاً مقدار۔ ہر روز کی معمولی خوراک ✣

واو مہملہ مع بائے موحدہ

وَبا ع۔ موت۔ عام موت جو ہوا کے فاسد ہو جانے کے سبب ہوتی ہے ✣
وَبال ع۔ سختی۔ گرانی۔ عذاب۔ بوجھ اور وبال کسی ستارہ کا جیسے آفتاب کا وبال دلو میں ہوتا ہے۔ اور قمر کا جدی میں۔ اور عطارد کا قوس اور حوت میں اور زہرہ کا عقرب اور حمل میں۔ اور مریخ کا میزان اور ثور میں اور مشتری کا جوزا اور سنبلہ میں اور زحل کا سرطان اور اسد میں ✣
وَبَرَہ۔ بلی کے مشابہ ایک جانور ہوتا ہے
وَبَر ع۔ اون۔ پشم ✣
وبروک ف۔ چیستان۔ پہیلی ✣
وَبِیص ع۔ چمکنا ✣

واو مہملہ مع تائے فوقانی

وَت ف۔ پوستین ✣
وَتَد ع۔ لکڑی کی میخ۔ کھونٹی۔ کیل۔ علم عروض میں وتد سہ حرفی جزو کو کہتے ہیں اگر وہ جزو ایسا ہو کہ اول اسکے دو حرف متحرک اور تیسرا حرف ساکن ہو۔ جیسے نعم و ذہن میں تو اسکو وتد مقرون یا وتد مجموع کہتے ہیں۔ اور اگر حرف اول اور حرف آخر متحرک ہو۔ اور حرف میانہ ساکن تو اسکو وتد مفروق کہتے ہیں جیسے نرگس کے تین حروف ہیں ت متحرک ہے اور نا ساکن اور پھر متحرک ہے اور اول کو وتد مجموع یا مقرون اس واسطے کہتے ہیں کہ اسکے دو حرف متحرک باہم اگر پیوستہ اور جمع ہیں۔ اور لغت میں مجموع کے معنے جمع کردہ شدہ کے اور مقرون کے معنے پیوستہ ہیں اور دوسرے کو مفروق اس لئے کہا کہ اسکے حروف متحرک منقسم ہیں۔ اور لغت میں مفروق فرق کردہ شدہ کو کہتے ہیں ✣
وِتر ع۔ تنہا۔ طاق ✣
وَتَر ع۔ کمان کی زہ ✣
وتنگ ف بلوطے جو ایک جانور ہے
وتگر ف۔ پوستین دوز ✣
وتنگرف۔ انگور کا دانہ یا بیج ✣
وتیرہ ع۔ راہ۔ روش۔ اصل۔ دستور
وتین ع۔ دل کی رگ جسکے کٹ جانے سے جاندار فوراً مر جاتا ہے ✣

واو مہملہ مع ثائے مثلثہ

وَثاق ع۔ بند۔ قید ✣
وُثاق ف۔ گھر۔ خانہ ✣
وَثن ع۔ پتھر یا کسی اور چیز کا بت ✣

وثنی ع۔ بت پرست
وثوق ع۔ استواری۔ اعتماد
وثیق ع۔ استوار۔ مضبوط
وثیقہ ع۔ استواری۔ عہد و پیمان۔ عہد نامہ۔ اقرار نامہ

واو مہملہ مع جیم عربی

وج ع۔ ایک دوا کا نام ہے
وَجا ع۔ ترس۔ ضعف۔ تھپڑ لگانا
وِجا ع۔ خصی کرنا
وجار ع۔ بھیڑیے اور کتے کے رہنے کی جگہ
وجاہت ع۔ قدر۔ آبروئی۔ عزت۔ چہرہ کا روشن ہونا
وَجب ع۔ بالشت۔ بیتا بھر
وجب کردن ف۔ بالشت سے ناپنا
وُجد ع۔ قوی ہونا۔ تونگر ہونا۔ پانا
وجد ع۔ غمگین ہونا۔ شیفتہ ہونا۔ اصطلاح صوفیہ میں وہ حالت کیفیت جو یاد الٰہی میں دل پر چھا کر انسان کو بیخود کر دے۔ ذوق اور شوق کی حالت
وجدان ع۔ گم شدہ کو پا جانا۔ جاننا۔ پانا
وجد کردن ف۔ مستی اور شوق کی حالت میں حرکت کرنا
وجرت ع۔ فتوے۔ حاکم شرعی کا حکم
وجرگرت ع۔ مفتی۔ فتوے دینے والا
وجع ع۔ درد۔ دکھ۔ بیماری
وجل ع۔ ڈرپوک۔ وہ شخص جو سبب وہم کرنے کے خائف ہو
وَجل ع۔ ڈرنا۔ خوف کرنا
وجنات ع۔ جمع وجنہ کی۔ رخسارے۔ گال

وجنگ ف۔ چونچ
وجنہ ع۔ آدمی کے گال جو سیدھے موٹے اور ابھرے ہوئے ہوں۔ جہاں داڑھی کے بال نہیں نکلتے یعنے آنکھ کے نیچے ناک کے پہلو کی جگہ۔ مجازاً گال۔ رخسار
وجوب ع۔ واجب ہونا۔ لازم ہونا۔ لائق ہونا۔ ذات کا اپنے وجود کا اقتضا کرنا۔ اور اس کا عدم نا ممکن ہونا۔ کبھی اس سے ذات حق تعالیٰ مراد ہوتی ہے
وجود ع۔ مطلب حاصل ہونا۔ پانا۔ ہستی۔ زندگی۔ مجازاً جسم۔ بدن
وجود ساز معاون ف۔ مسیح
وجود اعتقاد داردن [illegible]
وجود نہادن چیزے را ف۔ کسی لائق سمجھنا۔ کسی شے کو کسی قابل جاننا
وجور ع۔ فیض۔ دوا جو حلق میں ڈالیں
وجوہ ع۔ جمع وجہ کی۔ چہرے۔ سردار اور بزرگ لوگ
وجہ ع۔ رو۔ چہرہ۔ طریقہ۔ طور۔ برابر۔ روبرو۔ ذات۔ حقیقت کسی چیز کی۔ اور وہ چیز جس کے سبب معاش پیدا کریں۔ جیسے زمین۔ مشاہرہ وغیرہ۔ سوئے۔ جانب۔ طرف
وجہہ ع۔ طرف۔ قبلہ جس کی طرف منہ کیا جاوے
وجہ معاش و وجہ معیشت ف۔ وہ چیز جس کے سبب معاش پیدا کریں۔ جیسے تنخواہ۔ زمین وغیرہ
وجیز ع۔ کوتاہ۔ مختصر

وجیع ع۔ درد ناک۔ پر درد
وجیہ ع۔ مرد صاحب جاہ۔ مرد خوبصورت خوشنما

واو مہملہ مع حائے مہملہ

وُحدان ع۔ جمع واحد کی
وحدانیت ع۔ واحد ہونا۔ ایک ہونا
وحدت ع۔ یگانہ ہونا۔ تنہائی۔ ایک ہونا
وحدت ارادی ع۔ ایک دل ہونا آدمیوں کا اپنے ارادے سے بدون جبر کے جیسے ایک نبی کی امت کے لوگ ہوتے ہیں
وحدت قہری ع۔ وہ وحدت جو بسبب قہر و غلبہ بادشاہ کے لوگوں میں حاصل ہو جائے جیسے نوکروں میں ہوتی ہے
وحدت الوجود ع۔ سب موجودات کو وجود حق تعالیٰ کا سمجھنا
وحدت پیشہ ف۔ موحد
وحدت نوعی ع۔ بسبب ایک نوع ہونے کے جو وحدت حاصل ہو۔ جیسے انسان کے افراد ہیں
وحش ع۔ جمع وحشی کی۔ جنگلی جانور
وحشت ع۔ آدمیوں سے نفرت جیسے جانوروں میں ہوتی ہے
وحشی ع۔ جنگلی جانور جو آدمیوں سے بھاگ جاوے
وحل ع۔ کیچڑ۔ اور وہ زمین جو پانی کے سبب نرم ہو گئی ہو
وحوش ع۔ جمع وحش کی۔ جانوران صحرائی۔ جنگلی جانور جو آبادی سے دور رہیں
وحی ع۔ پیغام خدا۔ سخن نرم
وحید ع۔ یگانہ۔ یکتا۔ تنہا

وحی منزل ع۔ قرآن مجید

واو مہملہ مع خائے معجمہ

وخ ف۔ واہ واہ
وخامت ع۔ ناموافقت۔ دشواری۔ گرانی
وخرت ف۔ جگہ۔ مکان۔ مقام
وخش ف۔ ترکستان میں ایک شہر ہے
وخش ف۔ ایک مرض کا نام ہے جو گھوڑے اور گدھے کے پاؤں میں ہوتی ہے اور اس سے وہ لنگڑا ہو جاتا ہے
وخشور ف۔ پیغمبر۔ رسول
وخشور چند ف۔ وخشور نہادن شریعت
وخم ع۔ ناسازگار۔ ناموافق
وخ وخ ف۔ واہ واہ
وخیم ع۔ دشوار۔ گراں۔ ناگوار۔ بد۔ زشت۔ خراب

واو مہملہ مع دال مہملہ

وَد ف۔ عاقل اور دانشمند۔ حکیم۔ کرم
وُدّ ع۔ دوستی۔ وفا
وَدّ ع۔ نوح علیہ السلام کی قوم کے بت کا نام ہے جو مرد کی شکل کا تھا
وداد ع۔ دوستی۔ محبت
وداج ع۔ گردن کی رگ
وداع ع۔ رخصت کرنا۔ فارسی والے بکسر اول بھی پڑھتے ہیں
وداغ ف۔ آگ۔ آتش
ودائع ع۔ جمع ودیعت کی۔ امانتیں
ودع ع۔ سنکھ جو سمندر میں پائے جاتے ہیں
ودود ع۔ دوست۔ خدا تعالیٰ کا نام بھی ہے

وَدِیعت ع۔ امانت۔ دھروہر +

واو مہملہ مع رائے مہملہ

ورف یعنی واگر سبق۔ اطفال کا تختہ جس سے معلم تعلیم کرتے ہیں۔ گرمی۔ حرارت +
وُران۔ مخفف اورا کا +
ورا۔ ورے ع۔ مخلوقات از قسم جن وانس۔ دنیا +
وَراء ع۔ پیچھے۔ عقب۔ جانب۔ سوا۔ بدوں +
وِراثت ع۔ مردہ کے مال کا وارث ہونا +
ورارُود۔ ورازود۔ ف۔ ماوراءالنہر +
وَراز۔ وَراز ف۔ گراز۔ خوک نر
وراغ ف۔ چراغ کا شعلہ۔ روشنی +
وَرّاق ع۔ کاغذ کاٹنے والا۔ دولتمند آدمی۔ لکھنے والا +
وَراق ع۔ گھاس اور نباتات کے سبب سبزی زمین کی +
ورامِن ف۔ ہلکی پھلکی شے۔ ملک رے میں ایک شہر بھی ہے +
ورانیر ف۔ اس پار۔ اس طرف +
ورائے پست و بلند ف۔ آسمان +
وربوشنہ۔ دربوشن اوڑھنی +
وَربت ف۔ ننگا۔ برہنہ۔ عریان +
وَرتاج ف۔ آتش پرست۔ آفتاب پرست۔ خبازی۔ گل نیلوفر +
وَرتیج ف۔ سلوے جو ایک پرندہ ہے۔ چوکھٹ۔ آستان +
وَرَثہ ع۔ جمع وارث کی۔ میراث پانے والے لوگ +
ورج ف۔ قدر۔ مرتبہ۔ بزرگی۔ سخت۔ کھودنا +
وَرَنج ف۔ زبون۔ پلید +
ورخرج ف۔ فضول خرچ۔ زیادہ خرچ کرنے والا +
وَرخس ف۔ ایک ورم جو ناخن کی جڑھ میں ہوتا ہے +
ورخوردن ف۔ ملنا۔ ملاقی ہونا۔
وَرد ع۔ گل سرخ۔ گلاب کا پھول
وُرد ف۔ شاگرد۔ مرید +
وِرد ع۔ ہر روز کا کام۔ پانی پینے کی جگہ۔ ہر روز کا وظیفہ +
وِردان ف۔ وِرد کی جمع
وردکت۔ جہیز جو بیٹی کو دیا جاتا ہے
وردِ مربّیٰ ع۔ گلقند +
ورذوک ف۔ چھپر۔ چپیر +
ورده ف۔ برج۔ برج کبوتر +
وردی ع۔ گلاب کے رنگ کا +
ورزاو۔ ورگاؤ ف۔ بیل جس سے ہل چلاتے ہیں +
وَرزِش ف۔ ڈنڈ پیلنا۔ کسرت کرنا۔ ریاضت۔ کاشتکاری۔ زراعت +
ورزگن ف۔ پانی بھرا ہوا کوزہ +
ورزکار۔ ورزی ف۔ زراعت کرنے والا۔ کاشتکار۔ کسان +
ورزیدن ف۔ اختیار کرنا۔ مشق کرنا
وَرس ف۔ بہار +
ورساز ف۔ ظریف اور مقطع آدمی
ورستاد۔ ورشتاد ف۔ وظیفہ۔ مشاہرہ جو کسی غریب کو امداد ملے +
ورشتان۔ ورشتال ف۔ کسی پیغمبر کی اُمت +
ورسنگ ف۔ عیب۔ ترازو کا پاسنگ
وَرطہ ع۔ ہلاکت کی جگہ۔ وہ زمین جس میں راہ نہ ہو۔ مجازاً پانی کا بھنور +
وَرَع ع۔ پرہیزگاری +
وَرِع ع۔ پرہیزگار۔ پارسا۔ نیک آدمی +
ورغلانیدن ف۔ بہکانا +
ورفان ف۔ شفاعت کرنیوالا۔ شفیع +
وَرَق ع۔ درخت کا پتا۔ ورق کاغذ
وَرِق ع۔ چاندی کا درم۔ رائج وقت
وُرق ع۔ ورقاء کی جمع ہے +
ورقاء ع۔ فاختہ۔ کبوتر +
ورق الخیال ع۔ بھنگ۔ بجنگ
ورقِ آفتاب ف۔ محبوب کا رخسار +
ورقِ باد ف۔ زبان۔ لسان +
ورق چیزے خواندن ف۔ کسی چیز کا احوال و اوصاف بیان کرنا +
ورقِ خام ف۔ دفتر کا وہ کاغذ جو مشکوک اور مشکوک ہو +
ورق را دفتر ساختن ف۔ اکٹھا کرنا۔ جمع کرنا +
ورق در نوشتن ف۔ لپیٹ لینا +
ورق ریختن ف۔ مات کرنا۔ خراب کرنا +
ورق گردانیدن ف۔ بیہودہ کام کرنا۔ لغو حرکت۔ اپنی بدعلی کے عیب کو چھپانا۔ اپنی قدیمی وضع کو یک دفعہ ہی بدل دینا +
ورق کسے در نوشتن ف۔ اُسے بے نام و نشان کر دینا۔ مغلوب کر لینا +
ورق و ورق گشتن ف۔ خوب مطالعہ کرنا +
وَرقہ ف۔ گل شاہ کے عاشق کا نام ہے
وَرقہ ع۔ کرم نسیس +
وَرِک ع۔ چوتڑ۔ کولا۔ سرین +
ورکو۔ ورکوہ ف۔ عراق عجم میں ایک شہر ہے جو پہاڑ پر بستا ہے۔ اور اس کے چاروں طرف چشمے جاری ہیں +
وَرَل ف۔ مشہور اور سوسمار کے مشابہ ایک جانور ہے +
ورلنگ زدن ف۔ بھاگ جانا +
وَرَم ع۔ سوج۔ جسم کا بیماری کے سبب پھول جانا +
ورمال زدن ف۔ جان کے خوف سے بھاگ جانا +
ورمالیدن ف۔ ازار کے پائنچے یا کپڑے کی آستین کو اوپر اٹھانا۔ بھاگ جانا +
ورماندگی ف۔ پیٹ کا درد +
ورناک ف۔ کشمیر میں ایک چشمہ جس سے دریا جہلم نکلتا ہے +

ورنامہ ف۔ سرنامہ۔ عنوان +
ورنم نہادن ف۔ کسی کو قتل کر کے زمین میں گاڑ کر اس پر پھول بو دینے۔ نظر سے غائب ہو جانا +
ورنہ ف۔ نہیں تو +
وروارہ ف۔ بالا خانہ۔ غرفہ +
وُرُود ع۔ وارد ہونا۔ داخل ہونا۔ آنا داخل ہونا۔ آنا +
ورِہ ع۔ بے وقوف۔ احمق +
ورید ع۔ گردن کی رگ +

واو مہملہ مع زائے معجمہ

وزارت ع۔ وزیر ہونا۔ وزیری +
وزان ف۔ روان۔ چلتا ہوا کا +
وِزان ع۔ وازن کی جمع ہے تولنے والا
وِزان ع۔ وازن کی جمع ہے تولنے والے
وِزر ع۔ گراں۔ بوجھ۔ گناہ۔ ہتھیار۔ اسکی جمع اوزار آتی ہے +
وزراء ع۔ جمع وزیر کی +
وزش ف۔ مصدر وزیدن کا۔ چلنا ہوا کا
وزغ۔ وزغہ ع۔ گرگٹ۔ مینڈک +
وزرگ ف۔ بزرگ +
وزق در آستین ف۔ میلا کچیلا آدمی۔ فتنہ پرداز۔ بکیتی +
وزق در زمین کردن ف۔ فتنہ اٹھانا
وزن ع۔ تولنا۔ بوجھ۔ اندازہ +
وزن بر خویشتن گذاشتن ف۔ اپنے تئیں بڑا سمجھنا۔
وزن سنگ ف۔ قدر و قیمت۔ تمکین و وقار
وزیدن ف۔ ہوا کا چلنا +
وزیدن بوت ف۔ بو کا منتشر ہونا۔ پھیلنا

وزیر ع۔ بار برداری کا شریک۔ بوجھ بٹانے والا۔ چونکہ سلطنت کے کام کا بوجھ اٹھانے میں وزیر بھی بادشاہ کا شریک ہوتا ہے اس واسطے اس عہدہ دار کا نام وزیر رکھا گیا +
وزیر مختار ع۔ سلطنت کے سفیر سے مراد ہے۔ جو با اختیار ہوتا ہے +
وزیری ف۔ انجیر کی ایک قسم ہے ایک شاعر کا تخلص بھی ہے +

واو مہملہ مع زائے فارسی

وژن ف۔ کثافت۔ نجاست +
وژول ف۔ کتا۔ غوغا۔ شور و غوغا
وژولیدن ف۔ شور کرنا۔ تقاضا کرنا۔ برانگیختہ کرنا +
وژد ف۔ وجب۔ بالشت +

واو مہملہ مع سین مہملہ

وسادہ ع۔ تکیہ۔ بالش۔ بالین
وساطت ع۔ درمیان ہونا۔ وسیلہ کرنا۔ واسطہ ہونا +
وسالت ع۔ وسیلہ ہونا۔ ذریعہ بن۔ وسیلہ بننا
وسامت ع۔ خوبی۔ زیبائی +
وساوس ع۔ جمع وسوسہ کی وہم
وسائد ع۔ جمع وسادہ کی۔ تکئے +
وسائط ع۔ جمع واسطے کی +
وسائل ع۔ جمع وسیلہ کی +
وستاخ ف۔ خدا کی ثنا۔ حمد الٰہی +
وُستی ف۔ بشرح۔ ترجمہ +
وُسَّد ف۔ مرجان +
وُسخ ع۔ چرک۔ میل +

وسط ع۔ درمیان۔ ہر چیز کا بیچ +
وسط ع۔ میانہ۔ بیچ کی راس کا +
وُسطیٰ ع۔ بیچ کی انگلی۔ انگشت میانگی۔ یہ مؤنث اوسط کی ہے +
وُسع ع۔ فراخی۔ دسترس۔ توانائی
وُسعت ع۔ فراخی۔ چوڑاپن +
وَسَکردہ وہ شخص جو کام جلدی سے کر لیا کرے۔ چالاک۔ پھرتیلا +
وَشم ع۔ نشان کرنا۔ عیب اور نشانی۔
وَشمت ع۔ داغ کرنا۔ بجا و شمت کنا
وَشمہ ع۔ نیل کے درخت کے پتے جو بالوں کے سیاہ ہونے کے لئے لگاتے ہیں
وَشمی ع۔ موسلا دھار مینہ +
وَسَن ع۔ نیند۔ غنودگی۔ اونگھنا +
وسن ف۔ آلودہ آلائش۔ آلودگی +
وَسِن ع۔ خفتہ۔ سویا ہوا +
وسنی ف۔ سوت۔ وہ جورو جو ایک خاوند کی ہوں تو وے دونوں آپس میں وسنی یعنی سوت کہلاتی ہیں
وسواس۔ وسوسہ ع۔ وہم۔ وسوسہ
وسیت ع۔ نزدیکی۔ دست آویز
وسیط ع۔ وہ شخص جو نسب میں میانہ یا محل رفیع میں ہو۔ عالی نسب +
وسیع ع۔ فراخ۔ چوڑا +
وسیع الفضا ع۔ وہ مکان جس کا صحن بہت لمبا چوڑا ہو +
وسیلہ۔ وسیلت ع۔ ذریعہ واسطہ +
وَسیم ع۔ خوبصورت۔ نشان دار +

واو مہملہ مع شین معجمہ

وَش ف۔ خوب۔ خوش۔ مانند ترکستان میں ایک شہر ہے۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا بھی ہے۔ پگڑی کا شملہ +
وشات ع۔ جمع واشی کی چغلخوروں کے
وِشاح ع۔ ہار۔ جیسی جگلوبند +
وِشاق ت۔ غلام۔ خدمتگار۔ غلام سادہ رو۔ لونڈی۔ کنیز +
وشاقان چمن ف۔ پھولوں کے درخت۔ نئے لگائے گئے درخت +
وُشت ف۔ خوب۔ خوش +
وشتاف۔ ژند کی شرح کا نام ہے جو آتش پرستوں کی کتاب ہے +
وُشتن ف۔ ناچنا۔ رقص کرنا +
وشرک ف۔ کپڑے باندھنے اور رکھنے کا کپڑا۔ یا کیسہ۔ بقچہ +
وشق ت۔ ترکستان میں ایک جانور ہوتا ہے۔ جسکے چمڑے کی پوستین بناتے ہیں۔ پوستین +
وَشق ع۔ ایک اونٹ کا بوجھ۔ ایک قسم کی پوستین بھی ہے۔
وُشق ت۔ وشاق کا مخفف ہے +
وُشکردہ ف۔ ناتجربہ کار۔ عاقبت نیندیش کام کو چستی و چالاکی سے کرنے والا +
وشکردیدان وشکریدن۔ وشکلیدن۔ وشکولیدن ف کام کو چستی و چالاکی اور جلدی سے کرنا
وشکل ف۔ گوسفند۔ بکرا +
وشکاریت۔ خوشہ سے جدا انگور کا دانہ
وشکنہ۔ وشنگہ۔ آلۂ تناسل۔ قضیب +
وشنل ع۔ تھوڑا پانی +

وشمک ف۔ جوتی چمڑے کی۔ جوتی
وشن ف۔ آلودہ۔ آلائش ✤
وشن ف۔ ہندوؤں کے اعتقاد
میں ان کا ایک پیغمبر تھا ✤
وشی ع۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ہے جو
منسوب ہے شہر وش سے چھینٹ ✤
وشیک ع۔ جلدی کرنیوالا۔ قاصد
تیز رفتار ✤
وشیدن ف۔ جوشن ✤

واو مہملہ مع صاد مہملہ

وصاف ع۔ بہت تعریف کرنے والا
وصال ع۔ ملنا۔ ملاقات کرنا ✤
وصال ع۔ جمع واصل کی ✤
وصال ع۔ بہت ٹانکے لگانے والا
وصایا ع۔ جمع وصیت کی ✤
وصب ع۔ بیماری۔ رنج ✤
وصعہ ع۔ جواب بانگ ✤
وصف ع۔ گن۔ تعریف۔ خوبی ✤
وصل ع۔ ملاقات معشوق سے ملنا
وصلہ ع۔ کاغذ یا کپڑے وغیرہ کا ٹکڑا
وصلت ع۔ پیوند۔ خویشی۔ اپنایت ✤
وصمت ع۔ عیب ✤
وصول ع۔ پہنچنا کسی کا کسی دوسری
چیز کے پاس۔ واصل ہونا ✤
وصی ع۔ وہ شخص جسکو وصیت کی گئی
ہو۔ کنایۃً مراد حضرت علی کرم اللہ وجہ
سے ہے ✤
وصیت ع۔ مرتے وقت یا سفر کرتے
وقت جو کچھ کوئی شخص کہے کہ میرے پیچھے
اس اس طرح پر کرنا وہ وصیت ہے ✤

نصیحت ✤
وصید ع۔ آستانہ۔ چوکھٹ ✤
وصیف ع۔ خدمتگار۔ خورد غلام جو کام کر سکے
وصیفہ ع۔ باندی۔ کنیز ✤
وصیلہ ع۔ عمارت۔ فراخی۔ ارزانی
گروہ ہمسفر۔ تیغ۔ عرب میں ایام جاہلیت
میں اس بکری کو کہتے تھے جو سات بار
بچہ مادہ جنتی۔ اور آٹھویں بار نر اور مادہ
ملکر جنتی۔ اس بکری کو آزاد کر دیتے تھے ✤

واو مہملہ مع ضاد معجمہ

وضاءت ع۔ پاکیزگی۔ خوبی ✤
وضاح ع۔ بہت روشن۔ آشکارا ✤
مرد سپید و نیکو رنگ۔ درد ✤
وضاحت ع۔ واضح کرنا۔ روشن کرنا
آشکارا کرنا۔ کھولکر بیان کرنا ✤
وضع ع۔ وہ بچہ جو ایام حیض سے دو
چار دن پہلے رحم مادر میں قرار پکڑے
اور عضو اسکا بن جائے ✤
وضع ع۔ رکھنا ترتیب دینا۔ بنانا۔ طرز روش
وضع حمل ع۔ جننا۔ جننے کے وقت حمل کا گرنا
وضع خشک۔ وضع کرخت
وضع ناگوار ف۔ طرز ناخوش۔
بری۔ روش ✤
وضع کردن ف۔ بچہ جننا۔ رکھنا
حساب سے خارج کرنا ✤
وضو ع۔ منہ دھونا۔ مجازاً نماز کے
لئے خاص خاص مقامات معینہ کو
قاعدۂ اسلام کے موافق دھونا ✤
وضوء ع۔ وہ پانی جس سے وضو کریں
وضو کرنے کا برتن ✤

وضیع ع۔ نالائق۔ ہیچ۔ کمینہ۔ اوچھے
ناکس ✤
وضیمہ ع۔ ضیافت ✤

واو مہملہ مع طائے مہملہ

وطا ع۔ روندنا۔ پامال کرنا ✤
وطا ع۔ کسی کے ساتھ موافقت کرنا
بستر۔ نہالیں۔ لباس ✤
وطر ع۔ حاجت ✤
وطن ع۔ آدمیوں کے رہنے کی جگہ
وطواط ع۔ ابابیل۔ پرستوک فارسی
زبان کے ایک شاعر کا تخلص بھی ہے
جس کا نام رشید الدین محمد بن عبد الملک
ہے۔ عالی درجہ کا شاعر ہے ۵۷۸ھ
میں فوت ہوا ✤
وطی ع۔ جماع کرنا عورت سے صحبت
کرنا۔ پامال کرنا۔ روندنا۔ روندنا

واو مہملہ مع ظائے معجمہ

وظائف ع۔ جمع وظیفہ کی ✤
وظیفہ ع۔ وہ چیز جو ہر روز کیواسطے
مقرر ہو۔ راتبہ۔ روزینہ۔ معمول چیز ✤
وظیفہ خور۔ وظیفہ خوار ف۔ راتبہ دار

واو مہملہ مع عین مہملہ

وعا ع۔ برتن۔ ظرف ✤
وعاظ ع۔ جمع واعظ کی ✤
وعدہ ع۔ اقرار کرنا نیکی کرنیکا
اقرار کرنا۔ مجازاً اقرار خواہ نیک ہو یا بد
وعدہ حق رسیدن ف۔ عمر کا
ہو چکنا ✤

وعدہ خلاف ع۔ وہ شخص جو اپنا
اقرار پورا نہ کرے ✤
وعدہ گاہ ف۔ وہ جگہ جہاں باہم اقرار کریں
وعظ ع۔ پند۔ نصیحت ✤
وعود ع۔ جمع وعدہ کی ✤
وعور ع۔ اترنے یا گذرنے کی مشکل جگہ
وعوع ع۔ گیدڑ کی آواز۔ گیدڑ اور
بھیڑیئے کی آواز ✤
وعید ع۔ بد وعدہ یعنی برائی کا وعدہ کرنا

واو مہملہ مع غین معجمہ

وغا ع۔ لڑائی۔ جنگ۔ شور۔ غوغا ✤
وغد ع۔ ناکس کمینہ۔ نالائق خدمت گار
وغدہ ع۔ بینگن۔ بادنجان ✤
وغستن ف۔ ظاہر کرنا ✤
وغوغ ف۔ مینڈک کی آواز ✤
وغیر ذالک ع۔ وغیرہ۔ اور سوا اس کے
وغیرہ ع۔ اور سوا اس کے ✤
وغیرہما ع۔ اور سوا ان دونوں کے
وغیرہم ع۔ اور سوائے ان سب کے ✤

واو مہملہ مع فائے معجمہ

وفا ع۔ عہد کا پورا کرنا۔ دوستی کا نباہنا
بجا لانا۔ پورا کرنا ✤
وفات ع۔ پورا ہو جانا زندگی کا۔ مرنا
وفات شہزادہ پرویز ف۔ اس
فقرہ کے حروف کے اعداد بحساب ابجد
کے ۱۰۳۵ھ نکلتے ہیں۔ اور یہ شاہزادہ
پرویز کی وفات کا سال ہے جو جہانگیر
کا بیٹا تھا ✤
وفادارت ف۔ نمک حلال جو وفا کرنیوالا ہو

وِفَاوت ع۔ ایلچی ہونا۔ ایلچی گری۔ قاصد پنا
وِفَاق ع۔ موافقت کرنا۔ سازگاری کرنا۔ موافقت۔ سازگاری ÷
وِفَاقت ع۔ موافقت کرنا۔ سازگاری
وفا کردن ف۔ پورا کرنا۔ ادا کرنا ÷
وَفد ع۔ وافد کا اسم جمع ہے ÷
وَفر ع۔ بہتایت۔ زیادتی۔ مجازاً مال و دولت
وُفضہ ع۔ تیروں کا ترکش۔ گڈریوں کی جھولی جس میں کھانا وغیرہ رکھ لیتے ہیں ÷
وَفق ع۔ موافق۔ سازوار۔ مطابق۔ علم حساب میں وہ عدد جو دوسرے عددوں کو پورا پورا تقسیم کر دے جیسے ۱۰ و ۱۶ کا وفق ۲ ÷
وفقِ اعظم ع۔ مقسوم علیہ اعظم ÷
وُفود ع۔ جمع وافد کی۔ قاصد لوگ ÷
وُفور ع۔ تمام ہونا۔ بہت ہونا۔ زیادتی۔ بسیاری
وَفی ع۔ تمام۔ کامل ÷

واو مہملہ مع قاف معجمہ

وِقاح ع۔ بے شرم۔ بے حیا۔ بے ادب
وَقاحت ع۔ بے حیائی۔ بے شرمی۔ بے ادبی
وَقّاد ع۔ بھڑکنے والا۔ بہت افروختہ ہونے والا
وَقار ع۔ آرام۔ متانت۔ حلم۔ بردباری۔ تمکین۔ گرانباری۔ قدر ÷
وَقّاص ع۔ گردن توڑنے والا۔ جنگجو۔ جناب رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک اصحابی کا نام ہے جو فن تیراندازی میں ماہر کامل تھا ÷
وِقاع ع۔ جماع۔ لڑائی ÷
وِقایت ع۔ حفاظت۔ نگہبانی۔ وہ چیز جس سے کسی اور چیز کو محفوظ رکھیں
وِقایہ ع۔ وِقایت۔ کتاب کا مقولہ علم فقہ میں ایک مشہور کتاب ہے ÷
وَقائع ع۔ جمع وقیعہ کی جو حادثے۔ مصیبتیں۔ روئیدادیں۔ خبریں۔ حالات۔ واقعات
وَقائع نگار ف۔ اخبار نویس ÷
وَقت ع۔ زمانہ۔ موسم۔ ہنگام اور اصطلاح صوفیہ میں اس حالت کو کہتے ہیں جو اُن پر یاد الٰہی اور حضور قلب کے وقت طاری ہوتی ہے ÷
وقتِ رزم ف۔ لڑائی کا وقت ÷
وقت فلاں تنگ است۔
وقت فلاں نازک است۔
ف۔ یعنی بہت کم فرصت رکھتا ہے ÷
وَقِح ع۔ مردم کم شرم ÷
وَقر ع۔ عزت۔ قدر۔ گرانی گوش۔ گراں ہونا۔ مجازاً سنجیدہ حلم تمکین ÷
وَقرت ع۔ پتھر میں ایسا گڑھا جس میں پانی جمع ہو گیا ہو ÷
وَقر نہادن۔ وَقع نہادن ف۔ کسی لائق سمجھنا۔ معتبر سمجھنا ÷
وَقع ع۔ بلند جگہ۔ مجازاً اعتبار۔ عزت
وَقعت ع۔ لڑائی کی سختی اور مصیبت مجازاً اعتبار۔ عزت ÷
وَقف ع۔ ٹھیرنا۔ توقف کرنا۔ جاننا۔ مطلع ہونا۔ خدا کی راہ میں ٹھیری ہوئی شے یعنی وہ شے جو کسی کی ملک میں ہو اور خدا کے نام پر چھوڑ دیجائے
وقفہ ع۔ ٹھیرنا۔ ساکت ہونا۔ ٹھیراؤ۔ تھوڑی دیر
وَقواق ع۔ ایک درخت کا نام ہے جس کا پھل انسان کی شکل کا ہوتا ہے بقول بعض ایک جزیرہ کا نام ہے جہاں وہ درخت پیدا ہوتا ہے ÷
وَقود ع۔ آگ جلانا۔ آگ کا بھڑکنا
وُقود ع۔ ایندھن۔ بالن۔ ہیزم
وَقور ع۔ صاحب وقر۔ مجازاً ذی عزت آدمی ÷
وُقوع ع۔ پرندے کا گرنا۔ یا نیچے اُترنا۔ واقعہ ہونا۔ مجازاً ظاہر ہونا ÷
وُقوف ع۔ جاننا۔ آگاہی۔ کھڑا ہونا
وَقی ع۔ نگاہ رکھنا۔ حفاظت کرنا۔
وَقیح ع۔ بیحیا۔ بے شرم۔ بے ادب ÷
وَقید ع۔ آگ جلانے کا سامان۔ بالن۔ ایندھن ÷
وَقیع ع۔ بلند۔ اونچا ÷
وَقیعت ع۔ کسی کو اُس کی پیٹھ پیچھے ملامت کرنا۔ عیب گوئی۔ غیبت۔ چغلخوری۔ غمازی ÷
وُقیہ ع۔ ایک مقررہ وزن کا نام ہے جس کی مقدار چالیس درم کی ہوتی ہے اور درم ۳ ماشہ کا ہوتا ہے اس حساب وقیہ ۱۰ تولہ ماشہ کا وزن ہے ÷

واو مہملہ مع کاف تازی

وَک ف۔ مینڈک ÷
وِکاف ع۔ گدھے اور گھوڑے کا پالان
وِکالت ع۔ اپنا کام دوسرے پر چھوڑنا
وکانہ ف۔ انگور یا کھجور کے خوشے کا ڈنڈا
وکتہ ف۔ نقطہ ÷
وَکر ع۔ جانور کا گھونسلا۔ آشیانہ جو دیوار یا پہاڑ کی کھوہ میں ہو بخلاف عُش کے کہ اُس آشیانہ کو کہتے ہیں جو درخت پر ہو
وگرف ف۔ اور اگر ÷
وگرنہ ف۔ اور نہیں تو ÷
وَکس ع۔ نقصان۔ زیاں۔ کم ہونا۔ کم کرنا
وَکف ع۔ عیب۔ گناہ۔ کرانہ کوہ
وَکف ع۔ چھت میں سے مینہ کے قطرے ٹپکانا۔ کسی چیز سے پانی ٹپکنا
وَکل ع۔ سست۔ وہ عاجز جو اپنا کام دوسرے کے بھروسے پر چھوڑ دے
وُکلا ع۔ جمع وکیل کی ÷
وکوک ف۔ کتے کی آواز ÷
وَکیرہ ع۔ نئے مکان بنانے کی ضیافت
وَکیل ع۔ وہ شخص جس پر اپنا کام کوئی دوسرا شخص چھوڑ دے۔ کارساز
وکیلِ در ف۔ وکیل دربار ÷

واو مہملہ مع لام مہملہ

وَل ف۔ شکوفہ۔ خصوصاً شکوفہ انگور
وِل ف۔ سرخود۔ مطلق العنان ÷
وِلا ع۔ دوستی۔ محبت۔ پے در پے کسی کام کو کرنا ÷
وُلات ع۔ والی کی جمع۔ حکام۔ اختیار دار
وِلادت ف۔ جننا۔ بچہ جننا ÷
ولاد ف۔ تنکے کا سا جو اتنی دراز یا چوڑے۔ یا لکڑی کا ہوتا ہے۔
وِلایت ع۔ بادشاہ کا ایک ملک۔ زمین آباد۔ کسی کے کام کا کفیل ہونا۔ دوستی۔ حکومت۔ تصرف۔ ارادہ خدا کا ولی ہونا ÷
وَلایت ع۔ مدد دینا۔ صداقت ÷
ولایت ستاں ف۔ اولیاء اللہ سے مراد ہے ÷
وِلایتِ عہد ع۔ زمانہ کا والی اور مالک ہونا۔ ولی عہدی ÷

ولایت قالو بلیٰ ع - پیمان میثاق
وَلَد ع - بیٹا - بچہ ۔
ولد الزنا ع - حرام کا بچہ - حرامزادہ ۔ حشرات الارض جو ایام برسات میں خود بخود پیدا ہو جاتے ہیں ۔
وِلدان ع - بچے - لڑکے ۔
ولٰکن ع - اور - لیکن - اور مگر - اور سوا
وَلَع ع - حرص - فریفتگی ۔
وَلَغ ع - جھوٹ ۔
ولنگ - والنگاٹ - فرنگستانی روس میں ایک دریا ہے ۔
وُلُوج ع - کسی چیز کا کسی چیز کے اندر داخل ہونا - گھسنا ۔
وَلُود ع - وہ عورت جو بچے بہت جنتی ہو بہت بچے دینے والی بکری ۔
وُلُوع ع - لالچی ہونا ۔
وَلُوع ع - حریص - لالچی ۔
وُلُوغ ع - کتے کا پانی پینا - کتے کا پانی میں اُس کے پینے کے لئے منہ رکھنا ۔
وَلوَلہ ع - واویلا - شور - غل - غوغا ۔ جوش و خروش - شوق ۔
وَلَہ ف - عشق - فتنہ - شیفتگی - ناز عاشق ہونا ۔
وَلَہ ع - بے خودی اور حیرانی جو عشق کے سبب ہو ۔
والہان ع - غمگین - بیخود بسبب غم کے - سرگشتہ - ترسناک ۔
ولزردہ ف - عاشق غصے سے بھرا ہوا - دیوانہ - خشمگین - غضبناک ۔
وَلی ع - دوست - یار - متصرف خداوند - صاحب - خدا کا مقرب ۔

وَلید ع - کودک - بچہ - کئی شخصوں کا نام بھی ہے - از انجملہ رسول اللہ صلعم کے ایک صحابی کا نام ہے - جو فتح مکہ کے دن مسلمان ہو گیا تھا اور حضرت عثمان کا رشتہ دار تھا - اسکے باپ کا نام عقبہ ہے - حضرت علیؓ کے زمانہ میں عراق و آذربائیجان کا حاکم تھا - مروان کے پوتے کا نام بھی ہے جو اپنے باپ عبد الملک کے بعد دمشق میں خلیفہ ہوا اسکے وقت میں بہت سے ممالک فتح ہوئے - چنانچہ اسپین سے ہندوستان تک کے ممالک اسکے زیر حکم تھے - ۸۶ھ سے ۹۶ھ تک بادشاہ رہا - ولید مرقومہ بالا کے بھتیجے کا نام بھی ہے - جو یزید بن عبد الملک کا بیٹا تھا وہ ۱۲۵ھ سے ۱۲۶ھ تک خلیفہ رہا - بڑا فاسق اور فاجر تھا - اس لئے اعیان مملکت نے اُسے مار ڈالا ۔
ولیدات ع - ہمزاد لڑکیاں ۔
وَلیع ع - کلی نہ کھلی ہوئی - شگوفہ ناشگفتہ - غرا - حریص ۔
ولی عہد ع - حاکم وقت - اور وہ شخص جسکو بادشاہ اپنی زندگی میں اپنی جگہ تخت پر بیٹھنے کا حکم اس طور پر دے کہ بعد میرے یہ بادشاہ ہوگا ۔
ولیمہ ع - شادی کا کھانا - کدخدائی کی ضیافت ۔
ولی نعمت ع - وہ شخص جو کسی کو بچپنے کو دے پرورش کرنیوالا - خداوند - آقا ۔
ولیہ ع - گھوڑے اونگ سے کا پالان نمدہ
وَمَا یَنطِقُ عَنِ الْھَوٰی ۔ اور نہیں کلام کرتا ہے - اپنی خواہش نفس سے - یہ سورۂ نجم میں جناب خاتم المرسلین کی شان میں آیت ہے - کہ آپ اپنی خواہش نفس سے کلام نہیں کرتے - بلکہ جو کچھ خداوند تعالیٰ آپکو بذریعہ وحی ارشاد فرماتا ہے سو ہی لوگوں کے روبرو بیان کرتے ہیں - مطابق اسکے انجیل یوحنا میں فارقلیط یعنے حضرت صلعم کی تعریف میں یوں واقع ہے کہ وہ اپنی نہ کہیگا بلکہ جو سنیگا وہ کہیگا ۔
وَمَن دَقَّ بَابَ الکَرِیمِ انفَتَحَ ۔ اور جس نے کھٹکھٹایا دروازہ سخی کا کھل گیا ۔

واو مہملہ مع نون

وَن ف - تشبیہ - نظیر - مانند ۔ صاف - بلکہ - دہ ہزار ۔
وَنّ ع - کام میں سستی کرنا - ایک شہر کا نام بھی ہے ۔
وند ف - برتن - ظرف - اور بمعنے صاحب
وندسیار ف - مرکز ۔
ونیٰ ع - کاموں میں سستی کرنا - ماندگی - تکان ۔

واو مہملہ مع ہائے ہوز

وہ ف - تحسین اور تعجب کا کلمہ ہے اور افسوس کا بھی ہے ۔
وَہّاب ع - بہت بخشنے والا ۔
وَہّاج ع - درخشاں - روشن - چمکتا ہوا
وِہاد ع - جمع وہدہ کی - پست زمین ۔
وَہب ع - بخشش ۔
وَہبی ع - بخشا ہوا - عطا کیا گیا ۔
وَہج ع - آگ کا بھڑک اٹھنا ۔
وَہَج ع - سوزش - جلن - افروختگی ۔
وہد - وہدہ ع - زمین پست ۔ نشیب - گڑھا ۔
وَہق ع - کمند ۔
وَہلہ ع - ڈرنا - خوف - نوبت - کرت - دفعہ
وَہم ع - وسواس - اور ایک قوت ہے باطنی دماغ میں جو فاسد خیالات پیدا کرتی ہے - دل کا بے قصد کسی چیز کی طرف جانا - وسواس ۔
وَہمناک ف - وہمی ۔
وَہمَہ ع - ہر دورہ - جیسے وقت کا دورہ
وَہمی ع - وہ شخص جس کو وہم ہو - یا کوئی بات منسوب بہ وہم ۔
وَہن ع - سستی ۔
وَہی ع - سست ہونا - نرم ہونا ۔

واو مہملہ مع یائے تحتانی

وَے ف - وہ جیسا کہ وید - اُسکے معنی - واے کا مخفف بھی ہے - مقدار کے واسطے بھی آتا ہے ۔
وَیح ع - رحم کا کلمہ ہے - تحسین اور افسوس اور تنبیہ اور ترحیب کے لئے بھی مستعمل ہے ۔
وید ف - ہندوؤں کی ایک کتاب کا نام ہے جسے وہ آسمانی سمجھتے ہیں اسکے یہ چار حصے ہیں - شام وید - اتھرون وید یجر وید - رگ وید ۔
ویار ف - گم - گم کی گئی شے - چارہ علاج

وَیدن ف - مناچ کرنا ٭

وَیدیدن ف - گم ہو جانا - نقصان کرنا - علاج کرنا ٭

وِیر ف - یاد - حفظ - وزیر - ضم ہوش - دوڑ - مکر - نالہ و فریاد ٭

وِیران و ویرانہ ف - اُجڑا ہوا - خراب - غیر آباد ٭

وِیران گر ف - غارت گر ٭

وِیرانی ف - غیر آباد ٭

وِیژ - ویژہ ف - خصوصاً - خاص کر خالص - خلاصہ - پاک - بے عیب - بے آمیزش ٭

وِیژش ف - تقدس - تقدیس - پاکی

وِیژگان ف - خادمان - خاص کر

وِیس ف - رامین کی معشوقہ کا نام ہے

وِیسہ - رامین کی معشوق - افراسیاب کے سپہ سالار پیران کے باپ کا نام بھی ہے ٭

وِیشہ ف - جنگل - بیشہ ٭

وِیک ف - نفرت کا کلمہ ہے ٭

وِیک ف - دیگ کا مخفف ہے جیسے معنے ہیں اے نیک بخت - اے خوب - تاسف کا کلمہ بھی ہے - اے بدبخت - اے بُرے ٭

وَیل ع - افسوس کا کلمہ ہے - عذاب سختی - شور و فغان کرنا - مصیبت پر - ہلاکت - دوزخ کی ایک وادی کا نام بھی ہے ٭

وَیلہ ع - صدا - آواز - فریاد - شور - واویلا ٭

وِین ف - انگور - سیاہ انگور ٭

وَیوت ف - عروس - دلہن ٭

وَیہ ع - برگزیدہ کرنا - اور عجز کا کلمہ ہے ٭

باب ہائے ہوز

ہائے ہوز مع الف

ہا ف - حروف تہجی میں سے ایک حرف ہے حرف فیروج کی تبع کے لئے آتا ہے - ایک کے معنی میں بھی مستعمل ہے - کسی کے منہ پر طمانچہ مارنا ٭

ہادہ ع - ہتھیلی - مرغ کے منہ کی سفیدی
ہابطہ - اُترنے والی - نیچے گرنے والا ٭

ہاتیج ع - حقیقی - اصلی ٭

ہابیل ع - حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام ہے - جو بھیڑ بکری کا چرواہا تھا - یہ قابیل (قابیل) کے بعد جنا تھا جس کا پیشہ کاشتکاری تھا جب یہ دونوں بھائی خدا کیواسطے نذر لائے قابین زمین کے حاصل اور ہابیل اپنے گلے کے چارپاؤں میں سے کچھ لایا - تو خدا نے ہابیل کا ہدیہ قبول کر لیا - کیونکہ وہ ایماندار تھا اور نیک بخت - اور قابین کا نا مقبول کیا کیونکہ وہ بے ایمان تھا - اور کینہ ور - اس سبب سے قابین ہابیل کا دشمن جانی ہو گیا - اور آخر ایک روز موقعہ پا کر اسکو قتل کر ڈالا (پیدائش ۴ باب ۱ - آیت ۱۶) ٭

ہاپور - ہاپڑ ہندوستان میں دہلی کے پاس ایک قصبہ ہے ٭

ہات ع - لا - بخشش کر ٭

ہاتف ع - آواز دینے والا - وہ فرشتہ جو غیب سے آواز دے ٭

ہاجرہ - پریشان - بات کہنے والا - اور وہ بے لایق و نالایق ٭

ہاجرت ع - دوپہر کے بعد کا وقت - عصر تک - گرمی کی سختی ٭

ہاجرہ ع - حضرت ابراہیمؑ کی دوسری بیوی کا نام ہے جو حضرت سارہ کی لونڈی اور فرعون مصر کی بیٹی تھی (پیدائش ۱۶ باب) حضرت اسمٰعیلؑ اسی کے بطن سے ابراہیمؑ کے ۸۶ برس کی عمر میں اس کے پیٹ سے پیدا ہوئے تھے (پیدائش باب ۱۶) اور حضرت اسحٰقؑ بیوی سارہ سے سو برس کی عمر میں پیدا ہوئے تھے (پیدائش ۲۱ باب) عیسائیوں کا خیال ہے مسلمان حضرت ہاجرہ کو لونڈی نہیں جانتے ٭

ہاجس ع - دل میں خیال لانے والا ٭

ہاجن ع - کنواری لڑکی جس سے صحبت کی جائے ٭

ہاجی ع - ہجو کرنے والا - حروف مقطعات پڑھنے والا ٭

ہادر ع - بے اعتبار آدمی ٭

ہادر ولیش ف - ترکستان میں ایک جنگل ہے جہاں ایسی سخت ہوا چلتی ہے کہ آدمی اور گھوڑے تک اُڑا لیجاتی ہے وجہ تسمیہ یہ ہے کہ جب لوگ اس جنگل میں جاتے ہیں اور ہوا کے جھونکوں میں ایک دوسرے سے جدا ہو جاتے ہیں تو لوگ ایک دوسرے کو بلانے کیلئے ہادر ولیش پکارتے ہیں ٭

ہادم ع - عمارت کا ڈھانے والا - شکست کرنیوالا - اُجاڑنے والا ٭

ہادم اللذات ع - لذتوں کا ڈھانے والا - موت اور ملک الموت کو کہتے ہیں

ہادی ع - ہدایت کرنیوالا - راہ دکھانے والا - رہنما - آرام کرنیوالا - میدان - تیر - نفرت و بیزاری - عباسی خلیفہ جو سنہ ۱۶۹ ہجری میں تخت نشین ہوا تھا

ہادی مہدی نظام ہادی و مہدی علیہ السلام

ہاذا ع - یہ ٭

ہار ف - موتیوں یا پھولوں وغیرہ کی لڑی - ہار

ہار ع - گر جانیوالا - ڈھے جانیوالا - گرانیوالا

ہارب ع - بھاگنے والا ٭

ہاروت - ایک عورت کا نام ہے جس کا لیندرس عاشق تھا - یہ عورت ایک جزیرہ میں رہتی تھی - اور رات کو ایک آگ جلاتی - لیندرس آگ کی روشنی پر جزیرہ میں جاتا اور اس سے عشق کرتا - ایکدفعہ آگ جلتی ہوئی بجھ گئی - اور لیندرس دریا میں تیرتا ہوا ڈوب مرا ٭

ہاروت ع - ایک فرشتہ کا نام ہے - اُن دو فرشتوں میں سے جو بابل کے کنوئیں میں لٹکتے ہیں اور وہاں لوگوں کو جادو سکھاتے ہیں - جادو سکھانے والا ٭

ہاروت فن ع - ساحر - جادوگر ٭

ہاروتی ع - ساحر - ساحری ٭

ہارون ع - حضرت موسیٰؑ کے بڑے بھائی کا نام ہے جو امر نبوت میں آپکے معاون اور شریک تھے - بغداد کے ایک خلیفہ کا نام ہے ہارون رشید کہتے ہیں - اسنے سنہ ۱۷۰ ہجری سے سنہ ۱۹۳ ہجری تک حکومت کی ہے یہ وہ پہلا خلیفہ ہے جس نے ظاہر ہو کر میدان میں چوگان کھیلا - اور شطرنج بھی کھیلتا تھا - قیصر روم سے اسکی لڑائی کرنی چاہی مگر آخر کار صلح کر کے اُس کی اطاعت کی - محافظ نگہبان - معاونت - فارسی میں بھی نگہبان - پاسبان - چوکیدار مستعمل ہے

ہاروں آشیانہ گردون ف ۔ جاند
ہاروں ف ۔ نگاہداری ۔ پاسبانی مشتبی
ہاژو تیہدان ف ۔ عاجز ہونا حیران ہونا
ہاژی ف ۔ ملال خور جو جبڑا
ہاژ ف ۔ بُری چیز ۔ زشت ۔ مذلوب
حیران ۔ کچھ کا سرگشتہ ۔ حقیر
ہاژدہ ۔ ہاژمہ ف ۔ حیران ۔ عاجز ۔
بُری چیز ۔ زشت ۔ زبون
ہاژو پیدان ف ۔ حیران رہنا ۔ عاجز ہونا
ہاژیدن ف ۔ رونا ۔ دیکھنا
ہاس ف ۔ دیگر ۔ نیز ۔ ایضاً ۔ ہر اس کا مخفف بھی ہے
ہاشم ع ۔ رسول صلعم کے پردادے کا نام ہے ۔ جو نہایت خوش خلق تھے اور نیک ہو
ہاشمی ع ۔ ہاشم کی اولاد ۔ وہ شخص جو ہاشم کی اولاد سے ہو
ہاضم ع ۔ ہضم کرنے والا ۔ ہضم ہونے والا
ہاضمہ ع ۔ ہضم کرنے کی قوت
ہاطل ع ۔ بہت برسنے والا بادل
ہاع ع ۔ بیدل ۔ بزدل
ہاکرہ ۔ ہاکلہ ف ۔ قوت ۔ ہمکاہ ۔ انگنی
ہال ف ۔ آلاؤ ۔ پیسہ ۔ قرار ۔ چوگان بازی کے میدان کے میل
ہالک ع ۔ مرنے والا ۔ ہلاک ہونے والا
ہالہ ع ۔ نقش ۔ حزیں
ہالگاہ ف ۔ گیند بلا کھیلنے کا میدان چوگان بازی
ہالہ ع ۔ چاند کا کنڈل ۔ فارسی میں اس معنے کے علاوہ معنے صف ۔ اور پروانہ

آدمی رنگ ۔ تار کپڑا ۔ ایک پہاڑی کرتی ہے جو شمسل میں بنی کی جگہ ملتی ہے
ہامال ف ۔ ہمال ۔ قرین ۔ نظیر ۔ برابر کا
ہامان ع ۔ فرعون مصر کے وزیر کا نام ہے جو حضرت موسےٰ کے وقت میں تھا ۔ اسکے وزیر کا یہ نام ہے ۔ ابراہیم علیہ السلام کے بھائی کا نام بھی ہے
ہاماوران ف ۔ ولایت شام یا بلاد یمن وہ ملک جہاں کا بادشاہ سودابہ کیکاؤس کی عورت کا باپ تھا
ہامر ع ۔ بہت برسنے والا بادل
ہامراہ ف ۔ ہمراہ ۔ ساتھی
ہامن ۔ ہاموان ف ۔ میدان ۔ جنگل
ہاموار ۔ ہامواره ف ۔ ہموار
ہامی ف ۔ حیران ۔ سرگشتہ
ہامہ ع ۔ کاسہ سر ۔ پیشانی ۔ سر ۔ بوم گھسنے والا جانور
ہامیان ف ۔ ہمیان
ہان ف ۔ خبردار رہ ۔ یہ کلمہ تنبیہ کا ہے
ہانوش ف ۔ اُمت ۔ متعلق
ہاون ف ۔ اوکھلی ۔ وہ ظرف جس میں دوا وغیرہ ڈال کر کوٹیں ۔ پنجابی چٹو ۔ عورت کا فرج
ہاون دستہ ف ۔ اوکھلی اور دستہ ۔ پنجابی چٹو ڈنڈا
ہاون کوب ف ۔ وہ شخص جو طبیبوں اور عطاروں کے واسطے دوا کوٹا کرے ۔ سیاہی بنانے والا ۔ جاروب کرنے والا
ہاویہ ع ۔ ساتویں دوزخ کا نام ہے جو سب سے اسفل ہے

ہاہنا ع ۔ اس جگہ ۔ یہاں
ہاہو ہاہ ف ۔ ماتم کی آواز
ہائے ف ۔ شتر کی آواز ۔ ماتم کی آواز
ہایاہائے ف ۔ ماتمیوں کا شور و غل
ہایاہوئے ف ۔ خوشی کا شور و غوغا
ہائب ع ۔ ڈرنے والا ۔ ہیبت ناک
ہائع ع ۔ بیدل آدمی ۔ بزدلا
ہائل ع ۔ ہولناک ۔ شدید ۔ ڈراؤنا
مادہ ۔ اس کا مادہ ہول ہے
ہائلہ ع ۔ ہولناک جس سے خوف آوے ۔ وحشتناک امر
ہائم ع ۔ شیفتہ ۔ سرگشتہ ہونے والا ۔ عشق میں سرگردان ۔ بہت تشنہ
ہائے مشتق ع ۔ دو چشمی ہا
ہائے ہائے ف ۔ بابلی شور
ہائے ہوئے ف ۔ عاشقی ۔ ہا ہو
ہائے ہوائی ع ۔ ہائے ہوز

ہائے ہوز مع بائے موحدہ

ہب ع ۔ تیزی سے ہوا کا اٹھنا ۔ نیز و شمشیر کا کسی چیز میں دھنس جانا
ہباء ع ۔ غبار ۔ گرد ۔ کرن جو دھوپ کے سبب کسی گھر میں آتی ہے ۔ مادہ اس میں غبار دکھائی دیتا ہے ۔ مجازاً ذلیل خوار
ہباکت ۔ ہبکت ۔ سر کی چوٹی
ہباءً منثوراً ع ۔ ہبا کے معنے ہیں غبار دھوئیں کے مشابہ ۔ یعنی ایک باریک پھیلی ہوئی ذرات جو سورج کی روشنی سے گھروں میں چمکتے ہیں ۔ اور منثور کے معنی پھیلے ہوئے ۔ پھیلا ہوا غبار

ہبت ع ۔ بخشنا ۔ بخشش
ہبک ف ۔ وہ لکڑی کا تختہ جو باہتی ہوئی زمین پر اُسکے ہموار کرنے کے واسطے پھیرتے ہیں
ہبوط ع ۔ نیچے آنا ۔ نقصان کرنا
ہبل ع ۔ اس بت کا نام ہے جو ایام جاہلیت میں کعبہ میں رکھا ہوا تھا
ہبل ع ۔ کاہل ۔ سست ۔ گران جان
ہب لی ع ۔ اشارہ اور تلمیح ہے طرف آیہ کریمہ کی جس میں حضرت سلیمان علیہ السلام دعا کرتے ہیں کہ رب اغفر لی وھب لی ملکا لا ینبغی لاحد من بعدی ۔ اے پروردگار میرے بخش مجھ کو وہ بادشاہت کہ نہ لائق ہو میرے بعد اور کسی کو
ہبنق ع ۔ چھوٹے قد کا احمق آدمی
ہبوب ع ۔ ہوا کا چلنا
ہبوط ع ۔ نیچے اترنا ۔ زمین نشیب ۔ بیماری سے دبلا ہونا ۔ شہر میں آنا ۔ کسی شے کی قیمت کا کم ہونا ۔ کسی ستارے کا ایسے برج میں آنا جس سے اس کا اثر نحوست ہو
ہبہ ع ۔ بخشنا ۔ بخشش
ہبہ نامہ ف ۔ وہ کاغذ جس میں اقرار بخشش کا لکھا جاوے
ہبیون ف ۔ افیون

ہائے ہوز مع بائے فارسی

ہپاک ف ۔ ہباک ۔ چوٹی
ہپیرت ۔ میل ۔ پیپ
ہپیون ف ۔ افیون

ہائے ہوز مع تائے فوقانی

ہتاک ع۔ پردہ در۔ رسوا کرنے والا
ہتر ع۔ بیفائدہ سخن۔ بیمعنی زمانہ۔ مجازاً
ہتیت۔ پردہ دری ÷
ہتف ع۔ آواز ÷
ہتک ع۔ پردہ دری ÷
ہتل ع۔ بہت برسنے والا بادل ÷
ہتنال ف۔ چھوٹی سی توپ جو ہاتھی کی پیٹھ پر رکھی جاتی ہے ÷
ہتنالچی ف۔ ہتنال چلانے والا ÷

ہائے ہوز مع جیم تازی

ہج ف۔ کسی چیز کو سب جا کھڑا کرنا۔ جیسے غلہ۔ تیر۔ وغیرہ کو۔ زمین پر کسی چیز کا سیدھا کھڑا کرنا ÷
ہجا ع۔ ہجو کرنا۔ برا کہنا۔ حروف کا الگ الگ تلفظ کرنا ÷
ہجا ورت۔ دکن میں ایک شہر ہے جہاں کے لوگ خوبصورتی میں مشہور ہیں ÷
ہجر ع۔ کسی شخص یا مقام سے جدائی۔ جدا ہونا۔ جدائی کرنا ÷
ہجر ع۔ جدائی ÷
ہجران ع۔ جدائی کرنا ÷
ہجرت ع۔ کعبے سے جدا ہونا۔ وطن کو چھوڑ جانا ÷
ہجری ع۔ منسوب بہجرت سے۔ سن ہجری جو پیغمبر صلعم کے مکے سے مدینہ کو ہجرت کرنے کے وقت سے شروع ہوتا ہے۔ اب اس کتاب کے تالیف کرنے کے وقت ۱۳۰۰ ہے جو لفظ فرہنگ کے عدد ہیں

سے برآمد ہوتا ہے۔ حضرت عمرؓ کی خلافت میں حضرت علیؓ کی صلاح سے ہجری سنہ مقرر ہوا ہے ÷
ہجبع ع۔ مدہوش۔ بیخود۔ بیوقوف
ہجعت ع۔ خواب۔ سونا۔ رات کے پہلے حصے میں سونا ÷
ہجف ع۔ بھوکا ہونا پیٹ کا بھوک کے مارے پیٹھ سے لگ جانا ÷
ہجل ع۔ دو پہاڑوں کے درمیان کی پست زمین ÷
ہجمہ ع۔ چالیس سے زیادہ اونٹوں کا گلہ
ہجو ع۔ برائی کرنا۔ کسی کو برا کہنا۔ مذمت ÷
ہجود ع۔ رات کو جاگتے رہنا۔ رات کو سونا۔ یہ لفظ لغات اضداد میں سے ہے۔ رات کو نماز ادا کرنا ÷
ہجوع ع۔ نیند۔ آرام ÷
ہجوم ع۔ انبوہ کرنا ÷
ہجوم کردن ف۔ لوگوں کا ٹوٹ پڑنا۔ ہجوم کرنا۔ گر پڑنا ÷
ہجیر ع۔ عادت۔ خو ÷
ہجیر ع۔ دوپہر کی گرمی۔ دوپہر۔ بڑا حوض۔ توران میں کا وہ پہلوان کہ جو گودرز کا بیٹا تھا کا نام ہے جسے سہراب نے قید کر لیا تھا

ہائے ہوز مع دال مہملہ

ہدا ع۔ راستی۔ راہ راست ÷
ہدات ع۔ ہادی کی جمع۔ ہدایت کرنیوالے
ہداع ع۔ بیدل۔ یہ لفظ فاختہ کے مانند ایک جانور ہے
ہدان ع۔ بیدل۔ احمق ÷
ہدایا ع۔ ہدیہ کی جمع ہے ÷

ہدایت ع۔ رہنمونی کرنا۔ رہنمونی دکھلانا۔ رہنمونی ÷
ہدر ع۔ کسی کے خون کرڈالنے کو مباح کرنا۔ باطل۔ ضائع۔ ناچیز ہونا ÷
ہدش ف۔ خواج آفت میں ایک مقام ہے ÷
ہدف ع۔ نشانہ ÷
ہدم ع۔ ویران کرنا۔ ڈھا دینا۔ گرپڑنا دیوار کا۔ بنیاد کا خراب ہونا ÷
ہدم ع۔ پرانا کپڑا ÷
ہدن ع۔ صلح ÷
ہدہ ف۔ حق۔ فائدہ۔ بیہودہ ÷
ہدہد ع۔ مشہور پرندہ ہے۔ کھٹ بڑھئی
ہدہد کردن ف۔ ڈرانا۔ تنبیہ کرنا
ہدی ع۔ قربانی کا جانور جو کہ بیت اللہ میں لے جاویں ÷
ہادے ع۔ ہدا۔ راہ راست ÷
ہدیر ع۔ آواز کبوتر۔ اونٹ کی آواز ÷
ہدیہ ع۔ تحفہ۔ سوغات۔ فارسی والے تخفیف استعمال کرتے ہیں ÷
ہدیہ ونداں ف۔ فقیروں کو ضیافت کھلانے کے بعد جو نقدی دیجاتے ÷

ہائے ہوز مع ذال معجمہ

ہذر ع۔ بہت بکواس۔ سخن بیہودہ ردی ÷
ہذیان ع۔ بیہودہ باتیں کرنا۔ بکنا بیہوشی میں بڑبڑانا ÷
ہذیل ع۔ عرب کے ایک قبیلہ کا نام ہے

ہائے ہوز مع رائے مہملہ

ہرت ع۔ عمومیت کا کہتے ہیں۔ ایک مفعول

جو گبیوں میں الٹا ہے ÷
ہر ع۔ مکروہ سمجھنا ÷
ہرت۔ ڈرنا ÷
ہرت۔ گوسپندوں کو اپنی طرف بلانے کی آواز ÷
ہرر ع۔ ایک عورت کا نام ہے۔ بلی ÷
ہراث۔ بیچھے گرنا گرنے کی آواز ÷
ہراث۔ بھوت۔ بلا۔ دہشت ناک آواز۔ شور و فریاد۔ چمکنا۔ چمک ÷
ہرات۔ بلبلہ۔ بلیلہ کی شکل کے نقرئی گلوے جو گھوڑے کی ایال میں لگاتے ہیں۔ مجازاً گھوڑے کی حمائل اور زیور ÷
ہرا ہرات۔ ہراۃ۔ خراسان میں ایک مشہور شہر ہے جو بالکل امیر افغانستان کے زیر فرمان ہے ÷
ہراس ف۔ خوف۔ ڈر۔ اور امر ہے ہراسیدن سے ÷
ہراساں ف۔ خوفناک۔ ڈرپوک ÷
ہراسندگان ف۔ ڈرنے والے۔ پشیمان ہونے والے۔ حاضع اور خشوع کر توبہ کرنے والے ÷
ہراسہ ف۔ لکڑی وغیرہ کی وہ شے جو کھیتوں پر جانوروں کے ڈرانے کو ان کی حفاظت کے لئے کھڑی کرتے ہیں خوفناک شکل بن سے کوئی ڈرے ÷
ہراسیدن ف۔ ڈرنا۔ خوف کرنا۔ وہم کرنا ÷
ہراش ف۔ قے۔ استفراغ۔ شگوفہ۔
ہراش ع۔ کتوں کو لڑنے کے واسطے برانگیختہ کرنا ÷
ہرانچہ ف۔ جو کچھ ÷
ہرانکہ ف۔ جو شخص ÷

ہراوَل ت۔ لشکر کا پیش خیمہ۔ وہ فوج جو لشکر کے آگے آگے چلے۔ مقدمۃ الجیش ✦

ہراوہ ع۔ ہاتھ پکڑنے کی بہت سخت اور مضبوط لکڑی ✦

ہرآئینہ ف۔ بیشک۔ ضرور۔ البتہ۔ تحقیق۔ ناچار۔ بے دغدغہ ✦

ہرب ع۔ بھاگنا ✦

ہرباسپ۔ ہرباسپان ف۔ ہفت سیارہ میں سے کوئی ایک سیارہ

ہربذ ف۔ ہیربد۔ آتش پرستوں کا رہنما

ہرج ع۔ فتنہ و آشوب ✦

ہرج ع۔ اونٹ کا گرمی کی سختی سے گرفتہ ہونا۔ نقصان ہونا ✦

ہرجا ف۔ ہر جگہ ✦

ہرجائی ف۔ جو ایک حال پر نہ رہے۔ وہ شخص جو ایک جا پر قرار نہ پکڑے ✦

ہرچند ف۔ جتنا کچھ۔ جس قدر۔ اگرچہ

ہرج و مرج ع۔ آشوب و فتنہ۔ فتنہ و فساد ✦

ہرچہ ف۔ جو کچھ ✦

ہردم ف۔ ایک شہر اور ایک پہلوان کا نام ہے ✦

ہرروزہ ف۔ روز کا۔ ہمیشہ روز کا وظیفہ ✦

ہرز ف۔ ہرزہ کا مخفف ہے بمعنی بیہودہ۔ وہ جگہ جہاں پانی کا جمع ہونا پیدا ہو۔ بیہودہ ✦

ہرزہ ف۔ بیہودہ ✦

ہرزہ خرچ ف۔ مسرف۔ فضول خرچ ✦

ہرزہ درائی ف۔ بیہودہ بکنا ✦

ہرزہ درو ف۔ جنگلی چیز یہ جرند والا ✦

ہرزہ گردی ف۔ بیہودہ پھرنا ✦

ہرزہ گو ف۔ بیہودہ کہنے والا ✦

ہرزہ لائے۔ ہرزہ درائے ف۔ بیہودہ گو۔ کیونکہ لائیدن کے معنے کہنے کے ہیں اور درائیدن کے معنے آواز کرنے کے ہیں ✦

ہرزہ ملائے ف۔ واہیات مت بک۔ بکواس نہ کر ✦

ہرسو ف۔ ہر طرف ✦

ہرسہ دختر ف۔ بنات النعش کے ایک پائے کے تین ستارے ✦

ہرسہ دکن ف۔ بیجاپور۔ حیدرآباد۔ دولت آباد سے مراد ہے ✦

ہرسہ نوع ف۔ موالید ثلاثہ ✦

ہرقل ع۔ بادشاہ روم کا لقب ہے جس کی طرف جناب رسول خدا صلعم نے نامہ لکھا تھا۔ ایک اگلے زمانے کے معبد کا نام بھی ہے ✦

ہرکارہ ف۔ ہرکار کا آدمی۔ کھانا پکانے کا برتن ✦

ہرکارہ ف۔ قاصد ✦

ہرگ ف۔ احمق۔ بے عقل۔ مبہوت

ہرگز ف۔ کسی وقت۔ کبھی۔ ہمیشہ ✦

ہرم ع۔ پیری۔ بڑھاپا۔ بہت بڈھا ہونا

ہرم ع۔ بہت بوڑھا ✦

ہرماس ع۔ ہرمن شیطان۔ بدی۔ رہنما ✦

ہرماس ع۔ شیر درندہ ✦

ہرمان ع۔ مصر میں دو نہایت پرانے بہت مضبوط گنبد ہیں۔ کہتے ہیں کہ حکما نے طوفان سے پہلے انکو تعمیر کیا تھا۔ بعض کہتے ہیں کہ حضرت ادریس ؑ کے بنائے ہوئے ہیں۔ یہ طوفان نوح سے خراب نہیں ہوئے ✦

ہرمز ف۔ نوشیروان کے بیٹے کا نام ہے جو خسرو پرویز کا باپ تھا۔ مشتری ستارہ۔ ہر شمسی مہینے کا پہلا دن ✦

ہرمزد ف۔ ایک بادشاہ کا نام ہے ✦

ہرمس ع۔ ادریس پیغمبر کا نام ہے جو بادشاہ اور حکیم بھی تھے۔ علم ریاضی اعلیٰ کا انکا لاٹ ہوا ہے بقول بعض یہ لفظ معرب ہرمز کا ہے جسکے معنے مشتری کے ہیں

ہرمند ف۔ جرجان کے پاس ایک دریا ہے

ہرمسی ع۔ منسوب بہ ہرمس ✦

ہرو ع۔ ہراوہ یعنے لاٹھی سے مارنا ✦

ہرو ف۔ شجاع۔ دلیر ✦

ہرواتہ۔ ہروانہ ف۔ دار الشفا۔ ہسپتال

ہرولہ ع۔ مرد کا دوڑنا جو ایک قسم کی چال ہے

ہروی ع۔ ہرات کا رہنے والا۔ منسوب بہ ہرات۔ زبان فارسی کی ایک قسم ہے

ہرہ ع۔ بلی ✦

ہرہ ف۔ حقیقی بکرون۔ ایک گھاس ہے جو گیہوں میں اگتی ہے۔ اسکے کھانے سے آدمی بیہوش ہوجاتا ہے ✦

ہرہفت ف۔ مراد ہے سات طرح کی آرایش عورتوں کی وہ یہ ہیں۔ پوشاک۔ زیور۔ مہندی۔ سرمہ۔ پان۔ مسی۔ آراستگی سر کے بالوں کی ✦

ہرہفت کردہ ف۔ بناؤ سنگار کیا ہوا۔ آراستہ ✦

ہری۔ ہریو ف۔ ہرات ✦

ہریر ع۔ کتے کی آواز۔ بانگ سگ

ہریرہ ع۔ چھوٹی سی بلی ✦

ہریسہ ع۔ ایک قسم کا آش ہے جو بیچتے ہیں ✦

ہریوہ ف۔ منسوب بہ ہرات۔ خاص زر رائج۔ فاحشہ عورت ✦

ہائے ہوز مع زائے معجمہ

ہزار۔ ہزاران ف۔ دس سو کا عدد ۱۰۰۰۔ انجیل۔ نرد کی چوتھی بازی کا نام بھی ہے ✦

ہزار اسپ۔ ہزار جرف ف۔ خراسان میں ایک قلعہ ہے ✦

ہزار آستین ف۔ دریا ✦

ہزار آواز ف۔ بلبل ✦

ہزار پا۔ ہزار پایہ ف۔ کنکھجورہ کنسلائی ✦

ہزار پیرہن گوشت گرفتن ف۔ بہت کاہونا۔ کمال قریب ہونا ✦

ہزار تابہ ف۔ سورج ✦

ہزار جریب ف۔ مرزبان میں ایک باغ ہے ✦

ہزار چشمہ ف۔ سرطان بیماری جو ایک زخم انسان کی پشت پر ہوتا ہے ✦

ہزار خانہ ف۔ شکنبہ جانوروں کا ✦

ہزار داستان۔ ہزار دستان ف۔ بلبل ✦

ہزار رنگ برآمدن ف۔ کسی طرح پر اپنے تئیں آراستہ کرنا ✦

ہزار میخ۔ ہزار میخی ف۔ فقیروں کی گدڑی ✦

ہزاری ف۔ وہ شخص جو ایک فن میں ہزار پست لگائے۔ ہندوستان میں مسلمانوں کے وقت ایک عہدہ بھی تھا ✦

ہزاع ع۔ مرد ضعیف۔ بددل ✦

ہزاک ف۔ زشت و زبون۔ احمق۔ نادان۔ جلد دھوکے میں آجانے والا ✦

ہزال ع۔ لاغری۔ دبلاپن ÷
ہزاہزرت۔ بھاگڑ جو دشمن کی فوج سے لشکر میں پڑ جائے۔ فتنہ۔ غلغلہ ÷
ہزبر ا۔ شیر درندہ ÷
ہزبران ت۔ جمع ہزبر کی۔ بہادر لوگ
ہزت ا۔ عیش وطرب ÷
ہزج ع۔ گیت کا نہایت خوش آواز شعر کے بحروں میں سے ایک بحر کا نام ہے۔ جس کا وزن آٹھ دفعہ مفاعیلن ہے۔ چونکہ اس میں اکثر عرب کے گیت ہوتے ہیں۔ اسی لئے اس نام سے موسوم ہے ÷
ہزروف۔ قندز ایک آبی جانور ہے ÷
ہژدہ ہزار عالم ت۔ تمام مخلوقات جو اٹھارہ ہزار قسم کی دیکھی گئی ہے ÷
ہزل ع۔ بیہودہ بات۔ مسخرگی۔ لاغر کرنا۔ دبلا کرنا ÷
ہزمان ف۔ مخفف ہزدان کا۔ سوقت ÷
ہزہ۔ ہزرہ ف۔ بلانا ÷
ہزہ ع۔ سواروں کی جنبش۔ خوشی کا غوغا ÷
ہزیمت ع۔ شکست ÷
ہزیر ف۔ ہروزان دعمی خرخشہ۔ فرج۔ نفقہ۔ بال بچوں کا خرچ ہیشہ ÷

ہائے ہوز مع زائے فارسی

ہژبار ف۔ گھوڑوں کی بیماری ہے جس میں دانت بڑھ جاتا ہے۔ اور جب تک انہیں توڑ یا نکال نہ ڈالیں۔ گھوڑے سے کھایا نہیں جاتا ÷
ہژمیرت۔ اعریف کیا گیا۔ سر اپنا پیٹ ÷

ایضاً بیکہ۔ بیدی۔ بیدار کی۔ ہوشیاری ÷

ہائے ہوز مع سین مہملہ

ہست ف۔ ہے موجود ÷
ہست وبود کردن ف۔ موجود شے کی کفایت کرنا ÷
ہستودان ف۔ آذر بائیجان کے ایک بادشاہ کا نام ہے ÷
ہستہ ف۔ کسی میوے کی گٹھلی ÷
ہستی ف۔ موجودات۔ مخلوقات۔ وجود ہونا ہوت۔ تونگری۔ دولتمندی۔ تپ۔ خود پسندی۔ ذات خداوندی ÷
ہسترو ہسیرت۔ سچ ÷
ہسک ف۔ ڈھینکلی یا جھاج جس سے دانے بھوسے سے الگ کرتے ہیں ÷

ہائے ہوز مع شین معجمہ

ہش ف۔ چلنا۔ جانا ÷
ہش ف۔ مخفف ہوش کا ÷
ہش ع۔ خوش۔ کشادہ رو ÷
ہشاش ع۔ خنداں رو۔ خوش بشاش۔ بشاش ÷
ہشام ع۔ ایک عرب کے آدمی کا نام ہے خلفائے مروانیہ سے ایک خلیفہ بھی ہے ÷
ہشت ف۔ آٹھ ÷
ہشت ف۔ ہشتن سے ماضی کا صیغہ ہے ÷
ہشت باغ۔ ہشت بستان
ہشت بادیے۔ ہشت مرحلے
ہشت ہیکل رضوان۔ ہشت بہشت

ف۔ آٹھ بہشت۔ انکے نام یہ ہیں۔ خلد۔ دار السلام۔ دار القرار۔ جنت عدن۔ جنت الماویٰ۔ جنت نعیم۔ جنت علیین۔ فردوس ÷
ہشت صفات۔ یہ آٹھ صفتیں معرفت الٰہی۔ علم۔ ہر حال میں شکر رضا۔ تقدیر الٰہی پر رضا اور قلت تفکر بر صبر۔ تعظیم لامر اللہ۔ شفقت بر خلق اللہ۔ صداقت ÷
ہشت منظر ف۔ ہشت بہشت اور ہشت فلک یعنی فلک البروج۔ فلک زحل۔ فلک مشتری۔ فلک مریخ۔ فلک آفتاب۔ فلک زہرہ۔ فلک عطارد۔ فلک قمر ÷
ہشتن ف۔ چھوڑنا ÷
ہشت وچہار چشم فلک ف۔ بارہ برج آسمان کے ÷
ہشت ومشت ف۔ گھونسے تھپڑ اور لاتوں سے مارنا ÷
ہشتنگ ف۔ مفلس بے رو پا آدمی ÷
ہشو ف۔ ہوش۔ ذہن۔ عقل۔ فہم۔ حفاظ ÷
ہشوار۔ ہشومند۔ ہشیوار ف۔ عقلمند۔ دانا ÷

ہائے ہوز مع ضاد معجمہ

ہضبہ ع۔ زمین بلند۔ ٹیلہ ÷
ہضم ع۔ توڑنا۔ کھانے کا معدہ میں پچنا ÷
ہضیم ع۔ ستم رسیدہ۔ مظلوم۔ پتلا۔ باریک۔ شکم۔ غنچہ ناشگفتہ ÷

ہضیمت ع۔ ستم۔ ظلم ÷

ہائے ہوز مع طائے مہملہ

ہطل ع۔ مینہ جو آہستہ آہستہ برابر برستا رہے۔ ٹپکنا۔ بڑے قطروں کے مینہ کا پیاپے برسنا۔ آنسو کا رواں ہونا ÷

ہائے ہوز مع فائے

ہفت ف۔ جو لاہے کی کھڈی ÷
ہفت ف۔ سات۔ ۷
ہفت ف۔ شراب یا پانی کا گھونٹ ÷
ہفت آباد ف۔ ساتوں آسمان ÷
ہفت اختران۔ ہفت اختر ف۔ سات ستارے۔ قمر۔ عطارد۔ زہرہ۔ شمس۔ مریخ۔ مشتری۔ زحل ÷
ہفتاد ف۔ ستر۔ ۷۰
ہفتاد کشتی ف۔ حیوانوں کی ستر ہانڈ ÷
ہفتادم ف۔ سترواں حصہ ÷
ہفتاد ودو شاخ ف۔ بہتر قومیں قرآن کے پڑھنے کی بہتر قسمیں۔ اسلام کے ۷۲ فرقے ÷
ہفتاد ودو کشتی ف۔ اسلام کے بہتر فرقے
ہفتاد ودو ملت ف۔ اہل اسلام کے ۷۲ فرقے ہیں جن میں سے ایک فرقہ اہل سنت وجماعت کا اصلی مذہب پر ہے۔ باقی بہتر فرقوں کے اصل چھ فرقے ہیں۔ اور ہر ایک کے فروع بارہ ہیں۔ وہ چھ یہ ہیں۔ فرقہ رافضیہ۔ خارجیہ۔ جبریہ۔ قدریہ۔ جعدیہ۔ مرجیہ ÷
ہفت اژدہا ف۔ ساتوں سیارے


جنوب


نقشہ کرۂ زمین
جنوب

ہفت آسیاب ف۔ ساتوں آسمان +

ہفت اصل ف۔ زمین کے ساتوں طبقے۔ ہفت اقلیم +

ہفت اعضا ف۔ ہفت اندام +

ہفت اقلیم ف۔ زمین کروی شکل کی ہے اور تین چوتھائی پانی سے گھری ہوئی ہے۔ باقی ¼ جس کو ربع مسکون کہتے ہیں۔ کے سات حصے عرض میں مساوی اور خط استوا کے متوازی کر کے ہر حصہ کا نام اقلیم رکھا ہے +

پہلی اقلیم میں زنگبار۔ حبشہ۔ یمن سراندیپ وغیرہ شامل ہیں۔ دوسری اقلیم میں ایک بڑا حصہ ملک مصر کا۔ حجاز عرب۔ قنا۔ کچھ حصہ ملک ہند کا۔ چین وغیرہ داخل ہیں۔ تیسری اقلیم میں تونس۔ مصر کا باقی حصہ۔ نجد۔ عراق عرب۔ خوزستان۔ فارس۔ کرمان۔ سیستان ملک ہند کا ایک بڑا حصہ۔ ملک برما شامل ہیں۔ چوتھی اقلیم میں طرابلس۔ شام۔ عراق۔ عجم۔ خراسان۔ بدخشان ملک کوہستان چند چین کا بڑا حصہ داخل ہیں۔ پانچویں ولایت میں اندلس روم۔ ارمنیہ۔ آذربائیجان۔ دیلم خوارزم۔ توران۔ ماوراءالنہر۔ جاپان چھٹی اقلیم میں پرتگال۔ یونان۔ جرمنی کا کچھ حصہ اسپین۔ روس کا ایک بڑا حصہ ترکستان وغیرہ داخل ہیں۔ ساتویں اقلیم میں برٹش کلاں۔ ڈنمارک۔ سویڈن ناروے۔ ہالینڈ۔ بلجیم۔ پولینڈ۔ روس کا ایک بڑا حصہ پرشیا۔ آسٹریا وغیرہ شامل ہیں۔ نقشہ منسلکہ سے مفصل کیفیت معلوم ہوگی۔ یہ پرانی تقسیم تھی۔ اب کل دنیا کے سات براعظم ہیں نقشہ کرہ ارض سے جو منسلک ہے۔ اچھی کیفیت معلوم ہوگی +

ہفت الوان ف۔ زحل۔ مشتری کے علاوہ جو تھے پر آسمان سے نازل ہوئے

ہفت امام ف۔ امام اعظم۔ امام شافعی۔ امام مالک۔ امام احمد بن حنبل امام ابو یوسف۔ امام محمد۔ امام زفر +

ہفت اندام ف۔ سر۔ سینہ۔ پشت دو ہاتھ۔ دو پاؤں۔ یہ ظاہر کے ہیں اور باطن کے دماغ۔ دل۔ جگر۔ تلی پھیپھڑا۔ پتا۔ معدہ یا گردہ۔ تفسیر حسینی میں یہ ہیں۔ آنکھ۔ کان۔ زبان۔ پیٹ فرج۔ ہاتھ پاؤں۔ اور نام ایک رگ کا ہے جیسے فصد سے خون سر سینہ پشت۔ ہاتھ پاؤں کا نکل آتا ہے۔ عربی میں اسے عرق البدن بولتے ہیں +

ہفت اورنگ ف۔ بنات النعش کے سات ستارے +

ہفت آئینہ۔ ہفت آئینہ ف۔ ساتوں ستارے +

ہفت ایوان۔ ہفت بام ف۔ ہفت آسمان +

ہفت بانو۔ ہفت پیکر ف۔ ساتوں ستارے آخری نقطے سے ساتوں آسمان بھی مراد ہیں

ہفت برادران ف۔ بنات النعش کے ساتوں ستارے +

ہفت پر شہ پرات پروین کا سب سے چھوٹا ستارہ

ہفت پردہ ف۔ ساتوں آسمان۔ اور آنکھ کے ساتوں پردے +

ہفت پردہ ازرق ف۔ نیلا آسمان +

ہفت پردہ چشم ف۔ ملتحمہ۔ قرنیہ۔ عنبیہ۔ عنکبوتیہ۔ مشیمیہ۔ شبکیہ۔ صلبیہ اور ہر دو میں تین رطوبتیں ہیں۔ بیضیہ۔ جلیدیہ۔ زجاجیہ۔ پہلے دوسرے پردے کے بعد اور دو چوتھے کے بعد +

ہفت پرکار۔ ہفت بنات۔ ہفت بنیاں۔ ہفت پوست ف۔ ساتوں آسمان +

ہفت پشت گئے لیکھا آئی رسا لدن ف کسی کی تعریف میں حد سے بڑھ جانا۔ کسی کی تعریف میں کمال مبالغہ کرنا

ہفت پیرن۔ ہفت تن ساتوں آسمان +

ہفت پیکر ف۔ ساتوں آسمان ساتوں ستارے۔ ایک کتاب کا نام بھی ہے +

ہفت تنان ف۔ اصحاب کہف کے نام یہ ہیں۔ یملیخا۔ مکسلینیا۔ مشلینیا۔ مرنوس۔ دبرنوش۔ شاذنوش۔ مرطونس اولیاء اللہ کی سات قسمیں ہیں۔ قطب۔ غوث اخیار۔ اوتاد۔ ابدال۔ نقبا۔ نجبا +

ہفت جوش۔ ہفت جوش ف۔ سات دھاتیں ہیں۔ جو آگ میں گرم کر کے بچاتے ہیں۔ جن کو ہفت دھات کہتے ہیں۔ سونا۔ چاندی۔ تانبا۔ سیسہ۔ رانگ۔ قلعی۔ لوہا۔ بعض سکہ بھی

ہفت چتر آبگون ف۔ ساتوں آسمان

ہفت چشم چرخ ف۔ سبعہ سیارہ

ہفت چشمہ چرخ ف۔ ساتوں آسمان

ہفت چشمہ بہشت ف۔ کوثر۔ کافور۔ سلسبیل۔ [illegible] تسنیم۔ رحیق۔ زنجبیل +

ہفت حال ف۔ ہیضہ۔ دائم علت الدوام

ہفت حجلہ نورف۔ آنکھ کے ساتوں پردے

ہفت حروف آبی ف۔ یہ ساتوں ج۔ ز۔ ک۔ س۔ ق۔ ث۔ ظ +

ہفت حروف آتشی ف۔ یہ ساتوں ا۔ ہ۔ ط۔ م۔ ف۔ ش۔ ذ +

ہفت حروف استعلا ف۔ یہ ساتوں حرف ص۔ ض۔ غ۔ ط۔ ق۔ ظ +

ہفت حروف خاکی ف۔ یہ ساتوں حرف د۔ ح۔ ل۔ ع۔ ر۔ خ۔ غ +

